شوربے کے ساتھ کھائے جانے والے چھوٹے بسکٹ جو عموماً نمکین ہوتے ہیں ۔

oysterman, oysterer, n. محار پرور ؛ صدفے اکٹھے کرنے ، پرورش کرنے یا فروخت کرنے والا ؛ کستورا مچھلیاں پکڑنے کے سازوسامان سے لیس کشتی ۔

oyster plant, n. دیکھیے : Salsify ۔

oyster white, off-white, a. ہلکا زردی مائل سفید ۔

ozocerite, ozokerite, n. موم معدنی ؛ قُدرتی ہائیڈروکاربن کا آمیزہ ، جو برقی محجوز ، ربڑ کی مصنوعات ، پالش اور لاکھ کی تیّاری میں استعمال ہوتا ہے ۔

ozone, n. اوزون ؛ دلنواز اثر ؛ مفرحِ قلب ؛ آکسیجن کی ایک قسم ، O_3 جس کے سالمے میں تین ایٹم ہوتے ہیں اور بُو ہلکی کلورین سے ملتی ہے ، خاص طور پر اس وقت پیدا ہوتی ہے جب برقی کوندا آکسیجن یا ہوا سے گُزرتا ہے ، فضا میں کم مقداروں میں ، خاص طور پر طوفان برق و باراں کے بعد ، پائی جاتی ہے ؛ طاقتور تکسیدی عامل کے طور پر پانی کو جراثیم سے پاک کرنے اور رنگ کاٹنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔ (عوامی) ، ہوا میں موجود ایک مفروضہ صحت بخش عُنصر ، جیسے پہاڑوں پر یا سمندر کے کنارے ۔

ozonic, ozoniferous, ozonous, a. اوزونی ؛ اوزون زا ؛ اوزون دار ؛ فرحت بخش ۔

ozonide, n. (کیمیا) اوزونائڈ ؛ اوزون کا ایک غیر مستحکم نامیاتی مرکّب ، جو اکثر دھما کا خیز ہوتا ہے ۔

ozonize, v.t. اوزونیانا ؛ اوزون سے بھرنا یا بارور کرنا ؛ اوزون میں بدلنا ، جیسے آکسیجن کو ۔ (فعل لازم) اوزون بن جانا ۔

ozonizer, n. اوزونیہ ؛ اوزون زا ۔

ozonosphere, ozone layer, ozone stratum, n. (موسمیات) اوزونی کُرّہ ؛ اوزونی تہ ؛ اوزونی منطقہ ؛ فضائے قائمہ میں تقریباً ۱۶ تا ۳۲ کلومیٹر (۱۰ تا ۲۰ میل) کی بلندی پرپائی جانے والی تہ ، جس میں اوزون کا ارتکاز ہے ، یہ تہ شُعاعوں کو زمین پر آنے سے روکتی ہے تاکہ جاندار زہریلے اثرات سے محفوظ رہیں ، خط استوا پر اس کی دبازت انتہائی کم رہ جانے کے باعث بالابنفشی شعاعیں زمین پر پہنچ جاتی ہیں اور جلد کے سرطان کا سبب بنتی ہیں ۔

P

P, p, n. انگریزی حروف تہجّی کا سولھواں حرف اور بارھواں حرفِ صحیح ؛ حرف p کے بولنے میں اس کی ایک نقل/مثنیٰ ؛ کسی سلسلے میں سولھواں ؛ کوئی چیز جو حرف P یا p سے متعین ہوتی ہو یا اس کے ہم شکل ہو ؛ چھاپہ خانہ کا ترسیمی آلہ جسے حرف P یا p چھاپنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (کیمیا) فاسفورس کی علامت ۔

pa, n. (بول چال) باپ ۔

pabulum, n. خوراک ؛ غذا ، بالخصوص جذب پذیر محلول میں ؛ قُوّتِ ذہنی ؛ وہ بات جو خیال آفریں/فکر انگیز ہو ۔

pabular, a. غذائی ۔

paca, spotted cavy, n. پاکا ؛ مرکزی اور جنوبی امریکا کا ایک بڑا بادامی رنگ کا اکّال جانور جس پر سفید چتیّاں ہوتی ہیں ؛ کُترنے والا جانور ؛ چتیّوں دار کاوی ۔

pace, n. گام ؛ ڈگ ؛ قدم ؛ پیمانۂ اقدام ؛ واحد قدم ، جیسے چلنے یا دوڑنے میں ؛ ایک قدم میں طے ہونے والا فاصلہ ؛ اس فاصلے کو مختلف لمبائیوں میں ناپنے والا پیمانہ جو عموماً ڈھائی فُٹ کا ہوتا ہے ؛ عام طور پر حرکت یا ترقی کی شرح ؛ چلنے یا دوڑنے کی شرح ؛ چال ڈھال ؛ چلنے یا دوڑنے کا انداز ؛ گھوڑے کی مختلف رفتاروں میں سے کوئی ایک رفتار ، خصوصاً وہ رفتار جس میں ایک طرف کی دونوں ٹانگیں ایک ساتھ اُٹھتی اور زمین پر پڑتی ہیں ۔

put one through one's paces, کسی سے اس کے کمالات ، ہنروں یا صلاحیتوں کا واضح اظہار کرانا ؛ کام کرا کے دیکھنا ۔

set the pace, تقلید کے لیے ایک مثال یا معیار ہونا ؛ رفتار کو معیّن کرنا یا باقاعدہ بنانا ، جیسے دوڑ میں ۔

paced, a. مخصوص رفتار کا حامل (جیسے : slow-paced) ؛ قدموں میں ناپا یا گِنا ہوا ؛ رفتار کے پیمانے سے منضبط ۔

pace, v.t. آہستہ چلنا ؛ ٹہلنا ؛ چہل قدمی کرنا ؛ قدم قدم چلنا ؛ قدموں سے چل کر کوئی فاصلہ طے کرنا ؛ قدموں سے ناپنا ؛ گھبراہٹ میں/مضطربانہ ادھر سے ادھر ڈگیں بھرنا ؛ کسی کی چال کو منضبط کرنا ؛ کسی کے لیے شرح رفتار متعیّن کرنا ، جیسے دوڑ میں ؛ کسی خاص چال کے لیے تربیّت دینا ، جیسے گھوڑے کو ۔ (فعل لازم) آہستہ اور باقاعدہ قدموں کے ساتھ چلنا ؛ اکثر اوقات گھبراہٹ میں مخصوص چالوں یا گھوڑے کی طرح دُلکی یا کسی اور چال سے چلنا ۔

pacemaker, n. رفتار ساز ؛ شرح رفتار کو متعین کرنے والا/والی کوئی شخص یا چیز خصوصاً دوڑ میں ؛ کوئی شخص یا چیز جو دوسروں کے لیے ایک مثال ، نمونہ یا معیار کا کام دیتی ہو ۔ نیز : pacesetter ۔ (تشریح الاعضا) دائیں اُطاق میں ایک حصّہ جو حرکتِ قلب کو منضبط کرتا ہے ۔ (طِب) ضرب ساز ؛ ایک چھوٹا سا برقیاتی آلہ جو بعض مخصوص مرضیاتی حالات میں قلب کی حرکت کو منضبط کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ ضرب دار ۔ (کیمیا) ایک مرکّب جس کی شرحِ تعامل ، تعاملوں کے ایک سلسلے کی شرحِ تعامل کو ، منضبط کرتی ہے ۔

pacemaking, n., a. رفتار سازی ؛ رفتار منضبط کرنے کا عمل ؛ رفتار منضبط ؛ ضرب سازی ؛ رفتار سازانہ ۔

pacer, n. چلنے والا ؛ قدم باز ؛ رہوار ؛ وہ شخص جو قدم قدم چال چلتا ہے ؛ وہ گھوڑا جو قدم چال یا دُلکی چال چلتا ہے یا جس کی عام رفتار ہی قدم چال ہوتی ہے ۔

pachisi, n. [اردو] پچیسی کا کھیل ۔

pachyderm, n. کھردرا ؛ دبیز جلد ؛ میمل جانوروں کی مصنوعی درجہ بندی ، جو جُگالی نہیں کرتے اور جن کی کھال اکثر

موٹی ہوتی ہے ، جیسے ہاتھی ، دریائی گھوڑا اور گینڈا ؛ ہاتھی ؛ کوئی بھی موٹی کھال والا حیوان ۔ (مجازاً) ایک بے حس شخص جو تنقید ، تضحیک یا دھتکار کو محسوس نہ کرتا ہو ۔

pachydermoid, pachydermal, pachydermatous, pachydermous, a. دبیز جلدی ؛ دیر حس ؛ موٹی کھال ۔

pachydermatously, adv. دبیز جلدی طور پر ؛ کم حِسّیانہ ۔

pachysandra, n. (نباتیات) پیکی سانڈرا ؛ سدا بہار ، بیل دار ، جڑی بوٹیوں یا جھاڑیوں کی مختلف اقسام میں سے کوئی ایک ، جِسے زمین کو ڈھانکنے کے لیے اُگاتے ہیں ، بالخصوص سایہ دار رقبوں میں ۔

pacific, a. صُلح کُن ؛ سلیم ؛ ملائم ؛ حلیم ؛ امن کوش ؛ مائل بہ امن کوشی ؛ مصالحانہ ؛ امن پسند باعتبار طبیعت یا کردار ؛ غیر جنگجُو ؛ صلح جُو ؛ جھگڑوں سے پاک ؛ پُرسکون یا خاموش ۔ (بڑے P سے) بحرالکاہل ؛ اس بحر اعظم کا لقب یا اس سے متعلق جو امریکا ، ایشیا اور آسٹریلیا کے درمیان واقع ہے اور جس کو یہ لقب اس کے پرسکون سمندر ہونے کے باعث ، سولھویں صدی کے جہاز ران فرڈیننڈ میجیلن (Ferdinand Magellan) نے دیا تھا ؛ بحرالکاہل پر جس علاقہ کی سرحد ہو اس کا یا اس سے تعلق رکھنے والا (جیسے : Pacific time, Pacific States) ۔ (اسم) بحرالکاہل ۔

pacifically, adv. پُرامن طور پر ؛ امن پسندی سے وغیرہ ۔

pacification, n. مصالحت ؛ صلح کاری ؛ ملاپ ؛ معاہدۂ صُلح ؛ پرسکون کرنے کا عمل ؛ پرسکون ہونے کی کیفیت یا حالت ؛ تشفّی ۔ (عسکری) دشمن کی افواج پر غلبہ یا تسلط ؛ تغلُّب ۔

pacificator, n. ٹھنڈا کرنے والا ؛ مغلوب کرنے والا ۔

pacificatory, a. مصالحت کا ؛ تالیف قُلُوب کا ۔

Pacific Standard Time, n. دیکھیے : Standard Time ۔

pacifier, n. صُلح کار ؛ تسکین دہ ؛ مُسکّن ؛ شیر خوار بچوں کے چوسنے کے لیے پلاسٹک یا ربڑ وغیرہ سے بنی چُسنی ۔

pacifism, pacificism, n. مذہبِ امن ؛ امن پسندی ؛ امن خواہی ؛ وہ اصول یا حکمتِ عملی جس کے ذریعے عالم گیر امن قائم کیا جا سکے یا تمام اقوام کے درمیان اس قسم کے تعلقات جنگ کے بغیر برقرار رکھے جا سکیں اور ان کے تمام اختلافات پُرامن طریقے پر طے پا جائیں ؛ ہتھیار اٹھانے یا قتل کرنے سے انکار ؛ بعض اوقات تحقیر کے مفہوم میں ، ایسے لوگوں کا طرز عمل یا رویّہ جو ہر قیمت پر امن چاہتے ہیں ۔

pacifist, n., a. صُلح جُو ؛ امن پسند ۔

pacifistic, a. صُلح جُویانہ ؛ امن پسندانہ ۔

pacifistically, adv. امن پسندانہ طور پر ؛ صُلح جُویانہ انداز میں ۔

pacify, v.t. پُرامن بنانا ؛ کسی کے لیے امن بحال کرنا ؛ مغلُوب کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ غُصّے یا مشتعل جذبے کو فرو کرا دینا ؛ تالیف قلوب کرنا ؛ شورش یا برانگیختگی کو دور کرنا ؛ پُرسکون کرنا ۔

pacifiable, a. پُرسکون کرنے کے قابل ؛ فرو کرنے کے قابل وغیرہ ۔

pack, n. بستہ ؛ پُشتارہ ؛ گٹھا ؛ بنڈل ؛ پارسل ؛ گٹھڑی ؛ ایسی چیز کی ایک مقدار جسے کہیں لے جانے کے لیے لپیٹا یا باندھا جائے ؛ ایک بنڈل ، پارسل یا گانٹھ ، خاص طور پر کسی آدمی یا جانور کی پیٹھ پر لاد کر لے جانے کے لیے ؛ کسی چیز کی ایک مقرّرہ مقدار جو فروخت کے لیے لپیٹی گئی ہو (جیسے : pack of cigarettes) ؛ بعض مخصوص جانوروں کا ایک گروہ یا غول ، جیسے شکاری کُتّے یا بھیڑیے ؛ کسی چیز کی ایک مقدار بطور غذائی پیداوار ، جسے کسی ایک وقت یا ایک موسم میں فروخت کے لیے بند یا پیک کیا جائے ؛ ایک مکمل سیٹ یا گڈی ، جیسے تاش کی ؛ آرایشی سامان (جیسے : a mud pack) ؛ علاج معالجے کی غرض سے گیلے یا سوکھے کپڑوں میں جسم کی لپیٹ ؛ تیرتے ہوئے برف کے ٹکڑوں کی ایک بڑی تعداد جو باہم مجتمع ہو گئی ہو ؛ چیزوں یا اشخاص کا ایک گروہ جسے حقارت کے ساتھ ''پیک'' کہا جائے ۔ (فعل متعدی) ایک پیک بنانا ؛ باہم پیوستہ حالت میں جمع کرنا ؛ دھات کے ڈبّوں ، بوتلوں یا اس طرح کے دیگر برتنوں/چیزدانوں میں اشیا ، جیسے ٹماٹروں کو بازار میں فروخت کے لیے یا محفوظ کرنے کی غرض سے مناسب طریقے پر رکھنا ، دبانا یا کھچا کھچ بھرنا ، جیسا کہ ایک پیوستہ ڈبے کی شکل میں یا چیزوں کو قریب قریب جوڑ کر رکھنے میں ہوتا ہے ؛ اس طرح بھرنا ، جیسے صندوق یا سوٹ کیس میں کپڑے یا اسی قسم کی دیگر چیزیں بھری جاتی ہیں ؛ گاسکٹ ، جیسے پیکنگ کے سامان کے ذریعے ہوا ، بھاپ اور پانی وغیرہ سے محفوظ کرنا ؛ کسی مخصوص شے کو کسی چیز سے چاروں طرف خُوب کس کر باندھنا یا ملفوف کرنا ؛ سنگوانا ؛ کسی دافع مرض پیک سے علاج کرنا ؛ لادنا ، جیسے پیک سے ؛ اُٹھا کر لے جانا (جیسے : to pack a gun) ؛ سرسری طور پر چلتا کرنا یا برخاست کر دینا ۔ (فعل لازم) نقل و حمل کے لیے یا ذخیرہ کرنے کے لیے اشیا کا مجتمع صورت میں ہونا ؛ تہ بہ تہ رکھنے یا ترتیب دینے کے قابل ہونا (جیسے : goods that pack well) ؛ مجتمع ہونا ، جیسے قدرتی برف یا مصنوعی برف کا ؛ اکٹھے ہونا ، جیسے اشخاص کا ؛ گلّوں میں جمع ہو جانا ، جیسے بعض جانوروں کا ؛ چلا جانا بالخصوص جلدی میں ، عموماً بعد میں off آتا ہے ۔ (صفت) نقل و حمل میں استعمال ہونے والا (جیسے : a pack animal) ؛ پیکنگ کے لیے موزوں ۔

send packing, برخاست کرنا ؛ اچانک چلتا کرنا ۔

packability, n. پیک ہونے کی خصوصیّت ؛ مجتمع ہونے کی خصوصیّت ۔

packable, a. قابل مجتمع ؛ پیک ہونے کے قابل ۔

pack, v.t. بدعنوانی کے طور پر ایک جیوری یا مجلس قانون ساز بنانا تاکہ مخصوص مفادات کو آگے بڑھایا جائے ۔

package, n. پلندہ ؛ گانٹھ ؛ پانی کے جہازوں یا ڈاک کے ذریعے بھیجنے کے لیے لپیٹے گئے یا ڈبوں میں بند کیے گئے عموماً چھوٹے پارسل یا بنڈل ؛ کسی چیز کی ایک مقدار جس کا اکٹھا بنڈل بنایا جائے ؛ ایک چیز دان جس میں کوئی چیز بھری گئی ہو ، جیسے ایک صندوق ، ڈبہ یا کریٹ ؛ اشیا کی ڈبہ بندی ؛ مختلف حصوں کو جوڑ کر بنائی گئی کوئی چیز جو استعمال کے لیے تیار ہو ؛ چیزدان ؛ کسی چیز کا ایک گروہ یا سلسلہ ، جیسے تھیٹر کے ٹکٹ یا ٹیلی وژن پروگراموں کا ۔ (فعل متعدی) چیزدان مہیّا کرنا ؛ ایک اکائی کے طور پر ، پارسل کی صورت میں بنڈل بنانا یا لپیٹنا ۔

packager, n. پارسل بنانے یا پیک کرنے والا ؛ وہ جو لپیٹتا یا پیک کرتا ہے ؛ وہ جو پارسل یا بنڈل بناتا ہے ؛ پُشتارہ ، بقچہ ، گٹھڑی یا گٹھڑ بنانے والا ۔

package deal, n. مجموعی معاہدہ یا سودا ؛ باہم متعلق مصنوعات یا خدمات کے ایک مجموعہ پر مشتمل پیش کش برائے

فروخت جس کی ایک مجموعی قیمت مقرر ہو اور اس قیمت پر اسے کلیتاً قبول کرنا لازم ہو ؛ پیش کش میں شامل اشیا یا خدمات ؛ کوئی معاہدہ جس کے ایک عنصر کو قبول کرنا یہ معنی رکھتا ہو یا اس پر منحصر ہو کہ دوسرے عناصر کو بھی قبول کیا جائے ، جیسے مزدوروں کی یونین کا معاہدہ ۔

package store, n. پیکیج اسٹور ؛ دکان مہر بند اشیا ؛ ایک خوردہ فروشی کی دُکان جو الکحلی مشروبات کو بوتلوں میں بھرتی ہو جن کی فروخت کے لیے شرط یہ ہو کہ اُنھیں دُکان کے اندر نہیں پیا جا سکتا ۔

packer, n. گانٹھ یا بستہ باندھنے والا ؛ پیکر ؛ وہ جو پیک کرتا ہے ؛ گوشت پیک کرنے والی دکان کا مالک ؛ گوشت پیک کرنے والے کارخانے میں کام کرنے والا مزدور ؛ وہ جس کا تعلق مختلف قسموں کی غذاؤں کو ڈبوں میں بھر کر فروخت کرنے یا اُن کی ذخیرہ کاری سے ہو ؛ پیک کی ہوئی غذاؤں کا تھوک فروش تاجر ؛ پیک کرنے والی مشین ۔

packet, n. چھوٹی گٹھڑی ؛ خریطہ ؛ پلندہ ؛ ایک چھوٹا پیک ، پیکج یا پارسل ؛ خطوط کا ایک پارسل ؛ ڈاک ، تجارتی مال اور مسافروں کو مقررہ پروگرام کے مطابق لے جانے والا پانی کا جہاز ۔ نیز: packet boat ۔

pack ice, n. برف انبار ؛ برف کا پیک ؛ برف کا تودہ ؛ سمندر میں تیرتے ہوئے برف کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا مجموعہ ۔

packing, n. گٹھڑی بندی ؛ بھراؤ ؛ اس شخص ، آلے یا مشین کا عمل جو پیک کرتی ہے ؛ ایک جکڑ بند،سخت جوڑ لگانے کے لیے ، جیسے بھاپ کے پانی میں استعمال ہونے والا مواد ۔ (مرکزائی طبیعیات) پروٹون اور نیوٹرون مرکزہ کی تشکیل جس کے نتیجے میں کمیت کا ضیاع ہوتا ہے اور توانائی وجود میں آتی ہے ۔

packing house, packing plant, n. بھرائی یا بندھائی کا کارخانہ ؛ وہ کارخانہ جہاں گوشت اور دوسری غذائیں تیار ہوتی اور بازار میں فروخت کے لیے پیک کی جاتی ہیں ۔

packman, n. پھیری والا ؛ وہ جو خصوصاً برتنوں کا ایک پیک بغرض فروخت لیے پھرتا ہے ۔

pack rat, n. نیولے یا گلہری جیسا جانور ؛ شمالی امریکا کا ایک بڑا کُترنے والا جانور نیوٹوما سِنیریا(Neotoma cinerea)جس کی خصوصیات یہ ہیں کہ اس کی دُم جھاڑ دار اور عادت یہ ہوتی ہے کہ وہ ایسی چھوٹی چھوٹی چیزیں ذخیرہ کرتا ہے جو اس کے لیے اکثر بے کار ہوتی ہیں ۔ (بول چال) وہ شخص جو بے کار چیزیں جمع کرتا ہو ؛ کباڑی ؛ ایک سِن رسیدہ جوئندۂ معدنیات ۔

packsack, n. بھری بوری ؛ بھرا تھیلا ؛ جھول ؛ ایک بورے کی طرح کا لچک دار چمڑے کا یا کسی بُنے ہوئے مواد کا ساختہ خول/تھیلا جس کے ساتھ تسمے لگے ہوتے ہیں اور جس میں مختلف اشیا رکھ کر کسی شخص یا کسی باربردار جانور کی پُشت پر لاد کر لے جاتے ہیں ؛ بوجھا ۔

packsadle, n. پالان ؛ خوگیر ؛ پیک کاٹھی ؛ گدی ؛ وہ کاٹھی جس پر ایسے بوجھے رکھے جاتے ہیں جنھیں باربردار جانور لے جاتے ہیں ۔

packthread, n. سُتلی ؛ ڈورا ؛ ڈور ؛ مضبوط دھاگا ؛ سُتلی جسے پارسل باندھنے اور سینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pact, n. قول و قرار ؛ عہد و پیمان ؛ صلح نامہ ؛ ٹھیکہ ؛ معاہدہ ؛ اشخاص ، گروہوں یا قوموں کے درمیان اقرار نامہ ۔

pad, n. گدیلا ؛ توشک ؛ گدی ؛ کسی نرم مواد کا تکیہ نما انبار/ڈھیر جسے آرام یا تحفظ کے لیے یا ٹھونس کر سخت کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ تحریری پیڈ جسے کاغذ کے متعدد تختوں کو ایک کنارے پر باندھ کر بنایا جائے ؛ جاذب مواد کی ایک گدی جسے روشنائی سے تر کر لیا گیا ہو اور اُسے ربڑ کی مہر پر روشنائی لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہو ؛ جہاز کا سمندر میں اُتارنے کا ایک پیڈ ؛ سوسن آبی کا ایک تیرتا ہوا بڑا پتّا ؛ گاج یا مرہم پٹی میں کام آنے والے کسی اور مواد سے بنی ہوئی ایک گدی جو طِبّی یا جراحی مقاصد میں استعمال ہوتی ہے ؛ کُتوں ، لومڑوں اور بعض دیگر جانوروں کے پاؤں میں نیچے کی طرف ایک گدی نما اُبھار ؛ حشرہ کے پاؤں کی گدی ؛ بعض اوزاروں کا دستہ ؛ تسمے یا بکسوئے کے لیے سوراخ ؛ ایک گدّا جو بطور زین استعمال کیا جاتا ہے ۔ (عوامی) جائے رہایش ؛ سونے کا کمرہ یا پلنگ ۔ (فعل متعدی) تکیہ میں کام آنے والے کسی نرم مواد کو سختی سے ٹھونسنا یا بھرنا ؛ بھرتی کے ذریعے محفوظ کرنا ۔ (مجازاً) غیر ضروری الفاظ کی بھرمار سے کسی تقریر یا تحریر کا طول تطویل لا طائل ۔ (عوامی) خرچ کے کھاتے میں بے ایمانی کے ساتھ بڑھوتی کے اندراجات ۔

pad, n. ٹھس آواز ، جیسے زمین پر قدموں کی چاپ ؛ بے دھڑک چلنے والا گھوڑا ؛ بٹ مار/راہزن ۔ (برطانوی بولی) راستہ/پگڈنڈی یا سڑک ۔ (فعل متعدی و لازم) پیدل سفر کرنا ، جیسے سڑک پر ؛ پاؤں سے کچلنا ؛ پگڈنڈی بنانا ؛ دبے پاؤں چلنا ۔

padding, n. بھرت یا ٹھونسنے کا عمل ؛ دبے پاؤں چال ؛ نرم مواد سے بھرائی ؛ اس قسم کا مواد ، جیسے روئی ، مصنوعی دھاگے ، کپڑے یا پیال/بھوسا ، جسے سخت کرنے ، بھرنے یا کسی چیز کو محفوظ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (مجازاً) وہ مواد جو ایک لِکھے ہوئے مضمون ، تقریر یا حساب کے کھاتے کو پھیلانے کے لیے استعمال کیا گیا ہو، بھرتی ۔

paddle, n. پھیّا ؛ ڈانڈ ؛ چپّو ؛ بَلّا ؛ کروارا ؛ پیڈل ؛ ایک چھوٹا چپّو جس کے ایک سرے یا دونوں سروں پر ایک چوڑا پھل ہوتا ہے اور جسے کشتی وغیرہ کو کھینے کے لیے ، بغیر آنکڑے کے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایسے آلات میں سے کوئی ایک جن کے پھل چوڑے ہوتے ہیں اور جنھیں صنعتوں اور دستکاریوں میں چلانے ، پھینٹنے یا اسی طرح کے دوسرے کاموں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک قسم کا ریکٹ جس کا دستہ چھوٹا اور پھل گول ہوتا ہے اور جسے ٹیبل ٹینس میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک پتلا پھٹّا ، جس کا دستہ چھوٹا ہوتا ہے اور جسے ٹُھکائی ، مارپیٹ وغیرہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؛ اُن چوڑے تختوں میں سے ایک جو پیڈل پہیّے کے محیط پر یا آبی پہیّے پر ہوتے ہیں؛ ایک پیڈل پہیّہ یا وہ جہاز جو پیڈل پہیّے سے چلے ؛ بعض مخصوص تیرنے والے جانوروں مثلاً وھیل یا سنگ پشت آبی کا پیراکہ یا کوئی عضو ؛ پیڈل کے ساتھ عمل کاری ؛ چھوٹی ضربوں سے تیراکی،جیسے کُتّا تیرتا ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) ڈونگے یا اسی طرح کی کسی اور کشتی کو چلانے کے لیے پیڈل استعمال کرنا؛ پیڈل کو استعمال کر کے ڈونگے یا اس قسم کی کسی کشتی کو چلانا یا اس میں

paedogenesis, n. (حیاتیات) زود توالُد ؛ لاروے یا اس جیسے دیگر نارسیدہ جانوروں کا قبل از بلوغ بچے پیدا کرنا جو اکثر باکرہ زائی (parthenogenetically) کی بنا پر ہوتا ہے۔

paeon, n. (کلاسیکی عروض) ایک شعری وزن جو چار ارکان پر مشتمل ہو ، ایک لمبا اور تین چھوٹے۔

pagan, n. غیر اہلِ کتاب ؛ پاگان ؛ کافر ؛ ملحد ؛ لامذہب ؛ جھوٹے/باطل خداؤں کی پرستش کرنے والا یا کسی مشرکانہ مذہب پر عقیدہ رکھنے والا ؛ وہ شخص جو نہ عیسائی ہو نہ یہودی نہ مسلمان ہو ؛ بُت پرست ؛ وہ شخص جس کا کوئی مذہب نہ ہو۔ (صفت) پاگان کا یا ان سے تعلق رکھنے والا ، لامذہب۔

paganism, n. بُت پرستی ؛ تاریک خیالی ؛ کُفر ؛ اِلحاد ؛ باطل خداؤں کی پرستش ؛ لامذہب ہونے کی کیفیت۔

paganize, v.t. ملحدانہ خیالات پر مائل کرنا؛ بُت پرستی قبول کرانا۔ (فعل لازم) بُت پرست ، لامذہب ، کافر وغیرہ ہو جانا۔

page, n. صفحہ؛ کتاب کے ایک ورق کے دونوں اطراف میں سے ایک طرف؛ کتاب کا ایک ورق ؛ کوئی تحریر یا ریکارڈ یا کوئی چیز جو اس قدر اہم ہو کہ اسے ریکارڈ کیا جائے (جیسے : a page of history)۔ (طباعت) ورق کی ایک جانب کے لیے سیٹ کیا ہوا ٹائپ ۔ (فعل متعدی) کسی کتاب کے صفحات پر نمبر ڈالنا ؛ صفحہ بندی کرنا۔ (فعل لازم) کسی کتاب کا صفحہ بہ صفحہ مطالعہ ہونا۔

page, n. چھوکرا ؛ لونڈا ؛ خواص ؛ قاصد ؛ ملازم لڑکا ؛ ایک نوجوان یا کم سن لڑکا جو ایسے مخصوص اشخاص کے لیے پیغام رسانی کی خدمت پر مامُور ہو جن میں مجلس قانون ساز کے ارکان ، شاہی خاندان کے افراد ، ڈراموں یا کھیل تماشوں میں مدہوش ارکان شاہی خاندان یا اس قسم کی رسمی تقریبات ، جیسے شاہی دربار ، شادی بیاہ کی محفل یا کسی مخصوص اجتماع میں شریک ہونے والے سربرآوردہ حضرات شامل ہوں ؛ کم سن مرد جنھیں ہوٹل ، کلب یا نجی رہائشی مکان میں روزمرہ کے معمولی کاموں کے لیے ملازم رکھا جاتا ہے ۔ (قرونِ وسطیٰ) ایک کم سِن جوان جو نائٹ ہُڈ (Knighthood) کے لیے تیار ہو رہا ہو۔ (فعل متعدی) ملازم چھوکرے کا کام کرنا ؛ کسی شخص کو اس کا نام لے کر مسلسل پکارنا۔

pageant, n. دو گھڑی کا ٹھاٹ ؛ نمود ؛ بھڑک ؛ شان ؛ نظارہ ؛ ضیافت ؛ ایک عظیم الشان مظاہرہ ، نمایش یا محفل تفریح ، جیسے کسی عوامی تقریب پر منعقد کی جاتی ہے ؛ ناٹکی نمایش ؛ وہ چیز جو محض نمایشی ہو اور جس میں کوئی استحکام یا پایداری نہ ہو۔

pageantry, n. دھوم دھام ؛ حشمت ؛ شان و شوکت ؛ بھڑک ؛ طمطراق ؛ نظارۂ پُرشکوہ ؛ ایک زرق برق نمایش یا نظارہ جو صرف دکھاوے کے لیے ہو ؛ محض نمایش۔

paginate, v.t. صفحہ بندی کرنا ؛ کسی کتاب کے یا اسی طرح کے کسی اور مجموعے کے صفحات پر نمبر ڈالنا۔

pagination, n. صفحہ بندی ؛ ترتیب صفحات ؛ شماریہ ؛ کسی کتاب کے صفحات کی سلسلہ وار ترتیب کو ظاہر کرنے کا عمل ؛ وہ اعداد و شمار جو صفحات کے نمبروں کو ظاہر کرتے ہیں۔

pagoda, n. بُت کدہ ؛ مندر ؛ دیول ؛ پگوڈا ؛ مشرق بعید میں بودھوں کی عبادت گاہ/معبد جو عموماً ایک ہرم مصری یا مینار

سفر کرنا ؛ پیڈل پہیّوں کے ذریعے حرکت، جیسی دُخانی جہاز میں ہوتی ہے ؛ چپوؤں سے کشتی کو آہستہ آہستہ یا سُبک رفتاری کے ساتھ کھینا/چلانا ؛ چپو چلا کر اشیا یا اشخاص کو کشتی میں لے جانا ؛ بلّے سے ضرب لگانا ، جیسے پنگ پانگ کے گیند کو ؛ مارنا ، جیسے بلّے سے ؛ ٹھکائی کرنا۔

paddle your own canoe, بغیر کسی مدد کے اپنا راستہ خود بنانا/ترقی کرنا۔

paddle, v.i. اُتھلے پانی میں چھینٹے اُڑانا یا کھیلنا؛ تھپ تھپ کرنا (ہاتھوں سے)۔

paddlefish, spoonbill, spoon-bill cat, n. چپّو مچھلی؛ سگ ماہی نوع کی مچھلی جو تقریباً چار فُٹ لمبی اور جس کی تھوتھنی چپّو جیسی ہوتی ہے ، یہ دریائے مِسِسی پی اور اس کے معاونوں میں پائی جاتی ہے۔

paddle wheel, n. چپّو پہیّا؛ پیڈل پہیّا ؛ پہیّا جس کے گھیرے پر پیڈل لگے ہوتے ہیں ، جن سے جہاز کو پانی میں دھکیلا جاتا ہے ؛ پیڈل پہیّوں سے چلائی جانے والی کشتی۔

paddock, n. طویلہ ؛ گھڑ دوڑ کے میدان سے قریب کا رقبہ جسے گھوڑوں پر زین ڈالنے اور ان پر سوار ہونے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک میدان جسے جانوروں کے لیے چراگاہ یا کسرتی مشقوں کی غرض سے احاطہ بند کر دیا گیا ہو ؛ گھیر ۔ (آسٹریلیا) کوئی بھی احاطہ بند میدان ۔ (مقامی ، قدیم) مینڈک ۔

paddy, n. دھان ؛ برنج ؛ چاول اپنے چھلکے سمیت ، خواہ کھیت میں ہو یا جمع کر لیا گیا ہو ؛ وہ زیر آب زمین یا سیلابہ جس میں چاول اُگایا جاتا ہے۔

paddy wagon, n. (عوامی) پٹرول گاڑی۔

padlock, n. تالا ؛ قُفل؛ قفل زنجیر ؛ قُفل مُفلِق ؛ وہ قُفل جسے آسانی کے ساتھ اُٹھا کر لے جایا جا سکے یا الگ کیا جا سکے اور جس کا چھکا چُول پر گھومنے والا یا سرکنے،پھسلنے والا ہو یا جس میں ایک باندھنے والی زنجیر ہو جسے ایک کُنڈے یا اسی طرح کی کسی چیز میں سے گزار کر باندھ دیتے ہیں۔ (فعل متعدی) قُفل زنجیر لگانا ؛ اسی طرح کسی اور چیز سے باندھنا۔

padre, n. مقدّس باپ ؛ پادری ؛ ایک لقب جو خاص طور پر ہسپانیہ ، اٹلی اور ہسپانوی امریکی ممالک اور پاکستان/ہندوستان میں گرجا کے کسی عہدہ دار کےلیے ،جو اسقف سے نیچے ہو،استعمال ہوتا ہے ۔ (بول چال) بری یا بحری فوج کا پادری۔

padrone, n. [اطالوی] دیسی مزدور مہیّا کرنے والا ؛ جہاز کا کپتان ؛ سرائے کا نگہبان ؛ کسی کاروبار کا مالک یا چلانے والا ۔

paduasoy, n., a. ریشمی کپڑا ؛ پاجواسائے ؛ ریشمی ڈوری دار نرم اور چکنا قیمتی کپڑا ، جسے اٹھارویں صدی میں مرد اور عورتیں عام طور پر پہنتے تھے ؛ اس کپڑے سے بنا ہوا لباس ۔

paean, pean, n. [یونانی] خوشی کا گیت ؛ عہد قدیم کی ایک یونانی مناجات ، اپالو کے اعزازمیں ، جوپائی این (Paean یا Paian) بھی کہلاتا تھا ؛ لڑائی سے پہلے یا لڑائی کے بعد ایک جنگی نغمہ ؛ اسی لیے عموماً فتح کا ایک نغمہ ؛ مسرّت یا تعریف کا ایک نغمہ ؛ نغمۂ شُکر۔

کی شکل کا ہوتا ہے جس کی ہر منزل پر چھت ہوتی ہے جو اُوپر کی طرف مُڑتی ہوئی تعمیر کی جاتی ہے ؛ سونے یا چاندی کا سکّہ جس پر پگوڈا کی تصویر ہوتی ہے ۔

pail, n. دوہنی ؛ جھبیا ؛ گگرا ؛ ڈول ؛ بالٹی ؛ بیلن کی شکل کا چیزدان جو اندر سے خالی ہوتا ہے اور جس میں ایک دستہ لگا ہوتا ہے ، اس چیزدان کو رقیق اور ٹھوس اشیا لے جانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ وہ مقدار جو بھرے ڈول میں ہو۔

pailful, n. وہ مقدار جوایک ڈول میں سما جائے ؛ ڈول بھر۔

paillasse, palliasse, n. (زیادہ تر برطانوی) زیریں گدا ؛ پیال/بھوسے یا لکڑی کے برادے سے بھرا ہوا ایک گدا جسے زیریں گدے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

pallion, n. ورق ؛ پترا ؛ دھاتی ورق/پترا جسے میناکاری اور ملمّع سازی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

pain, n. تکلیف ؛ ایذا ؛ درد ؛ بے چینی ؛ جسمانی درد ، بے چینی یا تکلیف جس کا سبب چوٹ ، حد سے زیادہ کھچاؤ/تناؤ یا بیماری ہوتا ہے ؛ جذباتی یا ذہنی تکلیف یا آزار یا رنج و غم ۔ (جمع) دردِ زہ کے دورے ؛ پرفکر یا فکرمندانہ جدّوجہد ۔ (فعل متعدی) کسی کو درد دینا ؛ جسمانی یا ذہنی تکلیف برداشت کرانا ؛ ایذا پہنچانا ؛ دُکھی کرنا ؛ تشویش میں ڈالنا ۔ (فعل لازم) درد برداشت کرنا یا دینا ۔

on, under, or upon pain of, کسی تاوان یا سزا کو بُھگتنا ۔

painful, a. پُردرد ، درد انگیز یا درد آمیز ؛ تکلیف دہ ؛ محنت یا مشقت طلب ؛ مشکل ؛ متقاضیٔ سرگرم جدّوجہد ؛ اذیت رساں یا پریشان کن ۔

painfully, adv. دردانگیز طور پر۔

painfulness, n. پُردرد ؛ درد آمیز وغیرہ ۔

painstaking, a. جفاکش ؛ مشقتی ؛ تن دہ ؛ محنت کش یا محنت کشی کا عادی ؛ کوشش اور احتیاط کے ساتھ کیا ہوا ؛ محنتی اور محتاط ۔ (اسم) محنت ؛ محتاط ؛ پُرشوق محنت ۔

painstakingly, adv. محنت کرتے ہوئے ؛ محتاط انداز سے ؛ دقّت نظر سے ۔

paint, v.t., v.i. (فنون لطیفہ) نقاشی کرنا ؛ روغن چڑھانا ؛ تصویریں بنانا ؛ میک اپ کرنا ؛ تصویر کی طرح کچھ بنانا جس پر رنگ لگائے جائیں ؛ واضح طور پر شوخ انداز میں بیان کرنا ؛ رنگ و روغن کی تہ کے ساتھ سجانا یا محفوظ کرنا ؛ چہرے کے سنگھار کا سامان کسی پر استعمال کرنا ؛ کسی دوا کو پُھریری کے ساتھ لگانا ؛ کسی چیز کو رنگ روغن سے ڈھک دینا ؛ تصویریں بنانا ؛ سامان جمال آرائی/آرایش کو استعمال کرنا ۔

paint, n. غازہ ؛ رنگ و روغن ؛ صِبغہ ؛ ایک مادّۂ رنگی ، خواہ خشک صورت میں ہو یا اسے پانی ، تیل یا اور کسی پتلا کرنے والی چیز سے رقیق کر لیا گیا ہو تاکہ اس کا استعمال مختلف سطحوں پر بشمول لکڑی اور پلاسٹر کیا جا سکے ؛ اس کی تہ ؛ سامان جمال آرائی ، بالخصوص وہ جو رنگ کا اضافہ کرتا ہے ۔

paintbrush, n. رنگ و روغن کا برش ؛ بُرش جو عمارتوں ، تصویروں اور دوسری اشیا پر رنگ روغن کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (نباتیات) شمالی امریکا کے سبزہ زاروں کا ایک خود رو پھول (Castil-leja coccinea) جو گل میمون (snap-dragon) کے خاندان سے ہوتا ہے جس کے پھولوں کے چاروں طرف ہلکے قرمزی رنگ کی پھلواری ہوتی ہے ، اسے انڈین پینٹ برش (Indian paintbrush) بھی کہتے ہیں ۔

painted bunting, painted finch, n. شمالی امریکا کی ایک چمک دار رنگوں والی چڑیا (Passerina ciris) جو فنچ (finch) خاندان کی ہوتی ہے ، جس کا سر نیلا ، اودا/بنفشی ہوتا ہے ، پیٹھ سبز ہوتی ہے ، سرین/دُم گاہ اور نیچے کی طرف کے حصوں کا رنگ سرخ ہوتا ہے اور وہ خلیجی ریاستوں میں انڈے دیتی ہے ۔

painter, n. مصور ؛ چتر کار ؛ نقاش ؛ رنگ ساز ؛ رنگ آمیز ، پینٹر ؛ رنگ و روغن لگانے والا ؛ وہ جس کا پیشہ مختلف سطحوں یا دیواروں پر رنگ و روغن کرنا ہو ؛ ایک فنکار جو رنگوں یا مادہ رنگی/صِبغہ کے ذریعے حقیقی اشیا یا تجریدی تصورات کو پیش کرتا ہے ۔

painterly, a. مصورانہ ۔

painter, n. وہ رسّا جو ایک کشتی کو پانی کے جہاز یا کسی اور چیز سے باندھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

painter, n. امریکا کا ایک بڑا چیتا یا تیندوا ۔

painter's colic, n. (امراضیات) درد قولنج ؛ ایک قسم کا دھاتی تسمّم/زہر آلودگی ، جس کے باعث نبض سست ہو جاتی ہے اور پیڑو میں شدید درد ہوتا ہے ۔

painting, n. رنگ آمیزی ؛ نقاشی ؛ نقش ؛ مصوّری ؛ پینٹ کرنا ؛ پینٹ کی ہوئی سطح ؛ پینٹ کرنے کا پیشہ ۔ (فنون لطیفہ) پینٹ کرنے کا فن ؛ مصوّری/پینٹنگ کے فن کے ذریعے بنائی ہوئی تصویر ؛ کوئی ایسی پینٹنگ /تصویر جو کسی خاص طرز ، مقام یا زمانے کو ظاہر کرتی ہو۔

pair, n. جوڑا/جوڑی ؛ زوج ؛ جُفت ؛ دو چیزیں جو ہم شکل اور ایک دوسرے کے مناسب ہوں یا جنھیں ایک ساتھ استعمال کیا جاتا ہو ، جیسے ایک جوڑی موزے ؛ ایک واحد شے جو ایسے دو ٹکڑوں پر مشتمل ہو جن کو باہم ملا کر کام لیا جاتا ہو ، جیسے قینچی ؛ ایک سی قسم کے دو ؛ ایک جوڑا ؛ پتلون کے گیلس ؛ مرد اور اس کی بیوی ؛ جانوروں میں نر اور مادے کا جُفتی جوڑا ؛ کسی مجلس مشاورت کے دو ارکان ، جو ایک دوسرے کے مخالف فریق ہوں اور جنھوں نے اس پر اتفاق کر لیا ہو کہ وہ رائے شماری میں حصہ نہیں لیں گے اور اس بنا پر ان میں سے کسی ایک کو یا دونوں کو غیر حاضر ہونے کی اجازت مل گئی ہو ؛ وہ معاہدہ جو اس طرح ہوا ہو ؛ دو مقابلہ کرنے والے کھلاڑی جو اس قسم کی شراکتوں کے خلاف ہوں ۔ (تاش) ایک ہی عدد کے دو پتّے ، جیسے نہلے کا جوڑا یا دو بادشاہ ۔ (میکانیات) جو چیز دو ٹکڑوں سے مل کر اکائی بن گئی ہو ، جیسے پیچ اور ڈِھبری ۔ (فعل متعدی) جوڑوں میں ترتیب دینا ؛ جوڑے لگانا ؛ نر اور مادہ کو باہم ملانا ۔ (فعل لازم) جوڑوں میں شامل ہونا ؛ نر و مادہ کا باہم ملنا ؛ جوڑے میں سے ایک ہونا ؛ کسی کا اپنے آپ کو کسی دوسرے سے متعلق کرنا ؛ کسی محفل سے دو دو کر کے الگ ہونا ، اس صورت میں عموماً pair کے بعد off لگتا ہے ۔

pair-oar, n. جوڑا چپو کشتی ؛ دو چپو کشتی ؛ ایک ایسی کشتی جس کے دو کھویے ایک دوسرے کے سامنے بیٹھتے ہیں اور ان میں سے ہر کھویّا ایک چپو چلاتا ہے ۔

pair production, n. (طبیعیات) جُفتہ زائی ؛ ایک ایسے فوٹون (ضیائیہ)سے ، جو ایک انتہائی شدید برقی میدان سے گزرا ہو، ایک الیکٹروز(برقیہ) اور پازیٹرون(مثبتیہ)کی فوری طور پر تخلیق ۔

paisley, a. (عموماً بڑے P سے) پیزلے کپڑا ؛ مثالی طور پر چوبی مواد سے بنا ہوا اور درخشاں رنگوں کے نمونوں سے آراستہ ، جس پر درخشاں رنگوں سے خمیدہ نمونے بنے ہوئے ہوں ۔ (اسم) (اکثر بڑے P سے) کوئی بھی پیزلے کپڑا ؛ اس کپڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی چیز ، جیسے شال ۔

pajamas, Brit. pyjamas, n. [اردو ، فارسی] پاجامہ ؛ ایک ڈھیلا ڈھالا لباس جسے سوتے وقت یا گھر میں استعمال کرتے ہیں ۔

pal, n. (عوامی) دوست ، ہم نشین ؛ ایک بے تکلّف ساتھی یا دوست ۔ (فعل متعدی) (عوامی) ایک یا متعدد اشخاص کو ساتھی بنانا ۔

palace, n. ایوان ، محل سرا ؛ بارگاہ ؛ راج بھوَن ؛ قصر ؛ محل ؛ وہ مکان جس میں کوئی شہنشاہ ، بادشاہ یا کوئی اور ممتاز ہستی مقیم ہو ؛ ایک عظیم الشّان رہائش گاہ ؛ ایک قصرِ پُرشکوہ ؛ تفریحات و ضیافت کے لیے ایک پرتکلّف و آراستہ مقام ۔

paladin, n. پہلوان ،بطل جلیل ؛ کسی نیک مقصد کا بہادر عَلم بردار ؛ نام ور ہیرو ؛ جہاں گشت ؛ شارلیمان (Charlemagne) کے خادم بارہ نائٹوں میں سے کوئی ایک ۔

Palaearctic, Palearctic, a. کرۂ ارض کے اُس حیوانی جغرافیائی علاقہ سےمتعلق جس میں یورپ اور ایشیا ، افریقہ اور عرب کے شمالی علاقے شامل ہیں ۔

palaestra, palestra, n. ورزش گاہ ؛ اکھاڑہ ؛ عہد قدیم کے یونان میں تربیتِ ورزش کے لیے ایک مدرسہ ؛ جمنازیم ۔

palaestral, a. ورزش گاہ سے متعلق ۔

palaestrian, a., n. ورزش گاہی ؛ جمنازیم سے متعلق ۔

palanquin, palankeen, n. [اردو] پالکی ؛ چنڈول ؛ نالکی ؛ پینس ؛ ڈولی ؛ ڈولا ؛ ہندوستان ، چین اور جاپان میں ایک ڈھکی ہوئی سواری جس کے نیچے بانس لگے ہوئے ہیں اور ان بانسوں کو چار آدمی اپنے کندھوں پر رکھ کر لے جاتے ہیں ، اس سواری میں صرف ایک شخص سوار ہوتا ہے ؛ ایک ڈھکی ہوئی کوچ ۔

palatable, a. بامزہ ؛ لذیذ ؛ ذائقہ دار ؛ کام و دہن یا ذائقہ کو گوارا ؛مزیدار ۔ (مجازاً) دماغ/ذہن یا جذبات کے لیے گوارا ؛ مرغوب ؛ پسندیدہ ۔

palatability, palatableness, n. ذائقہ ؛ مزیداری ۔

palatably, adv. ذائقہ دارانہ طور پر ؛ لذیذ انداز میں ۔

palatal, a. (تشریح الاعضا) حنکی ؛ تالو/حنک کا یا تالو/حنک سے متعلق ۔ (صوتیات) ان بولنے کی آوازوں/اصوات کا جن کے ادا کرنے میں تالو سے مدد لی جاتی ہے (جیسے onion میں ion کی آواز) ۔ (اسم) (صوتیات) تالو والی یا حنکی آواز ۔

palatally, adv. حنکی طور پر ۔

palatalize, v.t. (صوتیات) امتزاج یا تلفظ کے ذریعے آواز کو حنکی بنانا (جیسے mature میں ture) ۔

palatalization, n. حنکیت ۔

palate, n. (تشریح الاعضا) تالو ؛ حنک ؛ مُنھ/دہن کی چھت ، جو ناک کے جوف اور منھ کے جوف کو الگ کرتی ہے اور ایک آگے والی عظمی محراب ، سخت تالو اور نرم تالو اور بالائی منھ کے بعید حصے میں ایک عضلاتی نسیج پر مشتمل ہوتی ہے ؛ ذائقے کی حس ؛ دہنی ذائقہ ۔

palatial, a. شان دار ؛ پُرشکوہ ؛ محل سے متعلق یا محل کی طرح ؛ محل کے لیے موزوں یا مناسب ؛ عالی شان ۔

palatially, adv. پُرشکوہ طور پر ۔

palatialness, n. عالی شان ، پُرشوکت ۔

palatine, a. پیلے ٹین ؛ مخصوص منصب دار یا لارڈ ؛ محل سے متعلق ، بالخصوص ایک رومی محل سے ؛ شاہی مراعات کا مالک ؛ پیلے ٹین سے متعلق ۔ (اسم) ایک منصب دار یا لارڈ جسے اس کے صوبے یا علاقے کے اندر شاہی مراعات و حقوق عطا کر دیے گئے ہوں ؛ درباری ؛ ایک نواب بے لیٹین ؛ شاہی محل کا کوئی عہدہ دار اعلیٰ ۔ (بڑے P سے) جنوب مغربی جرمنی کے دریائے رہائن کے مغرب میں ایک علاقے پلے ٹینیٹ (Palatinate) کا کوئی باشندہ ؛ شانوں پر ڈالنے کے لیے پوستین/سمور کی بے آستینوں والی قبا ۔

palatinate, n. ایک منصب دار (Palatine) کے ماتحت کوئی صوبہ یا علاقہ ؛ کسی بے لیٹین کا منصب ؛ جنوب مغربی جرمنی میں ایک خطّہ جو پہلے زمانہ میں بویریا کی ملکیت تھا ۔

palatine, a. تالو کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) (تشریح الاعضا) دائیں طرف یا بائیں طرف کی ان سخت ہڈیوں میں سے کوئی ایک جن سے تالو تشکیل پاتا ہے ۔

palaver, n. گفتگو ؛ مباحثہ ؛ کسی وحشی النسل کے ساتھ طویل گفتگو یا مباحثہ ؛ سطحی یا بے کار/لاطائل گفتگو ؛ چاپلوسی ؛ بکواس ؛ برزہ سرائی ؛ بیہودہ گوئی ، خوشامد ۔ (فعل متعدی) خوشامد کرنا یا ترغیب دینا ۔ (فعل لازم) بے کار یا اناپ شناپ باتیں کرنا ۔

pale, a. پیلا ؛ زرد ؛ بے رونق ؛ دھیما ؛ بے آب ؛ ہلکا ؛ سفیدی مائل رنگ ؛ بیماروں جیسا پھیکا رنگ ؛ جو گہرا نہ ہو (جیسے مائل بہ زردی نیلا رنگ) ؛ جو چمک دار نہ ہو ؛ مدھم ؛ نقاہت نما ۔ (فعل متعدی و لازم) پیلا کر دینا یا پیلا پڑ جانا ۔

palish, paly, a. زردی نما یا زرد آسا ۔

palely, adv. بے رونق طور پر ۔

paleness, n. زردی ؛ بے رونقی ۔

pale, n. کٹہرا ؛ گھیر ؛ باڑ ؛ جنگلا ؛ روک ؛ احاطہ ؛نکیلی لکڑی جسے باڑ لگانے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ روک یا باڑ جو کسی رقبے کو چاروں طرف سے گھیر لیتی ہے اور اسے بند کر دیتی ہے ؛ وہ خالی جگہ جو چاروں طرف سے بند ہو ؛حد یا احاطہ ؛کسی معیّن سرحد کے اندر ایک ضلع ؛ وہ حدود جن کے اندر سماجی طور پر قابلِ قبول برتاؤ/طریق عمل محدود ہوتا ہے (جیسے : his manners were beyond the pale) ؛ آئرلینڈ کا ایک حصّہ جس پر اینگلو نارمنوں نے بارھویں صدی میں حملہ کیا تھا اور بعد میں یہ علاقہ انگریزوں کے زیر اختیار آ گیا تھا ۔ نیز : English Pale ۔ (فعل متعدی) احاطوں کے ذریعے چاروں طرف سے بند کرنا ؛ باڑ لگانا ؛ احاطہ کرنا ۔

palea, palet, n. (نباتیات) پالیا ؛ نُخالچہ ؛ گیاہی پُھول میں

حیاتیات ۔

paleozoological, a. رکازی حیوانیاتی ؛ قدیم حیوانیات سے متعلق ۔

palet, n. دیکھیے : Palea

palette, n. تختۂ مصور ؛ رنگ کی میز ؛ تختی ؛ پیلیٹ ؛ تختۂ رنگ آمیزی ؛ ایک پتلا عموماً بیضوی یا مستطیل تختہ یا تختی جس کے ایک سرے پر پکڑنے کے لیے سوراخ ہوتا ہے اور جسے فنکار رنگوں کے رکھنے اور ملانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ کسی پیلیٹ پر رکھا ہوا رنگ کا سیٹ ؛ ایسے رنگوں کا ایک انتخاب جنھیں کوئی مخصوص فن کار استعمال کرتا ہے ۔ نیز : Pallet ۔ (اسلحہ سازی) ایک چھوٹی پلیٹ جسے پہلے زمانہ میں بغل کی حفاظت کے لیے استعمال کرتے تھے ۔

palette knife, n. (مصوّری) پیلیٹ چُھری ، رنگ پترا ؛ ایک پتلا ، لچک دار دستہ لگا پھل جو سرے پر گول ہو اور جسے فن کار رنگوں کو ملانے یا لگانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

palfrey, n. (قدیم) ٹٹو ؛ میانہ ؛ سواری کا گھوڑا ؛ ایک چھوٹا گھوڑا جو کسی خاتون کی سواری کے لیے موزوں ہو ۔

palimony, n. (بول چال) ساتھ رہنے والے غیر شادی شدہ جوڑے کو علیحدگی پر تصفیے کی رقم کی ادائیگی ۔

palimpsest, n., a. ایک چرمی کاغذ یا لکھنے کے مواد کا کوئی اور ٹکڑا جس پر سے ایک تحریر کومٹا کر دوسری تحریر لکھی جا سکے ، ایسی صورت میں اکثر پہلی تحریر کچھ ہلکی سی باقی رہ جاتی تھی ۔

palindrome, n. مقلوب مستوی ؛ ایک ایسا لفظ ، شعر یا جُملہ جسے اگر اُلٹا پڑھا جائے تو بھی وہی رہتا ہے جیسے درد یا مادام ۔

paling, n. کٹہرا ؛ باڑ ؛ جنگلا ؛ نکیلی لکڑیوں یا کھونٹوں سے بنی ہوئی باڑ ؛ نکیلی لکڑیوں یا کھونٹوں کی باڑ بنانے کا عمل ؛ ایک نکیلی لکڑی ؛ نکیلی لکڑیاں بحیثیت مجموعی ۔

palingenesis, n. احیا ؛ تجدید ؛ اعادۂ سیرت آبائی ؛ باز تولید ؛ نشاۃ ثانیہ ، تناسخ ۔ (جنین) جنین کی نشوونما کے دوران جدّی تشکیلات کی باز پیدایش : نوجنین زائی کے برخلاف ۔

palingenetic, a. باز تولیدی ؛ باز جنینی ۔

palingenetically, adv. بازتولیدی طور پر ؛ باز جنینی انداز میں ۔

palinode, n. استرداد ؛ تردیدِ قولی ؛ وہ نظم جس میں شاعر کِسی ایسی بات کو منسوخ کرتا ہے جو پہلے کسی ٹکڑے میں کہی گئی ہو ؛ عام طور پر رجوع ، باز گشت ۔

palinodist, n. تردید قولی کرنے والا ۔

palisade, n. لکّڑ کوٹ ؛ کٹھ گھیرا ؛ جنگلا ؛ باڑ ؛ احاطہ ؛ زمین میں مضبوطی کے ساتھ گاڑے ہوئے جنگلوں یا نوکدار بَلّیوں سے بنائی ہوئی باڑ جس کا مقصد احاطہ بندی یا دفاع ہو ؛ ایک لمبی مضبوط بَلّی جو چوٹی کی طرف نوک دار ہو اور اپنی جیسی دوسری بَلّیوں کے ساتھ عمودی یا ترچھی شکل میں ، قلعہ بندی یا دفاع کے طور پر ، مضبوطی سے زمین میں گاڑی ہوئی ہو ۔ (مجازاً) کوئی ایسی چیز جو نوک دار بَلّیوں کی باڑ کے مشابہ ہو ۔ (جمع) بلند ڈھلوان چٹان ۔ (فعل متعدی) بَلّیوں یا جنگلوں کی ایک باڑ مُہیّا کرنا یا اس کے ذریعے قلعہ بندی کرنا ۔

ملفوف کرنے والے دو ورقوں میں سے اوپر کا ورقہ ؛ فلسک ۔

paleaceous, a. نخالچہ دار ؛ فلسکیہ ؛ بھوسی کی طرح کے فلوس یا پرت پر مشتمل ؛ ان فلوس سے ڈھکا ہوا ۔

paleal, a. پالیائی ؛ نخالچی ۔

paleethnology, n. قدیم نسلیات ؛ عِلم نسلیّات کی وہ شاخ جو عالمِ انسانیت کی اولین یا قدیم ترین نسلوں سے تعلّق رکھتی ہے ۔

paleface, n. زرد رو ؛ ایک سفید فام شخص ، یہ اصطلاح پہلی مرتبہ امریکی انڈینوں نے استعمال کی تھی ۔

paleobotany, palaeobotany, n. رکازی نباتیات ، ان پودوں کا مطالعہ جو رکازی حالت میں پائے جاتے ہیں ۔

paleobotanical, a. رکازی نباتیاتی ۔

paleobotanically, adv. رکازی نباتیاتی طور پر ۔

paleobotanist, n. ماہر رکازی نباتیات ۔

Paleocene, Palaeocene, a. (ارضیات) پیلوسین ؛ تیسرے ارضیاتی دور (Tertiary Period) کے اُس یادگار زمانے کا یا اُس سے متعلق ، جو آغاز عصرِ جدید (Eocene Epoch) سے ماقبل اور تقریباً سات کروڑ سال پہلے واقع ہوا تھا اور جس کی خصوصیت یہ تھی کہ اس میں ابتدائی زمانے کے میمل جانور اور عہد جدید کے پرندے موجود تھے ۔ (اسم) پیلو سینی زمانہ ۔

paleography, n. عِلم قدیم نگارشات ؛ کتبہ خوانی ؛ تحریر یا خطّاطی کا ایک قدیم انداز ؛ قدیم تحریریں بحیثیت مجموعی ؛ قدیم دستاویزات یا کتبوں کو پڑھنے کا عِلم ۔

paleographer, n. کتبہ خواں ؛ قدیم نویس ۔

paleographic, paleographical, a. کتبہ خوانی سے متعلق ؛ قدیم نویسی کے بارے میں ۔

paleographically, adv. کتبہ خوانی کے طور پر ؛ قدیم نویسانہ طور پر ۔

paleolith, n. قدیم حجری دَور کا آلۂ سنگی ؛ قدیم حجری آلہ ۔

Paleolithic, a. قدیم حجری دور کا یا اس سے متعلق ، جس کی ثقافتی خصوصیت یہ تھی کہ پہلے اس دور میں سنگی آلات کو ترقی ہوئی اور اس کے بعد غاروں کی تصاویر اور خام سنگ تراشی کے نمونے سامنے آئے ۔

paleomagnetism, n. قدیم مقناطیسیت ؛ ارضی طبیعیات کا عِلم جو قدیم چٹانوں کی تشکیل کے وقت ان کی شِدّت اور رُخ کا تعین کر کے ان کی باقی ماندہ مقناطیسیت کی تحقیق کرتا ہے ۔

paleomagnetic, a. قدیم مقناطیسی ۔

paleontology, palaeontology, n. قدیم رکازیات ؛ قدیم حیاتیات ؛ قدیم زندگی کا علم ؛ علم حیاتیات کی وہ شاخ جو رکازی باقیات سے واسطہ رکھتی ہے ؛ اس موضوع پر کوئی مقالہ ۔

paleontologic, paleontological, a. رکازیاتی ؛ قدیم حیاتیات سے متعلق ۔

paleontologist, n. ماہر رکازیات ؛ قدیم حیاتیات کا ماہر ۔

Paleozoic, a., n. قدیم حیاتی ؛ قدیم منطقائی ؛ اُس عصر سے متعلق جو درمیانی دور سے قبل شروع ہو کر ، کیمبری دور اور پرمنی ادوار تک پھیلا ہوا ہے اور جس میں مچھلیاں ، ابتدائی حشرات ، کیڑے مکوڑے ، تُخم دار پودے وجود میں آئے اور چٹانوں کے نظام تشکیل پائے ۔

paleozoology, n. رکازی حیوانیات ؛ قدیم حیوانیات ؛ رکازی حیوانات کا مطالعہ بشمول فقری و غیرفقری جانوروں کی قدیم

pall, n.
بڑے پادری کی عبا ؛ چُوغہ ؛ جُبّہ ؛ کفن ؛ مزار کی چادر ؛ ایک بڑا کپڑا یا چادر ، کسی جنازے یا مزار پر ڈالا ہوا ؛ ملفـوف کر دینے والا غلاف یا بادل ؛ ظالمانـہ نوعیت کا ماحول ۔ (کلیسیات) لیلن کا ایک چوکور کپڑا جسے عموماً گتے سے سخت کر لیا جاتا ہے اور نماز عشائے ربّانی کے موقع پر شراب کے پیالے کو ڈھکنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ شالۂ نرم تن ۔ (فعل متعدی) پال سے ڈھانکنا ؛ کفن پہنانا ۔

pall, v.i.
بے کیف ہو جانا ؛ احساسِ محرومی ہونا ؛ بے مزہ ہونـا ؛ محروم دلچسپی و کشش ہونا ؛ دلچسپی یا کشش سے معرا/خالی ہو جانا ؛ کسی کی صحبت میں اُکتا دینے یا تھکا دینے والا اثـر محسوس کرنا یا کسی پر ایسا ہی اثر ڈالنا (on یا upon کے ساتھ مستعمل) ۔ (فعل متعدی) معرّا/خالی کرنا ؛ اُکتا دینا ؛ سیر کر دینا ؛ مُنھ پھیر دینا ۔

palladium, n.
(کیمیا) پے لیڈیم ؛ پلاٹینم گروہ کا ایک روپہلا ورق پذیر اور تار پذیر دھاتی عُنصر ۔

Palladium, n.
یونانی دیوی اتھینا کا ایک بُت جس کے متعلق یہ کہا جاتا تھا کہ شہر ٹرائے کی سلامتی کا انحصار اس بُت کی حفاظت پر تھا ۔ (چھوٹے p سے) ۔ تحفظ ؛ ایک ایسی چیز جو کسی آبادی یا اشخاص کے منظم گروہ کے لیے مؤثر تحفظ مہیا کرتی ہے ۔

pallbearer, n.
جنازہ بردار ؛ وہ لوگ جو تجہیز و تکفین کے وقت جنازہ کی دیکھ بھال پر متعین ہوتے ہیں ، ان میں سے کوئی ایک ۔

pallet, n.
کھٹیا ؛ جھلنگا ؛ ایک چھوٹا سا پلنگ ؛ پیال سے بھرا ہوا پلنگ یا گدّا ۔

pallet, n.
تھاپی ؛ ایک چوڑے پَھل کا چوبی اوزار جسے کمہار اپنے برتنوں کو مناسب شکل دینے اور گول بنانے کے لیے استعمال کرتا ہے ؛ کسی مشین میں کُتّے/چرخ روک (pawl) کے ایک نقطے پر ایک لب نُما اُبھار جو پہیّے کے دندانوں کے ساتھ لگا رہتا ہے اور جسے کسی گھڑی یا گھنٹے کے گیرہ پہیّے کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک اوزار جس سے سونے کے ورق کو اُٹھاتے اور لگاتے ہیں یا کتاب کے پُشتے کی آرایش کرتے ہیں ؛ ایک اُٹھانے/لے جانے والا چبوترا جسے سامانِ تجارت کی ذخیرہ کاری یا اخراج کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ اُٹھاون ؛ پالیٹ ۔

palletize, v.t.
ذخیرہ کاری یا نقل و حرکت کے لیے اُٹھاون (pallet) پر لادنا ۔

pallette, n.
(اسلحہ) ایک چھوٹی پلیٹ جسے پہلے زمانے میں زرہ بکتر کے ساتھ بغل کی حفاظت کے لیے استعمال کرتے تھے ۔

pallial, a.
(حیوانیات) قشر دماغ کا یا اس سے متعلق ؛ شامۂ نرم تن (Pallium) سے متعلق ، بالخصوص صدفیہ (mollusk) کا ۔

palliasse, n.
(بالخصوص برطانوی) پیال یا بُھوسے سے بھرا ہوا گدّا جسے زیریں گدّے کے طور پر استعمال کرتے تھے ۔

palliate, v.t.
گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ استخفاف کرنا ؛ کسی کی اہمیت کو حیلوں یا عذر خواہی سے چھپانا ؛ تخفیف کرنا ۔

palliation, n.
تخفیف ؛ تسکین ۔

palliator, n.
تخفیف کُنندہ ۔

palliative, a., n.
تخفیف کُنندہ ؛ تخفیفی ۔

palliatively, adv.
تخفیف کے طور پر ۔

pallid, a.
پیلا سا ، زرد ؛ پھیکا ؛ رنگ میں ناقص ؛ ماند ؛ بے رونق ۔

pallidly, adv.
پھیکے پن سے ، بے رونقی سے ۔

pallidness, n.
پھیکا پن ؛ ماند پن ؛ پیلا پن ۔

pallium, n.
ایک لمبا ، چوڑا ، کثیر الحجم مستطیل لبادہ جسے قدیم یونـان اور رومـا میں مرد پہنتے تھے ۔ (رُومی کیتھـولک کلیسا) سفید اُون کی ایک تنگ مدوّر/گول پٹی جس میں ۱۲ انچ کے دو لٹکن آگے اور پیچھے لٹکے ہوئے ہوتے ہیں اور جسے پوپ اور پادری بعض مخصـوص عبادتـوں میں اپنے شانـوں کے اوپر پہنتے ہیں ۔ (حیوانیات) غشاء ناعمہ ؛ شامۂ نرم تن ؛ بہت سے صدفیوں (mollusks) کی ظہری جسمانی دیوار کے بیروں نمو جو ملفوف شکنیں تشکیل دے کر لبادے کی سی شکل پیدا کرتی ہے ؛ ایک اسی طرح کی تشکیل بازو پایاں (brachiopods) میں ۔ (تشریحُ الاعضا) قشرۂ پیش دماغ ۔

pall-mall, n.
گیند چھلا ؛ ایک پرانا کھیل ؛ سترھویں صدی کے انگلستان اور فرانس کا ایک مقبول عام کھیل جس میں گیند کو ایک موگری سے مار کر ایک بانس پر بلند کیے ہوئے حلقے/چھلّے سے گزارتے تھے ؛ وہ روش جہاں یہ کھیل کھیلا جاتا تھا ۔

Pall Mall, n.
پال مال ؛ لندن کی ایک سڑک جو اپنے کلبوں کے لیے مشہور ہے ۔

pallor, n.
زرد رونی ؛ بے رونقی ؛ پیلا پن ؛ ماند پن ۔

palm, n.
تاڑ ؛ پام ؛ کھجور ؛ نخلیہ ؛ منطقۂ حارّہ کے یا اس کے زیر منطقہ کے ان پودوں میں سے کوئی ایک ، جو خاندانِ نخلیہ سے تعلق رکھتے ہیں اور جن کے درختوں کی اکثریت عموماً بغیر ٹہنی کے ہوتی ہے اور ہر درخت کے چاروں طرف کھجوری انداز کی شگاف دار ، پنکھے کی شکل کی پتیوں کا ایک بڑا تاج ہوتا ہے ؛ ان بہت سے مختلف درختوں یا جھاڑیوں میں سے کوئی ایک جو تاڑ کے مشابہ ہوتی ہیں ؛ تاڑ کے درخت کا کوئی پتّا یا شاخ ، بالخصوص وہ جو گزشتہ زمانے میں فتح یا کامرانی کی علامت کے طور پر سجائی جاتی تھی ؛ اس قسم کے پتّے یا شاخ کی ایک شبیہہ ، جیسی کسی اعزاز کے تمغے پر یا کسی فوجی تمغے میں اعزاز کو مزید بڑھانے کے لیے ۔ (مجازاً) فاتح کا اعزازیہ انعام یا فاتح ہونے یا دوسروں پر سبقت لے جانے کا انعام ؛ فتح ؛ کامیابی ۔

palmaceous, a.
تاڑ کے خاندان سے متعلق ۔

palmlike, a.
تاڑ نُما ۔

palm, n.
ہتھیلی ؛ تالی ؛ کفِ دست ؛ ہاتھ کی اندرونی سطح کا وہ حصّہ جو کلائی سے لے کر اُنگلیوں کی اساس تک پھیلا ہوا ہوتا ہے ؛ کسی جانور کے اگلے پاؤں کا وہ حصّہ جو اسی طرح ہتھیلی کی مانند ہو ؛ دستانے کا وہ حصّہ جو ہتھیلی کو ڈھانپتا ہے ؛ ایک اوزار جسے بادبان بنانے والے اپنی ہتھیلی پر پہن لیتے ہیں ، یہ اوزار انگشتانہ کی طرح ہوتا ہے ؛ بازو کی طرح باہر کو نکلے ہوئے ایک آلے کے خاتمہ پر ایک چپٹا اور چوڑا پُرزہ یا چپّو کا پَھل ؛ کسی ہرن کے سینگ یا قرن کا پھیلا ہوا حصّہ ؛ نوکِ لنگر کی اندرونی سطح ؛ لمبائی کا پیمانہ جو ہاتھ کی چورائی (تین سے چار انچ تک) یا کلائی سے لے کر انگلیوں کے پوروں تک اس کی لمبائی (سات سے نو انچ تک) کے مساوی ہوتا ہے ۔

(فعل متعدی) ہتھیلی سے چُھونا یا تھپکنا ؛ چلانا ؛ بندوبست کرنا ؛ پکڑنا ؛ روکنا ؛ کسی سے مصافحہ کرنا ؛ ہتھیلی میں چھپانا ، جیسے تاش یا چوسر کے کھیلوں میں یا شعبدہ بازی میں دھوکا دینے کے لیے کیا جاتا ہے ؛ چوری سے اُچک لینا ؛ جعل سازی سے آنکھوں میں خاک ڈالنا ۔ (باسکٹ بال) تھوڑی دیر کے لیے گیند کو تھامنا (خصوصاً ٹپا دیتے ہوئے) ۔

palm off, جعل سازی یا دھوکے سے دغا بازی کرنا ، جیسے جعلی یا مصنوعی چیزوں کو اصلی ظاہر کر کے دینا یا بھیڑنا ؛ کسی اور کے مزاج کو اپنا ظاہر کر کے پیش کرنا ۔

palmar, a. ہتھیلی سا چوڑا ؛ ہتھیلی سے متعلق یا اس میں واقع ؛ اسی طرح ہاتھ کی چوڑائی کا یا اس سے متعلق ؛ کف دستی ۔

palmary, a. اوّل ؛ بڑا ؛ اتم ؛ فتح کے امتیاز کا مستحق ؛ بہترین ؛ فائق ؛ مُمتاز ۔

palmate, palmated, a. کف نُما ؛ ہتھیلی سا ؛ ہاتھ کی شکل کا جس میں اُنگلیاں بڑھی ہوئی ہوں ؛ پنجہ نما ، جیسے پتّا یا سینگ ؛ چڑیا کے جِھلّی دار پاؤں کا ۔ (نباتیات) ایک ایسے پتّے سے متعلق جو اس انداز سے تقسیم کیا یا موڑا توڑا گیا ہو کہ وہ کُھلے ہوئے ہاتھ کے مشابہ ہو گیا ہو اور اس کے نچلے ڈھانچے کے اوپر گول مول کنپٹی جیسے گدگدے ابھار چمک رہے ہوں ؛ ایک پتے کی ان بڑی رگوں کی ترتیب سے متعلق جو نچلے ڈھانچے کی چوٹی پر چمکتی ہیں ۔

palmately, adv. کف نمائی طور پر ۔

palmation, n. کف نُما حالت یا تشکیل ؛ کف نما بناوٹ ۔

palmer, n. اگلے وقتوں کا وہ زائر جو ارض مقدس سے واپس آیا ہو اور اس کی علامت کے طور پر تاڑ کی ایک شاخ لگائے ہوئے ہو ؛ بودھ مذہب کا ایک خانہ بدوش راہب جو ایک دھرم شالے سے دوسرے دھرم شالے میں اپنی دائمی غربت کی مَنّت کے تحت مارا مارا پھرتا تھا ؛ کوئی بھی زائر ؛ بھونڈیل ؛ ایک قسم کی بالوں والی مصنوعی مکھّی جسے مچھلی کے شکار میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ سُن کنگھا ؛ کلغی ۔

palmerworm, n. کملا ؛ بھونڈیلا ؛ بھورا ؛ سُرفہ ؛ تتلی کا لاروا/پہل روپ ؛ مختلف اقسام کے سُرفوں یا بھونروں میں سے کوئی ایک ، جو سبزی/روئیدگی کے لیے تباہ کن ہوتا ہے ، بالخصوص امریکی حشرہ ڈیکومیرس لیگولیلا (Dichomeris ligulella) کا لاروا/پہل روپ جو پھلوں کے درختوں کے لیے تباہ کُن ہوتا ہے ؛ سُرفہ مُودار ۔

palmetto, n. تاڑچہ ؛ ایک قسم کا تاڑ ؛ چھوٹا تاڑ ؛ سابل کی جنس کے پام کے درختوں کی متعدد قسموں میں سے کوئی ایک ، جس کی خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ اُس کی پتّیاں پنکھے کی طرح ہوتی ہیں اور اُن کے سرے نیچے کی طرف مُڑے ہوئے ہوتے ہیں ، وہ شمالی کارولینا سے فلوریڈا تک کے ساحلی ریتیلے ٹیلوں والے علاقوں کا دیسی پودا ہے اور سجاوٹ کے لیے بطور آرایش لگایا جاتا ہے ؛ ایک شجرِ مملکت کے طور پر اُس کا خاکہ جنوبی کارولینا کی مہر پر ہوتا ہے ۔ (بڑے P سے) کارولینا کی ریاست کا ایک نام یا عرف ۔

palmistry, n. ہاتھ ریکھا ؛ عِلمُ الید ؛ دست شناسی ؛ قسمتوں کا حال بتانے اور ہتھیلی کی لکیروں اور اُس کی وضع و ترکیب سے کردار کی ترجمانی کرنے کا فن یا پیشہ ؛ کف بینی ۔

palmist, n. دست شناس ۔

palmitate, n. (کیمیا) تاڑی تیزاب کا ایک نمک یا ایسٹر ۔

palmitic acid, n. (حیاتی کیمیا) ایک سفید قلمی چربیلا تیزاب جو پودوں اور جانوروں کی چربیوں اور روغنوں میں پایا جاتا ہے اور زیادہ تر صابن بنانے میں استعمال ہوتا ہے ؛ تاڑی تیزاب ۔

palmitin, n. (کیمیا) پامی ٹن ؛ ایک بے رنگ قلمی مرکب/گلیسیرینی اور تاڑی تیزاب کا ایک ایسٹر جو پامی تیل اور ٹھوس چربیوں میں ہوتا ہے اور صابن سازی کی صنعت میں استعمال ہوتا ہے ۔

palm oil, n. روغن تاڑ ؛ ایک نباتی چربی جو نہایت بار آور تاڑ کے پھل سے حاصل کی جاتی ہے ، یہ پودا اصلاً گرم افریقہ کا ہے اور اب عام گرم ممالک میں پایا جاتا ہے ، دیسی باشندے اسے خوراک کے لیے استعمال کرتے ہیں ، اس کا زیادہ استعمال صابن اور موم بتیاں بنانے کی صنعت میں ہوتا ہے ۔

Palm Sunday, n. تاڑی اتوار ؛ ایسٹر سے پہلے کا قریب ترین اتوار ، یہ نام رُومی کیتھولک کلیسا اور بعض انگلیکی کلیساؤں کے اس رواج کی بنا پر دیا گیا ہے کہ وہ اس دن کو بڑی عقیدت مندی کے ساتھ مناتے ہیں ، تاڑ یا دوسری شاخوں کو تقسیم کرتے ہیں اور اُن کا ایک جلوس حضرت عیسیٰ کی اُس فتح کی یاد میں نکالتے ہیں جس کے بعد وہ بیت المقدس میں داخل ہوئے تھے ۔

palmy, a. نخلی ؛ نخل نما ؛ بکثرت تاڑ سے بھر پور ۔ (مجازاً) سعید ؛ سرسبز و شاداب ؛ خوش حال (جیسے ؛ the palmy days of Rome) ۔

palmyra, palmyra palm, n. تاڑ ؛ پنکھیا تاڑ ؛ بہترین تاڑ کا درخت ؛ سب سے زیادہ مفید تاڑ میں سے ایک بوریسس فلے بیلی فر (Borassus flabellifer) ، جو انڈونیشیا کا پودا ہے ، اس کے پتّے کے ڈنٹھل کے ریشے سخت بُرش بنانے میں کام آتے ہیں ، اس کے پھل اور کچّی جڑیں خوراک میں استعمال ہوتی ہیں اور اس کے رس سے شکر اور شراب بنائی جاتی ہے ۔

palomino, n. سنہرے رنگ کی جلد والا گھوڑا جس کے ایال اور دُم سفید ، زردی مائل یا ہاتھی دانت کے رنگ کے ہوں ۔

palp, n. مَحسّ ؛ مَحاس ؛ سونڈ (حشرہ کی) ؛کیڑوں کی مونچھ جس سے وہ چیزوں کو چھوتے ہیں ۔

palpal, a. مَحاسی ؛ کیڑوں کی مونچھ سے متعلق ۔

palpable, a. قابل محسوس ؛ صریح لمس کرنے سے محسوس ہونے والا ؛ محسوس باللمس ؛ محسوس ہونے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ قابل احساس ؛ بآسانی محسوس ہونے والا اور گرفت میں آنے والا ؛ جسمی ؛ جسمانی ؛ صاف ظاہر ؛ واضح ۔

palpability, n. محسوسیت ؛ پیش پا اُفتادگی ؛ صریحی کیفیت ۔

palpably, adv. صریحی طور پر ؛ محسوسیت کے انداز میں ؛ ظاہراً ۔

palpate, v.t. لمس کے احساس سے جانچنا ؛ چُھو کر جانچنا ؛ چُھونا ؛ ہاتھ لگا کر تشخیص کرنا (جیسے نبض) ۔

palpation, n. لمسی معائنہ ؛ سپرش ؛ حِس ، لمس یا احساس سے آزمایش ، جیسے ہاتھ کے ذریعے کسی مرض کی تشخیص ۔

palpate, a. محس دار ؛ سونڈ یا سونڈیں رکھنے والا ۔

palpebral, a. آنکھ کی پلک سے متعلق یا اُس کے قریب واقع ۔

palpitate, v.t. دھک دھک کرنا ؛ تڑپنا ؛ شِدّت سے دھڑکنا ؛ نبض

کا تیزی کے ساتھ چلنا ، اِس کا اطلاق خاص طور پر دل کی غیر معمولی تیز اور شدید دھڑکن پر کیا جاتا ہے ، جو خوف یا کسی بیماری سے پیدا ہوتی ہے ؛ دھڑکنا ؛ کانپنا ؛ تھرتھرانا ۔

palpitation, n. دھڑکن ؛ اختلاج ؛ دھک دھک ؛ جنبش ؛ لرزش ۔

palpitant, a. دھڑکنے والا ؛ دھڑکتا ہوا ، لرزاں ؛ جُنباں ؛ اختلاجی ۔

palpus, n. لمسیہ ؛ احساس کا ایک عضو جو بعض مخصوص حشرات اور قشری حیوانات کے منھ کے حصّوں سے نکلا ہوا ہوتا ہے ؛ مَحاس ؛ مَجس ۔

palsgrave, n. امیر مختار ؛ گزشتہ دور کے جرمنی میں کوئی امیر جسے اپنے صوبے کے اندر عدالتی اختیارات حاصل تھے ؛ انگلستان یا آئرلینڈ میں کسی صوبے کا کاؤنٹ یا کاؤنٹس جو اپنے علاقے میں امیر مختار ہوتے تھے ۔

palsy, n. لقوہ ؛ فالج ؛ رعشہ ، شلل ؛ خفیف فالج ؛ فالج کا بڑھتا ہوا عارضہ جو عمر کے آخری حصّے میں عروج کو پہنچتا ہے ، اِس کی خصوصیات میں اعضا کے اندر کپکپی ، رعشہ اور عضلات یا پٹھوں میں کم زوری اور صلابت/کڑاپن اور ایک مخصوص نوع کی خرام شامِل ہیں ۔ (مجازاً) کوئی بھی ایسی حالت جس میں توانائیاں ، حسّیات یا عزم صمیم کی قوتیں تشویشناک حد تک کمزور ہو گئی ہوں ؛ کوئی بھی مفلوج یا بے حس کر دینے والے اثرات ۔ (فعل متعدی) فالج کا یا فالج کی طرح کا اثر پیدا کر دینا ؛ عمل و فکر اور عزیمت کی قُوّت سے محروم کر دینا ۔

palsied, a. مفلوج ؛ شَل ؛ بے بس ؛ بے اثر ۔

palter, v.i. چال بازی کرنا ؛ دھوکا بازی کرنا ؛ بغیر خلوص کے عمل کرنا ؛ ہیر پھیر کرنا ؛ گول مول بات کرنا ؛ جھگڑا کرنا ؛ سودے بازی کرنا ؛ بات پلٹنا ؛ ٹال مٹول کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ چال بازی سے کام لینا ۔

paltry, a. بہت کم ؛ کم قدر ؛ ناکارہ ؛ خفیف ؛ معمولی ؛ فروتر ؛کمینہ ؛ ادنیٰ ؛ بے کار ؛ حقیر ؛ ہیچ ؛ فرو مایہ ؛ قابل حقارت ؛ بے حقیقت ۔

paludal, a. دلدلوں/گِل آبوں سے متعلق ؛ دلدلوں کا پیدا کردہ (جیسے : paludal fever) ؛ دلدل آوردہ ۔

paludism, n. (امراضیات) ملیریا؛ موسمی بخار ؛ ملیریائی مرض ۔

paludrine, n. پیلوڈرین ؛ ملیریا کے علاج کے لیے ایک دوا ۔

palynology, n. (نباتیات) تحقیقات زیر دانہ ؛ زرگلی تجزیہ ؛ موجود یا معدوم زیرہ دانی ؛ زیریات ؛ تخمک اور بذروں کا تجزیاتی مطالعہ ۔

pampas, n. گیاہ زار ؛ جنوبی امریکا بالخصوص ارجنٹائن کے وسیع سبزہ زار ؛ گیاہ زار ؛ پامپس ؛ پامپز ۔

pampean, a. پامپزی ؛ امریکا اور ارجنٹائن کے وسیع گیاہ زاروں سے متعلق یا اُن کے بارے میں ۔

pamper, v.t. عادت بگاڑنا ؛ لاڈ پیار کرنا ؛ خوب یا بہت زیادہ لاڈ پیار کرنا ، جیسے بچّے کو ؛ ذوق یا خواہشات کو تسکین دینا ؛ نخرے اٹھانا یا کرنا ؛ ناز برداری کرنا ۔

pamperer, n. لاڈ پیار سے عادت بگاڑنے والا ؛ نازبردار ؛ ناز نخرے اٹھانے والا ۔

pampero, n. (ہسپانوی) پام پیرو ؛ ایک ٹھنڈی ، تیز اور خشک ہوا جو انڈیز (Andes) کی طرف سے جنوبی امریکا کے سبزہ زار میدانوں پر چلتی ہے ۔

pamphlet, n. پمفلٹ ؛ رسالہ ؛ ایک چھوٹی سی غیر مجلد اشاعت جو ایک تہ کیے ہوئے کاغذ کے ورق پر مشتمل ہوتی ہے یا چند اوراق کو تہ کرکے اسٹیپل یا کسی اور چیز سے جوڑ دیا جاتا ہے ؛ ایک مختصر مقالہ یا مضمون جو کسی مروجہ یا متنازع موضوع پر ہوتا ہے اور مجرد طور پر یا بنفسہ شائع کیا جاتا ہے ۔

pamphleteer, n. رسالہ لکھنے والا ؛ پمفلٹوں کا مصنف ۔ (فعل لازم) پمفلٹ لکھنا اور شائع کرنا ۔

pan, n. پرات ؛ طاس ؛ توا ؛ چینی ؛ تسلا ؛ کڑاہی ؛ پین ؛ ایک برتن جو عام طور پر دھات کا ہوتا ہے اور کھانے پکانے اور دوسرے گھریلوں کاموں کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے : a frying pan) ؛ مرکب صورت میں بھی استعمال ہوتا ہے (جیسے : dishpan, saucepan) ؛ کوئی بھی ڈونگے یا قاب جیسا حصّہ (جیسے : the pans or scales of a balance) ؛ صنعتی یا میکانکی کارسازی کے مختلف طریقوں میں کام آنے والے کھلے یا بند برتنوں میں سے کوئی ایک ؛ کوئی برتن جس میں سونا یا کوئی دوسری قیمتی دھات پانی کے ساتھ جوش دے کر پگھلائی جاتی ہے، تاکہ کنکریاں اور دوسرے ردّی ریزے الگ کیے جا سکیں ؛ بہتی ہوئی برف کا ایک پتلا سا ٹکڑا جو کھاڑیوں میں یا ساحل کے قریب تشکیل پا جاتا ہے ؛ زمین کے اندر ایک قدرتی گڑھا جس میں پانی ، کیچڑ یا نمک بھر جاتے ہیں ؛ ایک مصنوعی گڑھا جو زمین میں اِس لیے بنایا جاتا ہے کہ نمکین پانی کو بھاپ کی شکل میں اڑا کر نمک بنایا جائے ؛ پیڑی ؛ پہلے زمانے میں توڑے دار بندوق کا ایک حصہ جس میں بارود رکھی جاتی تھی ۔ (عوامی) چہرہ ؛ بوتھا ۔ (فعل متعدی) سونوالی کرنا ؛ پرات میں دھونا جیسے کنکریوں یا ریت کو ؛ اِس طرح دھوکر سونے کو الگ کرنا ۔ (بول چال) شدّت کے ساتھ تنقید کرنا ۔ (فعل لازم) پرات میں دھویا جانا ؛ کنکر بجری کی دھلائی سے سونا حاصل ہونا ۔

pan out, (بول چال) نتیجہ برآمد ہونا ، بالخصوص کامیاب ہونا (جیسے : ?How did your trip pan out) ۔

pan, n. [اردو] پان کا پتّا ؛ پان ؛ وہ پتّا جس پر ایک خاص تناسب سے کتھا ، چونا لگا کر ، چھالیہ ، الائچی یا تمباکو ڈال کر چبایا/کھایا جاتا ہے ، برصغیر پاک و ہند میں اِس کا عام رواج ہے ۔

pan, v.i. کیمرے کو افقی یا عمودی سطح پر گھمانا ، تاکہ کسی شخص یا شے کا فوٹو متحرک حالت میں لیا جا سکے اور پورے منظر کو تصویر میں شامل کیا جا سکے یا اُس سے زیادہ کی تصویرلی جا سکے جو ایک ساکت حالت میں دیکھا جاسکتا ہے ؛ اُس کیمرے کا اس طرح گھمایا یا حرکت میں لایا جانا ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کو (جیسے ایک کیمرہ) اِس طور پر گھمانا یا حرکت میں لانا ؛ اِس طرح سے فوٹو لینا ۔

panacea, n. دُکھ برن ؛ اکسیر اعظم ؛ ہر مرض کی دوا ؛ عام دوا ؛ تمام مرضوں کا ایک علاج ؛ امرت دھارا ؛ کسی بھی مشکل کا ایک حل ۔

panacean, a. اکسیری ۔

panache, n. کلغی ؛ بھڑکیلا پن ؛ پروں کی زیبایشی کلغی یا طُرّہ ، بالخصوص وہ جو ایک خَود یا ٹوپی پر لگایا جائے ؛ ایک پُرتکلف یا نمایشی طرز ؛ جوش وولولہ ؛ تندوتیز عمل ؛ شیخی ؛ اکڑ ؛ طمطراق ۔

panada, n. ملیدے کی شکل کا کھانا ؛ روٹی ، پانی یا کسی اور رقیق شے اور مسالوں پر مشتمل ایک غذا جسے ابال کر لیسی کی طرح بنالیا گیا ہو۔

panama, panama hat, n. مرکزی اور جنوبی امریکا کے ایک تاڑ جیسے پودے جیپی جپا (gipi japa) کی کونپلوں سے بنا ہوا ایک نفیس پلیٹوں دار ہیٹ/ٹوپ ۔

Pan-American, a. بین الامریکی ؛ شمالی ، مرکزی اور جنوبی امریکا کے پورے علاقے یا اِن ممالک کے تمام باشندوں کا یا اُن سے متعلّق ۔

Pan-Americanism, n. بین امریکیت ؛ شمالی ، مرکزی اور جنوبی امریکا کے تمام ممالک کے ثقافتی ، معاشی ، عسکری اور سیاسی اتحاد کا تخیل یا اصول ؛ اِس اصول کی وکالت یا اُس کے حق میں جاری کردہ کوئی تحریک ۔

pancake, n. چپٹا کیک ؛ مال پڑا ؛ لچئی ؛ کڑاہی کا پکا ہوا ، جیسے پوری ؛ ایک پتلا چپٹا کیک جسے کڑاہی میں یا توے پر یا لوہے کی جالی پر دبا دبا کر پکایا جاتا ہے ؛ لوہے کی جالی پر پکایا گیا یا چربی میں تلا گیا موٹی روٹی کی طرح کا کیک ؛ ایک دبایا ہوا گول ٹکیہ کی شکل کا غازہ جو افزایشِ حُسن کے لیے چہرہ پر لگایا جاتا ہے ۔ نیز : pan-cake make-up, cake make-up ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کو آگے کی طرف حرکت کے بغیر ایک دم نیچے کی طرف لانے کے طریقے سے زمین پر اُتارنے کا عمل ۔ نیز: pan cake landing ۔ (فعل لازم) (طیرانیات) ہوائی جہاز کا اس طرح نیچے اُترنا کہ ایک دم نیچے گر جائے یا آگے کی طرف خفیف سی حرکت کے ساتھ یا بغیر حرکت کے اچانک نیچے آجائے ۔ (فعل متعدی) (طیرانیات) ہوائی جہاز کو اِس طریقے سے اُتارنا ۔

pancake ice, n. پتلی برف ؛ تیرتے ہوئے برف کے پتلے چپٹے ٹُکڑے ، پین کیکوں سے مشابہ جو نئے نئے بنے ہوں اورچھوٹے ہونے کی وجہ سے جہازرانی میں رکاوٹ نہ بنیں ۔

panchromatic, a. حسّاس ہمہ رنگ ؛ تمام رنگوں کی روشنی کے لیے حسّاس ، جیسے فوٹو گرافی کی پلیٹ ۔

pancratium, n. ہمہ داؤ کُشتی ؛ مُکّا بازی ؛ قدیم یونان کا ایک ورزشی مقابلہ جو مُکا بازی اور کُشتی کے مجموعے پر مشتمل ہوتا تھا ۔

pancratic, a. ہم داؤ کشتی سے متعلّق ۔

pancreas, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) لَوزالمعدہ ؛ بانقراس ؛لبلبہ ؛ معدے کے قریب واقع ایک غدّہ جو ایک اہم ہاضم سیال لُبلُبائی عَرق ، اثنا عشری آنت میں اخراج کرتا ہے اور انسولین پیدا کرتا ہے ۔

pancreatic juice, n. (حیاتی کیمیا) رطوبتِ لبلبہ ؛ عصیر بانقراس ؛ ایک قلوی سیّال جس میں ہاضم خامروں کا ایک آمیزہ ہوتا ہے جسے لبلبہ اثنا عشری آنت میں خارج کرتا ہے ۔

pancreatin, n. (حیاتی کیمیا) بانقراسین ؛ ہاضم خامروں کا ایک آمیزہ جو لبلبائی عرق میں دریافت کیا گیا ہے ۔ (طِب) ایک دوا جو مویشیوں اور خنزیروں کے لبلبوں سے تیار کی گئی ہے اور ایک ہاضم دوا کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

panda, n. پانڈا ؛ گوشت خور ؛ درندہ ؛ ایک چھوٹا گوشت خور جانور جو ہمالیہ پہاڑوں کا مقامی ہے ، اُس کی سمور سرخی مائل بھورے رنگ کی ہوتی ہے اور اس کے چہرے پر سفید نشانات نمایاں ہوتے ہیں ۔ نیز : bearcat, lesser panda ۔ ایک زیادہ بڑا درندہ جو تبت اور چین میں پایا جاتا ہے ، اُس کی سمور کالی اور سفید ہوتی ہے اور آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے ہوتے ہیں ۔ نیز : giant panda ۔

pandanus, screw pine, n. (نباتیات) جنس کیوڑہ ؛ کاوی ؛ خاندان کاوی میں جنس کیوڑہ کا کوئی بھی پودا ؛ پرانی دنیا کے گرم خطوں کا دیسی پودا ، اُس کی شاخوں کی چوٹی پر انناس جیسے پتوں کے چکر دار جھنڈ ہوتے ہیں ۔

pandect, n. جامعُ العلم ؛ ایک مفصل رسالہ یا مجموعہ ۔ (جمع) قوانین کا ایک مکمل مجموعہ یا ضابطہ ۔ (بڑے P سے) (جمع) (رومی قانون) مکمل ضابطۂ قانون ۔

pandemic, a. عالمگیر ؛ کسی ایسے مرض کے بارے میں جو پورے ملک یا براعظم یا تمام دنیا میں پھیلا ہوا ہو ؛ عام ۔ (اسم) ایک عالمگیر وبا ۔

pandemonium, n. اندھیر نگری ؛ وحشیانہ لاقانونیت یا شورش ؛ تراج ؛ افراتفری ؛ ایک ایسا مقام جہاں فتنہ انگیز انتشار یا لاقانونیت برپا ہو ۔ (عموماً بڑے P سے) دنیا بھر کے بھوت پریتوں/شیطانوں کا مسکن ؛ جہنّم ۔

pander, n. بھڑوا ؛ جنسی دلّال ؛ قرم ساق ؛ عشق و محبت کے معاملات میں بیچ کا بچولیا یا دلال ؛ وہ شخص جو فاحشاؤں/بیسواؤں کے لیے گاہک لاتا ہے یا عورتوں کو عصمت فروشی کے لیے مہیا کرتا ہے ؛ کُٹنا ؛ وہ شخص جو دوسرے کی کمزوریوں کے لیے توشہ بہم پہنچاتا ہے یا اُن کمزوریوں سے فائدہ اٹھاتا ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) کسی کے لیے دلّال کی حیثیت سے کام کرنا ؛ دلالی کے طور پر کام کرنا ؛ کسی کی شرمناک خواہش کی تکمیل کے لیے دلّالی کرنا ۔

pandit, n. [اردو ، ہندی ، سنسکرت] پنڈت بمعنی عقل مند یا بہت زیادہ محترم شخص ؛ اہلِ علم ؛ اِس قسم کے شخص کے لیے عزت و احترام کا ایک لقب ۔

Pandora, n. (کلاسیکی اساطیری) پینڈورا ؛ پہلی فانی عورت جس کو تمام دیوتاؤں اور دیویوں نے تحائف عطا کیے ۔

Pandora's box, (کلاسیکی اساطیری) ایک صندوق یا مٹکا جو پینڈورا کے لیے دیوتا زیوس (Zeus) کا تحفہ تھا اور جس میں تمام انسانی مصائب و آفات بند تھے ، جب پینڈورانے صندوق کھولا تو وہ سب باہر نکل گئے اور صرف ایک ''امید'' باقی رہ گئی ۔

pandora, n. نسہ تارا ؛ ستار کی قسم کا ایک ساز ۔

pandowdy, n. پڈنگ ؛ مغربی طرز کے کھانوں میں ایک قسم کی پڈنگ یا پائی جوسیبوں سے بنائی جاتی ہے اور عموماً اسے راب یا شیرے سے میٹھا کرتے ہیں ۔

pandurate, panduriform, a. (نباتیات) سارنگی نما ؛ سارنگی کی شکل کا (پتا) ۔

pane, n. پارچہ ؛ پُرزہ ؛ ٹکڑا ؛ دِلا ؛ پین ؛ کھڑکی یا دروازے کے قطعات میں سے ایک قطعہ جو صرف ایک چوکھٹے پر مشتمل ہو ، جس کے اندر شیشے کی ایک واحد چادر جڑی ہوئی ہو ؛ اِس قسم کے قطعے کے لیے شیشے کا ایک ٹکڑا ؛ ایک دِلا کسی دروازے ، اندرونی چھت یا اسی قسم کی کسی اور جگہ میں ؛ ایک چپٹا حِصّہ ، جانب یا سطح ، جیسے کسی کابلے کا ایک سراپا ہیرے کا ایک پہلو ؛ ڈاک کے ٹکٹوں کا ایک تختہ یا تختے کا حصّہ ۔

panegyric, n. قصیدہ ؛ مدح ؛ کسی شخص کی تعریف و توصیف میں خطبہ ، مقالہ یا تحریر ؛ ایک رسمی یا تفصیلی اظہار پسندیدگی ؛ مدحیہ عبارت ۔

panegyrical, a. مدح سرائی سے متعلق ؛ قصیدہ کے بارے میں ۔

panegyrically, adv. مدح سرایانہ ؛ قصیدہ گوئی کے طور پر ۔

panegyrist, n. مدح سرا شخص ؛ قصیدہ گو شخص ؛ مدح خوان ۔

panel, n. پینل ؛ جماعت ؛ دلا سازی؛ تختہ بندی : دروازے ، اندرونی چھت ، کھڑکیوں کے کواڑوں یا کسی بھی سطح کے ایک حصّہ یا قطعہ کو عام سطح سے نیچے کی طرف دبایا ہوا یا اوپر کو ابھارا ہوا ہو یا چاروں طرف ایک چوکھٹے یا تختے کے ذریعے بند کیا ہوا ہو ؛ اسی طرح کا ایک قطعہ کتاب کی جلد کے ایک طرف یا اُس کے پشتے پر؛ اسی طرح کے مواد یا کسی اور مواد سے ایک چوڑی پٹی عمودی طور پر جمائی ہوئی ، لباس میں یا اُس کے اوپر؛ لکڑی کا ایک پتلا چپٹا ٹکڑا جسے کسی پینٹنگ کے لیے بطور ایک سطح کے استعمال کیا جاتا ہے یا اِس قسم کے لکڑی کے ٹکڑے پر نقش کی ہوئی ایک تصویر؛ ایک بڑے سائز کا فوٹو گراف جس کی اونچائی چوڑائی سے بُہت زیادہ ہو ؛ کھڑکی کے چوکھٹے میں جڑا ہوا شیشہ ۔ (قانون) ایسے اشخاص کی ایک فہرست جنھیں جیوری کا رکن بننے کے لیے طلب کیا گیا ہو ؛ ایسے اشخاص کی ایک جماعت جن سے جیوری مرکب ہو ؛ ہیئت قضاۃ ۔ (قانون اِسکاٹ لینڈ) وہ شخص یا اشخاص جن پر مقدمہ چلانے کی نشان دہی کی گئی ہو یا مقدمہ چلایا گیا ہو ؛ ایسے لوگوں کی جماعت یااُن کی فہرست جنھیں کسی مقصد کے لیے منتخب کیا گیا ہو یا ملازم رکھا گیا ہو ۔ (برطانوی) ایک ضلع کے اُن اطبا کی جماعت یا فہرست جو صحت کے بیمے کا پریمیم ادا کرنے والوں کا علاج کرنے کے لیے رکھے گئے ہوں اور اِس کے لیے دستیاب ہوں ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کے بازو کا ایک حصہ ؛ غبارے کی تکون میں کپڑے کی ایک پیٹی ؛ اوزاروں یا آلاتِ ضبط کا ایک ڈھیر جیسا کہ ہوائی جہاز کے طیارچی کی قیام گاہ میں ہوتا ہے ۔ (برق) کنٹرول بورڈ/ضابط تختہ ۔ (کان کنی) کوئلہ کی کسی کان میں ایک حصہ کا دوسرے متصل حصّوں کے مقابلے میں غیر معمولی موٹی دیواروں کے ذریعے زیادہ نمایاں ہو جانے کی حالت ۔ (فعل متعدی) دِلّوں میں ترتیب دینا ؛ دلّوں میں تقسیم کرنا ؛ دِلے مہیا کرنا یا دلوں سے آراستہ کرنا ؛ ایک چوکھٹے میں دِلّے کی طرح جڑنا ؛ دِلوں کے ساتھ زیور بنانا ۔ (قانون اِسکاٹ لینڈ) مصیبت میں ڈالنا ؛ آزمایش کرنا ۔

panel heating, n. اشعاعی عمل ؛ اُن لوحوں سے جن میں حراری اکائیاں ہوتی ہیں ، کسی رقبے کو ریڈیائی شعاعوں کے ذریعے گرم کرنے کا عمل ؛ اشعاعی حرارت ۔

paneling, Brit. panelling, n. (فن تعمیر) دِلا سازی ؛ لکڑی ، دھات یا کسی دوسرے مواد سے دِلا سازی ؛ ایک دیوار یا کوئی اور سطح جس میں دِلے ہوں ؛ دِلے مجموعاً ۔

panelist, n. کسی فہرستِ ارکان میں شامل ایک رُکن ، جیسے بحث و تمحیص ، قضا یا اسی طرح کے کسی کام کے مقصد کے لیے ۔

panel truck, n. ایک چھوٹا بند ٹرک جسے عام طور پر ہلکی اشیا پہنچانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

panetella, panetela, n. ایک لمبا پتلا سِگار جو منھ میں ڈالنے والی طرف سے نوکیلا ہو ۔

panfish, n. تلونی مچھلی ؛ کوئی بھی چھوٹی مچھلی جو پین میں ساری کی ساری تلنے کے لیے مناسب ہو ۔

pang, n. (اکثر جمع) کرب ؛ درد ؛ ٹیس ؛ اچانک مختصر ، تیز درد ؛ دورہ ؛ کربِ گرسنگی ۔ (مجازاً) ذہنی تکلیف کا فوری احساس ۔

pangenesis, n. (حیاتیات) نظریۂ ہمہ اجزائی تولید : ڈارون کا یہ نظریہ جو اب متروک ہو گیا ہے کہ موروثی خصائص تولیدی دانوں کے ذریعے منتقل ہوتے ہیں جنھیں جسم نامی کے ہر حصّے کے انفرادی خُلیے دورانِ خون میں پھینک دیتے ہیں اور وہ توالدی خلیوں یا اجسام میں جمع ہو جاتے ہیں ۔

pangolin, n. (حیوانیات) پینگولن ؛ جھایا ؛ ایک مخصوص حیوان ؛ ایک سینگ دار خولی میمل جو ''فولی ڈوٹا'' (Pholidota) نسل کا افریقہ اور جنوب مغربی ایشیا کا مقامی ہے ، اُس کی ایک لمبی دم ہوتی ہے ، وہ اصلاً دیمک اور چیونٹیاں کھا کر زندہ رہتا ہے اور جب اُسے چھیڑا جائے تو گول مول ہو کر گیند کی شکل اختیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔

panhandle, n. پین ہینڈل ؛ ایک پین کا دستہ ۔ (بعض اوقات بڑے P سے) باہر کو پھیلتی ہوئی زمین کی ایک تنگ پٹّی جو جزیرہ نما نہیں ہوتی ، بالخصوص کسی مملکت کا ایک حصہ جیسے ٹیکساس (Taxas) کی پین ہینڈل ۔

panhandle, v.i. (بول چال) سڑک پر اجنبیوں کے روبرو ہو کر اُن سے بھیک مانگنا ۔ (فعل متعدی) کسی کے سامنے آ کر اُس سے بھیک مانگنا ؛ بھیک مانگ کر حاصل کرنا ۔

Panhellenic, a. بین ہیلنی ؛ تمام یونانیان یا تمام یونانی باشندوں سے متعلق ؛ یونانی خطے میں برادرانہ و خوابرانہ مودّت کے حوالے سے ۔

panic, n. ہول ؛ ہیبت ؛ شدید خوف زدہ یا پست ہمت کرنے والی دہشت ، جو اکثر کسی گروہی صورت حال میں مرض متعدی ثابت ہوتی ہے ؛ اس قسم کے خوف کی مخصوص صورت ؛ افواہ ؛ اُس کا پھوٹ پڑنا اور اُس کی معیاد ۔ (مالیات) خوف وہراس کا ایک وسیع پیمانے پر پھیل جانا جس سے اکثر حقیقی اور عام مالی تباہی ہونے کا امکان پیدا ہو جاتا ہے ۔ (عوامی) غیر معمولی مضحکہ خیز صورت حال یا شخص ۔ (صفت) خوف کی نوعیت کا ۔ (مجازاً) خوف کی صورت میں استعمال کے لیے (جیسے : panic button) ۔ (بڑے P سے) دیوتا پین (Pan) کا یا اس سے متعلق ۔ (فعل متعدی) خوف سے متأثر کرنا ۔ (عوامی) خوف سے تفریح حاصل کرنا ۔ (فعل لازم) خوف سے متأثر ہونا ؛ خوف زدہ ہونا ۔

panic grass, n. بینی چارا ؛ بینی کم (Panicum) جنس کی متعدد

pansy, n. بنفشہ ؛ پینزی ؛ ایک سال باش یا مختصر زندگی والے دیرپا بنفشہ کی قدیم ترین باغاتی اقسام میں سے ایک جس کے پھول مختلف النوع گہرے رنگ کے ہوتے ہیں ۔ (عوامی) مرد ہم جنسیہ ، مردِ نسائیت زدہ ؛ زنخا ؛ ثالوث ۔

pant, v.i. دھڑدھڑاہٹ ہونا ؛ جنبش ہونا ؛ دھکدھکی ہونا ؛ تیزی کے ساتھ یا تشنجی انداز میں سانس لینا جیسے کسرت کے بعد یا کسی ہیجانی کیفیت میں ؛ ہانپنا ؛ تیزی سے یا شدت کے ساتھ سانس پھولنا ؛ دھوئیں یا بھاپ کے پُر شور بُھلّے خارج کرنا ؛ کسی کے لیے تڑپنا یا اُس کی خواہش کرنا ۔ (فعل متعدی) سانس لینا یا ہانپنا ۔ (اسم) تیز مختصر سانس ؛ ہچکی ؛ ارتعاش یا دھڑکن ؛ ہوا کی پھونک یا ہوا خارج ہونے کا شور ، جیسے انجن سے ۔

pantalets, pantalettes, n. ایک زیر پینٹ جس کی ہر ٹانگ کے نچلے سرے پر جھالر یا کوئی اور زیبایش ہوتی ہے اور وہ عموماً لباس یا گھیرے دار اسکرٹ کے نیچے تک بڑھا ہوا ہوتا ہے ، پہلے زمانے میں اسے عورتیں اور لڑکیاں پہنتی تھیں ؛ جھالر دار یا تراشے ہوئے ٹکڑوں کا ایک جوڑا جسے عورتوں کے زیر پینٹ کی ٹانگوں میں لگایا جاتا ہے ۔

pantaloon, n. پتلون ؛ پاجامہ ؛ مرد کے بدن پر تنگ پوشاک جس سے کُولھے اور ٹانگیں ڈھکی ہوتی ہیں اور جس کی ہیئت اٹھار ویں اور انیسویں صدی میں بدلتی رہی ۔ (بعض اوقات بڑے P سے) ایک بہ آسانی دھوکا کھا جانے والا بیوقوف بوڑھا آدمی جسے اصلاً ابتدائی زمانے کے اطالوی طربیہ میں ایک کردار بنایا گیا تھا ؛ موجودہ زمانے کے چُپ سوانگ میں ایک ایسا آدمی جسے نقلِ محفل اور مسخرے کا ساتھی بنا کر پیش کیا جاتا ہے ؛ مسخرہ ۔

pantechnicon, n. (برطانوی) ایک گودام جو عموماً فرنیچر کے لیے ہوتا ہے ؛ فرنیچر کی نقل و حمل کے لیے ایک گاڑی ۔

pantheism, n. مسئلۂ ہمہ اوست ؛ کائنات پرستی ؛ عقیدۂ وحدت الوجود ؛ یہ عقیدہ کہ کائنات کے تمام پہلو من جانب اللہ ہیں اور یہ کہ حقیقت وحیِ الٰہی کا صرف ایک مظہر ہے ؛ وہ مذہبی عقیدہ یا فلسفیانہ اصول جو کائنات اور خدا کو ایک قرار دیتا ہے ؛ رومیوں کی عبادت تمام دیوتاؤں کے لیے ۔

pantheist, n. ہمہ اوستی ؛ معتقد وحدت وجود ۔

pantheistic, pantheistical, a. ہمہ اوست سے متعلق ؛ وحدتِ وجود کے بارے میں ۔

pantheistically, adv. ہمہ اوستی طور پر ۔

pantheon, n. عبادت گاہ عامہ ؛ دیوتا بحیثیت مجموعی ؛ ایک عبادت گاہ جو تمام دیوتاؤں کے لیے وقف ہو ؛ ایک عمارتِ عامہ جس میں کسی قوم کے مشہور و معروف بزرگوں کے مزارات اور یادگاریں واقع ہوں ؛ کسی قوم کے دیوتا بحیثیت مجموعی ۔ (بڑے P سے) ایک قدیم رُومی عبادت گاہ جو اب ایک مسیحی گرجا کے طور پر کام آ رہی ہے ۔

pantheonic, a. عبادت گاہِ عامہ سے متعلّق ۔

panther, n. چیتا ؛ پلنگ ؛ تیندوا ؛ ایک مشترک نام جس سے بلّی خاندان کے دو مختلف میمل درندے موسوم کیے جاتے ہیں ، ان میں سے ایک پُوما یا کاؤگر ، امریکا کا دیسی تیندوا ہے اور دوسرا ایشیا اور افریقہ کا سیاہ شکل ہے ۔ (عوامی) خوفناک یا متشدد شخص ۔

pantheress, n. مادہ تیندوا ۔

اقسام کی گھاسوں میں سے ایک ، یہ ساری دنیا میں پائی جاتی ہے ، اس کی چند اقسام بطور جنس چینا چارے کے لیے کاشت کی جاتی ہیں ، دوسری اقسام خودرو ہوتی ہیں اور گچھے دار پھولداری اِن کی خصوصیت ہوتی ہے ۔ دیکھیے : witch grass ۔

panicle, n. (نباتیات) ایک غیر معین مرکب خوشہ جھاڑی جس میں سے بے قاعدہ طور پر نکلی ہوئی شاخوں پر پھول دار گچھے ہوتے ہیں اور اِن میں سے ہر پھول ایک ڈنڈی یا ڈنٹھل پر لگا ہوتا ہے ۔

panic-stricken, a. دہشت زدہ یا انتہائی خائف ؛ خوف سے بے حد ہیجان زدہ ۔

panjandrum, n. اِدّعائی ؛ نمودیا ؛ ڈینگیا ؛ مصنوعی ؛ نمایشی ؛ کوئی بھی بے حد ڈینگ مارنے والا یا والی شخصیت یا حاکم ۔

panleukopenia, panleucopenia, n. (بیطاری امراضیات) بلّیوں کی بیماری یا ذہنی عارضہ ۔

panne, n. [فرانسیسی] ایک نرم / چمک دار ہلکی پھلکی مخمل ، چپٹے روئیں/انبار کے ساتھ ۔

pannesatin, panne velvet, n. ریشم یا ریان/مصنوعی ریشم سے بنی ہوئی ساٹن جس میں مخصوص استر کاری کے طریقے سے ایک روشن چمک دمک پیدا کی جاتی ہے ۔

pannier, panier, n. بوجھ اُٹھانے کی ٹوکری ؛ کسی شخص کی پیٹھ پر لاد کر لے جانے کے لیے ایک ٹوکری یا کسی بار بردار جانور کی پیٹھ پر دونوں طرف لٹکے ہوئے جھولوں میں سے ایک ؛ ایک اسکرٹ/سایا جسے کولھوں پر پُھلایا گیا ہو یا خوشنما پلیٹیں ڈال کر سجایا گیا ہو ؛ ایک چوکھٹا جسے پرانے زمانے میں کسی خاتون کے لباس میں اسکرٹ کو پُھلانے کے لیے استعمال کرتے تھے ۔

pannikin, n. (زیادہ تر برطانوی) ایک چھوٹا برتن ، پیالی یا پین ؛ کٹورا ؛ کٹوری ۔

panocha, panoche, n. میوہ دار گُڑ ؛ میکسیکو (Mexico) میں ساختہ شکر کا ایک کچا درجہ ؛ کھانڈ مکھن اور دودھ سے بنی ہوئی ٹافی/قند خوشہ عموماً خشک میووں کے ساتھ ؛ پنوشے ۔

panoply, n. زرہ بکتر کی مکمل پوشاک ؛ جنگ یا دفاع کا کوئی بھی مکمل سازوسامان ؛ کسی چیز کا ایک مکمل غلاف ، پوشش یا ترتیب ۔

panorama, n. مسلسل مُرقّع ؛ منظر مسلسل ؛ مناظر گردوپیش ؛ ایک وسیع رقبے کا بلا روک ٹوک نظارہ ؛ ایک مسلسل گزرنے والا یا بدلنے والا منظر یا واقعات کا ایک سلسلہ ؛ کسی میدان یا کسی دیگر منظر کا ایک وسیع تصویری خاکہ ، اکثراس طرح جیسے ایک مرکزی نقطے سے نظر آتا ہو اور بعض اوقات چھپے ہوئے منظر کو اس طرح ناظرین پر ظاہر کرتے ہوئے کہ ایک وقت میں ایک حصے کی نمایش ہو ؛ ایک جامع جائزہ ، جیسے کسی موضوع کا ۔

panpipe, n. ہوائی ساز ؛ ایک قدیم زمانے کا سادہ ہوائی آلہ جس میں تدریجی لمبائی کے پائپوں کا ایک سلسلہ ہوتا ہے جو نچلے کناروں پر بند ہوتے ہیں اور بالائی کناروں سے ہوا کے داخل ہونے سے گمکی آوازیں پیدا ہوتی ہیں ۔

panpsychism, n. (فلسفہ) بین نفسیت ؛ مابعد الطبیعی عقیدہ کہ ساری کائنات اور اس کا ہر خفیف ترین ذرّہ ایک نفسیاتی یا ذہنی پہلو کا حامل ہوتا ہے ۔

panties, n. پینٹی ؛ ایک چھوٹا زیر پینٹ جسے عورتیں اور بچے پہنتے ہیں ؛ جانگیہ ۔

pantile, n. کھپرا ؛ مخصوص ٹائل ؛ چھت میں لگانے کا ایک ٹائل جو لمبائی میں سیدھا اور چوڑائی میں خمیدہ ہوتا ہے ، حرف S کی طرح یا نصف بیلن کی مانند اور اُسے اس طرح لگایا جاتا ہے کہ وہ برابر والے ٹائل پر چڑھ جاتا ہے ۔

pantiling, n. کھپرا کاری ؛کھپرا لگانے کا عمل ۔

pantofle, pantoffle, n. زیر پائی ؛ ایک سلیپر ۔

pantograph, n. نقل گیر ؛ ایک ایسا آلہ جس کے ذریعے بے رنگ تصاویر ، نقشوں ، خاکوں اور اسی طرح کے دیگر نقوش کی نقلیں اصل سائز پر یا اُس کو گھٹا کر یا بڑھا کر مشینی طریقے سے کھینچی جا سکتی ہیں ۔ (برق) برقی رو کو جمع کرنے اور اُسے منتقل کرنے کے لیے ٹرالی جیسی ایک ایجاد ۔

pantography, n. نقل گیری ؛ نقل نگاری ۔

pantomime, n. چُپ نقل ؛ چپ سوانگ ؛ گُنگ ڈرامہ . گُنگ نمایش ؛ گنگ تماشا ؛ گُنگ اشاروں کے ذریعے ابلاغ کی ڈرامائی تکنیک ؛ ایک کھیل یا تفریحی ڈراما جس میں اداکار اپنے مافی الضمیر/خیالات کو گُنگ اشاروں کے ذریعے ظاہر کرتے ہیں جس کے ساتھ اکثر موسیقی بھی ہوتی ہے ؛ اشارہ بغیر تکلّم ۔ (برطانوی) گونگی نمایش ۔ (برطانوی) کرسمس کا ایک ناٹکی منظر جس میں ناچنے ، گانے اور مزاحیہ بھیڑ بھڑکوں کو پریوں کی کہانیوں سے اخذ کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) گنگ ڈراموں یا نمایشوں کے ذریعے خیالات کو پیش کرنا یا اُن کا اظہار کرنا ۔ (فعل لازم) گنگ اشاروں کے ذریعے کسی کا اپنے ضمیر کو ظاہر کرنا ۔

christmas pantomime, pantomimist, n. چپ نقّال ؛ وہ شخص جو گُنگ ڈراموں یا نمایشوں میں اداکاری کرتا ہے ۔

pantothenic acid, n. (حیاتی کیمیا) پینٹو تھینک تیزاب ؛ ایک ناپائیدارنامیاتی مرکب جو حیاتین ب ملتف (complex) کا ایک جزو ہوتا ہے اور خلیوں کی نمو کے لیے ضروری سمجھا جاتا ہے ۔

pantoum, pantum, n. پینٹم ؛ ایک مقررہ شکل کی نظم جو چار مصرعی بندوں پر مشتمل ہوتی ہے ، اس کے مصرعے ایک چھوڑ کر قافیہ بند ہوتے ہیں ، ہر بند کا دوسرا اور چوتھا مصرع اگلے بند کے پہلے اور تیسرے مصرعے میں دُہرایا جاتا ہے اور پہلے بند کا پہلا اور تیسرا مصرع آخری بند کے دوسرے اور چوتھے مصرعے کی صورت میں دہرایا جاتا ہے ۔

pantropic, pantropical, a. گرم ممالک کے تمام یا تقریباً تمام حصوں میں موجود ، جیسے بعض مخصوص پودے یا حیوانات ۔

pantry, n. کوٹھڑی ، باورچی خانے سے متصل ؛ سامان خوراک ، چاندی ، چینی اور شیشے کے برتنوں اور میز پوش ، چادروں کو رکھنے کے لیے ایک کمرہ یا کوٹھڑی ؛ باورچی خانہ اور ڈرائنگ روم سے ملحق ایک کمرہ یا کوٹھڑی جہاں مختلف کھانے میز پر لگانے سے پہلے چنے جاتے ہیں ؛ پینٹری ۔

pants, n. پاجامہ ؛ زیر جامہ ، جسے عموماً عورتیں یا بچے پہنتے ہیں ۔ (برطانوی) مردانہ پاجامہ ۔

pants suit, pant suit, n. عورت کا متوازن لباس جو ایک جیکٹ اور پتلون پر مُشتمل ہوتا ہے اور عموماً غیر رسمی طور پر پہنا جاتا ہے ۔

panty girdle, pantie girdle, n. عورت کے لیے کمر پر باندھنے کی پیٹی جس کے اندر آنکڑا سلا ہوا ہوتا ہے ۔

panty hose, panti hose, n. جِسم پر چُست ایک پوشاک جس میں پتلون اور موزے سلے ہوئے ہوتے ہیں ۔

pantywaist, n. بچّے کی قمیص اور پتلون کمر پر بٹنوں سے پیوستہ ۔ (عوامی) زنخا یا بُزدل لڑکا یا مرد ۔ (نیز صفت) ۔

panzer, a. [جرمن] بکتر بند ؛ ٹینکوں کی ایک وحدت کا یا اُس سے متعلق (جیسے : a panzer division) ۔ (اسم) جرمن ٹینک یا کوئی اور بکتر بند گاڑی ۔

pap, n. (زیادہ تر بولی) بھٹنی ؛ گات ؛ سرپستان ؛ کوئی چیز جو سرپستان سے مشابہ یا اُس کے ہم شکل ہو ؛ چوچی ۔

pap, n. ہپّا ؛ شِیرخوار بچّوں یا بیماروں کے لیے کوئی نرم غذا ، جیسے روٹی ، پانی یا دُودھ میں بھیگی ہوئی ؛ کوئی چیز جو حقیقت یا قدرو قیمت میں ناقص ہو جیسے کوئی خیال یا لِکھا ہوا مضمون ۔ (عوامی) سیاسی یا سرکاری رسائی سے حاصل کردہ فوائد یا حمایت ۔

papa, n. بابا ؛ ابّا ؛ پاپا ؛ باپ کے لیے لفظ جسے خاص طور پر بچّے استعمال کرتے ہیں ۔

Papa, n. حرف P کو متعین کرنے کے لیے مواصلاتی لفظ ۔

papacy, n. (رُومی کیتھولک کلیسا) پاپائیت ؛ پوپ کا عہدہ اور عظمتِ منصب ؛ پوپ کا اقتدار اور دائرۂ اختیارات ؛ مملکتِ پاپائی ؛ جُملہ پوپ بحیثیت مجموعی ؛ کسی خاص پوپ کی میعادِ عہدہ ۔ (بڑے P سے) رُومی کیتھولک کلیسا کی حکومت کی ہئیت ۔

papain, n. (حیاتی کیمیا) پاپین ؛ پپیتے کے کچّے پھل کے دُودھیا رس میں ایک ہاضمہ خامرہ ہوتا ہے جو لحمیوں پر اثر انداز ہوتا ہے ۔ (علمِ ادویہ) اس پھل سے تیار کردہ ایک تجارتی دوا جس میں ایک لحمیات پاش خامرہ شامل ہے جو پیپ سین سے ملتا جلتا ہے اور لحمیات کو ہضم کرنے میں معاون کی حیثیت سے دوا میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

papal, a. پاپائی ؛ پوپ ، اُس کے دائرۂ اقتدار و حکومت یا رُومی کیتھولک کلیسا سے متعلق ۔

papally, adv. پاپائی طور پر ۔

papal cross, n. پاپائی صَلِیب ؛ ایک طرز کی صَلِیب جس کی خصوصیت تین آڑی رکّھی ہوئی میخیں ہیں جن میں سے طویل ترین سب سے نیچے ہوتی ہے ۔

paparazzi, n. معروف شخصیات کا پیچھا کرتے رہنے والے فوٹو گرافر ۔

papaverine, n. (علمِ ادویہ) خشخاشیہ ، پاپیورین ؛ ایک قلمی الکلائیڈ جسے افیون کے پوست/خشخاش سے حاصل کیا جاتا ہے اور اس کا استعمال پٹھوں کو آرام دینے اور تشنج کو دور کرنے کے لیے کیا جاتا ہے ۔

papaw, pawpaw, n. (نباتیات) پپیتا ؛ ارنڈ خربوزہ ۔

papaya, n. (نباتیات) پپیتا ؛ ایک گرم علاقوں والا درخت جو شکل و صورت میں تاڑ/پام کی طرح ہوتا ہے ، اس کے پھل خوش ذائقہ

خربوزے کے سے ہوتے ہیں اور ان سے خامرہ ، پاپین نکالی جاتی ہے ؛ ارنڈ خربوزہ ۔

paper, n. کاغذ ؛ اخبار ؛ قرطاس ؛ ایک شے جسے لکھنے ، چھاپنے ، بنڈل/پیکٹ بنانے اور دیواروں کو ڈھانکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، اُس کی صنعت میں چیتھڑے ، لکڑی یا دیگر نباتاتی ریشے استعمال کیے جاتے ہیں جنھیں ایک لبدی کی شکل میں منتقل کر دیا جاتا ہے ؛ کاغذ کا ایک ٹکڑا ، صفحہ یا تختہ ؛ کوئی بھی مواد جو کاغذ کے مشابہ ہو جیسے پیپرس ؛ کوئی بھی تحریری یا مطبوعہ دستاویزات بحیثیت مجموعی ، جیسے پرامیسری نوٹ/درشنی ہُنڈیاں یا عام ہُنڈیاں ۔ (جمع) ایک ایسی دستاویز جو شخصیت یا مرتبے کے ثبوت میں کام آتی ہو، جیسے کاغذاتِ شہریت ؛ جہاز کے کاغذات ؛ کسی طالب علم کے تحریری کام کا ایک نمونہ ؛ امتحان کا پرچہ ؛ اخبار؛ رسالہ ؛ مقالہ ؛ مضمون ۔ (عوامی) کسی تفریح کے لیے مفت پاس/ٹکٹ ؛ مفت داخل شدہ تماشائی ۔(فعل متعدی) کاغذ سے ڈھکنا ، بالخصوص دیواری کاغذ سے ؛ کاغذ میں لپیٹنا یا بند کرنا ؛ کاغذ مہیا کرنا ۔ (عوامی) مفت ٹکٹ جاری کرکے تفریحی نمایش کو بھر دینا ۔ (صفت) کاغذ کا بنا ہوا؛ کاغذ کی طرح کا ؛ منشیانہ کام سے متعلق ؛ صرف کاغذ پر موجود (جیسے : a paper gain) ؛ بغیر کسی صرف کے داخل شُدہ ۔

on paper, تحریری شکل میں ؛ منصوبہ بندی یا نظریاتی مرحلے میں ؛ کاغذ و قرطاس پر ۔

papery, a. کاغذی ؛ کاغذ جیسا پتلاپن اور اُس جیسی استواری کا حامل ۔

paperer, n. کاغذ کا حامِل ؛ کاغذ بنانے والا ۔

paperiness, n. کاغذیت ؛ کاغذ پن ۔

paperback, n. کاغذی پُشتہ ؛ کاغذی جلد ؛ پیپر بیک ؛ وہ کتاب جس کی جلد بندی کاغذ میں ہوئی ہو۔

paper bag, n. کاغذی تھیلا ؛ لفافہ ۔

paper birch, canoe birch, n. سردعلاقوں کا ایک درخت ، کاغذی بتولا یا بھوج پتر (Betula papyrifera) جس میں لٹکتے ہوئے صنوبری پھول ہوتے ہیں اور اس کی سفید چھال کو اگر چھیلا جائے تو اس میں سے باریک کاغذی تہیں نکلتی ہیں اور اس کی مضبوط لچک دار اور یکساں ساخت رکھنے والی لکڑی اندرونی زیبایش و آرایش کے لیے نیز خوبصورت چوبی اشیا بنانے کے کام آتی ہے ۔

paperboard, n., a. کاغذی گتّہ ؛ گتّہ ؛ دفتی ؛ تختہ ؛ ایک گتہ یا تختہ جو دبائے،پچکائے ہوئے کاغذ یا کاغذ کی لبدی سے بنایا گیا ہو ؛ کارڈ بورڈ ۔

paperchase, n. خرگوش اور شکاری کتّوں کا کھیل ؛ کاغذی دوڑ : ایک دوڑ جس میں ایک شخص یا کئی اشخاص سراغ کے طور پر میلوں تک تھوڑے فاصلے سے کاغذ کے پرزے بکھیرتے جاتے ہیں اور دوسرے اُن کا تعاقب کرتے ہیں ۔

paper cutter, n. کاغذ کے متعدد تختوں کو بیک وقت کاٹنے یا چھانٹنے کے لیے ایک مشین ؛ کاغذ تراش ۔

paperhanger, n. وہ شخص جو دیواری کاغذ لگانے کے لیے ملازم رکھا جائے ۔

paperhanging, n. کاغذ کو لگانے کا عمل ۔

paper knife, n. لفافوں یا کتاب کے اوراق کو کاٹ کر کھولنے والا کاغذ تراش ؛ کاغذ تراش کا وہ کنارہ جو کاٹتا ہے ؛ کاغذ بَر ۔

paper money, n. زرِکاغذی ؛ بنک نوٹ یا کوئی دیگر کرنسی کاغذ کی شکل میں جسے حکومت کی سند حاصل ہو ۔

paper mulberry, n. کاغذی تُوت ؛ چین اور جاپان کا دیسی درخت (Broussonetia papyrifera) جس کا تعلّق تُوت کے خاندان سے ہے ، اس کا رس دودھیا ہوتا ہے.اور اس کی چھال مشرق بعید میں کاغذ بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

paper profit, n. وہ منافع جو صرف فروخت کے ذریعے حاصل ہو سکّے جیسے کفالتیں ؛ مفروضہ منافع ۔

paperweight, n. کاغذ داب ؛ وزنہ ؛ پیپرویٹ ؛ ایک چھوٹی سی وزنی شے ، جسے الگ الگ کاغذات کو یک جا دبا کر رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

paper work, n. کاغذی کام ؛ کاروبار چلانے کے لیے ضروری خط و کتابت ؛ امتحانات ، فارموں اور تحریری رپورٹوں کو منضبط اور زیر عمل رکھنے کا کام ۔

papeterie, n. قرطاس دان ؛ کاغذ اور دیگر سامان تحریر کے لیے کوئی تھیلا یا صندوقچہ ۔

Paphian, a. پیفاس کا یا اُس سے متعلق یا عشق یا حسن کی دیوی سے متعلق ؛ محبت بالخصوص ناجائز محبت یا جنسی خواہش کی بھر پور تکمیل سے متعلق ۔ (اسم) پیفاس کا باسی یا باشندہ ۔ (بعض اوقات چھوٹے p سے) طوائف/بیسوا ۔

papier-mache, n. پیپر ماشی ؛ مختلف اقسام کے کاغذ کی لبدی سے بنایا گیا مواد جسے ڈھال کر مختلف چیزیں بنا لیتے ہیں ۔ (مجازاً) غیر حقیقی ، نمایشی ۔

papilionaceous, a. (نباتیات) پھلی دار یا مٹر کے خاندان کے پھولوں سے متعلق ، جو بے قاعدہ شکل کے ، تتلی سے مشابہ پروں اور کشتی نما ہوتے ہیں ۔

papilla, n. (تشریح الاعضا) مسّہ ؛ بھٹنی ، چوچی ؛ حلمہ ، سرپستان ؛ اُبھار ؛ ثآلیل ؛ پُھنسی ؛ گومڑی ؛ مسوّں یا بعض ایسے مخصوص چھوٹے اُبھاروں میں سے کوئی ایک جیسے ثآلیل زبان یا انگلیوں کے پوروں کا اُبھار یا کسی بال کی جڑ میں کوئی اُبھار یا زائدہ ۔ (نباتیات) کسی پودے پر چھوٹا اُبھار جو سرپستان کی شکل کا معلوم ہوتا ہو ؛ گومڑا ۔

papillary, papillate, a. مسّے دار ؛ اُبھار والا ؛ پُھنسی دار ؛ گومڑے کا ۔

papilloma, n. (امراضیات) ورمِ حلمی ؛ سلعۂ حلمیہ ؛ پھنسی پھوڑا ؛ رسُولی ؛ غِشا ؛ گٹّہ ؛ خفیف سی رسولی یا غشائے لعابی ، جیسے ایک گٹّہ یا دانہ جس میں ازدیادِ نمو کے ساتھ اُبھار یا ثآلیل/مسّوں کا ایک مجموعہ موجود ہو۔

papillon, n. ایک چھوٹا اسپینیل کتا جس کی نسل میں یہ خصوصیت ہوتی ہے کہ اُس کے جھالر دار کانوں کو دیکھ کر تتلی کے پروں کا تصور پیدا ہوتا ہے ۔

papillote, n. گھونگر بتّی کاغذ ، کھانوں پر لگانے کے لیے ۔

papist, n. پوپ پسند یا پوپ کا ایک پیرو/مرید ؛ رُومی کیتھولک کلیسا کا ایک رُکن (عموماً حقارت کے لیے آتا ہے)۔

papistry, n. پوپ پسندی ؛ پیروان پوپ کا نظام عقائد یا

انضمام ۔

parabiotic, a. جڑواں زائیدگی کے متعلق ۔

parabiotically, adv. مصنوعی سیامی توامیت کے طور پر۔

parable, n. مجازیہ ؛ مثالیہ ؛ نظیر ؛ مثال ؛ تمثیل ؛ اخلاقی حکایت ؛ تمثیلی کہانی (اصلاً) مقابلہ یا مشابہت ؛ عام زندگی سے متعلق ایک تمثیلی کہانی جس سے اخلاقی پیغام یا مذہبی حقیقت کا سبق دیا جائے ۔ (بڑے P سے) (جمع) اُن تمثیلی کہانیوں کے لیے ایک مجموعی اصطلاح جو حضرت مسیح نے بیان کی تھیں ۔

parabolic, a. تمثیلی ۔

parabolist, n. تمثیل نگار ۔

parabola, n. (جیومیٹری) شکل قریب البیضوی ؛ شلجمی شکل ؛ قطع مُکافی ؛ ایک ایسا مستوی منحنی جو ایک مخروط کو بیچ میں سے اس کی ایک جانب کے متوازی کاٹ کر پیدا کیا جائے ؛ ایک سطح مستوی پر ایسے نقطوں کا محلِ وقوع جو اُسی سطح مستوی پر ایک قائم نقطے اور قائم خط سے ہم فاصلہ ہوں ۔

parabolic, a. شلجمی شکل سے متعلق ؛ مُکافی ؛ شلجمی ۔

paraboloid, n. (جیومیٹری) مُکافی مجسّم ؛ قطعِ مکافی کے اپنے محور پر گردش کرنے سے پیدا ہونے والا ٹھوس ؛ قطع مکافیہ مخروط نما ۔

parachute, n. محافَظ چھتری ؛ چھاتہ ؛ پیراشوٹ ؛ ایک سازوسامان جو ہوا میں بحفاظت نیچے اترنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، جو کسی قدر ایک چھتری کی طرح کھلتا ہے اور ہوا کو اس طرح پکڑتا ہے کہ نیچے اترنے کی رفتار کو روکا یا کم کیا جاسکے ؛ کسی پیراشوٹ کا یا کسی اور ایسی ایجاد کا جو اپنی شکل ، استعمال یا عمل سے پیراشوٹ معلوم ہوتی ہو ؛ چھتر/شامیانہ ۔ (حیوانیات) غشائے جناحی ۔ (فعل لازم) کسی ہوائی جہاز سے جست لگانا یا اُسے چھوڑنا اورپیراشوٹ کے ذریعے نیچے اترنا ۔ (فعل متعدی) پیراشوٹ کے ذریعے آدمیوں یا رسد کو اُتارنا ۔

parachutic, a. پیراشوٹی ؛ چھاتہ برداری ۔

parachute spinnaker, n. (جہاز رانی) بادبانی کشتیوں کی دوڑ میں حصہ لینے والی کشتی پر ایک بڑا بادبان جو ہوا کے سامنے چلتے ہوئے غبارے کی طرح پُھول جاتا ہے ۔

parachutist, n. چھاتہ بردار ؛ وہ شخص جو پیراشوٹ کے ذریعے نیچے اترتا ہے ، بالخصوص وہ جو ہوا میں چلتے ہوئے طیّارے سے جست لگانے کے فن میں مشّاق ہو ؛ چھاتہ فوج کا سپاہی ۔

paraclete, n. شفیع ؛ وہ جسے مدد یا سہارے کے لیے پکارا جائے ۔ (بڑے P سے) مقدّس روح ؛ فارقلیط ۔

parade, n. دکھاوا ؛ ترتیب ؛ دُھوم دھام ؛ نمودونمایش ؛ بھڑک ؛ شکوہ ؛ کروفر ؛ پریڈ ؛ فوجی قواعد ؛ فوجی مظاہرہ ؛ کُوچ ؛ ایک منظم کُوچ جس کے ساتھ بعض اوقات مختلف اشیا اور مناظر کی نمایش کرنے والے بہتے (floats) اور ساز کی موسیقی بھی ہوتی ہے ۔ (عسکری) معائنہ کے لیے فوجی جوانوں کی صف آرائی ؛ پریڈ کرنے والے عملے کا ایک رسمی جلوس ؛عوامی جلوس ، جیسے کسی تہوار پر پریڈ ۔

parade, v.t. نمایشی انداز میں پیش کرنا ، کسی چیز کی نمایش کرنا : جمع کرنا اَور فوجی نظم و ضبط کے ساتھ مارچ کرنا ؛ قواعد اعمال ، عموماً ناقدری کے طور پر ۔

papoose, pappoose, n. شمالی امریکا کے انڈین والدین کا شیر خوار یا کم سِن بچّہ ۔

pappus, n. (نباتیات) ریشک ؛ پروں اور سخت بالوں پرمشتمل کھپرےدار ملحقہ جو بیضہ دان پر لپٹا ہوتا ہے اور مرکب خاندان کے پودوں کے پھل (ککروندے) میں باقی رہتا ہے اور اکثر ہوا کے جھونکوں سے اس پھل کے جھڑ کر منتشر ہونے میں معاون ہوتا ہے ۔

pappose, pappous, a. ریشک دار ۔

paprika, n. کالی مِرچ ؛ فِلفل ؛ سیاہ مرچ ۔

Pap smear, Papanicolaou test, pap test, n. (امراضیات) رسولی جانچ ؛ رحِمی سرطان یا کسی ایسی حالت کی شہادت کے لیے جسے قبل سرطان کیفیت سے تعبیر کیا جا سکے ، خلیوں کا معائنہ ۔

papule, n. (امراضیات) مہاسا ؛ گومڑا ؛ چھالا ؛ آبلہ ؛ جلد کا ایک چھوٹا ، ٹھوس ، کسی قدر نوک دار اُبھار جس میں عموماً جلن ہوتی ہے مگر پیپ نہیں پڑتی ۔

papuler, papuliferous, a. گومڑے دار ؛ مہاسے دار ۔

papyrus, n. آبی نرسل ؛ پٹیلا ؛ بردی ؛ پیپرس ؛ ایک لمبا نرسل جیسا آبی پودا Cyperus papyrus جو سیج (sedge) گھاس کے خاندان کا اور جنوبی یورپ ، شام اور افریقہ کا مقامی ہوتا ہے اور اُس کے پھل چھتروں/ پُھولوں کے گچّھوں کے اندر ہوتے ہیں ؛ ایک کاغذ جو قدیم باشندے اس پودے کی ڈنڈیوں سے بناتے تھے اور جسے مصر میں ۲۴۰۰ سال قبل مسیح استعمال کیا جاتا تھا ؛ اس کاغذ پر لکھی ہوئی کوئی قدیم دستاویز یا مخطوطہ ۔

par, n. برابری ؛ مساوات ؛ ایک سا ؛ برابر ؛ معمولی یا عام سطح پر ؛ مساوی ؛ ملتا ہوا ؛ برابر کا ؛ قدر و قیمت یا مرتبے میں مساوات یا مساوات کی ایک سی سطح (جیسے منافع اور نقصانات تقریباً مساوی (on a par)) ہیں ؛ ایک اَوسَط یا حسبِ معمولُ ، رقم/مقدار ، درجہ ، کیفیت ، حالت وغیرہ ، جیسے ۷۰ ڈگری کو گھر کے اندر کی حرارت کے درجوں کا اَوسَط (par) قرار دینا ؛ ایک عام طور پر تسلیم شدہ معیار ۔ (تجارت) کسی ایک مُلک کی زری اکائی کی مسلّمہ قدر ، کسی ایسے دوسرے ملک کی زری اکائی کی قدر کے حدود میں ، جو معیارِ قدر کے لیے وہی دھات استعمال کرتا ہو جو پہلا مُلک استعمال کرتا ہے (جیسے : par of exchange) ؛ بازار کی قدر اور حصص یا تمسکات کی برائے نام یا صرفی قَدر کے درمیان مساوات (جیسے : a stock issued at par) ۔ (گالف) ایک گُچّی یا چکّر کے لیے تسلیم کردہ ہاتھوں کا ماہرانہ کھیل کے ذریعے حاصل کردہ مفروضہ نمبروں سے مطابقت ۔ (صفت) حسبِ معمول ؛ اَوسَط ۔ (تجارت) مساوی ۔

para, n., a. (کیمیا) حلقۂ بینزین یا لوبان میں کسی رشتے کی نشان دہی کرنے والا ۔

para-aminobenzoic acid, n. پیرا امینو بینزوئی تیزاب ؛ امینو بینزوئی تیزاب سے مستخرج قلمی ہم پارا جو فولی تیزابوں کا نموئی عنصر اور حیاتین ب مُلتف (complex) کا ایک جزو ہوتا ہے ۔

parabiosis, n. (حیاتیات) جڑواں زائیدگی ؛ دو عضویوں کا انضمام ، بعض اوقات قدرتاً ، جیسے سیامی توام میں یا کوئی ایسا انضمام جس میں جراحی کی ضرورت ہو ، جیسے عضویاتی تفاعل کا

کرنا ۔

paradichlorobenzene, n. (کیمیا) پیرا ڈائی کلورو بنیزین ؛ ایک سفید قلمی مقلون مرکب جسے دُھونی دینے والے اور کیڑوں کو مارنے والے عامل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

paradigm, n. (گرامر) آمد نامہ ؛ مثال ؛ نمونہ ؛ ایک لفظ کی مثال ، جیسے ایک اسم ، صفت یا فعلِ اپنی مختلف گردانوں میں ۔

paradisaic, a. طیور فردوس ؛ جنّتی ۔

paradise, n. فردوس ؛ جنت ؛ باغِ عدن ؛ بہشت ؛ باغِ ارم ؛ باغِ رضوان ؛ مقامِ رحمت و برکت ؛ وہ مقام جہاں نیک بندے مرنے کے بعد ابدی مسرت و شادمانی سے ہم کنار ہوتے ہیں ؛ ایک انتہائی خوشی و مسرت کی کیفیت ۔

paradisiacal, a. جنّتی ؛ بہشتی ؛ فردوس کا/اُس کی مانند یا اُس کے مناسب حال ۔

paradox, n. متناقضہ ؛ اُلٹی بات ؛ بعید العقل ؛ خلافِ قیاس ؛ قولِ محال ؛ متناقض بالذات ؛ رنگِ بیان یا منصوبہ جو بظاہر متناقض بالذات یا نامعقول معلوم ہوتا ہو، تاہم اس لحاظ سے صریحی ہو کہ وہ کسی حقیقت کا اظہار کرتا ہے ؛ اس قسم کے بیانات بحیثیت مجموعی ؛

ایک متناقض بالذات اور جُھوٹا قضیہ ، مسئلہ یا تجویز ؛ ایک دلیل جو ایک جائز/ صحیح طریقِ استنباط کے ذریعے متناقض بالذات نتیجے پر پہنچتی ہے ؛ ایک رائے یا بیان جو موصولہ رائے کے خلاف ہو ؛ کوئی شخص ، چیز یا عمل جو بین تناقضات یا بے اصولیوں کو پیش کر رہا ہو ۔

paradoxical, a. متناقض بالذات کی نوعیت کا یا اُس سے متعلق ؛ تناقضات کا مظہر ۔

paraesthesia, paraesthesis, n. (امراضیات) غیر معمولی سنسنی یا کُھجلی ، جیسے گرمی دانوں یا خارش میں ؛ لمسِ کاذب ۔

paraffin, paraffine, n. (کیمیا) پیرافین ؛ ہائیڈروکاربن کا ایک سفید یا بے رنگ مومی آمیزہ جس پر متعاملوں (reagents) کااثر بآسانی نہیں ہوتا اور جسے خاص طور پر پٹرولیم سے حاصل کیا جاتا ہے اور موم بتّیوں ، حفاظتی لیپوں ، پن روکوں/واٹر پروفوں ، چکنائیوں ، برقی حاجزوں کے لیے اور علمُ الادویہ میں اور خوشبویات اور سامانِ جمال آرائی کی صنعت میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ سلسلۂ میتھین کا کوئی بھی ہائیڈرو کاربن ؛ موم معدنی ۔

paragenesis, n. (ارضیات) اختلاطِ حیات ؛ معدنیات کی قریبی ربط کے ساتھ تشکیل تاکہ ایک اثر دوسرے کی نشوونما پر پڑے ۔

paragenetic, a. مخلوط نسلی ۔

paragoge, n. (گرامر) کسی لفظ کے آخر میں کسی حرف یا رکنِ لفظ کا غلط اضافہ ، جیسے ted کا اضافہ غیر معیاری طور پر hit-ted میں کیا گیا ہو ۔

paragon, n. افضلیت یا اکملیت کا ایک نمونہ یا قالب ؛ مجموعۂ کمالات ؛ ایک استثنائی/غیر معمولی سائز کا بے داغ موتی ۔

paragonite, n. پیراگونائٹ ؛ ابرق کی ایک قسم جو سفید ابرق سے مماثل ہوتی ہے مگر اُس میں پوٹاشیم کی بجائے سوڈیم ہوتا ہے ۔

paragraph, n. پارا/پیراگراف ؛ پیرا ؛ کسی تحریری یا مطبوعہ مواد/عبارت کا ایک ممتاز حصّہ جس میں کسی ایک نکتے پر بحث کی گئی ہو یا کسی مُقرّر کے الفاظ کا اقتباس پیش کیا گیا ہو ، اُسے عموماً نئی سطر میں حاشیہ کے بعد تھوڑی سی جگہ چھوڑ کر شروع کرتے ہیں ؛ ایک شذرہ/نوٹ ؛ ایک مد یا مختصر مضمون جیسا کہ اخبار میں ہوتا ہے ، عموماً ایک مُمتاز غیر منقسم کُل کی شکل میں ۔ (فعل متعدی) پیرابندی کرنا ؛ پیراگرافوں میں تقسیم کرنا ؛ ایک پیراگراف میں اظہار خیال کرنا ؛ کسی کے متعلق پیراگراف لکھنا یا شائع کرنا ۔

paragraphic, a. پیروں سے متعلق ؛ شذرانہ ۔

paragrapher,(Brit.)paragraphist, n. شذرہ نگار ؛ وہ شخص جو پیراگراف یا چھوٹے چھوٹے ٹکڑے لکھتا ہے ، جیسے کسی اخبار کے لیے ۔

parakeet, paraquet, paroquet, parroket, parroquet, n. چھوٹا طوطا ؛ متعدد مقبولِ عام قفسی پرندوں میں سے کوئی ، بالخصوص Melopsittacus undulatus نوع کا چھوٹا طوطا جس کی دم مخروطی ہوتی ہے اور وہ آسٹریلیا و ایشیا کا مقامی پرندہ ہے اور انسانی آواز کی نقل اتارنے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔

paraldehyde, n. (کیمیا) پارالڈی ہائیڈ ؛ ایک بے رنگ سیال جو معمولی الڈی ہائیڈ کے کثیر التراکیب عمل سے تشکیل پاتا ہے اور دوا میں ایک خواب آور عنصر کی حیثیت سے استعمال ہوتا ہے ۔

paralegal, n. معاونِ قانون دان ؛ نیم پیشہ ور قانونی مدد گار ۔

parallax, n. اختلافِ مرویت ؛ کسی معروض بالخصوص ایک جرمِ فلکی کا ظاہری ہٹاؤ جس کا سبب دیکھنے والے کے جائے قیام کی تبدیلی یا اختلاف ہو ۔ (فلکیات) ایسے جرمِ فلکی کے ہٹاؤ کی زاویائی مقدار اُن خطوط کے درمیان فاصلے سے ناپی جاتی ہے جو دیکھنے والے کے دو مختلف نُقطوں سے افق تک کھینچے جاتے ہیں ۔

parallel, a. متوازی ؛ متناظر ؛ مماثل ؛ ان خطوط سے متعلق جو خواہ مستقیم ہوں یا منحنی ، ان کا فاصلہ مستویوں اور منحنیوں سے متناظر نقطہ بہ نقطہ برابر ہو ؛ بطورِ خاص غیر اقلیدسی نظریوں کے مطابق لامتناہی متقاطع بطور خطوط یا مستویات ۔ (برق) ایک جیسے قطبوں سے منسلک ، جس میں تمام منفی سِرے ایک ساتھ اور تمام مثبت سرے ایک ساتھ جُڑے ہوتے ہیں ۔ (موسیقی) ان متواتر ، ہم آہنگ وقفوں سے متعلق جو درجوں کے یکساں شمار پر مشتمل ہوتے ہیں یا حرکت پر ان کا اطلاق یکساں شماری وقفوں میں ہوتا ہے ۔

parallel, n. متوازی ؛ بیچ برابر ؛ مشابہ ؛ مماثل ؛ مثل ؛ نظیر ؛ کوئی چیز جو سمت ، راستے یا رجحان میں متوازی ہو ؛ ایک جوڑا ، مُثنیٰ ، نظیر یا مساوات ۔ (جغرافیہ) زمین کی سطح پر خیالی دائرے جو خطِ استوا کے متوازی ہوتے ہیں ، ان میں سے کوئی ایک ، ان دائروں سے خطِ استوا کے شمال اور جنوب میں عرض البلد کے درجے متعین کیے جاتے ہیں ؛ اس خیالی دائرے کو نقشے یا تسطیح پر دکھانے کے لیے ایک خط ۔ (برق) تمام منفی برقی پُرزوں کا جوڑ ایک موصل پر اور مثبت کا دوسرے موصل پر ۔ (عسکری) ایک قلعے کے سامنے یا اس کی مورچہ بندی کے متوازی کھودی گئی خندق ۔ (طباعت) عمودی متوازی خطوط کا ایک جوڑا (جیسے ||) جسے حوالے کے نشان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) متوازی بنانا ؛ کسی کا ہم توازی مہیا کرنا ؛ کسی کے لیے جوڑا تلاش کرنا یا مہیا کرنا ؛ برابر کرنا ؛ مقابلہ

کرنا ۔ (متعلق فعل) متوازی ؛ ساتھ ساتھ ؛ برابر برابر ۔

parallel bars, n. اُفقی سلاخوں/بَلّیوں کا ایک جوڑا تھموں کے سہارے پر جسے جمناسٹک میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

parallelepiped, parallelepipedon, n. متوازی السطوح ؛ ایک منشور جس کے چھ قاعدے متوازی الاضلاع ہوں ۔

parallel forces, n. (طبیعیات) قوا متوازی ؛ متوازی قُوّتیں ؛ وہ قوتیں جو ایک دوسرے کے متوازی عمل کرتی ہیں ۔

parallelism, n. برابری ؛ مساوات ؛ استوا ؛ متوازیت؛ باہم توازنوں کا مقام یا تعلق ؛ سمت ؛ رجحان یا نوعیت میں اتفاق ؛ متوازی ہونے کی نوعیت ؛ تطابق یا تماثل ؛ ایک مقابلہ ۔ (مابعد الطبیعیات) وہ اصول جو یہ بتاتا ہے کہ ذہنی اور جسمانی طریقہ ہائے عمل لازم و ملزوم ہوتے ہیں ، ایک بدلتا ہے تو دوسرا بھی اُس کے ساتھ بدلتا ہے مگر تبدیلیوں کے ان دو سلسلوں کے درمیان کوئی تعامل یا علّتی تعلق نہیں ہوتا ۔

parallelogram, n. متوازی الاضلاع ؛ ایک چار اضلاعی شکل جس کے مخالف اضلاع ایک دوسرے کے متوازی اور مساوی ہوں ۔

paralogism, n. ایک مغالطہ آمیز دلیل ؛ غیر صحیح استدلال کی ایک مثال ۔

paralogistic, paralogical, a. غیر منطقی ؛ مغالطہ آمیز ۔

paralysis, n. (امراضیات) فالج ؛ معذوری ؛ ارادی حرکت یا حیثیت کی طاقت کا خلل یا ضیاع ، جسم کے کسی ایک یا زائد حصّوں میں ؛ ایک مرض جس کی یہ خصوصیت ہو ۔ (مجازاً) طاقتوں اور سرگرمیوں کی کم و بیش مکمل معذوری یا رکاوٹ ، جیسے تجارت کا مفلوج ہونا ۔

paralysis agitans, n. (امراضیات) پارکنسن کا مرض ۔

paralyze,(Brit.)paralyse, v.t. فالج کا اثر پیدا کرنا ؛ کسی کی توانائی اور طاقت کو تباہ کرنا ؛ مفلوج کرنا ۔

paramagnetic, a. (طبیعیات) پیرا مقناطیسی ؛ وہ مادّے جن میں مقناطیسی نفوذ پذیریاں فضائے بسیط کی نُفُوذ پذیری سے فزوں تر موجود ہوتی ہیں مگر لوہ مقناطیسی اشیا کی نفوذ پذیریوں سے کم تر ہوتی ہیں ۔

paramatta, parramatta, n. ملینہ ؛ ایک ہلکی دوسوتی/ٹوئیل کی وضع کا لباسی کپڑا جس کا بانا میرینوں اون کا اور تانا سُوتی یا ریشمی ہوتا ہے ۔

paramecium, n. پاپوشی حوین ؛ لمبوترا ابقاعیہ ؛ اسی نام و جنس کے ان یک خلیہ ، پاپوش شکل،نخز حوینوں (پروٹوزونوں) میں سے کوئی ایک ، جن کی ایک ترچھی مُنھ نما جھری ہوتی ہے اور وہ پلکوں کے ذریعے حرکت کرتے ہیں ۔

paramedic, n. طِبّی معاون ؛ . تربیت یافتہ طِبّی کارکُن جو ابتدائی ہنگامی طبی معاملات نپٹانے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔ (عسکری) ایک طبّی دستے کا جوان یا ڈاکٹر، جو کسی طبّی ضرورت کے علاقے میں پیراشوٹ کے ذریعے اترتا ہے ۔

parament, n. ایک کلیسائی جھنڈا یا لباس ۔

parameter, n. و تر خاص ؛ مقدار معلوم ۔ (ریاضی) کسی اظہار میں ایک ثابتہ یا متغیرہ جس کی قدر زیرِ غور صورت میں اس اظہار کی شکل متعین کرتی ہو مگر اور صورتوں میں غیر متعین ہو ؛ ایک آزاد متغیرہ علاوہ ایک محدّد متغیرہ کے ، جس کی رقوم میں متغیروں کا اظہار کیا جاسکتا ہو ۔

paramnesia, n. (طِبِّ نفسی) ملتبس یاد ؛ کسی ایسی چیز کے یاد آنے کی سنسنی/حسّیت یا التباس جو کبھی تجربے میں نہ آئی ہو ۔

paramorphism, n. (معدنیات) دگر شکلی ؛ وہ طریق عمل جس میں ایک معدن طبیعی خواص کے ایک ایسے تغیر سے دوچار ہوتا ہے جس سے اس کی کیمیائی ترکیب میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی ۔

paramount, a., n. بڑا ؛ مہا ؛ مُقدّم ؛ والا شان ؛ بالاترین ؛ فرماں روا ؛ اہمیت میں سب سے اعلیٰ ؛ نمایاں ؛ رتبہ اور درجہ میں سب سے بلند ؛ دوسرے تمام لوگوں سے بالاتر ؛ بزرگ و برتر ۔

paramour, n. عاشق ؛ منظورِ نظر ؛ آشنا ؛ یار ؛ ایک ناجائز یا خلافِ قانون محبت کرنے والا ، بالخصوص ایک شادی شدہ عورت سے ؛ محبوب ۔

parang, n. چاقو ؛ پارنگ ؛ چُھری ؛ ایک بڑی وزنی نیام دار چُھری جسے اہلِ ملایا اوزار اور ہتھیار دونوں کی طرح استعمال کرتے ہیں ۔

paranoia, paranoea, n. مالیخولیا ؛ خلل دماغی ؛ اختباط ؛ وسوسہ ؛ توہم ۔ (طِبِّ نفسی) اختلال ذہنی کا مرض ، جس کی بڑی خصوصیت باقاعدگی سے وسوسوں کا ظہور ہے ، خاص طور پر وسوسۂ اذیت اور وسوسۂ عظمت ۔

paranoid, a. اختباط کا ؛ وسوسے کا ؛ اُس کی طرح یا اُس کی خصوصیات کا حامل ۔

paranoiac, paranoeac, n. وہ شخص جو خللِ دماغی کا شکار ہو ؛ مخبوط ۔

paranoid schizophrenia, n. (طِبِّ نفسی) ایک ذہنی بگاڑ ، وسوسے کی طرح کا مگر اکثر اس میں واہمہ اور اختلالِ کردار نمایاں ہوتا ہے ۔

paranormal, a. ورائے طبعی ؛ مافوقُ الفطرت جو کسی سائنسی توضیح کا محتاج نہ ہو ۔

paranymph, n. شہ بالا/دولھا کا کنوارا دوست یا دُلھن کی سہیلی ، قدیم یونان میں جب دولھا دُلھن کو اپنے گھر لانے کے لیے جاتا تھا تو ایک دوست اس کے ساتھ ہوتا تھا یا دلھن کی سہیلی جو اسے دولھا کے پاس لے جاتی تھی ؛ عروس بر ۔

parapet, n. (قلعہ بندی) کنگورے ؛ کمر کوٹ ؛ سینہ پناہ ؛ اونچی دیوار (قلعہ) ؛ محاذ آرا دشمن کے حملوں سے سپاہیوں کی حفاظت کے لیے ایک دیوار یا فصیل ؛ ایک سینہ سپر تعمیر ۔ (فن تعمیر) ایک نیچی حفاظتی دیوار ، چبوتروں اور چھتوں کے کناروں پر اور پُلوں کے دونوں جانب ؛ دھس ؛ مورچہ ؛ پردے کی دیوار ۔

paraph, n. تمّت ؛ کوئی ایسی لکیر جو کسی دستاویز کی اصل پر دستخط کے بعد کھینچ دی جائے ، کسی جعل سازی کے خلاف احتیاط کے طور پر ؛ دستخطی کشش ؛ حد لکیر ۔

paraphernalia, n. مال اسباب ؛ ضروری سازوسامان ؛ کسی قسم کی ذاتی جائیداد ، سازوسامان یا اشیائے ضروری بالخصوص کھیلوں کے لیے ؛ سامان آرایش ، کسی کمرے یا مکان کے لیے ؛ لوازماتِ تنصیب و تجمیع یا گھوڑے کا آرایشی سامان اور وردیاں وغیرہ ؛ زیورات ۔ (قانون) پہلے زمانے میں بیوی کی وہ مملوکہ اشیا جو جہیز کے علاوہ اور

اس سے مزید ہوں ۔

paraphrase, n. تشریح ؛ توضیح ؛ شرح ؛ مکرّر بیان ؛ کسی متن یا عبارت کے مفہوم کا دوسرے الفاظ میں بیان ، جیسے وضاحت کے لیے ؛ آزاد بیان یا ترجمہ ، جیسے کسی عبارت کا ؛ کسی عبارت کے مفہوم کو مکرّر بیان کرنے کا عمل یا طریقہ ؛ تفسیر ؛ تاویل ۔
۔ (فعل متعدی و لازم) مفہوم کے مکرّر بیان کو پیش کرنا یا وضع کرنا ؛ تشریح کرنا ، تفسیر کرنا ؛ دوسرے الفاظ میں بیان کرنا ۔

paraphraser, n. مُفسّر ؛ تشریح کرنے والا ؛ توضیح کرنے والا ۔

paraphrastic, a. تشریحی ؛ تفسیری ؛ توضیحی ۔

paraphysis, n. (نباتیات) عقیم زرتار ؛ ایک بے ثمر ، عموماً ریشی نمو جو اکثر بہت سے بے گُل پودوں کے تناسلی عضو میں موجود ہوتی ہے ۔

paraplegia, n. (امراضیات) ادھرنگ ؛ شلل جسمِ اسفل ؛ دونوں ٹانگوں اور نیچے کے دھڑ کا فالج ؛ استر خائے جسمِ اسفل ۔

paraplegic, a. ادھرنگی ؛ شلل جسمِ اسفل سے متعلق ۔

paraprofessional, n. نیم پیشہ ور ؛ معاون پیشہ ۔

parapsychology, n. ماورائی نفسیات ؛ نفسی مظاہر ، جیسے خیال رسائی (ٹیلی پیتھی) ، غیر معمولی بصیرت اور بروں حسی ادراک کا مطالعہ اور تحقیق ۔

pararosaniline, n. (کیمیا) پیر اروزا نیلین ؛ ایک قلمی اساس جس سے بہت سے کیمیائی رنگ حاصل کیے جاتے ہیں ، بالخصوص سُرخ کلورائڈ جو رنگنے اور حیاتیاتی رنگ کاری میں استعمال ہوتا ہے ۔

Para rubber, n. پیرا ربڑ ؛ یہ ربڑ کے درخت کے دودھیا شیرے سے تیار ہوتا ہے ، یہ درخت شیر شجر (Spurge) کے خاندان سے تعلق رکھتا ہے جو جنوبی امریکا کے ایمیزون (Amazon) خِطّے کا درخت ہے اور اب کرّۂ ارض کے دونوں نصف کرّوں میں بھی اُگتا ہے ۔

parasang, n. [فارسی] فرسخ ؛ فرسنگ ؛ مشرقی اسلامی ممالک کی متعدد پیمایشی اکائیوں میں سے کوئی ایک ، خصوصاً فاصلہ ناپنے کا قدیم پیمانہ جو پونے چار میل کے برابر ہوتا ہے ۔

paraselene, n. (موسمیات) قمرِ کاذب ؛ ماہِ کاذب ؛ چاند کے ایک ہالہ پر چاند جیسا ایک درخشاں نقطہ ؛ ایک نقلی چاند ۔

parashah, n. صُحفِ موسیٰ کا ایک حصہ ، توریت کے اسباق میں سے ایک سبق جو یہودیوں کی عبادت گاہ میں سبت پر پڑھا جاتا ہے ؛ مقدّس دن پر پڑھنے کے لیے توریت کے سبق سے ایک اقتباس ۔

parasite, n. (مجازاً) طفیلی ؛ پیر تسمہ پا ؛ ایک شخص جو دوسرے شخص کے وسائل پر بسر اوقات کرتا ہے اور اس کا کوئی موزوں عوض نہیں دیتا ۔ (حیاتیات) ایک جانور یا پودا جو کسی زندہ عضویہ پر یا اس کے اندر رہتا ہے اور اکثر میزبان کو مجروح کرتا ہے ؛ سرنبات ؛ اَنگل ۔

parasitic, parasitical, a. طُفیلی ؛ کاسہ لیس ۔

parasitically, adv. طُفیلی انداز میں ؛ کاسہ لیسی کے طور پر ۔

parasiticide, n. طُفیلی کُش دوا ؛ کوئی عامل یا دوا جو طُفیلیوں کو تباہ کرتی ہے ؛ کیڑے مار دوا ۔

parasiticidal, a. طفیلی کُش دوا سے متعلق ۔

parasitism, n. (امراضیات) طفیلیت ؛ طفیلی زدہ ہونے کی حالت یا طفیلیوں کے باعث مرض میں مُبتلا ہونے کی کیفیت ؛ طفیلیائی مرض ۔

parasitize, v.t. طفیلیہ کی طرح حملہ کرنا یا کسی کے طفیل زندہ رہنا ۔

parasitology, n. طفیلیات ؛ سائنس کی وہ شاخ جس کا تعلق طفیلیت سے ہوتا ہے ، بالخصوص حیوانات کی زندگی میں ۔

parasitosis, n. طفیلیت ؛ تطفّل ؛ طفیلی اِمتلا ۔

parasol, n. آفتابی ؛ زنانہ چھتری (دھوپ سے بچاؤ کے لیے) ۔ (عسکری) فضا میں موجود جہازوں کی طرف سے حملے کے خلاف ، خصوصاً ہوائی حملے کے خلاف مہیا کردہ تحفّظ ۔

parasympathetic nervous system, n. (تشریح الاعضا) غیر ہمدرد نظامِ اعصاب ؛ خودکار عصبی نظام کا وہ حصہ جو ان اعصاب سے تشکیل پاتا ہے جو مخفی اور عُجزی خطّوں میں شروع ہوتے ہیں اور جن کی وجہ سے دل کی دھڑکن دھیمی ہو جاتی ہے ، پتلیاں سکڑتی ہیں ، خون کی رگیں پھیلتی ہیں اور وہ عام طور پر ہمدرد نظام اعصاب کے خلاف کام کرتا ہے ۔

parasynthesis, n. (گرامر) ترکیبِ الفاظ ؛ اشتقاقِ مُرکّب ؛ الفاظ کی تشکیل میں ترکیب اور اشتقاق کا طریقہ ، اس کی مثال great-hearted ہے جو great-heart کے ساتھ ed کا لاحقہ لگا کر بنایا گیا ہے ۔

parataxis, n. (گرامر) حذف حرفِ ربط ؛ کلمات یا جملوں کی ایک دوسرے کے بعد ترتیب، بغیر اس کے، کہ اُن کے درمیان تعلق ظاہر کرنے کے لیے حروفِ روابط کا اضافہ کیا جائے ۔

paratactic, paratactical, a. بے حرف ربط ملا ہوا ؛ تصریفی طور پر ملا ہوا ۔

paratactically, adv. تصریفی انداز میں ۔

parathion, n. (کیمیا) پیراتھیون ؛ ایک بہت زہریلی کیڑے مار دوا ۔

parathyroid gland, n. (تشریح الاعضا) نزدرقیہ ، (غُدّہ)؛ ان چار چھوٹے غدود میں سے کوئی جو درقی غُدّہ کے قریب یا اس میں مجسم ہوتے ہیں اور خون میں موجود کیلسیم کو کنٹرول کرتے ہیں ۔

parathyroid, a. (غُدّہ)جارالدرقیہ ؛ نزدرقی ۔

paratrooper, n. چھتر سپاہی ؛ چھاتہ بردار سپاہی ؛ چھاتہ سپاہی ؛ ایسا سپاہی جسے لڑائی میں پیراشوٹ کے ذریعے ہوائی جہاز سے اُترنے کی تربیت دی گئی ہو ۔

paratroop, a. چھاتہ بردار ۔

paratroops, n. چھاتہ بردار فوج ۔

paratyphoid, n. (امراضیات) نقلی ٹائفائیڈ بخار ؛ خفیف محرقہ تپ ؛ شبہ محرقہ ؛ نقلی تپِ میعادی ؛ ایک متعدی جراثیمی مرض جس کی علامات ٹائفائیڈ بخار سے ملتی جلتی ہوتی ہیں ۔

paravane, n. چھترِ بر ؛ پیراوین ؛ ایک تارپیڈو کی شکل کی مشین جس میں بحری بارودی سرنگوں کی مہار کاٹنے کے لیے ضروری سازوسامان لگا ہوتا ہے ؛ ایک ایسی قسم کی مشین جس میں آبدوز کشتیوں پر حملہ کرنے کے لیے دھماکا خیز اشیا رکھی ہوتی ہیں ۔

parboil, v.t. قدرے اُبالنا ؛ نیم جوش کرنا ؛ جُزوی طور پر پکانا ۔ (بول چال) ناخوشگوار حد تک گرم کرنا ؛ بہت جوش دلا دینا ؛ بہت بھڑکا دینا ۔

parbuckle, n. گول پھندا ؛ ایک میکانی مفادی آلہ (کسی مخروطی شے کو سطح مائل یا عمودی سطح پر چڑھانے اُتارنے کے لیے) ، یہ آلہ ایک رسّے پر مشتمل ہوتا ہے جس کا پھندا ایک تھم کے اوپر ڈال دیتے ہیں اور اس کے دو آزاد سروں کو مخروطی شے کے چاروں طرف لپیٹ دیتے ہیں ؛ ایک قسم کا دہرا چھینکا/گوپھن جو رسّے کے ساتھ بنا ہوا ہو۔

parcel, n. پارسل ؛ ٹکڑی ؛ پرا ؛ بستہ ؛ پوٹلی ؛ مجمع ؛ ایک یا ایک سے زائد اشیا لپیٹی ہوئی یا کسی اور طرح پیک کی ہوئی ؛ گٹھر ؛ گٹھری ؛ صندوق ، سامان بھرا ہوا ؛ چیزوں کی ایک مقدار یا تعداد جو بیچنے کے لیے یکجا کی گئی ہو ؛ بڑی مقدار ، بڑی تعداد ؛مجموعہ ؛ گروہ ؛ کسی چیز کا ایک حصہ جو علیحدہ شمار کیا جائے (جیسے :a parcel of arable land) ؛ ٹکڑا ۔ (فعل متعدی) حصوں یا اجزا میں تقسیم کرنا (عموماً آخر میں out آتا ہے)؛ پارسل کے طور پر بنانا یا پیک کرنا ۔ (صفت) حصّہ ؛ جزو۔

parcel, adv. جزوی طور پر۔

parceling, parcelling, n. حصے بخرے ؛ چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کر کے بیچنے کا عمل (جیسے : a parcelling of land)۔

parcel post, n. پارسل ڈاک ؛ ڈاک خانہ کے نظام کا ایک محکمہ جو محدود سائز کے پارسل لے جاتا اور پہنچاتا ہے ۔

parcenary, n. دیکھیے : coparcenary ۔

parcener, n. دیکھیے : Coparcener ۔

parch, v.t. بُھوننا ؛ نیم بریاں کرنا ؛ سینکنا ؛ اُلانا ؛ اکورنا ؛ خشک کرنا ؛ گرمی/شدید سردی سے سکیڑنا یا خشک کرنا ؛ پیاس پیدا کرنا ؛ سکھا کر محفوظ کرنا ، جیسے مکئی یا مٹر۔(فعل لازم) بہت زیادہ خشک ہو جانا ؛ نمی کے نہ ہونے سے پیاس لگنا ۔

Parcheesi, parchesi, n. [اردو] پچیسی ؛ چوسر ، جو نشان زدہ تختے یا کپڑے پر کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے ۔

parchment, n. کمائی ہوئی چمڑی یا جھلّی ؛ چرمی کاغذ ؛ رَق؛ بھیڑوں ، بکروں ، میمنوں یا بچھڑوں کی کھال جسے اس طرح تیار کیا جائے کہ اس پر لکھا جا سکے ؛ اس قسم کی تیار کردہ کھال پر لکھا ہوا کوئی مسودہ ، دستاویز یا سند ؛ اس مواد سے مشابہ کاغذ ۔

pard, n. (عوامی) شریک ؛ ساتھی ۔

pardner, n. (عوامی) شریک ؛ دوست ۔

pardon, v.t. بخشنا ؛ نجات دینا ؛ در گزر کرنا ؛ معاف کرنا ؛ سزا سے مستثنیٰ کرنا ؛ کسی کی غلطی معاف کرنا ؛ کسی کی بدتمیزی پر درگزر کرنا ۔ (اسم) معافی ؛ کسی غلط عمل کے عواقب سے رہائی ؛ کسی خلاف ورزی یا سہو کے لیے برداشت ۔ (قانون) کسی تاوان کی معافی کے لیے سرکاری اجازت نامہ ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) گناہ کی بخشش ۔

pardonable, a. قابلِ معافی ؛ قابلِ در گُزر۔

pardonableness, n. عفو ؛ درگُزری ؛ معافی ۔

pardonably, adv. قابلِ عفو طور پر ؛ درگُزری سے ۔

pardoner, n. وہ شخص جو معاف کرتا ہے ؛ قرونِ وُسطیٰ کا ایک عام آدمی جو فیس وصول کر کے کلیسائی بخشیش عطا کرتا تھا ۔

pare, v.t. کاٹنا ، کُترنا ، چھانٹنا ؛ چِھیلنا ؛ تراشنا ؛ کسی شے کے غلاف/چھلکے کو کاٹنا یا چھیلنا (جیسے : to pare apples) ؛ کاٹنا یا کترنا (اکثر off یا away کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ بنانا سنوارنا ؛ جھالر وغیرہ لگانا ۔

paregoric, n. (طِب) افیون کا کافوری ٹنکچر جسے اسہال کی بیماری میں افاقے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک دوا جو کھانسی کے علاج میں استعمال ہوتی ہے ؛ ایک مسکن دوا جو درد سے نجات دلاتی ہے ۔

parenchyma, n. (نباتیات) اسفنجیہ ؛ ایک نسیج جو پتلی دیوار والے خلیوں سے مرکب ہوتی ہے ،جو عموماً غذا کو ذخیرہ کرتی ہے اور پھلوں ، گُودے اور پودوں کے نموئی حصوں میں موجود ہوتی ہے ۔ (حیوانیات) نچلے جانوروں کی ڈھیلی ڈھالی نسیج جس کے اندر شکمک نہیں ہوتا ، جیسے کیچوؤں میں ؛ مغز عضو۔

parenchymatous, parenchymal, a. مغز عضوی ؛ بافت اصلی سے متعلّق ۔

parenchymatously, adv. بافت اصلی کے طور پر ؛ مغز عضوی کے انداز میں ۔

parent, n., a. (حیاتیات) والد یا والدہ ؛ باپ یا ماں ؛ جدّاعلیٰ ؛ وہ پودا یا جانور جو بچے پیدا کرتا ہے ۔ (مجازاً) سبب ؛ وسیلہ ؛ بانی ، مخرج ، سرچشمہ ؛ اصل ؛ منبع ۔

parental, a. ماں یا باپ کا ، اس منبع سے متعلق ۔

parentage, n. سلسلۂ نسب ؛ نسل ؛ خاندان ؛ گھرانہ ؛ اسلاف ؛ پیدایش ؛ اصل ؛ والدین کا کردار اور ان کے حالات زندگی ؛ والدیت ۔

parental generation, n. (جینیات) توارثی نسل ؛ دوغلی نسل پیدا کرنے کے لیے منتخب کردہ نسلیں ۔

parent company, n. (مالیات)بانی کمپنی ؛ ایک منظم کمپنی جو کسی دوسری کمپنی یا کمپنیوں کے ضابط حصص کی مالک ہوتی ہے ؛ قابض کمپنی سے ممتاز۔

parenteral, a. (طِب) غیر امعائی ؛ آنت کے ذریعے یا اس کے اندر سے نہیں بلکہ حلقۂ ہضم کے ذریعے کے سوا کسی اور راستے سے دیا گیا ۔

parenterally, adv. غیر امعائی طور پر۔

parenthesis, n. جملۂ معترضہ ؛ ایک تشریحی یا مشروط تبصرہ جسے کسی عبارت کے درمیان اس طرح داخل کر دیا جائے کہ قواعد کے مطابق اس کا کوئی تعلق اس عبارت سے نہ ہو ، عموماً قوسین یا واوین یا لمبی سی لکیر کے نشانات اس کے دونوں طرف ہوتے ہیں ؛ خطوط وحدانی/بریکٹ جنھیں چھاپہ خانے والے یا مصنفین مجموعۃً یا الگ الگ ایک جملۂ معترضہ کی حدبندی کے لیے یا ریاضیات یا منطق میں ایک علامتی اکائی کی نشان دہی کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

parenthesize, v.t. کسی تبصرے کو ایک جُملۂ معترضہ کی طرح داخل کرنا ؛ جملۂ معترضہ کے نشانات کے درمیان رکھنا ؛ جملۂ معترضہ کو بیچ میں ڈالنا ؛ قوسین میں لکھنا ۔

parenthood, n. والدیت ؛ والد یا والدہ کا تعلّق ، حقوق یا ذمہ داریاں ۔

paresis, n. (امراضیات) استرخا ؛ جزوی فالج ؛ نامکمل فالج جو حرکت پر اثر انداز ہوتا ہے مگر حسّیت پر نہیں ہوتا ۔

paresthesia, paraesthesia, n. (فعلیات) لمسِ کاذب ؛ ایک از خود

غیر معمولی حسّیت ، جیسے سنسناہٹ یا خارش ، جلن یا بے حسی ۔

paresthetic, a. لمسِ کاذب سے متعلق ۔

pareu, n. لاوا ۔

pareve, parve, a. (صیہونیت) پاروے ؛ وہ کھانا جس میں نہ گوشت ہو نہ دودھ ہو اور نہ ان سے ماخوذ کوئی چیز ہو اور غذائی قانون کے تحت انھیں گوشت اور دودھ سے بنی ہوئی اشیا دونوں کے ساتھ کھانے کی اجازت ہو ۔

par excellence, adv., a. برترقدر کے ساتھ ؛ اعلیٰ امتیاز کے ساتھ ؛ نفیس ترین ؛ اُتم ۔

parfait, n. ایک میٹھا کھانا جسے پھینٹے ہوئے انڈوں اور پھینٹی ہوئی بالائی/کریم میں شکر ، خوشبو اور ذائقے کا جوہر ڈال کر اسے برف میں جما کر تیار کرتے ہیں ؛ ایک امریکی آئس کریم جسے آئس کریم ، پھلوں یا کسی اور پُرذائقہ چٹنی اور پھینٹی ہوئی کریم کی تہیں لگا کر بنایا جاتا ہے ۔

parfleche, n. ادھوڑی کھال ،بالخصوص بھینس کی ، جسے ایک چوکھٹے میں کھینچ کر پھیلا دیا جاتا ہے اور پانی اور سوڈا کاسٹک کی لئی میں بھگو کر بال دور کرنے کے بعد سکھا لیا جاتا ہے ؛ اس قسم کی کھال سے بنی ہوئی کوئی چیز ۔

parget, v.t. قلعی استر ، رنگ و روغن ، پلاسٹر یا پارگٹ سے ڈھکنا ؛ پلاسٹر کے کام سے آراستہ کرنا ۔ (اسم) پلاسٹر یا کھردُری تہ جسے دیوار کو ڈھانکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ استر ؛ ایک قسم کا گارا جو چونے ، گائے کے اوپلوں اور بالو ریت کو ملا کر بنایا جاتا ہے اور چمنیوں پر استر کاری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ جپسم/سنگ گچ ؛ پلاسٹک کا کام سامنے کے حصے کو مزین کرنے بالخصوص عمارت کی بیرونی دیواروں پر ابھرے ہونے اور گہرے نقش و نگار سنوارنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔ نیز : pargeting, pargetting ۔

parhelic circle, parhelic ring, n. (موسمیات) دروں شمسی حلقہ ؛ ایک درخشاں پٹی جو سورج میں سے گزرتی ہے اور اس افق کے متوازی ہوتی ہے جو فضا میں برفانی منشوروں کے انعکاسات کا نتیجہ ہوتی ہے ۔

parhelion, sundog, n. سراچۂ شمسی ؛ آفتاب کاذب ؛ نقلی سورج ؛ شمسی ہالہ پر ایک گول روشن نقطہ ؛ ایک نقلی سورج جو عموماً ایسے ہی ایک یا ایک سے زائد نقطوں پر مشتمل ہوتا ہے اور سورج کے مخالف اطراف میں پایا جاتا ہے اور اس کے ساتھ مزید درخشاں قوس اور بند ہوتے ہیں ۔ بمقابلہ : paraselene ۔

parheliacal, parhelic, a. سراچۂ شمسی سے متعلق ۔

pariah, n. [تامل : ذات باہر] پَریا ؛ جنوبی ہند اور برما کے نیچ ذاتوں میں سے کوئی ایک ۔ (مجازاً) وہ شخص جو معاشرہ میں نفرت زدہ/مردود ہو ؛ شودر ؛ اچھوت ۔

Parian, a. پارین ؛ بحیرہ ایجیئن کے جزیرہ پاروس سے متعلق یا اس اعلیٰ درجے کے نفیس سنگ مرمر سے متعلق جو وہاں اصلاً پیدا ہوا ۔ (اسم) برتنوں کے بنانے میں کام آنے والی مٹی جو اس سنگ مرمر کے مشابہ ہوتی ہے اور جس سے غیر مجلاّ مجسمے اور ظروف بنائے جاتے ہیں ۔ نیز : Parian ware – پاروس سے آیا ہوا کوئی شخص یا وہاں کا باشندہ ۔

paries, n. (حیاتیات) جدار ؛ دیوار ، جیسے کسی مجوف/اندر سے خالی عضو کی ۔

parietal, a. (تشریح الاعضا) کھوپڑی کے بالائی اور اطرافی حصے کو تشکیل دینے والی ہڈیوں کے جوڑ سے متعلق ؛ مجوّفِ اعضا کی جداروں یا تشکیلی دیواروں سے متعلق ۔ (نباتیات) تخم دانی کی دیوار سے منسلک بندھن کے حوالے سے ، جس کا اطلاق عموماً بعض مخصوص پودوں کے بیضک یا آنول پر ہوتا ہے ؛ ان لوگوں یا ان پر اقتدار رکھنے والوں سے متعلق جو کسی کالج کی عمارت یا اس کی چار دیواری کے اندر ہوں ۔ (اسم) جداری اشیا یا اعضا ۔ (جمع) صنف مخالف کے مہمانوں سے متعلق ضوابط ۔

parietal bone, parietal, n. (تشریح الاعضا) جداری ؛ حائطی یا چندیا کی ہڈی ؛ ان دو ہڈیوں میں سے کوئی ایک جو کھوپڑی کے اس حصے کی تشکیل کرتی ہیں جو دماغ کو چاروں طرف سے بند کرتی ہیں ۔

pari-mutuel, n. باہم شرطانہ ؛ گُھڑ دوڑ پر شرط لگانے کا ایک طریق کار جس میں وہ لوگ جو جیتنے والے گھوڑوں پر بولی لگاتے ہیں ، وہ اس کل رقم کو ، جو شرط میں لگائی جاتی ہے ، ہر شخص کی لگائی ہوئی شرط کے تناسب سے ، آپس میں تقسیم کر لیتے ہیں اور صرف ایک تھوڑی سی فی صد رقم دوڑ کا انتظام کرنے والوں کے لیے کم کر دی جاتی ہے ؛ ایک برقی مشین جو اس قسم کے نظام کی شرائط کو ریکارڈ کرتی ہے اور پھر حساب لگا کر متناسب حصص تفویض کرتی ہے ۔

paring, n. تراش ؛ کُترن؛ چھیلن ؛ کاٹن ؛ چھانٹی ؛ چھیلنے کا عمل ؛ چھیل کر الگ کیا ہوا ٹُکڑا یا قتلہ (جیسے : a potato paring) ۔

Paris green, n. ایک کیڑے مار دوا ؛ صبغہ اور لکڑی کو محفوظ کرنے کا ایک مادّہ جسے تانبے کے زنگار اور آرسنک ٹرائی آکسائیڈ سے اخذ کیا جاتا ہے ۔

parish, n. (کلیسیات) پادری کا حلقہ/علاقہ ؛ گرجا کا مذہبی اجتماع ؛ کسی مخصوص گرجا کو تفویض شدہ جغرافیائی علاقہ ؛ ریاست لوزیانا میں ایک کاؤنٹی/صوبہ ۔ (برطانوی) ایک شہری یا انتظامی حدبندی جو اصلاً کلیسائی حدود تھیں ؛ محلہ ؛ ٹولا ؛ ٹپّا ؛ پاڑا ؛ بستی ۔

parishioner, n. کلیسائی حلقے کا رہنے والا شخص ۔

parity, n. مساوات مبادلہ ؛ مساوات ، جیسے مقدار ، رتبہ یا نوعیت میں ؛ معادلت ؛ تطابق ؛ تشابُہ یا تماثل ۔ (مالیات) کسی دوسرے مُلک کے سکّے میں ہم قدری ؛ مختلف دھاتوں کے سِکّوں کے درمیان ایک مقررہ نسبت پر مساوات قدر ۔ (معاشیات) ریاستہائے متحدہ امریکا میں زرعی اجناس کی قیمتوں کو منضبط کرنے کا ایک نظام تاکہ کسانوں کو اس قوت خرید کے مساوی قوت خرید دی جا سکے جو انھیں اگست ۱۹۰۹ء اور جولائی ۱۹۱۴ء کے درمیانی عرصے میں حاصل تھی ۔

parity, n. (دایہ گیری) بچہ زئی ؛ بچہ پیدا کر چکنے کی حالت یا کیفیت ۔

park, n. چراگاہ ؛ شکار گاہ ؛ رمنا ؛ تفریح گاہ ؛ پارک ؛ چوک ؛ عوامی تفریح یا قدرتی وسائل کے تحفظ کے لیے کسی

رقبۂ زمین کا مختص کیا ہوا علاقہ ، عموماً کسی سرکاری کنٹرول کے تحت ؛ کوئی اسٹیڈیم/بازی گاہ یا میدان تفریح ۔ (عسکری) ایک میدان جہاں فوجی گاڑیوں اور اسلحے کی مرمت کی جاتی ہے اور انہیں ذخیرہ کیا جاتا ہے ۔ (برطانوی) ایک احاطہ بند قطعۂ زمین جہاں جنگلی جانوروں کو شکار کے لیے رکھّا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) کسی جگہ عارضی طور پر رکھنا (جیسے : to park a car) ؛ احاطہ بند کرنا ، جیسے پارکوں میں ؛ جمع کرنا اور باہم ترتیب دینا ، جیسے فوجی رسد یا توپ خانے کو ۔ (عوامی) رکھنا یا دست بردار ہونا یا چھوڑ دینا (جیسے : He parked his belongings in the corner) ۔ (فعل لازم) کسی گاڑی کو بغیر ڈرائیور کھڑا رکھنا ۔ (عوامی) کسی کھڑی ہوئی کار کے اندر بوس و کنار کرنا ۔

parker, گاڑی کھڑی کرنے والا شخص ۔

parka, n. [روسی] پارکا ؛ سرپوش دار پوستینی لبادہ جس کی تراش ایک قمیص جیسی ہو ، اسے شمال مشرقی ایشیا اور الاسکا میں پہنا جاتا ہے ؛ اسی طرح کا سلا ہواکوئی کوٹ جو کھلاڑیوں کے ملبوس یا انتہائی سرد علاقوں میں بطور فوجی لباس استعمال ہوتا ہے ۔

parking lot, n. گاڑی احاطہ ؛ موٹر چوک ؛ وہ رقبہ جو گھروں کے باہر موٹر گاڑیوں کو پارک/کھڑا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

parking orbit, n. زمینی مدار ؛ زمین کے گرد خلائی گاڑی کا ابتدائی مدار یا مدارات ، جس کے بعد بوسٹر راکٹ چلا کر اسے بیرونی خلا میں بھیج دیا جاتا ہے ۔

parkinsonism, n. (امراضیات) پارکنسنیت ؛ پارکنسن بیماری ؛ اعصابی بگاڑوں کا ایک گروہ بشمول مرض پارکنسن ، جو ایک ہی طرح کی علامات رکھتے ہیں ۔

Parkinson's disease, n. (امراضیات) مرض پارکنسن ؛ فالج کی ایک بتدریج بڑھتی ہوئی صورت جس کی نمایاں علامات عضلات میں لچک کا ضیاع ، رعشہ اور متزلزل چال ہوتی ہیں ۔

parkway, n. ایک چوڑی شاہراہ (درختوں اور جھاڑیوں کے ساتھ آراستہ) ؛ کسی پارک میں سے گاڑی کا راستہ ؛ گاڑی راستہ ۔

parlance, n. گفتگو ؛ کلام ؛ محاورہ ؛ روزمرہ ؛ اسلوب گفتگو ؛ زبان ؛ بات چیت ؛ تقریر ؛ کسی خاص طبقے کی زبان ؛ مخصوص بولی ؛ بولنے کا ایک ڈھنگ یا محاورہ (جیسے : military parlance) ۔

parlando, a. (موسیقی) بولنے یا خطابت کے انداز میں گایا ہوا ۔

parlay, v.t., v.i. پارلے شرط لگانا ؛ کسی ایک دوڑ یا مقابلے پر شرط لگانا ، جس سے جیتی ہوئی رقمیں اگر ملیں تو انھیں کسی بعد کے مقابلے پر لگا دینا ؛ افادیتی انداز میں استحصال کرنا ، جیسے اپنی صلاحیتوں کا ۔ (اسم) پارلے طرز کی شرط ۔

parley, v.i. جواب و سوال کرنا ؛ بات چیت کرنا ؛ صلح کی گفتگو کرنا ؛ مشورہ کرنا ؛ کسی شخص سے باہمی دلچسپی کے مسئلے پر مشورہ یا گفتگو کرنا ؛ دشمن سے مذاکرات کرنا ، جیسے قیدیوں کے تبادلے ، جنگ کے اختتام یا کسی دوسرے قابل گفت و شنید معاملے پر ۔ (اسم) باہمی بحث و تمحیص یا گفتگو ؛ کسی دشمن سے کانفرنس ، جیسے دوران جنگ میں ۔

parliament, n. (عموماً بڑے P سے) پارلیمان ؛ قومی مجلس ، مختاران رعایا ؛ مجلس قانون ساز ؛ پارلیمنٹ ؛ مجلس مقننہ ؛ برطانیہ کی مجلس قانون ساز جو دارالامرا اور دارالعوام سے مرکب ہوتی ہے ؛ برطانوی دولت مشترکہ کی کسی اور ایسی ہی مجلس قانون ساز کو بھی اسی نام سے موسوم کیا جاتا ہے ؛ ایک قانون ساز اسمبلی یا مجلس ، بالخصوص وہ جس کے مختلف ایوان ہوں ۔ (فرانسیسی تاریخ) انقلاب سے قبل متعدد عدالتہائے عالیہ میں سے کوئی ایک ؛ عوامی یا قومی معاملات پر مشاورت کے لیے کوئی جلسہ یا مجلس ۔

parliamentarian, n. ماہر پارلیمانی امور ؛ وہ شخص جو پارلیمنٹ کے طریق کار یا مباحثہ کا ماہر ہو ؛ رکن پارلیمان ۔ (عموماً بڑے P سے) (انگریزی تاریخ) چارلس اول کی مخالفت میں پارلیمنٹ کا حامی ۔

parliamentarianism, parliamentary government, n. پارلیمانی اُصول حکومت ؛ انگلستان میں قائم شدہ حکومت کا وہ اُصول جو اس امر کی ضمانت دیتا ہے کہ وزیراعظم اور اس کی کابینہ کا اقتدار مجلس قانون ساز کی اکثریت کی منظوری پر منحصر ہے ؛ پارلیمانیت ۔

parliamentary, a. پارلیمانی ؛ کسی پارلیمنٹ یا اس کے ارکان کا یا ان سے متعلق ؛ کسی پارلیمنٹ کا بنایا ہوا ۔ (قانون) یا قائم کی ہوئی (کوئی شے) (جیسے : parliamentary statutes) ؛ کسی پارلیمنٹ کی موجودگی سے مختص کیا ہوا ؛ پارلیمنٹوں یا مشاورتی جماعتوں کے قواعد اور روایات کے مطابق ۔

parliamentary procedure, n. پارلیمانی طریق کار ؛ وہ قواعد و ضوابط جن سے پارلیمنٹ یا دوسری مشاورتی مجالس کی کارروائیاں عمل میں آتی ہیں ۔

parlor, Brit. parlour, n. اُطاق ؛ دیوان خانہ ؛ نشست گاہ ؛ بیٹھک ؛ ملاقات کا کمرہ ؛ پارلر ؛ وہ کمرہ جس میں مہمانوں کا استقبال کیا جاتا ہے اور ان کی تواضع کی جاتی ہے ؛ روزانہ کی نشست و برخاست کا کمرہ ؛ کسی ہوٹل یا کلب میں ایک ایسا کمرہ جسے مشاورتی جلسوں یا نجی استقبالیوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہو ؛ وہ کمرہ جسے کاروبار یا پیشہ ورانہ استعمال کے لیے سازوسامان سے آراستہ کیا گیا ہو (جیسے : beauty parlor/parlour) ۔

parlor car, Brit. parlour car, n. پارلر کار ؛ ریلوے کی ایک زائد کرایہ کی کار جس میں آرام دہ انفرادی کرسیاں دن کے سفر کے لیے مہیا کی جاتی ہیں ۔

parlormaid, n. ایک ملازمہ جسے نشست گاہ کی دیکھ بھال کرنے ، مہمانوں کی حاضر باشی اور دوسرے متعلقہ فرائض انجام دینے کے لیے رکھا جاتا ہے ۔

parlous, a. (قدیم) خطرناک یا خوفناک ؛ چالاک یا ہوشیار ۔ (متعلّق فعل) انتہا سے بڑھ کر ۔

parlously, adv. انتہائی طور پر ۔

Parmesan, n. (طبّاخی) پنیر کی ایک قسم جو اصلاً اٹلی کے شہر پارما میں بنایا گیا تھا ، وہ اکثر مسام دار ہوتا ہے اور اسپیگٹی سویّوں اور بعض مخصوص شوربوں/یخنیوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

parochial, a. مقامی ؛ علاقائی ؛ ایک پَیرِش/کلیسائی حلقہ سے متعلق ؛ کسی پَیرِش کے ساتھ محدود ؛ حد یا وسعت میں محدود ؛

تنگ ۔

parochially, adv. مقامی طور پر ؛ محدود انداز میں ؛ کلیسائی حلقے کی طرف سے ؛ کلیسائی حلقے کے لحاظ سے ۔

parochialism, n. مقامیت ؛ علاقائی عصبیت ؛ تنگ نظری ؛ علاقائیت ؛ علاقائی ہونے کی حالت ؛ ذہن کی تنگی ۔

parochial school, n. پیرش اسکول ؛ ایک ابتدائی یا ثانوی اسکول جس کی کفالت کوئی پَیرش/حلقہ کرتا ہو اور جس میں دینی اور دُنیوی تعلیم کو مربوط کیا گیا ہو۔

parody, n. تضمین ؛ ایسی تظہیر جس سے اصل معنی بدل جائیں ؛ چربہ ؛ مضحکہ ؛ پیروڈی ؛ مضحکہ خیز نقالی ؛ ایک ادبی انشائیہ یا نظم جس میں سنجیدہ تحریروں کے طرز بیان اور اظہار خیال کی نقل پوری مطابقت کے ساتھ اُتاری جائے مگر اسے ایک مُضحک مضمون یا مزاحیہ انداز میں پیش کیا جائے ؛ سنجیدہ نظم کی مضحکہ خیز نقّالی ؛ ایک حقیر نقّالی ؛ ایک بگاڑی ہوئی شکل ۔(فعل متعدی) نقّالی کرنا ؛ پیروڈی کرنا ۔

parodic, a. مضحکہ خیز۔

parodist, n. پیروڈی کرنے والا ؛ نقل کرنے والا ۔

parol, n. (قانون) زبانی بیان ؛ مُنھ کا قول ؛ کسی مقدمے میں فریقین کے بیانات ۔ (صفت) زبانی ۔

parole, n. کسی قیدی کا اپنی مُدّت سزا پوری کرنے سے قبل عدالت کی نگرانی میں اس شرط پر رہا کیا جانا کہ آئندہ اس کا رویہ اچھا رہے گا ؛ قولی رہائی ؛ مشروط رہائی ؛ پیرول کی مُدّت ۔ (عسکری) کسی جنگی قیدی کا یہ عہد کہ اگر اسے پیرول پر رہائی دے دی گئی تو وہ نہ تو فرار ہوگا اور نہ گرفتار کُنندگان کے خلاف کسی قسم کی خدمت انجام دے گا ۔ (فعل متعدی) پیرول پر رہا کرنا ۔ (صفت) پیرول پر رہا ہونے والے کے بارے میں یا اُس سے متعلق ۔

paronomasia, n. (علمِ بیان) تجنیس ؛ ذومعنین ؛ الفاظ کا کھیل ؛ ایہام گوئی ؛ رعایت لفظی ۔

paronomastic, a. رعایتِ لفظی سے متعلق ۔

paronomastically, adv. رعایتِ لفظی کے انداز میں ۔

paronym, n. متجانس ؛ ہم تلفظ ؛ ایک لفظ جو کسی دوسرے سے مشتق ہو یا اس سے تعلق رکھتا ہو ؛ ایک مشتق یا متجانس لفظ ؛ کسی ایک زبان کی شکل کسی دوسری زبان کے لفظ کے لیے ، جیسے انگریزی میں canal لاطینی لفظ canalis کے لیے ۔

paronymous, a متجانس ؛ ہم تلفُظ ؛ وہ لفظ جس کا مشتق ویسا ہی ہو جیسا متعلقہ الفاظ کا اصل زبان میں یا جیسے کسی دوسری زبان کے لفظ سے بہت خفیف سی تبدیلی یا بغیر کسی تبدیلی کے مشتق کیا گیا ہو۔

paronymy, n. تجنیس ؛ کسی ایک زبان کے لفظ کا کسی دوسری زبان میں انتقال (شکل کی بہت خفیف سی تبدیلی یا بغیر کِسی تبدیلی کے) ۔

parotid gland, n. (تشریح الاعضا) ان دو لُعابی غدود میں سے کوئی ایک جو چہرے کے دونوں طرف ہر کان کے مقابل واقع ہوتے ہیں ۔

parotid, a. لعابی غدّہ کا یا اُس سے متعلّق ۔

parotiditis, parotitis, n. (امراضیات) لعابی غدّہ کی سوزش ؛ کن پھڑے ؛ کن پیڑے ؛ گل سوا ۔

parotitic, a. کن پیڑے کا ؛ گلسوئی ۔

Parousia, n. مسیح کی دوسری آمد ؛ ثانی ورودِ عیسیٰ ۔

paroxysm, n. دورہ ؛ باری ؛ بحران ؛ جوشِ فراواں یا جوش و جذبے کا اچانک ہیجان ۔ (امراضیات) کسی مرض یا علامتِ مرض کا شدید حملہ یا اس میں شِدّت ، بالخصوص وہ جس کی تکرار باقاعدگی کے ساتھ ہوتی ہو ، جیسے لرزہ ؛ نوبت ؛ تشنُج ۔

paroxysmal, a. تشنجی ؛ نوبتی ؛ دورے کا ، دورے کا سا ۔

paroxytone, a. (گرامر) ایک ایسے لفظ کی خصوصیت رکھنے والا جس میں ماقبل آخر رُکن تہجیّ پر شدید تاکید ہو ۔ (اسم) ایسا لفظ ۔

parquet, n. چوبی فرش ؛ لکڑی کے سامان سے بنا ہوا فرش ؛ کسی تھیٹر کا وہ خاص فرش جو آرکسٹرا کی نچان سے لے کر پیچھے کی طرف پھیلا ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) لکڑی کے سامان سے تعمیر کرنا جیسے کوئی فرش ۔

parquet circle, n. فرشی حلقہ ؛ کسی تھیٹر یا آپیرا ہاؤس کے خاص فرش کے پیچھے کی نشستیں ، بالخصوص وہ جو بالکنیوں/برآمدوں کے نیچے ہوتی ہیں ۔

parquetry, n. لکڑی سے بنایا ہوا پچی کاری کا کام ، جو عموماً اقلیدسی نمونوں میں ہوتا ہے اور جسے فرش کی تعمیر یا کسی تختہ بندی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

parr, n. چھوٹی عمر کی سالمن مچھلی ، نمکین پانی میں ہجرت سے قبل ؛ متعدد اقسام کی مچھلیوں کے چھوٹے بچے ، جیسے کاڈ مچھلی ۔

parrakeet, n. دیکھیے : Parakeet ۔

parricide, n. والدین کُشی ؛ والدین میں سے کسی ایک کا یا کسی قریبی رشتہ دار کا قتل ؛ وہ شخص جو اپنے باپ یا ماں کو قتل کرے ۔

Parricidal, a. والدین کُشانہ ؛ پدر یا مادر کُشی سے متعلق یا وابستہ یا اس میں ملّوث ۔

parrot, n. طوطا ؛ چڑیوں کی ان بہت سی انواع میں سے کوئی ایک جن کا تعلق جنس طوطیا (Psittaciformes) ، سے ہے جس میں پیراکیت (parakeet) طائر عشق /افریقی طوطا ، کاکیٹو/کلغی دار طوطا ، میکا/امریکی طوطا اور دیگر ایسی چڑیاں شامل ہیں جن کی خصوصیات خوب موٹی تازی ہُک نما چونچ ، دو انگوٹھے سامنے اور دو پیچھے اور چمک دار پر ہوتے ہیں ، ان میں سے کُچھ کو پنجروں میں رکھا جاتا ہے کیونکہ ان میں انسانی آواز کی نقل اُتارنے کی قابلیت ہوتی ہے ۔ (مجازاً) وہ شخص جو سنی ہوئی بات کو بغیر اُس کا مطلب سمجھے اپنے حافظے سے دُہرا دیتا ہے ۔ (فعل متعدی) طوطے کی طرح تکرار کرنا ؛ رٹی ہوئی بات دُہرانا ۔

parrotlike, parroty, a. طوطے کی طرح ؛ طوطی کی مانند ؛ طوطی وار ؛ طوطی وش ۔

parrot fever, Psittacosis, parrot disease, n. دیکھیے : ornithosis ۔

parrotfish, n. طوطا مچھلی ؛ گرم علاقوں کی متعدد مختلف اقسام کی مچھلیوں میں سے کوئی ایک جو چمک دار رنگوں کی ہوتی ہیں اور ان کے دانت باہم جُڑ کر چونچ نما ساخت کے بن جاتے ہیں ۔

parry, v.t. لیت و لعل کرنا ؛ دُور کرنا ، دفع کرنا ؛ ردّ کرنا ؛ وار خالی دینا ؛ وار روکنا ؛ ٹال مٹول کرنا ؛ کترانا ؛ کسی چیز کی ضرب یا ہتھیار کے وار سے ایک طرف مُڑ جانا ؛ پہلو تہی کرنا ۔ (فعل لازم) کسی ضرب یا وار سے بچ نکلنا ۔

parry, n. لیت و لعل ؛ گریز ، بالخصوص زبانی ؛ وار بچانے کی ایک دفاعی حرکت جو تیغ بازی میں کی جائے ۔

parse, v.t. (گرامر) تصریف کرنا ؛ قواعد کی رو سے تجزیہ یا تشریح کرنا ۔ (فعل لازم) (گرامر) اُن متعدد اجزائے کلام کو ظاہر کرنا جن سے کوئی جملہ ترکیب پاتا ہے اور ان اجزا کے باہم تعلق کا مطابقت کے ساتھ اظہار کرنا ۔

parsec, n. (فلکیات) پرسیک ؛ اُس فاصلے کی اکائی جو قوس کے ایک ثانیہ کے شمس مرکزی اختلافِ منظر سے مطابقت رکھتا ہے اور جو زمین سے سورج کے فاصلے کے تقریباً دو لاکھ گنا فاصلے کے برابر ہے یا تقریباً سوا تین نُوری سال کے مساوی ہے ۔

parsimony, n. جُزرسی ؛ کنجوسی ؛ بُخل ، کفایت ؛ روپے پیسے کے استعمال یا خرچ میں انتہائی بُخل ؛ انتہائی کفایت ؛ خِسّت ؛ خساست ؛ شُومی ؛ تنگ دِلی ؛ بخیلی ۔

parsimonious, a. خسیس ؛ شُوم ؛ بخیل ؛ کنجوس ؛ مُمسک ؛ تنگ چشم ؛ جز رس ؛ کفایت شعار ۔

parsimoniously, adv. خِسّت سے ؛ بخیلی سے ؛ کنجوسی کے طور پر ؛ کفایت شعارانہ ۔

parsimoniousness, n. خسیسیّت ؛ بُخل ؛ کنجوسی ؛ خسیسی ؛ جزرسی ۔

parsley, n. کرفس ؛ اجمود ؛ اجوائن خراسانی ؛ ایک مشہور جڑی بوٹی Petroselinum Crispum اجوائن خراسانی، خاندان Umbelliferae جسے اپنے پتّوں کے لیے بڑے پیمانے پر کاشت کیا جاتا ہے ، یہ پتے اکثر ممالک میں کھانوں پر سجانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں ۔

parsley, a. اجوائن کے پتّوں سے سجایا ہوا ۔

parsnip, n. ایک قسم کی گاجر ؛ ایک جڑی بوٹیوں کے گروہ کا یورپی ششماہی پودا Pastinaca sativa جسے امریکا میں کاشت کر کے مُلکی بنا لیا گیا ہے ، اس کے بڑے بڑے گوشک دار پتے ، زردی مائل سبز پُھول ، چھتر نما شکل میں پیدا ہوتے ہیں اور خوردنی موٹی سفید آصل جڑ ہوتی ہے ؛ اس پودے کی جڑ ۔

parson, n. پارسن ؛ علاقہ دار پادری ؛ وہ شخص جس کے پاس کلیسائی علاقے کا چارج ہوتا ہے ؛ ایک پادری ، عامِل یا واعِظ ۔

parsonage, n. پارسن کی سرکاری رہایش گاہ ۔

parsonic, parsonical, a. پادری کا ؛ پادریانہ ؛ پادرہائی ۔

part, n. حصّہ ؛ جُزو ؛ پارہ ؛ انگ ؛ ٹکڑا ؛ پُرزہ ؛ کل کا حصہ یا منقسمہ ، جو حقیقت میں یا خیال میں جُدا ہوتا ہے ؛ فصل ؛ ریزہ ؛ ایک جُزوِ ترکیبی ؛ ایک اساسی یا لازمی ٹکڑا یا عنصر (جیسے : She had become a part of his life) ؛ کسی حیوانی جسم کا ایک حصّہ ، رُکن یا عضو ؛ کسی ناول ، ڈرامہ یا نظم کا منقسم حصہ ؛ ایک مفوضہ ٹکڑا ، ایک حصہ ، کسی کل کے متعدد مساوی ٹکڑوں میں سے کوئی ایک ۔ (ریاضی) ایک عاد حصہ ۔ (عموماً جمع) ایک خطّہ ، محلہ ، ضلع ؛ ذاتی یا ذہنی جبلّی صلاحیت یا قابلیت (جیسے : a man of parts) ؛ وہ شخص جس میں ذاتی و ذہنی صلاحیتیں موجود ہوں ؛ کسی مقابلے ، تنازع یا جھگڑے کے اقرار نامے کے فریقین یا جانبین میں سے کوئی ایک ؛ سر کے بالوں کو دو حصوں میں منقسم کرنے سے درمیان سے تقسیم کرنے والی مانگ ؛ مشین کا جزوِ ترکیبی یا کوئی مُمتاز پُرزہ یا رُکن ، خواہ اسے مشین سازی کے دوران شامل کیا گیا ہو یا اس کا استعمال بطور متبادل کے ہو رہا ہو ۔ (موسیقی) ہم آہنگ موسیقی میں آوازوں اور سازوں میں سے کوئی ایک ؛ نغمہ یا اس کے لیے تحریری ہدایات ؛ کسی چیز میں اشتراکِ عمل ، دلچسپی یا تعلق خاطر ؛ کسی عمل میں کسی شخص کا حصہ ؛ فرض ، وظیفہ یا عہدہ ؛ شِرکت ؛ خدمت ؛ کار مفوضہ ؛ کردار (کسی ڈرامہ یا حقیقی زندگی میں آخر تک نبھایا ہوا) ؛ اس قسم کے کردار کے لیے کسی اداکار کو سپرد کیے گئے الفاظ یا سطریں ۔

for one's part, جس حد تک کہ کسی کا تعلق ہے ۔

for the most part, بیشتر ؛ اکثر ؛ جہاں تک کہ سب سے بڑے حصہ کا تعلق ہے ؛ زیادہ تر ۔

in good part, بغیر ناراضگی کے ؛ خوش مزاجی کے ساتھ ۔

in part, کسی حد تک ۔

part and parcel, ایک ضُروری/اساسی حِصّہ (تاکیداً استعمال کیا جاتا ہے)۔

take one's part, تائید کرنا ؛ طرف داری کرنا ۔

take part, شریک ہونا ۔

part, v.t. حصّے بخرے کرنا ؛ الگ کرنا ، جدا کرنا ، چھوڑنا ؛ حصّوں میں تقسیم کر دینا ؛ توڑنا ؛ شق کرنا ؛ بالوں میں کنگھا کر کے مانگ نکالنا ؛ حصوں ، چیزوں یا اشخاص کو جدا کر کے کسی تعلق یا واسطے کو ختم کر دینا (جیسے : to part company) ؛ ساتھ چھوڑ دینا ؛ حصوں میں بانٹنا ؛ الگ الگ کرنا یا رکھنا ۔ جدا کرنا (جیسے : to part players in a scuffle) ؛ مخلوط اشیا کو مشینی یا کیمیائی ذرائع سے الگ الگ کرنا ۔ (فعل لازم) حصوں میں تقسیم ہونا یا منقسم ہو جانا ؛ الگ الگ آنا یا جانا ؛ جدا ہونا ، جیسے دو یا زائد اشیا کا ؛ ایک دوسرے سے الگ ہو جانا ، جیسے اشخاص کا ؛ کسی اور چیز سے جُدا ہو جانا (عموماً بعد میں from آتا ہے) ؛ چلا جانا یا روانہ ہونا ؛ بچھڑنا ؛ مرنا ۔ (متعلق فعل) جزوی طور پر ؛ حصوں میں ۔ (صفت) جزوی ۔

part with, چھوڑ دینا ؛ ترک کر دینا ۔

partake, v.i. شریک ہونا ؛ شرکت کرنا ؛ دوسروں کے ساتھ ایک جزو ، ٹکڑا یا حصہ لینا (of کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ ایک جزو یا حصہ کو رکھنا یا وصول کرنا ؛ شرکتِ عمل کرنا (in کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ کسی کی خصوصیت یا نوعیت کا کچھ حصہ رکھنا (آخر میں of آتا ہے) ۔ (فعل متعدی) حصہ لینا ؛ شریک ہونا ۔

partaker, n. حصہ لینے والا ؛ شریک ہونے والا ؛ شریک ؛ طرفدار ۔

parted, a. تقسیم شدہ ، جدا کیا ہوا ۔ (نباتیات) پتّے کی طرح حصّوں میں منقسم ؛ دریدہ ۔ (قدیم) متوفی ؛ مرحوم ؛ آنجہانی ۔

parterre, n. کیاری ؛ چمن ؛ پھول تختہ ؛ باغیچہ ؛ پھلواڑی ؛ پھولوں کی کیاریوں اور گُزرگاہوں کی آرایشی نمونہ کی ترتیب ؛ کسی تھیٹر میں بالکنی کے نیچے لکڑی کے تختوں کا جو فرش

ہوتا ہے ، اس کے عقب میں بڑے فرش کا ایک حصہ ۔

parthenocarpy, n. (نباتیات) بے تُخمی پھل ؛ کسی پَھل کی نشوونما ، بغیر بارآوری اور زیرگی کے ؛ اس قسم کا پھل اکثر بے تُخمی ہوتا ہے ؛ خود اثپار ۔

parthenocarpic, a. خود اثپاری ؛ بے تُخمی ۔

parthenocarpically, adv. خود اثپاری طور پر ؛ بے تخمی انداز میں ۔

parthenogenesis, virgin birth, n. (حیاتیات) خود زائی ؛ مصنوعی پیدایش ؛ باکرہ زائی ؛ انڈے کی نشوونما ، ایک نئے فرد کی شکل میں ، بغیر تخم کی بارآوری کے ، یہ غیر معمولی عمل ہے اور عموماً نچلے درجے کے پودوں اور غیر قشری جان داروں میں واقع ہوتا ہے ، بعض اوقات اسے کیمیائی ادویہ سے مصنوعی طور پر عمل میں لاتے ہیں ، جیسے مینڈک کے انڈوں میں ؛ غیر جنسی بارآوری سے مُمتاز ۔

parthenogenetic, a. خود زائی ۔

parthenogenetically, adv. خود زایانہ ۔

Parthenon, n. پارتھی نَون ؛ قدیم یونان میں عقل و دانش کی دیوی ایتنھز کا مَعبد جو ایتھنز کے بالا حصار پر واقع تھا اور جس کی تعمیر ۴۳۸ قبل مسیح میں مکمل ہوئی تھی ، اسے پرانے ڈورک (Doric) فن تعمیر کی بہترین مثال سمجھا جاتا ہے ۔

Parthian, a. پارتھیائی ؛ پارتھیا کے متعلق جو مغربی ایشیا کی ایک قدیم سلطنت بحیرۂ خزر کے جنوب میں تھی یا اس سلطنت کے باشندوں کے متعلق ۔ (اسم) پارتھیا کا ایک دیسی یا باشندہ ؛ ایک قدیم ایرانی زبان ۔

par-three, a. سہ ضربی ؛ گالف کھیلنے کے ایسے چھوٹے سے میدان کا مظہر یا اس کے متعلق جس میں کسی ایک سوراخ کے لیے فاصلہ تین ضربوں سے زیادہ نہیں ہوتا ، سوراخوں کا فاصلہ گزوں میں تقریباً ۱۵۰ گز کے اوسط سے ہوتا ہے ۔ (اسم) ایسا کوئی میدان ؛ سہ ضربی میدان ۔

partial, a. جُزوی ؛ ادھورا ؛ تھوڑا ؛ قدرے ؛ کم ؛ جانبدار ؛ صرف ایک حصہ پر موثر ؛ جو مکمل یا کُل نہ ہو ؛ کسی ایک جانب کے حق میں متعصب ؛ کسی کا مشتاق (عموماً to کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (نباتیات) ذیلی (جیسے : partial umbel) ۔

partially, adv. جانب دارانہ ؛ پاسدارانہ ؛ فی الجملہ ؛ طرفدارانہ ؛ جزوی طور پر ؛ کسی قدر ؛ یک طرفہ طور پر ۔

partial fraction, n. (الجبرا) جُزوی کسر ؛ ان کسروں میں سے کوئی ایک کسر جن میں ایک معیّن کسر تحلیل ہو سکتی ہو ، ان سادہ تر کسروں کی جمع اس معیّن کسر کے برابر ہوتی ہے ۔

partiality, partialness, n. شوق ؛ میلان ؛ طرف داری ؛ پچ ؛ بے جا رعایت ؛ جانب داری ؛ جانب دار ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ تعصّب ؛ پاسداری ؛ ایک مخصوص پسندیدگی یا اشتیاق ۔

partially ordered, a. (ریاضی) جُزوی مرتّبہ ؛ ایک سیٹ میں باہمی تعلق کے بارے میں جس کا اطلاق سیٹ کے کچھ جوڑوں پر ہوتا ہے لیکن سب پر نہیں ۔

partible, a. تقسیم پذیر ؛ قابلِ تقسیم ؛ جزو پذیر ؛ وہ جو علیحدہ کیا جا سکتا ہے یا تقسیم کیا جا سکتا ہے ؛ جو جُدا جُدا کیا جا سکے ۔

partibility, n. تقسیم پذیری ؛ جزو پذیری ۔

participant, a. حصّہ دار ؛ ساجھی ؛ شریک ؛ شرکت کرنے والا ؛ ایک حصہ یا جزو رکھنے والا ۔ (اسم) وہ شخص جو کسی چیز میں حصہ لیتا ہے یا شرکت کرتا ہے ۔

participate, v.i. حصّہ لینا ؛ شامل ہونا یا دوسرے کے ساتھ عام طور پر شراکت کرنا (عموماً آخر میں in ہوتا ہے) ۔ (فعل متعدی) (شاذ) کسی چیز میں حصّہ لینا ؛ کسی چیز کا حصہ وصول کرنا ۔

participation, n. شراکت ؛ حصہ داری ؛ شرکت ؛ شمولیت ؛ حصّہ لینے کا عمل ۔

participative, a. شریک ہونے والا ؛ حصہ لینے والا ؛ شرکت کُنندہ ؛ ہمراہ ۔

participator, n. حصہ لینے والا شخص ؛ شرکت کرنے والا شخص ؛ شریک ؛ سہیم ۔

participating, a. کسی بات میں حصہ لینے والا ؛ کسی دوسرے شخص یا دوسرے لوگوں کے ساتھ حصہ داری میں شریک ، جیسے گالف کے میچ میں ؛ منافع یا منفعتوں میں شریک ۔

participial, a. (گرامر) حالیہ ؛ صفت و فعل کے متعلق یا اس کی نوعیت اور استعمال کا حامل ؛ صفت فعلی سے ترکیب یافتہ ۔

participle, n. (گرامر) صفتِ فعلی ؛ حالیہ ؛ ایک جزو کلام جو اسم ،صفت اور فعل کے خواص کا حامل ہوتا ہے ۔

particle, n. ذرّہ ؛ ریزہ ؛ خفیف مقدار ؛ دقیق حصّہ، ٹکڑا یا درجہ (جیسے : a particle of dust, a particle of pride) ؛ کسی دستاویز کی شق یا اُس کی ایک دفعہ ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) عشائے ربانی کی پاک روٹی میں سے ایک چھوٹا سا ٹکڑا یا نوالہ ؛ ایک چھوٹی سی روٹی جو عشائے ربانی میں باقاعدہ شریک ہونے والے ہر عام شخص کو دی جاتی ہے ۔ (گرامر) کلام کا ایک قلیل حصہ ، جیسے حرف عطف ، حرف جار یا ایک رُکنی متعلق فعل ؛ لاحقہ یا سابقہ ۔ (میکانیات) مادّے کا ایک اتنا دقیق حصہ کہ (اگرچہ اس میں مواد ہوتا ہے) اسے ایک اقلیدسی نقطے کی حیثیت میں سمجھا جا سکتا ہے ۔

particle, n. (طبیعیات) بنیادی ذرّہ ۔

parti-colored, party-colored, a. مختلف حصوں میں مختلف رنگوں کا ؛ رنگا رنگ ؛ بوقلموں ؛ گوناگوں ؛ رنگ برنگ ۔

particular, a. مُتخصّص ، کسی ایک شخص ، چیز ، گروہ ، طبقے ، موقع یا کسی اور زُمرے کا یا اس کے متعلق ، نہ کہ دوسروں کا یا سب کا یا ان سے متعلق ؛ مخصوص ؛ غیر عمومی ؛ بالتخصیص ؛ قطعی ایک ؛ خاص ؛ عجیب ؛ نرالا ؛ انوکھا ؛ انوٹھا ؛ نادر ؛ انفرادی یا واحد ؛ جُداگانہ ؛ دوسروں سے یا عام سے مختلف یا ممتاز ؛ قابلِ توجہ ؛ نمایاں یا غیر معمولی ؛ استثنائی یا مخصوص ؛ استثنائی درجے میں مخصوص ؛تفصیلات سے تعلق رکھنے والا یا تفصیلات پیش کرنے والا جیسے کسی شخص کے متعلق بیان یا اس کی تشریح ؛ مفصل ؛ دقیق یا قرائنی ؛ محتاط ؛ نازک مزاج ۔ (منطق) جو عام نہ ہو ؛ جو پورے طبقے کی طرف اشارہ نہ کرتا ہو بلکہ اس طبقے کے صرف کسی فرد یا افراد کی طرف نسبت رکھتا ہو ؛ آفاقی یا عالم گیر کے متضاد ۔ (قانون) کسی چیز کے صرف ایک حصے سے متعلق ؛ جدا ؛ انفرادی ؛ مختص ۔ (اسم) ایک منفرد یا ممتاز حصہ ، جیسے کسی فہرست یا شمار کی ایک مد ۔ (عموماً جمع) نکات، تفصیلات یا حالات ۔ (منطق) کسی عام زُمرے میں

سے کوئی مخصوص گروہ یا فرد ؛ کوئی مخصوص مسئلہ ۔

in particular, مخصوص طور پر یا خصوصاً ۔

particularism, n. تفریق پسندی ؛ فرقہ پرستی ؛ مخصوصیت ؛ کسی شخص کی اپنے مخصوص مفادات یا اپنی جماعت کے لیے مکمل توجہ یا پرجوش عقیدت ۔ (حکومت) کسی وفاق کی ہر ریاست کو اس کے لیے آزاد چھوڑ دینے کا اصول کہ وہ خود اپنے قوانین کو برقرار رکھے اور اپنے مفادات کو فروغ دے ۔ (الٰہیات) یہ عقیدہ کہ خدا کی رحمت صرف منتخب لوگوں کے لیے مخصوص ہے ؛ عقیدۂ نجاتِ خواص ۔

particularist, n. فرقہ پرست یا تفریق پسند شخص ؛ آزاد وفاقیت کا حامی شخص ۔

particularistic, a. تخصیصی ؛ فرقہ پرستانہ ؛ نجاتِ روحانی میں تخصیص پسند ۔

particularity, n. نرالا پن ؛ کیفیت اختصاص ؛ مخصوص ہونے کی کیفیت اور حقیقت ؛ ایک مخصوص ، عجیب یا انفرادی کردار ؛ مفصل ، دقیق یا قرائنی کردار ، جیسے صراحت یا بیان کا ؛ تفصیلات یا چھوٹے موٹے نکات پر توجُّہ یا مخصوص احتیاط ؛ نازک مزاجی ؛ وہ جو مختص ہو ؛ کوئی مخصوص یا حامل خصوصیات پہلو یا امتیازی وصف ۔

particularize, v.t., v.i. جُدا جُدا بیان کرنا ؛ شرح وار لکھنا ؛ مفصل بیان کرنا ؛ متخصّص کرنا ؛ مخصوص بنانا ؛ خاص طور پر ذکر کرنا یا اشارہ کرنا ؛ تخصیص کر دینا ؛ صراحت کرنا ؛ تفصیل کے ساتھ بیان کرنا یا زیرِ غور لانا ؛ خصوصیت کے ساتھ یا مخصوص طریقے پر بولنا یا زیر بحث لانا ؛ کسی موضوع پر تفصیل کے ساتھ بحث کرنا ۔

particularization, n. تخصیصیت ؛ صراحت ؛ خصوصیت ؛ نام بنام ذکر ۔

particularly, adv. ایک ایک کر کے ؛ خاص طور پر ؛ جنس وار ؛ شرح وار ؛ جُدا جُدا ؛ بالخصوص ؛ ایک خاص انداز میں ؛ خصوصاً ؛ منفرداً ؛ تفصیل کے ساتھ یا دقیقہ رسی سے ؛ کسی مخصوص یا استثنائی درجے میں ۔

particulate, a. دقیق ؛ جُداگانہ اور خفیف جزئیات پر مُشتمل یا ان سے متعلق ؛ ذرّاتی ۔

particulate inheritance, n. دیکھیے : Mendelism ۔

parting, a. الوداعی ؛ وداع کار ؛ جدائی کار ؛ علیحدہ کن ؛ تفرقہ باز ؛ جدا ہونے یا جدا کرنے والا ؛ تقسیم کرنے والا ؛ علیحدہ کرنے والا ؛ جدائی کے وقت دیا جانے والا (جیسے : a parting kiss) ۔ (اسم) تقسیم کرنے یا جدا کرنے کا عمل ؛ تقسیم /قسمت ؛ جدائی ؛ رخصت طلبی ۔ (قدیم) موت ۔

partisan, partizan, n. حامی ؛ اہل فریق ؛ شریک ؛ ہم راہی ؛ طرف دار ؛ رفیق ؛ پیرو ، بالخصوص کسی جماعت ، فرقے یا شخص کا خصوصی پرجوش حامی ، حمایتی ۔ (عسکری) بے قاعدہ فوجی سپاہیوں یا قابض دشمن کو پریشان کرنے والے گوریلا دستوں کے گروہ کا کوئی رُکن ۔ (صفت) کسی جماعت یا مفاد کے حق میں متعصب ؛ طرف داروں یا گوریلوں کی طرف سے کیے گئے فوجی اقدامات سے متعلق ۔

partisanship, n. کورانہ حمایت ؛ بے جا طرف داری ؛ ہوا خواہی ؛ تعصُّب ۔

partite, a. حصوں میں تقسیم شدہ ۔ (حشریات) اساس تک تقسیم شدہ ، جیسے ایک بازو ۔ (نباتیات) جُدا کیا ہوا ۔

partition, n. بٹوارہ ؛ انقسام ؛ علیحدگی ؛ بانٹ ؛ تقسیم ؛ جدا کرنے کا عمل یا جدا ہونے کی حقیقت ؛ ٹکڑوں میں منقسم کرنے یا حصص میں تقسیم کرنے کا عمل ؛ علیحدگی ، جیسے دو یا دو سے زائد چیزوں کی ؛ کوئی چیز جو جدا ہوتی ہے ؛ ایک حصّہ ، قسمت یا فصل ؛ اندرونی دیوار یا باڑ جو عمارت یا احاطے کو تقسیم کرتی ہو ؛ ایک جدار یا انفصال ، جیسے ایک پودے یا حیوانی جسم میں ؛ جن حصوں میں کوئی چیز تقسیم کی جائے ان کا ہر حصہ ، جیسے سرحدوں کے ذریعے ۔ (قانون) مشترک مالکان کے درمیان جائیداد کی تقسیم ، بالخصوص کسی ایسی جائیدادِ غیر منقولہ کی تقسیم جس کی ملکیت مشترک ہو ۔ (منطق) کل کی تقسیم اس کے ترکیبی اجزا میں ۔ (ریاضی) ایک مثبت عدد صحیح کو مثبت اعداد صحیح کی جمع میں الگ کرنے کا ایک طریقہ ۔ (فعل متعدی) بٹوارہ کرنا ؛ حصوں یا ٹکڑوں میں تقسیم کرنا ؛ بند بند جدا کرنا اور تقسیم کرنا ۔ (قانون) تقسیم کرنا ، جیسے جائیداد کو ۔

partitioner, n. جُدا کرنے والا فرد ؛ علیحدہ کرنے والا ؛ تقسیم کرنے والا ؛ تقسیم کُنِندہ ؛ اجزا میں بانٹنے والا ؛ الگ کرنے والا شخص ؛ بٹوارہ کرنے والا شخص ۔

partitionment, n. تقسیم ؛ علیحدگی ؛ جدائی ؛ بٹوارہ ؛ انقسام ۔

partitive, a. انفصالی ؛ انقسامی ؛ حصوں میں الگ الگ کرنے والا ۔ (گرامر) کل سے ایک جزو کے تعلق کو ظاہر کرنے والا (جیسے : The Latin partitive genitive) ۔ (اسم) (گرامر) ایک لفظ جو بٹوارے کا مظہر ہو ۔

partitively, adv. جدا کرتے ہوئے ؛ انفصالی طور پر ۔

partlet, n. چُنٹّی دوپٹہ ؛ ایک چنٹّوں والا لباس جو سولھویں صدی میں عورتیں گردن اور مونڈھوں کے گرد پہنتی تھیں ۔

partly, adv. جزواً ؛ قدرے ؛ کسی قدر ؛ کچھ پیمانہ پر یا کچھ درجے میں ؛ کلیتہً نہیں ۔

part music, part song, n. (موسیقی) دوگانا : صوتی موسیقی جس کے دو یا دو سے زائد حصوں کو گوئیّے الگ الگ گاتے ہیں ۔

partner, n. ساتھی ؛ ہم راہی ؛ ساجھی ؛ حصہ دار ؛ پتّی دار ؛ رفیق ؛ شریک کار ؛ کسی مہم میں شراکت دار ؛ شریک زندگی/شوہر یا بیوی ؛ اس جوڑے میں سے کوئی ایک جو مل کر ناچتا ہے ۔ (کھیل) ایک ہی طرف کا کوئی کھلاڑی ۔ (قانون) کسی کاروبار کا شریک ؛ کاروباری شریک ۔ (فعل متعدی) کسی کاروبار میں شریک کی حیثیت سے شرکت کرنا ؛ کسی کاروبار کے لیے ایک شریک فراہم کرنا ۔

partnership, n. ساجھا ؛ پتّی داری ؛ رفاقت ؛ شراکت ؛ شریک ہونے کی حالت ؛ شرکت ؛ مشترک مفاد ۔ (تجارت) کاروبار میں شرکا کے درمیان تعلق ؛ اس تعلق کو جنم دینے والا معاہدہ ؛ کاروبار میں شرکا کی حیثیت سے جمع ہونے والے اشخاص کی ایک انجمن ۔ (قانون) شراکت نامہ ۔

part of speech, n. (گرامر) قواعدی اجزائے کلام میں سے کوئی ایک جزو ؛ ان الفاظ کی روایتی اقسام میں سے کوئی ایک جو اپنے معنی اور نحوی وظیفے کے اعتبار سے مختلف شکلیں اختیار کرتے ہیں ، جیسے انگریزی گرامر میں اسم ، اسمِ اشارہ ، فعل ، ظرف ، صفت ، حرفِ عطف ، حرفِ جار اور فجائیہ کے طور پر بھی مستعمل ہے ۔

partridge, n. درّاج ؛ کبک ؛ چکور ؛ تیتر ؛ ایک پرندہ

طبقے سے زیادہ دولت یا منصب حاصل کر لیا ہو اور نئے مرتبے کے لیے موزوں معاشرتی انداز نہ رکھتا ہو۔

parvis, n. احاطہ ؛ چاردیواری ؛ کسی گرجے کے سامنے کا احاطہ بند خالی رقبہ ؛ گرجے کے آگے ایک مسقّف ستون بند پیش گاہ ؛ گرجے کا پورچ۔

pas, n. [فرانسیسی] رقص میں ایک قدم یا حرکت یا رقص کی ایک قسم ؛ تقدم یا حقِ تقدم (جیسے : to yield the pas)۔

pascal, n. پاسکل ؛ کسی دباؤ کی اکائی جو ایک نیوٹن فی مربع میٹر کی قُوّت کے مساوی ہوتی ہے۔

Pasch, n. (قدیم) یہودیوں کی عیدالفصح پر ضیافت ؛ عیسائیوں کی ایسٹر کی ضیافت۔

paschal, a. عیدالفصح یا ایسٹر کی دعوت سے متعلق۔

paschal lamb, n. قربانی کا دُنبہ ؛ یہودیوں میں عیدالفصح پر ذبح کیا جانے والا دُنبہ (بڑے حروف سے)حضرت عیسٰی اجن کے لیے عیدالفصح کا میمنہ ایک استعارہ ہے ؛ حضرت عیسٰی کے متعدد مختلف علامتی مظہروں میں سے کوئی ایک۔

pas de deux, n. (بیلے ناچ) جوڑا ناچ ؛ دو اداکاروں کا ایک رقص ، جس کا رقص نامہ خاص طور پر قدیم سنگیت ناچ کی ایک مقررہ شکل کے مطابق تیار کیا گیا ہو۔

pas de trois, n. (بیلے ناچ) ثلاثی رقص ؛ بیلے ناچ میں تین اداکاروں کے لیے ایک ناچ۔

pase, n. (سانڈ لڑائی) سانڈ کا مقابلہ کرنے والے کا اپنے کپڑے یا قبا کو اس طرح حرکت دینا کہ سانڈ کی توجہ اس کی طرف منعطف ہو اور اس کے حملے کا رُخ پھر جائے۔

pash, n. (برطانوی بولی) سَر۔

pasha, bashaw, pacha, n. [فارسی : بادشاہ سے] پاشا ؛ ایک اعزازی خطاب جو تُرکی اور ممالک عرب میں کسی شخص کے نام کے آگے لگا دیتے ہیں ، گزشتہ زمانے میں یہ خطاب فوج کے صوبوں کے گورنروں کو عطا کیا جاتا تھا۔

pasigraphy, n. عالَمی طرز تحریر ؛ تحریر کے ان متعدد مختلف نظاموں میں سے کوئی ایک جن کو عالم گیر استعمال کے لیے تجویز کیا گیا ہے ، ان نظاموں میں الفاظ کے بجائے خیالات کی نمائندہ علامتیں استعمال کی جاتی ہیں ؛ ایک ایسا طرز تحریر جسے تمام اقوام سمجھ سکیں اور استعمال کر سکیں۔

pasigraphic, pasigraphical, a. عالَمی طرزِ تحریر سے متعلق ؛ عالَم گیر تحریری زبان کے بارے میں۔

pasqueflower, n. شقائق النُّعمان ؛ موسم بہار کے اوائل کا ایک پھول جو گُلِ اشرفی (Anemone patens) خاندان سے تعلق رکھتا ہے ، اس کے سفید اور نیلے رنگ کے پانچ سے سات تک پنکھڑی جیسے سنبلے ہوتے ہیں اور پورا پودا ریشمی بالوں سے ڈھکا ہوا ہوتا ہے ، وہ الینائیس سے جنوبی ڈکوٹا تک کے مرغزاروں کا مقامی پودا ہے ؛ جنوبی ڈکوٹا کا قومی پھول۔

pasquinade, n. مذمّت ؛ ہجو ؛ ہجو نامہ ؛ فضیحت ؛ ایک ہجو قبیح یا طنزیہ بالخصوص وہ جس کی نمایش علانیہ کی جائے۔ نیز : pasquil ۔ (فعل متعدی) ہجو قبیح کرنا۔

pass, v.i. گزرنا ؛ بسر کرنا ؛ گُزارنا ؛ کاٹنا ؛

جو تیتری خاندان سے ہے ؛ کریدنے والے چوزوں جیسے متعدد قابل شکار پرندوں کا عام نام ؛ ہنگروی چکور (Hungarian partridge) ؛ ایک سرخی مائل بھورا پرندہ Bonasa Umbellus جس کی گردن کے گرد ایک رنگین کنٹھا ہوتا ہے اور دُم پنکھے کی شکل کی ہوتی ہے وہ شمالی امریکا کے مشرقی علاقہ کا مقامی ہے ۔ نیز : ruffed grouse ۔

partridge berry, checkerberry, twinberry, n. چکور بیری ؛ ایک زمین پر پھیلنے والی سدا بہار جڑی بوٹی Mitchella repens جو روناس خاندان سے تعلق رکھتی ہے ، شمالی امریکا کے شمال مشرقی علاقہ کی مقامی ہے ، اس کے پھول سفید سے لے کر گلابی رنگ تک کے ہوتے ہیں ، ڈنٹھلوں کے آخر میں جوڑوں کی شکل میں لگتے ہیں اور سرخ بیر پیدا کرتے ہیں ۔

part song, n. دوگانا ؛ ایک نغمہ جسے دو یا دو سے زائد صوتی حصوں میں گانے کے لیے تیار کیا جاتا ہے ، وہ عموماً کسی ساز کے ساتھ نہیں ہوتا ؛ ایک ہم آہنگ یا متفقہ سنگت کا نغمہ ؛ سنگت نغمہ۔

part-time, a. جزوقتی ؛ معمول کے مقرّرہ اوقات کار سے کم وقت کام کرنے والا ؛ کل وقتی سے ممتاز۔

parturient, a. بچّہ دینے کے قریب ؛ جننے والی ؛ جننے کو ؛ وہ جو بچّہ پیدا کر رہی ہو یا عنقریب پیدا کرنے والی ہو ؛ وہ جو کوئی طبع زاد خیال یا تخلیق پیش کرنے والا ہو۔

parturition, n. بچّہ پیدا کرنے کا عمل ؛ بچّہ زائی ؛ تخلیق پیش کرنے کا عمل ؛ زچگی ۔

party, n., a. پارٹی ؛ جتھا ؛ گروہ ؛ فرقہ ؛ زمرہ ؛ جھنڈ ؛ منڈلی ؛ حِزب ؛ جماعت ؛ کوئی شخص یا اشخاص کی ایک تعداد جو مقصد یا رائے میں متفق ہو کر کسی مسئلے ، مباحثے یا مقابلے کی ایک جانب کو اختیار کر لے ؛ اشخاص کا ایک گروہ جو بعض مخصوص سیاسی نظریوں پر متفق ہو گیا ہو اور اس امر کی کوشش کر رہا ہو کہ اپنے امیدواروں کو کسی عہدے کے لیے منتخب کرائے (جیسے : political party) ؛ ایک سماجی اجتماع یا مدعو مہمانوں کی ضیافت جیسے ایک نجی گھر میں یا کسی اور جگہ ؛ دعوت ؛ اشخاص کا ایک گروہ جو کسی مخصوص مقصد کے لیے جمع ہوا ہو (جیسے : a hunting party)؛ فریق؛ وہ جو کسی معاملے میں شریک ہوتا ہے یا اس کے ساتھ تعلقِ خاطر رکھتا ہے (جیسے : he was party to the scheme) ۔ (قانون) ایک شخص یا اشخاص جو کسی قانونی معاملے سے واسطہ رکھتے ہوں؛ ایک شخص؛ کوئی مخصوص فرد (جیسے : the party you want to see)۔

party line, n. مشترک لائن/خط ؛ سیاسی جماعت کی حکمت عملی ؛ واحد ٹیلیفون لائن جو متعدد صارفین کے کام آ رہی ہو۔ (برطانوی Shared line) : متعدد متصل جائیدادوں کے درمیان سرحدی لائن ؛ جماعت کی سیاسی حکمت عملیاں جن پر اس کے ارکان عمل کرتے ہوں ، بالخصوص کمیونسٹ پارٹی کے ۔

party wall, n. مشترک دیوار ؛ متصل مکانات کے درمیان ایک دیوار جسے دونوں مالکوں میں سے ہر مالک مشترک طور پر استعمال کرتا ہے ۔

parure, n. جواہرات یا زیورات کا ایک سیٹ۔

parve, a. دیکھیے : Pareve ۔

parvenu, n., a. نو دولتیا ؛ وہ شخص جس نے اچانک اپنے

انتقال کرنا ؛ جانا ؛ آگے کی طرف حرکت کرنا؛ چلتے رہنا ؛ کسی امتحان ، معائنہ یا آزمایش میں کامیاب ہونا ؛ چلے جانا یا پروا نہ ہونا ؛ مرنا (عموماً on کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ آگے گزر جانا ؛ زائد المیعاد ہونا ؛ صَرف ہو جانا (جیسے : The time passes quickly) ؛ پیش آنا یا واقع ہونا (جیسے : to know what passed in the conference) ؛ کسی جاندار یا غیر جاندار کا اپنے لیے راستہ بنانا (جیسے : the over flow passed through the gorge) ؛ بدل جانا ؛ منتقل ہو جانا (جیسے : to pass from a solid to a liquid state) ؛ پھیلنا یا پھیلانا ؛ گشت یا گردش کرنا ؛ گردش میں لانا یا آنا ؛ قبولیت حاصل کرنا (عموماً with یا as کے ساتھ) ؛ مبادلہ میں دیا جانا یا کہیں پہنچایا جانا (جیسے : rumors passed around the campus) ؛ بغیر احتساب یا اعتراض کے گُزر جانا ؛ کالعدم یا فاضل ہونا ؛ قانون بننا یا مصدقہ ہونا ؛ فیصلہ دینا (عموماً on یا upon کے ساتھ)۔ (طیرانیات) زیر صوتی رفتار سے بالا صوتی رفتار پر جانا ۔ (قانون) ایک سے دوسرے کو پہنچایا جانا ۔ (کھیل) گیند کسی کو پاس کرنا ، جیسے فٹ بال یا ہاکی میں ۔ (تاش) بولی دینے یا کھیلنے کا موقع چھوڑ دینا ۔ (فعل متعدی) راستے میں کسی مقام سے گزر جانا یا آگے کی طرف حرکت کرنا ؛ ماورا ہونا ؛ کسی سے بڑھ جانا ؛ کسی پر فوقیت حاصل کرنا ؛ قریب سے گُزروانا ؛ کوچ کرانا ؛ حرکت کرانا (جیسے : to pass troops in review) ؛ کامیابی سے گزرنا ؛ پاس کرنا ؛ پارکرنا ؛ ماورا جانا؛ صرف کرنا ؛گردش میں لانا(جیسے : to pass counterfeit money)؛ غیر مذکور و غیر ملحوظ چھوڑ دینا ؛ ادائیگی یا کارروائی حذف کرنا ؛ فضلۂ جسم کو خارج کرنا یا نکالنا ؛ دربدر جانے کا باعث ہونا ؛ پہنچانا ؛ منتقل کرنا ؛ رہن رکھنا ؛ منظور کرنا ؛ اجازت دینا ، جیسے قوانین کا ؛ اجازت یا منظوری حاصل کرنا ؛ فیصلے کا اعلان کرنا ؛ کسی مزاحمت یا رکاوٹ پر غلبہ حاصل کرنے کی رخصت یا اجازت دینا ۔ (قانون) حقِ ملکیّت کو منتقل کرنا ۔ (فٹ بال ، ہاکی) اپنی ٹیم کے کسی کھلاڑی کو کھیلتے ہوئے فٹ بال یا ہاکی کی گیند منتقل کرنا ۔ (بیس بال)چلنا ، جیسے بَلّے باز کا ۔

pass away,
دنیا یا زندگی سے گزر جانا ؛ مر جانا ؛ جاتے رہنا ۔

pass muster,
معائنے کی ضروریات پوری کرنا ۔

pass off,
ختم ہو جانا ، جیسے پانی کا مٹی پر ؛ غائب ہو جانا ، جیسے بھاپ کا ؛ فریب یا جعل سازی کے ساتھ گردش میں لانا ۔

pass the buck,
کام یا ذمّے داری کو کسی دوسرے پر ڈالنا ۔

passer, n.
جانے والا ؛ گزرنے والا ؛ گزارنے والا ؛ منتقل کرنے والا وغیرہ ۔

pass, n.
گھاٹی ؛ شعب ؛ کھائی ؛ درّہ ؛ پروانۂ راہداری ؛ کامیابی ؛ گزرنے یا گزارنے کا عمل ؛ سڑک ؛ سفر کے قابل آبنائے یا کوئی تنگ درّہ جو کسی رکاوٹی علاقے میں سے گزرنے کے لیے راستہ مہیا کرتا ہو ؛ کسی ایسے علاقے میں جس پر ضبط قائم کرنے کی ضرورت ہو ،داخل ہونے ، اسے چھوڑنے یا اس کے اندر نقل و حرکت کرنے کے لیے تحریری اجازت نامہ ؛ نقل و حمل کے لیے مفت ٹکٹ یا اجازت نامہ/پاس ۔ (عسکری) عملے کو ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے کی اجازت دینے کا عمل ؛ اس اجازت کی منظوری کا فارم ؛ منظوری کی میعاد ؛ کسی امتحان یا مطالعاتی نصاب میں کامیابی ۔ (برطانوی) کسی امتحان میں قابلِ قبول طریقے سےکامیابی، امتیازات کے بغیر ؛ کسی شے کے ساتھ ساتھ یا اس کے اوپر ہاتھوں کی حرکت ؛ ہاتھ کی حرکت جس کا مقصد رخ موڑنا ، دھوکا دینا یا جادو کرنا ہو ؛ کسی چیز کا سبک دستی سے استعمال ، جیسے کسی بازی گر کا ؛ کسی مشین کے ذریعے ایک مکمل عمل ۔ (کھیل) گیند کا کسی کھلاڑی کی طرف سے اپنے ساتھی کھلاڑی کو پاس دینے کا عمل ۔ (طیرانیات) ایک تیز جھپٹا ، حرکت یا دوڑ ؛ لڑاکا ہوائی جہاز کی حرکت (اگر وہ ناکام ہو) ۔ (تاش) کسی کا یہ فیصلہ کہ وہ بولی بولنے ، شرط لگانے ، دگنا کرنے یا شدید تر کرنے کے لیے اپنی باری کو چھوڑ دے ۔ (بیس بال) ایک چال ۔ (تیغ بازی) تلوار سے ہلّہ یا حملہ ۔ (عوامی) ایک اشارہ جو اس لیے کیا جائے کہ مخالف صنف کی طرف سے اس کے ردعمل کے لیے اشتعال پیدا ہو ۔ (قدیم) بذلہ سنجی کا ایک بے ساختہ جملہ ۔

passable, a.
قابلِ عُبُور ؛ ممکن العبور ؛ قابل گزر ؛ خاصا ؛ کام چلاؤ ؛ رائج ؛ بین بین ؛ جس پر سفر کیا جا سکتا ہو ، جسے عبور کیا جا سکتا ہو یا پار کیا جا سکتا ہو ؛ قابل برداشت؛ قابل قبول برائے گردشی عمل ، جیسے رائج نظامِ زر؛ قانون بننے کی صلاحیت رکھنے والا ، جیسے ایک مسودۂ قانون ۔

passably, adv.
قابل برداشت طریقے پر ؛ بطریق مناسب؛ بطریقِ اعتدال ؛ خاصی طرح ؛ متوسط یا واجبی طور پر ۔

passacaglia, n.
ہسپانوی اصل کا ایک قدیم رقصی نغمہ ، جسے ایک تکراری موضوعِ نغمہ پر تشکیل دیا گیا ہے ، عموماً کھرج ، تین چوتھائی وقت میں ؛ وہ رقص جو اس نغمے پر ادا کیا جاتا ہے ۔

passado, n.
(تیغ بازی) آگے کی طرف ہلہ یا جھپٹ جب کہ ایک پاؤں آگے بڑھے ۔

passage, n.
رفتار ؛ چال ؛ نقلِ مقام ؛ نقلِ مکان ؛ جہاز کا کرایہ ؛ بحری سفر ؛ بری سفر ؛ ہوائی سفر ؛ غلام گردش ؛ عبارت ؛ گزرنے کا عمل ؛ حرکت ، گزر یا عبور ، جیسے ایک جگہ یا حالت سے دوسری جگہ یا حالت تک ؛ سفر ایک جگہ سے دوسری جگہ تک ، بالخصوص سمندر کے ذریعے ، عام طور پر ایک جہازی سفر؛ سمندر کو عبور کر کے ایک بندرگاہ سے دوسری بندرگاہ تک ؛ ایک مسافر کی حیثیت سے سواری کی مراعات ، بالخصوص بحری جہاز میں ؛ مرورِ زمان ؛ ترقی یا راستہ ، جیسے واقعات کا ؛ مواصلات یا اعتمادات کا مبادلہ ، اشخاص کے درمیان ؛ ضربات کا مبادلہ ؛ حیص بیص یا تنازع ؛ آنتوں سے انخلا ؛ تخلیۂ اَمعا ؛ مجلس قانون ساز میں کسی مسودے کی بطور قانون منظوری ؛ کسی چیز کی منظوری کا عمل؛ انتقال یا منتقلی ؛ آزادی ، رخصت یا گزرنے کا حق ، جیسے کسی ملک میں سے ؛ وہ جس کے پاس سے کوئی شخص یا چیز گزرتی ہے ؛ گزرنے کا ذریعہ؛ راہ یا راستہ ؛ دو رویہ درختوں والی سڑک ؛ آبنائے ؛ پیدل چلنے والوں کے لیے شاہراہ ؛ ہال یا راہداری وغیرہ ؛ کسی تحریر یا تقریر کا ایک غیر معیّن حصہ ، عموماً وہ جو بہت زیادہ طویل نہ ہو ؛ پیراگراف ، شعر ۔ (موسیقی) نغمے کا ایک حصہ یا ٹکڑا ؛ سرگم کی طرح یا گت کی طرح کے سُروں کا ایک سلسلہ جسے زیب و زینت کے لیے داخل کیا گیا ہو ؛ نغمے کا جزو ، متناسب سُروں کا مجموعہ یا فی البدیہہ الاپ ۔ (فعل لازم) راستہ بنانا ؛ گزرنا ؛ عبور کرنا ؛ سفر کرنا ؛ اسلحہ سے مقابلہ کرنا ؛ مقابلہ بازی کرنا؛ فقرے بازی کرنا ۔

passageway, n. گزرنے کے لیے راستہ کسی عمارت میں یا عمارتوں کے درمیان کا راستہ ؛ گزرگاہ ۔

passaway, v.i. ختم ہو جانا/مرنا ۔ (فعل متعدی) ختم کرنا ؛ وقت کاٹنا ۔

pass book, n. پاس بُک ؛ وہ کتاب جو رقم جمع کرانے والا اپنے پاس رکھتا ہے جس میں بینک اُس کے حساب میں جمع ہونے والی اور نکالی جانے والی رقوم کا اندراج کرتا ہے ۔

passe, a. گُزرا ہوا ؛ پرانی وضع کا ؛ شباب زندگی سے گزرا ہوا ؛ ادھیڑ ۔

passed ball, n (بیس بال) پھینکی ہوئی گیند جسے لپکنے والا روکنے میں ناکام ہو جاتا ہے ، اگرچہ وہ اس کی دسترس میں ہوتی ہے ، اس ناکامیابی سے بیس رنر یا رنرز کو پیش قدمی کا موقع ملتا ہے ۔

passementerie, n. (ملبوس سازی) ڈوریوں ، فیتوں اور منکوں سے مزیّن جھالر ۔

passenger, n. راہی ؛ سواری ؛ مسافر ؛ راہگیر ؛ وہ جو کسی ہوائی جہاز ، بحری جہاز ، ریل گاڑی ، بس ، ٹیکسی یا کسی دیگر سواری پر سفر کرتا ہے ؛ راہ گیر یا مسافر (جیسے : a foot passenger) ۔

passenger pigeon, n. مسافر کبوتر ؛ شمالی امریکا کا ایک جنگلی کبوتر Ectopistes migratorius ، جن کے جُھنڈ کے جُھنڈ کسی زمانے میں بکثرت ہوتے تھے ، خاص کر مسی سپی کی وادی میں اور جن کا شکار دسترخوان کے لقمۂ تَر کی حیثیت سے بڑے پیمانے پر کیا جاتا تھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۹۱۴ء میں ان کی نسل معدوم ہو گئی ۔

passer-by, n. راہ گیر ؛ گزرنے والا ؛ وہ جو گزر جاتا ہے ۔

passerine, a. (طیوریات) عصفوری نسل (Passeriformes) کی یا اس سے تعلق رکھنے والی ایسی چڑیاں جو درختوں پر قیام کرتی ہیں ، ان کے پاؤں میں تین انگلیاں سامنے کی طرف اور ایک انگوٹھا پیچھے کی طرف ہوتا ہے اور ان میں ایک ذیلی نسل Oscines یا حقیقی نغمہ سنج چڑیاں بھی شامل ہوتی ہیں ۔ (اسم) اس نسل کی کوئی بھی چڑیا جیسے گوریا ، لال چڑی اور طائرِ مُغَنّی ۔

passeul, n. (بیلے ناچ) فرد ناچ ؛ ایک شخص کا رقص ؛ انفرادی ناچ ۔

passible, a. اثر پذیر ؛ ذِی حس ؛ صاحبِ احساس ؛ برداشت کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ زُود اثر پذیر ۔

passibility, n. ذی حِسّی ؛ اثر پذیری ۔

passim, adv. جہاں تہاں ؛ جابجا ؛ حوالے کا ایک نوٹ جس سے مراد یہ ہو کہ کوئی چیز ، جملہ یا لفظ وغیرہ کسی مضمون میں تکرار کے ساتھ آتے ہیں ۔ مخفف : pass ۔

passing, a. قریب سے گزرتا ہوا ؛ سطحی ؛ گزراں ؛ عارضی ؛ رواں (جیسے : passing show) ؛ قابل قبول ؛ ضروریات کو پورا کرنے والا (جیسے : a passing grade on an examination) ۔ (اسم) گزرنے کا کوئی مقام یا طریقہ ؛ گزرنے یا گزارنے والے کا عمل ۔

in passing, گزرتے ہوئے ؛ اتفاقی ۔

passing note, n. (موسیقی) وہ سُر جو حُسنِ ترتیب سے باہر ہوتا ہے اور جسے دو متواتر ہم آہنگ سُروں کے درمیان ایک سُریلا عبور پیدا کرنے کے لیے داخل کیا جاتا ہے ۔

passion, n. جذبہ ؛ جوش ؛ ہوائے نفس ؛ قُوّتِ مُنفَعِلہَ ، اثر پذیری ، تعشق ، عشق ، صبوری ، برداشت ؛ ہوائے عشق ؛ حُب ؛ شہوت ؛ ولولہ ؛ شوق ، لَو ، آرزو ؛ چاؤ ؛ مجبور کن ، شدید جذبہ یا ہیجان ؛ محبت ؛ پرجوش شفقت ؛ محبت آمیز خواہش ؛ ہوس ؛ شدید ذہنی اضطراب ؛ طیش ؛شدید غصہ ؛ سرگرمی ؛ گرم جوشی ؛ آرزو مندانہ وفور یا گہرے جذبے کا اظہار (جیسے : a passion of tears) ؛ جستجو/مشغلہ جس کی لگن ہو ؛ ہمہ گیر مشغلے کا ایک موضوع ۔ (نفسیات) ایک شدید جذباتی ہیجان ؛ پہلے زمانے میں ہیجانی جذبے کے لیے ایک عام اصطلاح ۔ (عموماً بڑے P سے) حضرت عیسی کی آخری اذیت اور وفات ؛ اُن اذیتوں کی موسیقی میں ترتیب جو عہد نامۂ جدید کی پہلی چار کتابوں میں درج ہیں ؛ تصاویر کا ایک سلسلہ جو اُن اذیتوں کا تصور پیش کرتا ہے ۔

passionless, a. جذبات سے عاری یا خالی ؛ بے جذبہ وغیرہ ؛ غیر شہوانی ؛ بے جوش ؛ ٹھنڈے دل کا ۔

passional, n. ایک کتاب جس میں مسیحی اولیا و شہداء کے مصائب بیان کیے گئے ہیں ۔ (صفت) شدید جذبۂ عشق سے متعلق یا اُس کا پیدا کیا ہوا ۔

passionate, a. جذبۂ شوق سے سرشار ؛ وہ جو عشق یا شدید جذبے کی صلاحیت رکھتا ہو یا یہ صفات اس کی خصوصیات میں شامل ہوں ؛ عشق یا شدید جذبے کا اظہار کرنے والا ؛ بآسانی مشتعل ہونے والا ؛ آتشیں/جوشیلا ؛ پُرجوش ؛ شہوت زدہ ؛ تُند و تیز ؛ مغلوب الغضب ؛ غصیلہ ؛ غُصّہ ور ؛ تُند خو ؛ غُصیل ؛ رَسیا ؛ شوقین ؛ دِل سوز ؛ سرگرم ۔

passionflower, n. گُلِ صلیبی ؛ جرخِ فلک ؛ شرک الفلک ؛ Passiflora نسل کی اُوپر چڑھنے والی متعدد اقسام کی بیلوں میں سے کوئی ایک ،جو زیادہ تر امریکا کے گرم علاقوں کی مقامی ہوتی ہیں اور اپنے ان بھڑکیلے پھولوں کی وجہ سے اس نام سے موسوم ہوئی ہیں جو حضرت مسیح کے زخموں یا خاردار تاج کی شکل کے ہوتے ہیں ۔

Passion play, n. مصائب مسیح کے ڈرامے (Passions of Christ) میں جو مختلف مناظر پیش کیے گئے ہیں ان کی ڈرامائی انداز میں نمایش ۔

passive, a. غیر متحرک ؛ جامد ؛ چپکا ؛ منفعل ؛ انفعالی ؛ سُن ؛ مجہول ؛ کسی ایسی چیز کے رد عمل کے بغیر جس کے متعلق حسبِ معمول یہ توقع کی جاتی ہو کہ وہ ہیجان یا جذبے کے اظہار پر ضرور مشتعل کرے گی ؛ غیر سرگرم عمل ؛ آلکسی ؛ بیرونی ذرائع سے تاثرات قبول کرنے کی صلاحیت نہ رکھنے والا ؛ بغیر مزاحمت کے جھیلنے یا برداشت کرنے والا ۔ (گرامر) فعل کی کوئی ایسی حالت تصریف جو یہ ظاہر کرتی ہو کہ فاعل فعل کے عمل کو محسوس کرتا ہے یا اس کا تجربہ کرتا ہے ۔ (کیمیا) جامد ؛ کیمیائی سرگرمی کا مزاحم ۔ (طِب) بعض غیر عامل مگر غیر صحت بخش علامات سے متعلق ۔ (اسم) (گرامر) فعل مجہول ؛ کسی زبان میں فعل مجہول کی شکل اور ترکیب ۔

passive resistance, n. غیر متشدد مزاحمت ؛ سَتیّہ گرہ ؛ مقاومتِ مجہول ؛ احتجاج کا ایک طریقہ جس میں غیر متشددانہ اعمال کے ذریعے سماجی اور قانونی تبدیلی لانے کی کوشش کی جاتی ہے ، جیسے عدم تعاون اور ترکِ موالات ، اس طریقے کو خاص طور پر

اقلیتی گروہ ،حکومت یا اس کے قوانین کی مخالفت کا مظاہرہ کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ غیر متشدد عدمِ تعاون ۔

passkey, n. متعدد مختلف قفلوں کو کھولنے کے لیے ایک کُنجی ؛ ہر قُفلی کنجی ؛ ایک نجی کُنجی ؛ کھٹکے دار قفل کی کُنجی ۔

pass out, v.t. پھیلانا ؛ تقسیم کرنا ۔ (فعل لازم) (بول چال) شعور چھوڑ بیٹھنا ؛ بے ہوش ہو جانا ؛ مر جانا ۔

Passover, Pesach, n. یہودیوں کا ایک ہفت روزہ تہوار جس کے دوران کوئی غذا جو خمیر سے بنی ہوئی ہو ، نہیں کھائی جا سکتی ، یہ تہوار موسم بہار میں ہر سال منایا جاتا ہے اور اس کا مقصد یہودیوں کے مصر کی غلامی سے آزاد ہونے کی یاد کو تازہ کرنا ہوتا ہے ۔

pass over, v.t., v.i. قطعاً کوئی توجہ نہ دینا ؛ کوئی کارروائی نہ کرنا ؛ نظر انداز کر دینا یا کر جانا ؛ خیال نہ کرنا ؛پروا نہ کرنا ؛ اہمیت نہ دینا ؛ چھوڑ دینا ؛ دھیان نہ دینا ؛ دُوسری طرف چلے جانا ۔

passport, n. گُزرنامہ ؛ رہنامہ ؛ رَوَنّہ ؛ بہتی ؛ پروانہ راہداری ؛ پاسپورٹ ؛ ایک حکم نامہ جو کسی متعلقہ حاکم کی طرف سے کسی مُلک کے شہری کو جاری کیا گیا ہو ، جس میں اُسے سفر کرنے کی ، ملک کے باہر ہونے کی صورت میں تحفظ کی اور ملک میں واپس آنے کے حق کی قانونی اجازت دی گئی ہو ؛ ایک سند جس میں اُسے سفر کرنے یا اپنا سامان کسی بیرونی علاقے میں لانے، لے جانے کی اجازت دی جاتی ہے ؛ ایک دستاویز جو کسی جہاز کو آگے جانے کا مجاز و مختار بناتی ہے اور جسے خاص طور پر جنگ کے زمانے میں کسی غیر جانب دار تجارتی جہاز کے حق میں جاری کیا جاتا ہے ؛ کوئی چیز جو کسی شخص کو گزرنے ، داخلہ حاصل کرنے یا کوئی اور مقصد حاصل کرنے کا مجاز بناتی ہے ۔

pass up, v.t. (بول چال) کسی چیز کے فوائد و منافع سے دست بردار ہو جانا ؛ نظر انداز کر دینا ۔

password, n. (عسکری) مخفی کلمۂ شناخت ؛ معینہ اشارہ ؛ ایک لفظ بہ صیغۂ راز جس سے وہ شخص جسے گزرنے کا حق حاصل ہوتا ہے ، پہچانا جا سکتا ہے ؛ تعارفی لفظ ۔

past, a. پار ؛ پرے؛ دور؛ ماورا ؛ ماضی ، گزرا ہوا ، ختم شدہ ، تمام ؛ اس وَقت سے پہلے وقت کا ؛ لمحۂ گزشتہ کا ؛ پہلے آنے یا جانے والا ؛ جو حاضر یا مستقل نہ ہو؛ جو اپنے عہدہ کی میعاد پوری کر چکا ہو (جیسے : a past president) ۔ (گرامر) اشارہ کرنے والا ایسے وقت کی طرف جو گزر چکا ہو یا پہلے کے کسی عمل یا حالت کی طرف جس کا اظہار فعل کے زمانے یا ترکیب سے ہوتا ہو ۔ (حرف جار) وقت میں ماورا ؛ بعد میں (جیسے : past noon) ؛ کسی مقام سے دور ، ماورا یا آگے (جیسے : the street past the stop sign) ؛ آگے کی طرف شمار میں (جیسے : he is past seventy) ؛ کسی کی حد یا کسی کے اثر سے باہر۔(اسم) گزرا ہوا وقت زمانہ ؛ ماضی کا یا پہلے کا زمانہ (جیسے far back in the past) ؛ کسی شخص ، شے یا مُلک کی تاریخ ، زندگی یا سوانح حیات کا ایک ابتدائی زمانہ ۔ (متعلق فعل) پاس سے گزرنے یا آگے جانے کے انداز میں ؛ قریب سے ۔

pasta, n. فتیری آٹا ؛ بغیر خمیر کے گندھا ہوا آٹا یا انڈوں اور آٹے کی گندھی ہوئی لوئی ، جیسے سپیگٹی ، موٹی اور باریک سِوئیاں جنھیں کھانے کی اشیا تیار کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے؛ کھانا جو اِن اشیا سے تیار کیا جائے ۔

paste, n. گندھی ہوئی لئی؛ خمیر؛ گِلابہ ؛ لُبدی ؛ لیہی ؛ چپکانے کے لیے ایک قسم کی لئی جو مختلف مرکبات سے تیار کی جاتی ہے ؛ گندھا ہوا آٹا جسے کیک ، پیسٹری وغیرہ بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایسے متعدد کھانوں میں سے کوئی ایک جنھیں غذائی اشیا کو ابال کر کچلنے ، پھینٹنے یا پیسنے کے بعد تیار کیا جاتا ہے (جیسے : liverpaste) ؛ کوئی مرکب جس میں اس مقصد کے لیے کافی نمی ہو کہ وہ کھانے کو رقیق کیے بغیر نرم کر دے ؛ ایک نرم چکنا ، نیم ٹھوس مواد (جیسے : tooth paste) ؛ پتھریلی قلموں اور قلوی نمکوں کا ایک مرکب جو دھاتی آکسائیڈوں کے ساتھ رنگا ہوا ہو اورجسے نقلی جواہرات بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہو ؛ایک نم آلود ، لچک دار مٹی جسے چینی برتنوں اور چینی کے دیگر سازوسامان کی ساخت میں استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) چپکانے والی لئی کے ساتھ لگانا یا مضبوطی کے ساتھ لئی لگا کر کسی چیز سے ڈھک دینا ۔

paste, v.t. (عوامی) شدید سختی کے ساتھ ضرب لگانا ؛ گھونسا مارنا ، جیسے چہرہ پر ۔ (اسم) سخت ضرب ۔

pasteboard, n. پیسٹ بورڈ ؛ کاغذی گُودا یا مسالا لگائے ہوئے کاغذ کی تہوں کو دبا کر ڈھالے ہوئے یا بیلن کی طرح لپٹے ہوئے سخت غیر لچک دار تختے ؛ کارڈ بورڈ ۔ (عوامی) تھیٹر ٹکٹ؛ کھیلنے کے کارڈ/تاش ۔ (صفت) پیسٹ بورڈ کے یا اُس کی طرح کے بنائے ہوئے ؛ غیر مضبوط ؛ دھان پان ۔

pastel, n. نرم ، پھیکا زرد رنگ ؛ ایک قسم کی خشک کی ہوئی لُبدی جسے رنگوں کے سفوف اور چاک مٹی کو ملا کر پیسنے کے بعد گوند کے پانی کے ساتھ مرکب کرتے ہیں ؛ ایک رنگ دار چاک جو اس قسم کی لُبدی سے بنایا جاتا ہے ؛ نقش کَشی کا فن یا نقش ، جو اِس قسم کی رنگین چاک مٹیوں سے بنایا جائے ؛ ایک مختصر قلیل نثری مطالعہ یا خاکہ ۔ (صفت) پھیکے زرد رنگ سے متعلق ؛ رنگ دار چاک کا ؛ دبا ہوا نرم یا نازک شائبۂ رنگ یا کسی درجے میں رنگ کی گہرائی ۔

pastelist, pastellist, n. فن کار جو رنگین پنسلوں یا چاک سے نقش کشی کرتا ہو ۔

pastern, n. گامچھی؛ ٹھیونا؛ کوٹھی؛ کسی گھوڑے کے پاؤں کا وہ حصہ جو ٹخنے کے اوپر کے جوڑ اور سُم/کُھر کے درمیان ہوتا ہے؛ اس حصے کی دو ہڈیوں میں سے کوئی ایک؛ گھوڑوں اور دوسرے جانوروں کی لنگڑی چال ۔

pasteurize, v.t. پاسچرانا ؛ مخصوص مشینی عمل سے گزار کر اُن جراثیم کو مارنا جو تخمیری عمل پیدا کرتے ہیں؛ دودھ، شراب ، بیئر ، پھلوں کے رس یا دیگر رقیق اشیا کو ۱۴۰° سے ۱۵۵° ف تک کی حرارت میں ڈیڑھ گھنٹے تک رکھنا ۔ (اسم) وہ سازوسامان جو تطہیری حرارت کے عمل میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

pasteurization, n. عمل پاسچر ؛ تطہیری حرارت دینے کا عمل ؛ پاسچری طریقے سے علاج ۔

pasteurizer, n. پاسچر عامِل ؛ تطہیری حرارت دینے والا ؛ یہ عمل کرنے والا آلہ یا مشین ؛ پاسچر کے طریقے سے صاف کرنے والی مشین یا آلہ ۔

Pasteur treatment, n. بعض مخصوص امراض بالخصوص جنونِ سگ

گزیدگی ، کُتّے کے کاٹنے کو روکنے کے لیے ایک علاج جس میں وائرس کے ٹیکے ، بتدریج بڑھنے والی قوت کے ساتھ ، مسلسل لگائے جاتے ہیں۔

pastiche, pasticcio, n. فنِ لطیفہ ، موسیقی یا ادب کا فن پارہ جس کا منصوبہ اور اسالیب فن دوسرے فن پاروں سے لیے گئے ہوں ؛ اِن عناصر کا ایک طنزیہ استعمال ؛ عناصر کا ایک غیر منظم آمیزہ ؛ معجون مرکب/ملغوبہ۔

pastille, pastil, n. میٹھی ٹِکیہ ؛ میٹھی گولی ؛ خوشبو کی بَتّی ؛ اگربتّی ؛ ایک میٹھی لوز جس میں عموماً دوا شامل ہوتی ہے، گول ٹکیہ ؛ ایک خوشبودار لبدی چڑھی ہوئی فتیلا نما چھوٹی سی تیلی جسے جلا کر دھونی دینے کے لیے یا ایک دافعِ عفونت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ وہ لئی جسے قلمی کھریا بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؛ ایک قلمی کھریا جو لئی سے بنائی جائے۔ دیکھیے : pastel ۔

pastime, n. کھیل کود؛ بازی؛ کھیل تماشا؛ فرصت کا مشغلہ؛ وہ چیز جو خوش کرتی ہے اور خوشگوار وقت گزارنے میں مدد دیتی ہے، کھیل؛ تفریح۔

past master, n. ماہر؛ اُستاد؛ وہ شخص جو کسی مہمان خانے یا کسی انجمنِ پیشہ وران کے مالک کے عہدے پر فائز ہو گیا ہے یا جس نے اس منصب کا وقارحاصل کر لیا ہے؛ وہ شخص جو اپنے حرفہ یا کاروبار میں غیر معمولی مہارت رکھتا ہے ۔

pastor, n. گُرو ، پادری ، مرشد ، خادم الدین؛ پاستور ؛ پادری جس کے پاس کسی گرجا یا مسیحی عبادت گزاروں کی جماعت کا چارج ہو۔

pastorship, n. پادری یا خادم الدین کا عہدہ ؛ پادری کا منصب ۔

pastoral, a. چرواہے/گڈریے/گوالے سے متعلق راعیانہ نظم یا ڈراما ؛ گڈریوں کے متعلق یاگلّوں یا ریوڑوں کی دیکھ بھال سے متعلق ؛ گلہ بانوں یا گڈریے کی طرح رہنے والا (جیسے : pastoral people)؛ مرغزار کے لیے مستعمل ، جیسے زمین ؛ کھیتی باڑی کرنے والے دیہات کی سادگی اور کشش رکھنے والے ، جیسے مناظر؛ دیہات کے یا دیہات میں بسر ہونے والی زندگی کے متعلق ؛ گنوار یا دیہاتی ؛ گڈریوں کی زندگی سے متعلق ؛ دیہی ؛ گلہ بانی سے متعلق ؛ شبانی یا دیہاتی زندگی کو دلکش انداز میں پیش کرنے والا ، جیسے ادب ، فن اور موسیقی میں ؛ پادری یا مسیحی واعظ کے متعلق یا ان میں سے کسی کی محنتوں یا فرائض کے متعلق ۔ (اسم) ایک نظم یا ڈراما جس کا تعلق گڈریوں کی زندگی سے ہو خواہ روایتی یا مصنوعی انداز میں یا وہ عمومی سادہ دیہاتی زندگی سے متعلق ہو؛ دیہاتی گڈریوں سے متعلق راعیانہ نظم یا ڈراما بطور ایک ادبی صنف کے راعیانہ تصویر یا فن پارہ ؛ راعیانہ ادبی تحریر ؛ کسی پادری یا مسیحی واعظ کے فرائض پر مقالہ ؛ روحانی پادری کی طرف سے اپنے لوگوں یا جماعت کے نام ایک خط ، بالخصوص بشپ پادری کی طرف سے اپنے مسیحی واعظ یا عبادت گزار لوگوں کے نام ؛ پادری کی خمیدہ سَرچھڑی یا اس کا عصا ۔

pastorale, n. [اطالوی] (موسیقی) راعیانہ موضوع پر ایک غنائیہ ، ایک نظم یا داستان ؛ موسیقی کا ایک نغمہ جو راعیانہ زندگی کی یاد دلاتا ہے ۔

pastorate, n. پادری کا عہدہ یا دائرۂ اختیارات ؛ لاٹ پادریوں کی ایک جماعت ؛ پادری کا سرکاری گھر ۔

pastorium, n. (جنوبی امریکا) پادری کا سرکاری گھر ۔

past participle, n. (گرامر) ماضی صفت فعلی ؛ ایک اسمِ مفعول جو کسی ایسی حالت ، وقت یا عمل کو ظاہر کرتا ہے جو ماضی میں مکمل ہوا یا ابھی مکمل ہو چکا ہے یا مکمل ہو گیا ہے اور اُس کے اثرات جاری ہیں ۔

past perfect, n. (گرامر) ماضی بعید ۔

pastrami, n. بڑا گوشت ، عموماً دستی پارچہ جسے چٹنی یا بہت تیز مسالے لگا کر آگ کے دھوئیں میں سینک کر خشک کرتے ہیں ۔

pastry, n. پیسٹری ؛ خشک تنور میں پکائی ہوئی ایک میٹھی غذا جسے گندھے ہوئے گالے دار میدے سے یا کسی ایسی لُبدی سے جس میں گندھا ہوا میدہ جزو اعظم ہوتا ہے پخت کرکے بنایا جاتا ہے، جیسے پائی یا پیسٹری یا ترش پھلوں سے بنے ہوئے کسی میٹھے کھانے کی طرح ۔

past tense, n. (گرامر) فعل ماضی ؛ فعل کے صیغوں میں سے ایک صِیغہ جو کسی عمل یا حالت کا گزرے ہوئے زمانے میں ہونا یا وقوع ظاہر کرتا ہے ۔

pasture, n. چراگاہ ؛ جنگل ؛ گھاس ؛ سبزہ زار ؛ چوپایوں اور دیگر جانوروں کی غذا کے لیے گھاس ؛ جانوروں کی غذا کے لیے گھاس سے ڈھکی ہوئی زمین ؛ ایک چراگاہ ۔ (فعل متعدی و لازم) اگتی ہوئی گھاس جانوروں کو چرانا یا اُن کے لیے گھاس مہیا کرنا ۔

pasturage, n. چرائی ؛ چراگاہ ؛ مرغزار۔

pasturer, n. گھاس لانے والا ؛ چرانے والا ؛ چری لانے والا ؛ گڈریا ۔

pasty, n. قیمہ بھرا ہوا سموسہ ؛ پیسٹی ؛ مغربی طرز کا ایک کھانا ؛ گوشت کی ''پائی'' جس پر پپڑی جمی ہوئی ہو۔

pasty, a. لُبدی یا لئی/لیہی جیسا ؛ ان اشیا کے گاڑھے پن کے برابر گاڑھا ؛ زرد رُو ؛ غیر صحت مندانہ روپ رنگ ۔

PA system, n. عوامی خطابت کا نظام ۔

pat, n. تماچا ؛ تھپکی ؛ ایک ہلکی سی ضرب کسی چپٹی چیز سے ، جیسے ایک آلے یا ہتھیلی سے ؛ ایک ہلکی سی تھپکی ، ہاتھ یا انگلیوں سے ، جو شفقت ، مہربانی یا پسندیدگی کے طور پر دی جائے ؛ کسی چیز کا ایک تھوڑا سا مواد ، جیسے مکھن جسے تھپ تھپانے یا کسی اور دست کاری سے ٹکیہ کی شکل دے دی جائے ؛ کسی چیز کی ایک واضح ڈھیری ؛ کسی ہلکی سی ضرب یا دھیمے سے قدموں کی آواز ۔ (فعل متعدی) کسی چپٹی چیز سے ہلکی سی ضرب لگانا ، جیسے کسی آلے ، ہتھیلی یا پاؤں سے ؛ ہتھیلی یا انگلیوں سے ضرب لگانا بطور اظہار شفقت و مہربانی یا بطور اظہار پسندیدگی ؛ ضرب لگانا ، جیسے فرش کو ہلکی آواز والے قدموں سے ۔ (فعل لازم) ہلکے سے یا نرمی سے ضرب لگانا ؛ ہلکے قدموں سے چلنا یا دوڑنا ۔

pat, a. مطابق ؛ لائق ؛ مناسب ؛ موزوں ؛ برمحل ؛ برجستہ ؛ بروقت ؛ ماہر یا عالِم ؛ چرب زبان /تیز و طرار (جیسے : a pat answer) ۔ (متعلق فعل) برجستگی سے ؛ فوری طور پر ، بلاتاخیر؛ مکمل طور پر۔

stand pat, غیر متزلزل ہونا ؛ پکّا یا مضبوط؛

قائم رہنا ۔ (پوکر/تاش کا کھیل) پوری بازی ان پتّوں سے کھیلنا جو ابتداً بانٹے گئے تھے ۔

patness, n. مہارت ؛ مطابقت ؛ مناسبت ؛ موزونیت ؛ برجستگی ؛ بروقت پن ؛ چرب زبانی ؛ تیزی و طراری ۔

patagium, n. بازو کی کھال ، جیسے چمگادڑ کی ؛ کھال کی تہیں جو پھیل سکتی ہوں ، جیسے اڑنے والی گلہری کی کھال کی تہ ؛ کھال کی تہ کسی پرندے کے جسم اور بازو کے درمیان ؛ غشائے جناحی ۔

patch, n. چیپی ؛ تگلی ؛ جوڑ ؛ تھگلی ؛ پیوند ؛ کسی لباس کی مرمت کرنے کے لیے ، کپڑے کا ایک ٹکڑا جسے اُس کے اوپر رکھ کر سیا گیا ہو ؛ کسی زخم یا جراحت کو محفوظ کرنے کے لیے مواد کا ایک ٹکڑا/پھویا ، جیسے آنکھ پر رکھنے کے لیے پھویا ؛ زمین کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا جس پر اکثر ایک ہی قسم کے پودے اگاتے ہیں ؛ ایک پلاٹ ؛ قطعۂ زمین ؛ ردی کا ٹکڑا ؛ کسی سطح زمین کا کوئی چھوٹا سا رقبہ جو اپنے ارد گرد کے ماحول سے ممتاز ہو ؛ قطع ؛ کپڑے کا ایک ٹکڑا جو کسی لباس کی آستین پر زیب و زینت یا تشخص کے لیے سیا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) پیوندوں یا ٹکڑوں سے مرمت کرنا ؛ بھدے طریقے پر مرمت کرنا ؛ کسی جراحت کو ڈھکنا ؛ ٹکڑوں اور دھجیوں کو ملا کر کوئی چیز بنانا ۔ (مجازاً) صُلح صفائی کرنا یا معاملات طے کرنا (عموماً up کے ساتھ ، جیسے ؛ (to patch up a quarrel) ۔

patchouli, pachouli, patchouly, n. [تامل] پودینہ ؛ برصغیر اور چین میں ایک قسم کا پودینے کا پودا Pogostemon cablin جس کے پتے خوشبودار تیل مہیا کرتے ہیں ؛ پچولی ؛ اس پودے کا عطر ۔

patch pocket, n. پیوندی جیب ؛ ایک جیب جو کسی لباس کے بیرونی حصے پر کسی مواد کا ایک ٹکڑا سی دینے سے بن جائے ۔

patch test, n. (طِب) الرجی/تیزحسیّت کی ایک جانچ ، اس طرح کی جاتی ہے کہ حساسیہ سے پُر کی ہوئی روئی یا کپڑے کی گدیاں جلد پر رکھی جاتی ہیں اور جلد کے رد عمل سے مرض کی شدت کا اندازہ لگایا جاتا ہے ۔

patchwork, n. پارہ دوزی ؛ رَلّی ؛ وہ کام جو مختلف قسموں کی اشکال یا رنگوں کے کپڑوں کو باہم سی کر ترکیب دیا جاتا ہے اور جس کا استعمال خاص طور پر رضائی یا دلائی وغیرہ کے لیے ہوتا ہے ؛ کوئی چیز جو غیر متطابق اجزا سے تشکیل دی جائے ۔

patchy, a. پیوندار ؛ پیوندی ؛ ناہموار ؛ پیوندوں سے بھرپور ؛ ضابطے ، بافت یا کیفیت میں ناہموار (جیسے : patchy performance) ۔

patchiness, n. پیوند داری ۔

pate, n. مُنڈیا ؛ سر ؛ کھوپڑی ؛ دماغ ؛ کسی شخص کا سَر ؛ سر کا تاج ، حقارت کے ساتھ مزاحیہ انداز میں استعمال ہوتا ہے ۔

pate, n. [فرانسیسی] گوشت ؛ مرغ یا مچھلی کا بُھرتا ، جسے اکثر پیسٹری میں ایک اشتہا آور کے طور پر پکایا جاتا ہے ؛ ایک چھوٹی سی پائی یا پیٹی ۔

pate, n. [فرانسیسی] گندھی ہوئی مٹی ۔ (ظروف سازی) گندھی ہوئی مٹی جسے مٹی کے برتن یا چینی کے برتن بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pate de foie gras, n. خاص طور پر فربہ بنس کی کلیجی سے تیار کیا ہوا کھانا ۔

patella, n. (تشریح الاعضا) کاسۂ زانو ؛ قلبِ زانو ؛ چپنی ؛ ایک چپٹی بیضوی شکل کی ہڈی جو گھٹنے کی اندرونی سطح کو ڈھکتی ہے ؛ گھٹنے کی ٹوپی ۔ (حیاتیات) کوئی بھی ایسی شکل ۔ (آثاریات) ایک چھوٹی سی اتھلی ڈِش یا پین ؛ برج پیالے ۔

patellar, patellate, a. قلبِ زانو سے متعلق ؛ پیالہ نُما ؛ چپنی دار ؛ مانند کاسۂ زانو ۔

patelliform, n. ڈِش ؛ پین یا پیالے کی شکل سے مشابہ ۔

paten, n. عشائے ربانی کی قربانی میں ، وہ گول دھاتی پلیٹ جس پر روٹی رکھی جاتی ہے ۔نیز : paten ۔ ایک دھاتی پلیٹ یا چپٹی ڈِش/قاب ۔

patent, a. بیّن ؛ روشن ؛ عِلم و نظر کے لیے کُھلا ہوا ؛ ظاہر ؛ روشن یا سادہ ؛ سب کے دیکھنے کے لیے کھلا ہوا ؛ ایک دروازہ یا گزر گاہ کی طرح کھلا ہوا ؛ کھلا پڑا ہوا ، نہ ایک جگہ کی طرح اندر سے بند کیا ہوا اور نہ احاطہ بند ۔ (نباتیات) پھیلا ہوا ، وسیع ؛ وسعت پذیر ؛ ان استثنائی حقوق سے متعلق جو کسی حکومت نے کسی ایجاد کے بارے میں ایک مخصوص میعاد کے لیے دیے ہوں ؛ سندِ تحفّظِ ایجاد/پیٹنٹ کے ذریعے عطا کردہ حق یا مراعت کے طور پر ؛ کسی پیٹنٹ کا موضوع بنائی ہوئی کوئی شے جیسے کوئی تجارتی جنس یا چیز ؛ پیٹنٹ کے ذریعے مصدقہ ، جیسے اشخاص ؛ کسی پیٹنٹ کے ذریعے مقرر کردہ ، جیسے کوئی شخص ؛ بالخصوص پیٹنٹ کے ذریعے ، جو کسی شخص یا اشخاص کو دیا گیا ہو ، کسی شے ، جیسے ایک ایجاد ، کی صنعت یا فروخت ایک مقررہ میعاد کے اندر استثنائی طور پر مخصوص کر دی گئی ہو ؛ کسی ایسی قسم کا جو خاص طور پر کسی پیٹنٹ کے ذریعے محفوظ کر دی گئی ہو ؛ توسیع کے ذریعے اس طرح ملکیت میں جیسے گویا قانونی حقّ ملکیت حاصل ہو ۔

patency, n. صریحی ہونے کی حالت ؛ آشکاری ؛ کشادگی ۔

patently, adv. صریحاً ؛ بظاہر طور پر ؛ آشکار طور سے ۔

patent, n. سندِ حق ایجاد ؛ سند تحولِّ ایجاد ؛ پیٹنٹ ؛ ایک سرکاری دستاویز جو کسی ایک شخص یا اشخاص کو کوئی حق یا مراعت بالخصوص حکومت کی طرف سے ایک ایسا عطیہ تفویض کرتی ہو جس کے ذریعے ایک مخصوص میعاد کے لیے کسی نئی ایجاد کی صنعت یا فروخت کے استثنائی حقوق اُس شخص یا اشخاص کو حاصل ہو جائیں ؛ ایجاد یا طریق کار جسے پیٹنٹ کر دیا گیا ہے ؛ پیٹنٹ کا عطا کردہ ایک قطعۂ زمین ۔ (مجازاً) نشانی جو کسی چیز پر حق کی نشاندہی کرتی ہو ۔ (فعل متعدی) پیٹنٹ کے ذریعے عطا کرنا ؛ کسی پیٹنٹ کے ذریعے استثنائی حقوق عطا کرنا ، جیسے ایک ایجاد کے لیے ؛ بعض اوقات پیٹنٹ کے ذریعے تقرر کرنا ؛ پیٹنٹ برآمد کرنا ؛ پیٹنٹ کے ذریعے استثنائی حقوق حاصل کرنا ۔ (مجازاً) کسی چیز کو شروع کرنا اور ثابت کرنا کہ وہ اپنی مِلک ہے ۔

patentability, n. پیٹنٹ پذیری ۔

patentable, a. پیٹنٹ پذیر ۔

patentee, n. وہ شخص جسے پیٹنٹ عطا کیا جائے ؛ پیٹنٹ دار ۔

patent flour, n. اعلیٰ درجے کا آٹا ؛ ایک اعلیٰ قسم کا آٹا

جسے گیہوں کے اندرونی گودے سے تیار کیا جائے۔

patent leather, n. اعلیٰ درجے کا چمڑا ؛ ایک نہایت نفیس وارنش کی ہوئی چمک دار سطح کا چمڑا جو جوتوں ، بٹوؤں اور دیگر ضروری اشیا کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

patent medicine, n. پیٹنٹ دوا ؛ وہ دوا جو بغیر نسخے کے دستیاب ہوتی ہے ؛ کوئی بھی دوا جس کی صنعت اور فروخت کو کسی طریقہ پر (جیسے پیٹنٹ یا ٹریڈ مارک کے نام کی رجسٹری کے ذریعے) پابند کر لیا جائے۔

patent office, n. حکومت کا ایک ادارہ جو عموماً محکمۂ تجارت کا ایک حصہ ہوتا ہے اور جسے پیٹنٹ یا رجسٹری کے لیے درخواستوں کی جانچ پڑتال کرنے اور منظور کرنے کا اختیار ہوتا ہے۔

patentor, n. پیٹنٹ دہندہ ؛ وہ اہلکار جو پیٹنٹ کی منظوری دیتا ہے۔

patent right, n. پیٹنٹ حق ؛ کسی ایجاد کے متعلق استثنائی حق جو کسی سرکاری پیٹنٹ کے ذریعے دیا گیا ہو۔

pater, n. [لاطینی] (اکثر بڑے P سے) ''ہمارے باپ'' ؛ مسیحی دعا کا پہلا لفظ۔ (برطانوی) باپ۔

paterfamilias, n. باپ یا کسی خاندان کا سربراہ۔ (رومی قانون) وہ شخص جو اپنی آزادی رکھتا تھا ؛ آزاد فرد۔

paternal, a. آبائی ؛ باپ کا یا باپ کے متعلق ؛ باپ کی خصوصیّت یا باپ کے لیے موزوں ؛ پدرانہ (جیسے : to speak in a paternal manner)؛ باپ کی طرف سے رشتہ دار (جیسے : one's paternal grandmother)۔

paternally, adv. پدرانہ طور پر ؛ باپ کی سی شفقت سے۔

paternalism, n. پدریت ؛ کسی مُلک ، برادری یا کمپنی کے یا باپ اور اس کے بچّوں کے باہم رشتے کے انداز پر افراد کے معاملات کے انتظام و نگرانی کا اصول اور استعمال۔

paternalist, n., a. پدرانہ ؛ پدری۔

paternalistic, a. پدری۔

paternity, n. پدریت ؛ ابویت ؛ والدیت ؛ باپ ہونے کی حقیقت ، باپ/والد سے مشتق (جیسے : the child's paternity) ؛ اصلیت ؛ آغاز ؛ ماخذ ؛ مصنفیت۔

paternoster, Pater Noster, n. (عیسائی عقیدے کے مطابق) ایک خاص دعا ؛ خداوند کی مسیحی نماز ، بالخصوص لاطینی شکل میں ؛ عیسائیوں کی وہ دعا جو ''اے پیارے باپ'' سے شروع ہوتی ہے ؛ اِس دُعا کی ایک خواندگی بطور ایک عمل عبادت ؛ الفاظ کی کوئی شکل جسے ایک نماز/دعا یا جادو/ٹونے میں استعمال کیا جائے ؛ تسبیح کے دانوں میں سے کوئی ایک مخصوص دانہ ؛ باقاعدہ ہر گیارہواں دانہ ، جس کا سائز اور مواد دوسرے دانوں سے مختلف ہوتا ہے اور اس کی نشان دہی کرتا ہے کہ خداوند کی دُعا پڑھی جانے والی ہے ؛ پوری تسبیح۔

path, n. پگڈنڈی ؛ تنگ راستہ ؛ ایک راستہ جو آدمی یا حیوان پیدل چل کر بنائے ؛ ایک تنگ یا غیراہم سڑک ؛ عام طور پر ایک رہ گزر یا راستہ ؛ راہ یا راستہ جو کوئی جانور یا کوئی چیز ہوا میں ، پانی میں یا خلا میں اختیار کرتی ہے۔ (مجازاً) زندگی کا طرز عمل ؛ طریق کار ؛ روش ؛ طریق ؛ طرز۔

pathetic, pathetical, a. دردانگیز ؛ جگر سوز ؛ دِل سوز ؛ رقّت انگیز ؛ رحم یا رنج پیدا کرنے والا یا ابھارنے والا ؛ اس قسم کے جذبات کو ابھارنے کی ایک علامت یا نشانی ؛ جاں گُداز ؛ حسرت ناک ؛ پُردرد ؛ قابلِ رحم ؛ جذبات پر اثر انداز ہونے والا۔

pathetically, adv. رقّت خیز انداز میں ؛ حسرت ناک طور پر ؛ درد بھرے انداز میں۔

pathetic fallacy, n. مغالطۂ جذباتی ؛ بے جان اشیا میں نفسیاتی اوصاف ظاہر کرنے کا عمل (جیسے : an arrogant wind)۔

pathfinder, n. راہ نما ؛ راہبر ؛ خضر راہ ؛ وہ جو ایک پگ ڈنڈی یا راستہ دریافت کرتا ہے ، جیسے کسی اُجاڑ ویرانے میں سے؛ وہ جو نئے راستوں پر گامزن ہوتا ہے ، جیسے فنون لطیفہ یا سائنس میں۔

pathless, a. بے راہ ؛ جو کسی راستے پر نہ چلا ہو ؛ نا رفتہ ؛ کُگھاٹ؛ بے لیکھ کا۔

pathogen, pathogene, n. مرض زا ؛ مرض آور ؛ مرض پیدا کرنے والا عُضویہ بالخصوص کوئی جَرثومہ۔

pathogenesis, pathogeny, n. مرض‌زائی؛ مرض کی پیدایش یا نشوونُما ؛ کسی مرض کے پیدا ہونے یا نشوونما پانے کا طریقہ؛ تولدِ مرض۔

pathogenetic, pathogenic, a. مرض زایانہ۔

pathognomonic, a. مُشَخِصِ مرض ؛ کسی مرض کی نشان دہی کرنے والا یا اُس کی خصوصیات کا حامل۔

pathologist, n. ماہرِ تشخیص امراض ؛ ماہرِ علم الامراض ؛ ماہر امراضیات۔

pathology, n. امراضیات ؛ علم تشخیصِ امراض ؛ طبِ نظری ؛ مرضیات ؛ علم الامراض ؛ وہ علم جس کا تعلق امراض کی نوعیت ، ان کے اسباب ، علامات اور جسم انسانی پر ان کے اثرات سے ہوتا ہے ؛ ان تمام ماحولی حالات کا مجموعہ جن سے ایک مریضانہ حالت تشکیل پاتی ہے۔

pathologic, pathological, a. مرضیاتی ؛ امراضیات کا ؛ عِلمُ الامراض کے متعلق۔

pathologically, adv. مرضیات کی رُو سے۔

pathometer, n. آلۂ تحقیقِ جذبات ؛ ایک آلہ جو جذباتی کھچاؤ کی ایسی عضویاتی علامات کو ریکارڈ کرتا ہے، جیسے خون کے دباؤ کا گھٹنا یا بڑھنا اور اُس سے جھوٹ کی تحقیق کرنے کا کام لیا جا سکتا ہے۔ دیکھیے : polygraph۔

pathos, n. درد ؛ جوش ؛ رقّت؛ دلسوزی؛ جاں گدازی ؛ سوز و گداز ؛ رقّت انگیزی ؛ کیفیت ، وصف یا عنصر بالخصوص فنون میں جو رحم ، تلطّف، رنج یا ہمدردی جیسے جذبات کو ابھارے ؛ شدید اور گہرے جذبے کا اظہار۔

pathway, n. پگ ڈنڈی ؛ تنگ راستہ جس پر پیدل گزرا جائے ؛ طرز ، طریقہ ، طور ؛ ڈھنگ ؛ باٹ۔

patience, n. تحمُّل ؛ شکیبائی ؛ ثابت قدمی ؛ قائم مزاجی ؛ بُردباری؛ استقلال ؛ صبوری؛ حِلم ؛ سہار؛ صابر ہونے کی کیفیت، صلاحیت یا عمل۔ (زیادہ تر برطانوی) تاش کا ایک کھیل جسے صرف ایک شخص کھیلتا ہے، اسے solitaire بھی کہتے ہیں ۔

patient, a. متحمل مزاج ؛ صابر ؛ بردبار ؛ حلیم ؛

patricide, n. پدرکُشی ؛ باپ کُش شخص ؛ اپنے باپ کو قتل کرنے کا عمل ؛ وہ شخص جو اپنے باپ کی زندگی لیتا ہے ۔

patricidal, a. پدرکُشانہ ؛ پدر کُشی کے بارے میں ۔

patrilineal, a. پدرنسلی ؛ ماں کے نسلی سلسلے کی بجائے باپ کے نسلی سلسلے سے ولدیت یا باپ کے نسلی سلسلے کے ذریعے وراثت پانے والا ۔

patrimony, n. ورثہ ؛ میراث ؛ ارث ؛ مِلکِ موروثی ؛ ترکہ ؛ مالِ متروکہ ؛ باپ یا آباواجداد سے وراثت میں حاصل کیا ہوا حق یا جائیداد ؛ ایک گرجا کی جائیداد یا وقف ۔

patrimonial, a. موروثی ؛ ارثی ؛ آبائی املاک کا ۔

patriot, n. وطن دوست ؛ مُحبِّ وطن ؛ وطن پرست ؛ وہ شخص جو اپنے ملک سے محبت کرتا ہے اور اُس کی اور اس کے مفادات کا پرجوش دفاع کرتا ہے ۔

patriotic, a. وطن دوست ، مُحبِّ وطن ، مُحبِّ وطن سے متعلق ؛ وطن دوستی کا ؛ وطن پرستانہ ۔

patriotically, adv. مُحبِّ وطن انداز میں ؛ حُبّ الوطنی کے طور پر ؛ ازراہِ وطن دوستی ؛ حُبِّ وطن کی بنیاد پر ؛ وطن پرستانہ ۔

patriotism, n. حبِ وطن ؛ حُب الوطنی ؛ وطن دوستی ؛ وطن کی آزادی کی حمایت ؛ وطن پرستی ۔

patristic, patristical, a. مسیحی گرجا کے پادریوں یا ان کی تحریروں سے متعلق ۔

patristically, adv. پادریوں یا اُن کی تحریروں کے طور پر۔

patrol, v.i., v.t. شب گردی کرنا؛ گرد آوری کرنا ؛ پولیس کا گشت لگانا ؛ ادھر اُدھر یا آرپار چلنا ، جیسے کسی علاقہ یا شہر میں تحفظ کے مقصد سے ۔ (اسم) ایک یا ایک سے زیادہ پولیس کے نوجوانوں یا فوجی سپاہیوں کا کسی علاقے میں پہرا ۔ (عسکری) گشتی دستہ ؛ دو یا دو سے زائد سپاہیوں پر مشتمل ، فوج کا ایک حصہ جو گشت یا لڑائی میں مشغول ہو ؛ گشت کا عمل ؛ پہرا دینے کا عمل ؛ بوائے اسکاؤٹوں یا گرل اسکاؤٹوں کا ایک حصّہ ۔

patroller, n. گشت کرنے والا دستہ ؛ پہرہ دینے والا گروہ یا شخص ؛ گشتی ؛ پاسدار ؛ پاسبان ۔

patrolman, n. گشت کا سپاہی ؛ ایک فرد جو گشت میں حصہ لیتا یا پہرہ دیتا ہے ؛ ایک پولیس مین جس کا تقرُّر کسی ایک ضلع کے لیے کیا گیا ہو۔

patrol wagon, n. پولیس کی گاڑی ؛ ایک سواری جسے پولیس قیدیوں کو لے جانے کے لیے استعمال کرتی ہے ؛ گشت گاڑی ۔

patron, n. مربّی ؛ پشت پناہ ؛ سرپرست ؛ پُشتیبان ؛ مُتولی ؛ کسی اسٹور، ریستوران ، حجام کی دکان یا کسی دوسرے کارخانے کا گاہک یا موکّل ، خصوصیت کے ساتھ باقاعدہ بنیاد پر ؛ وہ شخص جو اپنے زر یا اثر کے ذریعے کسی فرد ، ادارے یا مقصد کی مدد یا سرپرستی کرتا ہے؛ ایک سرپرست بزرگ ، آقا جو اپنے غلام کو آزاد کرنے کے بعد اس کے ساتھ اپنے پدری رشتے کو جاری رکھتا تھا ؛ ولی ۔

patroness, n. خاتونِ سرپرست ؛ ایک زنانہ سرپرست ؛ خاتون مربّی ۔

patronal, a. سرپرستانہ ؛ مربیانہ ؛ ولئ حامی یا محافظ ولی کا یا اس کے متعلق ۔

patronage, n. سرپرستی ؛ دست گیری ؛ حمایت ؛ پرورش ؛

پتّے مار ؛ مریض ؛ بیمار ؛ روگی ؛ وہ جو درد یا آزمایش کو بغیر کسی شکایت کے برداشت کرتا ہو ؛ جو مصائب کو تحمُّل ، صبر، سکون یا سپردگی کے ساتھ برداشت کرتا ہو؛ جو خاموشی کے ساتھ انتظار کرتا ہو؛ جوجلد باز نہ ہو؛ جو طویل مدت سے تکلیف میں مبتلا ہو؛ جو استقلال رکھتا ہو ؛ خاموشی کے ساتھ سرگرم عمل؛ برداشت کرنے کے قابل، of کے ساتھ مُستعمل ۔ (اسم) وہ شخص یا وہ حیوان یا چیز جو بغیر کسی ردعمل کے متأثر ہو ؛ وہ شخص جو طبّی طریقوں سے زیر علاج ہو۔

patiently, adv. صبر سے ؛ بُردباری سے ؛ حِلم سے ؛ برداشت سے ؛ صبر و استقلال کے ساتھ ؛ صبر و سکون کے ساتھ ؛ شکیبائی سے؛ صبورانہ ۔

patina, patine, n. زنگار؛ نفیس سبز زنگ ، جسے اُس وقت بیش بہا سمجھا جاتا ہے جب وہ قدیم زمانے کی کانسی کی اشیا، تانبے کے سکّوں یا تمغوں پر پایا جاتا ہے ؛ سطحی تبدیلی پر بنائے اقتدار زمانہ ۔

patine, n. زنگارہ؛ ایک قدیم رومی قاب ؛ اُتھلی قاب جس میں عَشائے ربّانی کے موقع پر روٹی رکھتے ہیں ۔

patio, n. [ہسپانوی] انگنائی ؛ صحن ؛ آنگن ، جیسے کسی گھر کا ، بالخصوص گھر کے اندر کی انگنائی جو کُھلے ہوئے آسمان کے نیچے ہو ؛ ایک پُختہ رقبہ جو کسی گھر سے ملحق ہو اور بیرونِ در، تفریح کے لیے مخصوص ہو۔

patois, n. [فرانسیسی] عوامی بولی ؛ ایسی مقامی بولی جو مُلک کی معیاری زبان سے مختلف ہو ؛ قصباتی یا ناخواندہ لوگوں کے انداز کی بولی ؛ کسی سماجی یا پیشہ و رانہ گروہ کی مخصوص سٹرپٹر بولی ۔

patriarch, n. بڑا بوڑھا ؛رئیس قبیلہ ؛ بزرگِ خاندان؛ سردارِ قبیلہ ؛ مجتہد ، مُنی ؛ رشی ؛ لاٹھ پادری ؛ پیر کبیر ؛ کسی خاندان کا باپ اور سربراہ ؛ کسی خاندان یا قبائلی نسل کا مرد سربراہ ، جیسے حضرت ابراہیم ، حضرت اسحاق اور حضرت یعقوب ؛ وہ شخص جسے کسی سلسلے یا طبقے کا باپ یا بانی تسلیم کیا جاتا ہو ؛ کسی برادری/آبادی کے بزرگوں یا سربرآوردہ معمر ارکان میں سے کوئی ایک ؛ پیر ؛ قابل احترام بوڑھا آدمی ؛ بطریق ۔

patriarchal cross, n. سَرقبیلی صلیب ؛ صلیب جس کے دو متقاطع ٹکڑے ہوں ، اوپر کی طرف کا ٹکڑا نیچے کی طرف کے ٹکڑے سے نسبتاً چھوٹا ہو۔

patriarchate, n. بطریقی ؛ عہدۂ بطریق ؛ مسیحی پادری کا عہدہ ، وقار ، دائرۂ اختیارات ، علاقۂ مفوضہ یا رہایش گاہ ؛ وہ معاشرہ جن میں سردارِ قبیلہ سیاسی فرمان روا بھی ہو۔

patriarchy, n. پدر شاہی حکومت ؛ سرقبیلی نظام حکومت ؛ سماجی تنظیم کی ایک شکل جس میں باپ خاندان ، جرگے یا قبیلے کا سربراہ ہوتا ہے اور وراثت مرد کے نسلی سلسلے سے شمار ہوتی ہے ؛ وہ خاندان/برادری/آبادی ، قبیلہ یا مُلک جس پر سردار یا سب سے زیادہ معمّر مرد کی حکومت ہو ؛ مسیحی پادری کا علاقۂ مفوضہ ۔

patrician, a. قدیم روما میں سینیٹ جسے نظام حکومت سے متعلّق ؛ شریف خاندان کا ۔ (اسم) رئیس/امیر ؛ ایک اعلی معاشرتی مرتبے کا شخص ؛ اعیان زادہ ؛ شریف ۔

patriciate, n. طبقۂ امرا ؛ جماعتِ امرا ؛ امارت ؛ حُکومتِ امرا/ اشرافیہ ؛ قدیم رُوما میں طبقۂ اِمرا ؛ قدیم روما کے خاندانی امیر کا رتبہ ۔

پناہ پشتی ؛ بیوپار یا کاروبار جو کسی تجارتی ادارے کو دیا جائے ؛ ایک سرپرست کی مدد ، تحفظ یا ہمت افزائی جو کسی شخص ، ادارے یا مقصد کو دی جائے ؛ سرکاری ملازمتوں پر سیاسی تقرر کرنے کا حق یا اختیار ؛ عہدے یا ملازمتیں جو اِس طرح دی جائیں ؛ اِس قسم کی کرم گستری کرتے وقت انکسار اور تواضع کا اظہار ۔

patronize, v.t. دستگیری ؛ سرپرستی کرنا ؛ ایک شخص کا اپنی باقاعدہ تجارت یا سرپرستی کسی کو دینا ؛ لطف و کرم کا اظہار بطور انکسار و تواضع کرنا ؛ کسی شخص ، مقصد یا ادارے کی ہمت افزائی کرکے سرپرستی کا عمل بروئے کار لانا ۔

patronizer, n. سرپرست ؛ مُربّی شخص ۔

patronizing, a. مربیانہ ؛ سرپرستانہ ۔

patronizingly, adv. مربیانہ انداز سے ؛ مخدومانہ ؛ ازراہ التفات ؛ ازراہِ تشویق ؛ بزرگ مَنشی سے ۔

patron saint, n. سرپرست بزرگ ؛ کوئی بھی بزرگ جسے ملک ، مذہب ، معاشرے ، تجارت یا کسی فرم کا محافظِ خصوصی سمجھا جائے (جیسے سینٹ پیڑک آئرلینڈ کے سرپرست بزرگ) ۔

patronymic, n., a. آبائی لقب ، کُنیّت ؛ لقب ، جدّی نام ؛ ایک خاندانی نام جسے والد یا کسی جدامجد کے نام سے اخذ کرتے ہیں ، عموماً کسی لاحقہ یا سابقہ کا اضافہ کرکے ، جیسے Johnson میں son (بیٹا) John کا؛ Mc Henry میں بیٹا Henry کا ۔

patroon, n. جاگیردار ؛ وہ شخص جو ایسی جائیدادِ ارضی رکھتا تھا جس کے ساتھ بعض جاگیردارانہ مراعات اور چند پُشتوں تک جاری رہنے کا حق وابستہ تھا اور جسے نیویارک اور نیوجرسی کی پرانی ولندیزی حکومتوں کے تحت عطا کیا جاتا تھا ۔

patsy, n. (عوامی) وہ جو موردِ الزام ہوتا ہے ؛ قربانی کا بکرا ؛ چغد ؛ بُزدل آدمی ۔

patten, n. کھڑاؤں ؛ چوبی تَلے کا جوتا ؛ ایک جوتا جس کا حفاظتی تلا موٹی لکڑی کا ہوتا ہے ۔

patter, v.t. سٹرپٹر کرنا ؛ جلدی جلدی باتیں کرنا ؛ بڑبڑانا ؛ پٹ پٹ کرنا ؛ منہ میں بولنا ؛ بُدبدانا ؛ تکرار کرنا یا جلدی جلدی طراری کے ساتھ بولنا ؛ میکانی انداز میں اس طرح تلاوت کرنا ، جیسے دعا/نماز میں کرتے ہیں ۔ (فعل لازم) تیز گفتگو کرنا (بغیر اس کا خیال کیے کہ جو کچھ کہا جا رہا ہے اس کا مطلب کیا ہے) ۔ (اسم) محض تیز گفتگو ؛ کسی طبقے یا گروہ کی سٹرپٹر بولی/کرخنداری زبان ؛ ہلکے ، تیزی کے ساتھ بولے ہوئے الفاظ ، جیسے کہ مزاحیہ اداکار استعمال کرتے ہیں ۔

patterer, n. تیز گفتگو کرنے والا ؛ بڑبڑانے والا ۔

patter, v.i. دھڑا دھڑی کا مینھ برسنا ؛ ضرب مارنا یا خفیف تھاپوں کی مسلسل آوازوں کے ساتھ حرکت کرنا ؛ تیز انداز میں حرکت کرنا ۔ (فعل متعدی) تیز تیز باتیں کرنا ۔ (اسم) تیز تیز باتیں کرنے کا عمل ؛ تیز تیز باتیں کرنے/بڑبڑانے کی آواز ۔

pattern, n. نمونہ برائے نقل ؛ نمونہ ؛ نقش ؛ ایک اصل یا نمونہ جس کی نقّالی تجویز کی گئی ہو ؛ وہ جس کی نقل اتارنی ہے یا نقّالی کرنی ہے ؛ کپڑوں ، چینی کے برتنوں ، دیواری کاغذوں یا لپیٹنے کے کاغذوں کے مزین نقش و نگار؛ کوئی چیز جو اپنے خطّ محیط میں اس شے کے مطابق ہو جسے بنانا ہے اور اُس کی شکل اور جسامت متعین کرنے میں ایک رہنما کی حیثیت سے کام آسکے (جیسے : a pattern for a chair) ؛ ادبی یا موسیقی تصانیف میں طرز ؛ ایک قدرتی ترتیب اجزا (جیسے : the pattern of a snowflake) ؛ کسی خاص شخص یا اشخاص کے ممتاز یا مدرک اوصاف یا خصوصیات ، جیسے کسی شرابی کا کردار ؛ کسی لباس کے لیے کافی مقدار میں سامان ۔ (ہوابازی) کسی ہوائی جہاز کا طیرانی راستہ ،نیچے اترنے کی راہِ منزل پر ۔ (عسکری) کسی ہدفی علاقے میں گولہ بارود کی کامیاب ضربوں کا انداز ۔ (فعل متعدی) رہنما نمونہ کے مطابق بنانا ۔ (فعل لازم) رہنما نمونہ بنانا ۔

patterned, a. نمونے سے متعلّق ؛ نمونے کے مطابق ؛ نمونہ دار ؛ نمونہ یافتہ ۔

patty, n. سموسہ ؛ کچوری ؛ پَیٹی ، عموماً تلے ہوئے یا بُھنے ہوئے گوشت یا مچھلی کے قیمے سے بھرے ہوئے چھوٹے چپٹے کیک ؛ چھوٹی، قیمے سے بھری ہوئی گول شکل کی سموسے نما ،کھانے کی چیز ؛ پتلی گول مٹھائی ۔

patty shell, n. پَیٹی خول ؛ ایک چھوٹا پائی کی شکل کا پیسٹری خول جس میں مختلف اقسام کے کھانے پیش کیے جاتے ہیں (جیسے : a chicken patty shell) ۔

patulous, a. پھیلا ہوا ؛ وسعت کے ساتھ کھلا ہوا ۔ (نباتیات) پھول کی پنکھڑیوں یا درخت کی شاخوں کی طرح پھیلتے ہوئے ۔

patulously, adv. کشادہ انداز میں ۔

patulousness, n. پھیلاؤ ۔

paucity, n. کمی ، کوتاہی ؛ اختصار ؛ چھوٹی تعداد ؛ قلت ؛ کم مقدار ۔

paulownia, n. پولونیا ؛ ایک آرایشی درخت Paulownia tomentosa جو بھورے رنگ کے پھولوں والے ایک درخت کے خاندان سے ہوتا ہے ، وہ چین کا مقامی ہے اور ریاست ہائے متحدہ امریکا کے مشرقی علاقے میں اگایا گیا ہے ، اُس میں گُچھے دار میعادی پھول لگتے ہیں جن کا رنگ خوش نما زردی مائل بنفشی ہوتا ہے اور موسم بہار کے ابتدائی زمانے میں کِھلتے ہیں ۔

paunch, n. توند ؛ اوجھ ؛ جھولی ؛ شکم ؛ معدۂ ۔ اول ؛ پیٹ اور اُس کے مافیہا ؛ معدہ ؛ مثانہ ؛ جگالی کرنے والے جانور کا پہلا اور سب سے بڑا معدہ ، جیسے گائے کا ؛ شکمبہ ۔

paunchiness, n. شکمی حالت ۔

paunchy, a. معدے سے متعلق ؛ شکمی ؛ توندیا ۔

pauper, n. مسکین ؛ گداگر؛ نادار ؛ منگتا ؛ کنگال ؛ محتاج ؛ مفلس ؛ قلّاش ؛ انتہائی غریب آدمی ؛ وہ جو افلاس کی حالت میں ہو ، بالخصوص وہ جو فلاحِ عامہ کے سرمایہ پر زندگی بسر کرتا ہے ۔

pauperism, n. عُسرت ؛ ناداری ؛ اِفلاس ؛ گداگری ؛ قلاش پن ؛ بے نوائی ؛ محتاج پن ؛ مسکینی ۔

pauperize, v.t. نادار کر دینا؛ گداگر بنانا ؛ قلّاش کر دینا ۔

pause, n. تامُّل ؛ توقف ؛ پس و پیش ؛ دُبدھا ؛ سکتہ ؛ بسرام ؛ ٹھہراؤ ؛ ایک عارضی التوا ؛ ایک عمل سے گریز کا وقفہ ، جیسے کام کرنے ، گانے یا دوڑنے کے عمل سے ؛ مختصر قیام ؛ شبہ سے پیدا ہونے والا تذبذب ؛ تاخیر؛ مطلب کو واضح کرنے کے لیے

تقریر کے دوران ایک لمحے کا تعطل ۔ (موسیقی) ایک علامت جو ضبط کو ظاہر کرتی ہے ۔ (فعل لازم) وقفہ کرنا یا مختصر عرصہ کے لیے ٹھہرنا ؛ تقریر یا عمل کو روک دینا ؛ انتظار کرنا یا ڈھیل میں ڈال دینا ؛ on یا upon کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ؛ کچھ عرصہ کے لیے احتراز کرنا ؛ تذبذب کرنا ۔

pauser, n. لمحہ بھر احتراز کرنے والا ؛ وقفہ کرنے والا ۔

pavan, pavin, pavane, n. ایک شاندار رقص جو سولھویں صدی کے دوران یورپ میں رائج تھا ۔

pave, v.t. فرش بندی کرنا ؛ کھرنجا ڈالنا ؛ چھکا لگانا ؛ سطح کو ڈھانکنا یا اُس پر کنکریٹ ، اسفالٹ ، اینٹ ، روڑی یا کسی دوسرے مسالے کی تہ جمانا ، جیسے سڑک یا برابر سے چلنے کی رہ گزر ۔

pave the way, کسی کے لیے آسان بنانا یا کسی کے لیے تیّار کرنا ؛ راہ ہموار کرنا ۔

pave, n., adv. پُختہ فرش ۔ (زیورات) زیور میں جواہرات کو اس طرح پاس پاس جڑا جائے کہ دھاتی بناوٹ چھپ جائے ؛ مرصّع کاری ؛ سنگ بستہ ۔

pavement, n. پختہ رہ گزر یا سڑک ؛ سطح جیسے ٹھوس پیوستہ فرشی عمارتی مسالے سے پختہ کیا جائے ؛ وہ تعمیری مسالا جس سے کسی چیز کو بھی پختہ کیا جائے ۔ (برطانوی) بغلی راستہ ؛ پیدل پٹڑی ؛ کھرنجا ۔

pavid, a. بُزدل ؛ خوف زدہ ۔

pavilion, n. خیمہ ؛ تنبو ؛ ڈیرا ؛ خرگاہ ؛ راوٹی ؛ چھوٹا سا خوشنما بنگلہ ؛ ایک کھلی ہوئی عمارت جو اکثر کسی باغ یا پارک میں ہوتی ہے اور جسے نمایشوں یا تفریحات کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ عمارت کا ایک حصہ جو اُس کے خاص بڑے حصہ سے باہر کو نکلا ہوا ہوتا ہے ؛ کسی بڑی عمارت کی اُن غیر ملحق یا نیم غیر ملحق اکائیوں میں سے کوئی ایک جس میں کسی بڑی عمارت ، جیسے ہسپتال کو تقسیم کیا گیا ہو ؛ ایک بڑا خیمہ جو اکثر بڑی محنت کے ساتھ آراستہ کیا ہوا یا پرتکلف بنایا ہوا ہوتا ہے ۔ (زیورات) پہلو دار گوہر کا نچلا حصہ ۔ (فعل متعدی) کسی بڑی عمارت کے ایک الگ کیے ہوئے حصے/پویلین میں پناہ ملنا؛ کسی پویلین میں رکھنا ۔

paving, n. پُختہ فرش بنانے کا عمل؛ وہ مسالا جو پُختہ فرش بنانے میں استعمال کیا جائے ۔

pavior, Brit. paviour, n. فرش راج ؛ وہ جس کا پیشہ پُختہ فرش بنانا ہو ؛ پُختہ فرش بنانے والا ۔

paw, n. پنجہ ؛ چُنگل ؛ جانور کا پنجہ ، ان جانوروں کا پاؤں جس میں پنجے یا ناخن ہوتے ہیں ۔ (عوامی) انسانی ہاتھ ۔ (فعل متعدی و لازم) اگلے پاؤں سے زمین کو کریدنا یا کُھرچنا ۔ (عوامی) کسی کام کو بھدے طریقے پر یا بدتمیزی سے کرنا ۔

pawer, n. پاؤں سے کریدنے والا ۔

pawl, n. (میکانیات) گیرہ پہیے کے دانتوں کو پکڑنے کے لیے ایک محوری سلاخ ، تاکہ پہیے کی حرکت صرف ایک ہی طرف جاری رہے ؛ کتّا ؛ شیطانک ؛ چرخ روک ۔

pawn, n. گروی ؛ رہن ؛ قرض لی ہوئی رقم کی ضمانت میں رکھے رہنے کی حالت ،جیسےزیورات کی ؛کوئی چیز یا اثاثہ جسے قرض لی ہوئی رقم کے لیے بطور رہن رکھا جائے ؛ یرغمال ؛ رہن رکھنے کا عمل ۔ (فعل متعدی) رہن میں دینا یا جمع کرانا ؛ کسی وعدے کے ایفا کے لیے رہن رکھنا ۔

pawnable, a. قابل رہن؛ گرو پذیر ؛ گروی رکھے جانے کے قابل ؛ جسے رہن رکھا جا سکے ۔

pawner, pawnor, n. مرتہن ؛ گروی رکھنے والا ؛ رہن رکھنے والا ۔

pawn, n. (شطرنج) پیادہ ؛ پیدل مہرہ ؛ سب سے نچلے رتبے کے آٹھ مہروں میں سے کوئی ایک مُہرہ جو آگے کی طرف ایک گھر میں سے دوسرے گھر میں بڑھتا ہے ، مگر صرف آڑی چال سے ضرب لگا سکتا ہے ؛ وہ شخص جسے اپنے مقاصد کے لیے سبک دستی کے ساتھ کٹ پتلی بنایا جائے ؛ کُٹھ پتلی ؛ مُہرہ ۔

pawnbroker, n. مرتہن ؛ گروی رکھنےوالا ؛وہ شخص جو کسی کی شخصی جائیداد رہن رکھ کر سود پر قرض دیتا ہے ؛ گرو کار ۔

Pawnee, n. شمالی امریکا کے میدانوں میں رہنے والے انڈینوں کے قبیلے میں سے ایک جس کا تعلق گیڈوان زبان کے گروہ سے ہے ، جو پہلے اُس وادی میں رہتے تھے جو نبراسکا کے دریاؤں پلیٹ (Platte) اورارکانساس(Arkansas) کے درمیان واقع تھی اور اب وہ شمالی(اوکلا ہوما Oklahoma)میں مقیم ہیں ۔(چھوٹے P سے) ۔ (قانون) مرتہن ؛ گرودار ۔

pawnshop, n. راہن کی دُکان ؛ دُکانِ مرتہن ؛ ایک ادارہ جہاں چیزیں رہن رکھی جاتی ہیں اور چھڑائی جاتی ہیں اور جہاں اُن چیزوں کی جو چھڑائی نہیں جاسکیں نمایش ہوتی ہے اور اُن کو بیچا جاتا ہے ۔

pawn ticket, n. رہن رسید ؛ رہن رکھی ہوئی چیزوں کی رسید جو دی جاتی ہے ۔

pawpaw, n. دیکھیے : papaw ۔

pax, n. (رومی کیتھولک کلیسا) معانقہ ؛ مسیحی عبادت گزاروں کا ایک دوسرے سے اس بڑی دعا کے بعد معانقہ جو ایک بوسۂ امن کی علامت ہے ۔

pay, v.t. ادا کرنا ؛ اجر ؛ عوض ، بدلہ یا پلٹا دینا ؛ تنخواہ دینا ؛ معاوضہ دینا ؛ سزا دینا ؛ بھرنا ؛ چکانا ؛ بے باق کرنا ؛ ڈنڈ بھرنا ؛ سزاپانا ؛ کوئی چیز دے کر یا کوئی کام کرکے کسی قرض کی ادائیگی یا کسی احسان سے سبک دوش ہونا ؛ تلافی کرنا ، جیسے مہیا کردہ اشیا یا خدمات کی ؛ واجب الادا رقم دے کر کسی کے مطالبات کو پورا کرنا ؛ لاگت یا خرچہ ادا کرنا ؛ کسی کو ہرجانہ دینا یا واپس کرنا یا کسی کے لیے منافع بخش ہونا ؛ بدلہ دینا ، جیسے کسی نیکی ، نقصان یا جرم کا ؛ کسی کے خلاف انتقام لینا یا سزا دینا (on or out کے ساتھ) ؛ توجہ دینا ، لحاظ کرنا ؛ آستانہ بوسی کرنا ، خاطر تواضُع کرنا ، اِس طرح، کہ گویا واجب اور موزوں ہے ؛ رسمی ملاقات کرنا یا حاضری دینا ۔ (فعل لازم) وہ روپیہ یا سامان دینا جو واجب الادا ہو ؛ قرض ادا کرنا، معاوضہ یا منافع ادا کرنا ؛ کارآمد ہونا ؛ ضرر یا نقصان برداشت کرنے کا ہرجانہ دینا ؛ کسی بات کے لیے مصیبت جھیلنا یا سزا بھگتنا ۔ (اسم) اُجرت کے طور پر ادائیگی ؛ اجرت ؛ تنخواہ یا وظیفہ ؛ مشاہرہ ؛ مزدوری ؛ ادائی کا ایک ذریعہ ؛ بالمعاوضہ ملازم ؛ مکافاتِ جزا یا سزا ۔ (صفت) خدمات یا مالِ تجارت کے لیے ادائیگیوں سے متعلق ، وہ جو

ادا کرتے ہیں یا خود مال و سامان ؛ ادائیگیوں کی عموماً سِکّوں میں وصولی کا میکانی نظام یا طریق کار رکھنے والا (جیسے : a pay phone)؛ ایسی زمین کے متعلق جس میں منفعت بخش استحصال کے لیے معدنی وسائل کا مناسب ذخیرہ موجود ہو ۔

payable, a. واجب الادا ؛ قابلِ ادا ؛ ادا طلب ؛ قرض جو منصفانہ طور پر واجب ہو اور ادا نہ کیا گیا ہو ؛ ادائی کے لیے مناسب ؛ ادائی کے لیے موزوں ؛ جو ادا ہو سکتا ہو ۔

paycheck, n. تنخواہ چیک ؛ مشاہرہ چیک ؛ چیک جس کے ذریعے اُجرتیں یا تنخواہیں ادا کی جائیں ؛ اجرتیں ؛ مشاہرہ ۔

pay dirt, n. قیمتی مٹّی ؛ وہ مٹّی جس میں دھات کی کافی مقدار ہو ، جسے کان کن نفع بخش طور پر کام کرکے باہر نکال سکے ۔ (بول چال) منافع کا کوئی بھی ذریعہ ۔

payee, n. مرسل الیہ ؛ تنخواہ دار ؛ یابندہ ؛ وصول کُنندہ ؛ وہ شخص جسے روپیہ ادا کیا گیا ہے یا ادا کیا جانے والا ہے ۔

payer, n. ادا کرنے والا ؛ دینے والا ؛ دَہندہ ؛ ادا کُنندہ ؛ جو شخص ادا کرتا ہے ؛ وہ شخص جس کا نام بل میں یا رقعہ میں لکھا ہو اور جو حامل کو ادائیگی کرے ۔

payload, n. بوجھ کا وہ حصہ جو آمدنی پیدا کرنے والا ہو ، جیسے مسافران ، سامانِ سفر یا کرائے پر لے جانے والا مال ۔ (راکٹ سازی ، طیرانیات) کسی دھماکو میزائل میں پھٹنے والا گولا اور اسے رکھنے کا خانہ ؛ میزائل کے پھٹنے والے گولے میں سے خارج ہونے والی یا ہوائی جہاز کے بم کی قوّت سے پیدا ہونے والی توانائی ۔

paymaster, n. خزانچی ؛ بخشی ؛ فوطے دار ؛ وہ شخص جسے تنخواہیں، اُجرتیں ادا کرنے کا مختار بنایا گیا ہو ۔ (مجازاً) ولئ نعمت ؛ آقا ۔

payment, n. تقسیم ؛ چکوتا ؛ ادائی ؛ ادائیگی ؛ ادا کرنے کا عمل ؛ جو کچھ ادا کیا جائے ؛ معاوضہ ، مکافات ، جزا یا سزا ؛ بدلہ ؛ اجر ۔

payoff, n. چُکتا ادائیگی ؛اجرتوں یا قرضوں کی ادائیگی کا عمل یا موقع ؛ لمحۂ حساب/قیامت کا دن ؛ انجام ؛ کسی کہانی کا اکثر غیر متوقع اختتام ۔ (عوامی) رشوت ۔

pay off, v.t. واجب الادا کو پورے طور پر ادا کرنا ؛ واجبات دے کر ملازمت سے برخاست کر دینا ؛ بدلہ لینا ۔ (عوامی) رشوت دینا ۔ (جہاز رانی) جہاز کا ہوا سے محفوظ حصے کی طرف مڑنا یا ہٹنا ۔ (فعل لازم) محنت کا پورا معاوضہ دینا ؛ بدلہ اتارنا ۔

payola, n. (عوامی) رشوت ؛ ایک خفیہ یا بلاواسطہ معاملہ جس کے ذریعے کاروبار میں کسی رعایت کا معاوضہ کسی بھی ادائیگی سے دیا جائے ، جیسے کسی موسیقی ریکارڈ کو فروغ دینے کے لیے ریکارڈ بجانے والے کو رقم کی ادائیگی ۔

payroll, n. فہرستِ ادائی ؛ ایسے لوگوں کی ایک فہرست جنھیں واجب الادا رقوم کی ادائیگی کرنی ہے ، ان رقوم کا مجموعہ ؛ تقسیم کیا جانے والا زر ۔

pay station, n. پبلک ٹیلی فون ؛ ایک عوامی ٹیلی فون ، جو عموماً سکّے والی مشین کے ذریعے کام میں آتا ہے ۔

pay up, v.i., v.t. پُوری ادائیگی کرنا ؛ مطالبہ کرنے پر ادائیگی کرنا یا ہونا ۔

pea, n. مٹر ؛ بکثرت کاشت کی جانے والی پھلی دار مضبوط بیل کا غذائیت سے بھرا گول بیج ؛ پودا ، متعدد مختلف متعلق و مشابہ پودوں میں سے کوئی ایک یا اس کا بیج ، جیسے مصری چنا یا گوار ؛ بکثرت دانوں والی جنس کا کوئی بھی پودا (جیسے : Lathyrus)؛ مٹر کی دیوار گیر فصلی بیل جسے رنگا رنگ پھولوں اور شیریں خوشبو کی وجہ سے پسند کیا جاتا ہے ۔

pealike, a. مٹر نُما ؛ مٹر جیسا ۔

peace, n. امن چَین ؛ آرام ؛ آسودگی ؛ صلح ؛ آشتی ؛ سلامتی ؛ خیریت ؛ سُکھ ؛ راحت ؛ امن و سکون ؛ امن و امان ؛ اطمینان کی حالت ؛ خموشی یا آرام ؛ جنگ یا خصومت سے آزادی ؛ جنگ و جدال کا خاتمہ ؛ عدمِ تنازع ؛ اطمینان قلب ؛ دماغ کا سکون و اطمینان ؛ ہم آہنگی ؛ متانت ؛ امنِ عامہ اور نظم و ضبط ۔

at peace, پرسکون حالت میں ، ہم آہنگی کی حالت میں ۔

hold or keep one's peace, پُر امن رہنا ؛ خاموش ہونا ۔

peaceable, a. مطمئن ؛ امن پسند ؛ امن خواہ ؛ آشتی پسند ؛ صلح جو ؛ پرسکون ؛ پرامن ؛ مائل بہ امن ؛ جو جھگڑالو نہ ہو ۔

peaceableness, n. اطمینان ؛ امن پسندی ؛ صلح جوئی ۔

peaceably, adv. اطمینان سے ؛ امن پسندی سے ۔

peaceful, a. زمانۂ امن کی خصوصیات کا حامل ؛ پُرسکون ؛ بے اضطراب ؛ مطمئن ؛ شوروغوغا سے آزاد ؛ پرامن ؛ بحث مباحثہ یا جھگڑے کے خلاف ۔

peacefully, adv. امن سے ؛ بغیر جھگڑے کے ؛ صلح و آشتی سے ؛ صلح و صفائی سے ؛ صلح جوئی سے ؛ صُلح جویانہ ۔

peacefulness, n. سُکون ؛ اطمینان ؛ امن پسندی ۔

peacemaker, n. مصلح ؛ صلح جُو ؛ صلح کار ؛ صلح کُل ؛ امن کوش ؛ کوئی فرد ، گروہ یا ملک جو عوامی جماعتوں میں صلح کراتا ہے یا اِس کی کوشش کرتا ہے کہ وہ ایک دوسرے سے صلح کر لیں ۔

peacemaking, n., a. صُلح جوئی ؛ امن کوشی ؛ صلح کاری ؛ مصالحت کاری ۔

peace offering, n. نذرِ صلح ؛ سلامتی کی نذر ؛ پیش کَش امن ؛ حصول امن کے لیے کسی آزردہ دِل فریق کو پیش کردہ شے ؛ خدا کے شکر کا اظہار کرنے کے لیے صدقہ ۔ (عہد نامۂ عتیق) قربانی کی پیش کش / صدقہ ، جیسا کہ کتابِ لاویان کے قانون میں ہدایت کیا گیا ہے ۔

peace officer, n. افسرِ امن ؛ ایک حاکم جسے شہری امن برقرار رکھنے کا اختیار تفویض کیا گیا ہو ، جیسے شیرف ، پولیس مین یا کانسٹیبل ۔

peace pipe, n. امن کا پائپ ؛ وہ پائپ جسے شمالی امریکی انڈین امن کی نشانی یا توثیق کے طور پر پیتے ہیں ۔

peacetime, n. زمانۂ امن ؛ امن کا زمانہ ، بالخصوص اقوامِ عالم کے درمیان ۔(نیز صفت) ۔

peach, n. آڑو ؛ شفتالو ؛ ایک چھوٹے درخت Prunus persica کا ایک موٹا تازہ گودے والا روئیں دار اور خوش ذائقہ پھل ، یہ گلاب کے خاندان سے اور چین کا مقامی ہے اور شمال کے گرم خطوں میں بڑی وسعت کے ساتھ کاشت کیا جاتا ہے ؛ خود یہ درخت ؛ شفتالو رنگ ۔ (عوامی) کوئی شخص یا چیز جو بہت زیادہ پسند کی جاتی ہو ۔

peachblow, n. نیلاہٹ لیے ہوئے گلابی
رنگ/ارغوانی رنگ ۔ نیز : peachbloom ؛ اس رنگ کی ایک جھلک جو چینی کے مشرقی برتنوں پر استعمال کی جاتی ہے ؛ امریکی شیشے کے برتنوں کی ایک قسم جو اُنیسویں صدی کے اواخر میں مقبول عام تھی ، وہ شفاف ہوتی تھی اور اس کے مختلف رنگ لال ، گلابی ، زرد اور سفید ہوتے تھے ۔

peachy, a. آڑو/شفتالو جیسے رنگ یا شکل کا ۔
(عوامی) بہترین ؛ نفیس ؛ غیر معمولی طور پر پُرکشش ۔

peacock, n. مور ؛ طاؤس ؛ طاؤسی چڑیا(Pavo cristatus)
کانَر ، مرغ جیسا ، برصغیر کا مقامی مگر اب وہ عموماً پالا جاتا ہے اور اپنے طویل ، سیدھے اُٹھے ہوئے چشمک دار ، قوسِ قُزح کے سبز ، نیلے اور سنہرے گہرے رنگوں والی دُم کے شہ پروں کے باعث معروف ہے ؛ کوئی طاؤسی چڑیا خواہ وہ نر ہو یا مادہ ۔ (مجازاً) کوئی بھی مغرور ، طمطراقی ، متکبر شخص ۔ (فعل لازم) مور کی طرح اپنی نمایش کرنا ۔

peacock blue, n. فیروزی رنگ ؛ طاؤسی نیلا ؛ تغیّر پذیر
سبزی مائل نیلا رنگ جیسا کہ مور کے پروں میں نظر آتا ہے ۔

peafowl, n. مور ؛ مورنی ؛ طاؤس ؛ ایک مرغ جیسا
پرندہ Pavo cristatus جس کی تیتر کے ساتھ نسبت ہے ، نر مور کہلاتا ہے اور اُس کی مادہ مورنی کہلاتی ہے ۔ دیکھیے : Peacock ۔

pea green, n. زردی مائل ہلکا سبز رنگ ۔

peahen, n. مورنی ؛ مور کی مادہ ۔

pea jacket, peacoat, n. سینہ بند اونی کوٹ ؛ ایک چھوٹا دُہرا
سینہ بند کوٹ جو وزنی اون کا ہوتا ہے اور جسے جہازی ملاح پہنتے ہیں ۔

peak, v.i. دُبلا ، کم زور اور علالت زدہ ہو جانا ۔

peaked, a. کمزور ؛ لاغر ؛ دُبلا ؛ مریل ؛ نزار ۔

peakedness, n. دُبلا پن ، لاغری ؛ کمزوری ؛ مریل پن ۔

peak, n. چوٹی ؛ پھننگ ؛ قلۂ کوہ ؛ سکھر ؛
پگڑی کا آگا ؛ نوک ؛ سرا ؛ سِرکوہ ؛ کسی پہاڑ کی نکیلی چوٹی ؛ پہاڑ جس کی نوک دار چوٹی ہو ؛ کسی چیز کی نوک دار چوٹی ؛ ترقی کا ایک بلند ترین نقطہ یا درجہ یا حد (جیسے : the peak of his influence)؛ باہر کو نکلتا ہوا نقطہ (جیسے : the peak of a man's beard)؛ اوج؛ کلاہ ؛ آگے کو نکلا ہوا سرا ؛ کسی ٹوپی کا آگے کو نکلا ہو چھجّا یا سامنے کا حصہ ۔ (برق) کسی انحنا کا مُنتہیٰ جو بار کے تغیرات کو ظاہر کرتا ہے ، جیسے کسی برقیاتی مرکز کا کسی مخصوص زمانے کے دوران یا کسی متعین وقفے کے دوران انتہائی بار ۔ (نیز صفت) ۔ (فعل متعدی) چوٹی کی شکل میں بنانا ۔ (فعل لازم) کسی چوٹی میں آگے کو بڑھنا ۔

peal, n. گجر ؛ کڑک ؛ گھڑگڑاہٹ ؛
گرج ؛ دندناہٹ ؛ آوازہ ؛ غُل ؛ شور ؛ ایک بلند طویل آواز یا آوازوں کا ایک تواتر ، جیسے گھنٹیوں کا ؛ بجلی کی کڑک یا قہقہہ ؛ایسی گھنٹیوں کا ایک مجموعہ جنھیں ایک بڑے پیمانے پر ہم آہنگ کر دیا گیا ہو ؛ اس قسم کی گھنٹیوں پر بجے ہوئے تغیرات ؛ ٹن ٹن ۔ (فعل لازم) طویل و بلند آواز سے چیخنا یا بولنا ؛ کڑکنا ۔ (فعل متعدی) بلند اور گونج دار آواز کے ساتھ بجانا یا بُلوانا ؛ ختم کرنا ۔

peanut, n. (نباتیات) مونگ پھلی ؛ وسیع پیمانے پر
کاشت کردہ ، پھلیوں والا پودا Arachis hypogaea جو برازیل کا مقامی ہے اور جس کے خوردنی روغنی بیج پتلے چھلکے والی زیر زمین پھلیوں کی صورت میں نشوونما پاتے ہیں ؛ خود یہ بیج/تخم ؛ پھلی کا پھل ۔ (عوامی) غیر اہم شخص یا چیز ۔ (جمع) چھوٹی سی یا خفیف رقم ۔ (نیز صفت) ۔

peanut butter, n. مونگ پھلی مکھّن ؛ مونگ پھلیوں کو کُچل کر ، بُھون کر مکھن جیسی بنائی ہوئی ایک لُبدی جسے ڈبل روٹی کے توسوں پر لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pear, n. ناشپاتی ؛ کھانے کے قابل موٹا ، تازہ ،
سیب جیسا پھل جس کا اندرونی حصہ سخت اور دانے دار ہوتا ہے ، یہ ڈنٹھل کی طرف مخروطی شکل اختیار کر لیتا ہے ، خاندان گلاب کے درخت Pyrus communis پر لگتا ہے اور وسیع پیمانے پر کاشت کیا جاتا ہے ؛ ناشپاتی کا درخت ۔

pearl, n. موتی یا لُؤلُؤ ؛ دُر ؛ مروارید ؛ گوہر ؛
ایک چکنا ، گول ، صدفی جسم جو ایک خراشی مادے کے گرد بنا ہوا ہوتا ہے اور جسے عموماً صدفے پیدا کرتے ہیں ، ایسی حالت میں جبکہ وہ بالکل صحیح طور پر رنگین اور چمک دار ہوتا ہے ، اُسے ایک گراں بہا جوہر سمجھا جاتا ہے ؛ کوئی چیز جو شکل اور چمک دمک میں ایسی ہی ہو ؛ مادرِ گوہر/صدف ، سیپی ؛ جو چیز بھی بیش قیمت اور بہترین ہو ۔ (طباعت) ایک ۵ پوائنٹ کا ٹائپ ؛ خاکستری رنگ کا زردی مائل عکس جس میں نیلے پن کی جھلک ہو ۔ (صفت) موتی سے متعلق یا موتی کا بنا ہوا ۔ (فعل متعدی) موتیوں کو جڑنا یا اُن سے مزیّن کرنا ۔ (فعل لازم) موتی کی تشکیل یا شباہت اختیار کرنا ؛ موتیوں کی طرح رنگنا یا تشکیل دینا ؛ موتیوں کو تلاش کرنا ۔

pearl, n., v.t. دیکھیے : Purl ۔

pearl gray, n. ایک ہلکا نیلا پن لیے ہوئے خاکستری رنگ ۔

Pearl Harbor, n. پرل ہاربر ؛ ایک امریکی کھاڑی کا نام ؛
ساحل اواہئیو پر ہونولولو ، ہوائی کے قریب ایک کھاڑی/اندر آنے کا راستہ ؛ امریکی بحری صدر کیمپ کا محلّ وقوع جس پر ۷ دسمبر ۱۹۴۱ء کو جاپان نے حملہ کیا تھا ؛ یہ حملہ (جیسے : Remember Pearl Harbor) ۔

pearlite, n. (فلزّیات) پرلائٹ ؛ آہنی بھرت ؛ ایک آہنی
بھرت جس میں کاربن بہت کم ہوتا ہے ، وہ کچّے لوہے کی پٹیوں کی شکل میں بنا ہوا اور کچے فولاد کی آہستہ آہستہ ٹھنڈی کی ہوئی فولادی چیزوں کی شکل میں ہوتا ہے ۔ (صخریات) سنگ مروارید ۔

pearlitic, a. مرکب آہن و کاربن سے متعلق ؛
پرلائٹی ۔

pearlized, a. صدف نما ؛ شکل و صورت میں مادر
گوہر/سیپی کے مشابہ ۔

pearl millet, African millet, Indian millet, n. (نباتیات)
باجرہ ؛ کنگنی ؛ ایک لمبی گھاس Pennisetum glaucum ، اُس کی کاشت افریقہ ، مشرقی ممالک اور جنوبی امریکا میں خوردنی اناج اور جانوروں کے چارے کے طور پر استعمال ہونے کی بنا پر کی جاتی ہے ؛ افریقی باجرہ ، ہندوستانی باجرہ ۔

pearly, a. مرواریدی ؛ موتیوں پر مشتمل

یا موتیوں سے سجا ہوا ؛ موتیوں سے مشابہ ، جیسے رنگ یا چمک دمک میں ؛ قَوسِ قُزح کی طرح رنگا رنگ ۔

pear-shaped, a. ناشپاتی نُما ؛ بشکلِ ناشپاتی ؛ ناشپاتی گُوں ؛ وہ جو ایک لمبوتری گول شکل کا ہو ، ایک سرے کی طرف مخروطی رجحان رکھتا ہو ، جیسے ناشپاتی کے پھل میں ہوتا ہے ۔ (موسیقی) اُس آواز کے بارے میں جو گہری ، لطیف ، گونجنے والی اور پختہ ہو ۔

peart, a. (بولی) بلند حوصلے کے ساتھ ؛ زندہ دلی یا گرم جوشی سے ؛ خوش مزاج ۔

peartly, adv. گرم جوشی سے ؛ زندہ دلی کے طور پر ۔

peasant, n. دہقان ؛ کسان ؛ دیہاتی ، بالخصوص یورپ میں ، جو زمین پر ایک چھوٹے کسان ، مزارعے یا اجیر کی حیثیت سے کام کرتا ہے ؛ گنوار ؛ سادہ شخص ۔ (بول چال) سادہ لوح ؛ ان گھڑ اور اجڈ شخص ۔ (صفت) دہقانی ؛ دیہاتی ؛ اُجڈ ۔

peasantry, n. کسان بحیثیت مجموعی ۔

peasecod, peascod, n. مٹر کا چھلکا ؛ مٹر کی پھلی ؛ ایک صدری جس کا سامنے کا نِچلا حصہ اس طرح بنایا گیا ہو اور اس میں رضائی جیسی تہ اس طرح دی گئی ہو کہ وہ جسم سے آگے کی طرف بڑھ گیا ہو ، اُس فیشن کے مطابق جو سولھویں صدی کے اواخر میں رائج تھا؛مرزئی ؛ کمری ؛ صدری ۔

peashooter, n. ایک نلکی ، عموماً پلاسٹک کی ، جس میں سے چھوٹے غَلّے ، جیسے خشک کیے ہوئے مٹر ، پھونک مارکر باہر پھینکے جاتے ہیں ، اُسے بچے کے کھلونے کی طرح استعمال کیا جاتا ہے ۔

pea soup, n. مٹر کا شوربا ؛ گاڑھا سوپ/یخنی ، جسے خشک دَلے ہوئے مٹروں سے تیار کیا جاتا ہے ۔ (بول چال) ایک گہرا کہر/دھند ۔ نیز pea souper ۔

peat, n. دلدلی کوئلہ ؛ نباتی کوئلہ/جزواً زائل شدہ ؛ خشک پودے کا انتہائی آتش گیر مواد جو عموماً دلدلوں میں بنتا ہے ، اِس کا ایک ٹُکڑا ایندھن کے لیے موزوں ہوتا ہے ۔

peaty, a. کوئلہ نما ؛ کوئلہ صفت ۔

peat moss, n. دلدلی کائی ؛ جنس Sphagnum کا کوئی بھی ڈھیر ، عموماً دلدلوں میں ۔

peau de soie, n. کم چمک کا ایک نرم ریشمی کپڑا ، اُس کی استرکاری دونوں طرف یا ایک طرف سے ساٹن جیسی ہوتی ہے ۔

peavey, peavy, n. لکڑی کے لَٹّھے کاٹنے والے کا ایک ترچھا آنکڑا جس کے آخر میں ایک مضبوط میخ ہوتی ہے ۔

pebble, n. کنکر ؛ بجری ؛ بٹیا ؛ سنگ ریزہ ؛ روڑی ؛ ایک چھوٹا سنگ ریزہ جو پانی کے عمل سے گِھس پٹ کر ایک گول مٹول روڑی بن جاتا ہے ؛ کسی چٹان کا ایک شفاف ، بے رنگ بِلّور جس سے عینک کے لیے شیشے بنائے جاتے ہیں ؛ وہ شیشہ جو بلور سے بنایا جاتا ہے ؛ وہ چمڑا جسے کیمیائی عمل کے ذریعے اِس طرح بنایا جاتا ہے کہ اس پر دانے ابھر آتے ہیں ؛ دانے دار چمڑا؛نیز:pebble leather ۔ (فعل متعدی) چمڑے کو اس طرح بنانا کہ وہ کھردرا دانہ دار بن جائے ؛ روڑیاں پھینک کرمارنا ۔

pebbly, a. کنکری ؛ جس میں سنگ ریزے ہوں ؛ بجری دار ؛ کنکری دار ؛ ریگی ؛ ریگ مانند ؛ ریگ زار ؛ دانہ دار ۔

pecan, n. پیکن ؛ امریکی اخروٹ ؛ ایک سخت پوست کے گری دار میوے والا بہت پیدا آوری درخت Carya illinoensis جس کا رشتہ ہکری/امریکی اخروٹ سے ہے ، جو جنوب مشرقی امریکا کا مقامی ہے اور اب اپنے خوردنی پتلے چھلکے والے گری دار پھل کے لیے بڑے پیمانے پر کاشت کیا جاتا ہے ؛ ٹیکساس کا قومی/سرکاری درخت ؛ اس کا گری دار پھل ۔

peccable, a. ارتکاب گناہ کے قابل ؛ خطاوار ؛ قصوروار ؛ گنہگار ؛ غیر معصوم ۔

peccability, n. قصور وار ہونے کی حالت ؛ آمادگی برائے گناہ ۔

peccadillo, n. گناہِ صغیرہ ؛ چھوٹی تقصیر ، ایک خفیف تجاوُز یا جرم ؛ ایک معمولی سا جرم یا قصور ۔

peccant, a. مفسد ؛ شرّی ؛ خطا کار ؛ گناہگار ؛ بدعنوان ؛ عاصی ؛ کسی قاعدے یا اصول کی خلاف ورزی کرنے والا ۔

peccancy, n. گناہ گاری ؛ معصیت شِعاری ؛ خطا کاری ۔

peccantly, adv. مفسدانہ طور پر ؛ مرض انگیزی سے ؛ مرض آورانہ ؛ گناہ گاری سے ۔

peccary, n. (حیوانیات) پکرا ؛ ایک کُھردار ممیل Tayassindae کی دوا نواع میں سے کوئی ایک ، اِس خاندان کا رشتہ خنزیر کی مشترک یک جدّی انواع سے ہے جن میں سے ایک نوع Tayassus angulatus ہے جو جنوب مغربی امریکا سے لے کر ارجنٹائن تک کی اور دوسری کم یاب سفید ہونٹوں والی نوع Tayassus pecari گرم امریکی علاقوں کے جنگلوں تک محدود ہے ۔

peccavi, n. اعترافِ تقصیر ؛ اعتراف گناہ ؛ کسی گناہ یا غلطی کا اعتراف ؛ اعترافِ خطا ؛ اعترافِ قصور ۔

peck, n. چوتھائی بشل ؛ خشک پیمانہ جو آٹھ کوارٹروں کا ہوتا ہے ؛ چیزدان جو اِس مقدار کا پیمانہ ہو ۔ (عوامی) ایک بڑی مقدار (جیسے : He has had a peck of trouble) ۔

peck, v.t. ٹھونگ مارنا ، چونچ سے ٹھونگیں مارنا ، جیسے ایک چڑیا کا؛ٹھونکنا ؛ نوک دار چیز یا آلے سے ضرب لگانا ۔ (فعل لازم) چونچ سے یا کسی نوک دار آلہ سے سوراخ ہونا ؛ کھانے کے لیے کترنا ؛ کسی کے پیچھے پڑ جانا (آخر میں at آتا ہے) ۔ (اسم) ایک تیز ضرب ، جیسے چونچ سے ؛ ٹھونگ مارنا ۔ (عوامی) سرسری/اچٹتا ہوا بوسہ ۔

pecker, n. کٹھ بڑھئی ؛ چونچ مارنے والا پرندہ ؛ سوراخ کرنے والا ؛ کدال ۔

pecking order, peck order, n. (طیوریات) گھریلو پرندوں ، بالخصوص مرغیوں میں ایک قسم کا احساس برتری ، جو بعض مخصوص مرغیوں کو ہوتا ہے ، جو دوسروں کو ٹھونگیں مارتی ہیں لیکن اس کی جوابی کارروائی نہیں ہوتی ؛ انسانی معاشرے میں وقار یا اقتدار کا ایک نظام ۔

pecksniffian, a. چرب زبان ، نہایشی ریاکار کی مانند ؛ غیر مُخلص ۔

pecky, a. سوراخ دار ؛ کسی شے کو کیڑا لگ جانے سے جو

چھوٹے چھوٹے اور بڑے سوراخ پڑ جاتے ہیں ، جیسے لکڑی میں ، اُن سے متعلق ۔

pectate, n. پیکٹیٹ ؛ پیکٹیک تیزاب کا نمک ۔

pecten, n. (حیوانیات ، تشریح الاعضا) پیکٹِن ؛ شانہ نما عضو یا روش ؛ رنگین عروقی جھلّی ، متوازی تہوں/جُھریوں والی جو کنگھی کے دانتوں کے مشابہ نظر آتی ہے اور پرندوں اور حشرات کی آنکھوں کے ڈھیلے میں سے جھلکتی ہے؛ شانہ نُما جنس کی ایک صدفی مچھلی ۔

pectic acid, n. (کیمیا) پیکٹک تیزاب ؛ پانی میں حل نہ ہونے والا تیزاب ، جو پیکٹنوں کے میتھائل ایسٹر گروہوں سے آب پاشیدگی کے ذریعے اخذ کیا جاتا ہے ۔

pectin, n. سفیدہ ؛ پیکٹِین ؛ ایک پیچیدہ کاربوہائیڈریٹ نشاستہ دار غذائیت جو ان پودوں کے خلیائی دیواروں میں پائی جاتی ہیں جو بعض مخصوص پھلوں، جیسے سیب میں انتہائی مرتکز حالت میں ہوتی ہیں وہ پانی میں ایک لزوجی محلول بناتی ہیں اور جب شکر اور تیزاب ان میں شامل کیا جاتا ہے تو وہ فروٹ جیلی بن جاتی ہے ؛ ایک تجارتی پیداوار جس میں زیادہ تر پیکٹِین ہوتی ہے اور جسے زیادہ تر ادویاتی تجارت میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

pectic, pectinaceous, a. پکٹن سے اخذ کردہ یا پیکٹِین پر مشتمل ۔

pectinate, pectinated, a. کنگھا/کنگھی/شانہ/کنگھی کے دانتوں سے مشابہت رکھنے والا ؛ دندانے /دانتے دار ۔

pectination, n. ، دندانوں کا دندانوں میں ملنا یا ایک دوسرے میں اٹکاؤ ؛ دندانے دار بنانے کا عمل ۔

pectoral, a. صدریہ ؛ سینے کا ؛ چھاتی یا سینے کے بارے میں ؛ اُس سے متعلق ؛ چھاتی یا سینے کا ؛ سینے یا چھاتی کے امراض کے لیے مفید ، جیسے کوئی دوا ؛ چھاتی یا سینے پر پہنا ہوا ؛ دِل یا شعورِ باطنی سے پیدا ہونے والا ؛ صدری ؛ دلی ؛ قلبی ۔ (اسم) ایک زیور یا کوئی شے جیسے چھاتی پر پہننے کے لیے ایک بریسٹ پلیٹ/چھاتی بند ۔ (طِب) سینے کی کسی بیماری کے لیے علاج یا دوا ۔ (تشریح الاعضا) سینے کا کوئی حصّہ (جیسے: Pectoral muscles ، سینے کے عضلات)۔

pectoral cross, n. (کلیسیات) صلیب صدر ؛ وہ صلیب جو ایک اعلیٰ مرتبے کا پادری بالخصوص ایک بشپ اپنے عہدے کا اظہار کرنے کے لیے پہنتا ہے ۔

pectoral fin, n. صدری مہیپر ؛ مچھلی کے سر کے پیچھے جو پروں کا جوڑا ہوتا ہے وہ بڑے فقاری حیوانات کے اگلے بازوؤں سے مطابقت رکھتا ہے ، اُس جوڑے میں سے کوئی ایک ۔ بمقابلہ ventral fin ۔

pectoral girdle, pectoral arch, n. صدری ہیکل ؛ سینے کا حلقہ ؛ کسی فقری حیوان کے اگلے بازوؤں کو سہارا دینے والی ایک عظمی یا کرکریلی محراب ؛ انسان میں یہ محراب کندھے کی تھاپی اور گلے کی ہڈی سے مل کر بنتی ہے ۔

peculate, v.t., v.i. قبضہ کر لینا ؛ مالک بن بیٹھنا جیسے عوامی روپیہ پیسے کا یا اُس مال و اسباب کا جو کسی کی امانت میں دیا گیا ہو ؛ غبن کرنا ؛ تغلب کرنا ؛ خیانت کرنا ۔

peculation, n. تغلب ؛ غبن ؛ خیانت ؛ خوردبرد ۔

peculator, n. خائن ؛ غبن کرنے والا ۔

pec ar, a. اجنبی ؛ عجیب ؛ بِالخصوص ؛ خصوصاً ؛ بالتخصیص ؛ غیر معمولی ؛ سنکی ؛ انوکھا ؛ ایک ہی قسم کے دُوسروں سے نوعیت میں مختلف ؛ اپنی خصوصیات کے اعتبار سے یا استثنائی طور پر کسی ایک شخص ، چیز یا گروہ کا ۔ (برطانوی) ایک علاقہ یا گرجا جو رسمی کلیسائی دائرۂ اختیارات سے مستثنیٰ ہو ۔

peculiarity, n. خاصہ ؛ انوکھا پن ؛ نُدرت ؛ سبھاؤ ؛اختصاص ؛غیرعمومیت ؛ ایک خصوصیت یا خدوخال جو اعتدال سے ہٹا ہوا یا غیر عمومی ہو ؛ عجیب ہونے کی کیفیت ؛ ایک ممتاز خصوصیت یا پہلو ۔

peculiarly, adv. خصوصاً؛ انوکھے طریقے سے ؛ نرالے پن سے ۔

pecuniary, a. متعلقِ زر؛ روپے پیسے سے متعلق یا اُس سے مربوط ؛ روپے پیسے پر مشتمل ؛ جس کے نتیجے میں روپے پیسے کا ہرجانہ لازم ہو ۔

pecuniarily, adv. مالی حیثیت سے ۔

pedagogics, n. عِلم تعلیم اطفال ؛ تدریسیات ؛ تدریس کا علم یا فن ۔

pedagogue, pedagog, paedagogue, n. مدرس ؛ استاد ؛ اسکول ٹیچر/ مدرسہ کا مدرس ؛معلّم ، خاص طور پر اطفال کا ؛ استخفاف/بے قدری کے طور پر وہ شخص جو کٹّر اور ڈینگ مارنے والا ہو ۔

pedagogic, pedagogical, a. معلمانہ ؛ مدرّسانہ ؛تعلیم اطفال کا ۔

pedagogically, adv. تدریسی طور پر ؛ مُعلّمانہ طور پر ؛ فن تعلیم کی رو سے ؛ تعلیمِ اطفال کی رُو سے ۔

pedagogy, paedagogy, n. تعلیم اطفال ؛ ایک استاد کا وظیفہ ، کام یا فن ؛ تدریس کا پیشہ یا اُس کی سائنس/کا علم ؛ تدریسیات ۔

pedal, n., a. پاتختی ؛ پیڈل ؛ ارغنون باجے کا ایک حصہ ؛ ایک پیرم جسے پاؤں سے دبانا ہوتا ہے ، جیسا کہ موسیقی کے آلات کو بجانے یا بعض مخصوص مشینوں کو چلانے میں کیا جاتا ہے ؛ ایک قسم کی پاتختی ۔ (فعل متعدی) (بالخصوص برطانوی) پا تختی کو دبا کر گاڑی چلانا جیسے سائیکل کو ۔ (فعلِ لازم) اثر پیدا کرنے کے لیے پیڈل کو استعمال کرنا ، جیسے پیانو بجانے میں ۔

pedalfer, n. مرطوب مٹی ؛ ایسی زمین جو بالخصوص مرطوب آب و ہوا میں ایلومینا اور لوہے سے مالا مال ہو اور جس میں کاربونیٹ کی انداختہ کوئی تہ بالکل نہ ہو ۔ دیکھیے : pedocal ۔

pedal point, n. (موسیقی) قائم سُر ؛ موسیقی کے متن میں کوئی ایک واحد سُرتی جسے کسی ایک سُر کا سہارا حاصل ہو عموماً بم/کھرج کا جبکہ دوسرے سُر چڑھاؤ کے ایک سلسلے میں سے گزر رہے ہوں ۔

pedal pushers, n. اُونچی پتلون ؛ وہ پتلون جو آدھی پنڈلیوں تک دراز ہوتی ہے ، جسے عورتیں اور لڑکیاں پہنتی ہیں ، اُس کی ابتدا سائیکل چلانے کے لیے ہوئی تھی ۔

pedant, n. مدعیِ فضیلت ؛ مدعیِ کمال ؛ کتاب پرست ؛ نظریہ پرست ؛ اصول پرست ؛ وہ شخص جو اپنی علمیت کا مظاہرہ شدت کے ساتھ یا غیر ضروری طور پر کرتا ہے ؛ وہ شخص جو قواعد و ضوابط اور تفصیلات پر ناروا زور دیتا ہے؛ وہ شخص جو کتابی علم پر انحصار کرتا ہے اور عملی دلائل کو نظر انداز کرتا ہے ۔

pedantic, a. نمایشی؛ فضیلت نمائی سے متعلق ۔

pedantically, adv. نمایشی انداز سے؛ ادعائے فضیلت سے؛

نظریہ پرستانہ وغیرہ ۔

pedantry, n. علمیت پر فخر یا اُس کی نمود ؛ اپنی علمیت کا مظاہرہ شدّت سے کرنے والے کے اخلاق و ادا یا کردار ؛ علمیت کی نمایش ؛ قاعدوں ، ضابطوں یا قائم شدہ رسوم کی ناروا پیروی؛ ادعائے علم ؛ کتاب پرستی ۔

pedate, a. پاؤں رکھنے والا؛ پاؤں کی خصوصیت والا ؛ پنجہ صُورت ۔ (نباتیات) تاڑ کے پتے کے حوالے سے جس کے گوشک دولخت ہوتے ہیں ؛ پادار۔

peddle, v.i., v.t. پھیری پھرنا؛ پھیری پھر کر سودا بیچنا؛ دیہات میں سفر کرتے پھرنا اور چھوٹے موٹے سامان کی خوردہ فروشی کرنا؛ ایک پھیری لگانے والے کی طرح سے گشت کرنا؛ کسی چھوٹے کاروبار میں مشغول ہونا؛ معمولی سا غیر اہم کام کرنا ؛ ادھر اُدھر سفر کرنے کے دوران چھوٹی مقدار میں چیزوں کو بیچنا، بانٹنا۔

peddler, pedler, pedlar, n. وہ جو پھیری لگاتا ہے؛ خوانچے والا ؛ ٹھیلے والا شخص ؛ بنجارا ؛ پھیری والا ۔

peddling, a. پھیری والا؛ بنجارا ؛ چھوٹا سا غیر اہم کام کرنے والا ؛ ادنیٰ درجے کی اشیا کی پھیری والا ۔

peddlingly, adv. پھیری کے انداز میں ؛ پھیری پھرتے ہوئے وغیرہ ۔

pederasty, paederasty, n. اِغلام ؛ لواطت ؛ مردوں کے درمیان جنسی تعلقات (مبرزی جماع کے ذریعے) بالخصوص ایک مرد اور ایک لڑکے کے درمیان ۔

pederast, n. لُوطی ؛ بچہ باز ؛ لونڈے باز ۔

pederastic, a. لواطت کے بارے میں۔

pederastically, adv. بچّہ بازانہ ، لواطت کے طور پر۔

pedestal, n. کھمبے کی کرسی ؛ پائے ستون ؛ چوکی ؛ ستون ، بُت، ظرف یا میز کے لیے سہارا؛ بنیاد یا اساس؛ پائیدان ۔ (فعل متعدی) کسی پر رکھنا یا سہارا مہیا کرنا۔

put on a pedestal, ایک بطل عظیم یا بُت کی طرح تعظیم و تکریم کرنا؛ حمد و ستایش کرنا ۔

pedestrian, n. پاپیادہ؛ پیادہ رو؛ پیدل ؛ میر گھوڑا ؛ وہ شخص جو پیدل چلتا یا سفر کرتا ہے ؛ چلنے والا ۔ (صفت) پیدل ؛ پیدل طے کیا ہوا ؛ عام باتیں ؛ بے لطف؛ پھیکا ؛ بے کیف (نثر) ۔

pedestrianism, n. پیدل پسندی ؛ (پیدل) چلنے کی مشّاقی ۔

pediatrician, pediatrist, n. ماہر امراضِ اطفال ؛ طبیب جو بچّوں کے امراض کا ماہر ہو۔

pediatrics, Brit. paediatrics, n. طبِّ اطفال؛ وہ سائنس/ عِلم جس کا تعلق بچّوں کے امراض اور ان کے طِبّی علاج سے ہے۔

pediatric, a. طبِّ اطفال سے متعلّق ۔

pedicab, n. سائیکل رکشا ؛ ایک تین پہیوں کی بغیر موٹر والی سواری ، جس کے اوپر عموماً تہ ہو جانے والی چھت ہوتی ہے ، اُس میں دو مسافر بیٹھ سکتے ہیں اور ایک شخص اُسے پیڈل کے ذریعے چلاتا ہے ۔

pedicel, n. (نباتیات) ایک نظامِ گُل یا پھولوں کے ایک گچھے میں شامل کسی ایک منفرد پُھول کو سہارا دینے والا ڈنٹھل جو اُس شاخ ازہار سے ممتاز ہوتا ہے جو نیچے کی طرف گچھے کے تمام ڈنٹھلوں کو سہار ادیتی ہے ۔ (حیوانیات) ایک ساق عضو یا سہارا دینے والی ساخت جس کے ساتھ نچلے درجے کے بعض حیوانات وابستہ اور جُڑے ہوتے ہیں ۔

pedicellar, pedicellate, a. ڈنٹھل دار ؛ ڈنڈی دار ۔

pedicle, n. ڈنٹھل ؛ شاخ ازہار؛ ساقچہ ۔

pedicular, a. جوئیں بھرا؛ سست ؛ کاہل ؛ جوئیں پڑا ہوا ۔

pediculate, a., n. ساقچہ دار؛ اسی نام و نسل کا یا اُس سے متعلق ؛ یہ جنس ہڈی دار مچھلیوں کا ایک گروہ ہوتا ہے جس کی خصوصیت صدری پروں کی ایک لمبوتری اساس ہوتی ہے ، جو بازو یا شاخ کا دھوکا دیتی ہے ۔

pediculosis, phthiriasis, n. (امراضیات) جوئیں پڑ جانے کی اذیت میں مبتلا شخص ؛ جوں داری ۔

pediculous, a. جوں دار ؛ قمل دار ۔

pedicure, n. (امراضیات) امراضِ پا ؛ علاجِ پا ؛ پاؤں اور پاؤں کے ناخنوں کی زیبایشی دیکھ بھال ۔

pedicurist, n. وہ شخص جس کا کاروبار پاؤں کی داشت پرداخت ہو ؛ طبیبِ پا ؛ معالجِ پا ۔

pedigree, n. حسب و نسب ؛ پشت ؛ پیڑھی ؛ آباواجداد کا ایک شجرہ ؛ شجرہ ؛ نسبیات ؛ شجرے کی جدول یا فہرست جس میں باپ دادا کا سراغ لگایا گیا ہو ، جیسے پالتو جانوروں کا ؛ خالص یا ممتاز آبا و اجداد کا شجرہ ؛ کسی چیز کی اصل یا نسل ۔

pedigreed, a. خالص یا ممتاز نسل کا ؛ حسبی نسبی ۔

pediment, n. (فن تعمیر) سنتوری ؛ سہ گوشہ ؛ یونانی طرز پر بنی ہوئی عمارتوں کے سامنے بالخصوص پیش گاہ پر تاج کی طرح منجھا ہوا ایک نچلا مُثلثی حصہ ، جو کنیٹا/دُورخی ڈھلواں بالائی تکون سے مشابہت رکھتا ہے اور اس پر سنگ تراشی کے خوبصورت نمونے مزیّن ہوتے ہیں جیسے کسی بھی عمارت کے داخلے پر ۔ (ارضیات) کسی کڑی ڈھلان والی پہاڑی یا پہاڑ کے دامن میں کوئی ہلکی چٹانی ڈھلان جو عموماً سیلابی مٹی سے ڈھکی ہوتی ہے ۔

pedimental, a. سَنتُوری کا ، اُس پر یا اُس کے مشابہ ؛ سہ گوشیا ۔

pedimented, a. سنتوری دار ؛ عمارت جو سنتوری رکھتی ہو یا اُس کے مشابہ بنی ہوئی ہو۔

pedobaptism, paedobaptism, n. بپتسمۂ شِیر خوار ؛ اصطباغ ؛ دودھ پیتے بچوں کا بپتسمہ/اِصطباغ ۔

pedocal, n. بنجر زمین ؛ خُشک علاقوں کی مٹی جس میں کیلسیم کاربونیٹ کی طبق دار تہ ہوتی ہے ۔ دیکھیے : pedalfer ۔

pedocalic, a. بنجر زمینی ۔

pedodontia, n. دیکھیے : Pedodontics ۔

pedodontics, pedodontia, n. طِفلی اسنانیات ؛ دندانیات کا شُعبہ یا کام جس میں بچّے کے دانتوں کی دیکھ بھال یا اُن کے علاج کی مہارت پیدا کی جاتی ہے ۔

pedodontic, a. طفل اسنانیات سے متعلق ۔

pedology, paedology, n. طفلیات ؛ طفل افزائیات ؛ وہ عِلم جس میں بچّوں کی طبیعیاتی ، ذہنی اور سماجی نشوونما کا مطالعہ کیا جاتا ہے ۔

pedological, a. طِفلیاتی ۔

pedologically, adv. طِفلیات کی رو سے ۔

pedologist, n. طفلیات دان ۔

pedology, n. طینیات ؛ مٹی کا علم ؛ وہ علم جس کا تعلق مٹی کی تشکیل ، اُس کے خواص اور استعمال سے ہو ۔

pedological, طینیاتی ۔

pedologically, adv. طینیات کی رو سے ۔

pedologist, n. طینیات دان ۔

pedometer, n. قدم پیما ؛ قدم شمار ؛ مسافت پیما ؛ وہ آلہ جو اکثر ایک گھڑی کے مشابہ ہوتا ہے اور جس سے ایک پیدل چلنے والے آدمی کے قدم شمار کرکے اُس کے طے کیے ہوئے فاصلے کی پیمایش کی جاتی ہے ۔

pedro, n. تاش کے ایک کھیل 'سب چاروں' (All fours) کی متعدد قسموں میں سے کوئی ایک قسم ، جس میں پانچ ٹرپ کے پتے اور بعض اوقات پانچ دوسرے پتے اُسی رنگ کے زائد نمبر بنانے کے لیے اپنی قیمت عرفی پر شمار ہوتے ہیں ؛ پانچ ٹرپ کے پتے ؛ دوسرے پانچ پتے اسی رنگ کے ۔

peduncle, n. (نباتیات) شاخِ ازہار ؛ کسی پودے کے ایک تنہا پھول کا ڈنٹھل یا ڈنڈی ؛ کسی نظامِ گل یا پھولوں کے ایک گچھے کا بڑا ڈنٹھل یا بڑی ڈنڈی جو کسی گچّھے کے منفرد پھولوں کی چھوٹی چھوٹی ڈنڈیوں سے ممتاز ہوتا ہے ۔ (حیوانیات) بعض ایسے جانوروں کا ساقچہ جو آزادی کے ساتھ چل پھر نہیں سکتے ، جیسے بازو پایاں اور سُرخاب/شمالی ہنس ۔ (تشریح الاعضا) دماغ کے اندرایک ساقچہ جیسی ساخت ؛ ساقِ دماغ ۔

peek, v.i. جھانکنا ؛ تاکنا ؛ تیزی کے ساتھ یا چوری چھپے دیکھنا ، بالخصوص چھوٹے سے سوراخ میں سے یا کسی چھپے ہوئے مقام سے تاک‌جھانک کرنا ۔(اسم) تیز و طرّار ؛ دُزدیدہ نگاہ ؛ تاک جھانک ۔

peel, v.t. کھال،پوست یا چھلکے کو جدا کرنا ؛ اُتارنا ، جیسے چھال ، کھال یا چھلکے کو کسی سطح سے ۔ (فعل لازم) کھال یا چھلکے اُترنا ، گرنا ، جیسے چھال یا پوست کا ۔ (عوامی) کپڑے اتارنا ۔ (اسم) پھل یا ترکاری کا چھلکا یا پوست ۔

keep one's eyes peeled, آنکھیں گہری نظر رکھنا ؛ ہوشیار رہنا ؛ آنکھیں کھلی رکھنا ۔

peel, n. کفچہ ؛ تنور سے روٹیاں نکالنے والا اوزار ۔

peeler, n. تندورچی ؛ تنور میں رکھنے ، نکالنے والا ؛ وہ شخص جو تنور میں غذائی اشیا رکھتا اور نکالتا ہے ؛ کوئی ایسی مشین جو یہی کام کرتی ہے ۔

peeling, n. چھلکا ؛ وہ جو کسی چیز سے چھیلا جائے ، جیسے کسی پھل کا ، ملائم یا موٹا چھلکا ۔

peel off, v.i. (طیرانیات) تیزی کے ساتھ جھوک کھا کر کسی اُڑتی ہوئی شے سے دُور ہٹنا ، عموماً غوطہ کھانے کے لیے یا زمین پر اترنے کے لیے تیاری کے وقت ۔

peen, pein, n. موگرا ؛ ایک ہتھوڑا جس میں اُس کے چہرے کے مقابل اُس کے سر پر ایک مدوّر فانے کی شکل کا یا کسی اور طرح سے ترمیم کیا ہوا ایک سرا ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) کسی ہتھوڑے کی ضرب لگانے والے سرے سے کسی چیز کی پوری سطح پر باقاعدہ ضرب لگا کر اُس چیز کو تیار کرنا ۔

peep, v.i. مرغی کے بچوں کی آواز نکالنا ؛ چیں چیں کرنا ؛ کسی پرندے کے بچّے یا کسی چوہے جیسی تیز اور باریک آواز نکالنا ؛ چُوں چُوں کرنا ؛ باریک ، کم زور آواز میں بولنا ۔ (اسم) چیں چیں ،چوں چوں ، کی پکار/چیخ یا آواز ؛ متعدد مختلف چھوٹی ٹٹیریوں میں سے کوئی ایک ۔

peep, v.i. جھانکنا ؛ کسی چھوٹے سے روزن میں سے یا کسی خفیہ مقام سے جھانکنا ؛ شرارت سے یا کسی کی ٹوہ لینے کے لیے یا چوری چھپے جھانکنا ؛ تاک جھانک کرنا ؛ دُزدیدہ نظری سے کام لینا ؛ جزوی طور پر نظر آنا؛ ظہور کا آغاز ہونا ۔ (فعل متعدی) دکھانا؛ خفیف سا آگے کو بڑھنا ۔ (اسم) دزدیدہ نظر ؛ تاک جھانک ؛ مختصر یا چوری چھپے کا نظارہ ؛ سب سے پہلا ظہور جیسے طلوعِ صبح ؛ سوراخ ؛ روزن ۔

peeper, n. چُوں چوں کرنے والا ؛ وہ جو پرندے کے بچے یا چوہے کی تیز اور باریک آواز نکالتا ہے ؛ بے شمار مینڈکوں میں سے کوئی ایک جو اپنی مخصوص آواز میں ٹرّاتا ہے ۔

peeper, n. جھنکونا ؛ جھانکنے والا ؛ دیکھنے والا ؛ وہ جو تاکتا جھانکتا ہے ، بالخصوص ایک جاسوسی/راز جوئی کے انداز میں ؛ جاسُوس ؛ شہوی نظر سے دیکھنے والا ۔ (عوامی) آنکھ ۔

peephole, n. جھروکا ؛ جھنجری ؛ غرفہ ، موکھا ؛ روزن ؛ کوئی سوراخ یا خلا جس میں سے کوئی جھانک سکتا ہو ، جیسے کسی دروازے میں ۔

Peeping Tom, n. (بعض اوقات چھوٹے حروف سے) تاک جھانک کرنے والا ؛ شہوانی نظر رکھنے والا ۔

peep show, n. ایسے فوٹو یا تصاویر کی ایک نمایش جنھیں بڑا کر لیا گیا ہو اور کسی چھوٹے سوراخ سے دیکھا جاتا ہو ؛ سیر بین ۔

peep sight, n. شست روزن ؛ بندوق کی نالی کے پیچھے لگی ایک پلیٹ جس میں ایک چھوٹا سوراخ ہوتا ہے ، بندوقچی اپنے نشانے پر نظر جمانے کے لیے اُس سوراخ میں سے جھانکتا ہے ۔

peer, n. ہم جولی ؛ ہم چشم ؛ ہم رتبہ ؛ ہم سر ؛ جوڑ ؛ ایک ہی رتبے یا صلاحیتوں کے لوگوں میں سے کوئی ایک ؛ مساوی ، بالخصوص قانون کے مطابق ؛ برطانوی طبقۂ امرا کے پانچ درجوں : ڈیوک ،مارکوئس ، ارل ، وائی کاؤنٹ ، بیرن میں سے کسی ایک کا رکن ۔

peer, v.i. دکھائی دینا ؛ نظر آنا ؛ غور سے دیکھنا ؛ جھلک مارنا ؛ تنگ نظری کے ساتھ دیکھنا ، جیسے بصیرت کے ساتھ صاف صاف دیکھ لینے کی کوشش میں ؛ باہر کی طرف جھانکنا یا بہت کم ظاہر ہونا ؛ جزوی طور پر نظر آنا ۔

peerage, n. امیری کا رتبہ ، اُمرائی ، نوابی ؛ امارت ؛ امیر/پیئر کا رتبہ یا وقار ؛ پیئروں کی جماعت ، کتاب جس میں پیئروں کے نام اور ان کے شجرے درج کیے جاتے ہیں ۔

peeress, n. پیرِیس ؛ پیئر/امیر کی بیوی؛ عورت جو خود اپنے استحقاق سے پیئر کا رُتبہ رکھتی ہے ۔

peerless, a. بے مثل ؛ بے بدل ؛ لاثانی ؛ یکتا ؛ بے ہمتا ؛ بے نظیر ؛ جو کوئی جوڑ یا اپنا ہم سر نہ رکھتا ہو ۔

peerlessly, adv. یکتا طور پر ؛ بے مثل انداز میں ۔

peerlessness, n. بے مثل ہونے کی حالت ؛یکتاپن ؛یکتائیت ؛لاثانیت ۔

peeve, v.t. چڑ چڑا بنا دینا ؛ تُنک مزاج بنانا ۔ (اسم) برہمی کا سرچشمہ ۔

peevish, a. نازُک مزاج ؛ تُنک مزاج ، زود رنج ؛ تُند خُو ؛ کڑوا ؛ برہم ؛ آسانی کے ساتھ جھنجھلایا ہوا ؛ جھلایا ہوا ؛ جھگڑالو ؛ برافروختہ ؛ چڑچڑا ۔

peevishly, adv. تنک مزاجی کے انداز میں ۔

peevishness, n. تنک مزاج ہونے کی خصوصیت ؛ چڑچڑاپن ۔

peewee, pewee, n. (بول چال) غیر معمولی طور پر چھوٹا آدمی یا چیز ۔ (طیوریات) پیوی (ایک قسم کا پرندہ) ۔ (صفت) چھوٹا ؛ ننّھا ۔

peewit pewit, n. ہُد ہُد ؛ نَہّاح ؛ سیاہ سَر مرغابی ؛ پیوی ۔

peg, n. کھونٹی ؛ گل میخ ؛ چوب ؛ میخ ؛ کیل ؛ کھونٹا ؛ لکڑی کی یا کسی دوسرے مواد کی بنی ہوئی ایک کھونٹی جسے کسی چیز میں ٹھونک دیا گیا ہو یاجس سےدو حصوں/پُرزوں کو ایک دوسرے سے جوڑ دیتے ہیں ، چُول ؛ چپر؛ کسی رسّے یا ڈوری کو مضبوط باندھنے کے لیے یا کسی سوراخ کو بند کرنے کے لیے یا کسی جگہ نشان لگانے کے لیے لگائی گئی کھونٹی ۔ (موسیقی) لکڑی یا دھات کی ایک چھوٹی سی کھونٹی جس سے کسی موسیقی ساز کے ایک تار کا آخری سرا باندھ دیا جاتا ہے اور اُس تار کے کھچاؤ کو حسبِ منشا کم یا زیادہ کرنے کے لیے اِس کھونٹی کو اُس کے خانے میں گھمایا جا سکتا ہے ۔ (بول چال) ایک رُتبہ یا درجہ ؛ ایک ٹانگ ، بعض اوقات لکڑی کی ؛ برانڈی اور سوڈے یا وھسکی اور سوڈے کا ایک محلول ؛ پھینک ، جیسے بیس بال کے کھیل میں ۔ (فعل متعدی) کھونٹی کِسی چیز میں ٹھونکنا یا داخل کرنا ؛ باندھنا (کھونٹیوں کے ساتھ) ؛ کھونٹیوں سے نشان لگانا ؛ ضرب لگانا یا برمانا جیسے ایک کھونٹی کے ساتھ ۔ (بول چال) نشانے پر پھینکنا ۔ (فعل لازم) مسلسل کام ہونا ؛ مشقت کرتے رہنا ۔ (بول چال) نشانے پر پھینکا جانا ۔ (صفت) نیچے کی طرف مخروطی ، جیسے پتلون کے پائنچے ۔

Pegasus, n. (کلاسیکی اساطیری) فرسِ اعظم؛ پیگاسس؛ ایک پردار گھوڑا ۔ (مجازاً) شاعرانہ القا ۔ (فلکیات) شمالی مجمع النجوم جو ایک اڑتے ہوئے گھوڑے کی شکل کا ہے جو دجاجہ (Cygnus) اور کُنبھ (دلو) (Aquarius) کے درمیان واقع ہے ۔

peg leg, n. (بول چال) لکڑی کی ٹانگ ؛ وہ شخص جس کی لکڑی کی ٹانگ ہو ۔

peglegged, a. لکڑی کی ٹانگ والا ۔

pegmatite, n. کڑا سنگ خار ؛ ایک کھردری ، قلمی ، سنگِ خارا یا کسی دوسری چٹان کی پرت ، خاص طور سے ترسیمی ساخت کی سنگ خارا کی چٹان ۔

pegmatitic, a. سنگ خارا کا یا اُس سے متعلق ۔

peg top, n. چوبی لٹّو ؛ بچّوں کے کھیلنے کا چوبی لٹّو ۔ (جمع) مرد کا پائجامہ یا عورت کا اسکرٹ ، کُولھوں پر چوڑا تراشا ہوا اور ٹخنوں کی طرف بتدریج تنگ ہوتا ہوا ۔ (صفت) چوبی لٹّو کا ۔

peignoir, n. غسل کا لبادہ ؛ عورت کا ڈریسنگ گاؤن یا ڈھیلا ڈھالا لباس ۔

pejorative, a. ہجویہ؛ استخفافی ؛ ہتک آمیز معنی کا حامل یا ایسے معنی کی طرف اشارہ کرنے والا ؛ بے قدری کرنے والا ۔ (اسم) بے قدری کرنے والی صُورت یا لفظ ؛ ہجو ؛ استخفاف ۔

pejoration, n. بے قدری ؛ استخفاف ۔

pejoratively, adv. بے قدری کے انداز میں ؛ استخفافی طور پر ۔

Pekingese, a. چین کے شہر بیکنگ کا یا اُس سے متعلق ۔ (اسم) (جمع) پیکنگ کی چینی بولی ؛ پیکنگ کا شہری یا باشندہ ۔

Pekingese, Pekinese, n. چھوٹی ٹانگوں والے چھوٹے کُتّوں کی ایک چینی نسل کا کوئی ایک کتّا ، جس کا چہرہ چپٹا اور لمبی ریشمی کھال ہوتی ہے ۔

Peking man, n. پیکنگ آدمی ؛ قدیم حجری دور کے انسان کے رکازات ؛ پلسٹوسینی دور کا قدیم چینی انسان یا چینی بن مانسی انسان جس کی ہڈیاں پیکنگ (چین) کے قریب دریافت ہوئی تھیں ۔

pekoe, n. پیکو ؛ ایک نفیس سیاہ چائے جو ہندوستان ، سری لنکا اور جاوا میں پیدا ہوتی ہے ۔

pelage, n. بال ، پشم ، اون ؛ دودھ پلانے والے کسی جانور کی اسی قسم کی پوستین ۔

pelagic, a. میان بحری ؛ بحر باش ؛ بحری ؛ سمندری ؛ ساکنِ بحر ؛ سمندر سے تعلق رکھنے والا ؛ بعض ایسے پودوں اور جانوروں کا جو کھلے سمندر میں پائے جاتے ہوں ، عموماً ساحل سے کچھ فاصلے پر ۔

pelargonium, geranium, stork's-bill, n. (نباتیات) مختلف اقسام کی متعدد جڑی بوٹیاں جو گُلِ شمعدانی کے خاندان سے ہیں،جنوبی افریقہ میں پیدا ہوتی ہیں اور زیبایش کے لیے اگائی جاتی ہیں؛ گل فروشوں کا کاشت کیا ہوا گلِ شمع دانی ۔

pelerine, n. عورت کی کُلاہ ، پیچھے کے مقابلے میں آگے کی طرف زیادہ لمبی ۔

pelf, n. دَھن ؛ پیسہ ؛ کوڑی ؛ زر ؛ روپے پیسے ؛ دولت ؛ اکثر تحقیر کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

pelican, n. حواصل ؛ ماہی خور (پرندہ) ؛ اسی نام و جنس کے ماہی خور ، جھلّی دار پنجوں والے آبی پرندوں میں سے کوئی ایک ، جس کی چپٹی لمبی چونچ ہوتی ہے اور اُس کے نیچے ایک انتفاخ پذیر (پھولنے والی) تھیلی ہوتی ہے ، جسے غذا کو ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pelisse, n. ایک لمبا ڈھیلا ڈھالا لبادہ ، سمور کا استر لگا ہوا یا سمور سے آراستہ کیا ہوا ۔

pellagra, n. (امراضیات) بلاجر ؛ لمباردی مرض ؛ زشتِ جِلدی ؛ پیلگرا ؛ ایک مرض جو جلد ، نظام ہضم ، اور اعصابی نظام کو متأثر کرتا ہے ، یہ مرض نیاسین کی کمی سے پیدا ہوتا ہے ۔

pellagrous, a بلاجر زدہ ۔

pellagrin, n. (امراضیات) بلاجری مریض ؛ وہ شخص جو لمباردی مرض کا مریض ہو ؛ بلاجرزدہ شخص ؛ مریض پیلگرا ۔

pellet, n. حَب ؛ ایک گول یا مدّور جسم ، بالخصوص وہ جو وٹے سائز کا ہو ؛ چھوٹی سی گولی ، جیسے خوراک یا دوا کی ایک پِنڈ جو عموماً پتھر کی ہوتی ہے اور جسے پہلے زمانوں میں قذفیات میں گولے کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ؛ بندوق کی گولی یا

چھرّا ، چھوٹے فاصلے کے لیے ؛ بارود کی بھرت جیسے شکاری کی بندوق کے لیے ؛ بندوق کی ایک نقلی گولی ، جیسے موم یا کاغذ کی ۔ (فعل متعدی) گولیاں بنانا ؛ گولیوں سے مارنا ۔

pellicle, n. پردہ ؛ جالا ؛ پتلی جلد ؛ جھلّی ؛ غشا ؛ سیال سطح پر جھاگ یا جھلّی ۔

pellicular, pelliculate, a. غشائی ؛ پوست نما ؛ باریک جلد ۔

pellitory, n. عقر قرحا ؛ عقرقرا ؛ عاقر قرحا ؛ پود گھر کا ایک پودا جو بچھوا خاندان سے تعلق رکھتا ہے اور گرم علاقوں میں پیدا ہوتا ہے ، اس کے عمدہ گھنی پتیوں والے خوشے ہوتے ہیں ، جن سے زرگل جھڑتا ہے ۔ نیز : artillery plant ؛ جنوبی یورپ کی نوع Parietaria afficinalis جو چٹائی کی صورت میں دیواروں پر اُگتی ہے ؛ جنوبی یورپ کا مرکب خاندان کا ایک گیاہی پودا جس کی جڑیں دوا میں استعمال ہوتی ہیں ۔ نیز : pellitory of Spain ۔

pell-mell, pellmell, adv. غلط سلط طور پر ؛ غیر منظم انداز میں ؛ پریشان کن عجلت کے ساتھ ؛ بے ترتیبی سے ۔ (صفت) اُلجھا ہوا ؛ ابتر ؛ بلاامتیاز ؛ تتر بتر ۔ (اسم) ایک غیر منظم ہجوم یا گروہ ؛ ابتری ؛ بے ترتیبی ؛ بے نظمی ؛ الجھاؤ ۔

pellucid, a. واضح ؛ صاف ؛ شفاف ؛ روشنی کو راستہ دینے والا ؛ نیم شفاف ؛ صاف شفاف ؛ خالص (جیسے : pellucid water) ؛ صاف اور سلیس انداز میں بیان کیا گیا (جیسے : a pellucid sentence) ۔

pellucidity, pellucidness, n. وضاحت ؛ شفّافی

pellucidly, adv. شفّاف طور پر ؛ واضح طور پر ۔

peloria, n. (نباتیات) نادر گل خیزی ؛ ایسے پودوں میں جو عموماً بے قاعدگی سے پھول دیتے ہیں ، پھولوں کی باقاعدگی ۔

peloric, a. بے قاعدگی سے پھول دینے والا ؛ نادر گل خیز ۔

pelorus, n. (جہاز رانی) جہاز رانوں کے قطب نما سے مشابہ ایک آلہ جسے زیر مشاہدہ اشیا کی اضافی سمتوں کا تعین کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ نیز : dumb com-pass ۔

pelota, n. پیلوٹا ؛ ایک ہسپانوی امریکی کھیل ؛ ان کھیلوں میں استعمال کی جانے والی گیند ۔

pelt, n. کھال ؛ کسی جانور کی کھال جس پر بال یا اُون موجود ہو ؛ کسی جانور کی غیر دباغی کھال ؛ انسانی جلد (مزاحیہ طور پر) ۔

pelt, v.t. کسی پھینکی ہوئی یا ٹُھکی ہوئی چیز پر مسلسل ضرب لگانا ؛ تیزی سے پھینکنا ؛ تیزی سے گرانا ؛ زبانی حملہ کرنا ۔ (فعل لازم) بارش یا اولوں کا مسلسل برسنا ؛ سرعت اور قوت کے ساتھ ہلنا ۔ (اسم) کسی پھینکی ہوئی چیز کی ضرب یا چوٹ ۔

pelter, n. ضارب ؛ مسلسل ضرب لگانے یا پھینکنے والا شخص ۔

peltate, peltated, a. (نباتیات) ڈھال دار ؛ کنارے کے اندر کی طرف ، اکثر نچلی درمیانی سطح کے قریب ، کفِ برگ کے ڈنٹھل کے ساتھ جوڑوالا (پودا) ؛ ڈھال نما پتوں کا ؛ ڈھال کی شکل کا ؛ سپر نما ؛ سپری ۔

peltately, adv. ڈھال دار طور پر ۔

peltry, n. چام ؛ جانوروں کی کھالیں بحیثیت مجموعی ؛ پشم پیدا کرنے والے جانوروں کی کچی کھالیں ؛ کسی جانور کی کچی کھال ۔

pelvic fin, ventral fin, n. نچلے مہیپر ؛ کسی مچھلی کے نچلے پہلو کے پروں کے ایک جوڑے میں سے کوئی ایک پر جو کسی چوپائے کی پچھلی ٹانگوں سے مطابقت رکھتا ہے ۔

pelvic girdle, pelivic arch, n. پیڑو ؛ حلقہ ؛ ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں میں ہڈیوں کی یا کُرکری ہڈی کی محراب جو پچھلے اعضا کو سہارا دیتی ہے ، آدمی میں یہ محراب دو بے نام ہڈیوں سے بنی ہوئی ہوتی ہے ۔

pelvis, n. (تشریح الاعضا) (حیوانیات) پیڑو ؛ بہت سے فقریوں کے دھڑ کے نچلے حصے میں ایک تسلے جیسا جوف ، جو آدمی میں بے نام ہڈیوں یعنی عجز اور عصعص سے بنا ہوا ہے ؛ تسلے جیسا جوف جس کے اندر قنات گردہ نافچہ پر پھیلتی ہے ۔

pelvic, a. نافچہ کا ؛ پیڑو سے متعلق ۔

pemmican, pemican, n. ایک شمالی امریکی انڈین کھانا جو عرصہ تک تازہ رہ سکتا ہے ، اس کے اجزائے ترکیبی میں ہرن کا خشک گوشت یا بھینس کا گوشت اور پگھلی ہوئی چربی ہوتی ہے ، بعض اوقات اس میں خشک میوہ ملا کر اور اچھی طرح دبا کر روٹی بنا لیتے ہیں ۔

pemphigus, n. (امراضیات) پُھکنا ؛ چھالا ؛ آبلہ ؛ پھپولا ؛ ایک مرض جس میں پانی سے بھرے ہوئے بڑے چھالے جلد اور غشائے مخاطی پر اُبھر آتے ہیں ۔

pen, n. قلم ؛ کلک ؛ خامہ ؛ روشنائی سے لکھنے کے لیے کوئی بھی آلہ ؛ فولاد یا کسی دوسری دھات کا ایک چھوٹا سا آلہ جس کے سرے پر شگاف ہو اور جسے ایک ہولڈر میں لگا کر روشنائی سے لکھنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ نب مع ہولڈر ؛ قلم ، آلۂ تحریر و تصنیف کے طور پر ؛ پیشۂ تحریر ؛ تحریر کا اسلوب یا اس کی کیفیت ؛ قلم کار یا مصنف ۔ (طیوریات) کسی پرندے کا ایک پر ، بالخصوص ایک بڑا پر ، بازو یا دُم کا ؛ شاہپر ۔ (حیوانیات) بعض سرپایوں میں اندرونی قرنی یا قاطینی پر کی شکل میں ایک ساخت ، جیسے قیر ماہی کا ۔ (فعل متعدی) قلم سے لکھنا ؛ قلم بند کرنا ؛ تصنیف و تالیف کرنا ۔

penner, n. قلمکار ؛ مُصنّف ؛ لِکھاری ۔

pen, n. گھیرا ؛ کھڑک ؛ ٹاپا ؛ احاطہ ؛ باڑا ؛ ایک چھوٹا احاطہ (گھریلو جانوروں کے لیے) ، جیسے خنزیر ، گائیں ، بھیڑیں یا انڈے دینے والی مرغیوں ، بطخوں وغیرہ کے لیے ؛ وہ جانور جو اس قسم کے باڑے میں بند ہوں ؛ مُقیّد یا محفوظ رکھنے کی کوئی بھی جگہ ۔ (فعل متعدی) کسی باڑے میں یا باڑے کی طرح کسی اور جگہ میں بند کرنا ۔

pen, n. مادہ ہنس ۔

pen, n. (عوامی) اصلاحی قید خانہ ۔

penal, a. تعزیری ؛ قابل سزا ؛ مستوجب سزا ؛ مستلزم سزا ؛ جرمانوں/تاوانوں یا سزا کا یا ان سے متعلق ؛ سزا کا تعین ؛ سزا یافتہ ، سزا سے متعلق ۔

penalize, v.t. قابل سزا قرار دینا ؛ کسی پر سزا عائد کرنا ، جیسے فٹ بال ، باسکٹ بال یا ہاکی جیسے کھیلوں میں قواعد کی خلاف ورزی پر ؛ کسی کام یا عمل کے قابل سزا ہونے کا اعلان کرنا ؛ کسی کو ناموافق حالات میں ڈالنا ۔

penalization, n. سزا دہی ۔

penally, adv. سزا کے طور پر ۔

penal code, n. (قانون) ضابطۂ تعزیرات ؛ مجموعۂ تعزیرات ؛ جرائم اور ان کے لیے مقرر سزاؤں کے قوانین کا مجموعہ ۔

penalty, n. سزا ؛ تعزیر ؛ کسی جرم ، خلاف ورزیٔ قانون یا مداخلتِ بے جا کے ارتکاب پر سزا ؛ وہ سزا جو کوئی شخص خود اپنے اوپر ، صریح وعدوں کی خلاف ورزی کی پاداش میں عائد کر لیتا ہے ؛ کسی معاہدہ کو توڑنے کی سزا میں ضبط شدہ رقم ؛ وہ ناموافقت یا سختی جو کسی عمل/کارروائی یا شرط کے ساتھ مربوط ہو ؛ تاوان ۔ (کھیل) قواعد کی کسی خلاف ورزی پر کوئی عائد کردہ پابندی ۔ (صفت) سزا سے متعلق ۔

penance, n. کفارہ ؛ نفس کُشی ؛ توبہ ؛ عقوبت نفس ، جو کوئی شخص گناہ سے توبہ کا اظہار کرنے کے لیے اپنے اوپر عائد کرتا ہے ؛ گناہ سے نجات حاصل کرنے کے لیے مسیحیت کے صاحبانِ اقتدار نے جو ضبط و نظم عائد کیا ہو ؛ گناہ کی معافی کے لیے رُومی کیتھولک مذہب کا عشائے ربانی ۔

penates, n. [لاطینی] قدیم رومیوں کے گھریلو دیوتا ۔ دیکھیے : lares ۔

pencel, pensil, n. ایک چھوٹا پرچم یا جھنڈی ۔

penchant, n. زبردست رُجحان ؛ فیصلہ کُن ذوق ؛ پسند ؛ عصبیت ۔

pencil, n. پینسل ؛ کونچی ؛ موقلم ؛ برش ؛ نشان لگانے/نقش کَشی یا لکھنے کے لیے ایک آلہ جو چاک یا سُرمے وغیرہ کا بنا ہو ؛ ایک اسی طرح کا بنا ہوا آلہ، طبی، جمال آرائی یا نمایشی مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ کسی فن کار کا خصوصی طرز یا ہنر ؛ خطوط ، نوری شعاعوں وغیرہ کا مجموعہ جو کسی نقطے سے پھیل رہا ہو یا کسی نقطے پر مرکوز ہو رہا ہو ۔ (قدیم) کسی فن کار کا رنگ کرنے والا برش، بالخصوص نفیس و نازک کام کے لیے ۔ (فعل متعدی) کسی پینسل سے یا ایسے ہی کسی اور طریقے سے نشان لگانا یا لکھنا ۔

pendant, pendent, n. بُندہ ؛ آویزہ ؛ جُھمکا ؛ کِرن پھول ؛ لنگر ؛ گوشوارہ ؛ لٹکن ؛ کوئی بھی چیز جو لٹک رہی ہو ، بالخصوص گردن سے ، جِسے زیب و زینت کے لیے یا ایک زیور کے طور پر استعمال کیا جائے ؛ جیبی گھڑی کی چھلے دار ڈنڈی جس کے ذریعے وہ ایک زنجیر سے بندھی ہوتی ہے ؛ آلہ جو روشنی کے لیے چھت سے لٹکا ہوا ہو ؛ جوڑے میں سے ایک ؛ ساتھی یا مقابل ۔ (فن تعمیر) لٹکنے والا سامان زیب و زینت جو قوسی محرابوں اور عمارتی لکڑی کی بنی ہوئی چھتوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ (جہاز رانی) پرچم ۔

pendent, pendant, a. آویزاں ؛ لٹکا ہوا ؛ لٹکتا ہوا ؛ معلّق ؛ اوپر لٹکتا ہوا ؛ آگے نکلتا ہوا ؛ ابھی تک غیر معین ؛ زیر تجویز ؛ زیر غور ۔

pendency, n. زیر تجویز ہونے کی حالت ۔

pendently, a. لٹکتے ہوئے ؛ معلّق ۔

pendentive, n. (فن تعمیر) قطعۂ گنبد ؛ محراب دار چھت کا وہ حصہ جو کسی ستون یا داسے سے پھوٹتا ہے ؛ عمارت کی ایک مثلثی ، مقعر تعمیر جو کسی گیند کی طرح مدوّر یا کثیر الزوایا سطح کو کسی دُوسری سہارے کی سطح مثلاً مستطیل سے مربوط کرتی ہے ۔ (صفت) قطع قبہ کا وظیفہ اختیار کرنے والا ؛ آویزہ ۔

pending, a. زیرِ غور ؛ جس کا فیصلہ نہ ہوا ہو ؛ زیر تجویز ؛ ملتوی ؛ مرجوعہ ؛ متساوی ؛ زیر سماعت ؛ معلق ؛ جو ختم نہ ہوا ہو ؛ غیر مختتم ؛ قریب الوقوع ؛ سر پر کھڑا/فوری ۔ (حرف جار) وقت یا تسلسل کے لیے ؛ دوران ، حتیٰ کہ ۔

pendragon, n. قدیم برطانوی شہزادہ ؛ قدیم برطانیہ کے تمام سرداروں کا ایک رہنما یا فرماں روا ۔

pendulous, a. آویزاں ؛ لرزاں ؛ رقصاں ؛ معلق ؛ لٹکتا ہوا ؛ جھولتا ہوا ؛ لٹکتا ہوا تا کہ آزادی کے ساتھ جھول سکے ؛ غیر فیصل شدہ یا جس نے فیصلہ نہ کیا ہو ؛ مذبذب ۔

pendulum, n. لٹکن ؛ شاقول متحرک ؛ ساہول ؛ پنڈولم ؛ لنگر ؛ رقاص ؛ ایک جسم جو کسی قائم نقطے سے اس لیے لٹکایا گیا ہوکہ وہ کشش ثقل اور معیار حرکت کے نوبتی عمل سے ادھر ادھر جھولے ؛ ایک بڑی گھڑی میں جھولنے والا پُرزہ ، جو قُوّت کے انضباط کا کام دیتا ہے اور جس کے ساتھ لگے ہوئے پہیّوں کے نظام ، اہتزازی حرکات میں یکسانیت پیدا کرتے ہیں اور وزن یا اسپرنگ مزاحمتی اثرات اور ہوا کی مزاحمت کا ازالہ کرتے ہیں ۔

pendular, a. آویزاں ؛ لٹکتا ہوا ۔

peneplain, peneplane, n. ریختہ میدان ؛ بیلا میدان ؛ وہ رقبہ جو آب بردگی کے باعث مٹی سے اس قدر خالی ہو گیا ہو کہ اب وہ واقعۃً ہموار ہو چکا ہو ۔

penetrable, a. نفوذ پذیر ؛ جس کے اندر کچھ داخل ہو سکے یا شگاف کر سکے ؛ اثر پذیر/حساس ؛ دخول پذیر ؛ قابل تداخُل ۔

penetrability, penetrableness, n. نفوذ پذیری ؛ اثر پذیری ؛ گھسنے کی صلاحیت ۔

penetrably, adv. اثر پذیر طور پر ؛ نفوذ پذیرانہ ۔

penetralia, n. خفیہ جگہ ؛ نہاں خانہ ؛ کسی عمارت کے انتہائی اندرونی خانے ، جیسے کسی مندر یا قصر شاہی کے ؛ کوئی معبد/درگاہ ؛ پوشیدہ چیزیں ۔

penetrance, n. (جینیات) جینی تداخل ؛ وہ درجہ جس میں کوئی جین اپنے مخصوص اثرات کسی عضویہ میں پیدا کرتا ہے ۔

penetrate, v.t. دخول کرنا ؛ چھیدنا ؛ سالنا ؛ بیندھنا ؛ گھسنا ؛ بسیٹھنا ؛ تہ کو پہنچنا ؛ اثر کرنا ؛ داخل ہونا یا چیرنا ؛ کسی جگہ کے اندرونی حصے میں جانے کا راستہ بنانا ؛ دماغ یا جذبات پر گہرا اثر ڈالنا ؛ کسی بات پر اپنی ذہانت سے اس طرح غوروفکر کرنا کہ اس کے باطنی معنی منکشف ہو جائیں ؛ نفوذ و سرایت کرنا ۔ (فعل لازم) داخل ہونا ؛ اندر چلا جانا ؛ پھیلنا/منتشر ہونا ؛ زبردست ہونا ۔

penetrant, n., a. نفوذ پذیر شے ؛ اندر گھسنے والا ۔

penetrating, a. زُود فہم ؛ معاملہ فہم ؛ خارق ؛ مؤثّر ؛ طبّاع ؛ تیز فہم ؛ زیرک ؛ چُبھنے والا ؛ گُھسنے والا ؛ داخل ہونے یا چیرنے کی طاقت رکھنے والا ؛ تیز ؛ ذکی ؛ بصیرت والا ۔

penetratingly, adv. چُبھتے ہوئے ؛ تیزی سے ۔

penetration, n. رسائی ؛ نُفوذ ؛ دخُول ؛ آر پار داخل ہونے کا عمل ؛ کسی ایک ملک یا اس کی ثقافت کے، کسی دوسرے ملک یا اس کی ثقافت پر، اثرکی توسیع یا سرایت ؛ وہ فاصلہ یا گہرائی جس پر ایک گولا یا گولی کسی ہدف یا علاقے کے اندر داخل ہوتی ہے ؛ بصیرت ؛ ذہنی ذکاوت ؛ نراست ؛ زیرکی ۔

penetrative, a. چُبھنے والا ؛ گھسنے والا ؛ آر پار داخل ہونے کے قابل یا اس کا رُجحان رکھنے والا ؛ تیز ؛ ذکی ؛ بصیرت والا ؛ زِیرک ۔

penetratively, adv. تیزی سے ؛ تیز فہمی سے ؛ چھیدتے ہوئے ۔

penetrativeness, n. زُود فہمی ؛ ذکاوت ۔

penetrometer, penetrameter, n. نُفُوذ پیما ؛ خصوصی حالات کے اندر نیم ٹھوس اشیا کی مزاحمت کو ناپنے کے لیے ایک آلہ ؛ ایکس ریز/لاشعاعوں یا آر پار داخل ہونے والی دیگر شعاعوں کی طاقت کو ناپنے کے لیے آلہ ؛ لاشعاعی طاقت پیما ۔

penguin, n. (طیوریات) بطریق ؛ پینگوئن ؛ خاندان سفینی سی (Spheniscidae) سے تعلق رکھنے والے بے پرواز بحری پرندوں کی متعدد انواع میں سے کوئی ایک ، جو زیادہ تر جنوبی قطب یا جنوبی قطب کے علاقوں میں محدود ہوتے ہیں ، ان کے پر ہاتھوں کی طرح کے اور تیرنے کے لیے بہت موزوں ہوتے ہیں ، ان کی چھوٹی ٹانگوں پر جھلی دار پاؤں پتواروں کا کام دیتے ہیں ۔

penholder, n. قلم گیر ؛ قلم دان ؛ ایک گیرندہ جس کے اندر دھات کا لکھنے والا ایک نِب لگایا جا سکتا ہے ؛ قلموں کے لیے ایک چیزدان ۔

penicillate, a. موقلمی ؛ جعدی ؛ مُخطّط ؛ دھاری دار ؛ گُچّھے دار ؛ چھوٹے پیوستہ ریشوں یا بالوں کے گُچھے دار برش کی مانند یا اس پر مشتمل ۔

penicillately, adv. موقلمی انداز میں ؛ مُخطّط طور پر ۔

penicillation, n. تخطیط ؛ جعدیت ۔

penicillin, n. پنسلین ؛ ایک ضدنامیہ جو اسی نام کی جنس کی پھپھوندیوں سے پیدا کیا جاتا ہے اور بہت سی بیماریاں پیدا کرنے والے جراثیم ، بالخصوص نبقی (cocci) کی افزایش کو روکتا ہے ۔

penicillium, n. پینسیلیم ؛ جعدی فُطر ؛ یہ اکثر پکتے ہوئے پنیر اور تکسُّر پذیر پھل پر پھپھوندی کی شکل میں پائی جاتی ہے ، اس کی بعض انواع پنسلین کا سرچشمہ ہوتی ہیں ۔

peninsula, n. جزیرہ نُما ؛ زمین کا ایک حصہ جو پانی سے تقریباً گِھرا ہوا ہو اور زمین کے خاصے بڑے حصے سے ایک خاکنائے کے ذریعے ملا ہوا ہو ۔

peninsular, a. جزیرہ نُما کا یا اس سے متعلق ۔

penis, n. قضیب ؛ ذَکر ؛ کیر ؛ لِنگ ؛ مردانہ عُضوِ تناسُل ، جو اصلاً نعوظی نسیج سے بنا ہوتا ہے اور مذکّر میمل جانوروں میں آلۂ پیشاب کے طور پر بھی کام کرتا ہے ۔

penile, penial, a. عُضو تناسل کا یا اس سے متعلق ۔

penitence, n. توبہ ؛ تائب ہونے کی حالت ؛ کسی کا اپنے گناہوں یا جرائم پر اظہار غم ؛ استغفار ؛ ندامت ۔

penitent, a. تائب ؛ وہ جو اپنے گناہوں یا جرائم پر اذیت محسوس کرے یا اظہار رنج و افسوس کرے اور اپنی اصلاح کے لیے عزم کرے ؛ نادم ؛ منفعل ۔ (اسم) توبہ کرنے والا شخص ؛ وہ فرد جو اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہے اور کسی پادری کے دیے ہوئے کفارہ کو ادا کرتا ہے ۔

penitently, adv. پچھتاوے سے ؛ پشیمانی سے ۔

penitential, a. ندامتی ؛ کفارے یا توبہ کا یا ان سے متعلق یا ان کا اظہار کرتے ہوئے ۔ (اسم) توبہ کرنے والا ؛ کفارے کے متعلق قواعد و ضوابط کی مسیحی کتاب ۔

penitentially, adv. توبہ کے انداز میں ؛ ازراہ استغفار ۔

penitentiary, n. اصلاحی قید خانہ ؛ توبہ گاہ ؛ توبہ خانہ ؛ قید اور اصلاحی نظم و ضبط کے لیے ایک جگہ ، بالخصوص ریاست ہائے متحدہ امریکا میں ایک رفاعی یا مملکتی قید خانہ ۔ (رُومی کیتھولک کلیسا) پاپائی عدالت جس کا صدر ایک کارڈینل ہوتا ہے (جیسے : grand penitentiary) ، اس کا دائرۂ اختیارات ضمیر کے بعض مخصوص مقدمات پر محیط ہوتا ہے ؛ اس قسم کے مقدمات پر کارروائی کرنے کے لیے مقرر افسر ۔ (صفت) تعزیری قید اور نظم و ضبط سے متعلق یا اُن کے لیے مقصود ؛ ایسے جُرم کا جس کی سزا ایک 'اصلاحی قید خانہ' میں قید ہو ؛ کفارے یا توبہ سے متعلق ۔

penknife, n. قلم تراش ؛ ایک چھوٹا جیبی چاقو ، جسے اگلے زمانے میں شہپروں ، کلکوں کے قلم بنانے اور ان کی مرمت کرنے میں استعمال کیا جاتا تھا ۔

penman, n. خوش نویس ؛ خطّاط ؛ اہلِ قلم ؛ مصنف ؛ نقل نویس ؛ کاتب ؛ منشی ؛ اِنشا پرداز ۔

penmanship, n. قلم کاری کا فن یا ہُنر ؛ قلم کا استعمال ؛ کیفیتِ تحریر یا طرزِ تحریر ۔

penna, n. (طیوریات) ایک شاہ پر جو نیچے کے عام پروں سے مختلف ہوتا ہے ۔

pennaceous, a. پَروالا ؛ پردار ۔

pen name, n. قلمی نام ؛ ایک نام جو کوئی مصنف اپنی تصنیف یا تصانیف پر دستخط کرنے کے لیے اختیار کر لیتا ہے ؛ فرضی نام ؛ تصنیفی نام ۔

pennant, n. لَوا ؛ جھنڈا ؛ جھنڈی ؛ ایک ممتاز شکل کا پرچم ، جیسے لمبا اور مخروطی ، چھوٹا اور ابابیل دُمہ یا مثلثی ، اُسے بڑی بحری یا دیگر کشتیوں پر لگایا جاتا ہے اور اشارے (سگنل) دینے کے لیے یا شناخت کے ایک ذریعے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ کوئی بھی لمبا ، تنگ پرچم یا جھنڈا جو عموماً سرے تک مخروطی ہوتا ہے ؛ جھنڈا جو بطور ایک علامت استعمال ہو ، جیسے کھیلوں کے مقابلے میں کامیابی کی علامت ۔ (موسیقی) سُرکی علامت کے اُفقی حصے کے ساتھ ملا ہوا آنکڑا یا ترچھا خط جس کا دورانیہ چوتھائی سُر کے دورانیے سے کم ہو ۔

pennate, pennated, a. پردار ؛ بازو دار ؛ پر یا بازو رکھنے والا ؛ جناح دار ۔

penniless, a. بے زر ؛ نکوڑیا ؛ غریب ؛ کنگال ؛ مُفلس ؛ قلّاش ۔

pennon, n. ایک مخروطی ، مثلثی ، ابابیل دُمہ جھنڈا ، جو ابتدا میں ایک نائٹ کے نیزے پر لگایا جاتا تھا ؛ ایک چھوٹا پرچم ؛ کوئی بھی جھنڈا یا پھریرا ؛ بازو یا پنکھ ؛ لَوا ؛ بیرق ۔

pennoncel, penoncel, n. دیکھیے : Pencel ۔

penny, n. پینی ؛ شلنگ کا بارھواں حصہ ؛ آٹھ پائی کے برابر سکّہ ؛ ریاست ہائے متحدہ امریکا اور کینیڈا میں ایک سینٹ ؛ ایک سِکّہ جو برطانیہ اور دولت مشترکہ کے متعدد ممالک میں ایک شلنگ کے بارھویں حصے کے برابر ہوتا ہے ؛ ایک رقم زر (جیسے : He made pretty penny on the deal) ۔

pennyante, n. (تاش) پوکر کا کھیل جب داؤں کی رقم

ایک سینٹ تک محدود ہوتی ہے ۔ (عوامی) چھوٹی رقم کا ایک کاروبار/ سودا ۔

penny arcade, n. ایک مسقف تفریح گاہ جس میں سکّے سے چلنے والے میکانکی کھیلوں اور تفریحات کا انتظام ہو ۔

penny dreadful, n. (برطانوی بول چال) پینی رسالہ ؛ ایک میگزین/رسالہ یا ناول جس کی قیمت پہلے زمانوں میں ایک پینی ہوتی تھی اور جس میں سستی قسم کی سنسنی خیز کہانیاں شائع ہوتی تھیں ۔

penny pincher, n. کنجوس ؛ وہ شخص جو روپیہ بادِل ناخواستہ خرچ کرتا ہے ۔

penny-pinching, n., a. کنجوسی ؛ کنجوس ؛ کنجوسی کا ۔

pennyroyal, n. (نباتیات) حسبق ؛ یورپی پودینہ یا ایک امریکی جنس نعناع Hedeoma pulegioides جو طِبّی طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ اور جس سے تیز خوشبو والا ایک تیل حاصل کیا جاتا ہے ۔

pennyweight, n. پینی باٹ ؛ تخمیناً چوبیس رَتّی کا ایک وزن ؛ ایک وزن جس میں ۲۴ گرین ہوتے ہیں یعنی ایک اونس کا بیسواں حِصّہ ۔

penny-wise, a. جُزرَس ؛ انتہائی بچت کرنے والا ؛ معمولی معاملات میں محتاط ۔

pennywort, n. (نباتیات) پتّوں والے پودوں میں سے کوئی ایک جیسے قدح مریم (navelwort) جو عودِ صلیب (Cotyle-don umbilicus)خانـدان میں سے ہے اور آبی قدح مریم جو خاندانِ خراسانی اجوائن (parsley) میں سے ہے ۔

pennyworth, n. کوڑیوں کے مول ؛ دمڑی کا مال ؛ اُس قدر جتنا کہ ایک پینی سے خریدا جا سکے ؛ خفیف مقدار ؛ ایک سودا ۔

penology, poenology, n. عِلم سزا ؛ تعزیریات ؛ سزاؤں اور سزا گاہوں کے انتظام کا مطالعہ؛مطالعۂانسداد جرائم ؛ اصلاح قیدخانہ جات و اصلاح مجرماں ۔

penological, a. اصلاحیٰ ؛ تعزیریاتی ۔

penologist, n. قیدخانہ جات کی اصلاحات کا داعی ۔

pensile, a. آویختہ ؛ آویزاں ؛ لٹکتا ہوا ؛ مُعلّق ؛ لٹکن کی طرح ؛ ایک آویزاں خانے والا ۔

pensileness, pensility, n. آویزاں ہونے کی حالت ۔

pension, n. پنشن ؛ سالانہ یا ماہانہ وظیفہ ؛ علوفہ ؛ ایک مقررہ وظیفہ جو کسی شخص کو یا اس کے مرنے کے بعد اس کے ورثا کو اُس کی گزشتہ خدمات ، قابلِ قدر کارنامے ، عمر ، نقصان یا جراحت کے پیشِ نظر ، باقاعدگی کے ساتھ ادا کیا جائے ؛ ایک باقاعدہ وظیفہ ؛ بورڈنگ ہاؤس ، اسکول یا کمرے یا بورڈنگ کا کرایہ، خاص طور سے یورپ میں ۔ (فعل متعدی) کسی کو پنشن کی منظوری دینا ؛ پنشن دے کر سبکدوش کرنا ، عام طور پر بعد میں off آتا ہے ۔

pensionable, a. قابل پنشن ۔

pensionary, n. پنشن وصول کرنے والا ؛ کرایے پر کام کرنے والا ۔ (صفت) پنشن یافتہ یا پنشن پر مشتمل ۔

pensioner, n. پنشن یاب ؛ وظیفہ دار؛ پنشن خوار ؛ وہ شخص جو پنشن وصول کرتا ہے ؛ کیمبرج یونیورسٹی کا وہ طالبِ علم جو اپنے اخراجات خود اپنی آمدنی سے ادا کرتا ہے ۔

pensive, a. متفکِّر ؛ فکر مند ؛ مغموم ؛ دلگیر ؛ اداس ؛ وہ شخص جو کسی سنجیدہ یا غم آلود خیال یا تصور میں مشغول ہو ؛ فکر مندی یا کسی خاص قسم کی مغمومیت کا اظہار کرنے والا ۔

pensively, adv. متفکُّرانہ انداز میں ؛ فکر مندانہ طور پر ؛ غمگینی سے ۔

pensiveness, n. تفکر؛ فکر مندی ؛ دلگیری ؛ اُداسی ۔

penstemon, beardtongue, pentstemon, n. (نباتیات) علفِ خنازیری (figwort) خاندان میں اسی نام و جنس کی کوئی بھی جڑی بوٹی ، جو خاص طورپر زیب و زینت کے لیے اُگائی جاتی ہے اور نلی دار شکل کے رنگین پھول اُس کی خصوصیت ہوتے ہیں ۔

penstock, n. پنالی ؛ پانی کو پانی کے پہیّے تک لے جانے کے لیے ایک نالی ؛ نلکی یا پانی کا نل ؛ آب بند پھاٹک یا کوئی اور آب بند ۔

pent, a. بند ؛ محصور ؛ محبوس ؛ مسدود ؛ چھپایا ہوا یا اندر بند کیا ہوا ؛ کڑی نگرانی میں قید کیا ہوا ۔

pentachlorophenol, n. (کیمیا) پینٹا کلوروفینول ؛ ایک سفید قلمی سفوف جوزہر مار ، فُطرکُش جسے لکڑی کی حفاظت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pentacle, n. پانچ کونی تارہ ؛ پانچ خطوط مستقیم پر مشتمل ایک شکل جسے اس طرح جوڑا گیا ہو کہ وہ ایک پنج نقاطی ستارہ بن گیا ہو ، پہلے زمانے میں اسے جادو کے لیے ایک علامت کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ۔ نیز:pentagram یا pentangle ۔

pentad, n. پانچ کا عدد ؛ پانچ کا مجموعہ ؛ پانچ سال کی مدت ۔ (کیمیا) ایک عنصر یا ایک جوہر ، پنج گرفتہ ۔

pentadactyl, pentadactylate, a. پنج انگشتہ ؛ ایسے ہاتھ یا پاؤں والا جن میں سے ہر ایک میں پانچ انگلیاں ہوں ؛ ایسے توسیعی حصے رکھنے والا جن کی تشکیل پانچ انگلیوں جیسی ہوتی ہے جیسا کہ قدیم زمانے کے بعض پرندوں کے بازوؤں پر تھی ۔

pentadactylism, n. پنج انگشتہ انداز ۔

pentagon, n. (جیومیٹری) مخمسّ ؛ پچ گولا ؛ پنج گوشہ ؛ پانچ اضلاع اور پانچ زاویوں کی ایک شکل ۔ (بڑےP سے) ریاست ہائے متحدہ امریکا کے محکمۂ دفاع اور دفاعی افواج کی مرکزی عمارت ؛ ریاست ہائے متحدہ امریکا کی فوجی کمان ۔

pentagonal, a. مخمسّی ؛ پنج کونی ۔

pentagonally, adv. مخمسّی طور پر ۔

pentagonoid, a. پنج گوشہ نما ۔

pentagram, n. پنج گوشہ ؛ پنج کونا ۔

pentahedron, n. (جیومیٹری) ایک ٹھوس جس کے پانچ چہرے ہوں ؛ پنج سطحی جسم ۔

pentahedral, a. پنج سطحی جسم سے متعلق ۔

pentamerous, a. پنج پارہ ؛ پنج رکنہ ؛ پانچ حصوں والا یا پانچ حصوں میں منقسم ۔ (نباتیات) پھولوں کے ایسے گُچھے رکھنے والا جو پانچ یا پانچ کے مُضرب اجزا پر مشتمل ہوں ۔

pentameter, n. (عروض) پنج بحری ؛ پانچ ارکان کا ایک شعر۔(صفت) پانچ رُکنی شعر کا ۔

pentane, n. (کیمیا) پینٹین ؛ ہائڈروکاربن میتھین/ دلدلی گیس کے سلسلے کا مرکب جو تین ہم ترکیبی شکلوں میں ہوتا ہے اور پٹرولیم میں ایک بے رنگ مائع کی طرح پایا جاتا ہے۔

pentangle, n. پنج گوشہ ؛ پنج کونا۔

pentarchy, n. پنج شاہی ؛ پنج عملی ؛ پنچایت ؛ وہ حکومت جس میں پانچ اشخاص حکمران ہوں ؛ اس قسم کی حکومت کے حکمران ؛ ایسی پانچ مملکتوں کا ایک یونین یا وفاق جن کی منفرد حکومتیں ہوں مگر کسی مشترک مقصد کے لیے انھوں نے اتحاد کر لیا ہو۔

pentarchical, a. پنچایتی ؛ پنج شاہی سے متعلق۔

pentastich, n. خمسہ ؛ مُخمس ؛ پنج پدی؛ کوئی تصنیف یا تالیف؛ عموماً ایک نظم یا بند جس میں پانچ مصرعے ہوں۔

Pentateuch, n. خمسۂ موسیٰ؛ عہد نامۂ عتیق کی پہلی پانچ کِتابوں کے لیے ایک مجموعی اصطلاح۔

pentathlon, n. پنج بازی؛ کھیلوں کا ایک مقابلہ جو پروگرام کی پانچ رَوشی اورمیدانی مَدّات پر مشتمل ہوتا ہے اور مقابلہ کرنے والوں میں جس کھلاڑی کے کل نمبر سب سے زیادہ ہوتے ہیں وہی جیت جاتا ہے؛ موجودہ زمانے کے اولمپک کھیلوں میں پروگرام کی پانچ مدات پرمشتمل مقابلہ یعنی تیغ بازی ، تیراکی ، نشانہ بازی ، گُھڑ سواری اور جست۔

pentatonic scale, n. (موسیقی) پنج سُرا سرگم؛ ایک سرگم جس میں صرف پانچ سُر ہوتے ہیں؛ انتہائی عام قسم کا ایک بڑے سرگم کی طرح مگر چوتھے اور ساتویں سُر کو حذف کرتے ہوئے۔

pentavalent, a. (کیمیا) پانچ کی گرفت رکھنے والا ؛ پنج گرفتہ۔

Pentecost, n. یوم خمیس ؛ ایسٹر کے بعد ساتویں اتوار کو ایک مسیحی تہوار جس میں حواریوں پر روح القدس کے نازل ہونے کی یاد منائی جاتی ہے ؛ یہودیوں کا تہوار شیووُوتھ جو صلیب سے اُترنے (Passover) کے پچاسویں دن پر منایا جاتا ہے۔

Pentecostal, a. یوم خمیس سے متعلق۔

penthouse, n. سائبان ، اسارا؛ چھجّا؛ اٹاری ؛ بالاخانہ نم گیرا ؛ رہنے کی جگہ یا آراستہ کمرہ ، جو عمارت کی چھت پر بنایا جائے ؛ کسی عمارت کی دیوار سے باہر کو نکلا ہوا ایک سائبان یا ڈھلوان چھت ؛ کسی دروازے یا کھڑکی پر تعمیر کیا ہوا چھت کی طرح کا ایک چھتر یا سائبان ؛ کسی عمارت کی چھت پر پانی کی ٹنکی یا لِفٹ کی مشین کے اوپرایک سایہ دار تعمیر ؛ منڈپ۔

pentobarbital, n. (عِلم ادویہ) پینٹو باربی ٹل ؛ ایک حامض تیزاب جسے ایک مُسکّن اور مُنوّم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ، بالخصوص اُس کے کیلسیم یا سوڈیم نمک کی شکل میں اور اسے عموماً آپریشن سے قبل دیا جاتا ہے۔

pentomic, a. (عسکری) ریاست ہائے متحدہ امریکا کے فوجی ڈویژنوں سے متعلق ، جنھیں پانچ خود کفیل جنگی گروہوں میں منظم کیا جاتا ہے ، وہ ایٹمی اسلحہ سے لیس ہوتے ہیں ، ان میں زمین پر اورہوا میں چابک دستی کے ساتھ نقل و حرکت کرنے کی قابلیت موجود ہوتی ہے۔

pentosan, n. (کیمیا) پنج شکری ؛ ان کثیر شکری مرکبات میں سے کوئی ایک جو آب پاشیدگی پر پنج کاربنی شکر بناتے ہیں اور پودوں اور نباتی مٹی میں واقع ہوتے ہیں۔

pentose, n. (کیمیا) پینٹوز ؛ پنج کاربنی شکر ؛ شکری مرکباتِ کے طبقے میں سے کوئی ایک جس کے اندر کاربن کے پانچ ایٹم ہوتے ہیں۔

Pentothal, n. (کیمیا) پینٹوتھل ؛ شفائی /علاجی۔ (تجارتی نشان)۔

pentyl, n. (کیمیا) پینٹائل ؛ یک گرفتی ہم ترکیبی اصلیوں میں سے کوئی جن کا فارمولا C_5H_{11} ہے۔

pentylenetetrazol, n. (علم ادویہ) پینٹلین ٹیٹرازول ؛ ایک سفید ، تلخ ذائقہ سفوفی مرکب جسے سانس اور گردشِ خون کی بیماریوں میں بطور ایک محرک اور ذہنی مرض کی بعض قسموں میں ایک ہل چل پیدا کرنے والی حالت برپا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

penuche, penuchi, n. دیکھیے : Panocha۔

penult, penultima, n. وہ جو کسی سلسلے نے آخر سے پہلے آتا ہے ، بالخصوص وہ رکن تہجی جو کسی لفظ کے آخری رُکن سے ملا ہوا ہو۔

penultimate, a. آخری سے ملا ہوا ؛ آخری سے ملے ہوئے کا یا اُس سے متعلق۔ (اسم) ما قبل آخر۔

penumbra, n. نیم سایہ ؛ ظِلّ ناقص ؛ دنبالہ ؛ ظل خفیف ؛ سایہ جو کسوف یا خسوف کے گرد ہوتا ہے، مکمل سائے سے باہر ایک جزوی یا نامکمل سایہ یا اُس جگہ جہاں سَرچشمۂ نور سے حاصل ہونے والی روشنی صرف جزوی طور پر غائب ہو ؛ داغِ شمسی کا بیرونی روشن تر حصہ۔

penumbral, a. ظل خفیف سے متعلق۔

penurious, a. قلاش ؛ تنگ چشم ؛ تنگ دل ؛ شوم ؛ ٹُھڑدلا ؛ کنجوس ؛ نادار ؛ کمینگی کی حد تک کنجوس یا بخیل ؛ افلاس یا حاجت مندی کی حالت میں ؛ غربت زدہ ؛ تہی مایہ۔

penuriously, adv. مفلسانہ ؛ بُخل سے۔

penuriousness, n. تنگ دستی ؛ افلاس ؛ مُحتاجی۔

penury, n. تنگ دستی ؛ حاجت مندی یا قلّاشی ؛ انتہائی غربت ؛ قلت یا عدم کفایت۔

peon, n. چپراسی ؛ نائب قاصد؛ پٹے دار ؛مذکوری ؛ دستکی؛ مزدور ؛ قاصد ؛ ہرکارہ ؛ دہاڑی پر کام کرنے والا مزدور یا غیر تربیت یافتہ مزدور ، بالخصوص لاطینی امریکا میں ؛ وہ شخص جسے قرضہ اُتارنے کے لیے حلقہ بگوش رکھا گیا ہو ؛ برصغیر اور سیلون میں ایک پیادہ سپاہی ، ایک مقامی سپاہی یا قاصد۔

peonage, n. چپراس ؛ مزدوری ؛ پٹے داری ؛ وہ نظام جس سے اشخاص کو ، ایسی حالت میں جب کہ وہ اپنا قرض ادا کرنے کے لیے مزدوری کرتے ہیں ، پابند و مقیّد بنا لیا جاتا ہے یا ایسی حالت میں جب کہ وہ سزائے قید بھگت رہے ہوں انھیں مزدوری پر لگایا جاتا ہے۔

peony, n. عودالصلیب ؛ شقائق نعمان ؛ گُلِ لالہ کی شقائق بربر کی متعدد سدا بہار جڑی بوٹیوں اورجھاڑیوں میں سے کوئی ایک ، جو ایشیا میں پائی جاتی ہیں اور وسیع پیمانے پر کاشت

کی جاتی ہیں ، اُن کے بڑے بڑے پھول قرمزی ، گلابی اور سفید رنگ کے ہوتے ہیں ۔

people, n. لوگ ؛ رعایا ؛ قوم ؛ خلق ؛ باشندے ؛ لوگ باگ ؛ مردم ؛ آدمی ؛ عوام ؛ افرادِ قوم ؛ ان اشخاص کی پوری جمعیت جو کسی آبادی ، برادری ، قبیلے ، نسل یا قوم پر مشتمل ہوتی ہے ؛ کسی خاص گروہ ، جمعیت یا تعداد کے اشخاص ؛ وہ اشخاص جن کا تعلق کسی برتر ہستی یا رہنما سے ہو (جیسے : the king and his people)؛ خادموں یا رفیقوں/مصاحبوں کی ایک جماعت ؛ کسی شخص کا خاندان یا اُس کے رشتے دار ؛ کسی شخص کے اپنے گروہ یا تعداد کے ارکان ؛ کسی ملک کے حق رائے دہی رکھنے والے شہریوں کی جمعیت ؛ عوام الناس ؛ آبادی (عموماً the کے ساتھ) ؛ خلقت ؛ اشخاص بغیر مرد یا عورت کی تخصیص کے (جیسے : People may say what they please)؛ انسانی ہستیاں جانوروں سے ممیّز ؛ کسی مبیّنہ قسم کے جانور (جیسے : ,the monkey people of Brazil) ۔ (فعل متعدی) عام لوگ مہیا کرنا ؛ آباد کرنا ؛ رہایش رکھنا ؛ بسانا ؛ معمورکرنا ؛ بھرنا ۔

peopler, n. آباد کرنے والا شخص ۔

People's Party, Populist party, n. (امریکی تاریخ) پیپلزپارٹی ؛ ایک امریکی جماعت جو ۱۸۹۱ء سے ۱۹۰۴ء تک موجود تھی اور جو چاندی اور سونے کی غیر محدود سکہ سازی ، انکم ٹیکس کے قانون اور ریلوے اور دیگر اجارہ داریوں پر انضباط کی داعی تھی ۔

pep, n. (بول چال) سرگرمی ؛ زندہ دلی یا جوش‌وولولہ ؛ طاقت ؛ توانائی ؛ زور ؛ سکت ؛ تاب و تواں ۔ (فعل متعدی) (بول چال) جوش و ولولہ پیدا کرنا یا طاقت ور بنانا ، عموماً up کے لاحقے کے ساتھ۔

peplos, peplus, n. لبادہ اوپر پہننے کا ایک کثیر الحجم لباس یا شال جسے عورتیں قدیم یونان میں تہ بہ تہ لٹکا کر پہنتی تھیں ۔

peplum, n. [لاطینی] جھالر ؛ ایک جھالر کی طرح کا حصہ جو جیکٹ/صدری یا بلاؤز پر ٹانکا جاتا ہے۔

pepo, n. (نباتیات) کدوویّہ ؛ ایک بڑی گول رسیلی بیری ، جس کا چھلکا موٹا ہوتا ہے ، وہ کدّو خاندان کا مخصوص پھل ہے ، اسی خاندان سے خربوزہ اور کھیرا بھی تعلق رکھتے ہیں۔

pepper, n. سیاہ مرچ ؛ فِلفل ؛ سیاہ بیل کے کچے خشک پھل سے حاصل کیا ہوا ایک تیز مسالا ؛ سیاہ مرچ کا پورا پسا ہوا پھل اور سفید مرچ کا پسا ہوا صرف بیج ؛ فِلفلیہ خاندان کا کوئی بھی پودا ، لال یا سبز مرچ جو باغوں کی عام ترکاری ہے جیسے (پسی ہوئی) لال مرچ۔ (فعل متعدی) مرچ چھڑکنا ؛ دھبّوں سے ڈھک دینا ؛ چھینٹے مار کر دھبوں سے بھر دینا ؛ گولیوں یا میزائلوں کی بوچھاڑ کرنا ؛ جان ڈال دینا ، جیسے تقریر میں چُبھتے ہوئے طنزیہ جملوں سے۔

pepperer, n. مرچیں چھڑکنے والا شخص۔

pepperish, a. مرچ والا ؛ تیز۔

pepper-and-salt, a. سفید یا ہلکے بھورے اور کالے رنگوں کے نفیس امتزاج سے بنا ہوا ایک چتّی دار شکل رکھنے والا (جیسے کپڑا)۔ نیز : salt-and pepper ۔

pepperbox, pepper pot, n. پسی ہوئی کالی مرچ چھڑکنے کے لیے ایک چھوٹا سا فِلفل دان ؛ مرچ دانی۔

peppercorn, n. خُشک کیا ہوا مرچ کے پودے کا کچا پھل ؛ ایک غیر اہم مقدار یا خفیف شے ؛ بے حقیقت شے ؛ دانۂ خشخاش ؛ رائی کا دانہ ؛ فِلفل دانہ ۔

peppergrass, n. نرۂ تیزک ؛ رَشاد ؛ جنس ہالم کی متعدد گیاہی انواع میں سے کوئی ایک ؛ ایک پودا ، جسے خاص طور پر سلاد کی آرایش کے لیے کاشت کیا جاتا ہے۔ نیز : garden cress ۔

peppermint, n. پودینہ ؛ عرقِ نعناع ؛ پپرمنٹ ؛ ایک سدا بہار جڑی بوٹی نَعناع فِلفلی (پودینے) کے خاندان کی ، جسے اُس کے پتوں کے لیے اُگایا جاتا ہے جن میں تیز خوشبو کا تیل ہوتا ہے ؛ روغنِ پودینہ ؛ ایک منھ کی ڈلی یا دوائی کی ٹِکیہ جس میں اس تیل کی خوشبو اور ذائقہ ہوتا ہے ؛ جنس Mentha کی متعدد متعلقہ انواع میں سے کوئی ایک۔

pepper pot, n. مرچ سالن ؛ جزائرغرب الہند کا سالن جس میں بکرے کا گوشت یا مچھلی ، تیز مرچیں اور کساوا کا رس ہوتا ہے ؛ ریاست ہائے متحدہ امریکا کے بعض حصوں میں کالی مرچوں والا سالن جس میں اوجھڑی ، ترکاریاں اور آٹے کی گولیاں شامل ہوتی ہیں۔

pepper tree, n. شجرِ فِلفل ؛ جنوبی امریکا کا ایک رال صفت سدا بہار درخت Schinus molle سمّاق خاندان سے ، جسے کیلیفورنیا اور فلوریڈا میں ایک آرایشی درخت کی حیثیت سے متعارف کرایا گیا اور جس کی خوبصورت لٹکتی ہوئی شاخیں اور گلابی رنگ کے پھل ہوتے ہیں۔ نیز : California pepper tree اور Peruvian mastic tree ۔

pepper vine, n. (نباتیات) ؛ فِلفل جھاڑی ؛ جنوبی ریاست ہائے متحدہ امریکا کی ایک چوبی بیل یا جھاڑی ۔

peppery, a. فِلفلی ؛ جس میں نمایاں طور پر مرچ کی خوشبو اور ذائقہ ہو ؛ جو مرچ جیسی کیفیات رکھتا ہو ، جیسے تیزی اور تُندی ؛ بد مزاج ؛ چرپرا ؛ تیز۔

peppy, a. (بول چال) زندہ دل ؛ توانا ؛ متحرک ۔

peppiness, n. زندہ دلی ، توانائی ۔

pepsin, pepsine, n. (حیاتی کیمیا) پیپسِن ؛ جوہر ہاضم ؛ وہ خامرہ جو معدے میں بنتا ہے اور لحمیات کو ثانوی لحمیوں میں بدل دیتا ہے ؛ اِس خامرے کا جوہر جو خنزیروں ، بھیڑوں یا گایوں کے معدوں سے نکالا جاتا اور ہاضمے میں مدد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

pepsinogen, n. (حیاتی کیمیا) پیپسینوجن ؛ ایک خمیر زا مادّہ جو ریاحی غدود میں پایا جاتا ہے اور جو ہلکے نمک کے تیزاب میں پیپسن میں تبدیل ہو جاتا ہے ۔

peptic, a. ہاضم ؛ مشتہی ؛ ہضم کو بڑھانے والا یا بضم کے متعلق ۔ (اسم) ایک دوا جو ہضم کو بڑھاتی ہے ۔

peptidase, n. (حیاتی کیمیا) خامروں کے ایک گروہ میں سے کوئی ایک خامرہ جو ثانوی لحمیات یاپیپ ٹونوں پر آب پاشیدگی کرکے انھیں امینو تیزاب بناتا ہے ۔

peptide, n. (حیاتی کیمیا) پیپٹائڈ ؛ امینو تیزابوں کا ایک مرکب جس میں ایک تیزاب سے کاربا کسل گروہ اور دوسرے سے امینو گروہ مربوط ہو جاتا ہے ۔

peptize, v.t. لسونت کی شکل میں منتشر کرنا ۔

peptone, n. (حیاتی کیمیا) پیپٹون ؛ قابل نفوذ اور قابل تحلیل مادوں کے طبقے میں سے کوئی ایک جس میں لحمیوں کو پیپسین یا ٹرپ سین کے عمل سے تبدیل کیا جاتا ہے ۔

peptonize, v.t. پیپ ٹون میں تبدیل کرنا ؛ کسی غذا میں پیپ سین یا لبلبائی عرق کے عمل سے مصنوعی جزوی ہضم پیدا کرنا ۔

per, prep. بذریعہ ، فی ؛ بوساطت ؛ بوسیلہ ؛ سے یا کے ذریعہ ؛ ہرایک کے لیے (جیسے : five dollars per year,) ۔

peracid, n. (کیمیا) برتیزاب ؛ وہ تیزاب جو کسی عنصر سے اس کی انتہائی تکسیدی حالت میں اخذ کیا جائے ، جیسے پرکلورک تیزاب ۔

peradventure, n. اتفاق ، شبہ ۔ (متعلق فعل) (قدیم) شاید ؛ امکانی ؛ ہو سکتا ہے کہ ؛ اتفاقاً ۔

perambulate, v.t., v.i. سیر کرنا ؛ گشت کرنا ؛ پھیری کرنا ؛ دیکھنا ؛ نظر کرنا؛ اُوپر چلنا ؛ طے کرنا ؛ چلتے ہوئے سرحدوں کا معائنہ کرنا ؛ چاروں طرف پھرنا ؛ مٹر گشت کرنا ۔

perambulator, n. فاصلہ پیما ؛ دائر و سائر ؛ پیمایش کا پہیّا؛ وہ جو چلتا پھرتا ہے یا راستے طے کرتا ہے ؛ مسافت پیما ؛ ایک چھوٹی گاڑی ، کسی چھوٹے یا شِیر خوار بچّے کےلیے ، جِسے ہاتھ سے دھکّا دیا جاتا ہے ؛ بچّہ گاڑی ۔

per annum, adv. [لاطینی] سال بہ سال ، ہر سال کے لیے یا ہر سال میں ؛ سالانہ ۔

perborate, peroxyborate, n. ایک نمک جو ایک بوریٹ اور ہائیڈروجن پرآکسائڈ کے درمیانی تعامل سے بنتا ہے ، بالخصوص سوڈیم پربوریٹ ، جسے دافع عفونت و تعدیہ کے طور پر اور صنعتی طریقوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

percale, n. گاڑھا بنا ہوا ؛ نرم و چکنی وضع کا سوتی کپڑا ؛ دو سُوتی ۔

percaline, n. ایک نفیس ، ہلکے وزن کا سوتی کپڑا ، جو عموماً چمک دمک کے ساتھ اور ایک رنگ میں رنگا ہوا ہوتا ہے ، اُسے خاص طور پر استر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

per capita, adv., a. فی کس ؛ انفرادی طور پر ہر شخص کے لیے یا اُس کی طرف سے ۔ (قانون) افراد کے درمیان بحصّۂ مساوی تقسیم کیا ہوا، جیسے ورثہ یا ترکہ ۔

perceive, v.t. حواس کے ذریعے عِلم یا آگاہی حاصل کرنا؛ دماغ سے سمجھنا بوجھنا؛ ادراک کرنا؛ جاننا؛ سمجھنا ۔

perceivable, a. محسوس ہونے والا؛ قابلِ ادراک ۔

perceivably, adv. قابل ادراک طور پر ۔

perceiver, n. مدِرک؛ محسوس کرنے والا شخص ۔

percent, per cent, n. فی صد ؛ ایک شرح جس کا تعین سو سے کیا جائے ؛ شرح فی صد ، ایک نسبت ہر ۱۰۰ سو کے لیے یا ہر سو کی (جیسے : 25 percent of a number,) ۔ نیز : percentum ۔ (صفت) اُس کُل سے متعلق جسے سو مساوی حصوں میں تقسیم کر دیا گیا ہو؛ پہلے سے متعین فی صد پر سود کا حامل ۔

percents, n. شرحِ سود ؛ وہ تمسکات جن پر شرح سود پہلے سے بیان کر دی گئی ہو (جیسے : three percents) ۔

percentage, n. شرح فی صد ؛ ایک شرح یا نسبت فی صد ۔ نیز: percent ؛ کسی الاؤنس/بھتہ ، محصول ، کمیشن ، کٹوتی یا سود کی شرح ایک سو پر ؛ ڈھیلے ڈھالے معنوں میں عام طور پر کوئی نسبت ۔ (بول چال) انفرادی فائدہ ؛ کسی شخص کا کوئی ذاتی فائدہ یا نفع ۔

percentile, n. (شماریات) صدویہ ؛ ان نقطوں میں سے کوئی ایک جو مقادیرِ معلوم کے ایک سلسلے کو سو مساوی وقفوں میں تقسیم کرتے ہوں اور ایسی تقسیم کی شرح فی صد کو ظاہر کرتے ہوں جو اُس سے کم ہو ۔

per centum, n. دیکھیے : percent ۔

percept, n. مدرکہ ؛ وہ جس کا ادراک کیا جاتا ہے ؛ ادراک کا مقصود ؛ ادراک کا ذہنی نتیجہ یا پیداوار جو ادراک کے عمل سے ممتاز ہوتی ہے ۔

perceptible, a. ادراک پذیر ؛ قابلِ ادراک ؛ ادراک کی صلاحیت رکھنے والا ؛ فہم و ادراک میں آنے کے قابل ؛ پسندیدہ ۔

perceptibility, n. ادراک ؛ بصیرت ؛ شعور؛ قابلیت ادراک ۔

perceptibly, adv. قابل ادراک طور پر ؛ محسوس کرتے ہوئے ۔

perception, n. ادراک ؛ شُعُور؛ قُوّتِ مدرکہ ؛ دریافت ؛ علم ؛ سمجھ ؛ عملِ ادراک ؛ دماغ یا حواس کے ذریعے سمجھ بوجھ ؛ ایک فوری یا وجدانی شناخت ، جیسے کوئی اخلاقی یا جمالیاتی کیفیت ؛ ادراک کا مَلکِہ ؛ ادراک کا نتیجہ یا اُس کی پیداوار جو ادراک کے عمل سے مختلف و ممتاز ہوتی ہے ۔

perceptional, a. ادراکی ؛ احساسی ۔

perceptive, a. مُدرِک ؛ متخیلہ ؛ حسّاس ؛ چیتن ؛ ادراکی ؛ ادراک کا یا ادراک سے متعلّق ؛ ادراک کی قُوّت یا اُس کا مَلکہ رکھنے والا ؛ جو کوئی فوری یا تیز بصیرت ، فہم یا ادراک رکھتا ہو ۔

perceptively, adv. شُعُوری طور پر ، ادراکاً ؛ قیاساً ۔

perceptiveness, perceptivity, n. ادارکیت ؛ احساسیت ؛ شعوریت ؛ قیاسیت ۔

perceptual, a. ادراک سے متعلق ؛ ادراکی ۔

perceptually, adv. ادراکیت کے ساتھ ۔

perch, n. ڈنڈا ؛ بانس ؛ ساڑھے پانچ گز کی جریب ؛ لَٹّھا ؛ اڈا ؛ چکس ؛ چھتری/بانس یا بلّی جسے پرندوں کے رین بسیرے کے لیے اُفقی طور پر نصب کیا جائے ؛ کوئی شے یا جگہ جس پر کوئی پرندہ یا کوئی اور چیز ، اُترے یا قرار کرے ؛ کوئی مرتفع جگہ یا مقام ؛ کسی گاڑی یا کسی سواری میں ایک ڈنڈا جو اگلے اور پچھلے متحرک حصوں کو جوڑتا ہے ؛ کھمبا یا لاٹھی جسے پانی میں کسی اُتھلی جگہ یا کسی اور جگہ اس لیے لگایا جائے کہ جہازرانی کے لیے ایک رہنما کا کام دے ؛ لمبائی ناپنے کا ایک پیمانہ جو ساڑھے پانچ گز کے برابر ہوتا ہے ؛ ایک مربع راڈ ؛ ایک ٹھوس پیمانہ ، سنگی کام کے لیے ، جو عام طور پر ساڑھے سولہ فٹ × ڈیڑھ فٹ × ایک فٹ مکعب ہوتا ہے ۔ (فعل لازم) کسی جگہ پر اُترنا یا ٹھہرنا ، جیسے کسی پرندے کا ؛ کسی اونچی جگہ اس طرح قیام یا آرام کرنا گویا کہ ایک رین بسیرے میں ہیں ۔ (فعل متعدی) کسی رین بسیرے پر لگانا یا رکھنا ؛ کسی مرتفع مقام میں اس طرح رکھنا گویا کہ کسی رین بسیرے پر رکھا ہو ۔

perch, n. کٹیرنا ؛ کَنرا ؛ خار ماہی ؛ اسی نام و جنس کی ایک کانٹوں والی پردار تازہ پانی کی شکار مچھلی ، جیسے یورپ کی Perca fluviatilis یا ریاست ہائے متحدہ امریکا کی میٹھے پانی والی پیلی خوردنی مچھلی Perca flavescens ؛ ان ہی خاندانوں کی یا ان سے متعلقہ خاندانوں کی ایسی ہی متعدد اقسام میں سے کوئی ایک ۔

perchance, adv. اتفاقاً ؛ سنجوگ سے ؛ قضا کار ؛ شاید ؛ ہو سکتا ہے کہ ۔

Percheron, n. [فرانسیسی] پرشران ؛ بار بردار گھوڑوں کی ایک نسل جو اپنی طاقت اور رفتار کے لیے مشہور ہے ، اصلاً فرانس کے ایک ضلع پرش (Perche) میں اُس کی نسل کشی ہوئی تھی ؛ پرشی گھوڑا ۔

perchlorate, n. (کیمیا) پرکلوریٹ ؛ پرکلورک تیزاب کا ایک نمک ۔

perchloric acid, n. (کیمیا) ایک بے رنگ تیزاب جس میں کلورک تیزاب آکسیجن کے ایک ایٹم کے ساتھ شامل ہوتا ہے ، اُسے خاص طور پر تحلیلی کیمیا میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

percipient, a. مدرک ؛ حساس ؛ ادراک کا مَلکہ رکھنے والا ؛ بصیرت والا ۔ (اسم) وہ شخص جو ادراک کرتا ہے ۔

percipience, percipiency, n. ادراکی ؛ شعوری ۔

percoid, percoidean, a. کٹیرنا نما ؛ اس نام و نسل کی کانٹوں والی پردار مچھلیوں کے ایک بہت بڑے قدرتی گروہ کا جس میں اصل کٹیرنا اور متعلقہ خاندان شامل ہوتے ہیں ؛ کٹیرنا مچھلی کے مشابہ ۔ (اسم) کٹیرنا نما مچھلی ۔

percolate, v.t. ٹپکانا ؛ نچوڑنا ؛ چھاننا یا مُقطَّر کرنا ؛ سرایت کرنا ؛ کسی چھلنی سے چھاننا ، جیسے کافی ۔ (فعل لازم) چھوٹے شگافوں یا سوراخوں میں سے گزرنا ؛ مقطَّر ہونا ؛ رِسنا ؛ ٹپکنا ؛ چھننا ۔

percolation, n. ٹپکاؤ ؛ رساؤ ؛ نچوڑ ؛ تقطّر ؛ چھاننے کا عمل ۔

percolator, n. چھلنی ؛ چھاننی ؛ پونی ؛ صافی ؛ راوق ؛ وہ آلہ جو چھانتا یا مقطّر کرتا ہے ؛ ایک قسم کا برتن جس میں اُبلتا ہوا پانی زور کے ساتھ اوپر کو چڑھتا ہے اور پھر نیچے سے پسی ہوئی کافی میں سے گزر کر چھنتا ہے ۔

per contra, adv. [لاطینی] اس کے برعکس ؛ دوسری طرف ۔

percuss, v.t. تیزی سے ضرب لگانا ۔ (طِب) تشخیصی مقاصد کے لیے ضرب لگا کر یا تھپ تھپا کر دیکھنا ۔

percussion, n. ٹکّر ؛ ٹھوکر ؛ ٹھیس ؛ ضرب ؛ تصادم ؛ زد ؛ ضرب لگا کر ؛ ٹھونک کر یا تھپ تھپا کر دیکھنے کا عمل ؛ کسی جسم کو دوسرے جسم کے ساتھ ضرب لگانا کسی قدر تشدد کے ساتھ ؛ اس طرح پیدا کیا ہوا صدمہ یا ارتعاش ۔ (طِب) تشخیص امراض کے لیے جسم کے کسی حصہ پر ضرب لگانا یا دبا کر تھپ تھپا کر دیکھنا ۔ (موسیقی) آلاتِ موسیقی کو سُر پیدا کرنے کے لیے چھیڑنا ؛ وہ آلات جن کو چھیڑنے سے نغمے پیدا ہوتے ہیں بحیثیت ایک گروہ کے ، بالخصوص اس صورت میں کہ انھیں کسی آلاتی گروہ کا ایک قطعہ سمجھا جائے ۔

percussionist, n. (موسیقی) وہ جو ایسے آلات کو بجاتا ہے ۔

percussion cap, n. دھات کی بنی ہوئی ایک چھوٹی ٹوپی یا پیالہ ، جس کے اندر تڑاقو سفوف ہوتا ہے جو ضرب لگانے سے بھڑک کر دھماکا پیدا کرتا ہے ؛ اُسے پچھلے زمانوں میں بندوق میں بارود داغنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ۔

percussion instrument, n. موسیقی ضرب پذیر آلہ ؛ کوئی بھی ایسا آلۂ موسیقی جو ضرب مارنے سے بجتا ہے، جیسے ڈھول یا پیانو ۔

percussive, a. ضربی ؛ تصادم پذیر ؛ صدمہ پذیر ؛ ضرب مارنے کا عمل کرنے والا ؛ ضرب مارنے یا تھپ تھپانے سے متعلق ۔

percussively, adv. ضربی طور پر ۔

percussiveness, n. ضربیت ؛ ضرب مارنے کی عملیت ۔

perdie, pardi, n. (قدیم) ایک قَسَم ۔

per diem, adv. یومیہ؛ روزانہ؛ ہر روز کے لیے ۔ (اسم) روزینہ/ روز کا الاؤنس ، جیسے سفر کے دوران خرچ کے لیے ۔ (صفت) یومیہ یا روزانہ ۔

perdition, n. [لاطینی] ابدی لعنت کی جگہ یا حالت؛ جہنم؛ روحانی موت ۔ (قدیم) بربادی؛ انتہائی تباہی ۔

perdu, perdue, a. چُپّا؛ الوپ ؛ دُبکا ؛ پوشیدہ ؛ نگاہوں سے اوجھل ؛ چُھپا ہوا یا مخفی ۔ (اسم) (متروک) کوئی سپاہی جو کسی خطرناک صورتِ حال میں پڑ گیا ہو یا کسی پُر خطر مہم پر بھیج دیا گیا ہو ۔

perdurable, a. ابدی ؛ دوامی ؛ دائمی ؛ بہت دیر پا ؛ پایدار ؛ مستقل ؛ لازوال ؛ استمراری ۔

perdurability, n. پایداری ؛ مستقل یا لازوال ہونے کی قابلیت یا ابدیت ؛ دوام ۔

perdurably, adv. دائمی طور پر ۔

peregrinate, v.t. سیّاحی کرنا ؛ جگہ جگہ پھرنا ؛ سفر کرنا ؛ راستہ مکمل طور پر طے کرنا ۔ (فعل لازم) سیروسیاحت کرنا یا خشکی کا سفر کرنا ، بالخصوص پیدل چل کر ۔

peregrination, n. سیروسیاحت ؛ سفر ۔

peregrine, a. غیر مُلکی ؛ اجنبی ، باہر کے مُلک سے آنے والا؛ آوارہ ؛ بدیشی ؛ ہجرتی؛مہاجرانہ ۔ (اسم) ہجرتی باز یا شاہین ۔

peregrine falcon, n. ہجرتی باز؛ سیاح باز؛ باز کی ایک قسم جو دنیا بھر میں ملتی ہے اور اپنی تیز اُڑان ، باز پروری اور شکار میں کام آنے کے لیے مشہور ہے ، اُس کی خصوصیات میں لمبے نوک دار بازو ، ایک لمبی پتلی دُم اور بازو سے کشتی کھینے والی ضربیں لگانا ہے ۔ نیز : peregrine ؛ اس باز کی امریکی قِسم؛ نیز : duck hawk ۔

peremptory, a. اٹل؛ قطعی ، آخری ؛ ناطق ؛ مباحثہ یا دوستانہ رد و کد سے خارج ؛ فیصلہ کُن ؛ فیصل ؛ مقتدرانہ؛ رائے یا فیصلے میں مثبت؛ کَڑّ؛ مُتکبر ۔ (قانون) مُختتم ؛ قطعی ؛ آخری ۔

peremptoriness, n. قطعیت ۔

perennial, a. مدامی ؛ دیرپا ؛ دائمی ؛ پورے سال کے دوران باقی یا جاری رہنے والا ، جیسے کوئی چشمہ یا ندی ؛ کسی غیر معین ، طویل عرصے کے لیے باقی رہنے والا ؛ مستقل ۔ (نباتیات) دو سال سے زائد جاری رہنے والا ۔(نیز اسم) ۔(متعلق فعل) دائماً؛ دواماً ۔

perestroika, n. [روسی]معاشی ، سیاسی ، سماجی نظام کی تشکیل و تعمیرِنواوراصلاح کی حکمتِ عملی و نفاذجیسے صدرگورباچوف نے پیش کیا ۔

perfect, a. پورا ؛ تمام ؛ پختہ ؛ مسلم ؛ بے عیب ؛ کامل ؛ ہر تفصیل میں مسلسل تکمیل کی حد تک پہنچایا ہوا ؛ ایسی حالت میں جو اس چیز کے مناسب ہو جسے مکمل کیا جا چکا ہو؛ جملہ بنیادی عناصر یا خصوصیات کا حامل؛ جو کسی اعتبار سے ناقص نہ ہو ؛ مُکمَّل ؛ مکمل آن بان میں ؛ کسی داغ یا نقص کے بغیر ؛ اعلیٰ اخلاقی برتری کا حامل ؛ مکمل طور پر ہنرمند یا قابل ؛ وہ جس نے اپنا سبق یا کردار پوری طرح سیکھ لیا ہو ؛ کسی نوعیت یا کیفیت کے عین مطابق ؛ بالکل ٹھیک ٹھاک

زیروبم کو پہچاننے اور اس کا نام بتانے کی اہلیت جبکہ کسی مسلّمہ یا معروف سُر کے زیروبم کو بطور حوالہ نہ سنا ہو۔

perfervid, a. بہت تُند ؛ پرجوش ؛ سرگرم ؛ پُرولولہ ۔

perfervidity, perfervidness, n. پُرجوش ہونے کی حالت ؛ پُرولولہ ہونے کی کیفیت ۔

perfidious, a. فریبی ؛ جعلیا ؛ جھوٹا ؛ بے ایمان ؛ بے وفائی کا خطا کار یا بیوفائی میں ملوث ؛ دغاباز ؛ غدار ؛ نمک حرام ۔

perfidy, n. اعتماد یا عہد وفاداری کو توڑنے کا عمل؛ شکست اعتماد ؛ غداری ؛ بے وفائی ؛ خیانت ؛ دھوکا ۔

perfoliate, a. (نباتیات) سفتہ؛ ملفوف الساق؛ ٹہنی کو گھیرے ہوئے؛ ایک پتے کی تشریح جس کی اساس مکمل طور پر ڈنٹھل کو گھیرے ہوئے ہو اور ساخت ایسی ہو ، جیسے پتے میں سے گزر رہی ہو۔

perfoliation, n. سُفتگی ۔

perforate, v.t. بیندھنا ؛ سالنا ؛ برمانا ؛ کسی چیز میں سے سوراخ کرنا ؛ کسی نوک دار آلہ سے چھیدنا ؛ برما کر یا دبا کر ایک سوراخ یا بہت سے سوراخ کرنا ۔ (فعل لازم) آر پار چھیدنا ۔ (صفت) چھدا ہُوا ؛ سوراخ دار ۔

perforated, a. چھدا ہوا ؛ سُفتہ ۔

perforator, n. سوراخ کار ؛ سوراخ کرنے والا ۔

perforation, n. بیندھائی ؛ برمائی؛سُفتہ کاری ؛ ایک سوراخ یا بہت سے سوراخ کرنے ،برمانے یا چبھونے کا عمل ؛ سوراخ کیے جانے یا چبھوئے جانے کی حالت ؛ ایک برمایا گیا سوراخ ؛ سوراخ یا سوراخوں کا ایک سلسلہ کسی چیز میں سے گزرتا ہوا ۔

perforce, adv. بزور ؛ زبردستی ؛ جبراً ؛ مجبوراً ؛ چارو ناچار ؛ ضرورتاً ؛ عوارض حالات میں سے ۔

perform, v.t. انجام دینا ؛ تعمیل کرنا ؛ عمل درآمد کرنا ؛ پایۂ تکمیل کو پہنچانا ؛ پورا کرنا یا بجا لانا ، جیسے ایک فرض کو ؛ اداکاری کرنا یا پیش کرنا ، جیسے اسٹیج پر ۔ (فعل لازم) اداکاری کرنا یا قابلیت و ذہانت کا مظاہرہ ہونا ، بالخصوص سامعین کے سامنے ؛ پورا ہونا یا انجام کو پہنچنا ۔

performable, a. قابل تعمیل ؛ قابل عمل ؛ تکمیل پذیر ۔

performer, n. پورا کرنے والا شخص ؛ تعمیل کرنے والا شخص؛اداکار ۔

performance, n. انجام دہی ؛ بجا آوری ؛ ایفا ؛ تکمیل ؛ اداکاری ؛ کارکردگی ؛ انجام دینے کا عمل ؛ سامعین کے سامنے پیش کیا گیا ایک تفریحی پروگرام ؛ اسٹیج پر کسی کردار کی صورت گری ؛ کسی فن ، ہنر یا صلاحیت کے مظاہرے کا عمل یا انداز ؛ وہ درجہ جس تک کوئی چیز ، جیسے ایک مشین ، مطلوبہ کام کرتی ہے ؛ کوئی عمل ، کام کاج یا کوئی چیز جو کی گئی ہو ؛ کوئی کام یا مظاہرہ انجام دینے کا عمل یا انجام دیے جانے کی حالت؛ تصنیف ؛ سوانگ ؛ نقل ۔

performing, a. انجام دینے والا ؛ کرنے والا ؛ انجام دہ ۔

perfume, n. نَکہت ، مہک ؛ خوشبو ؛ عطر ؛ پھلیل ؛ کوئی سیّال ، سفوف یا کوئی اور مادّہ جس سے کوئی پسندیدہ یا مرغوب خوشبو نکلتی ہو ؛ اس قسم کے مادے سے نکلنے والی خوشبو ۔ (فعل متعدی) پسندیدہ خوشبو سے بھر دینا یا اس خوشبو کو لگا کر جسم و جان کو معطر کر دینا ؛ خوشبو لگانا ۔

perfumer, n. کوئی شخص یا چیز جو خوشبو دیتی ہے ؛

(جیسے : a perfect sphere) ؛ ہر تفصیل میں مکمل (جیسے : a prefect copy) ؛ پورا یا غیر مشروط ؛ خالص یا غیر مخلوط (جیسے : a perfect yellow) ؛ قطعی یا مکمل (جیسے : perfect fury) ۔ (نباتیات) ایک پھول جس میں بقچۂ گُل اور زر ریشہ دونوں ہوتے ہیں ؛ یک میلہ/یک رُخہ ۔ (گرامر) کسی ایسے عمل یا ایسی حالت کا مظہر جو زمانۂ حال میں مکمل ہو گئی ہو (جیسے : a perfect tense) ۔ (موسیقی) معمول کی ہم آہنگی رکھنے والے ہم آہنگ سروں ، آٹھویں، پانچویں اور چوتھے کو چھیڑتا ہوا جو تیسرے اور چھٹے سے مُمتاز ہوتے ہیں اور جنھیں غیرمکمل کہتے ہیں ؛ اُن ہم آہنگ اور سریلے وقفوں کو چھیڑتا ہوا جو اٹھویں، پانچویں اور چوتھے سُروں کے اور اُن کی حسب معمول شکل میں ہوں ، یہ شکل ازدیادی یا استخفافی کے خلاف ہوتی ہے جنھیں غیر مکمل کہتے ہیں ؛ کسی ایسے سُر یا تین سُرے سُر کو چھیڑتا ہوا جس کا تعلق ایک مکمل پانچویں سُر سے ہو اور جس کی بنیادی سُرتی کھرج میں ہو ؛ کسی ایسے زیر و بم یا دورے کا جو مکمل اور پوری طرح اطمینان بخش ہو ۔ (اسم) (گرامر) مکمل حالت فعل ؛ اس حالت فعل میں درجۂ کمال ۔ (فعل متعدی) کمال یا اختتام کو پہنچانا ؛ اکمل یا بے عیب بنانا ؛ درجۂ کمال تک پہنچانا ؛ (سرسری طور پر) کمال سے قریب تر لانا ؛ ترقی دینا ؛ پوری طرح ہُنر مند یا قابل بنانا(جیسے : to perfect oneself in an art)۔

perfecter, n. مکمّل بنانے والا ؛ تکمیل کرنے والا ۔

perfectness, n. کاملیت ؛ مکملیت؛ مکمل پن ؛ پختگی ۔

perfectible, a. تکمیل پذیر ؛ کامل بننے یا بنائے جانے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

perfection, n. تکمیل ؛ اتمام ؛ کمال ؛ کامل ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ بے نقص ہونے کی کیفیت ؛ تکمیل یا پختگی کی حالت ؛ اعلیٰ درجے کی اخلاقی برتری ؛ اعلیٰ درجے کی استعداد ، جیسے کسی فن میں ؛ کسی چیز کی ایک کامل تجسیم ؛ برتری کا اعلیٰ درجہ ؛ کسی کیفیت یا خصوصیت کا اعلیٰ یا انتہائی کامل درجہ (جیسے : the perfection of goodness) ؛ تکمیل کا عمل ۔

perfectionism, n. کمال پرستی ؛ کمالیت ؛ ایسی متعدد تعلیمات میں سے کوئی ایک جو اس پر وثوق کے ساتھ زور دیتی ہیں کہ مذہبی ، اخلاقی ، سماجی یا سیاسی کمال قابل حصول ہے ؛ شخصی فلسفہ جو درجۂ کمال کا مطالبہ کرتا ہے ۔

perfectionist, n., a. معتقدِ کمالیت ؛ کمال پرست ۔

perfectionistic, a. کمالیت پرستانہ ۔

perfective, a. تکمیلی ؛ کامل بنانے پر مائل ، باعث کمال ۔ (گرامر) فعل کی اُس گردان کو ظاہر کرنے والا جو تکمیل پر دلالت کرتی ہے ۔ (اسم) (گرامر) تکمیلی پہلو ؛ ایک فعل اس شکل یا پہلو میں ۔

perfectively, adv. تکمیلی طور پر ۔

perfectiveness, perfectivity, n. تکمیلیت ؛ حرکت تکمیلی ۔

perfectly, adv. بانداز کامل یا بدرجۂ کامل ؛ مکمل طور پر ؛ بالکل (جیسے : perfectly clear) ۔

perfecto, n. ایک موٹا درمیانی سائز کا سگار جو دونوں سروں کی طرف سے مخروطی ہوتا ہے ۔

perfect participle, n. صفتِ فعلی بصیغۂ ماضی ؛ ماضیٔ معطوفہ ۔

perfect pitch, absolute pitch, n. سُرشناس ؛ کسی سُر کے

وہ شخص جس کا پیشہ خوشبوئیں بنانا اور بیچنا ہے ؛ عطّار ؛ عطر فروش ؛ عطر ساز ۔

perfumery, n.
عطّاری ؛ عطر سازی ؛ عطر فروشی ؛ خوشبوئیں بحیثیتِ مجموعی ؛ خوشبوئیں تیار کرنے کا فن ؛ ایک کاروباری ادارہ جہاں خوشبوئیں بنتی یا بکتی ہیں ؛ عطار خانہ ۔

perfunctory, a.
برائے نام ؛ غافل ؛ سرسری ؛ رسمی ؛ نیم دلانہ یا غیر محتاط انداز میں یا محض فرض پورا کرنے کی خاطر کیا ہوا ؛ بے پروائی سے کیا ہوا ؛ جو خفیف یا پوری طرح مکمّل نہ ہو ؛ لاپروا ؛ سطحی ۔

perfunctorily, adv.
رسمی طور پر ؛ ادھورے طور پر ؛ لاپروائی سے ۔

perfunctoriness, n.
لاپروائی ؛ نیم دلی ؛ بے توجہی ۔

perfuse, v.t.
چھڑکنا ؛ پھیلانا ؛ کسی چیز پر نمی ؛ رنگ یا اسی طرح کی دیگر اشیا کا حد سے زیادہ پھیلانا ؛ کسی چیز میں نفوذ کرنا یا اس پر پھیلانا ، جیسے کسی سیّال کا ؛ تر کرنا ؛ چھینٹے دینا ۔

pergola, n.
منڈھا ؛ ایک آرایشی جگہ یا کنج جس کی چھت جالی کے کام سے پوری طرح ڈھکی ہو اور جس پر اوپر چڑھنے والی بیلیں اور جھاڑیاں چڑھی ہوئی ہوں ؛ بعض اوقات کسی پیدل پٹری پر اس قسم کی چھت ۔

perhaps, adv.
شاید ؛ حسب امکان ؛ ہو سکتا ہے کہ ۔

peri, n.
[اردو ، فارسی] (ایرانی اساطیری) پَری ؛ ایک خوبصورت روحانی ہستی ؛ ایک حسین شخص ، بالخصوص عورت ۔

perianth, n.
(نباتیات) قبائے گل ؛ پھول کٹوری یعنی پھول پتیاں اور پنکھڑیاں مجموعی صورت میں ، بالخصوص اس وقت جب کہ ان دونوں کے درمیان کوئی واضح فرق نہیں ہوتا ۔

periapt, n.
تعویذ ؛ گنڈا ؛ جنتر ؛ کنگن ؛ گلوبند یا کوئی اور زیور جسے طلسم کے طور پر پہنا جائے ۔

pericarditis, n.
(امراضیات) غلاف قلب کی سوزش ؛ ورم غلافِ قلب ۔

pericardium, n.
غلافِ قلب ؛ پردۂ دل ؛ دل کی جھلّی ؛ جھلّی دار تھیلی جو قلب کو چاروں طرف سے ڈھکتی ہے ۔

pericardiac, perichardial, a.
غلافِ قلب کا یا اس سے متعلق ۔

pericarp, n.
(نباتیات) ایک پکے ہوئے پھل کی تخم دانی کی جدار جس میں ہمیشہ الگ الگ غیر ممیز تہیں ہوتی ہیں ؛ بر ثمرہ ، میانِ پوست اور اندرونی ثمر ۔

pericarpial, pericarpic, a.
تخم دانی کا یا اس سے متعلق ۔

perichondrium, n.
(تشریح الاعضا) حولِ غضروف ؛ کُرکری ہڈیوں کی سطح کو ، سوائے جوڑوں کے ، ڈھکنے والے ریشہ دار نسیج واصل کی جھلّی ۔

perichondral, perichondrial, a.
خولِ غضروف کا یا اس سے متعلق ۔

pericline, n.
ایک معدن ، البیائٹ کی ایک قسم جو بڑی سفید غیر شفاف قلموں میں پائی جاتی ہے ۔

pericope, n.
ایک اقتباس ، بالخصوص انجیل کی ایک عبارت ، جو مقررہ مواقع پر پڑھی جاتی ہے ؛ پارہ ؛ جزو ؛ پیراگراف ۔

pericranium, n.
غشائے جمجمہ ؛ وہ جھلّی جس سے کھوپڑی کا بیرونی غلاف تشکیل پاتا ہے ؛ سمحاق ۔

pericranial, a.
غشائے جمجمہ کا یا اس سے متعلق ۔

pericycle, n.
(نباتیات) حول عروقیہ ؛ ستونِ عروقیہ کی بیرونی تہ یا نسیج ؛ ان عروقی پودوں کی جڑ یا ڈنٹھل جس سے شاخ اور جڑیں نشوونما پاتی ہیں ۔

pericyclic, a.
حولِ عروقیہ کا یا اس سے متعلق ۔

periderm, n.
(نباتیات) خارجی جِلد ؛ کارک /کاک اور کاک فارقہ کے لیے ایک مجموعی اصطلاح جو بہت سی جڑوں اور ڈنٹھلوں میں ثانوی نسیج کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور بعض اوقات بڑھ کر چھال بن جاتا ہے ۔

peridermal, peridermic, a.
خارجی جِلد کا یا اس سے متعلق ۔

peridium, n.
(نباتیات) حول فُطر ؛ بہت سے فطرات کے بزرہ دانوں کی سطحی تہ یا پوست ، جیسے پف بال کا (ایک قسم کی کھمبی جس کا بزرہ دانہ گول ہوتا ہے) ۔

peridial, a.
حول فُطر کا یا اس سے متعلق ۔

peridot, n.
زبر جد (زرد) ؛ ایک قیمتی پتھر جس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے ؛ زبرجد کی ایک قسم ؛ یشب سبز ۔

peridotic, a.
یشب سبز کا یا اس سے متعلق ۔

peridotite, n.
آتشیں چٹان ؛ سنگ خارا ساخت کی آتشیں چٹانوں کے گروہ میں سے کوئی ایک جو زبر جد کے ساتھ دیگر مخلوط معدنوں کا ایک مرکب ہوتی ہے مگر فلسپار سے تقریباً یا کلیتاً مبرّا ہوتی ہے ۔

peridotitic, a.
آتشیں چٹانوں کا یا اس سے متعلق ۔

perigee, n.
(فلکیات) حضیضِ قمر ؛ چاند کے مدار کا وہ نقطہ جو زمین سے قریب ترین ہو ؛ یہی نقطہ کسی مصنوعی سیارے کے مدار پر ؛ اوج مدار قمر کے برعکس ؛ حضیضِ ارض ۔

perigeal, perigean, a.
حضیضِ ارضی کے متعلق ۔

perigon, n.
گول زاویہ ۔

perihelion, n.
(فلکیات) حضیضِ شمس ؛ کسی سیارے یا دم دار ستارے کے مدار پر وہ نقطہ جو سورج/شمس سے قریب ترین ہے ، اوج الشمس کے برعکس ؛ حضیضِ آفتاب ۔

peril, n.
ڈر ؛ خطرہ ؛ خوف ؛ خطر ؛ جوکھوں ؛ اندیشہ ؛ ذات یاجائیداد کو صدمہ ، نقصان یا تباہی سے دوچار ہونے کا خطرہ ۔ (فعل متعدی) خطرے میں ڈالنا ؛ خوف سے دوچار کرنا ؛ خطرے میں پڑنا ۔

perilous, a.
خطرناک ؛ پرخطر ۔

perilously, adv.
خطرناک طور پر ۔

perilousness, n.
خطرناکی ۔

perilune, n.
(طیرانیات) کسی فضائی جہاز کے مدار میں زیریں نقطہ ۔

perimeter, n.
گھیر ناپ ؛ محیط ؛ کسی جسم کا احاطہ یا محیط جس میں دو ابعاد ہوں ؛ احاطے کی تمام اطراف کا حاصل جمع ۔ (امراضیاتِ چشم) ایک آلہ جو کسی شخص کے میدان بصارت/وسعت نگاہ کا تعین کرنے میں استعمال ہوتا ہے ؛ شبکیہ پیما ۔

perimetric, perimetrical, a.
احاطے کا یا اس سے متعلق ۔

perimetrically, adv.
شبکیہ پیمائی طور پر ۔

perimetry, n. شبکیه پیمائی ـ

perimorph, n. (معدنیات) معدن بر معدن ؛ ایک معدن یا قلم جو کسی دوسرے معدن یا قلم کو گھیرے میں لیے ہوئے ہو ـ دیکھیے : endomorph ـ

perineum, n. (تشریح الاعضا) عجان ؛ سیون ؛ مقعد اور اعضائے تناسل کا درمیانی علاقه ؛ جسم کا وہ حصه جس میں مقعد کی رہ گزر اور تناسلی اعضا شامل ہوں ـ

perineurium, n. (تشریح الاعضا) عصبیۂ بیرون ؛ اس نسیج اطاقی کی پوشش جو ڈنٹھل یا اعصابی ریشوں کے مجموعے کو گھیرے ہوئے ہے ـ

period, n. وقت ؛ سماں ؛ مدت ؛ گھنٹه ؛ زمانه؛ تاریخ یا کسی شخص کی زندگی کا وہ غیر معین حصه جو بعض خصوصیات یا حالات سے متصف ہو (جیسے : a period of prosperity)؛ وقت کی کوئی متعین قسمت یا حصه ؛ وقت کا ایک دور جو کسی مظہر کی تکرار سے نمایاں یا عمل کے کسی تکراری طریقے سے معمور ہو ؛ وقت کے ایسے متعین حصوں میں سے کوئی ایک جن میں اسکول کا ایک دن منقسم ہو ، کسی کھیل میں کھیل کے وقت کے منقسم حصوں میں کوئی ایک حصه ؛ کسی نصاب کی تکمیل یا اختتام کا نقطه ـ (فلکیات) وہ وقت جس میں کوئی آسمانی کرہ اپنے مدار پر ایک چکر لگاتا ہے ؛ وہ وقت جس میں کوئی سیارہ یا قمر اپنے اصل سیارے کے گرد گھومتا ہے ـ (طبیعیات) کسی دوری حرکت کا ایک مکمل اہتزاز یا چکر ؛ کسی رویت اور اس کی تکرار کا درمیانی وقفه ـ (ارضیات) ارضیاتی وقت کی کسی طویل تر قسمت میں سے ایک جو ایک عصر کی ذیلی قسمت ہوتی ہے ـ (موسیقی) کسی نغمه گری کا کوئی ایک حصه جو عموماً آٹھ یا سوله تالوں کی ایک عبارت ہوتا ہے ، یه اپنی ذات میں مکمل ہوتی ہے اور عموماً دو یا دو سے زائد متقابل یا اتہامی اجزا پر مشتمل ہوتی ہے اور اس کے آخر میں ایک لے ہوتی ہے ـ (فعلیات) ہر مہینے کا وہ وقت جس میں کسی عورت کا حیض جاری ہوتا ہے ؛ طمث ؛ ایام ماہو ؛ وہ نقطه یا حرف (٠) جو ایک مکمل بیانیه جمله کے ختم یا کسی مخفف کی نشان دہی کرتا ہے، انگریزی میں، اردو میں اس کی جگه وقفه (ـ) استعمال ہوتا ہے ؛ کسی مکمل جملے کے آخر میں وقفه ؛ ایک جمله ، بالخصوص ایک اچھی ساخت کا مرکب جمله جس میں متعدد اجزائے جمله ہوں ـ (کلاسیکی ، عروض) دو یا دو سے زائد ارکان بحور کا ایک گروہ ـ (صفت) کسی مخصوص تاریخی زمانے کا یا اس سے متعلق ـ

periodic, a. گردشی ؛ نوبتی ؛ میعادی ؛ دوری ؛ وقفوں وقفوں پر ہونے والا ؛ باقاعدگی کے ساتھ واقع ہونے والا یا واپس آنے والا ؛ تکراری ؛ کسی دور یا دوروں کے متعلق ؛ دوری جملوں سے متعلق ؛ میقاتی ؛ فصلی ؛ زمانی ـ

periodic acid, meta periodic acid, n. نوبتی تیزاب ؛ ایک بہت زیادہ تکسیدی تیزاب جس میں آئیوڈین ۷ + کی گرفتی حالت میں ہوتی ہے ـ

periodical, n. میعادی ؛ نوبتی اشاعت ؛ رساله ؛ جریدہ ؛ کوئی مطبوعه تالیف جو باقاعدہ وقفوں میں شائع ہوتی ہو ، جیسے ایک اخبار یا رساله ؛ موقتی مطبوعه ـ (صفت) میعادی اشاعتوں کی خصوصیات رکھنے والا ؛ میعادی ؛ باقاعدگی سے شائع شدہ ـ

periodically, adv. میعادی طور پر ؛ موقتی طور پر ـ

periodicity, n. میعادی ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ دورانیت ؛ میعاد ـ

periodic law, n. (کیمیا) جدولی قانون ؛ یه اصول که عناصر کے خواص ان کے جوہری اعداد کی جدول کے مطابق ہوتے ہیں یعنی کیمیائی اور طبیعی خواص جدولی طور پر ظاہر عناصر کو ان کے جوہری اعداد کے مطابق ترتیب دینے پر ظاہر ہوتے ہیں ـ

periodic sentence, n. وہ جُمله جس میں اصل جملے اور خیال کی تکمیل اس وقت تک موخر رہتی ہے جب تک که تمام ذیلی اجزا شامل نہیں ہو جاتے : ڈھیلے ڈھالے جملے کے متضاد ـ

periodic table, n. (کیمیا) دَوری جدول ؛ ایک جدول جو دَوری نظام کا توضیحی نقشه اس طرح پیش کرتی ہو که اس میں کیمیائی عناصر اپنے جوہری اعداد کے مطابق متعلقه گروہوں میں ظاہر کیے جائیں ـ

periodontal, a. (دندان سازی) گرداسنانیت یا گرد اسنانیات سے متعلق ؛ دانتوں کے ارد گرد کے امراَض سے متعلق ـ

periodontics, n. اسنانیات کی وہ شاخ جو گرداسنانیت کے امراض اور ان کے علاج سے واسطه رکھتی ہے ؛ دانتوں کے ارد گرد کے امراض کا علم؛گرداسنانیت ـ

periodontium, parodontium, n. (دندان سازی) گرد اسنانیت ؛ ہڈی ، مسوڑھے اور دانت کے گرد الحاقی نسیج ـ

perionychium, n. (تشریح الاعضا) انگلی کے ناخن یا انگوٹھے کے ناخن کی اطراف اور اساس کو جوڑنے والی جلد ـ

periosteum, n. (تشریح الاعضا) ہڈیوں کے اوپر کی جھلّی ؛ ایک عروقی جھلّی جو جانوروں کی ہڈیوں کی پوشش اور پرورش کرتی ہے ؛ غلاف عظم ـ

periostitis, n. (امراضیات) آماس ؛ غلافِ عظم کی سوزش ؛ ورمِ ضریع ؛ الہتابِ سمحاقی ـ

periostitic, a. آماسی ـ

periotic, a. (تشریح الاعضا) محیط الاُذن ؛ کان کے گرد ؛ بعض ایسی ہڈیوں یا عظمی عناصر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یا ان کے متعلق جو اندرون کان کے لیے ایک محافظ غشائی کیسه بناتے ہیں یا بنانے میں مدد کرتے ہیں ، یه عموماً ملے ہوئے ہوتے ہیں اور انسان کی کنپٹی کا ایک حصه ہوتے ہیں ؛ عظم حول تیه ـ

peripatetic, a. ادھر ادھر چلنے پھرنے والا ؛ چہل قدمی کرتے ہوئے ـ (بڑے P سے) ارسطو یا اس کے پیروؤں کے فلسفے کا یا اس سے متعلق ؛ ارسطوئی ؛ مشائی ـ (اسم) وہ شخص جو چلتا ہے یا سیروسیاحت کرتا ہے ـ (بڑے P کے ساتھ) ارسطو کے فلسفه کا پیرو ـ

peripheral, peripheric, a. بیرونی ؛ باہری ؛ گرد کا ؛ محیطی ؛ محیط کے متعلق ، اس میں واقع یا اس پر مشتمل ؛ کسی صورت حال یا چیز کے نسبتاً ادنےٰ یا ثانوی پہلوؤں پر بحث کرتا ہوا (جیسے : peripheral comments on the broadcast) ـ (تشریح الاعضا) خارجی یا بیرونی سطح سے متعلق ـ

peripheral, n. محیطه ؛ کوئی برقیاتی یا میکانی آله جو بنیادی عمل کار کا حصّه نه ہو ، مثلاً کارڈ خواں ، طباعت کار ، ٹرمنل وغیرہ ـ

peripherically, adv. محیطی طور پر ـ

periphery, n. گھیرا ؛ دائرہ ؛ محیط ؛ حدود جسم ؛ کسی دائرے کا محیط یا کسی گول یا بند شکل

کی سرحد بنانے والا خط ؛ کسی سطح یا رقبے کی خارجی سرحد ؛ کسی جسم کی بیرونی سطح یا باہر کا حصہ ؛ کسی صورت حال یا چیز کے ادنیٰ یا ثانوی پہلو (جیسے : Initial reports dealt with the periphery of the issue) ۔

periphrasis, periphrase, n. پیچیدہ کلام ؛ پھیر کی بات ؛ طو ل کلام ؛ ایک گول مول جزو جملہ یا اظہار خیال ؛ ہیر پھیر ؛ کسی مخصوص خیال کو ظاہر کرنے کے لیے جتنے الفاظ ضروری ہوں ان سے زیادہ الفاظ کا استعمال ؛ تطویل کلام ۔

periphrastic, a. طول الکلام ؛ طولی کلام کی نوعیت رکھنے والا یا ہیر پھیر کی صفت سے متّصف ؛ ہیر پھیر والا ۔ (گرامر) کسی ایسی ترکیب پر دلالت کرتا ہوا جو ایک تصریفی شکل کو کسی ایسے جزو جملہ سے بدل کر بنتی ہو (جیسے Jim's book کے لیے the book of Jim) ۔

periphrastically, adv. پیچیدہ گوئی سے ؛ ہیر پھیر سے ۔

perique, n. پریک ؛ ایک گہرا اور لطیف ذائقہ رکھنے والا تمباکو جو لوسیانا میں تیار کیا جاتا ہے ۔

perisarc, n. (حیوانیات) سینگی یا قاطینی خول یا پوشش جس سے آب حیوانوں کے نرم حصے اکثر ڈھکے ہوتے ہیں ۔

perisarcal, perisarcous, a. قاطینی خول یا پوشش سے متعلق ۔

periscope, n. حول بین ؛ اطراف بین ؛ نلکی کی شکل کا ایک آلہ جس میں آئینوں اور خوردبینی عدسوں کا ایک نظام ہوتا ہے جنھیں ان اشیا کو دیکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جو رویت کے بلا واسطہ خط سے اونچی ہوتی ہیں ، جیسے آبدوز یا مورچے کے اندر سے ۔

periscopic, periscopical, a. (بصریات) اطراف بینی کا ؛ عدسوں کی ایسی مخصوص قسم کا جو دیکھی جانے والی اشیا کی ایک واضح تصویر پیش کرتی ہے ، خواہ انھیں ترچھے انداز میں دیکھا جائے یا محیطی انداز میں ؛ اطراف بین عدسے کا یا اس سے متعلق یا اس کے ذریعے ۔

perish, v.i. جاتا رہنا ؛ غارت ہونا ؛ مٹ جانا ؛ ناس ہونا ؛ نیست و نابود ہونا ؛ معدوم ہونا ؛ تباہ ہونا ؛ زندگی ضائع کرنا ، بالخصوص ایک پرتشدد انداز میں؛ بے وقعت مرنا؛ تباہ یا برباد ہو جانا؛ دنیا سے گزر جانا؛ لڑنا؛ روبہ تنزل ہونا ۔

perishable, a. قابلِ زوال ؛ ناپایدار ؛ زوال پذیر ؛ فانی ؛ بیکار ؛ ناقابل استعمال ؛ فنا پذیر ؛ تباہ ہونے کے قابل ؛ تباہی یا زوال کے تحت ۔ (اسم) (عموماً جمع) مال بالخصوص سامان خوراک کی بوسیدگی ؛ زوال پذیری ۔

perishability, perishableness, n. فنا پذیری؛ زوال پذیری ۔

perishably, adv. فنا پذیرانہ ۔

perissodactyl, perissodactyle, a. طاقِ انگشتی ؛ ایسے پاؤں رکھنے والا جس میں انگوٹھے غیر معمولی طور پر بڑے ہوں اور انگلیاں موجود نہ ہوں ، جیسے سُم دار یا سینگی ممیل جانور ، گینڈا ، خُوکِ خرطوم اور گھوڑا ۔ (اسم) ایسے حیوانات ۔

perissodactylous, a. طاق انگشتہ ۔

peristalsis, n. (فعلیات) حرکت دوری : ایک نلکی جیسے عضلاتی عضویہ؛ نظام کی سکڑنے اور پھیلنے کی خودکار حرکت ، جیسے انتڑیاں جو آہستہ آہستہ فضلے کو آگے بڑھاتی ہیں؛ امعائی حرکت ۔

peristaltic, a. حرکتِ دوری سے متعلق ۔

peristaltically, adv. حرکت دوری کے طور پر ۔

peristyle, n. (فن تعمیر) حلقہ ستونی؛ کسی صحن یا عمارت کے چاروں طرف ستونوں کا ایک سلسلہ؛ کوئی کھلی ہوئی جگہ جو چاروں طرف کھمبوں کے ایک سلسلے سے بند ہو ۔

peristylar, a. ستونی دار ۔

perithecium, n. (نباتیات) بذرہ دان فطرہ ؛ فطر کا کیسۂ ثمر ؛ ایک کرہ نما یا ناشپاتی کی شکل کا کیسی ثمر یا بعض کیسی فطرات میں ایک قطعی چھوٹے سوراخ کی خصوصیت رکھنے والا حصہ ، جیسے سفوفی پھپھوندی میں ۔

perithecial, a. بذرہ دانِ فُطرہ سے متعلق ۔

peritoneum, n. (تشریح الاعضا) پیڑو کا پردہ ؛ صفاق ؛ باریطون؛ لفّہ پوش ؛ ایک پتلی چکنی جھلّی جو مثانے کی پوری اندرونی سطح پر استر کی طرح لگی ہوتی ہے اور اس کی بیشترانتڑیوں کو گھیرے ہوئے ہوتی ہے ۔

peritoneal, perionaeal, a. صفاقی ؛ باریطون سے متعلق ۔

peritoneally, perilonaeally, adv. صفاقی طور پر ۔

peritonitis, n. (امراضیات) لفّہ پوش کی سوزش؛ ورم باریطون ؛ ورمِ صفاق ۔

periwig, n. چھوٹے بالوں کی ٹوپی ؛ مصنوعی بالوں کی چھوٹی ٹوپی جسے جج اور وکیل پہنتے ہیں ؛ قدیم زمانے کا وگ ۔

periwinkle, n. (نباتیات) بیری ونکل ؛ ایک سدا بہار بیلوں کا زمین پوش ،کُچلہ خاندان کا پودا : ہم شکل و متوازی نیلی اور سفید پنکھڑیاں اس کی خصوصیت ہوتی ہیں اوران کی وجہ سے اس کی شکل سوئی پہیے کی طرح ہو جاتی ہے اور پھول کے مرکز میں ایک ننھا سا ستارہ ہوتا ہے ؛ جنس Vinca کی متعدد انواع میں سے ایک ۔ نیز myrtle, vinca ۔

periwinkle, n. (حیوانیات) صدفۂ غذائی ؛ بحری ناعموں یا سمندری گھونگوں کی متعدد قسموں میں سے کوئی ایک ، بالخصوص Littorina Littorea جسے یورپ میں غذا کے طو پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ ان جانوروں کی صدف (سیپی) ۔

perjure, v.t. عموماً (راجع الی الفاعل) جھوٹا حلف اٹھانا ؛ جھوٹی قسم کھانا ؛ قسمیں کھا کر یا حلفیہ وعدہ کر کے مکرجانا ؛ کسی کو دروغ حلفی کا مجرم بنانا (جیسے: The witness perjured himself) ۔

perjurer, n. جھوٹا حلف اٹھانے والا ۔

perjury, n. دروغ حلفی ؛ جان بوجھ کر کوئی جھوٹی قسم کھانا یا کسی قسم یا وعدے کی خلاف ورزی ۔ (قانون) اگر کوئی شخص کسی قانونی کارروائی میں حلف اٹھا چکا ہو تو اس کا ،مسئلہ زیر بحث پُراثرانداز ہونے والے کسی معاملہ کے متعلق جان بوجھ کر ،کوئی جھوٹا بیان دینے کا عمل ۔

perjurious, a. دروغ حلفی پر مبنی ۔

perjuriously, adv. دروغ حلفی کرتے ہوئے ۔

perk, v.i. اکڑنا ؛ اینٹھنا ؛ خوشی سے سرشار ہو کر سربلند کرنا ؛ کسی شخص کا اپنی زندہ دلی یا جوش و ولولہ کو دوبارہ حاصل کرنا، عموماً up کے ساتھ ۔ (بول چال) ابلنا ؛ رسنا ۔ (فعل متعدی)

شایستہ و مہذب یا چست و چالاک بنانا ؛ اونچا اٹھانا ، جیسے سر کو جوش کے ساتھ یا ابتہاج و مسرت کے ساتھ ۔ (صفت) خوش باش ؛ زندہ دل۔

perky, perk, a. شایستہ و مہذب ؛ گستاخ و شوخ چشم ؛ خود پسند ؛ خوش باش ؛ پرجوش ۔

perkily, adv. شوخ چشمانہ ؛ گستاخانہ طور سے ۔

perkiness, n. خود ادعائی ؛ خودنمائی ؛ شوخ چشمی ۔

perlite, pearlite, n. (صخریات) چٹکنی چٹان ؛ کڑکنی چٹان ؛ سنگ مروارید ؛ زجاجی چٹان کی ایک شکل جس میں عموماً مینا نما چھوٹے کُرّے ہوتے ہیں ۔

perlitic, a. مروارید‌ی ۔

permafrost, n. زیر سطحی زمین جو مستقلاً منجمد ہوتی ہے ، وہ اصلاً زیر قطب شمالی یا قطب شمالی رقبوں میں واقع ہوتی ہے ۔

permanence, n. ٹکاؤ ؛ ٹھہراؤ ؛ ثبات ؛ قرار ؛ استقلال ؛ قیام ؛ دوام ؛ مستقل ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ تسلسل ۔

permanency, n. مستقل ہونے کی حالت؛ ایک مستقل چیز؛ دوامیت ۔

permanent, a. دائم؛ استمراری ؛ قائم ؛ دیرپا ؛ ٹکاؤ ؛ مستحکم ؛ مستقل ؛ دائمی ؛ ایک ہی حالت میں یا بغیر کسی تغیر کے ، جو شکل یا فطرت کو تباہ کرتا ہو ؛ جاری رہنے والا ؛ پایدار ؛ باقی رہنے والا ؛ قطعی ۔

permanent, permanent wave, n. کسی خاص طور پر تیار کردہ کیمیائی مرکب کے ذریعے بالوں میں پیدا کی ہوئی ایک ایسی لہر جو کئی مہینے تک باقی رہتی ہے ؛ پکا گھونگر ۔

permanent magnet, n. مستقل مقناطیس ؛ ایک مقناطیس جو اپنی مقناطیسیت اس وقت بھی ضائع نہیں کرتا جب اسے مقناطیسی میدان سے ہٹا لیا جاتا ہے ۔

permanent press, n. کریز ؛ مستقل سلوٹ یا تہ ؛ کپڑے کی ایک ایسی استری جس کے متعلق یہ مشہور ہے کہ وہ مستقل شکن مزاحمت رکھتی ہے ؛ لباس کی کوئی چیز یا ایک کپڑا جس میں استری کے ذریعے اس قسم کی شکن پڑی ہوئی ہو ۔ (صفت) کپڑے پر اس قسم کی استری کی مظہر یا اس کی مخصوص صفت سے متصف ۔

permanent tooth, n. پُختہ دانت ؛ ایسے دانتوں میں سے کوئی دانت جو دودھ کے دانتوں کی جگہ لیتے ہیں ؛ آدمی میں ان ۳۲ دانتوں میں سے کوئی ایک دانت جو بچپن کے زمانے کے ۲۰ عارضی دانتوں کی جگہ پکڑتے ہیں ۔

permanganate, n. (کیمیا) پرمینگنیٹ ؛ لال دوا ؛ ایک گہرا ارغوانی نمک جس میں پوٹاشیم ، مینگنیز اور آکسیجن شامل ہوتے ہیں اور یہ نمک محلول میں تکسیدی عمل اور دافع تعدیہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

permanganic acid, n. (کیمیا) پرمینگنی تیزاب ؛ ایک تیزاب جو صرف محلول میں موجود ہوتا ہے اور ایک طاقت ور تکسیدی عامل ہوتا ہے ۔

permeability, n. سرایت پذیری ؛ نفوذ پذیری ؛ نفوذ پذیر ہونے کی کیفیت یا حالت ۔ (طبیعیات) مقناطیسی نظام کے زور سے پٹری بدلنے کی صلاحیت یا قُوّت ۔

permeable, a. سرایت پذیر ؛ قابلِ نفوذ ؛ نفوذ پذیر ہونے کی صلاحیت رکھنے والا یا اس کے لیے ہمہ وقت تیار ؛ مسام دار ۔

permeance, n. سرایت پذیری؛ نفاذیت؛ نفوذ پذیر ہونے کا فعل؛ نفوذ پذیری ۔ (طبیعیات) مقناطیسی دور کے لیے کسی مقناطیسی حلقے کی ایصالی قوت ؛ مقناطیسی مقاومت کا دوطرفہ عمل ۔

permeant, a. نفوذ پذیرانہ ؛ نافذانہ ؛ سرایت کرنے والا ؛ چھا جانے والا۔

permeate, v.t. دخل کرنا ؛ گھسنا ؛ نُفُوذ کرنا ؛ مادے یا مواد میں سے گزرنا ؛ سوراخوں یا شگافوں ، درزوں کے ذریعے سرایت کرنا ؛ چھا جانا ؛ پھیلانا ؛ سرشار کرنا ۔ (فعل لازم) سرایت ہونا ؛ اپنے آپ نفوذ پذیر ہونا ۔

permeation, n. نفوذ پذیری ۔

permeative, a. نفوذ پذیر ؛ سرایت کرنے والا ۔

Permian, a. (ارضیات) پرمَین ؛ قدیم ارضیاتی عصر کے آخری دور سے متعلق جس میں یہ نظام بنا تھا ؛ چٹانوں کے اس نظام کا مظہر جو سہ گانہ چٹانوں کے نیچے اور کاربن زا نظام کے فوری اوپر ہوتا ہے اور قدیم ارضیاتی عصر کے طبقات کی سب سے اوپر کی تہ ہے ۔ (اسم) (ارضیات) قدیم ارضیاتی دور؛ قدیم ارضیاتی عصر کا چٹانی نظام ؛ یورالی زبانوں کے (جو ووٹیاک زیرین اور دیگر زبانوں پر مشتمل ہیں) ایک ذیلی خاندان فینیوں یوگریوں کا حصہ۔

per mill,per mil, adv. فی ہزار۔

permissible, a. روا ؛ جائز ؛ قابل منظوری ؛ مناسب ؛ درست ؛ بجا ؛ وہ جس کی اجازت ہو سکتی ہو ؛ قابل اجازت ۔

permissibility, permissibleness, n. درستگی ؛ اجازت ۔

permissibly, adv. بجا طور پر ؛ جائز طور پر ۔

permission, n. اجازت ؛ اجازت دینے یا تسلیم کرنے کا عمل ؛ رضامندی ؛ پروانگی ؛ اختیار کی تفویض ؛ باقاعدہ رضامندی ؛ رخصت ۔

permissive, a. روا رکھنے والا ؛ مجاز ؛ اجازت دینے والا ؛ چھوٹ دینے والا ؛ جائز ؛ اختیاری ؛ ایسے طرز عمل کا روا دار جسے دوسرے تسلیم نہیں کریں گے ؛ بردبار ؛ متحمل؛ غیر مزاحم ۔

permit, v.t. اجازت دینا؛ پروانہ دینا؛ سپرد کرنا ؛ کسی کام کو کرنے دینا (جیسے : ,permit me to explain) ؛ کسی کام کو کرنے یا واقع ہونے دینا ، خواہ صریح اجازت دے کر یا منع کرنے یا روکنے سے اجتناب کر کے (جیسے : The law permits the sale of such drugs.) ؛ برداشت کرنا ؛ موقع فراہم کرنا ؛ اجازت دینا (جیسے : Vents permit the escape of gases,)؛ موقع دینا (جیسے : The weather did not permit the boat to land)۔ (فعل لازم) رخصت یا اجازت ہونا ؛ کسی کام کو کرنے کی آزادی ہونا ؛ موقع یا امکان مہیا ہونا (جیسے : Write when time permits) ؛ اجازت ہونا یا گنجائش ہونا (عموماً of کے لاحقے کے ساتھ ، جیسے : statements that permit of no denial) ۔ (اسم) ایک تحریری حکم جس میں کوئی کام کرنے کی منظوری دی جائے ؛ اجازت کی کوئی معتبر یا سرکاری سند ؛ پروانہ ؛ اجازت یا رخصت ؛ اجازت نامہ ؛ پرمٹ ۔

permitter, n. اجازت دینے والا ؛ اجازت دہندہ ۔

permutation, n. (ریاضی) عوض ؛ معاوضہ ؛ تبادل ؛ الٹ پلٹ ؛ ترتیب نو ؛ جن عناصر کی ایک تعداد کسی مخصوص ترتیب کے ساتھ منضبط ہو ان کی ترتیب کو بدلنے کا عمل (جیسے abc کو cab, acb,

bac, bca یا cab میں بدلنا) یا عناصر کی ایک تعداد کو ایسے گروہوں میں مرتب کرنے کا عمل جو مختلف ترتیبوں سے لیے ہوئے عناصر کی مساوی تعدادوں پر مشتمل ہوں (جیسے b, a اور c کو ca, ac, ba, ab، bc اور cb میں ترتیب دیا جائے) ؛ نتیجہ میں ظاہر ہونے والی ترتیبوں یا گروہوں میں سے کوئی بھی ترتیب یا گروہ ؛ ردوبدل کا عمل ؛ تبدیلی ۔

permutational, a. ترتیب میں تبدیلی والا ؛ تبادلاتی ۔

permute, v.t. مبادلہ کرنا ؛ ترتیب یا نظم کے اعتبار سے تبدیل کرنا ۔ (ریاضی) تبادل کرنا یا تبادل کے عمل سے گزارنا ۔

permutable, a. قابل تبدیلی ۔

pernicious, a. مضر ؛ فاسد ؛ زبوں ؛ مخالف ؛ زیاں کار ؛ برباد کن ؛ ایذا رساں ؛ ضرر رساں ؛ تباہ کن ؛ ہلاکت آفریں ؛ مہلک ؛ خبیث ۔

perniciously, adv. مُہلک طور پر ؛ زیاں کارانہ ۔

perniciousness, n. مضرت رسانی؛ تباہ کاری ؛ زیاں کاری ۔

pernicious anemia, n. (امراضیات) شدید کم خوابی ؛ فقرالدم ؛ ایک شدید نوعیت کا فقرالدم جو سرخ خون کے خلیوں کی خلقت ناقص کے باعث ہوتا ہے ، جس کے نتیجہ میں ریڑھ کی ہڈی میں عضوی خرابیوں ، معدی ، امعائی ، عضلاتی اور اعصابی خرابیاں اور دیگر پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں ۔

peroneal, a. (تشریح الاعضا) پنڈلی کی بیرونی ہڈی کے متعلق یا اس کے قریب واقع ؛ شظی ۔

perorate, v.i. بولنا یا جوشیلی تقریر ہونا ؛ رسمی نتائج کے بیان پر تقریر کا اختتام ہونا ۔

peroration, n. خاتمۂ کلام ؛ خلاصۂ تقریر ؛ کسی تقریر یا بحث کا اختتامی حصہ جس میں مقرر یا مصنف مخصوص مسائل زیر بحث کا خلاصہ پیش کرتا ہے اور ان پر زور دیتا ہے ۔

perorational, a. خاتمۂ تقریر کے متعلق ۔

peroxidase, n. (حیاتی کیمیا) ایک خامرہ جو نامیاتی پرآکسائڈوں کو تحلیل کر کے بعض مرکبات کی تکسید میں عمل انگیز کا کام کرتا ہے ۔

peroxide, n. (کیمیا) کسی مخصوص عنصر یا اصلیے کا وہ آکسائڈ جس میں آکسیجن کی سب سے زیادہ یا ایک غیر معمولی مقدار ہوتی ہے ؛ ہائیڈروجن پرآکسائڈ ۔ (فعل متعدی) کسی چیز سے رنگ چُھڑانا ، جیسے بالوں سے کسی پرآکسائڈ کے ذریعے ۔

peroxyacetyl nitrate, n. پرآکسی ایسٹیائل نائٹریٹ ؛ دودی دھند کا زہریلا عنصر جو موٹر گاڑیوں کے دھوئیں پر دھوپ کے عمل سے پیدا ہوتا ہے ۔

perpend, parpen, perpent, n. دیوار بند ؛ ایک لمبا پتھر یا اینٹ جو دیوار کی پوری موٹائی میں رکھی ہو اور دونوں طرف سے نظر آتی ہو ۔

perpendicular, a. سیدھی کھڑی لکیر ؛ عمود ؛ افقی مستوی کے ساتھ زاویہ ہائے قائمہ پر ؛ عمودی ؛ بالکل سیدھا کھڑا ؛ سیدھا یا بہت ڈھلوان ، جیسے پہاڑ کا پہلو ۔ (جیومیٹری) کسی مخصوص خط یا سطح سے زاویہ قائمہ پر ملاپ ۔ (اکثر بڑے P سے) (فن تعمیر) اس طرز تعمیر کا مظہر یا اس کے متعلق جو انگریزی گوتھک طرز کا آخری مرحلہ تھا اور جس میں بڑے آرایشی خطوط ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ پر کاٹتے ہیں ۔ (اسم) ایک عمودی خط یا مستوی ؛ بالکل سیدھا کھڑے ہونے کی حالت ؛ ایک افقی خط کو کسی بھی نقطے پر ظاہر کرنے کے لیے ایک آلہ ۔ (جیومیٹری) ایک خط مستقیم جو کسی مخصوص خط یا سطح سے زاویہ ہائے قائمہ پر مل رہا ہو ۔

perpendicularity, n. عمودیت ۔

perpendicularly, adv. عمودی طور پر ۔

perpetrate, v.t. ارتکاب کرنا ؛ مبارزت کرنا ؛ حرکت کرنا ؛ کوئی کام ، ایک مجرمانہ فعل یا فریب کاری کے طور پر کرنا ؛ انجام دینا ؛ مجرم ہونا ۔

perpetration, n. ارتکاب ۔

perpetrator, n. مرتکب ۔

perpetual, a. استمراری ؛ جاودانی ؛ دوامی ؛ ابدی ؛ دائمی ؛ ہمیشہ کے لیے یا بلا تعین مدت تک جاری رہنے یا باقی رہنے والا ؛ دائم ؛ مستقل ؛ جو بغیر کسی اختتام یا رکاوٹ کے جاری ہو یا جاری رہ چکا ہو ؛ لگاتار ؛ مسلسل ۔ (گُلبانی) موسم یا سال کے دوران کم و بیش مسلسل پھول دینے والا ۔ (طبیعیات) کسی ایسی فرضی مشین کی حرکت کے متعلق جو مسلسل چلتی رہتی ہو ۔ (اسم) دائمی بہار کا ایک پیوندی گلاب ۔

perpetually, adv. مستقل طور پر ؛ ہمیشہ کے لیے ؛ دائمی طور پر ۔

perpetual calendar, n. دائمی کیلنڈر ؛ سالوں کے ایک طویل عرصے پر محیط کیلنڈر/جنتری جو اس طرح وضع کی گئی ہو کہ کسی مخصوص تاریخ کے لیے ہفتے کا دن بآسانی متعین ہو سکے ۔

perpetuate, v.t. دوام یا استمرار بخشنا ؛ زندہ رکھنا ؛ دائمی کرنا یا بنانا ؛ غیر معین طور پر باقی رہنے یا جاری رہنے کا سبب بننا ؛ ختم ہونے یا معدوم ہونے سے محفوظ رکھنا ۔

perpetuable, a. دائمی ؛ ہمیشہ رہنے کے قابل ۔

perpetuation, n. دوام ؛ استمرار ۔

perpetuator, n. دائم کرنے والا شخص یا کام ؛ قائم رکھنے والا ۔

perpetuity, n. ابدیت ؛ دوام ؛ قیام ؛ ثبات ؛ استمرار ؛ مداومت ؛ دائمی ہونے کی حالت یا خاصہ ؛ غیر مختتم یا غیر معین طور پر طویل دوران یا وجود ؛ کوئی چیز جو دائمی ہو ؛ ایک دائمی سالیانہ ۔ (قانون)جائیداد کے دائمی طور پر یا کسی ایسی مدت کے لیے جو عام قانون کی واقعی ، سمجھی ہوئی مقرر کردہ حدود سے زیادہ ہو ؛ ناقابل انتقال ہونے کی حالت ؛ وہ جائیداد جو اس طرح مشروط ہو ۔

perplex, v.t. پیچیدہ کرنا ؛ الجھیڑا ڈالنا ؛ ذہنی طور پر الجھانا ؛ کسی ایسی بات کے لیے پریشان ہونے پر اکسانا جو سمجھی نہ گئی ہو یا یقینی نہ ہو ؛ کسی معاملے یا مسئلہ کو پیچیدہ یا الجھا ہوا بنانا ؛ پیچیدگیوں ، الجھن یا بے یقینی سے کسی کام میں روڑے اٹکانا ؛ زچ کرنا ؛ بھڈا ڈالنا ۔

perplexing, a. حیران کُن ؛ پیچیدہ ۔

perplexingly, adv. حیران کُن طور پر ؛ پیچیدہ طور سے ۔

perplexed, a. متحیّر ؛ مضطرب ؛ مشوش ؛ پریشان یا حیران ؛ سوچنے یا عمل کرنے سے قاصر ؛ مبتلا یا الجھا ہوا ۔

perplexedly, adv. حیرت سے ؛ متحیرانہ ۔

perplexity, n. الجھاؤ ؛ الجھن ؛ جنجال ؛ مخمصہ ؛ اضطراب ؛

حیرانی ؛ دقّت ؛ پریشانی ؛ گھبراہٹ ؛ تشویش ؛ فکر ؛ پیچ ؛ پیچیدگی ؛ تحیُّر ؛ پریشان ، حیران یا ششدر ہونے کی حالت ؛ وہ ماحول یا چیز جو پریشان کرتی ہو ؛ تشویش ، اضطراب ، اضطرار ، الجھاؤ ، پیچیدگی کی کیفیت ۔

perquisite, n. دستوری ؛ بالائی یافت ؛ اضافی مراعات ؛ مقررہ آمدنی ، تنخواہ یا مزدوریوں کے علاوہ اور ان سے زائد کوئی اتفاقی فیس یا نفع ؛ کوئی چیز جسے رواجاً کسی ملازم یا نوکر کے لیے اس کی ملازمت کی اضافی مراعات کے طور پر تسلیم کر لیا گیا ہو ؛ کوئی سود مند چیز جو بطور ایک حق کے مانگی جائے ۔

perron, n. (فن تعمیر) شہ نشین ؛ ایک بیرونی چبوترا اور سیڑھیوں کا راستہ جس سے گزر کر کسی عمارت میں داخلے کے دروازہ تک پہنچا جاتا ہے ۔

perry, n. (زیادہ تر برطانوی) ناشپاتی کی شراب ؛ ایک خمیری شراب جو ناشپاتیوں کے رس سے بنتی ہے اور سیادہ/سیب کی شراب کے مشابہ ہوتی ہے ۔

persalt, n. (کیمیا) برنمک ؛ کسی خاص دھات یا اصلیہ کے نمکوں کے سلسلے میں وہ نمک جس میں کوئی دھات یا اصلیہ ظاہری گرفت کا اعلیٰ ترین درجہ رکھتا ہے ؛ وہ نمک جو کسی پرتیزاب سے اخذ کیا جائے ۔

per se, adv. اپنے آپ ؛ خلقی طور پر یا بنیادی طور پر ؛ بجائے خود ؛ برائے خود ؛ بطورخود ؛ علیحدہ ؛ اکیلا ؛ تنہا ۔

persecute, v.t. دق کرنا ؛ پیچھے پڑنا ؛ ستانا ؛ ظلم و تعدی کے متواتر افعال سے پریشان کرنا یا ایذا پہنچانا ؛ مخصوص آرا رکھنے یا کسی مخصوص عقیدہ یا طرز عبادت سے وابستہ ہونے کی بنا پر تکلیف میں ڈالنا یا سزا دینا ۔

persecutive, a. ایذا رساں ؛ جفا کیش ۔

persecutor, n. جفا شعار ؛ ظالم یا جابر شخص ۔

persecution, n. ایذا رسانی ؛ تکلیف دہی ؛ جور ؛ ستم ؛ عقوبت ؛ تصدیعہ ؛ ظلم و ستم ڈھانے کا فعل یا مزاولت ؛ مبتلائے جوروستم ہونے کی حالت ۔

perseverance, n. استقامت ؛ ثابت قدمی ؛ ثابت قدم ہونے کا فعل یا عادت ؛ کسی کارگزاری میں استقلال ؛ ثبات ۔ (کیلوینانی الٰہیات) برگزیدۂ حق کے مورد رحمت ہونے کی حالت کا تسلسل ؛ نجات یقینی ؛ دائمی سعادت ۔

persevere, v.i. جما رہنا ؛ مشکلات درپیش ہونے کے باوجود ، کسی اختیار کردہ مہم میں ثابت قدم رہنا ؛ کسی منصوبے یا روش پر استقامت سے قائم رہنا ۔

persevering, a. ثابت قدم ؛ مستقل مزاج ۔

perseveringly, a. ثابت قدمی سے ؛ مستقل مزاجی سے ۔

Persian, a. فارسی ؛ عجمی ؛ پارسی ؛ ایرانی ؛ جنوب مغربی ایشیا کے ملک فارس کے متعلق جو اب ایران کہلاتا ہے ؛ فارس/ایران کی زبان ، ثقافت یا اس کے باشندوں سے منسوب ۔ (اسم) ایران کی زبان یا اس کا کوئی باشندہ ۔

Persian cat, n. ایرانی بلّی ؛ گھریلو بلی کی ایک نسل جو ایران میں پالی گئی ہے ، اس کے بال لمبے ریشمیں ہوتے ہیں ، سر گول ہوتا ہے اور ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں ۔

Persian lamb, caracul, n. ایرانی میمنہ ؛ ایشیائی قراقلی نسل کی بھیڑ کا میمنہ ، اس میمنے کی چمک دار گھونگریالے بالوں والی کھال سمور کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

persiflage, n. یونہی ناکارہ ؛ مزاحیہ گفتگو ؛ کسی سنجیدہ یا غیر سنجیدہ موضوع پر غیر سنجیدہ/بیہودہ انداز میں گفتگو ۔

persimmon, n. پرسی من ؛ خرمالو ، امریکی کھجور ؛ آبنوسی خاندان کی جنس Diospyros کے متعدد درختوں میں سے کوئی ایک درخت جس کی خصوصیات میں بہت سخت لکڑی اور آلوچہ نما خوردنی پھل، جوپک کر شیریں اور تیز ہوتاہے ،شامل ہیں ؛ اس پھل کو بالخصوص جاپانی خرمالو D.kaki اور شمالی امریکی نوع D.virginiana کو کیلیفورنیا اور خلیجی ممالک میں کاشت کیا جاتا ہے ؛ آلوچہ نما پھل ۔

persist, v.i. مستقل یا ثابت قدم ہونا یا جما رہنا ؛ اڑنا ؛ کسی شروع کیے ہوئے کاروبار یا راستے کی پیروی میں استقامت اور مضبوطی کے ساتھ مسلسل عمل پیرا رہنا ؛ کسی قدر مخالفت درپیش ہونے کے باوجود کوشش جاری رکھنا ؛ ثابت قدم رہنا ؛ برداشت ہونا ؛ مصر ہونا (جیسے : to persist in one's demands) ۔

persister, n. ثابت قدم رہنے والا ۔

persistence, persistency, n. استقامت ؛ ہٹ ؛ اڑ ؛ ضد یا استقلال ؛ اصرار ؛ ثابت قدمی ؛ اصرار کرنے یا مصر ہونے کی حالت ؛ کسی روش پر عمل پیرا ہونے کا تسلسل ؛ استقلال ؛ کسی معلول کا تسلسل ، اس علت کے ختم ہونے کے بعد جس نے وہ معلول سب سے پہلے پیدا کیا ہو ؛ استمرار ؛ قرار ۔

persistent, a. مستقل ؛ قائم مزاج ؛ مصر ؛ ثابت قدم ؛ ثابت قدمی پر مائل ؛ ڈٹا ہوا ؛ مقصد سے چسپیدہ ؛ مسلسل ۔ (نباتیات) پختگی کےبعد ،بغیر مرجھائے یا پژمردہ ہوئے، باقی رہنے والا ۔ (حیوانیات) مدت العمر اپنے کار متعلقہ کو جاری رکھنے والا ، جیسے مچھلی کے گلپھڑے ۔

persistently, adv. ثابت قدمانہ طور پر ؛ مستقل مزاجانہ انداز سے ۔

persnickety, pernickety, a. (بول چال) حد سے زیادہ نفاست پسند ؛ انتہائی نازک مزاج ؛ تاناشاہ ؛ ضرورت سے زیادہ ٹھیک ٹھاک ؛ جزرس ؛ زبردست احتیاط اور صحت کا طالب ۔

person, n. شخص ؛ مانس ؛ کس ؛ منش ؛ بشر ؛ نفر ؛ صیغہ ؛ ثالث ؛ انسانی ہستی ، خواہ وہ مرد ہو یا عورت یا بچہ ؛ انسانی ہستی ، دوسرے جانوروں یا کسی چیز سے ممتاز ؛ انسانی ہستی کی ذات یا منفرد شخصیت ؛ انسانی ہستی کا زندہ جسم ؛ جسم اپنے بیرونی پہلو میں (جیسے : lovely in face and person) ؛ کردار ، ڈرامے میں ایکٹر کا کام یا کار منصبی ،خواہ اسٹیج پر انجام دیا جائے یا حقیقی زندگی میں ؛ کسی ڈرامے یا کہانی کے کرداروں میں سے کوئی ایک (جیسے : a person of the drama) ؛ ایک انسانی ہستی جسے کم تر سمجھا جائے ؛ پہلے زمانے میں کوئی اہم شخصیت ۔ (فلسفہ) ایک خود شعوری یا عقلیت پسند ہستی ۔ (قانون) ایک منفرد انسانی ہستی یا ایک ہیئت اجتماعیہ جو قانون کی رو سے حقوق و فرائض رکھتی ہو ۔ (الٰہیات) تثلیث کے تین اقنوموں یا وجودی حیثیتوں میں سے کوئی ایک ۔ (گرامر) اسم ضمیر یا فعل کی شکل : گردان میں person کا اظہار اس طرح کیا جاتاہے ،first person بولنے والا ، (ضمیر متکلم) ،

یا شکل و صورت پر طنز کے لیے کی جاتی ہے (جیسے : to indulge in personalities)۔

personalize, v.t. شخصیت کا رنگ دینا ؛ ذاتی بنانا ؛ شخصی بنانا؛ اپنی ذات پر عائد کرنا ؛ اپنے مختصر دستخط یا نام سے نشان لگانا کسی غیر مادی وصف یا تخیل کو صورتِ مجاز میں پیش کرنا ؛ تمثّل کرنا۔

personally, adv. ذاتی طور پر ؛ آپ ؛ خود ؛ بنفسہ ؛ اصالتاً ؛ بذاتِ خود ؛ ذاتی/شخصی انداز میں ؛ بالذات ؛ بہ نفس نفیس ؛ کسی فرد کے احترام کے ساتھ ؛ کسی شخص کے ذاتی وجود یا انفرادیت کے بارے میں۔

personal pronoun, n. (گرامر، انگریزی) ضمیرشخصی ؛ وہ حرف اشارہ جس کی گردان ذات ، جنس ، عدد اور حالت کے لیے کی جاتی ہے اور جس سے بولنے والا یا بولنے والے ، ایک یا ایک سے زائد اشخاص جن سے بولا گیا یا ایک یا ایک سے زائد اشخاص جن کے متعلق بولا گیا ، ظاہر ہوتے ہیں ، جیسے they,we,she,he,you,I ۔

personal property, n. ذاتی جائیداد ؛ جائیدادِ منقولہ ؛ اثاث البیت ؛ متاع ؛ کسی شخص کی ایسی اشیا جیسے روپیہ پیسہ ، زیورات یا فرنیچر جو جائیدادِ غیرمنقولہ یعنی زمین یا مکان سے ممیّز ہو ؛ منقولہ مال و اسباب۔

personalty, n. (قانون) ذاتی جائیداد ؛ جائیداد غیر منقولہ سے ممتاز۔

persona non grata, n. [لاطینی] ناپسندیدہ شخص ؛ کوئی ایسا شخص جو ناقابل قبول ہو یا جس کی آمد مرغوب نہ ہو۔ (حکومت) ایک ایسا سفیر سیاست مدار جس کی موجودگی اُس بیرونی ملک کی حکومت کو پسند نہ ہو جس میں وہ بھیجا گیا ہو۔

personate, v.t. چھل کرنا ؛ جعل کرنا ؛ تلبیس کرنا ؛ فریب کرنا ؛ بناوٹ کرنا ؛ بھیس یا روپ بدلنا ؛ کسی کے کردار یا شکل و صورت کا روپ اختیار کرنا ، خواہ وہ حقیقی زندگی میں ہو یا اسٹیج پر ہو ؛ کسی بہروپ میں پیش کرنا ؛ کسی غیر مادی وصف یا تخیل کی مجازی تجسیم جیسے ادب میں ؛ جعلی شخصیت اختیار کرنا یا جعلی نام بتانا۔ (قانون) کسی کی شکل و صورت اور طور طریقوں کی نقل اُتارنا ، بدنیتی یا جعل سازی کے ارادے سے۔

personation, n. تلبیسِ شخصی۔

personative, a. تلبیسِ شخصی سے متعلق۔

personator, n. تلبیسِ شخصی کرنے والا۔

personate, a. (نباتیات) دہان بستہ ؛ برقع کی طرح ، جیسے بعض پھولوں کا دولَبہ تاجِ گُل ، جس کا زیریں لب اوپر کی طرف اٹھا ہوا ہوتا ہے تاکہ دونوں لبوں کا درمیانی خلا بند رہے ، جیسا کہ گُلِ میمونہ میں ہوتا ہے۔

personification, n. تَمَثُّل ؛ تَجَسُّم ؛ تَشخُّص ؛ تجسیم کا عمل ؛ وہ جو تجسیم کرتا ہے ؛ وہ شخص جسے کسی خوبی کی مثال کے طور پر پیش کیا جا سکے ؛ مجسمہ۔ (فن) بے جان اشیا یا تجریدی خیالات بطور انسانی ہستی پیش کرنے کا عمل۔ (علم بیان) انسانی کوائف یا خصائص کو بے جان اشیا یا تجریدی خیالات سے منسوب کرنے کا عمل ؛ تجسیم۔

personify, v.t. مشخصّ کرنا ؛ شخص یا آدمی فرض کرنا ؛

second person جس سے بولا جائے ، (ضمیر حاضر) ، اور Third person جس کے متعلق بولا جائے (ضمیر غائب)۔

in person, بذات خود ؛ اصالتاً ؛ کوئی شخص ؛ خود اپنی جسمانی حیثیت میں/بہ نفس نفیس۔

persona, n. (عموماً جمع) ذات ؛ مشخصہ ؛ شخص ؛ وہ کردار جو کسی افسانوی تصنیف مثلاً ڈرامے ، کہانی یا ناول میں پیش کیے جاتے ہیں۔ (نفسیات) سماجی منصب یا چہرہ مہرہ جو کوئی شخص اپنے ماحول کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے اختیار کرتا ہے۔

personable, a. خوبصورت ؛ شکیل ؛ خوش اندام ؛ وجیہہ ؛ سڈول ؛ ایک دلکش شکل و صورت رکھنے والا ؛ خوشگوار شخصیت یا مزاج کا حامل۔

personableness, n. خوش اندامی ؛ خوبصورتی ؛ دلکش شخصیت۔

personage, n. نقل ؛ رُوپ ؛ کردار ؛ بڑا یا معزز آدمی ؛ ذی رتبہ شخص ؛ اعلیٰ شخصیت ؛ کوئی ممتاز مرد یا عورت (جیسے : an illustrious personage)؛ کوئی وجود جس کے متعلق یہ سمجھا جائے کہ وہ ایک انسانی ہستی کی طرح انفرادیت کا مالک ہے (جیسے : a divine or a mythological personage) ؛ کسی افسانوی یا تاریخی کتاب کا کوئی کردار ؛ کوئی شخص۔

persona grata, n. قابل قبول شخص۔ (حکومت) سفیر سیاست مدار جس کی موجودگی کا خیر مقدم ہر اس بیرونی ملک کی حکومت کرتی ہے جہاں وہ بھیجا جاتا ہے ؛ پسندیدہ شخصیت۔

personal, a. نفسی ؛ ذاتی ؛ خاص ؛ نج کا ؛ اپنا ؛ منقولہ ؛ اوپری ؛ ظاہری ؛ شخصی ؛ کس شخص سے متعلق ؛ کسی چیز سے ممیز ؛ کسی منفرد شخص سے متعلق ؛ اُس کا خاصہ یا اُس پر اثر انداز ہونے والا ؛ کسی فرد کی ذات ، کردار یا طرز عمل پر عائد ہونے والا ، عام طور پر ایک حقارت آمیز انداز میں (جیسے : personal remarks)؛ شکل و صورت سے متعلق (جیسے : personal charm) ؛ کسی نمایندے کے ذریعے نہیں بلکہ ذاتی طور پر کیا گیا (جیسے : personal interview)۔ (قانون) ایسے قبضوں سے متعلق جو اپنی نوعیت کے اعتبار سے غیر تغیر پذیر یا مستقل نہ ہوں ؛ حقیقی کے برعکس۔ (گرامر) ذات کو ظاہر کرنے والا یا اُس کی طرف اشارہ کرنے والا (جیسے : a personal pronoun)۔ (اسم) کسی شخص یا اشخاص کے متعلق اخباری خبر یا اشتہار۔ مخفف : .pers ۔

personal effects, n. مالِ منقولہ ؛ مال و متاع ؛ ذاتی استعمال کا سامان ؛ ذاتی اثاثہ ؛ کسی فرد کے ذاتی قبضے کی اشیا جیسے ملبوسات و زیورات۔

personal equation, n. شخصی مساوات ؛ افراد میں اختلافات کے باعث ، مشاہدے یا ترجمانی میں عصبیت یا غلطی کا رجحان۔

personalism,
personal idealism, n. شخص مرکزیت ؛ ایک فلسفہ جو اِس پر زور دیتا ہے کہ شخص یا شخصیت ہی اعلیٰ قدر اور اصل حقیقت ہے۔

personalist, n. شخص مرکزیت کا قائل۔

personalistic, a. شخص مرکزی۔

personality, n. شخصیت ؛ فردیت ؛ اُن خصوصیات کا مجموعہ جو ایک فرد کی تشکیل کرتی ہیں ؛ ایک ذہین ہستی کی حیثیت سے وجود میں ہونے کی حالت ؛ ایک ممتاز شخص۔ (عموماً جمع) رائے زنی جو عموماً حقارت آمیز ہوتی ہے اور کسی شخص کے طرز عمل ، کردار

مَجسمّ قرار دینا ؛ انسان کی طرح پیش کرنا یا سمجھنا ؛ کسی تجریدی یا غیر جان دار چیز کو اس طرح پیش کرنا کہ گویا وہ کسی ذی عقل ہستی کے کردار سے مزیّن ہے ؛ مثال بنانا یا بننا ۔

personifier, n. تمثّل کرنے والا ؛ تجسیم کرنے والا ۔

personnel, n. اِفراد کار ؛ عملہ ؛ کسی پیشے ، خدمت یا کام پر مامــور یا ملازم رکھی گئی اشخـاص کی جماعت ۔ (صفت) عملے کے بارے میں یا اُس سے متعلق (جیسے : the personnel department) ۔

perspective, n. نظارہ ؛ منظر ؛ ظاہری نسبت ؛ تناظُر ؛ وہ فن یا سائنس جس کا موضـوع یہ ہو کہ نقش کَشی یا کسی اور طریقے سے اشیا یا مناظر کو ایک مستوی پر اس طرح پیش کیا جائے کہ وہ اپنی قُدرتی ابعاد اور مکانی تعلقات کو بحالہٖ قائم رکھتے ہوئے نظر آئیں ؛ کسی شے کا نظارہ بہ لحاظ ابعاد و محل مکانی ، اُس اثر کے تحت جو اُس نظارے پر اُس شے کے آنکھ سے دُور ہونے کے باعث پڑتا ہے ؛ کسی شے یا اشیا کی کوئی تصویر جو نظر کو مکان یا عمق /وسعت کا فریب دیتی ہو ؛ نظارہ یا تصوراتی منظر ؛ کسی خاص نقطۂ نظر سے دیکھے گئے حقـائق یا معلومات کا باہمی تعلق یا تناسب ؛ معلومات ؛ صورتِ احـوال یا اس طرح کی دیگـر کیفیتـوں کی تشخیص قدر ، بلحـاظ ان کی معنویت اور تقابلی اہمیت ۔ (صفت) تناظر کے فن سے متعلق ؛ تناظر کے ذریعے نمایاں یا تناظر میں پیش کردہ ۔

aerial perspective, فاصلے یا عُمق (وسعت) کی ایک مستویّہ تصویر ، جسے روشنی ، سائے یا رنگ میں نرمی پیدا کرکے حاصل کیا جاتا ہے ، ایسی تصویر خطّی تناظر سے ممتاز ہوتی ہے ۔

perspicacious, a. صاحبِ ادراک ؛ زیرک ؛ ذکی ؛ تیز نظر ؛ تیز نگاہ ؛ تیز فہم ؛ صاحبِ فراست ؛ صاحبِ بصیرت ؛ گہرا ذہنی ادراک یا بصیرت رکھنے والا ۔

perspicaciously, adv. وضاحتاً ؛ صراحتاً ؛ صاف طور پر ۔

perspicaciousness, perspicacity, n. تیز فہمی ؛ زِیرکی؛ ذکاوت؛ مدرکی ۔

perspicuity, n. وضاحت؛ صفائی ؛ توضیح ؛ صراحت ؛ سلاست ؛ فراست و بصیرت رکھنے کی کیفیت ؛ ژرف نگاہی ۔

perspicuous, a ظاہر ؛ صاف ؛ کُھلا ہوا ؛ صریح ؛ واضح ؛ غیر مبہم ؛ صاف ؛ کھرا ۔

perspiration, n. پسینہ ؛ عرق ؛ پسینہ آنے کا دوران یا عمل ؛ پانی جیسا رقیق سیّال یا عرق جو جسم کے مسامات سے خارج ہوتا ہے ۔

perspiratory, a. پسینہ آور ؛ پسینہ خیز ۔

perspire, v.i., v.t. پسینے کا جِلد کے مسامات سے خارج ہونا ؛ پسیجنا ؛ پسینہ آنا ؛ مسامات کے ذریعے باہر نکالنا یا خارج کرنا ۔

persuade, v.t. راغب کرنا ؛ مائل کرنا ؛ اُکسانا ؛ اشتعـالـک دینا ؛ پرچک دینا ؛ متأثّر کرکے ، تحریک کرکے یا دلائل ، نصیحت یا دوستانہ اصرار کے ذریعے مغلوب کرکے کسی عقیدے یا طرز عمل پر آمادہ کرنا ؛ یقین دلانا ۔

persuadable, a. ترغیب پذیر ؛ تشویق پذیر ۔

persuader, n. راغب کرنے والا ؛ ترغیب دینے والا ؛ ترغیب دہندہ ۔

persuasion, n. ترغیب ؛ تحریک ؛ اُکساوا ؛ ذہن نشینی ؛ دل نشینی ؛ ترغیب دینے کا عمل یا طاقت ؛ ترغیب دیے جانے کی حالت ؛ ایقان یا عقیدہ ؛ کوئی مذہبی مسلک یا نظام عقائد ؛ کسی مسلک یا نظامِ عقائد کا پیرو ؛ کوئی فرقہ یا جماعت ۔

persuasible, a. ترغیب پذیر ؛ تشویق پذیر ؛ ترغیب دیے جانے کی صلاحیّت رکھنے والا ؛ ترغیب دیے جانے کے قابل ۔

persuasive, a. ترغیب دہ ؛ مُحرّک ؛ مؤثّر ؛ دلنشین ؛ ترغیب دینے کی طاقت/اختیار رکھنے والا ؛ ترغیب دینے یا متاثر کرنے پر مائل ۔ (اسم) وہ جو ترغیب دیتا ہے ؛ ترغیب دہندہ ؛ تحریک دہندہ ۔

persuasively, adv. ازراہِ ترغیب ؛ ازراہِ تشویق ۔

persuasiveness, n. دلنشینی ؛ خاطر نشینی ؛ ترغیبی صلاحیت ۔

pert, a. زبان دراز ؛ تیز ؛ چالاک ؛ مُنھ پھٹ ؛ گُستـاخ یا دیدہ دلیر ؛ شوخ چشم ؛ زنـدہ دل ؛ طبّاع ؛ طرحدار ؛ دریدہ دہن ؛ کلّہ دراز ۔

pertain, v.i. متعلق ہونا ؛ علاقہ رکھنا ؛ نسبت رکھنا یا رشتہ رکھنا ؛ مِلنا ؛ سروکار رکھنا ؛ وابستہ ہونا ؛ حوالہ یا تعلق رکھنا ؛ متعلق ہونا (جیسے : documents which pertain to the case) ؛ کسی کا ہونا یا اُس سے وابستہ ہونا بحیثیت ایک جزو ، ضمیمہ ، ملکیت یا وصف کے ؛ کسی کا ہونا (مناسب یا ٹھیک طور پر) ؛ موزوں ہونا ۔

pertinacious, a. ہٹ دھرم ، سرکَش ، خود رائے ؛ سخن پرور ، خود سر؛ کسی رائے ، مقصد یا منصوبے پر سختی کے ساتھ قائم رہنے یا اُس سے وابستگی جاری رکھنے والا ؛ ضدی ؛ ہٹیلا ؛ مکروہ طریقے پر مُصر ؛ ثابت قدم ؛ مستقل مزاج ۔

pertinaciously, adv. ضدی پن سے ؛ ثابت قدمی سے ؛ خود سَری سے ۔

pertinaciousness, pertinacity, n. ضِد ؛ ہٹ ؛ سرکشی ، ثابت قدمی ۔

pertinent, a. ٹھیک ؛ پھبتا ؛ درست ؛ معقول ؛ لائق ؛ مناسب ؛ شایستہ ؛ برجستہ ؛ موزوں ؛ برمحل ؛ واجب ؛ کسی زیرغور موضوع یا معاملے سے متعلق ۔

pertinence, pertinency, n. موزونیت ؛ مناسبت ؛ برجستگی ۔

pertinently, adv. برمحل ؛ موزوں ؛ باموقع ۔

perturb, v.t. بے چین یا بے قرار کرنا ؛ مضطرب کرنا (بالخصوص ذہنی طور پر) ؛ پریشان کرنا ؛ شورش برپا کرنا ؛ غیر منظم یا اُلجھا ہوا بنا دینا ؛ ذہنی اختلال پیدا کرنا ؛ حواس باختہ کرنا ؛ درہم برہم کرنا ۔

perturbable, a. پریشان کُن ؛ خلل انداز ۔

perturbation, n. قلق ؛ اضطراب ؛ بے قراری ؛ بے قرار ، بے چین یا پریشان کرنے کا عمل یا پریشان ہونے کی حالت؛ ذہنی پریشانی یا تشویش ؛ کوئی چیز جو ذہنی بے چینی پیدا کرے۔ (فلکیات) کسی جِرم فلکی کی باقاعدہ حرکت میں خلل ، اُس مزید قُوّت کے باعث جو باقاعدہ حرکت کی ذمہ دار قُوّت کے علاوہ ہو ؛ انحراف ۔

perturbational, a. خلل انداز ؛ قلق انگیز ؛ ابتری پھیلانے والا ؛ گڑبڑ کرنے والا۔

pertussis, n. (امراضیات) کالی کھانسی ؛ شہقہ ۔

pertussal, a. کالی کھانسی کے متعلق ۔

peruke, periwig, n. ایک قسم کا بالوں کا کنٹوپ ، بالخصوص وہ جسے سترھویں ، اٹھارھویں اور اوائل انیسویں صدی میں مرد پہنا کرتے تھے ۔

perusal, n. معائنہ ؛ مطالعہ ؛ ملاحظہ ؛ احتیاط کے ساتھ دیکھنے یا پڑھنے کا عمل ؛ خواندگی ؛ جانچ پڑتال ۔

peruse, v.t. مطالعہ کرنا ؛ پڑھنا ؛ جانچنا ؛ احتیاط کے ساتھ توجہ سے پڑھنا ؛ شروع سے آخر تک پڑھنا؛ احتیاط کے ساتھ جانچنا ۔

peruser, n. مطالعہ کرنے والا شخص ؛ پڑھنے والا شخص ۔

Peruvian bark, n. دیکھیے : Cinchona ۔

pervade, v.t. نفوذ کرنا؛ سرایت کرنا ؛ چھا جانا ؛ موجودگی ، سرگرمی یا اثر کو وسعت دینا ؛ پھیلانا ؛ داخل کرنا ؛ میں سے جانا ، گزرنا یا پھیلانا (جیسے : Fear pervaded the audience) ۔

pervader, n. سرایت کرنے والا شخص یا شے ؛ چھا جانے والا ۔

pervasion, n. اثر ؛ نفوذ ۔

pervasive, a. اثر پذیر ؛ نفوذ کرنے والا ۔

pervasively, adv. اثر پذیر طور پر ؛ از راہِ نفوذ ۔

pervasiveness, n. اثر کرنے کی قوّت ؛ نفوذ پذیری ۔

perverse, a. کج؛ ٹیڑھا؛ بے راہ رو ؛ مُتمرّد ؛ خود سر ؛ منحرف ؛ گمراہ ؛ کسی قبول کردہ یا متوقع طرز عمل یا رائے سے عمداً انحراف کرنے والا ؛ برعکس ؛ شریر یا خود پسند ؛ ضدّی ؛ جھگڑالو یا چڑ چڑا ۔

perversely, adv. بدمزاجی سے ؛ ہٹ دھرمی سے؛ کجروی سے ۔

perverseness, n. ہٹ دھرمی ؛ کجروی یا خود رائی ۔

perversion, n. کجروی ؛ بگاڑ ؛ تحریف ؛ ارتداد ؛ گم راہی ؛ گم راہ ہونے کا عمل : گُم راہی کی حالت ؛ کسی چیز کی بگڑی ہوئی شکل ؛ غیر معمولی جنسی حِس ، خواہش یا سرگرمی ۔ (امراضیات) ایک ایسی حالت میں تبدیلی جو غیر فطری یا غیر معمولی ہو ۔

perversity, n. گمراہی ؛ گم راہ ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ کجروی ؛ گم راہ ہونے کی ایک مثال ؛ جھگڑالو پن ؛ چڑچڑا پن ؛ بگاڑ ۔

perversive, a. بگاڑنے والا ؛ مُخرب ؛ مرتد یا برگشتہ کرنے والا ؛ گم راہ کرنے پر مائل کرنے والا یا ایسا کرنے کی طاقت رکھنے والا ۔

pervert, v.t. بگڑنا ؛ پلٹنا ؛ اُلٹنا ؛ پھیرنا ؛ موڑنا ؛ خراب کرنا؛ مرتد کرنا؛ راہِ راست سے ہٹانا؛ اخلاقی طور پر گم راہ کرنا یا بگاڑنا؛ کسی ذہنی غلطی یا غلط فیصلے کی طرف لے جانا؛ کسی ایسے مذہبی عقیدے کی طرف راغب کرنا جسے جھوٹا یا غلط سمجھا جاتا ہو ؛ کسی مناسب استعمال یا مقصد سے کسی نامناسب استعمال یا مقصد کی طرف موڑ دینا؛ غلط اطلاق کرنا؛ بگاڑنا ؛ غلط ترجمانی کرنا ، بالخصوص عمداً ؛ کسی کم تر حالت میں لانا ؛ خراب کرنا ۔ (امراضیات) کسی ایسی حالت میں بدل دینا جو غیر فطری یا غیر معمولی ہو ۔ (اسم) جنسی کجرو شخص ؛ مرتد گمراہ یا بگڑا شخص ؛ وہ جسے کسی ایسے مذہبی عقیدے کا قائل بنا دیا گیا ہو جو باطل یا غلط ہو ۔ (امراضیات) منقلب چیز یا شخص ۔

perverted, a. راہِ راست سے منحرف ؛ شریر ؛ بدچلن ؛بدخصال ؛ گم راہ ؛ منقلب ؛ مرتد ؛ کجرو ؛ بگڑا ہوا ؛ مسخ شدہ ۔ (امراضیات) ایک غیرفطری یا غیر معمولی قسم میں مبدّل ۔

pervertedly, adv. شرارت سے ؛ بدچلنی سے ؛ انحراف سے ۔

pervertedness, n. بدخصالی؛ بدچلنی ؛ انحراف ؛ ارتداد ۔

perverter, n. گمراہ کرنے والا شخص یا شے ۔

pervertibility, n. گمراہ ہو سکنے کی حالت ؛ ارتداد پذیری ۔

pervertible, a. جسے گمراہ کیا جا سکے ؛ جسے بگاڑا جا سکے ؛ ارتداد پذیر ۔

pervertibly, adv. گمراہی سے ؛ بگڑے ہوئے انداز میں ۔

pervious, a. قابلِ وصول ؛ نفوذ پذیر ؛ سرایت پذیر ؛ قابلِ فہم ؛ سرایت کیے جانے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ قابلِ نفوذ ؛ گزرنے کا راستہ دینے والا ؛ کسی تجویز یا دلیل کو سننے یا قبول کرنے کے لیے تیار ؛ معقولیت پسند ۔

perviousness, n. نفوذ پذیری ؛ ادخالیت ۔

pes, n. (حیوانیات) پاؤں ؛ کوئی حصّہ جو پاؤں سے مشابہ ہو یا پاؤں کے طور پر کام کرتا ہو ۔

Pesach, Pesah, n. یہودیوں کی ایک عید ۔

pesky, a. (بول چال) تکلیف دہ ؛ پریشان کن ؛ آزردہ کرنے والا ۔

peskily, adv. تکلیف دہ طور پر ؛ پریشانی سے ۔

peskiness, n. پریشانی ؛ تکلیف دہی ۔

pessary, diaphragm, n. رِحم بند ؛ ایک ایجاد جسے سیلانُ الرحم کو درست کرنے کے لیے اندام نہانی میں رکھتے ہیں ؛ مہبل شافہ ؛ ایک مانع حمل ایجاد ؛ چھلاّ ۔

pessimism, n. یاس ؛ قنوطیت ؛ صورت احوال یا اعمال کے متعلق انتہائی ناموافق رائے رکھنے کا میدان ؛ رجائیت کے برعکس ۔ (فلسفہ) یہ عقیدہ کہ آدمی ناقابلِ حصولِ کمال ہے ؛ یہ رویہ کہ بدی اور دکھ اِس دنیا میں عَالَم گیر ہیں اور زندگی بنیادی طور پر دکھی ہے ۔

pessimist, n. قنوطی ؛ مایوس شخص ؛ قنوطیت پسند ۔

pessimistic, a. مایوسی کا ؛ مایوسانہ قنوطیت پسندی کا ۔

pessimistically, adv. مایوسانہ طور پر ؛ قنوطی انداز میں ۔

pest, n. آفت ؛ موذی؛ کوئی چیز جو بہت زیادہ اذیت رساں اور تباہ کن ہو ، جیسے بعض حشرات یا پودے ؛ کوئی شریر ، تکلیف دہ یا تباہ کن شخص ؛ امر خلل انداز ؛ وبائی مرض یا طاعون ؛ مری ؛ وبا ؛ قہرالٰہیٰ ؛ مضرات؛ ضرررساں۔

pester, v.t. ستانا ؛تصدیعہ دینا ؛چھوٹی چھوٹی باتوں سے مسلسل پریشان کرنا ؛ دِق کرنا ؛ غصہ دلانا ؛ اذیت دینا ۔

pesthole, n. امراض گاہ ؛ مضرِ صحت جگہ جس سے امراض کے پیدا ہونے اور پھیلنے کا امکان ہو ۔

pesthouse, n. وبائی شفاخانہ ۔ (قدیم) گلٹی دار طاعون یا کسی دوسرے وبائی مرض میں مبتلا مریضوں کے لیے کوئی ہسپتال/شفاخانہ ۔

pesticide, n. حشرات کُش دوا ؛ کیڑے مار دوا ؛ کوئی مواد، جیسے کوئی کیمیاوی زہر ، جسے خس و خاشاک ، حشرات ، کُترنے والے جانوروں یا دوسرے ضرر رساں پودوں یا جانوروں کو تباہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pesticidal, a. حشرات کُش ؛ وبا کُش ؛ کیڑے مار ۔

pestiferous, a. وبائی ؛ وبا آور؛ وبا خیز ؛ مُہلک ؛ مُضر ؛ اذیت رساں ، متعدی ؛ تکلیف دہ یا کسی اعتبار سے بُرا ۔ (بول چال) دِق

کرنے والا یا پریشان کُن ۔

pestiferously, adv. اذیت رساں طور پر ۔

pestiferousness, n. اذیت رسانی ۔

pestilence, n. مرض متعدی ؛ طاعون ؛ وبا ؛ کوئی متعدی مرض جو وبائی اور عموماً مہلک ہو گیا ہو ، بالخصوص گلٹی دار طاعون ۔ (مجازاً) کوئی چیز جو منحوس یا تباہ کُن ہو ۔

pestilent, a. وبائی ؛ ایذا رساں ؛ متعدی ؛ اخلاق یا معاشرے کے لیے نقصان دہ ؛ ضرر انگیز ؛ تکلیف دہ ۔

pestilently, adv. وبائی طور پر ؛ مہلک انداز سے ۔

pestilential, a. وبا خیز ؛ متعدی امراض پیدا کرنے والا یا اس کا میلان رکھنے والا ؛ متعدی یا مہلک مرض کی خاصیت والا ؛ تباہ کن ؛ تکلیف دہ ۔

pestilentially, adv. وبائی طور پر ؛ تباہ کن طریقے سے ۔

pestle, n. موسل ؛ مُوسلی ؛ کھٹکا ؛ عصا ؛ سونٹا ؛ دستہ ؛ مختلف اشیاء کو ہاون میں توڑنے ، پیسنے یا مِلانے کے لیے ایک اوزار ؛ کوٹنے/سِرادہ کرنے یا اسی قسم کے دوسرے کاموں کے لیےمیکانکی آلات میں سے کوئی آلہ ۔ (فعل متعدی و لازم) کوٹنا ؛ سفوف بنانا ، ہاون دستے سے ؛ موسل یا ہاون دستے سے کام لینا ۔

pet, n. پالتو جانور ، جسے رفاقت کے لیے رکھا جائے ؛ کوئی پسندیدہ بچّہ یا کوئی دوسرا لاڈلا یا مرغوب فرد ؛ کوئی چیز جسے چاہا جائے ۔ (صفت) وہ جسے پالتو جانور کی طرح حفاظت اور نگہداشت سے رکھا جائے ؛ مرغوب ؛ پسندیدہ(جیسے : a pet theory) ؛ ذاتی یا خصوصی (جیسے : a pet peeve) ۔ (فعل متعدی ولازم) پیار کرنا ؛ ناز برداری کرنا ؛ تھپتھپانا ؛ تھپکی دینا ۔ (بول چال) بوسہ دینا اور چمٹانا ؛ بوسہ دینا اور چمکارنا یا لپٹانا ؛ چھاتی سے لپٹنا (بے تکلفانہ انداز میں) ۔

petter, n. پیار کرنے والا شخص ؛ ناربردار یا تھپکی دینے والا شخص ۔

pet, n. تنک مزاجی کا ایک خفیف سا دورہ ۔ (فعل لازم) جھنجھلانا یا اُداس ہونا ؛ رُوٹھنا ۔

petal, n. (نباتیات) پھول کی پتی ؛ پنکھڑی ؛ پُھول کے اندرونی لفافے یا کاسۂ گل میں پتی جیسے منقسم حصّے ،جو اکثر رنگین اور بھڑک دارہوتے ہیں ؛ گُلبرگ ۔

petaled, petalled, a. پتیّوں والا یا پتیّوں کا ۔

petallike, a. پتّی نُما ؛ پتّی جیسا۔

petaloid, a. (نباتیات) پنکھڑی جیسا ؛ شکل و صورت اور تجسیم میں پنکھڑی کے مشابہ ؛ گلبرگ نما ۔

petalous, a. (نباتیات) پنکھڑیاں رکھنے والا ؛ پنکھڑیوں سے آراستہ ۔

petard, n. بارود سے بھری ہوئی پٹاری ؛ ایک دھاتی مخروط جس میں بارود بھر کر گزشتہ زمانے میں جنگ کے دوران کسی رکاوٹ یا پھاٹک کو اڑانے کے لیے استعمال کرتے تھے؛ بم کی ایک قسم ۔

petasus, petasos, n. ایک چوڑے چھجّے والا ٹوپ جسے قدیم یونان میں پہنا جاتا تھا ؛ مرکری دیوتا کی پہلو دار ٹوپی ۔

petcock, n. چھوٹی سی ڈاٹ یا ٹونٹی جسے کسی ڈرم سے پانی یا تیل نکالنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے یا کسی ٹنکی ، حرارت رُبا آلے یا اسی قسم کی کسی اور چیز سے ہوا کے زاید دباؤ کو خارج کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

petechia, n. (امراضیات) ددوڑا ؛ نمش ؛ ایک اودے مائل رنگ کا چھوٹا سا دھبّہ جو جلد پر یا بعض جھلیوں میں اخراج خون کی وجہ سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

petechial, a. دھبّہ دار جلد کا یا اس کے متعلق ؛ ددوڑے کا ۔

petechiate, a. جلد پر دھبے پیدا کرنے والا ؛ نَمش خیز۔

peter, v.i. (بول چال) بتدریج گھٹنا اور اس کے بعد غائب یا ختم ہو جانا (out کے لاحقے کے ساتھ) ؛ اختتام کو پہنچنا ۔

peter pan collar, n. (اکثر بڑے P سے) ایک گول ، چپٹا ، چُست کالر جسے عورتوں اور بچوں کے کپڑوں پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Peter's pence, peter pence, n. پطرس کا چندہ ؛ ایک رضاکارانہ چندہ جسے رومی‌کیتھولک مذہب کے پیرو پوپ کو سالانہ ادا کرتے ہیں ؛ پہلے زمانے کا ایک سالانہ ٹیکس/محصول یا خراج جس کے مطابق ہر انگریز مکان دارکو جس کے پاس ایک مقررہ قیمت کی زمین ہو ، روم میں پاپائی مرکز اقتدار کو ایک پینی ادا کرنا ہوتی تھی ۔

petiole, n. (نباتیات) پتّے کا ڈنٹھل ؛ وہ ڈنٹھل جو کتفِ برگ کو شاخ یا تنے سے ملاتا ہے ۔ (حیوانیات)سُکڑنے والا قطعہ یا ساقچے جیسی ساخت جو بعض حشرات میں سینے اور مثانے کے درمیان ہوتی ہے ، جیسے بھڑ/زنبور کی ۔

petiolar, petioled, a. ڈنٹھلی ؛ ڈنٹھل کا ۔

petiolate, petiolated, a. ڈنٹھل رکھنے والا ؛ ڈنٹھل دار ۔

petiolule, n. (نباتیات) کسی ایسی پتّی کی ڈنڈی جو کسی مرکب پتے کا ایک جزو ہوتی ہے ؛ ڈنٹھلی ؛ سویقہ ۔

petit, a. (قانون) چھوٹا ؛ خفیف؛ قلیل/نابالغ ۔

petite, a. چھوٹا یا ننّھا مُنّا ؛ چھوٹا یا چھوٹی مگر خوبصورت ، بالخصوص ایک عورت یا لڑکی ۔

petiteness, n. خوبصورتی ۔

petit four, n. چھوٹا آراستہ کیک جس پر شکر کی تہ جمی ہوئی ہو ۔

petition, n. عرضداشت ؛ کسی حاکم بالا کے نام باضابطہ تحریری درخواست یا استدعا جس میں کوئی رعایت ، امداد ، حق یا رحم طلب کیا گیا ہو ؛ کوئی التماس ، استدعا یا التجا کسی ایسی ہستی سے جو منصب یا اختیار/اقتدار میں بر تر ہو (کسی دیوتا سے یا خدا سے) ؛ کوئی چیز جس کے لیے درخواست کی گئی ہو یا جسے طلب کیا گیا ہو ۔ (قانون) کسی مخصوص قانونی چارہ جوئی پر عدالتی کارروائی کرنے کے لیے تحریری درخواست ؛ عرضی دعویٰ ۔ (فعل متعدی) کسی کو عرضداشت ، درخواست یا استدعا پیش کرنا ۔ (فعل لازم) کوئی عرضداشت تیار یا پیش ہونا ۔

petitionary, a. عرضداشت کے مشابہ یا اُس پر مشتمل ۔

petitioner, n. عرضداشت پیش کرنے والا شخص ؛ مدعی ؛ درخواست گزار ۔

petit jury, petty jury, n. (قانون) شہریوں کا ایک گروہ ، عموماً ۱۲ ، جنھیں عدالت میں دائر کسی دیوانی یا فوجداری مقدمہ کا

فیصلہ کرنے کے لیے ارکانِ جیوری کی فہرست میں شامل کیا گیا ہو ، وہ جیوری عظمیٰ سے مختلف ہوتا ہے ؛ عارضی جیوری ؛ تحقیقاتی جیوری ۔

petit mal, n. (امراضیات) صرع خفیف ؛ ہلکے قسم کی مرگی جس میں بے ہوشی کے دورے مختصر ہوتے ہیں اور عموماً تشنج کی صورتیں نہیں ہوتیں ، وہ صرع کبیر سے ممتاز ہوتی ہے ۔

petit point, n. گُل کاری ٹانکا ؛ چھوٹی گُل کاری کے ٹانکوں کی متعدد اقسام میں ایک ، جیسے خیمہ دوزی کا ٹانکا ، اس قسم کے ٹانکوں میں سوئی کا کام ہوتا ہے جو عموماً کینوس پر کیا جاتا ہے ۔

Petrarchan sonnet, n. پٹیرارکی سانیٹ ؛ ایک مخصوص چودہ مصرعوں والی نظم کی ایک صنف جو اٹلی میں شروع ہوئی اور جسے پیٹرارک نے پایۂ تکمیل کوپہنچایا ، اُس کی خصوصیات میں ایک آٹھ مصرعوں کی قافیہ بندی abbaabba، (اے بی بی اے اے بی بی اے) اور آخری بند کے چھ مصرعوں کی مختلف قافیہ بندی cdecde (سی ڈی ای سی ڈی ای) یا cdccdc (سی ڈی سی سی ڈی سی) ، آٹھ مصرعوں والے بند میں موضوع یا مسئلے کا بیان اورچھ مصرعوں کے آخری بند میں اُس کا تجزیہ یا حل ، اُسے اطالوی سانیٹ کہتے ہیں ۔

petrel, storm petrel, n. (طیوریات) بطریل ؛ جل تر ؛ طوفانی پرندہ ؛ ایک چھوٹا سا کالے رنگ کا بحری پرندہ جس کے آخری حصے پر سفید دھبے ہوتے ہیں اور جو بعض اوقات سمندر میں بہت باہر کی طرف پایا جاتا ہے ، بالخصوص اُس کی دوانواع : مشرقی شمالی اوقیانوس کی لیچ کی بطریل اور ولسن کی بطریل ، مؤخر الذکر پرندہ بحری جہازوں کے پیچھے پیچھے اُڑتا ہے ۔ (بعض اوقات بڑی P سے)

petri dish, n. بطری قاب ؛ صخری قاب ؛ ایک گول اُتھلا شیشے کا برتن ، ڈھکن کے ساتھ ، جسے جراثیم کی افزایش کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

petrifaction, petrification, n. حجریت ؛ تحجُر ؛ پتھر بننے کا عمل یا طریق تحجُر ؛ صخر کاری ؛ متحجّر ہونے کی حالت ؛ کوئی چیز جو پتھر بن گئی ہو ؛ پتھر کاری ۔

petrifactive, a. متحجّر کُن ؛ تحجّری ؛ صخراوی ؛ پتھر کار ۔

petrify, v.t. متحجّر کر دینا ؛ صخر کاری کرنا ؛ پتھر یا پتھریلے مادے میں تبدیل کرنا (اندرونی نفوذ اور معدنی مادے کے رسوب کے ذریعے) ؛ رکاز میں تبدیل کر دینا ؛ سنگ دل یا ضدی بنا دینا ؛ خوف یا حیرت سے مفلوج یا مخبوط کر دینا ۔ (فعل لازم) پتھر یا پتھر کی طرح سخت ہونا ؛ خوف سے مفلوج ہو جانا ۔

petrochemistry, n. پٹرو کیمیا ؛ بطروکیمیا ؛ کیمیا کی وہ شاخ جس کا تعلق پٹرولیم یا قدرتی گیس سے اخذ کیے ہوئے کیمیاوی مصنوعات سے ہوتا ہے ۔

petroglyph, n. نقش حجر ؛ سنگی نقش ؛ پتھری نقّاشی ؛ پتھر پر کندہ کی ہوئی تصویر ، بالخصوص ماقبل تاریخ سنگ تراشی ؛ نقش صخر ۔

petrography, n. صخریات ؛ چٹانوں کی سائنسی تقسیم بندی اوران کا تشریحی بیان ، حجریات کی شاخوں میں سے ایک ؛ صخور نگاری ۔

petrol, n. (برطانوی) پٹرول برائے گیسولین (امریکی) ۔

petrolatum, petroleum jelly, n. ویزلین ؛ ایک مُصفًا ، نیم ٹھوس ، چکنا مادّہ جسے پٹرولیم سے حاصل کیا جاتا ہے اور طبّی طور پر زخموں کی مرہم پٹی اور بھک سے اڑنے والے مادّوں میں برائے استحکام اور زنگ سے محفوظ رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

petroleum, n. پٹرولیم ؛ پتھر کا تیل ؛ مٹی کا تیل ؛ ایک روغنی ، دُھندلے رنگ کا ، آتش گیر سیّال جو بٹومن کی ایک شکل یا مختلف ہائیڈرو کاربنوں کا ایک آمیزہ ہوتا ہے وہ قدرتی طور پر دنیا کے مختلف حصوں میں بالائی تہ میں واقع ہوتا ہے اور عام طور پر برمے کے ذریعے زمین میں سوراخ کرکے نکالا جاتا ہے : وہ اپنی قدرتی حالت میں یا کیمیاوی عمل کے بعد بطور ایندھن یا عرق کشی کے ذریعے گیسولین یعنی پٹرول ، بٹومن ، بینزین ، مٹّی کا تیل اور پرافین میں جدا جدا کرکے استعمال میں لایا جاتا ہے ۔

petrology, n. صخرہ دانی ؛ صخریات ؛ ارضیات کی ایک شاخ جو چٹانوں کی ترکیب ، ساخت اور تاریخ کا تعین کرتی ہے ۔

petrological, a. صخریاتی ۔

petrologically, adv. ازروئے صخریات ۔

petrologist, n. ماہر صخریات ۔

petronel, n. ایک قسم کی کاربین یا بڑا پستول جو پندرھویں صدی میں استعمال ہوتا تھا ۔

petroprotein, n. پٹروپروٹین ؛ بطری لحمیہ ؛ انسان کا بنایا ہوا خوردنی لحمیہ جو جراثیم کو پٹرولیم سے نکالی ہوئی پیرافین کھلا کر حاصل کیا جاتا ہے ۔

petrosal, a. (تشریح الاعضا) صخری ؛ جُز عَظم صُدغی ؛ عظمِ حجری ؛ صُدغی ہڈی کے سخت حصے یا کسی ہم ترکیب ہڈی کے متعلق ۔

petrous, petrosal, a. عظم حجریہ ؛ پتھر کی طرح ، سخت ، سنگی ۔ (تشریح الاعضا) صُدغی ہڈی کے سخت حصے سے متعلق جس میں سماعت کے اندرونی اعضا واقع ہوتے ہیں ۔

petticoat, n. زیر لہنگا ؛ پیٹی کوٹ ؛ ایک زیر جامہ جسے عورتیں اور بچّے پہنتے ہیں ؛ کوئی بھی ایسا حصہ یا غلاف ۔ (برق) کوئی حاجزی حصہ جو زیر جامے کے مشابہ ہو ۔ (صفت) مونث یا زنانہ (جیسے : a kind of petticoat council) ۔

pettifog, v.i. چھوٹی چھوٹی سی باتوں پر جھگڑالو یا استدلالی ہونا ؛ قانون کا پیشہ دغا بازی کے انداز میں انجام دینا ؛ اصل بحث سے گریز کرنا ۔

pettifogger, n. غیر ضروری باتوں پر زور دینے والا ؛ دغا بازی سے قانون کا پیشہ انجام دینے والا

pettish, a. چڑچڑا ؛ ہٹیلا ؛ جَھلّا ؛ تُند مزاج ؛ بددماغ ؛ زود رنج ؛ ایسا تُنک مزاج کہ اُس کے متعلق پہلے سے کوئی پیش گوئی نہ کی جا سکے ؛ بد مزاج ؛ بد خو ؛ نک چڑھا ؛ جھکّی ۔

pettitoes, n., سور کے پائے ؛ کسی سور کے پائے بطور غذا ؛ انسانی پاؤں یا انگوٹھوں کے لیے ایک مزاحیہ اصطلاح ، بالخصوص بچّے کے ۔

petty, a. تھوڑا ؛ ذرا سا ؛ خفیف ؛ قلیل ؛ معمولی ، جس کی کوئی اہمیت نہ ہو ؛ جو ایک تنگ میدان عمل یا مطمح نظر رکھنے والا ہو یا دیکھنے میں ایسا ہو ؛ ادنیٰ ذہنیت کا مالک ؛ چھوٹی

چھوٹی چیزوں پرحاسد ؛ ثانوی درجے یا عہدے کا ؛ حقیر ؛ ناقابلِ توجُّہ ؛ کم مایہ ؛ کم ظرف ۔

pettily, adv. کم مائیگی سے ؛ کم ظرفی سے ۔

pettiness, n. سُبکی ؛ کمینہ پن ؛ کم مائیگی ۔

petty cash, n. (کاروبار) قلیل زر نقد ؛ روپیہ پیسہ جو معمولی اخراجات کے لیے اپنی تحویل میں رکھا جائے ۔

petty larceny, petit larceny, n. (قانون) خفیف سرقہ ؛ چھوٹی چوری ؛ ایسے مال و اسباب کی چوری جس کی قیمت ایک مخصوص رقم سے کم ہو ۔ بمقابلہ : grand larceny ۔

petty officer, n. (بحریہ) پیٹی افسر ؛ ایک درجِ فہرست شخص جس کا رتبہ وہی ہوتا ہے جو برّی فوج میں ایک غیر کمیشن افسر کا ہوتا ہے ۔

petulance, petulancy, n. جھک ؛ جَھلاپن ؛ بدمزاجی ؛ بددماغی ؛ تنک مزاجی ؛ جھنجھلاہٹ؛ شوخی ، تندمزاج ہونے کی کیفیت یا حالت ؛ چڑچڑا پن ۔

petulant, a. بد خُو ؛ جَھکی ؛ گستاخ ؛ بددماغ ؛ تنک مزاج ؛ تند مزاجی یا بے صبری ظاہر کرنے والا ، بالخصوص کسی معمولی سی بات پر ؛ چڑ چڑا ۔

petulantly, adv. چڑچڑے پن سے ؛ جھکی پن سے ؛ گستاخانہ وغیرہ ۔

petunia, n. (نباتیات) پٹونیا ؛ گل اطلس ؛ دُنیا کے تمام معتدل خِطّوں میں مَکو کے خاندان کا ایک فصلی مقبول عام پودا جو بکثرت پھول دیتا ہے ، یہ پھول قیف نما ہوتے ہیں اور اُن کے رنگ گونا گوں ہوتے ہیں ؛ ایک سُرخی مائل اودا رنگ ؛ گہرا بنفشئ رنگ ؛ ارغوانی رنگ ۔

pew, n. مسیحی عبادت گزاروں کے استعمال کے لیے گِرجا میں نصب بینچ نما نشتوں میں سے کوئی ایک ؛ گرجا میں ایک احاطہ بند خلوت خانہ جس میں کسی خاندان کے یا کسی اور گروہ کے استعمال کے لیے نشستیں لگی ہوئی ہوں ۔

pewee, peewee, wood pewee, n. (طیوریات) پی وی ؛ پیوی (چڑیا) گوریّا کے سائز کی مکّھی مار چڑیا جو شمالی امریکا میں ہوتی ہے اورجس کی پُشت کا رنگ زیتونی بھورا ہوتا ہے ، اندرونی حصے سفیدی مائل ہوتے ہیں اور نمایاں سفید بازو پٹیاں ہوتی ہیں، وہ ایک غمگین نغمہ گاتی ہے ، یہ آواز اس کے نام سے مشابہ ہوتی ہے ۔

pewit, peewit, n. جھیل یا سمندر کا کوّا ؛ نبّاح ، بُد بُد (Vanellua cristatus) ؛ یورپ کا سیاہ سر والا چہا (Larus ridibundus) ؛ قوئیے ؛ پیوی ۔

pewter, n. جَستی برتن ؛ جَست ؛ بھرت کی متعدد اقسام میں سے کوئی ایک جس میں قلعی جُزوِ اعظم ہوتی ہے . عموماً قلعی اور سیسے کا مرکب ؛ ایک ظرف یا برتن جو اس قسم کے بھرت سے بنائے جائیں اور میز پر لگانے کے سامان کے طور پر استعمال ہوں ؛ اس قسم کے برتن بحیثیت مجموعی ۔ (صفت) جست کے برتنوں پر مشتمل یا جست سے بنا ہوا ۔

peyote, mescal, peyotl, n. ناگ پھنی ؛ بھٹ کُٹیا ؛ ایک کیکٹس (Laphophora williamsii) جسے میکسیکو اور جنوب مغربی امریکا کے انڈین صدیوں تک اس کے وہم زا اثرات کی وجہ سے استعمال کرتے رہے ؛ اِس کیکٹس سے جدا کیے ہوئے متعدد القلائڈوں میں سے کوئی ایک ، بالخصوص میسی لین خواب نما نشہ آور اثرات پیدا کرتا ہے جن کے باعث نہایت واضح طور پر متغیّر اشکال نظر آتی ہیں ۔

phaeton, n. فِٹَن ؛ ایک کھلی ہوئی چار پہیّوں کی گاڑی (بگھی) جسے عموماً دو گھوڑے کھینچتے تھے ؛ مابعد ایک سیاحتی کار ۔

phagocyte, n. (فعلیات) اکّالہ ؛ اکّال خلیہ ؛ ایک سفید دانۂ خون جو خون کے اندر مضرت رساں جراثیم ، خارجی مواد اور غیر متحرک خلیوں کو تباہ اور جذب کرتا ہے ۔

phagocytic, a. اکّال خلّیاتی ۔

phagocytosis, n. (فعلیات) اَکّال خلیے کے ذریعے جراثیم وغیرہ کا جذب اور اُن کی تباہی ؛ تعامل اکال خلیہ ۔

phagosome, n. اکالیّہ ؛ کسی خلیے کے اندر کا آبلہ جو امیبائی خلیوں کے مقبوضہ مادے کا حامل ہو ۔

phalange, n. (تشریح الاعضا) (حیوانیات) سلمیہ ؛ سلامی پَور ۔

phalangeal, a. سلمیہ یا سلمیات سے متعلق ؛ سلامیائی ۔

phalanger, cuscus, n. (حیوانیات) فیلنجر شبینہ ،شجریہ ، کیسہ دار جانور جو آسٹریلیا اور نیوگنی کا مقامی ہے ، اُس کی کھال پر گنجان اونی پشمینہ ہوتا ہے اور جزواً عریاں لپٹنے والی دم ہوتی ہے ۔

phalanstery, n. فورئر کے مجوزہ اشتراکی نظام میں وہ عمارت یا عمارتیں جو ایک منظم اشتراکی جماعت کے قبضہ میں ہوں ؛ خود وہ جماعت ؛ اشخاص کی ایسی ہی کوئی اور جمعیت یا اُس کی مقبوضہ عمارت یا عمارتیں ۔

phalanx, n. پرا ؛ دستہ ؛ صف ؛ قطار ؛ غول ؛ قدیم یونان میں بھاری اسلحہ سے مسلح پیادہ فوج ، عام سپاہیوں کی ٹھوس اور گہری صفوں میں منظم ، بندھی ہوئی ڈھالوں اور ایک دوسرے کو ڈھانکتے ہوئے لمبے بھالوں کے ساتھ ؛ فوجی سپاہیوں کی کوئی جماعت جو ٹھوس انداز میں صف آرا ہو ؛ اشخاص ، جانوروں یا اشیا کی ایک ٹھوس قریب قریب جمع کی ہوئی ہیئت مجموعی ۔ (مجازاً) اشخاص کی ایک تعدار جو متحد یا آپس میں گروہ بند ہو ، جیسے کسی مشترک مقصد کے لیے ؛ فورئر کے پیرو کاروں میں اشخاص کا ایک گروہ جو اپنی جائیداد مشترک رکھتا ہو ۔ (تشریح الاعضا ، حیوانیات) ہاتھ یا پاؤں کی انگشتی ہڈیوں میں سے کوئی ایک ۔(نباتیات) زرریشوں کا ایک گٹّھا جو اپنے ریشوں سے جُڑا ہوا ہو ۔

phalarope, n. (طیوریات) چہے؛ جھلّی پا (Phalaropodidae) خاندان کے ٹٹیری نما پرندوں کی مختلف متعدد انواع میں سے کوئی ایک ، یہ پرندے آسانی سے پایاب پانی میں چلتے یا تیرتے ہیں ۔

phallic, a. لِنگی ؛ مرد کے آلۂ تناسُل کا یا اُس سے متعلق ۔

phallicism, phallism, n. لِنگ پوجا ؛ تخلیقی قوت کی علامت ہونے کی حیثیت سے لِنگ/آلۂ تناسُل کی پُوجا ۔

phallus, n. لِنگ ؛ ذَکر؛ آلۂ تناسل ، مرد کے عضو تناسل کی صورت جسے بعض قدیم مذہبی سلسلوں میں فطرت کی تخلیقی قُوّت کی علامت سمجھا جاتا تھا،بالخصوص وہ جسے دیوتا

دیوناسس یا باخوس کے قدیم قبیلوں میں جلوس کی صورت میں لے جایا جاتا تھا۔ (تشریح الاعضا) مرد کاآلۂ تناسل؛ (عورت کا) ٹنا۔

phanerogam, n. (نباتیات) تخمی پودا؛ گل دار نبات؛ پودوں کی ایک زیادہ پُرانی درجہ بندی میں ایک تخمی یا تخم بردار پودا؛ گمزاد پودے کے برعکس۔

phanerogamic, phanerogamous, a. گُل دار؛ تخم بردار۔

phantasm, fantasm, phantasma, n. خواب و خیال، تصور؛ واہمہ، خوش خیالی یا تخیل کی ایک تخلیق؛ پیکرخیالی؛ بھوت پریت یا ظہور؛ فریب خیال؛ فریب نظر؛ کسی چیز کی ایک پُرفریب مشابہت۔ (فلسفہ) کسی خارجی شے کی کوئی خیالی مُورت/تمثال۔

phantasmal, a. وہمی؛ خیالی۔

phantasmic, a. خیالی صورت کا یا اس سے متعلق۔

phantasma, n. دیکھیے: Phantasm۔

phantasmagoria, phantasmagory, n. تخلیقات واہمہ؛ سرابِ خیال؛ فریب ہائے نظر؛ دھوکے کی اشکال کا ایک سلسلۂ متغیر، جیسے خواب کی باتیں یا تخیل کی مخلوق؛ بہت سے عناصر پر مشتمل ایک تغیر پذیر منظر؛ بصری فریب کاریوں کی ایک نمایش جس میں کسی پیکر کے سائز کا بڑھنا یا کم ہونا یا تحلیل ہو جانا یا ایک دوسرے میں سے گزر جانا دکھائی دیتا ہے۔

phantasmagorial, phantasmagoric, a. خیالی صورتوں کے مظاہر کے متعلق۔

phantasmagorist, n. خیالی صورتوں میں گم شخص۔

phantasy, fantasy, n. سراب خیال، واہمہ، واہمی شبیہہ۔

phantastic, phantastical, a. واہمے کا یا اس سے متعلق۔

phantom, fantom, n. بھوت؛ پریت؛ سایہ؛ توہم؛ ظہور؛ بغیر کسی مادی حقیقت کے ایک رویت یا پیکر خیالی/آسیب؛ کوئی چیز یا شخص جو ایک ظہور یا نمایش کے سوا کچھ اور نہیں ہوتا یا محض مُشابہت ہوتا ہے؛ ایک پیکر خیالی جو صرف خواب میں ظاہر ہوتا ہے یا ذہن میں تشکیل پاتا ہے؛ وہمی صورت؛ وہمی۔ (صفت) نظر فریبانہ؛ آسیبی؛ خیالی صورت کا؛ ارواحی۔

pharaoh, n. (اکثر بڑے P سے) فرعون۔ (جمع) فراعنہ؛ قدیم مصری بادشاہوں کا ایک لقب۔

pharaonic, pharaonical, a. فرعونی؛ فرعون کے متعلق۔

pharaoh ant, n. فرعون چیونٹی، ایک سرخ چیونٹی (Monomorium pharaonis)، جو اکثر گھروں میں پائی جاتی ہے۔

pharisaic, pharisaical, a. منافق؛ فریسی؛ ریاکار؛ مذہب کی روح کا لحاظ کیے بغیر صرف اس کی رسمی پابندیوں پر یا خارجی اخلاقیات کی نمایش پر زور دینے والا اور اس بنا پر اپنی برتری کا زعم کرنے والا۔ (بڑے P سے) فریسیوں/منافقوں کا یا ان کے متعلق؛ منافقانہ؛ ریاکارانہ۔

pharisaically, adv. منافقت سے؛ ریاکارانہ طور پر۔

pharisaicalness, n. ریاکاری؛ ظاہر پرستی؛ منافقت؛ فریسیت۔

pharisaism, phariseeism, n. ظاہر داری؛ ریاکاری؛ منافقت؛ فریسیت؛ فریسیوں کے اعتقادات اور اُن کا طرزِ عمل؛ بغیر اصلی تقویٰ کے مذہب کی خارجی رسومات و اشکال کی سختی کے ساتھ پابندی؛ مذہب میں منافقت۔

Pharisee, n. فریسی؛ ایک قدیم یہودی فرقے کا کوئی فرد جو تحریری اور زبانی قانون کی باضابطہ ترجمانی اور ان کی سختی سے تعمیل کرنے کے لیے اپنے تقدُّس کے دعوؤں کے لیے ممتاز تھا؛ ریاکار شخص؛ ظاہر پرست شخص۔ (چھوٹے p سے) فریسیانہ شخصیت کا مالک؛ خودپسند یا منافق شخص۔

pharmaceutical, pharmaceutic, a. علمِ ادویہ یا اس کے فن سے متعلق۔ (اسم) دوا یا جڑی بوٹی سے تیار کردہ کوئی مفرد دوا۔

pharmaceutically, adv. علمِ ادویہ کے طور پر؛ دواسازی کے لیے۔

pharmaceutics, n. علمِ ادویہ یا عطّاری؛ دواشناسی؛ دوائیں تیار کرنے کا علم؛ فارمیسی؛ دواسازی۔

pharmacist, pharmaceutist, n. ماہر دوا سازی؛ دواساز؛ عطّار؛ دواشناس؛ جو شخص دوا سازی کا ماہر ہو یا دواسازی کے پیشے کا کام کرتا ہے؛ تاجر دوا۔

pharmacodynamics, n. حرکیات ادویہ؛ افعال ادویہ؛ علم ادویہ کی ایک شاخ جس کا تعلق ادویہ کے عمل اور جسم پر اُس کے اثرات سے ہے۔

pharmacodynamic, a. افعال ادویہ کا یا ان سے متعلق۔

pharmacodynamically, adv. افعال ادویہ کے طور پر۔

pharmacognosy, n. علمِ خواص الادویہ؛ علم ادویہ کی وہ شاخ جو قدرتی اور غیر تیار شدہ ادویہ کے ماخذوں، خُصوصیات اور ممکنہ استعمالات کے متعلق بحث کرتی ہے۔

pharmacognostic, a. علمِ خواص الادویہ کا یا اس سے متعلق۔

pharmacology, n. دوا شناسی؛ دواسازی؛ جڑی بوٹیوں کی سائنس کا یا نباتی ادویہ کا علم یا ادویہ تیار کرنے کا فن؛ اصول دوا سازی۔

pharmacologic, pharmacological, a. دواسازی کا یا اس سے متعلق۔

pharmacologically, adv. دوا سازی کے طور پر۔

pharmacologist, n. ماہر دواسازی؛ ماہرِ عطّاری۔

pharmacopoeia, n. قرابادین؛ کتاب الادویہ؛ مخزنُ الادویہ؛ دوائیں تیار کرنے کے لیے ہدایات اور ضروریات پر مشتمل ایک کتاب جسے کوئی صاحب استناد شائع کرتا ہے؛ جڑی بوٹیوں/ادویہ کا کوئی ذخیرہ یا گودام۔

pharmacopoeial, pharmacopoeic, a. کتاب الادویہ کے متعلق؛ قرابادینی۔

pharmacy, n. دواسازی؛ دواشناسی؛ دواخانہ؛ فارمیسی؛ دوائیں تیار کرنے اور ان کے مرکبات بنانے اور پیشہ ور ڈاکٹروں کے نُسخوں کے مطابق انھیں تقسیم کرنے کا فن؛ وہ جگہ جہاں ادویہ ترکیب دی جاتی ہیں یا تقسیم کی جاتی ہیں؛ دار الادویہ؛ ڈرگ اسٹور/دواؤں کی بڑی دوکان۔

pharos, n. (بڑے P سے) روشنی کا مینار؛ روشنی کا ایک مینار جو قدیم زمانوں میں بندرگاہ اسکندریہ کے دروازے پر فیروس کے جزیرے میں بنایا گیا تھا؛ روشنی کا کوئی بھی مینار جو بحری جہازرانوں کی رہنمائی کرتا ہو؛ خبردار کرنے والی اور رہنمائی کرنے والی کوئی بھی روشنی جو ساحل سمندر پر ہو۔

pharyngeal, pharyngal, a. حلقی؛ حلق کا، اُس سے متعلق یا اُس میں پیدا ہونے والا۔

pharyngitis, n. (امراضیات) حلق کی سوزش؛ ورمِ حلق۔

pharyngology, n. (طِب) حلقومیات ؛ حلق اور اِس کی بیماریوں سے متعلق علم ؛ بلعومیات ۔

pharynx, n. (تشریح الاعضا) عضلاتی نالی جو مُنھ کے جوف اور غذا کی نالی کو جوڑتی ہے ؛ بلعوم ؛ حلقوم ۔

phase, n. ہیئت ؛ مرحلہ ؛ دور ؛ اُن اشکال کی یا پہلوؤں میں سے کوئی ایک جن میں کوئی بدلتی ہوئی حالتوں یا طریقوں والی چیز اپنے آپ کو آنکھ یا دماغ کے سامنے ظاہر کرتی ہے ؛ تغیر یا ترقی کا کوئی ایک مرحلہ ؛ صورت یا منظر ؛ نمایش ؛ دکھاوا ؛ گت ۔ (فلکیات) رویت ؛ کسی مقررہ وقت میں کسی سیارے یا چاند کی پیش کردہ کوئی مخصوص شکل ، بالخصوص چاند یا کسی سیارے کے اُن متواتر ظہوروں یا حالتوں میں سے کوئی ایک جو ان کے مُنّور قرص کی شکل یا اُس کی عدم موجودگی سے متعلق ہوں ۔ (حیاتیات) تخفیفی انقسام یا خیطیت میں ایک نمایاں مرحلہ (جیسے : prophase) ۔ (کیمیا) کسی غیر ہم جنس نظام کا کوئی ہم جنس حصہ ، جسے میکانی طور پر دوسرے حصوں سے الگ کیا جاسکتا ہو ، جیسے پانی کی گیسی ، مائعی اور ٹھوس صورتیں ۔ (طبیعیات) دوری تغیرات کے ایک چکر میں ارتقا کا ایک مخصوص مرحلہ یا نقطہ ؛ کسی ایسے چکر کا کسری حصہ جو اس مقررہ وقت میں مکمل ہوا ہو اور جس کی پیمایش ایک فرضی نقطۂ آغاز سے کی گئی ہو ۔

phasic, a. ہیئتی ؛ تشکلّی ۔

phase, v.t. اُسی مرحلے میں رکھنا ؛ ہم وقت کرنا ؛ مرحلہ وار چلانا ، جیسے ایک منصوبے کو ؛ پیداواری کارروائیوں کا نظام الاوقات اس طرح ترتیب دینا کہ مال حسبِ ضرورت دستیاب ہو سکے ۔

phase in, بتدریج یا مرحلہ وار متعارف کرنا یا استعمال میں لانا ۔

phase out, استعمال سے بتدریج واپس لینا۔

phase microscope, n. ایک خوردبین جو کسی شے سے منعکس یا اُس میں سے گزری ہوئی روشنی کی شعاعوں کے اشکالی/ہیئتی اختلافات کو شدت کے اختلافات میں بدل دیتی ہے اور اِس طرح ایک ایسا عکس پیدا کرتی ہے جس میں تفصیلات نمایاں ہوتی ہیں ، باوجود اس کے کہ ان کے انعطاف نما بہت قریب قریب ہوتے ہیں۔ نیز : phasecontrast microscope ۔

phase modulation, n. (برقیات) ریڈیائی ترسیل میں ہیئت کی تبدیلی سے، حامل/بُرندہ موج کی تلحین ؛ ہیئتی تلحین۔

pheasant, n. تیتر ؛ دُرّاج ؛ متعدد اقسام کے بڑے ، لمبی دُم والے Phasianus نوع کے دُجاجی (مرغ نما) پرندے جو ابتداً ایشیا میں پائے جاتے تھے ، بالخصوص پٹے دار چکور ، جس کا شکار کیا جاتا ہے ، یہ یورپ اور امریکا میں بھی ملتا ہے۔

phellem, n. (نباتیات) فیلم ؛ کارک کے ریشوں کی ایک تہ جو کارک کے فارقہ یا کارک زا میں تشکیل پاتی ہے اور ڈنٹھلوں اور جڑوں میں پائی جاتی ہے۔ دیکھیے : Cork ۔

phelloderm, n. (نباتیات) قشرکاک ؛ ڈنٹھلوں اور جڑوں میں ایک ثانوی قسم کا ریشہ جو فارقہ یا کاک زا کی اندرونی سطح میں بنتا ہے اور اپنے ابتدائی مراحل میں اکثر سبزمایوں پر مشتمل ہوتا ہے ۔

phellodermal, a. قشرکاک کا یا اس سے متعلق ۔

phellogen, cork cambium, n. (نباتیات) کاک زا ؛ فارقہ ؛ ریشے کی تہ یا ثانوی منقسمہ خلیوں کی ایک تہ جو اصلی فارقہ سے باہر ہے اور فیلم کو باہر کی طرف پیدا کرتی ہے اور فیلو ڈرم کو اندر کی طرف ۔

phellogenetic, phellogenic, a. کاک زاتی کا یا اس سے متعلق ۔

phenacaine, n. (کیمیا) فیناکین ؛ ایک قلمی مرکّب جِسے اس کی ہائیڈروکلا ریڈی شکل میں مقامی مخدّر کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ، بالخصوص آنکھوں کے لیے ۔

phenacetin, acetophenetidin, n. (کیمیا) فیناسٹین ؛ کولتاری اصل کا ایک مرکبِ جسے اعصابی دردِ سر ، ریحی درد یا بخار کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

phenacite, phenakite, n. (معدنیات) زجاجی ؛ معدنی ؛ پیریلیم سِلی کیٹ جس کی قلمیں بعض اوقات جواہرات کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں ۔

phenanthrene, n. (کیمیا) ایک قلمی ، پانی میں ناقابلِ حل ، کولتار سے ماخوذ ، انتھراسین کا ہم ترکیب جو رنگوں اور جڑی بوٹیوں کی صنعت میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

phenazine, n. (کیمیا) فینازین ؛ ایک زردی مائل قلمی نامیاتی مرکب جس سے بعض اہم رنگ بنائے جاتے ہیں ۔

phenetole, n. (کیمیا) فینی ٹول ؛ فینائل کا ایتھائل ایتھر ؛ ایک بے رنگ ، اڑنے والا ، خوشبودار سیّال ۔

phenobarbital, n. (کیمیا) فینو باربیٹال ؛ ایک قلمی باربیٹوریٹ/ ملیح حامض ، عموماً سفید سفوف کی شکل میں ہوتا ہے اور خواب آور یامسکّن کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

phenocopy, n. (جینیات) ماحول کے زیر اثر کسی عضویہ کی کوئی غیر موروثی ترمیم جو موروثی طور پر پیدا ہونے والے انحراف سے مشابہ ہو ۔

phenocryst, n. (ارضیات) بڑی قلمیں ؛ کسی سماقی چٹان میں نمایاں قلمیں ۔

phenol, n. (کیمیا) فینول ؛ فنیل ؛ کاربالک ایسڈ جو کولتار سے ماخوذ یا بینزین کے ہائیڈروآکسائل سے مشتق ہے؛ بینزین کا کوئی مماثل ہائیڈرو آکسائل مشتق ۔

phenolic, a. فینول کا یا اس سے متعلق ۔

phenolate, n. (کیمیا) فینولیٹ ؛ فینول کا ایک نمک ۔ نیز : phenoxide ۔ (فعل لازم) فینول کا نمک بنانا ۔

phenolic resin, n. (کیمیا)فینولی رال ؛ فینائل اور ایلڈی ہائیڈ سے ماخوذ رال جسے پلاسٹک ، رنگ و روغن یا چسپاندوں کی مصنوعات بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

phenology, n. عِلمُ المظاہر ؛ مظہریات ؛ پودے اور جانور کے مظاہر کے سالانہ تواتر پر موسمی یا ماحولی اثرات کا سائنسی مطالعہ ۔

phenolphthalein, n. فینول تھلین ؛ ایک سفید قلمی مرکب جو فینائل اور تھیلک نابیدہ کے تعامل سے بنتا ہے اور طبّی طور پر استعمال کیا جاتا ہے ، اس سے القلی یا تیزابوں کی موجودگی بھی ظاہر کرتے ہیں : القلی کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے اور تیزاب بے رنگ ہو جاتے ہیں ۔

phenol red, n. فینول سُرخ ؛ ایک سرخ قلمی تیزاب ،

اساس کو ظاہر کرنے والا ، جسے طِبّی تجزیہ میں بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔

phenomenal, a. مظہری ؛ مُدرَک بالحواس ؛ عجیب ؛ حیرت انگیز مظاہری ؛ مظاہرِ قدرت سے مربوط ، ان کے متعلق یا ان پر مشتمل ؛ اس قدر حیرت انگیز یا غیر معمولی کہ توجّہ کو اپنی گرفت میں لے لے ؛ حیران کن ۔ (فلسفہ) حواس کے ذریعہ قابل ادراک ۔

phenomenally, adv. مظاہری طور پر۔

phenomenalism, n. مظاہریت ؛ مظہریت ؛ فلسفے کا ایک نظریہ جو مظاہر کی دنیا سے ماوریٰ کسی حقیقت کے وجود کا انکار تو نہیں کرتا مگر اُس کے قابل علم ہونے کا انکار کرتا ہے اور اِس طرح علم کے احاطہ کو حیثیت اور مظاہر کے ممکنہ معروضات میں محدود کر دیتا ہے جو خود نگری کے معروضات ہیں ۔

phenomenalist, n. قائل مظہریت ۔

phenomenalistic, a. مظہریت کی خاصیت کا حامل ۔

phenomenalistically, adv. مظہری طور پر ۔

phenomenology, n. مظہریات ؛ مظاہر کا عِلم جو وجودیات سے مختلف ہے ؛ جرمن فلسفی ایڈمنڈ ہسرل کے نظریے کے مطابق شعور سے آزاد اور وجود کے دعوے کو معطل رکھتے ہوئے شعور کی سائنسی صراحت اوراس کے ارادی مقاصد کا بیان ۔

phenomenon, n. مظہر ؛ اعجوبہ صورت ؛ نادرُ الظہور ؛ حادثۂ طبعی ؛ ایک نظر آنے والا مظاہرہ یا اظہار ۔ (فلسفہ) عمانوایل کانٹ کے فلسفہ میں ہمارے مشاہدے کو پیش کیا جانے والا کوئی معروض یا وقوعہ ، خواہ وہ خارجی دنیا میں ہو یا انسانی ذہن میں ، اِس معروض یا وقوعہ کے مقابل جیسا وہ خود اپنی ذات میں ہو یعنی واقعہ جیسا کہ ہم دیکھتے ہیں ناکہ جیسا وہ ہو ؛ ایک شکل جو مادے پر مختلف قوتوں کے عمل سے پیدا ہوئی ہو ؛ وہ جو ہمیں عجیب اور انوکھا نظر آتا ہو ؛ کوئی غیر معمولی چیز ؛ کوئی انتہائی ممتاز چیز یا شخصیت ۔

phenotype, n. (جینیات) شکلی نوع ،کسی عضویہ /نامیہ کی مرئ ترکیب ؛ کسی عضویہ/نامیہ کی ظاہری خصوصیات جو نسلی نوع اور ماحول کے بیک وقت اثر کا نتیجہ ہوتی ہیں ؛ عضویات کا ایک گروہ جو یکساں شکلی نوع کی خصوصیات ظاہر کرتا ہے ؛ نسلی نوع سے ممیّز۔

phenotypic, phenotypical, a. شکلی نوع کے بارے میں ۔

phenotypically, adv. شکلی نوع کے انداز میں ۔

phenoxide, n. دیکھیے: phenolate ۔

phenyl, n. (کیمیا) فینائل ؛ ایک یک گرفتہ اصلیہ جو بینزین ، فینول اور بعض دیگر مرکبات میں موجود ہوتا ہے ۔

phenylic, a. فینائلی ۔

phenylene, n. (کیمیا) فینائلین ؛ ایک دو گرفتہ نامیاتی اصلیہ جسے ایسی بینزین سمجھا جا سکتا ہے جس کے دو ہائیڈروجن ایٹم نکال دیے گئے ہوں ۔

pheromone, n. فیرومون؛ کسی جانور کا مادہ جو وہ دوسرے ہم نوع جانوروں میں ردعمل (خصوصاً جنسی تعامل) پیدا کرنے کے لیے خارج کرتا ہے ۔

phi, n. یونانی حروف تہجی کا اکیسواں حرف ، جو انگریزی کے ph اور f کے مطابق ہوتا ہے ۔

phial, n. دیکھیے : vial ۔

Phi Beta Kappa, n. فائی بیٹا کاپا ؛ ایک اعزازی مجلس جو ریاستہائے متحدہ امریکا میں قائم کی گئی ہے ، جس کے ارکان یونیورسٹی یا کالج کے اُن انڈر گریجوایٹ طلبہ میں سے لیے جاتے ہیں جو علمی امتیاز حاصل کر چکے ہوں ؛ وہ جسے اس مجلس کی رکنیت حاصل ہو ۔

Philadelphia lawyer, n. زیرک وکیل ؛ نکتہ رس وکیل؛ ایک ہوشیار ، تیز وکیل جو قانونی فنیات اور طرز بیان کے باریک نکات کا ماہرانہ فہم رکھتا ہو ۔

pheladelphus, n. (نباتیات) نقلی نارنگی ۔

philander, v.i. اوپری عشق کرنا ؛ عورتوں کے پیچھے پھرنا ؛ بغیر سنجیدہ ارادوں کے کسی عورت سے معاشقہ کرنا ؛ دکھاوے کی محبت کرنا ۔

philanthropist, n. انسان دوست ؛ آدم دوست ؛ خلق دوست ؛ نافع عالَم ؛ ہمدرد عوام؛ وہ شخص جو عملاً انسانی ہمدردی کرتا ہے؛ فیاض آدمی ؛ سخی ۔

philanthropy, n. نفع رسانی ؛ خلائق دوستی ؛ ہمدردئ انسانی ؛ خدمت خلق ؛ بنی نوع انسان سے محبت ، بالخصوص فلاح عامہ کے کاموں میں عملی حصہ لینے اور ضرورت مندانہ مقاصد کے لیے عطیات دینے کی شکل میں انسانی ہمدردی کا اظہار ؛ اس قسم کی فیاضانہ سرگرمی یا اُس کی کوئی عملی مثال ۔

philanthropic, philanthropical, a. ہمدردانہ ؛ مخیرانہ ؛ فیاضانہ ؛ انسان دوستی کا وغیرہ ۔

philanthropically, adv. انسانی ہمدردی سے ۔

philately, n. ٹکٹ اندوزی ؛ ایسے ٹکٹوں اور دوسرے مہر لگے ہوئے یا چھپے ہوئے مواد کو جمع کرنا یا اس کا مطالعہ کرنا جو سرکاری مالیاتی یا ڈاک کی تاریخ سے تعلق رکھتے ہوں ۔

philatelic, philatelical, a. ٹکٹ اندوزی یا اُس سے متعلق ۔

philatelically, adv. ٹکٹ اندوزی کے انداز میں ۔

philatelist, n. ٹکٹ اندوز ؛ ٹکٹ جمع کرنے والا ۔

philharmonic, a., n. ہم آہنگی سے محبت کرنے والا ؛ ہم آہنگی یا موسیقی کا شوقین ؛ ہم آہنگ نغموں یا دوسری موسیقی کی تنظیموں سے رابطہ یا تعلق رکھنے والا ۔

philharmonic pitch, n. ایک معیاری اوج ہم آہنگ کرنے یعنی A کو C کے درمیان سے اوپر ۴۴۰ تعدد فی سیکنڈ پر قائم کرنے کے لیے ۔

philhellene, n.,a. حامیِ یونان ؛ یونان دوست ؛ یونان کا کوئی دوست ؛ وہ جو یونانیوں کے مقاصد و مفادات کی حمایت کرتا ہے ؛ یونان دوستی ۔ (صفت) یونان دوستانہ ؛ یونان پرستانہ نیز : philhellenic –

philhellenism, n. یونان دوستی ؛ یونان پرستی ۔

philhellenist, n. یونان پرست ؛ یونان دوست ۔

Philippic, n. مقدونیہ کے بادشاہ فلپ کے خلاف یونانی خطیب ڈیموس تھینیز کی فصیح و بلیغ تقریروں کے سلسلے میں سے کوئی ایک ؛ انتونی کے خلاف قدیم رومی خطیب سِسرو کی تقاریر میں سے کوئی ایک ۔ (چھوٹے p سے) کوئی بھی بحث جو تند و تیز طعن و تشنیع سے بھری ہوئی ہو ؛ ہجویہ تقریر ۔

Philippine mahogany, n. فلیپین کی مہاگنی ،جنس سال (Shorea) کی متعدد گرم ملکوں والی فلیپینی سخت لکڑیوں میں سے کوئی ایک ، جن

میں مُہاگنی کی بعض خصوصیات ہوتی ہیں مگر قیمت میں سستی ہوتی ہے اور تعمیرات میں عام طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

Philistia, n. فِلسطیہ ؛ فلسطین کے شمال مغربی ساحل پر واقع ایک قدیم دور کا مُلک جس میں قدیم فلسطینی آباد تھے ؛ ان فلسطینیوں کی قوم ؛ اس قسم کے فلسطینیوں کا فرقہ یا جماعت ۔

Philistine, n. فلسطی ؛ فلسطیہ کا کوئی باشندہ جو اب شام کا ایک حصہ ہے ؛ انگریزی کا لفظ فِلسٹر (Phlister) جسے جرمن طلبہ ، کسی ایسے شخص کے لیے اصطلاح کے طور پر استعمال کرتے ہیں جو کسی یونیورسٹی کا تربیّت یافتہ نہ ہو ۔ (مجازاً) وہ شخص جو آزاد ثقافت اور جمالیات سے بے بہرہ ہو اوراس طرح اس میں حساسیت اور ذوق کا فقدان ہو ؛ ایک تنگ نظر شخص ؛ ایک غیر شاعرانہ عملی آدمی ؛ بے ذوق ۔

Philistinism, n. عامیانہ پن ؛ بدمذاقی ؛ کم نظری ؛ بے ذوقی ۔

philodendron, n. (گُل بانی) اسی نام و جنس سے متعلق درخت پر چڑھنے والی بیلوں کی بہت سی انواع میں سے کوئی ایک جو عجالہ خاندان (arum) سے ہے اور امریکا کے گرم علاقوں کی مقامی پیداوار ہے ، اس کی چند اقسام کو اندرونِ خانہ آرایش کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ، بالخصوص ان کے گہرے سبز رنگ کے موٹے ، چمک دار پتوں اور ان کی اس قابلیت کے لیے کہ وہ کم سے کم دھوپ میں نشوونما پاسکتی ہیں ۔

philogyny, n. عورتوں کے لیے پیار ؛ زن دوستی ؛ زن پسندی ۔

philogynist, n. زن پسند ؛ زن پرست ۔

phlogynous, a. زن پسندانہ ؛ زن دوستانہ ۔

philology, n. علمِ زبان ؛ عِلمِ لِسان ؛ ادبی ، سماجی اورثقافتی تاریخ کے مندرج کوائف کا مطالعہ تاکہ استناد ، صحت اور معنویت کو متعین کیا جا سکے ، بالخصوص زبانوں کا تاریخی اور تقابلی مطالعہ ۔

philomel, philomela, n. (شاعری) بُلبُل ؛ عندلیب ۔

philoprogenitive, a. بچّوں سے پیار کرنے والا ؛ ثمر دار ؛ فیض رساں ؛ بچہ خیز ؛ کثیر زا ؛ بار آور ۔

philoprogenitiveness, n. بار آوری ؛ بچّہ خیزی وغیرہ ۔

philosophe, n. فیلوسوف ؛ اٹھارھویں صدی کے فرانس میں مقبول عام فلسفیوں یا مفکروں میں سے کوئی ایک جیسے والٹیر یا رُوسو ۔

philosopher, n. فلسفی ؛ حکیم ؛ دانا ؛ وہ شخص جو فلسفہ کے مسائل پر نظریات ترتیب دیتا ہو ؛ وہ شخص جو فلسفہ کا ماہر ہو یا فلسفہ سے عقیدت رکھتا ہو ، وہ شخص جو اپنی زندگی کو فلسفیانہ اصولوں کا پابند بناتا ہو ؛ وہ شخص جو عقلمندی یا معقولیت کے ساتھ زندگی گزارتا ہو ۔

philosopher's stone, n. (کیمیاگری) قدیم قصہ کہانیوں کی یہ فرضی روایت کہ گھٹیا دھات کو سونے کی کچدھات میں تبدیل کیا جا سکتا ہے ؛ روایت کیمیاگری ۔

philosophical, philosophic, a. فلسفیانہ ؛ فلسفے سے متعلق یا اُس کے مطابق ؛ فلسفے سے نکلنے والی بات (جیسے : an attitude of philosophical skepticism) ؛ فلسفی کی خصوصیت عملی دانش کے قواعد پر مبنی ؛ معتدل ؛ غیر جانبدار یا پُر سکون ۔

philosophize, v.i. فلسفی کی طرح استدلال کرنا یا نظریہ تشکیل دینا ؛ فلسفیانہ طور پر بحث کرنا ، بالخصوص عالمانہ ، غیر متعین یا اخلاقیاتی انداز میں ۔

philosophizer, n. فلسفیانہ بنانے والا ؛ حکمت کے انداز میں پیش کرنے والا ۔

philosophy, n. فلسفہ ؛ حکمت ؛ دانشمندی کی محبت یا جستجو ؛ اُن سچائیوں یا اصولوں کا مطالعہ یا اُن کا علم جو کُل عِلم کی تہ میں مضمر ہیں ؛ تین شاخوں میں سے کوئی ایک : فطری فلسفہ ، اخلاقی فلسفہ اور مابعدالطبیعیاتی فلسفہ ، جنھیں اِس عِلم کے اجزائے ترکیبی تسلیم کیا جاتا ہے ؛ علم کی کسی خاص شاخ کے اصولوں کا مطالعہ یا اُن کی سائنس ؛ فلسفیانہ عقیدے کا ایک نظام (جیسے : the philosophy of Spinoza) عملی معاملات میں رہنمائی کے لیے اصولوں کا ایک نظام ؛ مسائل کو حل کرنے میں خردمندانہ دلجمعی ۔

philter, (Brit.) philtre, n. ٹوٹکا ؛ ٹوٹا ؛ عمل حُب ؛ کوئی جڑی بوٹی یا عرق جس کے متعلق یہ فرض کیا گیا ہو کہ اس میں جادو کی ایسی قوّت ہے جو محبت پیدا کر سکتی ہے ؛ کوئی بھی عرق جس کے متعلق یہ فرض کیا گیا ہو کہ اس میں جادوئی قوتیں ہیں ؛ عرقِ تسخیر ۔ (فعل متعدی) کسی جادو والے عرق سے فریفتہ کرنا یا جادو کا عمل کرنا ؛ عرق تسخیر پلانا ۔

phiz, n. (عوامی) چہرہ ؛ بشرہ ؛ حُلیہ ؛ صورت (صرف ادب میں) ۔

phlebitis, n. (امراضیات) کسی رگ کی اندرونی جِھلّی میں سوزش ؛ ورم ورید ۔

phlebotomy, n. (جراحی) نشتر زنی ؛ رگ زنی ؛ فصادی ، خون نکالنے کے لیے رگ کو کھولنے کا عمل یا اس کی مہارت ؛ جریان خون

phlebotomic, a. رگ سے خون نکالنے کے متعلق ۔

phlebotomist, n. (جرّاحی) فصّاد ؛ رگ زن ؛ وہ جو خون نکالنے کے لیے رگ کھولتا ہے ؛ فصد کھولنے والا ۔

phlebotomize, v.t. (جرّاحی) فصد کھول کر خون بہانا ؛ ورید شگافی کرنا ؛ رگ زنی کرنا ۔

phlegm, n. (فعلیات) بلغم ؛ کف ؛ کھنکار ؛ سُستی ؛ آلکس ؛ سانس کے راستوں میں خارج ہونے والا بلغم ۔ (قدیم فعلیات) جسم انسانی کی چار اخلاط میں سے ایک خلط (بلغم) جس کے متعلق یہ فرض کیا جاتا ہے کہ وہ سرد مہری اور سستی پیدا کرتا ہے ؛ متانت ؛ ضبط ؛ کاہلی ؛ لاتعلقی ؛ کاہل الوجودیت ؛ لاپروائی ۔

phlegmy, a. بلغمی ؛ کاہل ؛ سست ۔

phlegmatic, phlegmatical, a. کاہل باعتبارِ مزاج ؛ بے حِس ؛ متین ؛ غیر جذباتی ؛ بلغمی خلط پیدا کرنے والا یا اُس کے مشابہ ؛ بلغمی مزاج ۔

phlegmatically, adv. سکون سے ؛ لاپروائی سے ۔

phloem, n. (نباتیات) استر ؛ چھال ؛ لحا ؛ لیف درخت ؛ عروقی تشریح کی ایک مخلوط نسیج جو غربالی نالیوں ، رفیق خلیوں ، بافت اصلی اور ریشوں پر مشتمل ہے اور غذا کے ایصال کا کام کرتی ہے ؛ پودوں میں دو مخلوط نسیجوں میں سے ایک بیرونی نسیج جبکہ دوسری اندرونی نسیج چوب ریشہ کہلاتی ہے ؛ کسی چوبی پودے کی اندرونی چھال ۔ دیکھیے : bast ۔

phloem necrosis, n. (نباتیات) استر روگ ؛ مرض لحا ؛ ان متعدد

امراض میں سے کوئی ایک جو لحا میں ہوتے ہیں اور جن میں خلیوں کا انتشار واقع ہوتا ہے ، جس کے نتیجے میں غذا لے جانے والی نالیاں بند ہو جاتی ہیں، بالخصوص امریکا کے شجرِبق کا ایک وائرسی مرض ۔

phloem ray, n. (نباتیات) استر ، چھال یا بافتِ اصلی کے خلیوں کا ایک عروقی حصّہ جو صرف ایک خلیہ کے برابر موٹا ہوتا ہے اور شعاعی ترتیب کے ساتھ ثانوی لحا میں سے گزرتا ہے جس کا عمل عرضی ایصالِ غذا ہے ۔

phlogistic, a. حرارت بخش ؛ محرّق ؛ مایہ احتراق سے متعلق ؛آتش گیر ۔ (طب) سوزشی ؛ ورمی ؛ التہابی ۔

phlogiston, n. فلوجسٹن ؛ اصل آتش ؛ مایہ احتراق ؛ ایک متروک نظریہ : ایک مفروضہ عنصر جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا تھا کہ وہ خالص آتش ہے اور آتش گیر اجسام میں جاگزین رہتا ہے ۔

phlox, n. گُلِ شعلہ ؛ گُلِ شعلہ نوع کی جڑی بوٹیوں میں سے کوئی بھی جنس جو شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے اوراپنے رنگا رنگ خوشنما پھولوں کی دمک اور خوشوں کے لیے کاشت کی جاتی ہے ۔

phlyctena, phlyctaena, n. (امراضیات) ایک چھوٹا پانی والا آبلہ یا چھالا ۔

phobia, n. خبط ؛ خوف ؛ ترس ؛ ایک استمراری ، حد سے بڑھا ہوا اور عموماً غیر منطقی خوف یا دہشت ۔

phobic, a. خوف زدہ ؛ ترسناک ۔

phoebe, phoebe bird, bridge bird, n. (طیوریات) اِن خاکستری بُھورے رنگ کے مکھی مار پرندوں میں سے کوئی ایک جن کی جنس Sayornis اور خاندان طیرالجبّاران (Tyrannidae) ہے، بالخصوص مشرقی شمالی امریکا کا S.phoebe جس کا وصفی انداز بالکل سیدھا ہوتا ہے ، دُم ہلانے کی عادت استمراری ہوتی ہے اور وہ اپنا گھونسلا اکثر چھوٹے پلوں کے نیچے بناتا ہے ۔

phoenix, phenix, n. ققنس ؛ قدیم مصری قصے کہانیوں کی ایک خوبصورت چڑیا جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی قسم کی ایک واحد چڑیا تھی جو ۵۰۰ یا ۶۰۰ سال تک زندہ رہنے کے بعد اپنی ارتھی کی چتا پر اپنے آپ کو جلا کر خاک کر دیتی تھی اور اُس خاک سے پُرشباب ہو کر ابھرتی تھی ؛ بقائے دوام کی ایک علامت ؛ ایک نمونۂ کامل ؛ ایک ممتاز نادر یا خوبصورت شخص ۔

phon, n. (سمعیات) صوتیہ ؛ فون ؛ ادراک میں آنے والی بلند اصوات کا ایک پیمانہ جو اس طرح متعین کیا جاتا ہے کہ کسی صوت کے ہزار چکر فی سیکنڈ، معیاری صوت سے مقابلے کے بعد ، جو صوتی سطح بنتی ہے ، اِسے (ڈیسی بل) معیاری اکائی سے ناپا جاتا ہے ۔

phonation, n. تصویت ؛ زبان سے آواز نکالنے کا عمل ۔

phonate, v.t., v.i. صوتی آوازیں نکالنا ؛ مہمل آواز نکالنا ۔

phone, n. (بول چال) ٹیلی فون ۔ (فعل متعدی و لازم) ٹیلی فون کرنا ؛ ٹیلی فون ہونا ۔

phone, n. ایک سادہ صوتی آواز ؛ گفتار کا بنیادی عنصر ؛ صوت ؛ سادہ آواز ۔

phoneme, n. صوتیہ ؛ فونیم ؛ گفتار کی اُن اساسی اکائیوں کے مجموعے میں سے کوئی ایک جو ہر زبان یا مقامی بولی میں مختلف انداز سے آواز کی ایسی تبدیلیاں مہیا کرتی ہیں جس میں لفظ کے معنی میں فرق ہو جاتا ہے : انگریزی کے الفاظ tip اور pip میں معنی کا اختلاف t اور p کی آوازوں کی تشکیل سے نمایاں ہوتا ہے اور اسی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ گفتار کی اکائیاں یک صوتی ہیں ۔

phonemic, phonematic, a. صوتی ؛ یک صوتیوں سے متعلق ؛ یک صوتیوں سے تعلق رکھنے والوں سے متعلق ؛ کسی زبان میں گفتاری عناصر کے امتیازات سے متعلق ۔

phonemically, adv. صوتی اکائیوں کے طور پر ۔

phonemics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) صوتیات ؛ صوتی/فونی نظاموں کا لسانی تجزیہ ؛ یک صوتی نظام ۔

phonemicist, n. ماہرِ صوتیات ۔

phonetic, phonetical, a. صوتی آوازوں ، اُن کے طبعی ابداع اور تحریری تعبیر سے متعلق ؛ تلفظ کے متعلق ؛ کسی زبان کے بولنے میں غیر امتیازی عناصر کو بیان کرنے والا ۔

phonetically, adv. صوتاً ؛ از روئے صوت ۔

phonetic alphabet, n. امتیازی نشانات کا ایک مجموعہ ، ہر گفتاری آواز کے لیے ایک امتیازی نشان ؛ صوتیاتی نشان ۔

phonetician, n. ماہرِ اصوات ۔

phonetics, n. (لسانیات) علمِ اصوات ؛ صوتیات ؛ علمِ آواز ؛ علمِ سماع ؛ گفتاری آوازوں کا مطالعہ ، اِس اعتبار سے کہ وہ کس طرح پیدا کی جاتی ہیں ، ترسیل کی جاتی ہیں ، وصول کی جاتی ہیں اور لکھی جاتی ہیں ؛ کسی خاص زبان کی گفتاری آوازوں کا نظام ۔

phonic, a. صوتی ؛ آواز سے یا گفتار سے متعلق ۔

phonics, n. الفاظ کی صوتی ترجمانی کے ذریعے پڑھنا شروع کرنے ، ہجے کرنے اور تلفظ کرنے کا ایک طریقہ ۔

phonogram, n. صوت بندی ؛ ایک امتیازی نشان یا علامت جو ایک واحد گفتاری صوت ، رکن تہجی یا ایک حرف کی نمائندہ ہو ۔

phonogramic, phonogrammic, a. صوت بندی کے متعلق ۔

phonogramically, phonogrammically, adv. صوت بندی کے طور پر ۔

phonograph, n. فونوگراف ؛ آلۂ صوت نگار ؛ گراموفون ؛ وہ مشین جس پر ریکارڈ بجائے جائیں ۔

phonographic, a. صوت نگارانہ ۔

phonographically, adv. مختصر نویسی کے طور پر ؛ صدا نگاری سے ؛ صوت نگاری سے ۔

phonography, n. بیانِ علمِ صوت ؛ علمِ قرأت ؛ تحریر اصوات بذریعہ اشکال ؛ آوازوں کی نمایندگی امتیازی نشانات کے ذریعے ، جن کا ہر نشان ایک آواز کی نمایندگی کرتا ہے اور ہمیشہ اُسی آواز کی نمایندگی کرتا ہے ؛ صوتی مختصر نویسی ؛ صوت نگاری ۔

phonolite, n. سنگ صوتی ؛ کھنکھنا پتھر ؛ ایک سبز یا بھوری آتش فشانی چٹان جس میں بہت زیادہ القلی ، فلسپار اور سنگ سحابی ہوتا ہے ۔

phonology, n. علمِ آواز ؛ صوتیات ؛ علمِ اصوات ؛ کسی خاص زبان کی آوازوں کا مطالعہ ؛ کسی زبان میں استعمال ہونے والی آوازوں کا نظام ۔

phonologic, phonological, a. علمُ الاصوات کے متعلق ۔

phonologically, adv. علمُ الاصوات کی رو سے ۔

phonologist, n. عالمِ صوتیات ؛ صوتیات دان ۔

phony, phoney, a. (عوامی) غیر اصلی/کھوٹا ؛ جعلی ؛ مصنوعی یا غیر حقیقی ؛ پُر فریب ۔ (اسم) (عوامی) کوئی چیز جو جمع کی ہوئی یا جعلی ہو ؛ فریب کار شخص ۔

phoniness, n. جعلی پن ؛ فریب کاری ۔

phosgene, carbonyl chloride, n. فاسجین ؛ ایک بھاری ، زہریلی گیس جس کی بُو سے دم گھٹتا ہے ، اُسے جنگ میں اور نامیاتی مرکبات کی تالیف میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

phosphatase, n. (حیاتی کیمیا) ایک خامرہ جو جگر سے خارج ہوتا ہے اور فاسفورک تیزاب کے ایسٹروں کی آب باشیدگی اورتالیف کرتا ہے ۔

phosphate, n. (کیمیا) فاسفیٹ ؛ تیزابی نمک ؛ فاسفورک تیزاب کا ایک نمک ، ایک زرخیز کرنے والا مواد جس میں اس قسم کے نمک شامل ہوتے ہیں ؛ ایک مشروب جو کاربن انداختہ پانی ، پھلوں کے شربت اور فاسفورک تیزاب کی تھوڑی سی مقدار پر مشتمل ہوتا ہے ۔

phosphatic, a. فاسفیٹ کا یا اِس کے متعلق ۔

phosphate rock, n. فاسفیٹ چٹان ؛ ایک چٹان جو بنیادی طور پر کیلسیم فاسفیٹ سے بنی ہوئی ہوتی ہے اور کیمیائی کھادوں ، فاسفورک تیزاب اور دوسرے فاسفورک مرکبات کی صنعت میں استعمال کی جاتی ہے ۔

phosphatide, n. فسفری شحمیہ ؛ فاسفوری شحمیہ ۔

phosphatidic, a. فسفری شحمیہ کے متعلق ۔

phosphatize, v.t. فاسفیٹ کی شکل میں بدلنا؛ فاسفوری نمکوں سے کیمیاوی عمل کرنا ۔

phosphatization, n. فاسفیٹ میں تبدیلی ؛ فاسفیٹ سازی ۔

phosphene, n. (فعلیات) حلقۂ روشنائی ؛ شبکیہ کو میکانی طور پر متحرک کرکے ایک روشن تصویر پیدا کرنے کا عمل جیسے آنکھ کے ڈھیلے کو انگلی سے دبا کر جبکہ پلک بند ہو ؛ نورنمائی ؛ ضیا نمائی ؛ ضونمائی ۔

phosphide, n. کسی دھات کے ساتھ فاسفورس کا مرکب ؛ فاسفائڈ ۔

phosphite, n. (کیمیا) فاسفوری تیزاب کا ایک نمک ؛ فاسفائیٹ ۔

phosphocreatine, n. (حیاتی کیمیا) فاسفوکریٹین ؛ ایک نامیاتی مرکب جو عضلاتی نسیج میں پایا جاتا ہے اور اینٹھن کے لیے توانائی مہیا کرتا ہے ۔

phospholipid, phospholipide, n. (حیاتی کیمیا) فسفری شحمیہ ؛ شحمیہ نما مرکبات کے گروہ میں سے کوئی ایک جیسے لیسی تھین/زردیق اور سفلین جو فاسفورک ایسٹر ہوتے ہیں اور تمام قدرتی زندہ خلیوں کے اندر پائے جاتے ہیں ۔

phosphonium, n. (کیمیا) فاسفونیم ؛ ایک یک گرفتہ اصلیہ امونیم کی مانند ، ہائیڈروجن کے چار ایٹموں اور فاسفورس کے ایک ایٹم سے مرکب ۔

phosphor, n. فاسفر ؛ فسفر ؛ کوئی بھی فسفری مادہ ، جیسے فاسفورس ، جسے جب اشعاع کے سامنے رکھا جائے تو ضیا پاشی کرتا ہے ۔ (بڑے P سے) ستارۂ صبح ؛ زہرہ ۔ نیز : Phosphore ۔

phosphor bronze, n. فسفری کانسی ؛ تانبے ، قلعی اور تھوڑے سے فاسفورس کا مرکب ، جو انتہائی دیر پا ہوتا ہے اور متعدد مصنوعات میں استعمال کیا جاتا ہے ، جیسے بیئرنگ/بندوقیں ، چھری کانٹے اور تار وغیرہ ۔

phosphoresce, v.i. محسوس ہونے والی حرارت کے بغیر مدھم روشنی کا اخراج ہونا ؛ فسفریت ہونا ؛ درخشندگی ہونا ؛ ضوفگن ہونا ۔

phosphorescence, n. فسفریت ؛ درخشندگی ؛ حرارت کے ایسے درجوں پر، جو تابش سے نیچے ہوں، ہلکی تکسید کے ذریعے (جیسے فاسفورس میں)یا روشنی یا کسی اور اشعاع کے سامنے آنے کے بعد مُنوّر ہونے کا خاصّہ ؛ یہ خاصّہ رکھنے والی اشیا کی منوّر صورت ؛ جوت ؛ ضوافگنی ۔

phosphorescent, a. فسفری ؛ درخشندہ ؛ ضوفگن ؛ تابندہ ؛ اندھیرے میں چمکنے والا ۔

phosphorescently, adv. ضوافگنی سے ؛ تابندہ طور پر ۔

phosphoric acid, n. (کیمیا) فاسفوری تیزاب ؛ فاسفورس کے تین آکسیجنی تیزابوں میں سے کوئی ایک : میٹا فسفری تیزاب ، آرتھوفسفری تیزاب یا پائروفسفری تیزاب ۔

phosphorite, n. (معدنیات) ایک بڑے انبار کی شکل میں معدنی خام فسفری کیلسیم ؛ کیلسیم فاسفیٹ کی ٹھوس مٹیالی ، کم و بیش غیر خالص اقسام میں سے کوئی ایک ۔

phosphoritic, a. کیلسیم فاسفیٹ والا یا اس سے متعلق ۔

phosphorous, a. (کیمیا) فسفری ؛ عنصر فاسفورس سے متعلق یا اُس پر مشتمل ، بالخصوص اُس کی کم تر گرفت میں ۔

phosphorous acid, n. فسفری تیزاب ؛ فاسفورس کا قلمی تیزاب ، جو فاسفائٹ بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

phosphorus, n. (کیمیا) فاسفورس ؛ ایک ٹھوس غیر دھاتی عنصر جو متعدد بہروپی شکلوں میں موجود ہوتا ہے ، سفید یا زرد شکل والا زہریلا ، بہت زیادہ آتش گیر اور تاریکی میں منوّر ہوتا ہے ، سرخ شکل کا ، جو دیا سلائیوں میں استعمال کیا جاتا ہے ، کم آتش گیر ہوتا ہے اور زہریلا نہیں ہوتا ۔

phot, n. فوٹ ؛ پیمانۂ تابانی ؛ تنویر کا ایک مقداری پیمانہ جو ایک نوریہ فی مربع سینٹی میٹر کے برابر ہوتا ہے ؛ تنویر کی اکائی ۔

photic, a. نُورخیز ؛ نُوری ؛ روشنی کے متعلق یا ان نظاموں سے متعلق جو روشنی پیدا کرتے ہیں ؛ سمندر کی ان گہرائیوں کو بیان کرنے والے جن تک سورج کی روشنی سرایت کرتی ہے ۔

photo, n. (بول چال) فوٹو گراف کی مختصر شکل ؛ عکسی تصویر ۔

photobiotic, a. (حیاتیات) نورحیٔ ؛ روشنی کے بغیر جینے یا نمو پانے کے ناقابل ۔

photocell, n. ضیائی خلیہ ؛ ضیا برقی خانہ ؛ ضیا خانہ ؛ ایک فوٹو برقی خلیہ ؛ فوٹو سیل ۔

photochemistry, n. ضیائی کیمیا ؛ فوٹو کیمیا ؛ کیمیا کی وہ شاخ

جس کا تعلق کیمیائی اجزا کے اس ردعمل سے ہے جس کا اظہار وہ اس وقت کرتے ہیں جب روشنی یا کسی اور اشعاعی توانائی کے سامنے آتے ہیں ۔

photochronograph, n. عکّاسی وقت نگار ؛ وقت کے باقاعدہ مختصر وقفوں پر ، اُڑتی ہوئی چڑیا یا کسی دیگر متحرک شے کے فوٹو گراف لینے کے لیے ایک ایجاد ؛ اس قسم کی ایجاد سے لی گئی کوئی تصویر ؛ فوٹو گرافی کے ذریعے کسی ستارے کے سفر کو ریکارڈ کرنے کے لیے ایک آلہ جس میں حساس کردہ سطح پر روشنی کی پنسل کے عمل سے کسی چیز کا خاکہ اُتارا یا اُسے ریکارڈ کیا جاتا ہے ۔

photocoagulation, n. عکسی ترویب ؛ تیز اور منضبط روشنی میں نسیج کی ترویب کی تکنیک ، خصوصاً عینیاتی جرّاحی میں ۔

photocompose, v.t. عکّاسی حرف بندی کرنا ؛ ٹائپ کو فوٹو گرافی کے ذریعے جمانا ۔

photocomposer, n. عکّاسی حرف بند مشین ؛ ایک مشین جو ٹائپ کو فوٹو سے جمانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

photocomposition, n. عکاسی حرف بندی ؛ ٹائپ کو فوٹو کے ذریعے جمانے کا عمل ۔

photoconductivity, n. (طبیعیات) ضیاموصلیت ؛ روشنی ، ایکس ریز یا بالا بنفشئ اشعاع کے سامنے لانے سے کسی شے ، جیسے بلّور کی برقی ایصالیت میں نمایاں اضافہ۔

photoconductive, a. ضیا ایصالی ۔

photocopy, n. عکسی نقل ؛ کسی ترسیمی شے کی عکّاسی کے ذریعے نقل ۔ (فعل متعدی) عکسی نقل بنانا ؛ عکسی مثنیٰ بنانا ۔

photocurrent, n. (طبیعیات) ضیا برقی رو ؛ فوٹو برقی ذریعے سے پیدا ہونے والی برقی رو ۔

photodetector, n. ایک نیم ایصالی ایجاد جو متعدد ضیا برقی ذرائع سے پیدا ہونے والی اشعاعی توانائی کی موجودگی ثابت کرتی ہے ؛ اسے حرارت کی تبدیلیوں کا مشاہدہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، جیسے شمسی دوربینوں میں ۔

photodisintegration, n. (طبیعیات) ضیائی انشقاق ؛ ایک فوٹون کے انجذاب سے بھاری ہائیڈروجن کے ایٹمی مرکزےکو توڑنے کا عمل ۔

photodrama, n. فوٹو ڈراما ؛ ایک متحرک تصویر ؛ ایک فوٹو تماشہ ؛ متحرک فلم ۔

photodramatic, a. فوٹو ڈرامائی ۔

photodramatist, n. فلموں کا اداکار ۔

photoduplicate, n. ترسیمی اشیا کا فوٹو گرافی کے ذریعے مُناقلہ ؛ عکسی مثنیٰ ۔

photoduplication, n. فوٹو گرافی کے ذریعے نقل تیار کرنے کا عمل ۔

photodynamics, n. ضیائی حرکیات ؛ روشنی کی توانائی کے متعلق سائنس ، بالخصوص پودوں اور حیوانات پر روشنی کے اثر کے بارے میں ۔

photodynamic, a. ضیا حرکتی ۔

photodynamically, adv. ضیا حرکتی طور پر ۔

photoelectric, photoelectrical, a. ضیا برقی ؛ فوٹو برقی ؛ برقی روشنی کا یا اُس کے متعلق ؛ برق یا روشنی سے پیدا کیے ہوئے برقی اثرات کے متعلق ؛ فوٹو برق کے متعلق ؛ برقی روشنی کے ذریعے فوٹو گراف لینے کے لیے سازوسامان کو ملحوظ رکھتے ہوئے یا اس کے متعلق ۔

photoelectric cell, photocell, n. ضیائی برقی خانہ ؛ ایک خالی نلی جس میں روشنی کا عمل برقی رو کی قوت کو پیدا کرتا ہے یا بدلتا ہے ۔

photoelectron, n. ضیائی برقیہ ؛ ایک برقیہ جو فوٹو برقی طریقے کے ذریعے کسی دھاتی سطح سے خارج ہوتا ہے ؛ فوٹو الیکٹرون ۔

photoemission, photoelectric effect, n. ضیائی اخراج ؛ فوٹو اخراج ، روشنی جیسی اشعاع کے انجذاب کے باعث کسی سطح سے برقیوں کا اخراج ۔

photoengraving, n. فوٹو انگریونگ ؛ عکّاسی کَندہ کاری ؛ ایک طریقہ جس میں روشنی کے عمل کو کسی پلیٹ یا بلاک پر کوئی تصویر بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ، یہ تصویر چھاپہ خانہ کی مشین پر چھپنے کے لیے گہری یا ہلکی ہو سکتی ہے ۔

photoengrave, v.t. عکّاسی کندہ کرنا ۔

photoengraver, n. عکاسی کندہ کار ۔

photofinish, n. (گھُڑ دوڑ) فوٹو تکمیل : کوئی ایسی دوڑ جس میں آگے جانے والے گھوڑے ایک دوسرے سے اتنے قریب ہوں کہ جیتنے والا گھوڑا متعین کرنے کے لیے فوٹو گراف کی ضرورت ہو ۔

photoflash, n. (عکّاسی) فوٹو چمکارا ؛ عکسی کوندا ؛ ایک برقی ایجاد جو درخشاں روشنی کے آنی کوندے کی تصویر کھینچ دیتی ہے ؛ فوٹو چمکارا لیمپ ۔

photoflood, photoflood lamp, n. (عکاسی) وہ لیمپ جسے زیادہ وولٹیج کے ساتھ چلایا جائے تا کہ وہ تیز روشنی دے ۔

photogelatin process, n. فوٹو جیلاٹن طریق عمل ؛ سریشی طباعت ؛ کولو طباعت ۔

photogene, n. (امراضیات چشم) رویت مابعد ؛ ایک پیکر مابعد ؛ کسی شے کا کوئی ایسا تمثال جو آنکھوں کے سامنے سے اس شے کے ہٹ جانے کے بعد بھی شبکیہ پر موجود رہے ۔

photogenic, a. فوٹو آمیز ؛ تصویر زا ؛ فوٹو گرافی کے لیے کوئی موافق موضوع بننے والا ، بالخصوص کوئی جمالی موضوع ۔ (طِب) روشنی کے سامنے کھلا ہوا رہنے کا نتیجہ ۔ (حیاتیات) نور زا ؛ فسفری ؛ منور فسفری ، جیسے نجم البحر یا جگنو ۔

photogram, n. فوٹو گرام ؛کوئی یک رُخی تصویر نما فوٹو گراف جو کسی ایسی شے کے درمیان میں آ جانے کا نتیجہ ہو جو کسی روشنی سے حساس کاغذ پر رکھی ہو ۔

photogrammetry, n. فوٹو گرام پیمائی؛ نقشوں اور مساحت کی تیاری میں ہوائی فوٹو گرافی کو استعمال کرنے کی تکنیک ۔

photogrammetric, a. فوٹوگرام پیمایانہ ۔

photogrammetrist, n. ماہر فوٹوگرام پیمائی ۔

photograph, n. عکسی تصویر ؛ فوٹوگراف ؛ فوٹو گرافی کے ذریعے حاصل کی گئی کوئی تصویر ۔ (فعل متعدی) کسی کا فوٹو گراف لینا ؛ عکس لینا ۔ (فعل لازم) عکسی تصاویر کا بننا ؛ عکس بند ہونا ؛ فوٹو میں ظاہر ہونا (جیسے : She photographs well,) ۔

photographer, n. فوٹو گرافر ؛ عکّاس ؛ عکسی تصاویر اتارنے کا ماہر ، خصوصاً پیشہ ور ۔

photography, n. عکّاسی ؛ عکس بندی ؛ بطور خاص تیار کردہ

سطحوں پر روشنی یا شعاعی توانائی کی دیگر اقسام کے کیمیائی عمل کے ذریعے بالکل صحیح تصاویر حاصل کرنے کا فن یا طریقہ ۔

photographic, photographical, a. عکّاسانہ ؛ فوٹو گرافی کا یا اس کا پیدا کردہ یا اس میں استعمال شدہ ؛ ایک فوٹو گراف کے مشابہ ؛ بڑی صحت کے ساتھ ریکارڈ کرنے یا نقل اُتارنے والا ۔

photographically, adv. عکاسانہ طور پر ۔

phorogravure, n. عکسی حکّاکی ؛ ایک طریقہ جس سے دھاتی پلیٹ پر کندہ کاری اس طرح کی جاتی ہے کہ روشنی حساس سطح پر اپنا کیمیائی عمل کرتی ہے ؛ عکسی حکّاکی سے کی گئی کندہ کاری ۔

photoheliograph, n. عکاسی شمس نگار ؛ ایک دوربین جس میں سورج کے فوٹو گراف لینے کے لیے مطابقت پیدا کی جاتی ہے ۔

photokenesis, n. (حیاتیات) ضیائی حرکیت ؛ روشنی کی پیدا کی ہوئی حرکت یا سرگرمی ۔

photokinetic, a. ضیائی حرکیت سے متعلق ۔

photolithograph, n. عکسی سنگی تصویر؛ فوٹو لیتھوگرافی کے ذریعے بنائی ہوئی تصویر ؛ عکسی چھاپ (فعل متعدی) عکسی سنگی تصویر بنانا ۔

photolithography, photolitho, n. عکسی سنگی طباعت ؛ ایک قسم کی لیتھوگرافی/پتھر کی چھاپ جس میں چھپائی کی سطح یا اس کا پتھر فوٹو گرافی تکنیک سے تیار کیا جاتا ہے ؛ عکسی طباعت ۔

photolithographic, a. عکسی سنگی طباعت سے متعلق ۔

photolithographer, n. عکسی سنگی طابع ۔

photolysis, n. ضیانخزی حرکت ؛ مادوں کی بوسیدگی جو روشنی کے عمل سے پیدا ہوتی ہے ۔

photolytic, a. ضیانخزی حرکت سے متعلق ۔

photomap, n. عکسی نقشہ ؛ ایک ہوائی فوٹو یا ایسے متعدد ہوائی فوٹوگرافوں کا ایک مجموعہ جن پر سرحدی خطوط کے نشانات پڑے ہوتے ہیں اور جنھیں بطور نقشہ استعمال کیا جاتا ہے ؛ فوٹو نقشہ ؛ عکاسی نقشہ ۔ (فعل متعدی) عکسی نقشہ اتارنا ۔

photomechanical, a. فوٹو میکانی ؛ فوٹو گرافی کی مدد سے تیار کردہ پلیٹوں یا سطحوں سے روشنائی میں چھاپنے کے لیے متعدد طریقوں میں سے کسی طریقے کو مختص کرنے والا یا اس سے تعلق رکھنے والا ۔

photomechanically, adv. فوٹو میکانی طور پر ۔

photometer, n. ضیا پیما ؛ روشنی کی شدت کو ناپنے والا آلہ ۔

photometry, n. ضیا پیمائی ؛ روشنی کی شدت کی پیمائش یا مختلف روشنیوں کی اضافی شدت؛ وہ علم جو اس قسم کی پیمائشوں سے تعلق رکھتا ہے ۔

photometric, photometrical, a. ضیا پیمائی سے متعلق ۔

photometrically, adv. ضیا پیمائی کی رو سے ۔

photometrist, n. ضیا پیمائی کرنے والا ۔

photomicrography, n. خُرد عکّاسی ؛ بہت خفیف اشیا کی فوٹو گرافی کا فن یا طریقہ ،ایسی حالت میں جب کہ انھیں ایک خوردبین کے ذریعے بڑا کر لیا گیا ہو ۔

photomicrograph, n. خرد عکاس ۔

photomicrographic, a. خرد عکاسی کے متعلق ۔

photomontage, n. عکسی مونتاژ ؛ کسی ایک واحد موضوع کا مظاہرہ کرنے یا جمالی اثر پیدا کرنے کے لیے متعدد فوٹو گرافوں کو باہم جوڑنے کا فن یا طریقہ ؛ اس طرح پیش کردہ جوڑ ۔

photomural, n. دیواری تصویر ؛ ایک دیواری سائز کا فوٹو گراف جسے اندرونی زیب و زینت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

photon, light quantum, n. (طبیعیات) فوٹون ؛ ضیائیہ ؛ برقی مقناطیسی اشعاع کی ایک مقدار جو روشنی کی رفتار پر اپنے تعدد سے متناسب توانائی کے ساتھ حرکت کر رہی ہو ۔

photonegative, n. (طبیعیات) عکسی منفی ؛ بڑھتی ہوئی اشعاع کا نچلی ایصالیت کے ساتھ ردعمل ۔ (حیاتیات) منفی ضیا رخی ؛ منفی شمس رخی ۔

photo-offset, n. فوٹو آفسٹ ؛ عکسی طباعت ؛ آفسٹ لیتھوگرافی ؛ پلیٹ یا پتھر کی عکسی چھپائی ۔

photoperiod, n. (حیاتیات) ضیائی عرصہ ؛ ضیائی میعاد ؛ ۲۴ گھنٹوں کے دور میں روشنی کے تکشف کی میعاد ، جو بعض مخصوص پودوں اور جانوروں کی نشوونما کو کنٹرول کرتی ہے ۔

photoperiodic, photoperiodical, a. ضیائی عرصے کا یا اس سے متعلق ۔

photoperiodically, adv. ضیائی عرصے کے تحت ۔

photoperiodism, n. تأثرِ ضیائی عرصہ ۔

photophilous, photophilic, a. (حیاتیات) ضیا پسند ؛ روشنی میں پھلنے پھولنے والا (جیسے : photophilous plant) ؛ ضیا جو ۔

photophily, n. ضیا جوئی ۔

photophobia, n. ضیا ترسی ؛ روشنی سے ناروا ڈر یا خوف ۔

photophobic, a. ضیا ترس ؛ روشنی سے خوف زدہ ۔

photopia, n. درخشاں روشنی کی حالتوں میں رویت ؛ ضیائی بصارت ۔

photopic, a. ضیائی ۔

photoplay, n. عکسی ناٹک ؛ ایک ڈرامہ جس کا اعادہ بطور متحرک تصویر کیا جائے ؛ ایک متحرک تصویر کے لیے ڈرامائی نگارش ؛ متحرک تصاویری ناٹک ؛ اسکرین پلے ۔

photopositive, a. عکسی مثبت ؛ فوٹو برقی مادے کے متعلق جس کی برقی ایصالیت برقی مقناطیسی اشعاع کو جذب کرنے سے بڑھ جاتی ہے ؛ ضیا مثبت ۔

photoreceptor, n. (فعلیات) ضیائی آخذہ ؛ اخذۂ نور ؛ ایک اعصابی آخذہ جو روشنی سے متأثر ہوتا ہے ۔

photoreception, n. ضیائی اخذ ؛ اخذ نور ۔

photoreconnaissance, n. ہوائی جاسوسی ، فوٹو گراف لینے کے لیے ؛ تصویری معائنہ ۔

photosensitive, a. حسّاسِ نُور ؛ روشنی یا دیگر اشعاعی توانائی سے فوری متاثر یا متغیر ؛ ضیائی حساس ۔

photosensitivity, n. ضیا حساسیت ؛ حساسیتِ نور ۔

photosphere, n. روشنی کا کُرّہ ؛ سورج کی منور سطح کا وہ حصہ جو نظر آتا ہے ؛ ضیائی کرہ ۔

photospheric, a. ضیائی کُروی ۔

Photostat, n. عکسی نقل ؛ فوٹو اسٹیٹ ؛ حساس کاغذ پر نقشوں یا دستاویزات کی ہو بہو

نقلیں بلاواسطہ اتارنے کے لیے ایک مخصوص کیمرہ ؛ عکسالہ ۔ (تجارتی نشان) ۔ (اکثر چھوٹے p سے) نقل جو اس طرح تیار کی جائے ۔ (فعل متعدی و لازم) (چھوٹے p سے) فوٹو اسٹیٹ سے نقل اتارنا یا نقل بننا ۔

photostatic, a. عکسی نقل کا یا اس سے متعلق ۔

photosynthesis, n. (نباتیات) ضیائی تالیف ؛ وہ طریقہ جس سے سبز پودے کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی سے روشنی اور کلوروفل کی موجودگی میں ایک سادہ شکر بناتے ہیں جبکہ آکسیجن اس عمل کی ذیلی پیداوار ہوتی ہے ۔

photosynthesize, v.i. ضیائی تالیف ہونا ۔

photosynthetic, a. ضیائی تالیف کا یا اس سے متعلق ۔

photosynthetically, adv. ضیائی تالیف کے طور پر ۔

Phototaxis, phototaxy, n. (حیاتیات) ضیائی تأثّر ؛ یک خلیے یا عضویے کا یہ خاصہ کہ وہ روشنی کی موجودگی میں کشش (مثبت تأثّر) یا دفع (منفی ضیائی تاثر) کا مظہر ہوتا ہے ۔

phototatic, a. ضیائی کشش کا یا اس سے متعلق ۔

phototelegraphy, n. عکسی تار برقی ؛ روشنی کے ذریعے تار برقی ، جیسے ایک شمس نگار کے ذریعے ؛ تصاویر کی ہوبہو نقلوں کا برقی انتقال ۔

phototelegraph, n. عکسی تار برقی کے ذریعے ترسیل کردہ عکس ۔

phototelegraphic, a. عکسی تار برقی کا یا اس سے متعلق ۔

phototropism, n. (نباتیات) ضیا رخی ؛ کسی ایسی سمت کی طرف مڑنا یا اگنا جس کا رخ ضیائی محرکہ کی جانب ہو ۔

phototropic, a. ضیا رُخہ ؛ ضیا رُخی کا مظہر ۔

photo tube, n. ایک ضیا برقی خانہ ؛ ضیا نلی ۔

phototypesetting, n. فوٹو ٹائپ سیٹنگ ؛ عکسی حروف بندی : فوٹوٹائپ مشین کے ذریعے ۔

phototype, n. فوٹو ٹائپ ؛ عکاسی ٹائپ ۔

phototypography, n. عکسی ٹائپ سازی ؛ روشنی یا فوٹو گرافی کے استعمال سے چھاپ سطحیں اور نقلیں تیار کرنے کا فن ۔

phototypographic, phototypographical, a. عکسی ٹائپ سازی کا یا اس سے متعلق ۔

photovoltaic, a. ضیا وولٹائی اثر ؛ اشعاعی توانائی ، بالخصوص روشنی کے دو مختلف دھاتوں کے جوڑ پر ارتکاز سے پیدا ہونے والی برقی حرکی قوت سے متعلق ۔

photozincography, n. عکسی جست کاری ؛ فوٹو جیسی چھپائی ؛ ایک تیار کردہ حساس جستی پلیٹ سے چھاپنے کا فوٹو گرافی طریقہ ۔

photozincograph, n. عکسی جست کاری سے چھپا ہوا عکس ۔

phrasal, a. (گرامر) جملے کی نوعیت کا یا اس پر مشتمل ۔

phrase, n. (گرامر) جملہ ؛ فقرہ ؛ نکتہ ؛ بات ؛ مثل ؛ کہاوت ؛ کہنا ؛ بولنا ، جزو جملہ ؛ ترکیب ؛ دو یا دو سے زیادہ مربوط الفاظ جن میں کوئی محدود فعل اپنے فاعل کے ساتھ شامل ہو ؛ ایک مخصوص یا کہاوتی اظہار ؛ کوئی محاورہ یا اظہار کا انداز یا اسلوب ۔ (علمِ بیان) ایک یا ایک سے زیادہ الفاظ جو ایک واحد سانس میں بولے جائیں ، ان کے شروع اور آخر میں وقفہ ہو اور وہ مل کر پُر معنی ہوں ۔ (موسیقی) نغمہ گری کا ایک چھوٹا سا حصہ جو عموماً دو سے چار تالوں پر مشتمل ہو ؛ ایک نمایاں ہم آہنگ گیت کا ٹکڑا ۔ (رقص) رقص گری کے نمونے میں حرکات کے تواتر پر مشتمل اکائی ۔ (فعل متعدی) کسی خاص انداز سے اظہار کرنا (جیسے : to phrase a plea badly) ؛ لفظیانہ/الفاظ میں بیان کرنا ؛ لفظوں کی بھرمار کرنا ؛ تقریر میں جملے کے ٹکڑے استعمال کرنا ۔ (موسیقی) کسی مختصر نغمگی کو اجزا میں تقسیم کر دینا ؛ گیت کے ٹکڑے کرنا ۔

phraseogram, n. بندش ؛ مختصر نویسی کے حروف جو ایک جزو جملہ کی نمائندگی کرتے ہیں یا ان کا ایک مجموعہ ؛ فقرے کی جگہ مستعمل نشان یا علامت ۔

phraseologist, n. بندش نگار ؛ فقرے باز ؛ وہ جس کا تعلق اجزائے جملہ سے ہے یا وہ جو انہیں جمع کرتا ہے ؛ اجزائے جملہ وضع کرنے والا ۔

phraseology, n. محاورہ ؛ طرز کلام ؛ بندش ؛ انداز بیان ؛ انتخاب الفاظ ؛ طرز تحریر ؛ اسلوب بیان ۔

phraseological, a. اسلوب بیان کے متعلق ۔

phraseologically, adv. اسلوب بیان کے لحاظ سے ۔

phrasing, n. جملہ یا اجزائے جملہ بنانے کا عمل ، لفظ سازی یا لفظ آرائی ؛ انداز بیان ۔ (موسیقی) نغمگی کے ٹکڑوں کی ادائیگی ۔

phratry, n. قدیم یونان میں لوگوں کی ایک تقسیم جو اصلاً قرابت داری پر مبنی تھی ؛ ایک خاندان/قبیلے کی ذیلی قسم ؛ آسٹریلیا یا امریکا کے قدیم باشندوں کا گروہ یا قدیم نسلوں میں کوئی بھی مماثل گروہ ۔

phrenetic, phrenetical, a. دل جلا ؛ پاگل ؛ سودائی ؛ مذہبی مجنوں ؛ دیوانہ ۔

phrenic, a. دماغ سے یا دماغ کی سرگرمی سے متعلق ۔ (تشریح الاعضا) قحفی ؛ کاسۂ سر یا حجاب حاجز سے متعلق ؛ پردۂ شکم سے متعلق ۔

phrenology, n. عِلمِ کاسۂ سر ؛ قحفیات ؛ یہ نظریہ کہ ایک فرد کی ذہنی طاقتیں ان جداگانہ صلاحیتوں پر مشتمل ہوتی ہیں جن میں سے ہر ایک دماغ کے ایک متعیّن خِطّے میں اپنی جگہ رکھتی ہے اور اس خطے کا حجم جو کھوپڑی کی شکل سے مفروضہ طور پر ظاہر ہوتا ہے ، اس مخصوص صلاحیت کی نشوونما سے متناسب ہوتا ہے ؛ اس نظریہ پر مبنی نظام ۔

phrenologic, phrenological, a. عِلمِ کاسہ سر کا یا اس سے متعلق ؛ قحفی ۔

phrenologically, adv. عِلم کاسۂ سر کی رُو سے ۔

phrenologist, n. ماہرِ عِلمِ کاسۂ سر؛ ماہر قحفیات ۔

Phrygian, a. ایشیائے کوچک کے قدیم مُلک فریجیا ، اس کے باشندوں اور زبان کے متعلق ۔ (اسم) فریجیا کی زبان ؛ فریجیا کا باشندہ ۔

phthalein, n. (کیمیا) تھیلین ؛ ان مرکبات کے ایک گروہ میں سے کوئی ایک جوانِ ہائیڈرائڈ پرفینال کے عمل سے بنتے ہیں ، یہ اہم رنگوں کا جُزو ہوتے ہیں ۔

phthalic acid, n. (کیمیا) تھیلک تیزاب ؛ تین ہم ترکیبی بینزینی ڈائی کارباکسائلی تیزابوں میں سے کوئی ایک ، جنھیں مصنوعی رنگ ، خوشبوئیں اور رالیں بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

phthalin, n. (کیمیا) تھیلن ؛ بے رنگ ، قلمی مرکبات کے گروہوں میں سے کوئی جو تھیلینوں کے ٹوٹنے اور ان کی تحویل سے بنتے ہیں ۔

phthiriasis, n. (امراضیات) تقّمل ، جوئیں پڑنے کی حالت ۔

phycology, n. (نباتیات) اُشنیات ؛ کائیوں کا علم ؛ سبز ، نیلے ،سبز ، سرخ اور بھورے اُشنیوں کا مطالعہ جو پودوں کی نسل تالوسی کی ذیلی اقسام ہیں ۔

phycological, a. اُشنیات کے متعلق ۔

phycologist, n. ماہرِ اشنیات ۔

phycomycete, n. (نباتیات) پھپھوندی فطروں میں سب سے نچلے اور سادہ ترین درجے کے اشنی فطرات جو کائی مائل مگر کلوروفل سے عاری ہوتے ہیں ، وہ روٹی پر جمی ہوئی پھپھوندی ،روئیں دار پھپھوندی اور پانی کی کائی پر مشتمل ہوتے ہیں ۔

phycomycetous, a اُشنی فطرات کا یا اس سے متعلق ۔

phylactery, n. (صیہونیت) ان دو چھوٹی چرمی تھیلوں میں سے کوئی ایک جن میں ایسی پرچیاں رکھی ہوتی ہیں جن پر یہودیوں کی مقدس کتاب عہد عتیق (توریت) سے ماخوذ عبارتیں لِکّھی ہوتی ہیں جنھیں فجر کی دعا کے دَوران بائیں بازو اور پیشانی پر باندھا جاتا ہے تا کہ یہودی قانون کی پابندی کرنا یاد رہے ؛ حضرت موسیٰ کے قانون پر مشتمل بائبل کی پانچویں کتاب -نیز : tefillin - ایک یاد دہانی ؛ ایک تعویذ ، طِلسم یا تحفُظ جسے جسم پر پہنتے ہیں ؛ کوئی قدیم زمانے کا مسیحی چیزدان جس میں کوئی مقدس یادگار رکھی جاتی تھی ۔

phyle, n. قدیم یونان کا کوئی بڑا سیاسی ذیلی علاقہ ۔

phylloclade, n. (نباتیات) برگ روپ ساق ؛ ایک ترمیم شدہ شاخ یا ڈنٹھل ، کم و بیش چپٹا اور پتے کا کام کرنے والا ، جیسے کرسمس کا کیکٹس ۔

phyllocladioid, phyllocladous, a. برگ روپ ساق کا یا اس سے متعلق ۔

phyllode, phyllodium, n. (نباتیات) برگ ساقہ ؛ ایک پھیلا ہوا ساقۂ برگ جو ایک پتے کے مشابہ ہوتا ہے اور اسی کا کام دیتا ہے ۔

phyllodial, a. برگ ساقہ کا یا اس سے متعلق ۔

phyllodium, n. دیکھیے : phyllode ۔

phylloid, a. (نباتیات) برگ نما ۔

phyllome, n. (نباتیات) برگ ؛ پتا ؛ کسی پودے کا ایک پتا یا کوئی ایسی ساخت جو شکلیاتی طور پر اس کے مطابق ہو ۔

phyllomic, a. برگی ۔

phyllopod, n., a. چپٹے پاؤں والا جانور ؛ برگ پا ؛ قشریوں کی نسل برگ پا حونیات میں سے کوئی ایک ، جن کے پتوں کی طرح کے تیرنے والے حصے ہوتے ہیں ۔

phyllopodan, a., n. برگ پا ۔

phyllopodous, a. برگ پا کا یا اس سے متعلق ۔

phyllotaxy, phyllotaxis, n. (نباتیات) برگی وضع ؛ پتوں کی ترتیب ، ڈنٹھل یا محور پر ؛ اس قسم کی ترتیب کو قائم رکھنے والے اُصولوں کا مطالعہ ۔

phyllotactic, phyllotactical, a. برگی وضع کا یا اس سے متعلق ۔

phylloxera, n. جنس کِرمِ برگ ؛ پت جوں ؛ پودوں کی ایک جوں ، جو شاہ بلوط کے درختوں اور انگور کی بیلوں کے پتوں اور جڑوں پر لگ جاتی ہے ، اس کی ایک نوع نے شراب پیدا کرنے والے علاقوں میں وسیع پیمانے پر نقصان پہنچایا ہے ۔

phylloxeran, a., n. پت جوں کا یا اس سے متعلق ۔

phylogeny, phylogenesis, n. (حیاتیات) نسلی ارتقا ؛ حیوانات و نباتات کی اقسام یا انواع کی اصل اور ان کا ارتقا ؛ نسلی بنیادوں کی تاریخ ۔

phylogenetic, phylogenic, phylogenetical, a. نسلی یا نوعی ارتقا کا یا اس سے متعلق ۔

phylogenetically, adv. نسلی ارتقا کے طور پر ۔

phylogenist, n. تاریخ ارتقائے نسلی کا ماہر ۔

phylon, n. (حیاتیات) نسل ، وہ گروہ جو ایک خاندان ، قبیلے یا نسل کی حیثیت سے جینیاتی طور پر ہم رشتہ ہو ۔

phylum, n. (حیاتیات) ہم نسلی ؛ حیوانات اور نباتات کی قسم بندی میں سب سے بڑی قسم جس کے تحت متعلق طبقات کو گروہ بند کیا جاتا ہے ؛ فائیلم ۔ (لسانیات) متعدد لسانی گروہوں کی ایک تقسیم جن میں بعض خصوصیات مشترک ہوتی ہیں اور جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ سب ایک مشترک سرچشمے سے ماخوذ ہیں ۔

phylar, a. ہم نسلی کا یا اس سے متعلق ۔

physiatrics, physiotherapy, n. طبیعی معالجہ ؛ علمِ طِب میں ایک شاخ جس میں امراض یا جرّاحیوں کا علاج اس طرح کے طبیعی یا قدرتی ذرائع سے کرتے ہیں ، جیسے مالش ، سبک دستی ، حرارت اور غسلِ گِلی وغیرہ ؛ علاج کی کوئی بھی قسم ۔

physic, n. (طِب) جلاب ؛ کوئی بھی دوا ؛ کوئی دوا جو جلاب کا کام کرتی ہو ؛ مسہل ؛ دست آور ۔ (فعل متعدی) کسی دست آور دوا سے مسہل دینا ؛ علاج کرنا ؛ دست آور دوا سے صفائی کرنا ۔

physical, a. مادی ؛ جسمانی ؛ طبعی ؛ طبیعیاتی ؛ طبیعی ؛ فِطری ؛ جسم سے متعلق یا جسمانی طور پر ؛ مادی فطرت کا یا اس کے متعلق ؛ فطرت کے خواص ، طریقوں ، قوانین یا اس کے عِلم کے متعلق یا طبیعیات کے متعلق ؛ حواس پر ظاہر ۔

physically, adv. مادی طور پر ؛ جسمانی طور پر ؛ طبعی طور پر ۔

physical education, n. جسمانی تعلیم ؛ جسم کی نشوونما اور احتیاط کے لیے ورزشی تربیت اور عِلمِ حفظانِ صحت کا ایک نصاب ، جو عام طور پر اسکول کے پروگرام کا ایک جزو ہوتا ہے ۔

physical geography, n. طبعی جغرافیہ ؛ جغرافیے کی ایک شاخ جس کا تعلق سطح زمین کی طبیعی کیفیات اور مظاہر سے ہوتا ہے ، جیسے زمین کی اشکال ، آب و ہوا ، تیز ہوائیں ، بحری امواج وغیرہ ۔

physicalism, n. (فلسفہ) نظریۂ مادیت ؛ منطقی اثباتیت میں یہ خیال کہ تمام پُرمعانی زبان کو اتنا قابل تخفیف ہونا چاہیئے کہ وہ آخر میں مکان اور زمان کے اندر موجود چیزوں ، واقعات اور خواص کے ناموں تکّ محدود رہ جائے ۔

physicalist, n. معتقد مادیت ۔

physicalistic, a. مادیتی ۔

physicalistically, adv. مادیتی طور پر ۔

physicality, n. طبعی حالت ؛ ذہنی یا سماجی تعلقاتِ خاطر کے مقابلے میں جسمانی اوصاف یا جسمانی ضروریات کے ساتھ پہلے سے منہمک ہو جانے کی حالت ؛ ایک فرد کی جسمانی خصوصیات ،

بالخصوص اس حالت میں جب کہ وہ پوری نشوونما پا چکی ہوں یا اس کی اہمیت پر بھرپور زور دیا جا چکا ہو ۔

physical science, n. طبعی عِلم ؛ فِطری قوانین ، طریقوں اور بے جان مادے کے خواص کا مشاہدہ اور ان کی ترجمانی ۔

physical therapy, n. دیکھیے : Physiotherapy ۔

physician, n. طبیب ، وہ شخص جو طب کا پیشہ اختیار کرنے کا قانوناً مجاز ہو ؛ ڈاکٹر جو عام طبی پیشے میں مشغول ہو ، بمقابل اس شخص کے جس نے جراحی میں خصوصی مہارت حاصل کی ہو ؛ وہ شخص جو علاج کے فن میں ہنر مند ہو ۔

physicist, n. طبیعیات دان ؛ طبیعیات کے میدان کا سائنس دان ۔

physicochemical, a. طبیعیاتی کیمیائی ؛ طبیعی اور کیمیائی دونوں ۔

physicochemically, adv. طبیعیات و کیمیا کی رو سے ۔

physics, n. طبیعیات ؛ سائنس کی وہ شاخ جو مادے کی حرکت اور توانائی کے قوانین ، خواص اور تعاملوں سے تعلق رکھتی ہے ۔

physiocrat, n. متوکّل ؛ حامیٔ قُدرت شاہی ؛ ان سیاسی معاشیات دانوں کے مکتب کا کوئی فرد جو فرانسیسی معاشیات دان فرانشیو کوئز نے (۱۶۹۴ ۔ ۱۷۷۴ء) کے پیرو تھے ، اس معاشیات دان نے ایک ایسا بنیادی قدرتی نظام بیان کیا تھا جو معاشرے کو مناسب طور پر مطیع رکھتا ہے ، وہ زمین کو دولت اور محصول بندی کی اساس سمجھتا تھا اور آزادی صنعت و تجارت کی وکالت کرتا تھا ۔

physiocratic, a. حامیٔ قُدرتِ شاہی سے متعلق ؛ توکلّی ۔

physiocracy, n. قُدرت شاہی ؛ طبیعی حکومت ؛ قدرت شاہی کے پیروؤں کا عقیدہ ؛ قدرت شاہی یا اس کے مطابق حکومت ۔

physiognomy, n. علم قیافہ ؛ سیمائیات ؛ چہرہ ؛ صورت ؛ مخصوص حالت ؛ قیافہ شناسی ؛ چہرے مہرے کے متعلق یہ خیال کہ وہ کردار کی نشان دہی یا اس کا انکشاف کرتا ہے ؛ جسم کی نمایاں خصوصیات سے کردار کی بصیرت ، بالخصوص چہرے سے ؛ کسی چیز کی خارجی شکل و صورت ، بالخصوص جو اس کی نوعیت یا خصوصیت کو عیاں کرے ۔

physiognomic, physiognomical, a. قیافی ؛ علم قیافہ سے متعلق ۔

physiognomically, adv. از رُوئے قیافہ ۔

physiognomist, n. قیافہ شناس ۔

physiography, n. عمومی عِلمِ فِطرت ؛ قدرتی مظاہر کا بیان ؛ طبیعی جغرافیہ ؛ ارضی شکلیات ؛ شکلیات سطح ارض ۔

physiographer, n. جغرافیۂ طبیعی کا ماہر ؛ عالِمِ مظاہر قدرت ۔

physiographic, physiographical, a. متعلق بہ مظاہر قدرت ؛ جغرافیۂ طبیعی کے بارے میں ۔

physiological, physiologic, a. فعلیاتی ؛ عضویاتی ؛ فعلیات کا یا اس سے متعلق ؛ کسی صحت مند عضویہ کے حسب معمول یا مناسب عمل کرنے کے ساتھ اتفاق یا مطابقت رکھنے والا ۔

physiologically, adv. عضویاتی طور پر ؛ ازروئے عضویات ۔

physiology, n. فعلیات ؛ عضویات ؛ علم افعال الاعضا ؛ علم ترکیب اجسام حیوانات و نباتات ؛ وہ سائنس جس کا تعلق زندہ پودے اور حیوانی عضویوں یا ان کے اعضا کے حسب معمول وظائف سے ہوتا ہے ؛ اس موضوع پر کوئی رسالہ ؛ جان دار مادے کے مجموعی وظائف اور اہم عملی طریقے (جیسے : the physiology of a guinea pig) ۔

physiologist, n. فعلیات دان ؛ عضویات دان ؛ عَالِمِ عِلمِ افعال الاعضا ۔

physiotherapy, physical therapy, n. طبیعی معالجہ ؛ مرض ، جسمانی کم زوری یا نقائص کا علاج طبیعی طریقہ ہائے علاج سے ، جیسے مالش اور ورزش ؛ مالشی علاج ۔

physique, n. [فرانسیسی] جُثہ ؛ طبیعی یا جسمانی ساخت ، شکل و صورت یا ڈھانچا ۔

physiqued, a. جسمانی ساخت سے متعلق ۔

physostigmine eserine, n. (کیمیا) ایک زہریلی القلی جو کالا بار باقلہ کی عامل اصل ہے اور جسے سبز موتیے کی بیماری میں انقباضی دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

phytogenic, a. نبات زاد ؛ جس کی اصل نباتاتی زندگی سے ہو ۔

phytogeography, n. نباتی جُغرافیہ ؛ وہ سائنس جو جغرافیائی تقسیم اور نباتاتی تعلقات باہمی کا مطالعہ کرتی ہے ۔

phytography, n. نبات نگاری ؛ نبات نامہ ؛ نباتیات کی وہ شاخ جس کا تعلق پودوں کی تشریح کرنے اور ان کے نام رکھنے سے ہے ۔

phytolite, phytolith, n. نباتی رکاز ؛ کسی پودے کا رکاز ۔

phyton, n. نباتیہ ؛ نبات واحد ؛ ایک پتے اور ڈنٹھل کا وہ حصہ جو اس سے متعلق ہو ؛ ایک پتے ، ڈنٹھل یا جڑ کا وہ اقل قلیل حصہ جو پودے سے اگر جدا کیا جائے تو ایک پورا پودا پیدا کر سکے ۔

phytonic, a. نباتِ واحد سے متعلق ۔

phytopathology, n. نباتی امراضیات ؛ نباتات کے امراض ، ان کے اسباب اور انضباط کا مطالعہ ؛ نباتاتی علم الامراض ۔

phytophagous, a. نبات خور ؛ سبزی خور ؛ پودوں کو کھانے یا ان پر گزارہ کرنے والا جیسا کہ بعض حشرات کرتے ہیں ۔

phytophagy, n. نبات خوری ۔

phytoplankton, n. (نباتیات) نبات تیراکہ ، عموماً ننھے منے تیرتے ہوئے یا بہتے ہوئے آبی نباتی عضویے ، جیسے عضوی کائی اور فیروزی سمندری کائی ۔

phytosociology, n. نباتی ماحولیات ؛ ماحولیات کی وہ شاخ جس کا تعلق نباتاتی برادریوں کی اصل اور ان کی ترکیب سے اور ان میں جو پھولوں والی اقسام ہیں ان کے تعلقات باہمی سے ہوتا ہے ۔

phytosociologic, phytosociological, a. نباتی ماحولیاتی ؛ نباتی ماحولیات سے متعلق ۔

phytosociologically, adv. از روئے نباتی ماحولیات ۔

phytosociologist, n. ماہرِ نباتی ماحولیات ۔

phytotoxic, a. نباتی سمّی ؛ وہ جس کا اثر پودوں پر زہریلا ہوتا ہے ۔

phytotoxicity, n. نباتی سمّیت ۔

pi, n. پائی ؛ یونانی حُروف تہجی کا سولھواں حرف جو انگریزی حرف P,p سے مطابقت رکھتا ہے ۔ (ریاضی) یونانی حرف جو دائرے کے محیط کی اس کے قطر کے ساتھ نسبت کے لیے بطور علامت

استعمال ہوتا ہے ؛ خود یہ نسبت : ۱۳۱۵۹۲ء۳ -

pi, pie, n. چھاپنے کا وہ ٹائپ جو آپس میں خلط ملط کر دیا گیا ہو - (فعل متعدی) چھاپنے کے ٹائپ کی طرح حالت انتشار میں ہونا -

pial, a. اُم رقیق سے متعلق ؛ دماغ کے انتہائی اندرونی غلاف کا یا اس سے متعلق -

pia mater, n. (تشریح الاعضا) پایا میٹر ؛ ام الرقیقہ ؛ نازک ، ریشہ دار اور انتہائی عروقی غلاف جو ان تین غلافوں میں سب سے زیادہ اندرونی غلاف ہوتا ہے جو دماغ اور نخاع کو ملفوف کرتے ہیں - دیکھیے : arachnoid اور dura mater -

pianissimo, a. (موسیقی) بہت نرم - (متعلق فعل) (موسیقی) بہت نرمی سے - (اسم) (موسیقی) کوئی باجا جو اس طرح بجایا جائے یا حرکت جو اس طرح کی جائے -

pianist, n. پیانو بجانے والا ، بالخصوص وہ جو پیشہ ور ہو -

piano, piano forte, n. پیانو ؛ ایک آلۂ موسیقی جس کا ایک کلیدی تختہ ہوتا ہے ، اس تختے کے ذریعے نمدا چڑھی ہوئی ہتوڑیوں سے دھاتی تاروں پر ضرب لگا کر سُر پیدا کیے جاتے ہیں -

piano, a., adv. (موسیقی) نرم ؛ نرمی سے ؛ نغمے کے کسی حصے کو نرمی سے یا ہلکی آواز میں ادا کرنے کی ہدایت - (اسم) وہ حصہ جو اس طرح بجایا جائے -

piano accordion, n. ایک دستی آلہ (بانسری کے خاندان کا) جس میں دھونکنیاں اور ایک کلیدی تختہ ہوتا ہے جو ساڑھے تین سرگموں سے زیادہ کا نہیں ہوتا -

pianoforte, n. پیانو -

piassava, piassaba, n. تاڑ کے دو برازیلی درختوں Attalea funifera اور piassaba اور Leopoldini میں سے کسی ایک کا ریشہ جسے جھاڑو ، برش ، رسّے اور اسی طرح کی اور چیزیں بنانے میں بکثرت استعمال کیا جاتا ہے ؛ دونوں میں سے کوئی درخت -

piazza, n. چھتّا ؛ کسی قصبے یا شہر میں ایک کُشادہ عوامی چوک ، بالخصوص اٹلی میں ؛ ایک پٹی ہوئی راہ گزر یا غلام گردش ، جیسی کہ صحن کے چاروں طرف یا عمارت کے سامنے ہوتی ہے ؛ خاص طور پر امریکا میں مکان کا برآمدہ -

pibroch, n. اسکاٹ لینڈ کے کوہستانوں میں ایک نغمہ جو بین باجے پر گایا جاتا ہے ، اس میں ایک بنیادی موضوع کی بہت سی مختلف قسمیں ہوتی ہیں ، یہ موضوع عموماً عسکری ہوتا ہے مگر بعض اوقات ایک نوحے کے طور پر استعمال ہوتا ہے -

pica, n. پائکا ؛ چھاپنے کے ٹائپ کا ایک سائز ۱۲ پوائنٹ ؛ ایک معیاری طباعتی پیمانہ ، اس ٹائپ کی گہرائی تقریباً ایک انچ کے چھٹے حصے کے برابر ہوتی ہے ؛ ٹائپ رائٹر کے ٹائپ کی ایک قسم جس کے دس حروف ایک انچ میں آتے ہیں -

pica, n. (طب) بد پرہیزی کی خواہش ؛ ایسی اشیا کے لیے ایک غیر فطری شدید خواہش جنھیں حسب معمول غذا نہیں سمجھا جاتا ، جیسے چاک یا مٹی -

picador, n. ایک گھڑ سوار یا بلم سوار جو بیل سے لڑائی میں اسے مشتعل کرتا ہے اور غصہ دلاتا ہے اور اس کے کندھے کے اعصاب میں ایک بھالا چبھو کر اسے کمزور کرنے کی کوشش کرتا ہے -

picaresque, a. بدمعاشوں یا ڈاکوؤں سے متعلق ؛ اس افسانوی حکایت کا یا اس کے متعلق جو اصلاً اسپین کی ہے اور ایک آوارہ گرد ہیرو کے کارناموں اور اس کی آزمایشوں کو قصہ در قصہ ادبی انداز میں بیان کرتی ہے (جیسے : picaresque novel) -

picaro, picaroon, n. [ہسپانوی] پکارو ؛ بدمعاش ، آوارہ گرد یا جیسی ؛ چور ؛ بحری ڈاکو ؛ قزاق - (فعل لازم) قزاقی کرنا -

picara, n. پکارا ؛ پکارو (picaro) کی تانیث -

picaroon, n. بدمعاش ؛ رہزن ؛ بٹ مار ؛ قزاق ؛ قزاقوں کا جہاز - (فعل لازم) چلنا جیسے قزاقوں کے بحری جہاز کا -

picayune, a. (بول چال) بے مصرف ؛ ناکارہ ؛ چھوٹا ؛ خفیف ؛ ادنی درجے کا - نیز : picayunish - (اسم) اسپین کا نیم اصلی ، ایک سِکّہ جو پہلے زمانے میں ریاستہائے متحدہ امریکا کی ایک ریاست میں استعمال ہوتا تھا ؛ کوئی بھی چھوٹا سِکّہ ، جیسے ایک پانچ سینٹ کا سِکّہ - (بول چال) ایک غیر اہم شخص یا شے -

piccalilli, n. چٹنی ؛ جزائر شرق الہند کا ایک مزیدار کھانا ، جو کٹی ہوئی مختلف ترکاریوں اور چٹ پٹے مسالے کا مرکب ہوتا ہے -

piccolo, n. چھوٹی بانسری ؛ ایک چھوٹی بانسری جس کا زیروبم ایک عام آرکسٹرا کی بانسری کے مقابلے میں ایک سرگم زیادہ اُونچا ہوتا ہے ؛ ارگن باجے کی ایک کلید جس سے بانسری سے مشابہ آواز پیدا ہوتی ہے -

piccolost, n. بانسری نواز -

piceous, a. زیروبم کا یا اس سے متعلق ؛ زیروبم سے مشابہ ؛ بھڑک اٹھنے والا ؛ تارکول کی طرح ؛ بالکل سیاہ -

pick, v.t. چھانٹنا ؛ چٹکنا ؛ بٹورنا ؛ احتیاط کے ساتھ پسند کرنا یا منتخب کرنا ؛ چھڑانا یا الگ کرنا ، بالخصوص انگلیوں سے ؛ توڑنا ، چننا یا جمع کرنا (جیسے : to pick fruit or flowers) ؛ چمٹے ہوئے مادے کے ٹکڑے الگ کرنے کے لیے نوک دار آلے ، انگلیوں ، دانتوں یا اسی طرح کی کسی اور چیز کو استعمال کرنا یا خلال کرنا (جیسے : to pick a bone) ؛ اس قسم کے عمل سے صاف کرنا ؛ استعمال کے واسطے تیار کرنے کے لیے پروں ، کھال یا دوسرے حصوں کو الگ کرنا (جیسے : to pick a fowl) ؛ غذا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کو چونچ یا دانتوں سے اٹھانا ؛ ٹھونگنا ؛ نفاست کے ساتھ کھانا ؛ کسی نکیلے آلے سے چھیدنا ، کھٹکنا ؛ شگاف ڈالنا ، کھودنا یا توڑنا ؛ کریدنا ؛ کھرچنا ؛ ایسے عمل سے سوراخ بنانا ؛ جدا کرنا یا کھینچ کر الگ کرنا ، جیسے ریشوں کو ؛ کھولنا جیسے قفل ، کسی نکیلے آلے یا اسی قسم کی کسی اور چیز سے ، بالخصوص ڈکیتی کی غرض سے ؛ کسی جگہ رکھی ہوئی چیزوں کو چرانا جیسے جیب یا تھیلی سے ؛ موقع تلاش کرنا اور اسے پا لینا (جیسے : to pick a quarrel) ؛ کسی کے عیب تلاش کرنا یا انھیں پا لینا - (موسیقی) چھیڑنا ، جیسے کسی ساز کے تاروں کو ؛ بجانا کسی تاروں والے ساز کو انگلیوں سے چھیڑ کر - (فعل لازم) احتیاط اور عمدگی سے چناؤ ہونا ؛ ایک کُدال ، نوک دار آلے یا اس کے مماثل سے کسی چیز پر ضرب لگنا ؛ کسی چیز کا ٹوٹنا یا جمع ہونا ؛ چھوٹے چھوٹے لقموں میں یا نفاست کے ساتھ کھایا جانا ؛ معمولی چیزوں کی چوری ہونا - (اسم) پسند یا انتخاب ؛ انتخاب کا حق ؛ وہ جس کا انتخاب کیا جائے ؛ عمدہ ترین یا انتہائی پسندیدہ کردار یا مثال ؛

اٹھانے/توڑنے کا عمل ؛ کسی نوک دار چیز سے ایک ضرب ؛ کسی مخصوص وقت پر کاٹی ہوئی پودوں کی فصل کی مقدار ؛ کرید ؛ چھانٹ ۔

pick on, دوسروں میں سے کسی کو منتخب کرنا ، جیسے کسی مخصوص سلوک کے لیے ۔ (بول چال) پریشان کرنا ؛ اذیت پہنچانا یا کسی کی عیب جوئی کرنا ۔

picker, n. چُننے والا شخص یا آلہ ۔

pick, v.t. (برطانوی بولی) نشانے پر لگانا یا پھینکنا ۔ (اسم) (برطانوی بولی) داؤں یا پانسہ ۔ (پارچہ بافی) جلاہے کی نال کی ایک چال ؛ کپڑے میں بانے کا واحد دھاگا ۔

pick, n. گینتی ؛ ایک آلہ جس کا دھاتی سرا نوک دار اور عموماً خمیدہ ہوتا ہے اور اس میں لکڑی کا ایک دستہ لگا ہوتا ہے ، اسے مٹی ، پتھر وغیرہ کھودنے اور توڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک دورخہ کدال ، ایک طرف چوڑا دوسری طرف ے نوکیلا ؛ پھاوڑا ؛ کوئی بھی نوک دار اوزار یا آلہ کھودنے کے لیے (جیسے : an ice pick or toothpick)؛ مضراب ۔

pickaback, a., adv. دیکھیے : Piggyback ۔

pickaninny, picaninny, n. حبشی بچہ ، عموماً ایک حقارت آمیز لقب ۔

pickax, pickaxe, n. گینتی ؛ تبر ؛ وہ کدال جس کا ایک سرا تیز نوکیلا ہوتا ہے اور دوسرے سرے پر چوڑا پھل ہوتا ہے ۔نیز : mattock ۔ کدال جو دونوں کناروں پر نوک دار ہو ۔ (فعل متعدی) کدال سے کاٹنا ، کھودنا یا ڈھیلا کرنا ۔ (فعل لازم) کدال استعمال ہونا ۔

picked, a. منتخب ؛ چنا ہوا ؛ خاص طور پر پسند یا منتخب کیا ہوا ، جیسے کسی خوبی یا اہلیت کے لیے یا کسی مخصوص مقصد کے لیے ؛ چُن کر خالی یا صاف کیا ہوا ، جیسے کباڑ؛ توڑکر جمع کیا ہوا ، جیسے پھل ؛ کدال سے یا ایسے ہی کسی اور اوزار سے کھودا ہوا ۔

pickerel, n. خار ماہی ؛ پکریل ماہی ؛ ایک قسم کی کانٹا مچھلی جو میٹھے پانی میں رہتی ہے ؛ اس کی چھوٹی نوع میں سے کوئی ایک ۔ (برطانوی) ایک کم عمر خار ماہی ۔

pickerel weed, n. خار بوٹی ؛ شمالی امریکی سدابہار آبی جڑی بوٹی میں ،بالخصوص Pontederia cordata جو عام طور پر تالابوں اور دلدلوں میں ہوتی ہے ، اس کے پتے تیر کے سر جیسی شکل کے ہوتے ہیں اور چمک دار نیلے پھول لمبے ڈنٹھلوں پر لگے ہوتے ہیں ۔

picket, n. کِیل ؛ میخ ؛ کھونٹی ؛ پکٹ ؛ ناکہ بندی ؛ ایک لکڑی یا تھونی جس کا ایک سرا تیز نکیلا بنا لیا جاتا ہے اور اسے باڑھ لگانے یا کسی خیمے وغیرہ کو باندھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ کوئی ایسا شخص جسے مثلاً مزدور یونین کی طرف سے ہڑتال کے وقت کاروباری مقام کے سامنے یا قریب اس لیے مقرر کیا جائے کہ وہ مزدوروں یا گاہکوں کے اندر داخل ہونے کی ہمت شکنی کرے یا انھیں روکے ؛ احتجاج یا مظاہرہ کرنے والا ۔ (عسکری) فوجی سپاہیوں کا ایک دستہ جسے فوجی کیمپ سے آگے اس لیے مامور کیا جائے کہ وہ کسی اچانک حملے کے خلاف تحفظ کرے ۔ (فعل متعدی) پکٹوں یا نوک دار لکڑیوں کے ذریعے باڑ/فصیل بنانا یا قلعہ بند کرنا ؛ کھونٹی یا کسی لکڑی سے باندھنا ؛ کسی کو محافظ یا پہرے دار کی حیثیت سے مقرر یا متعین کرنا ؛ ایک محافظ یا پہرے دار کو قریب یا سامنے پہرے پر لگانا ۔ (فعل لازم) محافظ کی حیثیت سے متعین ہونا ۔

picketer, n. ناکہ بندی کرنے والا شخص ۔

picket line, n. ہڑتالی قطار ؛ اشخاص کا ایک گروہ جو ہڑتالیوں یا احتجاجیوں کی حیثیت سے قطار بنائے ہوئے کھڑا ہو یا مارچ کر رہا ہو ۔

picket ship, n. (عسکری) انتباہی جہاز ؛ ریڈار والا بحری یا ہوائی جہاز جسے قبل انتباہی ریڈار نظام میں ایک امدادی چوکی کے طور پر استعمال کیا جائے ۔

picking, n. چھانٹ ، پسندیدگی ، انتخاب ، یافت ؛ جیب کتری ؛ اُٹھائی گیری ؛ چننے کا عمل ؛ وہ چیز یا رقم جو چنی جائے ۔ (عموماً جمع) وہ جو منتخب ہونے یا خوشہ چینی سے رہ جائے ؛ وہ منافعے اور فوائد جو ایمانداری سے حاصل نہ کیے گئے ہوں ؛ بالائی آمدنی ؛ رشوت ۔

pickle, n. اچار ؛ غذا محفوظ کرنے کا ایک طریقہ یا اس طرح محفوظ غذا ، عام طور پر سرکے یا تیل میں نمک وغیرہ کے ساتھ ، سبزیاں ، کچے پھل ، گوشت یا مچھلی وغیرہ محفوظ کیے جاتے ہیں ؛ ایک کیمیائی محلول جو صنعتی صافی یا تحفظ کنندہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ (بول چال) مشکل یا بے نظمی کی کیفیت یا حالت ؛ بری حالت ۔ (فعل متعدی) نمک کے پانی یا سرکے میں محفوظ کرنا یا ان میں ڈالنا ۔

pick off, v.t. چن چن کر مارنا ؛ نشانہ کرنا ؛ گولی مارنا (جیسے : the rifleman picked off the enemy) ۔(بیس بال) کھلاڑی کے اپنے مقام پر پہنچنے سے پہلے مخالف کا گیند اچک لینا ۔

pick out, v.t. احتیاط کے ساتھ پسند کرنا یا منتخب کرنا ؛ اردگرد یا ساتھ والی اشیا میں سے کسی کو ممیز کرنا ؛ بغور دیکھنا یا دریافت کرنا ، جیسے کسی مفہوم یا معنیٰ کو ؛ بجانا جیسے ایک نغمے کو ، ایک وقت میں ایک سُر کے ساتھ یا کَن رسی سے ۔

pick over, v.t. کسی چیز کو منتخب کرنے کی غرض سے معائنہ کرنا ، احتیاط کے ساتھ یا ایک وقت میں ایک کے اصول پر ۔

pickpocket, n. جیب کُترا ؛ گٹھ کٹا ؛ کیسہ بر ؛ جیب تراش ؛ وہ شخص جو لوگوں کی جیبوں سے چراتا ہے یا اس طرح چرانے کو پیشہ بنا لیتا ہے ۔

pickup, n. برداره ؛ رفتار تیز کرنے کا عمل یا تیز کرنے کی طاقت ؛ ایک ٹرک جس میں ایک چھوٹا کھلا ہوا حصہ ہلکے بوجھ لے جانے کے لیے ہوتا ہے ۔ (ٹیلی مواصلات) روشنی یا آواز کی امواج کا کسی ٹیلی وژن یا ریڈیو سیٹ میں حصول ؛ ایک محصل یا گیرندہ آلہ جو آواز یا منظر یا کسی دوسری نوعیت کی اطلاع کو ان سے مطابقت رکھنے والے برقی اشاروں میں بدل دیتا ہے (جیسے : microphone or a television camera pick up)؛ کسی نشریے کی ابتدائی ترسیل کا مقام یا وہ نظام جو کسی نشریاتی اسٹوڈیو سے کسی ایسے پروگرام کا رابطہ قائم کرتا ہے جو کسی دوسری جگہ سے شروع کیا جا رہا ہے ۔ (برقیات) ایک آلہ جو میکانی ارتعاشات کو برقی لہروں میں تبدیل کرتا ہے ، جیسے وہ لہریں جو ایک فونوگراف کے سُر بازو میں پیدا ہوتی ہیں ۔نیز : cartridge ۔ (بول چال) شخص ، عموماً مخالف جنس کا ایک اجنبی جس کے ساتھ ایک غیر رسمی معاشرتی تعلق قائم کیا جاتا ہے جو اکثرجنسی مقاصد کے لیے ہوتا ہے ؛ بڑھوتری یا ترقی ، بالخصوص کاروبار میں ۔ (بول چال) کوئی چیز جیسے الکحل جو طاقت بحال کرتی ہے یا ہیجان پیدا کرتی ہے ۔نیز : Pick-me-up ۔

pick up, v.t. اُٹھا لینا ؛ حاصل کرنا ؛ پکڑ لینا ؛ اٹھانا جیسے انگلیوں سے ؛ دوبارہ حاصل کرنا یا پا لینا ، جیسے ہمت ؛ حاصل کرنا بلا ارادہ یا اتفاق سے یا موقع سے فائدہ اٹھا کر (جیسے : to pick up a livilihood) ؛ کسی سواری میں جگہ دینا یا اپنے ساتھ لے لینا ، جیسے کسی شخص یا چیز کو ؛ بڑھانا یا تیز کرنا ، وصول کرنا یا حواس کی دسترس میں لانا (جیسے : Pick up a radio signal) ؛ صاف ستھرا اور باقاعدہ بنانا ، جیسے ایک کمرے کو ۔ (بول چال) کسی سے غیر رسمی معاشرتی تعلق پیدا کرنا ، جیسے کسی مخالف جنس کے فرد سے ؛ گرفتار کرنا یا حراست میں لینا ، جیسے اس شخص کو جس نے قانون شکنی کی ہو ۔ (فعل لازم) بہتر ہونا ، بڑھنا یا منافع حاصل کرنا ۔

Pickwickian, a. [چارلس ڈِکنز کے ناول اور اس کے کردار پر] پک وک سا ؛ سیموئیل پک وک کی انتہائی سادگی یا سادہ لوحی کی مانند یا اس مفہوم کا یا اس سے متعلق جو محض موقع کے لیے الفاظ کے ساتھ وابستہ کر دیا گیا ہے ، بلا لحاظ ان کے حقیقی یا لغوی مفہوم کے ۔

picky, a. نکتہ چیں ؛ تنک مزاج ؛ جزئیات پر غیر ضروری زور دینے والا یا ذرا ذرا سی بات پر اضطراری حرکات کرنے والا ؛ سبک سر ۔

picnic, n. پکنک ؛ گھر سے باہر تفریح اور طعام ، کسی کھلے مقام پر ۔ (بول چال) ایک پرلطف اور سہل تجربہ ؛ سور کے کندھے اور بازو کا گوشت جنھیں تازہ حالت میں یا مسالے دار حالت میں یا سکھا کر یا سینک کر فروخت کیا جاتا ہے ۔ نیز: picnic shoulder ۔ (فعل لازم) کسی پکنک میں شامل ہونا ۔

picnicker, n. پکنک منانے والا ؛ تفریح میں حصہ لینے والا شخص ۔

picnometer, n. دیکھیے : Pycnometer ۔

picoline, n. (کیمیا) پکولین ؛ پائریڈین (pyridine) کے تین ہم ترکیب مشتقوں میں سے کوئی ایک ، یہ کول تار سے بطور ایک تیز بودار بے رنگ روغنی مائع حاصل کی جاتی ہے اور دواؤں میں محلل کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

picolinic, a. پکولین کا یا اس سے متعلق ۔

picornavirus, n. پیکورناوائرس ؛ کوئی مرکزائی تیزابی (RNA) وائرس جو مزاحم ایتھر ہوتا ہے ۔

picot, n. تکملہ ؛ زردوزی یا گتھی ہوئی کشیدہ کاری میں یا بیل یا فیتے کے کنارے پر کے بہت سے حلقوں میں سے کوئی ایک حلقہ ۔ (فعل متعدی و لازم) آرایشی حلقے بنانا یا بننا ۔

picotee, n. گُلنار ؛ کارنیشن/گلنار کی متعدد اقسام جن کے پھول کی پنکھڑیاں ہلکے پس منظری رنگ میں ہوتی ہیں اور ان کے بیرونی حاشیے پر کوئی دوسرا رنگ ہوتا ہے ، عموماً سرخ رنگ ۔

picric acid, n. (کیمیا) پکرک تیزاب ؛ ایک کڑوا ، قلمی ، زہریلا اور پانی میں حل پذیر زرد تیزاب جسے بارود ، رنگوں ، دواؤں اور دباغت و چمڑا سازی میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

picrotoxin, n. (کیمیا) پکروٹاکسن ؛ پکری زہر ؛ ایک تلخ انتہائی زہریلا قلمی مرکب ، جسے ایسی ادویہ میں استعمال کیا جاتا ہے جو مُسکِن سمّیت کا تریاق کرنے یا تنفس کو تیز کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

picrotoxic, a. زہریلا ؛ پکروٹاکسن کا یا اس سے متعلق ۔

pictograph, n. ایک تصویری نشان یا علامت ، تصویری علامات پر مشتمل ایک مجموعہ ، جیسے ہیرو غلیف (قدیم مصری تصویری تحریر) ؛ نقشہ ، خاکہ یارسمہ، جس میں عدد/شمار اور تغیر کی نمائندگی تصویروں سے کی جائے ۔

pictographic, a. تصویر نویسی کا یا اس سے متعلق ۔

pictographically, adv. تصویر نویسی کے طور پر ۔

pictography, n. تصویر نویسی ۔

pictorial, a. باتصویر ؛ مصورانہ ؛ کسی نقش یا تصویر کے متعلق یا اس سے بیان شدہ یا اس کی نوعیت کا (جیسے : records in pictorial form) ؛ تصویروں سے واضح کیا ہوا یا ان پر مشتمل ؛ تصویر نویسیانہ ۔ (اسم) کوئی رسالہ جس میں تصاویر ایک اہم خصوصیت ہوں ؛ مصوّر ۔

pictorially, adv. تصویری طور پر ؛ مصورانہ انداز سے ۔

pictorialness, n. تصویریت ۔

picture, n. تصویر ؛ مُورت ؛ نقش و نگار ؛ سینما ؛ خاکہ ؛ فوٹو گراف یا کوئی اور بصری شبیہ ، جیسے کسی شخص ، شے یا کسی منظر کی ؛ کوئی بھی بصری پیکر خواہ کسی طرح تیار کیا جائے ؛ ایک ذہنی عکس ؛ متحرک تصویر ؛ فلم ؛ روشن توضیح یا بیانیہ ؛ کوئی عکس یا مثنیٰ (جیسے : He is the picture of his father) ؛ کسی چیز کی نمائندہ مثال ؛ کسی کیفیت کا ایک ٹھوس مجسمہ ، (جیسے :the picture of health) ؛ کامل نمونہ ؛ چپ نظارہ ؛ کسی صورت حال یا واقعہ کا مجموعی تاثر ۔ (فعل متعدی) تصویروں میں یا تصویر کے ذریعے نمائندگی کرنا ؛ واضح کرنا ؛ کوئی ذہنی تصویر بنانا یا تخیل میں لانا ؛ الفاظ میں تصویر کھینچنا ؛ اشکال کے ذریعے بیان کرنا ؛ مصور کرنا ؛ باتصویر بنانا ۔

picture hat, n. ایک چوڑے چھجے والا زنانہ ہیٹ ؛ اکثر سلیقے کی تراش کے ساتھ یا شہ پروں یا پھولوں سے سجی ہوئی ۔

picturesque, a. تصویر کی مانند ؛ دلکش ؛ خوش نما ؛ عُمدہ ؛ خوش گوار ؛ دل آویز ؛ ایک خوش گوار تصویر بننے کے لیے کافی انوکھا اور خوبصورت ؛ تصویر کی جھلک دینے والا ؛ تصویری ؛ روشن اور جاذب توجہ تصورات کا ہجوم ؛ ارتسامی ۔

picture tube, kinescope, n. منفی شعاعی نلی ، جو ٹیلیوژن اسکرین پر تصویریں بناتی ہے ۔

picture window, n. ایک بڑی کھڑکی جس کا صرف ایک پٹ ہو اور وہ ایک خوش گوار منظر کا چوکھٹا بناتی ہو ۔

picture writing, n. تصویری تحریر ؛ تصویروں یا تصویری علامات سے واقعات کا اندراج کرنے یا خیالات کا اظہار کرنے کا فن ؛ تصویری علامات جو کسی ریکارڈ یا پیغام کی تشکیل کرتی ہوں ۔

picul, n. [ملائی] پکول ؛ چین اور دوسرے مشرقی ممالک میں ایک پیمانہ/باٹ جو سو کیٹی یا $\frac{1}{3}$ ۱۳۳ پونڈوں کے برابر ہے ۔

piddle, v.i. ٹھونگنا ؛ معمولی اشیا کا کاروبار میں لگنا ؛ وقت یا توانائی ضائع کرنا ۔ (بول چال) پیشاب کرنا ؛ موتنا ۔ (فعل متعدی) ضائع کرنا ، عموماً آخر میں away آتا ہے (جیسے : to piddle away time) ۔

piddling, a. غیر اہم ذرا ذرا سی باتوں یا چیزوں

کا دھندا/کاروبار ۔

piddock, n. برما صدفہ ؛ Pholas جنس کے دو صمامی بحری صدفیوں میں سے کوئی ایک جن کے طویل بیضوی گھونگھے ہوتے ہیں جو اکثر پتھریلی زمین ، لکڑی یا چکنی مٹی میں دبے ہوئے پائے جاتے ہیں ۔

pidgin, n. پجن ؛ ایک مخلوط زبان جو مختلف زبانوں کے بولنے والوں کے درمیان ابلاغ کے لیے وضع کی گئی ہو اور اس کے نتیجے میں دو زبانوں کے لب و لہجے ، قواعد اور لغت میں سادگی اور اختلاط پیدا ہو گیا ہو ۔

pidgin English, Pidgin English, n. پجن انگریزی ؛ ان متعدد مخلوط زبانوں میں سے کوئی ایک جو انگریزی زبان پر مبنی ہیں اور چین ، ملیشیا ، مغربی افریقہ اور شمالی آسٹریلیا کے حصوں میں دیسی باشندوں اور انگریزی بولنے والوں کے درمیان استعمال ہوتی ہے ۔

pie, n. سموسہ ؛ کچوری ؛ گنجھیا ؛ پائی ؛ ایک یا دو تہوں والی پپڑی یا پیسٹری ، جس میں پھل ، گوشت یا کسی اور قسم کی کوئی مٹھائی بھری ہو ۔ (عوامی) کوئی چیز جسے عمدہ یا بآسانی مکمل کیا ہوا سمجھا جائے؛ بہترین ۔

pie, n. ہُدہد ؛ عقعق ؛ زاغِ صحرائی ؛ نیل کنٹھ ۔

pie, n., v.t. (طباعت) چھپائی ؛ چھاپنا ۔

piebald, a. چتکبرا ؛ اَبلق ؛ متنوع ؛ گونا گوں ؛ بوقلموں ؛ وہ جس پر سفید اور کالے یا کسی دوسرے رنگ کے دھبے یا چتیاں پڑی ہوں ؛ رنگ برنگ بندکیوں والا ؛ سیاہ دھبوں والا ۔ (اسم) کوئی بندکیاں پڑا ہوا یا دھبے دار جانور ، عموماً ایک گھوڑا ۔

piece, n. قطعہ ؛ لخت ؛ پارچہ ؛ پرزہ ؛ ٹوک ؛ بندوق ؛ نمونہ ؛ مہرہ ؛ کسی چیز کا ایک پرزہ یا ٹکڑا جسے کل سے جدا کیا گیا ہو (جیسے : a piece of cake) ؛ کوئی متعیّن مقدار یا حصہ یا کوئی ایسی چیز جس کا جداگانہ وجود سمجھا جائے (جیسے : a piece of writing paper) ؛ کسی گروہ ، سیٹ یا اسی طرح کے کسی مجموعے کی ایک چیز (جیسے : a piece of flatware)؛ ایک معیاری رقم یا لمبائی جس کے مطابق کوئی چیز تیار کی جاتی یا بیچی جاتی ہو (جیسے : a piece of muslin, a piece of work) ؛ ایک نمونہ یا مثال (جیسے : a fine piece of shooting) ؛ کوئی فن کارانہ یا ادبی تصنیف (جیسے : a piece of pottery) ؛ ایک سِکّہ ۔ (کھیل) ایک چھوٹی شے ، جیسے ایک ٹکیہ یا کوئی مجسمہ جسے کسی تختے یا اسی طرح کی کسی اور چیز پر گنتی کے لیے استعمال کیا جاتا ہو ۔ (شطرنج) کوئی مہرہ جو پیادے سے برتر ہو ۔ (عسکری) واحد آتشیں اسلحہ مثلاً بندوق ۔ (بولی) ایک مخصوص فاصلہ یا طوالت وقت (جیسے : just a piece up the road) ۔ (فعل متعدی) ایک ٹکڑے کے اضافے سے مرمت کرنا یا بڑا کرنا ؛ مل کر ایک ہو جانا یا شرکت کرنا ۔

a piece of one's mind, (بول چال) بیباکانہ تنقید یا سرزنش ۔

of a peice, of one piece, ایک ہی طرز کا ؛ یک دل و یک جان ۔

speak one's piece, اپنی آراء یا رویوں کا اعلان کرنا ۔

piecer, n. اپنی آراء یا رویوں کا اظہار کرنے والا ۔

piece-dye, v.t. رنگنا ، جیسے کپڑے کو بننے کے بعد ؛ سوت کو رنگنے سے مختلف ۔

piece-dyed, a. رنگا ہوا (بننے کے بعد) ۔

piece goods, yard goods, n. تھان ؛ ریزہ ؛ وہ مال جو تھان کے حساب سے یا لمبائی کے پیمانے سے بطور پارچہ جات بیچا جاتا ہے ۔

piecemeal, adv. تھوڑا تھوڑا ؛ سہج سہج ؛ ریزہ ریزہ ؛ چُور چُور ؛ ٹکڑے ٹکڑے ؛ ٹکڑوں میں ؛ بتدریج ۔ (صفت) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا یا ذرا ذرا سا ؛ جزواً جزواً ۔

piecework, n. ٹھیکے کا کام ؛ اجرتی کام ؛ وہ کام جس کی ادائیگی اکائی کے حساب سے یا ان اشیا کی مقدار کے حساب سے کی جائے جو پیدا کی جاتی ہیں ۔

piece worker, n. اکائی یا مقدار کے حساب سے کام کرنے والا ۔

pie chart, n. (شماریات) وہ مدوّر نقشہ جسے قُطروں کے ذریعے حصوں میں تقسیم کر کے انفرادی ذیلی حصوں کا تناسب ایک سلسلے یا کل کے ساتھ واضح کیا جائے ۔

pied, a. بوقلموں ؛ متنوّع ؛ بچ رنگا ؛ جزوی رنگین ؛ رنگا رنگ بنا ہوا ؛ چتکبرا/ابلق ؛ دھبّوں دار ؛ چتیاں پڑا ہوا دو یا زائد رنگوں میں (جیسے : pied fabric) ۔

piedmont, a سلسلۂ کوہ یا کوہ کے دامن میں واقع (جیسے : a piedmont plain, a piedmont glacier) ۔ (اسم) ایک خطہ جو سلسلۂ کوہ کے دامن میں واقع ہو ؛ پایۂ کوہ ؛ دامن کوہ ۔

pieplant, n (بولی) عام باغاتی ریوند چینی (Rheum rhaponticum) جو پائی میں استعمال ہونے کی وجہ سے اس نام سے موسوم ہے ۔

pier, n. پیل پایہ ؛ کھمبا ؛ گول ستون ؛ پایہ ؛ تھم ؛ ایک گھاٹ یا بند یا پُشتہ جو ستونوں یا لکڑی کے ان لٹھوں پر بنا ہُوا ہو جنھیں ساحل سے دریا کے پانی تک لے جایا گیا ہو اور جسے جہازوں کے لیے اترنے کی جگہ یا ایک تفریحی رقبے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ پانی کو روکنے کے لیے ایک جگہ/آب روک یا گودی ؛ کسی پل کو سہارا دینے کے لیے کوئی محراب یا کسی قسم کے تعمیری مسالے سے بنی ہوئی کوئی عمارتی وضع ؛ ایک بڑا مربع ستون یا لمبا لکڑی کا لٹھا ؛ پھاٹک کی تھونی ؛ کسی دیوار میں دو دروں کے درمیان کوئی ٹھوس حصہ ۔

pierce, v.t. بیندھنا ؛ سال کرنا ؛ گانسنا ؛ سالنا ؛ برمانا ؛ چبھونا ؛ کسی نوک دار آلے یا اسی طرح کی کسی اور چیز سے اندر یا آر پار داخل ہونا یا گھسنا ؛ کسی کے اندر ایک سوراخ یا شگاف کرنا ؛ کسی کے اندر یا آر پار برمانا ؛ چھیدنا ؛ اندر کی طرف یا آر پار زبردستی داخل ہونا یا راستہ بنانا (جیسے : to pierce a wilderness) ؛ نظر یا ذہن کے ساتھ داخل ہونا ؛ کسی چیز پر نظر ڈالنا یا اس کی حقیقت کو سمجھنا ؛ کسی شدید احساس یا جذبے سے سخت متأثّر ہونا ، جیسے سردی ، درد یا رنج سے ؛ داخل ہونا یا تیزی کے ساتھ پار کر جانا (جیسے : A cry pierced the air) ۔ (فعل لازم) کسی چیز کے اندر یا آر پار زبردستی داخل ہونا یا راستہ بنانا ؛ دخول کرنا ۔

piercing, a. چُبھنے والی ، باریک تیز آواز ، تیکھی آواز (جیسے : a piercing whistle) ۔

piercingly, adv. سرایت کرتے ہوئے ؛ چیرتے ہوئے وغیرہ ۔

pier glass, n. ایک قدآور اونچا آئینہ ، بالخصوص وہ جو دو کھڑکیوں کی درمیانی جگہ کو پُر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا

کچے لوہے سے ڈلے ڈھالنے کے سانچوں پر مشتمل ہو۔

pigboat, n. (عوامی) ایک آبدوز کشتی۔

pigeon, n. کبوتر ؛ قُمری ؛ فاختہ ؛ دنیا بھر کا سینکڑوں انواع رکھنے والا پرندہ ؛ فاختہ خاص طور پر اس قبیلے کی ایک پالتو رکن ہے ، جو پہاڑی فاختہ یا پالتو کبوتر کی متعدد اقسام میں سے ایک ہے۔ (مجازاً) سادہ لوح یا دھوکا کھانے والا۔

pigeon breast, pigeon chest, chicken breast, n. (امراضیات) کوز سینہ ؛ سینے کی ایک خلقت ناقص جس میں سینے کی ہڈی اور اس کے خطے کا ایک غیر معمولی بڑھاؤ ہوتا ہے جس کے ساتھ کساح کی بیماری ہوتی ہے۔

pigeon hawk, n. ایک چھوٹا شمالی امریکی شاہین یا باز Falco columbarius columbarius جس کے بازو نوک دار ہوتے ہیں ، نر نیلاہٹ مائل بھورے رنگ کا ہوتا ہے ، اس کی دم پر اوپر کی طرف ایک چوڑی سیاہ پٹی ہوتی ہے۔ دیکھیے : merlin ۔

pigeonhearted, a. کم ہمت ؛ ڈرپوک ؛ بزدل ؛ بہ آسانی دہشت زدہ۔

pigeon hole, n. دڑبا ؛ کبوتر خانہ ؛ کابک ؛ ان بہت سے چھوٹے چھوٹے خانوں میں سے کوئی ایک جو ایک چھوٹی ڈیسک الماری یا اس جیسی کوئی اور چیز میں ہوں اور سامنے سے کھلے ہوئے ہوں اور خطوط یا کاغذات رکھنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہوں ؛ کبوتروں کے اندر جانے اور باہر آنے کے لیے ایک سوراخ کبوتر خانے میں ؛ کبوتروں کے لیے گھونسلہ بنانے کو ایک کُنج ۔ (فعل متعدی) خانے میں رکھنا یا فائل کرنا ؛ مابعد حوالے کے لیے ایک مناسب جگہ پر رکھنا ؛ کسی باقاعدہ نظام میں ایک متعین جگہ رکھنا ؛ علیحدہ رکھ دینا ، بالخصوص نظر انداز یا فراموش کرنے کے لیے۔

pigeon pea, n. (نباتیات) ارہر ؛ ایک قیمتی پھلی دار جھاڑی Cajanus cajan جو گرم علاقوں میں وسیع پیمانے پر کاشت کی جاتی ہے ، اس کی پتیاں سہ برگہ اور اس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور وہ اپنے بیجوں کے لیے کاشت کی جاتی ہے ، جو انسانی غذا اور جانوروں کے چارے میں کام آتے ہیں ؛ ارہر کی دال۔

pigeon-toed, a. کبوتر پا ؛ وہ جس کے انگوٹھے یا پاؤں اندر کی طرف مڑے ہوئے ہوں۔

pigeon wing, n. برف پر اسکیٹ کرنے کے دوران کبوتر نما پروں والا شخص ؛ نمایشی رقص کا ایک قدم جس میں جست اور ہوا میں پاؤں سے ٹھوکر ایک ساتھ لگائی جاتی ہے۔

pigfish, n. خنزیر مچھلی ؛ غرانے والی مچھلی ؛ ریاست ہائے متحدہ امریکا کے جنوبی بحر اوقیانوس کے ساحل پر پائی جانے والی ایک خوردنی مچھلی۔

piggery, n. (زیادہ تر برطانوی) خنزیر خانہ ؛ وہ جگہ جہاں سور رکھے جاتے ہیں ؛ سور باڑہ ؛ سور احاطہ۔

piggin, n. (برطانوی بولی) دوہینی ؛ ڈول نما لکڑی کا چھوٹا برتن جس میں کھڑا دستہ لگا ہوتا ہے ، دودھ دوہنے کے لیے اور اُسی سے پینے کے لیے۔

piggish, a. خنزیری ؛ خودسر ؛ ضدی ؛ کمینہ ؛ سور کی طرح یا اس کے لیے موزوں ، خنزیر نما ؛ لالچی ؛ خود غرض ؛ ناپاک ؛ غلیظ۔

piggishly, adv. خُود غرضی سے ؛ کمینے پن سے۔

piggishness, n. کمینہ پن ؛ خود غرضی ؛ خوک وشی۔

ہے۔

Pierrot, n. پائراٹ ؛ فرانسیسی چُپ سوانگ میں ایک مثالی کردار جس کا چہرہ سفید کیا ہوا اور لباس سفید ڈھیلا ڈھالا اور سجاوٹ کے بغیر ہوتا ہے۔ (چھوٹے p سے) اس طرح بنایا ہوا بہروپی رقّاص یا مسخرا۔

pier table, n. ایک خاص قسم کی آرایشی یا نچلی میز جسے دو کھڑکیوں کی درمیانی جگہ پُر رکھنے کے لیے بنایا جاتا ہے، جو اکثر ایک دیواری آئینے کے نیچے لگی ہوتی ہے۔

pieta, n. (بعض اوقات بڑے P سے) کنواری مریم کا ایک نقش رنگین یا مجسمہ جس میں وہ بیٹھی ہوئی اور حضرت مسیح کی نعش کو اپنے بازوؤں میں یا گھٹنوں پر سہارا دے رہی ہوتی ہیں۔

Pietism, n. تحریک تقویٰ ؛ سترھویں صدی کی ایک تحریک جو جرمنی کے لوتھری گرجاؤں میں شروع ہوئی : اس میں رسومات کے مقابلے میں ذاتی محسوسات پر زور دیتے تھے۔ (چھوٹے p سے) مذہبی جذبات پر زور ؛ پرستش ، تقویٰ کا مبالغہ یا اس کی نمایش ؛ ریاکاری۔

Pietist, n. تحریکِ تقویٰ کا حامی۔

pietistic, pietistical, a. تحریکِ تقویٰ سے متعلق۔

pietistically, adv. اظہار تقویٰ کے طور پر۔

piety, n. خدا پرستی ؛ خدا ترسی ؛ سعادت مندی ؛ زہد ؛ تقویٰ ؛ نیک ہونے کی کیفیت یا واقعیت ؛ خدا یا ایک بزرگ و برتر ہستی کی تعظیم و تکریم ؛ مذہبی فرائض کے ساتھ وفاداری کا لحاظ ؛ ریاضت و عبادت ؛ والدین یا دوسروں کے لیے فرض شناسانہ احترام یا لحاظ ؛ کوئی نیک عمل ، قول ، عقیدہ وغیرہ۔

piezoelectricity, n. داب برق ؛ وہ برق جو دباؤ سے پیدا کی جاتی ہے ، جیسے کوارٹس بلور کے محور کے ساتھ۔

piezoelectric, a. داب برقی۔

piezoelectrically, adv. داب برقی طور پر۔

piezometer, n. دباؤ پیما ؛ فشار پیما ؛ ایک آلہ جس سے داب پذیری اور دباؤ ، بالخصوص بہت اونچے دباؤ کو ناپا جاتا ہے۔

piffle, n. (بول چال) احمقانہ گفتگو یا تحریر ؛ بے معنی۔ (فعل لازم) (بول چال) بیہودہ انداز میں گفتگو یا بکواس ہونا ؛ ہرزہ سرائی ہونا۔

pig, n. سور ؛ خوک ؛ خنزیر ؛ جوان سور (نر و مادہ) ؛ وسعت کے ساتھ کوئی بھی عام سور یا خصی سور (جنگلی یا پالتو) ؛ سور کا گوشت جسے کھانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ (بول چال) ایک آدمی یا جانور جس کا کردار یا جس کی عادتیں سور جیسی ہوں (جیسے : being a pig at the table) ۔ (فلزیات) دھات ، بالخصوص لوہے کا ایک لمبا لٹھا ، جسے ایسی حالت میں جب کہ وہ پگھلی ہوئی دھات تھا کسی مٹی کے سانچے وغیرہ میں ڈھال لیا گیا ہو ؛ اس قسم کے دھاتی ڈلوں کے لیے سانچوں میں سے کوئی ایک دھات؛ اس قسم کے ڈلوں کی شکل میں ، بالخصوص پگ آئرن/لوہے کے ڈلے۔ (فعل لازم) سور کا بچے پیدا کرنا ؛ پڑے ہوئے ہونا یا آپس میں مل کر ٹھسے ہوئے ہونا ؛ سوروں کی طرح رہنا۔

pigit, (برطانوی) سوروں کی طرح رہنا ؛ بالخصوص آپس میں مل کر یا خراب حالات میں گھس گُھسا کر۔

pigbed, n. (فلزیات) ڈھال تلا ؛ مٹی کی ایک موٹی تہ جو

piggyback, adv, a. باربردوش ؛ پیٹھ یا کندھوں پر ایک گٹھڑی کی طرح ؛ کندھوں یا پیٹھ پر دونوں طرف لٹکا ہوا ۔ نیز : pick a back ۔ ایک مال بردار کی دوسرے مال بردار کے ذریعے نقل و حمل کے متعلق (جیسے : truck trailers or automobiles travelling piggyback on rail road flatcars) ۔

piggy bank, n. بچت خانہ ؛ گولک ؛ سِکّے جمع کرنے کے لیے سور کی شکل کا ڈبہ ؛ کوئی بھی سِکّے جمع کرنے کا ڈبہ ۔

pigheaded, a. احمق ؛ گاؤدی ؛ بیوقوف ؛ احمقانہ طور پر ضِدی ؛ گُمراہ ؛ ہٹیلا ؛ سرکش ۔

pigheadedly, adv. بیوقوفی سے ؛ ضدی پن سے ؛ احمقانہ طور پر ۔

pigheadedness, n. احمقانہ پن ؛ ہٹیلا پن ۔

pig iron, n. ڈلا لوہا ؛ کچا ، ناصاف لوہا جسے مستطیل ڈلوں میں ڈھال لیا گیا ہو ، یہ ڈلے پگ کہلاتے ہیں ؛ کچا لوہا ایک مواد کی حیثیت سے ، خواہ پگھلا ہوا ہو ، خواہ ڈلوں/پگوں میں ہو ۔

pig lead, n. ڈلا سیسہ ؛ سیسہ (ڈلوں یا پگوں کی شکل میں) ۔

pigment, n. صبغہ ؛ رنگ ؛ روغن ؛ رنگنے والا مواد یا جوہر ؛ خاص طور پر خُشک جوہر ، عموماً پسا ہوا سفوف ، جسے اگر ایسے مائع میں ملایا جاتا ہے جس میں وہ کسی قدر ناقابل حل ہوتا ہے تو وہ پینٹ بن جاتا ہے ؛ روشنائی یا اس کی طرح کا ۔ (حیاتیات) کوئی جوہر جس کی موجودگی جانوروں یا پودوں کے نسیجوں یا خلیوں میں انھیں رنگ دار کر دیتی ہے ۔ (فعل متعدی) رنگنا ؛ رنگ کرنا ؛ رنگ دینا ۔

pigmentary, a. رنگ دار ؛ صبغہ دار ۔

pigmentation, n. (حیاتیات) رنگنے والے جوہر سے رنگنے کا عمل یا اس کی انداخت ، بالخصوص جِلدی رنگ کی بہت زیادہ انداخت ۔

Pigmy, a. دیکھیے : Pygmy ۔

pignut, n. جوزِ ارضی ؛ مونگ پھلی ؛ امریکی اخروٹ (Carya glabra) جو ایک شمالی امریکی درخت ہے ، اس کا جوز ؛ خوردہ درخت ؛ ایک یورپی پودے Conopodium denudatum کی گٹھلی/بصلہ جو سؤروں کو کھلائی جاتی ہے ۔

pigpen, n. سور باڑا ؛ چاروں طرف سے بند رقبہ عام سؤروں یا خصی سؤروں کے لیے ؛ ایک خنزیر خانہ ۔ نیز برطانوی: piggery ۔ (مجازاً) کوئی بھی گندی جگہ ۔

pigskin, n. عام سور یا خصی سور کی کھال ؛ اس سے بنایا ہوا چمڑا ۔ (بول چال) فٹ بال ؛ گھڑ دوڑ کے سوار کی زین ۔

pigstick, v.i. گھوڑے پر سوار ہونے کی حالت میں جنگلی سور کا شکار ہونا اور اس کا نیزے سے مارا جانا ۔

pigsticker, n. جنگلی سور کا نیزے سے شکار کرنے والا گھڑ سوار ؛ نیزے باز شکاری ۔

pigsticking, n. سور کا نیزے سے شکار کرنے کا عمل ۔

pigsty pigpen, n. سور خانہ ؛ سوروں کے لیے ایک باڑا ۔

pigtail, n. بالوں کی ایک کسی ہوئی چوٹی ؛ لپٹے ہوئے تمباکو کا بنڈل یا رسّہ ۔

pig-tailed, a. گندھے ہوئے بالوں کی چوٹی والی ۔

pigweed, n. خرفیہ ؛ جنس گل سدا بہار میں ، بالخصوص Amaranthus retroflexus خاندان کی جھاڑیوں میں سے کوئی ایک ؛ خرفہ خاندان کے بعض ارکان میں سے کوئی ایک ۔

pika, n. خرگوش بے دُم ؛ متعدد چھوٹے میمل جانور جو خرگوشوں سے تعلّق رکھتے ہیں اور شمالی نصف کرے کے الپائن خطوں میں رہتے ہیں ،ان میں سے کوئی ایک ، جیسے شُمالی امریکا کے Ochotona princeps ۔

pike, n. کانٹا مچھلی ؛ ان متعدد اقسام کی بڑی ، چھریرے بدن والی ، بسیار خور ، تازہ پانی میں رہنے والی مچھلیوں میں سے کوئی ایک ، جن کی جنس Esox ہے اس کی تھوتھنی لمبی ہوتی ہے ، بالخصوص شُمالی نصف کُرہ کی E.lucius ؛ کوئی بھی ایسی مچھلی ۔

pike, n. ایک شاہراہ جس کے استعمال کے لیے محصول ادا کیا جاتا ہے ؛ محصول جسے چنگی کے پھاٹک پر ادا کیا جاتا ہے ۔

pike, n. بلم ؛ برچھی ؛ نیزہ ؛ بھالا ؛ ایک لمبا عصا جس کا نکیلا سر لوہے یا فولاد کا ہوتا ہے ، جسے اگلے زمانوں میں پیادہ فوج کے ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا ۔ (فعل متعدی) گھونپنا ؛ زخمی کرنا یا مار ڈالنا ، نیزے سے یا نیزے کی طرح سے ۔

pike, n. ایک تیز نوک ؛ نیزا یا بھالا ؛ کسی بھی چیز کا نوک دار سرا ، جیسے کسی تیر یا برچھی کا ۔ (برطانوی بولی) کسی پہاڑی یا پہاڑ کی نوک دار چوٹی یا کوئی پہاڑی یا پہاڑ جس کی چوٹی اس قسم کی ہو ۔

pikeman, n. بلم بردار ؛ نیزہ بردار ؛ نیزہ دار ؛ ایک پیادہ سپاہی جو ایک بھالے سے مسلح ہو ۔

pikeperch, n. نیزا ماہی ؛ خار ماہی خاندان کی نیزا نما متعدد قسم کی مچھلیوں میں سے کوئی ایک ، جیسے Stizostedion vitreum ؛ شمالی امریکا کی اندھی نیزا نما مچھلی ۔ دیکھیے : pike ۔

piker, n. (عوامی) وہ جو ایک محتاط طریقے پر چھوٹے پیمانے کا جوا کھیلتا ہے یا سٹہ لگاتا ہے ؛ وہ شخص جو کوئی کام ذلت آمیز حد تک ادنیٰ اور گھٹیا طریقے سے کرتا ہے ۔

pikestaff, n. بلّم ؛ بھالا ؛ ایک نیزے کا ڈنڈا ؛ ایک لمبا عصا جس کے نچلے سرے پر ایک ترشولی شام چڑھی ہوئی ہوتی ہے ، ایک زمانے میں پیدل مسافر ایسا عصا یا لاٹھی لے کر چلتے تھے ۔

pilaf, pilaff, pilau, n. [اردو] 'پلاؤ' ؛ ایک مشرقی کھانا جو گوشت یا سبزی کی یخنی میں ابلے ہوئے چاولوں پر مشتمل ہوتا ہے، اس میں ذائقے کے لیے مسالے بھی ڈالے جاتے ہیں اور اکثر بکرے یا مرغی کا گوشت اس میں شامل کیا جاتا ہے ۔

pilaster, n. ستونچہ ؛ دیواری ستون ؛ ایک عمارتی خصوصیت ، ایسے مستطیل ستون یا کھمبے کی شکل میں جو کسی دیوار سے باہر نکلا ہوا ہو اور اس دیوار کا حصہ ہو ۔

pilchard, n. خوردنی مچھلی سارڈین(Sardina) ، جو ہیرنگ مچھلی سے مشابہ مگر اس سے چھوٹی ہوتی ہے ، وہ خاص طور پر بحیرۂ روم اور یورپی اوقیانوسی سمندروں میں پائی جاتی ہے ؛

ایسی مچھلیوں میں سے کوئی جو شمالی امریکا کے مشرقی اور مغربی ساحلوں پر پائی جاتی ہیں ۔

pile, n. نوکدار بَلّی ؛ تُکّا ؛ایک بھاری لکڑی یا عمارتی لکڑی کا شہتیر ، جو عموماً نچلے سرے پر نوک دار ہوتا ہے ، اسے عمودی طور پر زمین یا دریا کی تہ میں گاڑا جاتا ہے تاکہ اسے کسی بالائی عمارت کو سہارا دینے یا کسی دیوار کا حصہ بنانے میں استعمال کیا جائے ؛ گولا ؛ کوئی کھمبا یا عمودی رُکن ، جیسے لوہے یا کنکریٹ کا بنا ہوا اسی طرح مستعمل ۔ (نقابت) ڈھال کے سرے سے آگے نکلا ہوا پھانے کی شکل کا پہلو جس کا نوک دار سرا نیچے کی طرف ہوتا ہے ۔ (تیر اندازی) بے دھار کا سرا ۔ (فعل متعدی) نوکدار بَلّیوں سے مستحکم کرنا ؛ سہارا دینا یا فراہم کرنا ؛ نوکدار بَلّیاں گاڑنا ؛ گولا گاڑنا ۔

pile, n. تودہ ؛ ڈھیر ؛ انبار ؛ چٹّا ؛ تھاک ؛ ایک پر ایک رکّھی ہوئی اشیا کا مجموعہ ؛ کسی مواد کا کوئی ڈھیر (کسی اونچائی تک) ؛ ایک انبار ؛ قربانی کی چتا ؛ ایک بہت اونچا یا بڑا ڈھانچا ، عمارت یا عمارتوں کی قطار ۔ (بول چال) کسی چیز کی ایک بڑی تعداد ، مقدار یا گنتی ؛ ایک بڑا اجتماع زر ۔ (طبیعیات) ایک متعاملہ ؛ تعامل گر ۔ (برق) دو مختلف دھاتوں ، مثلاً تانبے اور جست کی پلیٹوں کا ایک سلسلہ ، جنھیں یکے بعد دیگرے اس طرح مرتب کیا گیا ہو کہ ہر دو مختلف پلیٹوں کے درمیان تیزاب کے محلول میں نم کیا ہوا کپڑا یا کاغذ رکھا گیا ہو تا کہ برقی رو پیدا ہو سکے ۔ (فعل متعدی) کسی انبار میں رکھنا یا اس میں سے نکالنا (اکثر up کے ساتھ) ؛ جمع کرنا یا انبار لگانا (up کے ساتھ)؛ ایک ڈھیر سے ڈھانپنا یا ایک ڈھیر یا ڈھیروں کو لادنا ؛ پاٹنا؛ بھرنا ؛ معمور کرنا ؛ ڈھیر لگانا؛ انبار یا تھاک لگانا ۔ (فعل لازم) کسی انبار یا انباروں میں جمع ہونا یا ان میں سے اوپر اٹھنا ، جیسے برف؛ جمع ہونا یا بڑھنا ، جیسے زرِسود ، قرضوں یا شہادتوں کا؛ ایک ساتھ مل کر اور کم و بیش بے ترتیبی سے چلنا (down, off, into, in کے ساتھ) ۔

pile, n. ریشہ؛ رُواں ؛ بال ؛ نرم نفیس بال یا روئیں؛ اون ؛ پشم ؛ سمور یا چوپائے کے بال ؛ کسی کپڑے کا رُواں ، بالخصوص ویسا نرم گھنا رواں جیسا کہ مخمل ، پلوش اور بہت سے قالینوں پر ہوتا ہے ؛ کوئی بھی روئیں دار کپڑا ، قالین یااسی قسم کا کوئی اور پارچہ ملائم بال ۔

piled, a. رُواں دار ؛ ملائم ۔

pile, n. بواسیر خونی ، مقعد پر ورم جس میں اکثر سوزش اور جریان خون ہوتا ہے ، وہ خون کی ایک رگ کے پھیل جانے سے بنتا ہے ؛ بواسیر کے مسّے ۔

pileated, pileate, a (طیوریات) کلغی دار ؛ کلاہی ؛ سر کی پشت پر ایک ٹوپی کی طرح کی بڑی کلغی رکھنے والا (جیسے : a pileated wood pecker) ۔ (نباتیات) کلاہی (جیسے : The mushroom) ۔

pile driver, n. بلّی ٹھوک ؛ نوکدار بَلّیوں کو گاڑنے کی کوئی مشین یا آلہ یا بھاپ کا ہتھوڑا یا ایک بھاری وزن ، جسے ایک بلندی سے بَلّی کے سر پر گرایا جاتا ہے ۔

pileum, n. (طیوریات) ایک پرندے کے سر کی پوری چندیا ، چونچ کی اساس سے لے کر گُدّی تک ۔

pileus, n. (نباتیات) کُلاہ چتر ؛ ٹوپی یا ٹوپی کی طرح کا ایک حصہ، جیسے ایک کھمبی کا ؛ ایک قسم کی کھوپڑی کی ٹوپی، نمدے کی بنی ہوئی ، جسے قدیم زمانے کے رومی اور یونانی پہنا کرتے تھے ۔

pilewort, fireweed, n. (نباتیات) مامیران خرد ؛ ایک مرکب خاندان کی شمالی امریکی جڑی بوٹی Erechtites hieracifolia جس میں برش کی شکل کے پھولوں کے گچھے لگتے ہیں جن میں ریشے نہیں ہوتے اور جنگلوں میں خالی کردہ علاقوں یا جلے ہوئے رقبوں میں پائی جاتی ہے ۔

pilfer, v.t., v.i. اَچک لینا ؛ اٹھا لینا ؛ اٹھائی گیری کرنا ؛ انٹی بازی کرنا؛ چھوٹی چھوٹی مقداروں میں چوری کرنا؛ خفیف چوریوں کا پیشہ کرنا ۔

pilferage, n. چوری ؛ چوٹّا پن ۔

pilferer, n. چور؛ چوری کرنے والا شخص ۔

pilgarlic, n. بے کس یا غریب آدمی؛ وہ شخص جس پر بطور استہزا اظہارِ غم کیا جائے ۔ (متروک) گنجا آدمی ۔

pilgrim, n. زائر؛ مسافر ؛ جاتری ؛ حاجی ؛ وہ شخص جو سفر کرتا ہے ، بالخصوص ایک طویل فاصلے کا سفر ، کسی متبرک مقام کے لیے ، بطور ایک عبادت کے ؛ ایک مسافر یا جہاں گرد ، بالخصوص اجنبی ممالک کا ۔ (بڑے P سے) انگریز نوآباد کاروں میں سے کوئی ایک جنھوں نے ۱۶۲۰ء میں پلائی متھ میسا چوسٹیس کی نوآبادی قائم کی ۔ نیز : Pligrim Father ۔

pilgrimage, a. حج؛ زیارت؛ سفر ، خصوصاً طویل سفر جو عقیدت کے جذبے کے تحت کسی متبرک مقام کے لیے کیا جائے؛ طویل سفر، خصوصاً متبرک مقام کی زیارت کے لیے ۔ (فعل لازم) حج پر جانا ؛ زیارت کے لیے جانا ۔

piling, n. بہت سی نوکدار بَلّیاں بحیثیت مجموعی ؛ مختلف بلّیوں سے مرکب ایک بڑی ساخت یا تعمیر ۔

pill, n. ٹِکیا ؛ قُرص ؛ گولی ؛ حَب ؛ دوائی کے مواد سے بنی ہوئی ایک چھوٹی گولی (پوری نگلنے کے لیے) ۔ (مجازاً) کوئی ناخوش گوار چیز ، جسے قبول کرنا یا برداشت کرنا پڑے ۔ (عوامی) ایک ناپسندیدہ یا شرارتی شخص ۔ (کھیل ، عوامی) گیند ، بالخصوص گالف یا بیس بال کا گیند ۔ (فعل متعدی) گولیوں کی خوراک دینا ، گولیاں بنانا ۔ (عوامی) کالے گولے سے انتخاب کی نامنظوری ظاہر کرنا ۔

the pill, مانع حمل خوردنی گولی ۔

pillage, v.t. لوٹ کھسوٹ کرنا ؛ لوٹ مار کرنا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ لوٹنا ؛ اعلانیہ جارحیت سے روپیہ پیسہ یا مال چھین لینا ؛ لوٹ لینا ؛ مالِ غنیمت کے طور پر چھین لینا ۔ (فعل لازم) مالِ غنیمت حاصل ہونا ۔ (اسم) لوٹ لینے کا عمل ؛ وہ جو اعلانیہ جبر سے لیا جائے ؛ غارت گری ؛ تباہ کاری ۔

pillager, n. لٹیرا ؛ ڈاکو ، تاخت و تاراج کرنے والا شخص ۔

pillar, n. ستون ؛ لاٹھ ؛ منارہ ؛ تھم ؛ رُکن ؛ ٹیکن ؛ کھمبا ؛ ایک سیدھا عمودی ڈنڈا یا ساخت ، اینٹوں یا کسی اور تعمیری مسالے سے بنا ہوا، اپنی بلندی کے مقابلے میں نسبتاً چھریرا اور تراش کے اعتبار سے کسی بھی شکل میں بنایا گیا ، سہارا دینے کے لیے یا کسی یادگار کے طور پر تنہا ایستادہ؛ کوئی بھی چیز جو اس کے

ہم شکل یا ہم کار ہو؛ کوئی شخص جو کسی مملکت ، ادارے یا مقصد کا سرپرست اعلیٰ ہو؛ کوئی شخص ، اصول یا حقیقت جو کسی چیز کی پشت پر ہو۔ (فعل متعدی) ستون مہیا کرنا یا ستونوں سے سہارا دینا۔

from pillar to post, کسی ایک صورت حال سے کسی دوسری صورت حال کی طرف ؛ ادھر سے اُدھر۔

pillar box, pillar post, n. (برطانوی) پوسٹ بکس ؛ ایک چھوٹا اندر سے خالی ستون جسے ایک عامتہ الورود جگہ پر نصب کیا گیا ہو اور جس کے اندر ایک ایسا ظرف رکھا ہو جس میں باہر سے ڈالی ہوئی ڈاک اُس وقت تک جمع ہوتی رہے جب تک ڈاکیہ اسے نکال کر نہ لے جائے۔

pillbox, n. گولی خانہ ؛ ایک صندوق ، گولیاں رکھنے کے لیے ؛ ایک چھوٹا کنکریٹ کا بنا ہوا بلاک خانہ ، جیسا کہ اگلے زمانوں میں یورپ کے اندر مشین گن رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ؛ ایک چھوٹا گول شکل کا ہیٹ جس میں جھالر نہ ہو ، بالخصوص اس قسم کا ہیٹ عورتوں کے لیے۔

pillbug, n. (حیوانیات) متعدد اقسام کے زمینی یکساں پائے (Sopods) بالخصوص آرمیڈیلو (Armadillo) جنس کے جو اپنے آپ کو گول مول کرکے ایک چھوٹی سی گیند بنا لیتے ہیں ، اُن یکساں پایوں میں سے کوئی ایک۔

pillion, n. پلیون ؛ ایک تکیہ یا گدا جو گھوڑے پر زین کے پیچھے دوسرے سوار ، بالخصوص کسی عورت کے لیے رکھا جائے ؛ ایک موٹرسائیکل پر ڈرائیور کے پیچھے بیٹھنے کے لیے ایک زائد نشست ۔ (متعلق فعل) پلیون پر ، جیسے پلیون پر بیٹھنا۔

pillory, n. پلوری ؛ شکنجہ ؛ چوکھٹا ؛ لکڑی کا ایک چوکھٹا جو کسی کھمبے یا بلّی پر بناتے ہیں جس میں سر اور ہاتھوں کو پھنسانے کے لیے سوراخ ہوتے ہیں ، کسی زمانے میں یہ چوکھٹا کسی مجرم کو اس طرح سزا دینے کے لیے استعمال کرتے تھے کہ اُسے اوپر لٹکا کر عوام الناس کی نفرت و لعنت کا نشانہ بناتے تھے ۔ (فعل متعدی) پلوری /چوکھٹے میں رکھنا ؛ عوامی تمسخر یا نفرت و حقارت کا شکار بنانا۔

pillow, n. تکیہ ؛ ٹیکن ، بالش ، گیندوا ؛ سونے یا آرام کرنے کے دوران سر کو سہارا دینے کے لیے تکیہ ، بالخصوص ایک تھیلا یاغلاف جو پروں ، روئی ،اسفنج ،ربڑ یا کسی دوسرے نرم مواد سے بھرا ہوتا ہے ؛ ایک سجاوٹی تکیہ ؛ ایک تکیہ یا گدا جیسے وہ تکیہ جس پر تکیے کا فیتا ٹکا ہوا ہو ؛ ایک سہارا دینے والا ٹکڑا یا حصہ ، جیسے وہ بلاک جس پر جہاز کے ایک شہتیر کا اندرونی سِرا سہارا لیتا ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) آرام کرنا کسی تکیہ پر ؛ تکیوں پر سہارا دینا ؛ کسی کے لیے تکیہ کا سہارا دینا۔

pillow block, n. (مشین) فولاد کا ایک بلاک یا اسی قسم کی کوئی ایجاد جو ایک سرِ محور یا دُھرے کو سہارا دینے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

pillowcase, pillowslip, n. تکیے کا غلاف ؛ چڑھنے اُترنے کے قابل ، عموماً سوتی غلاف جو تکیے پر چڑھا ہوا ہو۔

pillow lace, bobbin lace, n. تکیہ لیس ؛ پھرکی جالی؛ بابن لیس ؛ ہاتھ سے بنا ہوا فیتہ جسے ایک چھوٹے تکیے یا گدے پر ، پھرکی کے ذریعے دھاگوں سے بناتے ہیں۔

pillow sham, n. تکیہ پوش ؛ ایک سجاوٹی غلاف کسی ایسے بستری تکیہ پر بچھا ہوا ، جو زیرِ استعمال نہ ہو۔

pilose, a. روئیں دار ؛ ایسے بالوں سے ڈھکا ہوا جو عموماً نرم و نازک اور روئیں دار ہوتے ہیں۔

pilosity, n. روئیں داری۔

pilot, n. جہازران ؛ طیّارہ باز ؛ طیارچی ، ہوا باز ؛ رہبر ؛ کسی ہوائی جہاز یا خلائی جہاز کو چلانے والا ؛ وہ شخص جو بحری جہاز کو بندرگاہوں میں لے جانے اور وہاں سے نکالنے اور خطرناک پانیوں میں چلانے کی قابلیت رکھتا ہو اور عموماً اس کام کے لیے سند یافتہ ہو ؛ جہاز کا پتوار چلانے والا ؛ رہنما ؛ ہدایت‌کار ؛ پیشرو ۔ (مشین) اُس اوزار یا مشین کا کم تر حصہ جو ایک مختلف یا زیادہ بڑے حصے کی عملیت کی رہنمائی کرتا ہے ۔ (ریلوے) انجن کا چھاج ۔ (فعل متعدی) کسی جہاز کے رہنما کی حیثیت سے کام کرنا ؛ خطرات یا مشکلات سے نکال کر لے جانا ۔ (صفت) کسی ایسی چیز کے متعلق جو رہنمائی کرتی ہو یا راستہ دکھاتی ہو (جیسے : a pilot model) ۔

pilotless, a. بے پائلٹ ؛ بے رہبر ؛ بلا جہازران ۔

pilotage, n. رہبری ، جہازرانی یا طیّارچی کا فن؛ بحری جہازوں یا ہوائی جہازوں کی رہنمائی کرنے کا پیشہ ، عمل یا صلاحیت ؛ رہنمائے جہاز کا مشاہرہ ؛ ہوائی جہازرانی،پڑتالی نشانات یا دیگر زمینی خدوخال کے حوالوں سے ۔

pilot balloon, track balloon, n. (موسمیات) پیشرو غبارہ ؛ ایک چھوٹا آزاد غبارہ جسے بلندی پر بھیج کر یہ مشاہدہ کیا جائے کہ ہوا کا رُخ اور اُس کی رفتار کیا ہے ۔

pilot biscuit, pilot bread, n. ایک قسم کے سخت بِسکُٹ یا سمندری ڈبل روٹی ۔

pilot burner, n. رہنمائے جہاز کی روشنی ۔

pilot engine, n. پیشروانجن ؛ ایک ریل کا انجن جسے ٹرین سے پہلے یہ دیکھنے کے لیے بھیجا جاتا ہے کہ راستہ صاف ہے یا نہیں ۔

pilotfish, n. پائلٹ مچھلی ؛ ایک سمندری مچھلی جس کے ساتھ اکثر شارک مچھلیاں بھی ہوتی ہیں ؛ ایک سفید مچھلی جو شُمالی امریکا کے سمندر میں پائی جاتی ہے ۔

pilothouse, n. (جہاز رانی) جہاز کے عرشے پر ایک احاطہ بند جگہ یا مکان جس کے زیرِ سایہ سُمت ران گیرہ ، رہنمائے جہاز یا پتوار چلانے والا ہوتا ہے ۔

pilot light, n. پیش لَو ؛ گیس کی ایک چھوٹی دھار جو مسلسل چلتی ہوئی چھوڑی جاتی ہے تاکہ بڑے یا معمولی گیس کے چولھوں کو حسبِ ضرورت جلایا جا سکے ۔

piltdown man, n. پلٹ ڈاؤن آدمی ؛ ایک فرضی آدمی جسے انسان کی قدیمی قسم سمجھا جاتا تھا اور اس کا وجود اُس کھوپڑی کے ٹکڑوں سے اَخذ کر لیا گیا تھا جو پلٹ ڈاؤن ، انگلستان میں۱۹۱۲ء میں دریافت ہوا اور ۱۹۵۳ء میں ظاہر ہوا کہ یہ جعل سازی تھی ۔

pilular, pillular, a. گولیوں سے متعلق ؛ گولی نما ؛ حَب نما ؛ قُرص نما ۔

pilule, pillule, n. قُرصک ؛ حَبِّ صغیر ؛ ایک چھوٹی گولی ۔

pima cotton, Pima cotton, pima, n. مصری کپاس ؛

عمدہ اور مضبوط روئی کی ایک قسم ، جسے مصری نسل سے پیدا کیا گیا ہے اور ابتداءً جنوب مشرقی امریکا میں اس کی کاشت کی گئی تھی ؛ وہ کپڑا جو اس روئی کے دھاگے سے بُنا جاتا ہے ۔

pimento, pimiento, n. فلفلِ شیریں ؛ امریکا کا ایک گرم علاقوں کا درخت Pimenta dioica ، جس کی چھوٹی ، ناپختہ بیریوں سے فلفلِ فرنگی تیار کی جاتی ہے ؛ فلفلِ فرنگی ؛ میٹھی مرچ۔

pimento cheese, pimiento cheese, n. پنیر شیریں ؛ ایک پنیر جو نیو شاٹل ، چیڈر اور کریم پنیروں کے ساتھ پسی ہوئی فلفل شیریں ملانے سے تیار کیا جاتا ہے ۔

pimeson,pion, n. (طبیعیات) ایک میسون جسے جوہری مرکزوں میں ایک بندشی قوّت تصوّر کیا جاتا ہے ، جس کی کمیّت برقیے کی کمیت کے مقابلے میں ۲۷۰ گُنا ہوتی ہے اور جو ایک سیکنڈ کے ۲۳ اربویں حصّے میں زوال پذیر ہو کر میومیسون اور نیوٹرینو میں تبدیل ہو جاتا ہے ۔

pimiento, n. دیکھیے : Pimento ۔

pimp, n. دلاّ ؛ دیوث ؛ بھڑوا ؛ دلاّل ؛ قرمساق ؛ وہ جو کسی طوائف کے لیے گاہک مہیا کرتا ہے ، عموماً اس طوائف کی کمائی میں سے ایک شرح فی صد کے حساب سے بدلے میں لیتا ہے ۔ (فعل لازم) دلالی کرنا ؛ طوائفوں کے لیے گاہک لانا ۔

pimpernel, scarlet pimpernel, poor man's weather glass, n. (نباتیات) مِسکیہ ؛ بسنتی گلاب کے خاندان سے ایک جڑی بوٹی Anagallis arvensis ؛ گلنار ، ارغوانی یا سفید پھول جو خراب موسم کی آمد پر بند ہو جاتے ہیں ۔

pimping, a. (بول چال) خفیف ، غیر اہم ، بے حقیقت ؛ کم زور یا روگی ، چھوٹا ، حقیر ، کم مایہ ؛ بیمارسا ؛ ناتواں ۔

pimple, n. پُھنسی ؛ ددوڑا ؛ مُہاسا ؛ دُنبل ، کِیل ؛ جِلد کا ایک چھوٹا سا ابھار یا ورم ، اساسی سوزش کے ساتھ ؛ چھالا ، پھوڑا ۔

pimpled, pimply, a. دنبلی ؛ پھنیلا ؛ مہاسوں بھرا ۔

pin, n. سوئی ؛ میخ ؛ چوب ، کیل ؛ آلپن ؛ پن ؛ کھونٹی ؛ دھات ، لکڑی یا اسی طرح کی کسی اور چیز کا ایک ٹکڑا جسے جدا گانہ اشیا کو ایک ساتھ باندھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے یا ایک سہارے کے طور پر استعمال ہوتا ہے ، جس پر چیزیں ٹانکی جا سکتی ہیں ؛ تار کا ایک چھوٹا ٹکڑا جس کا ایک سرا نوک دارہو اور دوسرا گول ہو ، جسے اکثر کپڑا یا کاغذ باندھنے کے لیے ایک تیار ذریعے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ کوئی بھی چیز،شکل و صورت یا استعمال میں پن کی طرح کی ، جیسے ایک بالوں کی پن یا کپڑوں کی پن ؛ ایک کھونٹی یا چٹخنی ؛ ایک سلاخ جو کسی مشین میں متصل پرزوں کو سہارا دینے کے لیے استعمال کی جائے ؛ ایک بَیج یا زیور جو کسی پن کے ساتھ وابستہ ہو ؛ کوئی ایسی چیز جس کی بالکل قدروقیمت نہ ہو ؛ ایک خفیف چیز ؛ تاروں والے آلۂ موسیقی میں ایک کھونٹی جو تاروں کے تناؤ کو کم و بیش کرتی ہے ؛ لکڑی کا ایک بڑا ڈنڈا جسے گیند سے کھیلے جانے والے یا اسی قسم کے دیگر کھیلوں میں بطور ہدف استعمال کیا جائے ؛ ایک چھوٹا جھنڈے کا پول ، گالف کے کھیل میں کسی سوراخ کی نشان دہی کرتا ہوا ؛ کُشتی میں گراؤ/چت ہو جانے کا عمل ۔ (جہازرانی) نصابِ پتوار ۔ (جمع ، بول چال) ٹانگیں ۔ (فعل متعدی) پن یا کسی قسم کی پنوں سے باندھنا ؛ کسی پن سے چھید کر جانا یا آر پار چھیدنا ؛ گرفت میں لینا ؛ مضبوطی سے پکڑنا ؛ کشتی میں چت کر دینا ۔ (بول چال) لٹکانا یا رکھنا (جیسے : he pinned his hopes on a final effort)۔

on pins and needles n. (عوامی) مضطرب ، پریشان یا بے چین ۔

pin down, n. کسی ارادے یا موقف کے متعلق فیصلہ کرنے یا اُسے ظاہر کرنے پر مجبور کرنا ۔

pin on, کسی کو الزام دینا ، جیسے کسی جرم کا ۔

pinaceous, a. (نباتیات) صنوبر کے خاندان Pinaceae کے سدا بہار ، سوزنی پتیوں والے درخت اور جڑی بوٹیاں بشمول صنوبر ، جھاڑ ، شمشاد ، دیودار سے متعلق ۔

pina cloth, n. انناسی کپڑا ؛ ایک نازک ، نرم ، شفّاف کپڑا جسے برگِ انناس کے ریشوں سے بنایا جاتا ہے ۔

pinafore, n ایک بچے کے لیے ایک بغیر آستینوں کا بالاپوش جو اُس کے گرد لپیٹا جاتا ہے اور اس کے کپڑوں کی حفاظت کرتا ہے ؛ عورت کا بغیر آستینوں کا لباس جو بلاؤز پر پہنا جاسکتا ہے ۔

pinaster, n. جَبلی صنوبر ؛ صنوبر کی ایک نوع Pinus pinaster جو یورپ کے جنوب میں اُگتی ہے ۔

pinata, n. ایک برتن یا مورتی ، عموماً مٹی کی بنی ہوئی چمک دار نقش و-نگار کے ساتھ ، جِس میں تحفے اور مٹھائیاں بھری ہوتی ہیں ، اُسے میکسیکو اور وسطی امریکا کے گھروں میں چھت سے لٹکا دیتے ہیں تاکہ کرسمس کی چھٹیوں کے موقع پر بچّے اسے توڑیں ۔

pinball, n. ایک میکانی کھیل جس میں ایک ذرا سی ڈھلواں سطح پر ایک اسپرنگ سے دھکیلی ہوئی گیند نیچے کی طرف لڑھکتی ہے ، اس سطح پر سوراخ بطور ہدف اور بہت سی رکاوٹیں ہوتی ہیں اور کھلاڑی کے لیے اس صورت میں جیتنے کے برقی اسکور درج ہوتے ہیں جب کہ گیند کسی سوراخ میں داخل ہو جائے یا کسی ہدف کو ضرب لگا دے ۔

pince-nez, n. ناک گیر ؛ عینک کے شیشوں کا ایک جوڑا جو اس طرح اپنی جگہ پر قائم رہتا ہے کہ ایک کمانی بانسے پر دونوں طرف سے دباتی ہے ۔

pincers, pincher , موچنا ؛ چمٹی ؛ عضو گیرہ ؛ زنبور ؛ ایک اوزار جس میں دو دستے اور کسی چیز کو گرفت میں لینے ، کھینچنے یا کترنے کے لیے جبڑے ہوتے ہیں ۔ (حیوانیات) ایک پکڑنے والا عضو ، جیسے کہ جھینگا مچھلی کا جبڑا ۔

pincerlike, n زنبوری حرکت سے متعلق ۔

pinch, v.t. نوچنا ؛ دبوچنا ؛ بکوٹنا ؛ پیٹ کاٹنا ؛ چُٹکی بھرنا ؛ انگلیوں ، دانتوں ، پنجوں یا کسی آلے کے حصوں کے درمیان بھینچنا ؛ دبانا یا مروڑنا پُر درد طریقے پر ؛ سُکیڑنا یا سمیٹنا ؛ سُکڑوانا یا سمٹوانا ، جیسے کسی درد سے یا دباؤ سے ؛ لمبا کروانا یا دبلا کروانا ؛ کوئی شدید جسمانی تکلیف دینا ، جیسے بھوک یا سردی سے ؛ روپے پیسے یا حالات کی تحدید کرنا ؛ نوچنا ۔ (عوامی) چُرانا ؛ گرفتار کرنا ۔ (مشین)

حرکت دینا ، جیسے کسی وزنی شے کو بیرم سے کام لے کر ؛ سمندر میں چلانا ، جیسے کسی کشتی کو سختی سے گھسیٹتے ہوئے لے جانا ۔ (فعل لازم) نچوڑنا یا دبانا درد انگیزی کے ساتھ ؛ چوٹ لگنا ؛ ناواجب کفایت شعاری کرنا ؛ کنجوس ہونا ۔ (کان کَنی) معدنی پرت یا کچ دھات کا ، گھٹتے گھٹتے ختم ہو جانا یا غائب ہو جانا ۔ (اسم) چُٹکی لینے کا عمل ؛ ایک چُٹکی یا مروڑ ؛ کوئی مواد چُٹکی بھر مقدار میں ؛ تھوڑی مقدار ؛ کوئی فوری ضرورت یا ہنگامی اہمیت کا وقت ؛ سختی ۔ (عوامی) گرفتاری ؛ چوری ۔

pinch pennies, n. بہت کفایت شِعار یا کنجوس ؛ کوڑیوں پر مہر ۔

pincher, n. چٹکی لینے والا ؛ کنجوس وغیرہ ۔

pinch bar, n. ایک قسم کا گدالا یا بیرم ، ایک بڑھاؤ کے ساتھ ، جو ٹیک آلے کا کام کرتا ہے ۔

pinchbeck, n., a. پیتل ؛ تانبے اور جست کا ایک آمیزہ جو سونے کے مشابہ ہوتا ہے اور بعض اوقات سستے زیور کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ کوئی چیز جو نقلی اور مصنوعی ہو ؛ تام جست ۔

pinchcock, n. چٹکی ؛ ایک شکنجہ ،کسی لچکدار نلکی/پائپ کو موڑنے کے لیے تاکہ اُس میں مائع کے بہاؤ کو باقاعدۂ کیا جا سکے یا روکا جا سکے ، جیسے ربڑ کی ٹیوب ۔

pinchers, n. دیکھیے : Pincers ۔

pinch hitter, n. (بیس بال) ایک بَدل جو کھیل کے کسی نازک موقع پر کسی کم زور یا کم قابل اعتماد بَلّے باز سے باری بدل لیتا ہے ؛ وہ شخص جو کسی دوسرے شخص کی جگہ لیتا ہے ، بالخصوص ہنگامی حالات میں ۔

pin curl, n. پِن لہریا ؛ ایک نم آلود لٹ جو کسی کلپ یا زنانہ پن کے ذریعے باندھی جائے ۔

pin cushion, n. پن گدی ؛ ایک چھوٹا سا تکیہ یا گدا جس میں پنیں محفوظ رکھتے ہیں ۔

pindaric, n. پنڈاری ؛ ایک غنائی نظم یونانی شاعرپنڈار کی نظموں کی طور پر ، جو تین حصوں یعنی سٹروفے ، ضد سٹروفے اور ایپوڈ پر مشتمل ہیں جن کے عروض پیچیدہ مگر باقاعدہ ہوتے ہیں ۔ نیز: Pindaric ode, regular ode ۔ (صفت) پنڈار کی غنائی نظموں کی طرز پر یا اُس کے انداز کا۔

pindling, a. (بولی) لاغر ؛ مریض ؛ نازک ۔

pine, n. صنوبر ؛ اسی نام کی جنس کا کوئی درخت یا جڑی بوٹی، جس میں سدا بہار ، سوزنی شکل کے پتے اور چوبی مخروطی پھل ہوتے ہیں ، اسے زیب و زینت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور اُس سے تارپین رال اور عمارتی شہتیر حاصل کیے جاتے ہیں ؛ ایسے کسی درخت کی لکڑی ۔ (بول چال) انَناس ۔

pinelike, a. صنوبر نما ۔

piny, piney, a. صنوبری ۔

pine, v.i. شِدّت سے اور درد بھرے دل کے ساتھ خواہش ہونا (اکثر for کے ساتھ) ؛ رنج ، افسوس یا چاہت کے باعث طاقت و صحت ضائع ہونا (اکثر away کے لاحقے کے ساتھ) ؛ کسی آرزو میں گُھلنا ؛ سوکھنا ؛ دبلا ہونا ؛ کڑھنا ۔ (فعل متعدی) (قدیم) تکلیف محسوس کرنا ۔

pineal, a. شکل میں ایک صنوبری مخروط کے مشابہ ۔ (تشریح الاعضا) صنوبری غدہ/جسم سے متعلق ۔

pineal body, pineal gland, n. صنوبری جسم ؛ صنوبری غدہ ؛ ریڑھ کی ہڈی والے حیوانات کے دماغ میں ایک چھوٹا ، عموماً مخروطی شکل کا جسم ، جو کوئی مسلمہ کام نہیں کرتا مگر جس کے متعلق یہ یقین کیا جاتا ہے کہ وہ کوئی آثاری حِس یا ہارمون زاعضویہ ہوتا ہے ۔

pineapple, pine, n. انناس ؛ گرم علاقوں کے ایک پودے کا خوردنی رس بھرا پھل جو ایک سنبلہ یا پھولوں کے شگوفے سے تشکیل پاتا ہے اور جس کے اوپر پتوں کا ایک تاج ہوتا ہے ؛ خود یہ پودا جس کا ایک ڈنٹھل چھوٹا اور پتے سخت ، کثیر خار ، حاشیے والے اور باز خمیدہ ہوتے ہیں ۔ (عسکری،عوامی) ایک انشقاقی دستی بم ، انناس کی شکل کا ۔

pinedrops, giant's birdnest, n. (نباتیات) ایک طفیلی اور غلاظت خور پودا جس کا پتوں کے بغیر ڈنٹھل اور چھوٹے سفید ، سرنگوں پھول ہوتے ہیں ، وہ شمال مشرقی ریاست ہائے متحدہ امریکا اور جنوب مشرقی کینیڈا کا مقامی ہے ۔

pinene, n. (کیمیا) پائنین ؛ ایک سیال ہم ترکیب تاربین جو روغن تارپین کا جزو اعظم ہوتا ہے اور دوسرے بنیادی روغنوں میں بھی واقع ہوتا ہے ۔

pine nut, n. صنوبری بادام ؛ ایک خوردنی صنوبری بیج جو خاص طور پر مغربی صنوبر Pinus edulis سے حاصل کیا جاتا ہے ، اُسے بھوننے اور نمک لگانے کے بعد پکانے میں استعمال کرتے ہیں ۔

pinery, n. صنوبر ستان ؛ صنوبر باغ ؛ ایک گرم پود گھر یا کھیت جس میں انناس اگائے جاتے ہیں ؛ ایک جنگل جہاں صنوبری درخت اگتے ہیں، بالخصوص تجارتی مقاصد کے لیے ۔

pinesap, n. (نباتیات) ایک طفیلی اور غلاظت خور ، بے پتوں کا پودا زرد یا سرخ آویزاں پھولوں کے ساتھ ، شمال مشرقی و شمالی امریکا کا مقامی ۔

pine siskin, pine finch, n. (طیوریات) صنوبری چڑیا ، صنوبری سہرہ ؛ ایک چھوٹی ، بھوری چڑیا برقش (Spinus pinus) جو شمالی امریکا میں پائی جاتی ہے، اُس کے پر دھاری دار ہوتے ہیں اور بازوؤں اور دم پر زرد نشانات ہوتے ہیں ۔

pine tar, n. صنوبری تارکول ؛ ایک گاڑھا کول تار جو صنوبری لکڑی سے حاصل کیا جاتا ہے اور چھتوں پر اور صابنوں کی صنعت ، رنگوں ، جلد کے متعدی امراض کے علاجوں ، دافع بلغم اور دافع تعدیہ دواؤں میں استعمال ہوتا ہے ۔

pinetum, n. صنوبرستان ؛ درختوں کا ایک باغ یا صنوبر اور دوسرے صنوبری درختوں کا ایک مجموعہ ، بالخصوص سائنسی مقاصد کے لیے ۔

pin feather, n. (طیوریات) پن نما پر ؛ نئے ابھرتے ہوئے کم نمو یافتہ پر ، قبل اس کے کہ وہ توسیع پذیر ہوں ؛ خاردار پَر ۔

pinfeathered, a. پن نما پروں والا ۔

pinfeathery, a. پن نما پروں سے ڈھکا ہوا ۔

pinfish, n. خارماہی ؛ ان متعدد خار دار پروں والی سمندری مچھلیوں میں سے کوئی ایک جو بالخصوص چھوٹی گہرے سبز رنگ کی انواع Lagodon rhomboides سے متعلق ہیں اور جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا کے اوقیانوسی ساحل سے دور پائی جاتی ہیں ۔

pinfold, n. گونڈواڑا ؛ باڑا ؛ کھڑک ؛ کانجی ہاؤس ؛

بھٹکے ہوئے جانوروں ، بالخصوص مویشیوں کے لیےایک چاروں طرف سے بند جگہ ؛ احاطہ ۔ (فعل متعدی) باڑ یا جنگلے کے ذریعے قابو میں رکھنا ، جیسے باڑے کی حدود کے اندر۔

ping, n. جھنکار ؛ ایک مختصر بلند جھنکاری آواز ، جیسے وہ آواز جو کسی دھات کے ٹکڑے کو دھات پر ضرب لگانے سے پیدا ہوتی ہے ۔

Ping-Pong, n. پنگ پانگ ؛ ٹیبل ٹینس ۔ (تجارتی نشان) ۔

pinhead, n. ایک پن کا اوپری سرا ؛ کوئی بہت چھوٹی اور غیر اہم شے ۔ (عوامی) وہ شخص جس میں ذہانت بالکل نہ ہو۔

pinheaded, a. (عوامی) سادہ لوح : کودن یا بےوقوف ؛ احمق ۔

pinheadedness, n. احمق پن ؛ سادہ لوحی ۔

pin hole, n. سوئی چھید ؛ ایک چھوٹا سوراخ یا کسی پن سے کیا ہوا چھید ۔

pinion, n. کسی چڑیا کے بازو کا بعیدی یا اختتامی حصہ ؛ کسی چڑیا کا بازو یا اڑنے کے پر بحیثیت مجموعی ؛ پَر : شاہپر ۔ (فعل متعدی) شاہپر کو کاٹ ڈالنا یا بازوؤں کو باندھ دینا ، جیسے کسی چڑیا کے تاکہ اسے اڑنے سے روکا جا سکے ؛ اِس طریقے سے معذور کرنا یا روکنا ، جیسے کسی شخص کے بازوؤں اور ہاتھوں کو باندھنا تاکہ اُس شخص کو اُنھیں استعمال کرنے سے محروم رکھا جا سکے ؛ اس طریقے سے معذور کرنا یا ہتھکڑی،بیڑی ڈالنا ؛ باندھنا یا مضبوطی سے پکڑنا ، جیسے کسی چیز کو ؛ پَر قینچ کرنا ۔

pinion, n. ایک چھوٹی گراری یا دت پہیّہ ، اپنے سے بڑے پہیّے کے ساتھ یا ایک دندانہ دار پرزے کے ساتھ ۔

pinite, n. پائنائٹ ؛ ایک معدن جو بنیادی طور پر آبی ایلومینم اور پوٹاشیم سلی کیٹ پر مشتمل ہو۔

pink, v.t. کٹار یا اسی طرح کے کسی اور آلے سے سوراخ کرنا ؛ چھرا گھونپنا ؛ کپڑے یا چمڑے میں چھید کرکے آرایشی طور پر چھوٹے سوراخ یا اشکال بنانا ؛ کسی چیز کے کنارے ، جیسے کپڑے کے کنارے کو کنگورہ دار یا دندانہ دار یا کسی نمونے پر سجاوٹ کے لیے یا کناروں کی دھجیاں اڑنے سے روکنے کے لیے تیار کرنا۔ (برطانوی) آراستہ کرنا یا سجانا ۔

pink , pinkie, pinky, n. سمندر میں چلتا ہوا جہاز جس کا پچھلا حصہ بہت تنگ ہو، تنگ دنبالہ کشتی ۔

pink, n. (نباتیات) ایک بڑا نباتی قبیلہ یعنی قرنفلی خاندان ؛ اس قبیلے کی باغاتی پھولوں کی متعدد انواع میں سے کوئی ایک بالخصوص دوگلا جنس (Dianthus) ، جن کے خوشنما پھول ہلکے گلابی سے لے کر گہرے گلابی رنگوں میں ہوتے ہیں ، جیسے قرنفل شاعر ، گلنار اور باغات کا ہلکا گلابی ۔

pink, n. گُلابی ؛ پیازی ؛ ایک ہلکا سرخی مائل رنگ کم و بیش مختلف ہلکے اور گہرے درجوں میں ؛ سب سے اونچا درجہ یا شکل (جیسے : in the pink of condition) ؛ عمدگی یا ہنرمندی کی بلند ترین مثال یا درجہ ؛ نہایت سرخ رنگ جیسا کہ لومڑیوں کے شکاری پہنتے ہیں ؛ ایک سرخ شکاری کوٹ ۔ (جمع) اگلے زمانے میں فوجی افسروں کے پاجامے جو ہلکے کتّھئی رنگ کے گلابی جھلک کے ساتھ ہوتے تھے ۔ (عوامی) وہ شخص جس کی سیاسی یا معاشی آراء کو بائیں بازو کا یا نیم انتہا پسندانہ سمجھا جاتا ہے ۔ (صفت) گلابی رنگ سے متعلق ۔ (عوامی) کسی قدر انتہا پسندانہ سیاسی نظریے رکھنے والا ۔

pinkish, a. گُلابی مائل ۔

pinkeye, n. (امراضیات) آنکھ کے پپوٹوں کی رطوبتی جھلّیوں کی سوزش جو انسانوں اور بعض جانوروں پر بھی اثر انداز ہوتی ہے ؛ شدید آشوب چشم۔

pinkie, pinky, n. (بول چال) سب سے چھوٹی انگلی ۔

pinking shears, n. (جمع) دندانے دار قینچی ؛ وہ قینچی جس کے پھل دندانے دار ہوں ، یہ کپڑے کا دندانے دار کنارا بنانے کے لیے مستعمل ہے ، اس سے کاٹتے وقت دھاگے باہر نہیں نکلتے ۔

pink lady, n. انار کی شراب ، غلے کی شراب ، انڈوں کی سفیدی اور لیموں کے رس کا مرکب جسے برف کے ساتھ خوب ملا کر اور چھان کر کاک ٹیل کے طور پر پیش کیا جاتا ہے ۔

pinko, n. (عوامی) وہ شخص جس کی سیاسی آراء بائیں بازو کی تو ہوں مگر پسندیدہ نہ ہوں ۔

pink root, worm wood, n. گلابی جڑ ؛ جنس سپی گیلیا (Spigelia) ، بالخصوص ریاستہائے متحدہ امریکا کی S. marilandica کے متعدد مختلف پودوں میں سے کسی ایک کی جڑ جو دافع کرم ہوتی ہے ؛ ایسی جڑ والا پودا ۔

pin money, n. جیب خرچ ؛ پان دان کا خرچ ؛ کوئی چھوٹی سی رقم جسے معمولی اخراجات کے لیے محفوظ کر لیا جائے ؛ وہ رقم جو کوئی شوہر اپنی بیوی کو اس کے نجی اخراجات کے لیے دیتا ہے۔

pinna, n. (نباتیات) پرہ دار فرن کی ایک چھوٹی پتی ۔ (حیوانیات) کسی چڑیا کا کوئی بازو یا پر ؛ کسی مچھلی کا پنکھ ۔ (تشریح الاعضا) گوش‌یا خارجی کان ۔

pinnal, a. پر کا یا اس سے متعلق ۔

pinnace, n. (جہاز رانی) ناؤ ؛ ایک چھوٹی سمندری کشتی جسے پہلے زمانے میں بطور جاسوس یا نگرانِ جہاز استعمال کیا جاتا تھا ؛ متعدد اقسام کی جہازی کشتیوں میں سے کوئی بھی کشتی ؛ پینس ؛ پریوا ۔

pinnacle, n. کنگرہ ؛ راس ؛ مینار ؛ سکھر ؛ کلس ؛ کنگورہ ، قبہ ؛ ایک اونچی چوٹی ؛ سب سے اونچا نقطہ یا اوج ، جیسے طاقت یا کارنامے کا ۔ (فن تعمیر) ایک چھوٹی عمارت جو عموماً ایک مخروط یا اہرام کی شکل میں ختم ہوتی ہے جو عمارت کی چھت سے بلند ہوتا ہے یا کسی پشتے یا مینار کا تاج ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) ایک چوٹی یا متعدد چوٹیاں بنانا ؛ اوپر رکھنا یا جیسے کسی چوٹی پر رکھنا۔

pinnate, a. پریلا ؛ پرسا ؛ پردار ؛ پر کی شکل دیا ہوا یا بنایا ہوا یا پر کی طرح شاخ نکالتے ہوئے ، بالخصوص اُس ترتیب میں کہ ہم جنس حصوں کو ایک محوری حصے کی مخالف سمتوں میں رکھا جائے ؛ پر شکل ۔

pinnate leaf, (نباتیات) پرہ دار ؛ گوشک دار ؛ ایک مرکب پتا جس میں چھوٹی پتیاں پت ڈنڈی کے دونوں طرف لگی ہوتی ہیں ۔

pinnately, adv. پردارانہ ؛ پرنمائی کے طور پر۔

pinnation, n. پرداری ؛ پرنمائی ۔

pinnatifid, a. (نباتیات) پرشگافہ ؛ ایک سادہ پتے کے

متعلق جو شگاف دار، گو شک دار ہو پنجہ نما طرز کے برعکس ایک مرکب شکل میں ، جس میں کٹاؤ رگِ برگ کے آدھے فاصلے تک پھیلے ہوئے ہوں ۔

pinnatifidly, adv. پرشگافہ طور پر ۔

pinnatisect, a. (نباتیات) پردار تراشیدہ ؛ منقسم ، پرشگاف اندازمیں ،نیچے رگِ برگ تک ۔

pinner, n. پن دوپٹہ ؛ وہ شخص یا چیز جو پن لگاتی ہے ؛ ایک عورت کا سرپوش جس کے دو لمبے پلّے دونوں طرف لٹکے ہوئے ہوتے ہیں ، یہ لباس سترھویں اور اٹھارویں صدیوں میں پہنا جاتا تھا ۔

pinniped, a. پنکھ پایاں : جو گوشت خور میمل جانوروں کی ایک ذیلی شاخ ہے ، جن کے بازو اور ٹانگیں آبی زندگی کی عادی ہو گئی ہیں ، ان میں دریائی بچھڑا اور دریائی گھوڑا شامل ہیں ۔ (اسم) کوئی جانور جو مذکورہ بالا قسم کا ہو ۔

pinnula, n. (طیوریات) پریزہ ؛ بالچہ یا نوکِ پر ۔

pinnule, n. (حیوانیات) پریچہ ؛ ایک حصّہ یا عضو جو کسی پر یا مچھلی کے بازو کے کانٹے سے مشابہ ہو ؛ ایک چھوٹا علیحدہ مچھلی کے پر کی طرح کا زائدہ بعض مچھلیوں میں ، جیسے اسقمری مچھلی کا ۔ (نباتیات) ایک ثانوی پرگوش ؛ کسی دوہرہ داری سرخسی پتے کے ایک پرےکی ، پرہ داری تقسیموں میں سے ایک تقسیم ۔

pinnular, pinnulate, pinnulated, a. پر دار ؛ فلس دار ؛ پریزہ ۔

pinochle, pinocle, penuchle, penuckle, n. تاش کا کھیل جسے ایک ، دو ، تین یا چار اشخاص کھیل سکتے ہیں ، چوبیس چوبیس پتوں کی دو گڈیوں کے ساتھ ؛ اس میں حکم کی ملکہ اور اینٹ کے غلام کا اجتماع ۔

pinole, n. پینول ؛ مکئی یا گیہوں ، خشک کیا ہوا ، پسا ہوا اور شیریں کیا ہوا ، عموماً مسکوٹی دانوں کے آٹے کو ملا کر ۔

pinon, nut pine, pine nut, pinyon, n. (نباتیات) متعدد اقسام کے صنوبروں میں سے کوئی ایک ، بالخصوص راکی پہاڑی سلسلے اور بحر الکاہلی خطوں میں پائے جانے والے Pinus edulis صنوبروں میں سے کوئی ، جن کے بڑے بیج کھانے کے قابل ہوتے ہیں ۔

pin point, n. پن کا نوک دار سرا ؛ کوئی خفیف سی یا غیر اہم چیزیا معاملہ ؛ نشان دہی ۔ (فعل متعدی) پن سے کسی مقام کی نشان دہی کرنا ، جیسے کسی نقشے پر ؛ تعریف کرنا ؛ وضاحت کرنا یا بالکل ٹھیک نشان دہی کرنا ۔ (صفت) ٹھیک ٹھیک ، ہو بہو یا قطعی ۔

pinprick, n., a. پن سے یا جیسے پن سے کیا ہوا ایک سوراخ ؛ ایک معمولی تکلیف دہ حرکت یا اشتعال انگیزی ؛ کچوکا ؛ چبھن ۔ (فعل لازم و متعدی) پریشان کرنا یا ہونا ؛ کچوکے دینا ۔

pins and needles, n. کسی گزشتہ بے حسی و بے شعوری کی کیفیت کے خاتمے پر ہونے والی چبھن اور جھنجھناہٹ کا احساس ۔

on pins and needles, توقع یا بے چینی کی کیفیت یا حالت میں ؛ انگاروں پر لوٹنا ۔

pinsetter, pinspotter, n. (کھیل) آلہ جو تمام گری ہوئی میخوں کو ہٹا کر انھیں نئی ترتیب سے دوبارہ کھیل کے لیے کھڑا کر دیتا ہے ۔

pin stripe, n. بہت پتلی دھاری جسے کپڑے کے ایک نمونے کے طور پر بنایا جاتا ہے ؛ ایک نمونہ یا لباس اس قسم کی دھاریوں والا ۔

pin-striped, a. پتلی دھاری والا ۔

pint, n. پنٹ ؛ پائنٹ ؛ ڈیڑھ پاؤ کا ایک پیمانہ ؛ مائع کے لیے ایک پیمانہ جو ایک کوارٹ کے نصف پر مشتمل ہوتا ہے ۔

pintail, n. شمالی امریکی دلدل کی ایک مرغابی جو پانی کی سطح سے خوراک حاصل کرتی ہے ؛ Anas acuta جس کی لمبی پتلی گردن ہوتی ہے ، جس کی پوری لمبائی پر ایک سفید دھاری پڑی ہوتی ہے اور ایک لمبی سوئی کی طرح نوک دار دم ہوتی ہے ؛ پن دُمی ؛ نوک دم بطخ ۔

pintle, n. سلاخ یا چٹخنی ، عموماً افقی ، بالخصوص وہ جو ایک محور کا کام دیتی ہے ؛ قبضے کی کیل ۔ (جہاز رانی) ایک چٹخنی جس سے پتوار، دنبالہ(پوسٹ)کے ساتھ لٹکی ہوتی ہے ۔

pinto, a. رنگا رنگ ، چتیّ دار ، چتکبرا ؛ ابلق ۔ (اسم) ابلق گھوڑا ؛ چتی دار لوبیا ۔ نیز : pinto bean ۔

Pintsch gas, n. پیٹرول یا سلیٹی پتھر کی رال کو توڑ کر بنائی گئی گیس جو پہلے زمانے میں روشنی کے لیے استعمال کی جاتی تھی ۔

pint-size, pint-sized, a. (بول چال) چھوٹا یا مختصر ۔

pinup, n. دیواری ضرورت کی چیز یا کوئی ایسی چیز جو دیوار پر لٹکی ہوئی ہو یا کسی اور طرح اس سے وابستہ ہو ، جیسے کوئی لیمپ ۔ (بول چال) ایک تصویر کسی دل فریب یا اکثر کسی شہوت انگیز لڑکی کی ، اس کے کسی مداح کی دیوار پر لٹکی ہوئی ؛ خود ایسی لڑکی ۔نیز : pin up girl ۔ (صفت) دیوار پر لٹکانے یا چپکانے کے لیے تیار کی گئی ۔ (بول چال) دیوار پر لٹکی ہوئی لڑکی کی تصویر کے متعلق یا اس کے اوصاف سے متصف ۔ نیز pin-up ۔

pinwale, a. ڈوریا ؛ وہ کپڑا جس پر بنے ہوئے تار یا نالی دار ابھری ہوئی ڈوریاں ہوتی ہیں (جیسے : pin wale corduroy) ۔

pinweed, n. سوزن بوٹی ؛ جنس لیکیا (Lechea) کی چھوٹی شمالی امریکی جڑی بوٹیوں کی متعدد مختلف انواع میں سے کوئی ایک ، اس کا خاندان گلاب کوہی (rockrose) ہے اور وہ پن ویڈ اس لیے کہلاتی ہے کہ اس کے ڈنٹھل نازک اور اس کے پھول اور بیجوں کی پھلی دقیق ہوتی ہے ۔

pinwheel, n. پھول بھرکی ؛ بچوں کا کھلونا جس میں کاغذ یا پلاسٹک کے ہوا دار پہیے یا مرغ باد نما جیسے دیگر پیکر کسی لکڑی کے ساتھ اس طرح ایک سلاخ سے بندھے ہوتے ہیں کہ چلتی ہوئی ہوا میں یا جب انھیں ہوا دی جائے تو گھومتے ہیں ؛ آتش بازی کے سامان کا ایک جزو جو پہیے کی طرح تیزی سے گھومتا ہے اور جب اس کے مختلف حصے آگ پکڑتے ہیں تو وہ رنگا رنگ شعلے باہر کی طرف پھینکتا ہے ؛ آتشبازی چکر ۔

pinwork, n. سوزن کاری ؛ سوزن کاری کے کام میں کپڑے کی سطح سے اوپر اٹھے ہوئے ٹانکے جو ایک نمایاں اثر پیدا کرتے ہیں ۔

pinworm, n. دھاگ کیڑا ؛ چمونا ؛ سیونک ؛ کرمک معا ؛ پیٹ کا کیڑا ؛ کدودانہ ؛ گنڈوا ؛ ایک چھوٹا دھاگے نما کیڑا Enterobius vermicularis جو آنت اور معاء مستقیم کو ایذا پہنچاتا ہے ، بالخصوص بچوّں کو ۔

pin wrench, n. پن رینچ ؛ ایک سنسی جس میں باہر کو نکلی ہوئی سلاخ ہوتی ہے اور جو خانے میں داخل کرنے پر محفوظ ضبط قائم رکھتی

ہے ، جیسے چٹخنی ۔

pinxterflower, pinksterflower, pink azalea, n. گلابی اچالیا ؛ ایک مشرقی شمالی امریکی جھاڑی Rhododendron nudiflorum اریقیٰ خاندان سے ، جس کے گلابی سے لے کر سفید رنگوں تک بڑے بڑے پھولوں کے گچّھے ہوتے ہیں جو ابتدائی موسمِ بہار میں پتوں سے پہلے نکل آتے ہیں ۔

pion, n. (طبیعیات) پیون ؛ ایک پائی میسون جو ایٹمی مرکزاؤں میں بندش کی قوّت رکھتا ہے ۔

pioneer, n. پیش قدم ؛ پہل کار ؛ اُن اشخاص میں سے کوئی ایک شخص جو سب سے پہلے کسی خطّے میں داخل ہوئے یا آباد ہوئے اور اُسے دُوسروں کے قبضے اور ترقیاتی کاموں کے لیے کھول دیا ۔ (مجازاً) ان اشخاص میں سے کوئی ایک جو کسی تحقیق ، مہم یا ترقی کے میدان میں سب سے پہلے یا سب سے زیادہ ابتدائی زمانے میں آیا ہو (جیسے pioneers in electronics) ؛ اگلے زمانے میں پیادہ فوج کا یونٹ/وحدت جس کے سپرد سڑکیں بنانے یا مرمت کرنے اور اسی قسم کا کوئی اور کام کرنے کی ذمہ داری ہوتی تھی ۔ (حیاتیات) ایک جانور یا ایک پودے کا ماحولی اعتبار سے ناموافق خطّے میں داخل ہونے اور زندہ رہنے کا عمل ۔ (فعل متعدی) پہلے جانا اور تیار کرنا ، جیسے کسی راستے کو ۔ (فعل لازم) ایک پہل کار کی حیثیت سے کام کرنا ؛ راستہ صاف کرنا ۔ (صفت) سب سے زیادہ ابتدائی زمانہ ؛ کسی پہل کار کا مظہر یا کوئی خصوصیت ؛ پہل کار کی طرح ۔

piosity, n. مبالغہ آمیز یا شدید تقویٰ ؛ متقی ہونے کی نمایش ۔

pious, a. دین دار ؛ خداپرست ؛ پاک ؛ مُتّقی ؛ پارسا ؛ پرہیز گار ؛ متدیِّن ؛ صالح ؛ نیکو کار ؛ خدا کی تقدیس و احترام کا وفادار مذہبی فرائض کا مستعد لحاظ رکھنے والا (جیسے : Pious people, pious actions) ؛دینی بمقابل لا دینی ؛ عقیدت مند ؛ مذہبی ؛ مذہبی محرکات سے ، خواہ وہ حقیقی ہوں یا بہروپی یا کسی اچھے مقصد کے لیے ہوں ، کوئی عمل میں لایا ہوا یا استعمال کیا ہوا اقدام (جیسے : a pious fraud, a pious deception) ؛ حیلۂ شرعی ۔

piously, adv. پرہیزگاری سے ؛ نیکوکارانہ ؛ دین دارانہ ۔

piousness, n. پرہیزگاری ؛ پارسائی ؛ دین داری ؛ نیکو کاری وغیرہ ۔

pip, n. بُندکی ؛ پانسے ؛ تاش یا ڈومینو مُہروں پر نشانات میں سے کوئی ایک ؛ چھوٹے قطعات جن میں ایک اساس کی سطح منقسم ہوتی ہے ، اُن میں سے ہر ایک قطعہ ؛ ایک جڑ ڈنٹھل ، جیسے سوسن برّی کا ؛ ایک جڑڈنٹھل کا حصہ ، جیسے شقائق بربر کا ؛ رُتبہ کی نشان دہی کرنے والا ایک ستارہ ، جسے برطانوی فوجی عہدہ دار پہنتے ہیں ۔

pip, n. (بیطاری امراضیات) پرندے کا ایک مرض جس میں گلے یا مُنہ کے اندر یا زبان پر پپڑی کی شکل میں غلیظ بلغم نکلتا ہے ؛ کوئی بھی معمولی انسانی مرض : استہزا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

pip, n. کسی رس دار پھل کا بیج ، جیسے نارنگی یا سنترہ ، مالٹا وغیرہ ۔ (عوامی) کوئی شخص یا کوئی چیز جو غیر معمولی یا قابل تحسین ہو ۔

pip, v.i. چہچہانا یا چوں چوں کرنا ، مرغی کے بچّے کی طرح ۔ (فعل متعدی) ٹوٹنا یا توڑ کر نکلنا ، جیسے ایک انڈے کے چھلکے کا یا انڈے میں سے بچّے کا ۔

pip, n. میکانی طور پر یا برقیاتی طریقہ سے پیدا کی ہوئی تصویر یا علامت ، جیسے ایک ریڈار بین پر ۔

pipage, pipeage, n. پائپ کاری ؛ ترسیل ، جیسے پانی ، تیل یا گیس کی نلوں کے ذریعے ؛ نل جو اس طرح استعمال کیے جائیں ؛ وہ رقم جو اس طرح لے جانے کے لیے طلب کی جائے ۔

pipal, peepal peepul, n. [اردو ، ہندی] پیپل ؛ برصغیر کے درخت Ficus religiosa کی ایک نوع ، جس سے ایک قسم کی رال حاصل کی جاتی ہے ۔

pipe, n. نلی ؛ نالی ؛ پائپ ؛ نلکا ؛ نل ؛ نلکی ؛لکڑی ، دھات ، کنکریٹ یا کسی دوسرے مواد کا اسطوانہ ، پانی ، گیس ، بھاپ کو لے جانے کے لیے یا کسی اور مقصد کے لیے ؛ وہ مواد جو ایک نلکے یا نلکوں کی شکل اختیار کر لے ؛ متعدد اقسام کی نل نما یا اسطوانی اشیا ؛ پُرزوں یا بنی ہوئی چیزوں میں سے کوئی ایک ؛ کسی کُنجی کا نلی نُما حِصّہ ؛ کسی حیوانی جسم میں کوئی اسطوانی عضو یا راستہ ۔ (جمع) سانس کے راستے ؛ ایک نلی جسے موسیقی کے ہوائی آلے کے طور پر استعمال کیا جائے یا جس کو ایک ایسے آلے کا بنیادی حصہ بنایا جائے؛ ایک ہوائی آلہ جس میں صرف واحد نلی بھوسے ، سرکنڈے ، لکڑی یا کسی دوسرے مواد سے بنی ہوتی ہے ، جیسے ایک نفیری ، بانسری ، بین ؛ الغوزہ ؛ شہنائی ، مُرلی ، نَے ۔ (عموماً جمع) مانجھی کی سیٹی یا اُس کی آواز بطور بُلاوے کے ؛ اَن ٹیوبوں میں سے کوئی ایک جن کی آواز ارغنون کے نغموں کی طرح نکلتی ہے ۔ (جمع) انسانی آواز ، بالخصوص گانے میں استعمال ہونے والی ؛ کسی چڑیا کا نغمہ یا پُکار ۔ (ارضیات) کچ دھات کی ایک اسطوانی رگ ؛ جنوبی افریقہ میں نیلاہٹ پر مائل اُن چٹانی پتھروں یا فورانی اصل کی نیلی مٹّی کے افقی ، اسطوانی تودوں میں سے کوئی ایک جن میں ہیرے دبے ہوئے پائے جاتے ہیں ؛ ایک نلکی جس کے آخری کنارے پر ایک چھوٹا سا پیالہ لگا ہوتا ہے اور جِسے تمباکو یا کوئی اور چیز حُقّے کی طرح پینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک مقدار جیسے تمباکو کی ، جس سے پیالہ بھرا جاتا ہے اور اسے ایک دفعہ میں پیا جاتا ہے ؛ شراب کا ایک بڑا پیپا ، مختلف گُنجایشوں والا ؛ ایک ایسا پیپا اپنے مافیہ کے ساتھ ؛ ایک ایسا پیپا شراب کے لیے گنجایش کے ایک پیمانے کے طور پر جو برابر ہوتا ہے ۳ بیرلوں ، ۲ ہاگز ہیڈز یا نصف ٹن کے اور ۱۲۶ شرابی گیلنوں کے ۔ (عوامی) ایک سادہ کام جو بآسانی مکمّل ہو جائے ۔

pipeless, a. بغیر پائپ ؛ بے پائپ ؛ بن پائپ ۔

pipelike, a. پائپ نُما ؛ پائپ سا ۔

pipe, v.i. بانسری بجانا ؛ آواز نکالنا ؛ تیز آواز نکالنا جیسے پائپ سے ؛ چلتی ہوئی ہوا کی طرح سیٹی بجانا ؛ (فعل متعدی) پائپ بجانا ، پرندے کی طرح گانا ؛ بانسری ، شہنائی یا نفیری کو بجا کر توجُّہ جذب کرنا یا کسی طرف لے جانا ؛ مانجھی کی سیٹی کی طرح آواز بلند کرکے کسی کو بُلانا یا حُکم دینا ؛ پائپ مہیا کرنا ؛ پائپوں کے ذریعہ پُہنچانا ؛ آراستہ کرنا یا سجانا ، جیسے کسی لباس کو ، فیتے یا حاشیہ کے ساتھ ؛ بیل بوٹے کاڑھنا ۔

pipe down, v.i. (عوامی) شور مچانے کو روکنا ؛ گفتگو کو ختم کرنا ؛ خاموش ہونا ۔

pipe up, گانا یا بجانا ، جیسے کسی موسیقی آلے کو ؛ پورے زور کے ساتھ بولنا ۔

pipe clay, n. ایک عُمدہ سفید مٹّی ، جسے تمباکو پینے کے پائپ کے سانچے اور دیگر اشیا بنانے اور سفید چمڑے کو صاف کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pipe-clay, v.t. پائپ مٹّی سے سفید کرنا ۔

pipe cleaner, n. کپڑے سے ڈھکا ہوا ایک تار جو تمباکو پینے کے پائپ کی ڈنڈی اور پیالے کو صاف کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pipe dream, n. (بول چال) کوئی بھی نرالا خیال ؛ ایک غیر حقیقت پسندانہ منزل یا خواہش ۔

pipefish, n. سوزن مچھلی ؛ طرہ خیشوم مچھلیوں کے خاندان Syngnathidae کی کوئی بھی مچھلی جس کی تھوتھنی لمبی اسطوانی ہوتی ہے اور جسم عظمی حلقوں کے اندر لپٹا ہوا ہوتا ہے ۔

pipe-fitter, n. پائپ مستری ، پائپ فٹر ؛ وہ شخص جو پائپوں کو نصب کرنے یا ان کی مرمت کرنے کا کام کرتا ہے ، جیسے گرم آلے یا ہوا باہر نکالنے کا نظام ۔

pipefitting, n. پائپ کاری ؛ پائپ کے ان مختلف شکلی ٹکڑوں میں سے کوئی ایک جو دو یا دو سے زائد پائپوں کو جوڑنے کے کام آتے ہیں ؛ پائپوں کو باہم جوڑنے کا پیشہ یا کام ۔

pipeful, n. پوریا واری ؛ پائپ بھر ؛ ایک مقدار ، جیسے تمباکو کی جو پائپ کے پیالے کو بھرنے کے لیے کافی ہو ۔

pipline, n. پائپ نالی ؛ پائپ کی ایک نالی جس کے ذریعے ، تیل کو پمپ کر کے ، تیل کے علاقے سے بازار تک یا ریفائنری تک لے جاتے ہیں ؛ ایک ایسا ہی نظام پانی ، گیسوں یا نیم ٹھوس اشیا کو منتقل کرنے کے لیے ؛ ایک بلاواسطہ طریقہ یا ذریعہ معلومات پہنچانے کے لیے ۔ (فعل متعدی) پائپ لائن کے ذریعے لے جانا ؛ کوئی پائپ لائن مہیا کرنا ۔

pipe major, n. کسی بین باجے کی جماعت کا کوچ لیڈر ۔

pipe of peace, n. صلح و امن کا پائپ (امریکا میں اس پائپ کو کہتے ہیں جو ایک شخص دوسرے شخص کو کش لینے کے لیے دیتا ہے) ؛ علامتِ صلح و امن ۔

pipe organ, n. (موسیقی) ایک ارغنون باجا جو مختلف لمبائیوں کے پائپوں سے بنتا ہے اور اس کے پیروں سے چلنے والے اور دستی دونوں اقسام کے کلیدی تختے ہوتے ہیں ؛ نے دار آرگن ۔

piper, n. نے نواز ، شہنائی نواز ؛ بانسری یا مرلی بجانے والا ؛ وہ جو ایک پائپ باجا بجاتا ہے ؛ بین بجانے والا ۔

piperazine, n. (کیمیا) پپرازین ؛ ایک آب گیر قلمی مرکب جو ایتھلین برومائڈ یا کلورائیڈ پر امونیا کے عمل سے حاصل ہوتا ہے اور خاص طور پر طب ، دوا سازی اور زرعی کیمیائی اشیا میں استعمال ہوتا ہے ۔

piperidine, n. (کیمیا) پپریڈین ؛ ایک اُڑ جانے والا سیّال القلی نما ، جس میں سیاہ مرچوں کی سی تیز بو ہوتی ہے اور جسے پپرین (قلی فلفل) سے حاصل کیا جاتا ہے ۔

piperine, n. (کیمیا) پپرین ؛ قلی فلفل ؛ ایک سفید قلمی قُلیاسا جسے سیاہ مرچ اور اس کے خاندان Piperaceae کے دیگر نباتات سے حاصل کیا جاتا ہے اور مصنوعی طور پر بھی تیار کیا جاتا ہے ۔

pipestone, n. پائپ پتھر ؛ ایک سرخی مائل رنگ کا صلصالی پتھر جسے شمالی امریکی انڈین تمباکو پائپ بنانے کے لیے استعمال کرتے تھے ۔

pipette, pipet, n. پپٹ ؛ ایک چھوٹی عموماً درجہ بند نلی جو ایک سوراخ دار سرے پر ختم ہوتی ہے اور جسے رقیق اشیا کو ناپنے یا منتقل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ نالچہ ۔

pipe wrench, n. پائپ رینچ ؛ ایک بڑا رینچ/سنسی جسے پلمبر یا نل کار کسی دھاتی پائپ پر خرادی کام کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

piping, n. وہ شخص یا نلی جو بانسری ، مرلی یا سیٹی کی آواز پیدا کرتا ہے ؛ پائپوں کی موسیقی ؛ ایک تیز اور باریک آواز ؛ پائپ یا پائپوں کی شکل میں ڈھلا ہوا مادّہ ؛ پائپ بحیثیت مجموعی ؛ کپڑے کی ایک اسطوانی پٹی جس میں بعض اوقات ایک ڈوری بھی ہوتی ہے جسے ملبوسات کے کناروں یا سلائیوں پر آرایش کے لیے ٹانکا جاتا ہے ؛ پیسٹری پر جمائی ہوئی کھانڈ کی ایک ڈوری نما سجاوٹ ۔ (صفت) موسیقی کے پائپ کو بجانے کا عمل ؛ امن اور صلح کے پائپ کی موسیقی سے متصف فوجی بگل اور نفیری کے برعکس ؛ تیز و باریک آواز نکالنے والا ۔

piping hot, اتنا زیادہ گرم کہ سیسیانے لگے ۔

pipit, n. لوا ؛ چنڈول ؛ جنس چنڈول (Anthus) کے متعدد پرندوں میں سے کوئی ایک ، بالخصوص امریکی چنڈول (A. spinoletta rubescens)جو اپنی اس عادت کی وجہ سے ممتاز ہے کہ اپنی دم ہلاتی رہتی ہے اور پھدکنے کی بجائے چلتی ہے ، قطب شمالی کے علاقوں میں انڈے دیتی ہے اور موسم سرما بحر اوقیانوس سے لے کر مسی سپی کی وادی تک کے کھلے علاقے میں گزارتی ہے ؛ قنبرہ ۔

pipkin, n. ایک چھوٹا مٹی کے پیالے جیسا چیزدان ؛ مٹی کا سرپوش ؛ ہانڈی ۔

pippin, n. سیب کی متعدد اقسام میں سے کوئی ۔ دیکھیے : Pip ۔ (عوامی) کوئی شخص یا چیز جو غیر معمولی اور قابل تحسین ہو ۔

pipsissewa, prince's-pine, n. سدا بہار جڑی بوٹیوں کی متعدد انواع میں سے کوئی ایک جو شمالی نصف کرے میں پائی جاتی ہیں ، اس کے مومی ، سفید سے لے کر گلابی تک مختلف رنگوں کے پھول ہوتے ہیں اور اس کے چمکیلے دانتوں والے پتے اپنے طاقت بخش اور پیشاب آور اوصاف کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں ۔

pip-squeak, n. (بول چال) وہ جو چھوٹا اور غیر اہم ہو ۔

piquant, a. تیکھا ؛ تند ، براں ؛ چرپرا ، تیز ؛ ذائقے میں خوش گوار طور پر تیز اور چٹ پٹا ؛ دلچسپ اور ہیجان آور ؛ سازشی نوعیت کا ؛ زندہ دل ۔

piquancy, piquantness, n. چرپراہٹ ؛ تیکھا پن ؛ تیزی ۔

piquantly, adv. تیکھے پن سے ؛ تیزی سے ۔

pique, n. برافروختگی ؛ ناپسندیدگی کا اظہار ؛ چرپرا پن ۔ (فعل متعدی) اُبھارنا ؛ دِق کرنا ؛ بیزار کرنا ؛ برافروختہ کرنا ؛ مشتعل کرنا ؛ غصہ دلانا ؛ اُکسانا ، جیسے کسی کی دلچسپی کو ؛ حسد ، رشک یا کوئی دوسرا جذبہ پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) جھنجھلاہٹ کا باعث بننا ۔

pique, n. رُوئی ، ریشم یا ریان کا کپڑا جس پر نگندنے کا کام کیا گیا ہو ؛ تنگ عرضی ابھار یا اُٹھی ہوئی دھاریوں کے ساتھ بنی ہوئی چیز۔

piquet, picquet, n. پکیٹ ؛ تاش کا ایک کھیل جو دو اشخاص اس طرح کھیلتے ہیں کہ تاش کی گڈی میں سے سات سے کم کے تمام پتے نکال دیتے ہیں۔

piracy, n. قزاقی ؛ دریائی ڈکیتی ؛ کھلے سمندروں میں قزاقی کا عمل ، پیشہ یا جرم ؛ سمندری قزاق کا پیشہ ؛ ادبی چوری یا حق تصنیف و تالیف کے قانون کی کوئی خلاف ورزی ؛ جعل سازی (تصنیف و تالیف میں)۔

piragua, n. دیکھیے : Pirogue ۔

piranha, pirana, piraya, n. پرینہا مچھلی ؛ کوئی بھی چھوٹی بسیار خور جنوبی امریکی مچھلی جو تازہ پانی میں ہوتی ہے اور کسی بھی تن و توش کے جانور بشمول آدمی پر حملہ کر دیتی ہے۔

pirate, n. قزاق ؛ دریائی ڈاکو ؛ بحری لٹیرا ؛ ڈاکو/قزاق جو کھلے سمندروں میں کسی دوسرے کی اشیا تشدد کے ذریعے لے لیتا ہے ؛ مسلح جہاز یا بڑی کشتی جو قزاقی میں مشغول ہو ؛ وہ شخص جو کسی دوسرے شخص کے ادبی کام یا ایجاد کو بغیر معاوضہ یا اجازت کے اپنے تصرف میں لائے ، ادبی سارق یا دُزد یا چور۔ (فعل متعدی) کسی پر قزاقی کے عمل کا ارتکاب کرنا ؛ قزاقی کے ذریعے اپنے قبضے میں لینا ؛ بغیر حق یا اجازت کے شائع کرنا۔ (فعل لازم) قزاقی کا ارتکاب کرنا۔

piratical, a. قزاقانہ ؛ غارت گرانہ۔

piratically, adv. لوٹ مار سے ؛ خیانت کے طور پر۔

pirn, n. (برطانوی بولی) سوت کاتنے کے چرخے کی پھرکی ، چرخی یا اٹیرن ؛ مچھلی کے شکار کے لیے چرخی۔

pirogue, piragua, n. دومستولی کشتی ؛ ایک قسم کا ڈونگا/چھوٹی کشتی کسی درخت کے واحد تنے سے بنی ہوئی جسے اندر سے خالی کر لیا گیا ہو ؛ درخت کے تنے کو کھوکھلا کر کے بنائی ہوئی کشتی۔

pirouette, n. رقصی چکر ؛ ایک پاؤں پر یا انگوٹھوں کی نوکوں پر تیزی سے گھومنے کا عمل ، جیسا کہ رقص میں ؛ گھوڑے کی تیزی سے چھوٹا موڑ کاٹنے کی ، حرکت یا چکراہٹ۔ (فعل لازم) مذکورہ قسم کا رقصی چکر لگانا ؛ گھومنا ، جیسے انگوٹھوں پر ؛ اس قسم کے چکروں میں حرکت ہونا۔

piscary, n. (قانون) مشترکہ حقِ ماہی گیری ، مخصوص پانیوں میں مچھلی کا شکار کھیلنے کا حق یا مراعات ؛ وہ مقام جہاں مچھلی پکڑی جا سکے۔

piscatory, piscatorial, a. ماہی گیروں کا یا مچھلیاں پکڑنے کا یا ان کے متعلق یا ان پر اعتماد کے بارے میں۔

piscatorially, adv. ماہی گیری کے طور پر۔

Pisces, n. [مچھلیاں] حوت ؛ ایک منطقة البروجی مجمع النجوم ؛ منطقة البروج کی بارھویں علامت ؛ سمکتین ؛ طبقۂ ماہیاں ؛ جانوروں کا وہ گروہ جس میں مچھلیاں شامل ہیں۔

pisciculture, n. ماہی پروری ؛ مچھلیوں کی پیدائش ، پرورش ، تحفظ اور تغذیہ مصنوعی ذرائع سے ؛ کاشت ماہیاں۔

piscina, n. (کلیسیات) حوض ؛ پرانے گرجا گھروں میں عموماً قربان گاہ کے قریب دیوار کے اندر کسی طاق میں ایک تسلا پانی کے نکاس کے لیے ایک نالی کے ساتھ ہوتا ہے جسے بعض موقعوں پر طہارت کی غرض سے استعمال کیا جاتا ہے۔

piscinal, a. طہارت سے متعلق۔

piscine, a. مچھلی یا مچھلیوں کے متعلق۔

piscivorous, a. مچھلیاں کھانے والا ؛ ماہی خور ؛ مچھلی خور۔

pish, interj. دھتکارنا ؛ پھٹکارنا ؛ چھی کرنا ؛ نفرت یا استرداد ظاہر کرنے کے لیے ایک فجائیہ۔ نیز : pish and tush ۔ (فعل لازم و متعدی) یہ کلمہ استعمال کرنا یا اس کا استعمال ہونا۔

pisiform, a. مٹر صورت ؛ نخودی ؛ مٹر کی طرح کا (جیسے : the pisiform bone of the wrist) ؛ مٹروں کی طرح گول مول مادّوں کا ایک مرکب (جیسے : pisiform iron ore)۔

pismoclam, n. (اکثر بڑے P سے) نخودی سِیپ ؛ ایک ریگ صدفہ موٹے خول کے ساتھ Tivela stultorum جو جنوبی کیلیفورنیا کے ساحل کے ساتھ ساتھ پایا جاتا ہے اور غذا کے طور پر پسند کیا جاتا ہے۔

pisolite, n. سنگِ نخودی ؛ چونے کا پتھر جو تقریباً مٹر کے برابر گول بجری سے مرکب ہوتا ہے۔

pisolitic, a. سنگ نخودی کایا اس سے متعلق۔

pissoir, n. فرانسیسی پیشاب گاہ ؛ سڑک پر واقع ایک پیشاب خانہ ، نیچی دیواروں سے احاطہ بند جیسا کہ عام طور پر بعض یورپی شہروں میں ہوتا ہے۔

pistachio, n. [فارسی الاصل] پِستہ ؛ پستہ نوع کا جوز ، بالخصوص Pistacia vera کے چھوٹے درختوں کی متعدد اقسام میں سے کوئی ایک جو بحیرۂ روم کے علاقوں ، ایشیائے کوچک میں پائے جاتے ہیں اور جنھیں اب جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا میں اپنے جوز کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ؛ جوز بذات خود جو مٹھائیوں میں استعمال ہوتا ہے ؛ اس جوز سے تیار کردہ خوشبو ؛ ایک ہلکا سبز رنگ : پستئی۔ نیز : pistach۔

pistil, n. (نباتیات) بقچۂ گُل ؛ پھولوں والے پودے میں مادہ کا عضو تناسل مشتمل بر تخم دانی ، تخمکوں ، گردن بقچہ اور زیرہ گیر سمیت ؛ دو یا دو سے زائد اس قسم کے اعضا جو مرکب بقچۂ گل ہوتے ہیں ؛ کسی پھول کا مادہ عنصر جو بیج پیدا کرتا ہے۔ دیکھیے : gynoecium ۔

pistillate, a. (نباتیات) بُقچوی ؛ اس پھول کا جس کے بقچۂ گُل ہوں لیکن عامل زرگُل نہ ہوں ؛ مادہ۔

pistol, n. پستول ؛ ایک چھوٹا آتشیں اسلحہ جو اس لیے ایجاد کیا گیا ہے کہ صرف ایک ہاتھ سے چلایا جا سکے۔ (فعل متعدی) پستول سے گولی مارنا۔

pistole, n. ایک قسم کی اشرفی ؛ ہسپانیہ کا ایک قدیم سونے کا سکہ ؛ یورپ کے قدیم سونے کے سِکّوں میں سے کوئی ایک۔

pistol grip, n. پستولی دستہ ؛ ایک پکڑ یا دستہ ، بالخصوص ایک آرے کا جو پستول کے کُندے سے مشابہت رکھتا ہے۔

pistol-whip, v.t. پستول کی نالی سے متواتر ضربیں لگانا۔

piston, n. پِسٹن ؛ فشارہ ؛ پچکاری کی ڈنڈی ، بمبے کی لاٹھ ؛ ایک حرکت پذیر قُرص یا چھوٹا اسطوانہ ، ایک نلی یا چھوٹے کھوکھلے

اسطوانے کے اندر ٹھیک بیٹھا ہوا اور اس قابل کہ نلی میں دباؤ کے ساتھ اسے باری باری اندر دھکیلا اور باہر نکالا جا سکے ، جیسا کہ کسی بھاپ انجن میں ہوتا ہے اور اس طرح فشارہ کے ایک طرف لگی ڈنڈی کو دوطرفہ حرکت دینے والا یا ایسی ڈنڈی سے دوطرفہ چلنے والا جیسے کہ پمپ ۔ (موسیقی) ایک پھسلواں والو جو قرنا وغیرہ میں زیروبم کی تبدیلی کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

piston pin, n. فشارہ پن ؛ فشارہ کو واصل ڈنڈی سے جوڑنے والی پن ۔

piston ring, n. فشارہ حلقہ ؛ پسٹن رِنگ ؛ دھاتی حلقوں کے سلسلے میں سے کوئی ایک جو شگاف دار ہونے کی وجہ سے پھیلائے جا سکتے ہیں اور جنھیں فشارہ کے گرد لگا دیا جاتا ہے تا کہ دروں احتراقی انجن کے اسطوانہ میں فشارہ پوری طرح ٹھیک بیٹھے ۔

piston rod, n. فشارہ ڈنڈی ؛ دستہ فشارہ ؛ ڈنڈی جو فشارے کے ساتھ ایک ایسے نقطے پر جڑی ہوتی ہے جو اسطوانہ سے باہر ہو اور یا تو فشارہ کو حرکت دیتی ہے یا اس سے تحریک پاتی ہے ؛ پسٹن راڈ ۔

pit, n. غار ؛ کھڈ ؛ جھیرا ؛ تحت الثریٰ ؛ پاتال ؛ گڑھا ؛ جوف ؛ قبر ؛ گور ؛ کھائی ؛ خندق ؛ موکھا ؛ زمین میں ایک سوراخ یا خلا ، خواہ قدرتی ہو یا زمین کو کھود کر بنایا گیا ہو ؛ کسی معدنی ذخیرہ کے لیے کھدائی کے دوران بننے والا کوئی گڑھا ؛ کوئلے کی کسی کان کی سرنگ یا خود کان ؛ زمین میں ایک ڈھکا ہوا یا چھپا ہوا گڑھا جو جانوروں کے پکڑنے کے لیے پنجرے کا کام دیتا ہے ؛ بدروحوں اور گُم گشتہ ارواح کا مسکن ؛ جہنم (the کے ساتھ) ؛ عام طور پر کسی سطح میں دھنسی ہوئی جگہ یا شگاف ؛ جسم میں ایک قدرتی جوف یا گہرائی (جیسے : pit of the stomach) ؛ عَظمِ قص/چھاتی کی ہڈی کے نچلے اختتام پر سطح میں ایک ہلکی سی گہرائی ؛ ایک چھوٹا دبا ہوا داغ ، جیسے جلد پر وہ داغ جو چیچک کے بعد باقی رہ جاتے ہیں ؛ احاطہ/کھائی (کُشتیوں کے لیے ، جیسے کُتّوں یا مرغوں کی کُشتیوں کے لیے) ؛ تھیئٹر کا ایک حصہ ، ابتداً تماشا گاہ میں موسیقاروں کے پیچھے فرش کا پورا حصہ ، مگر اب اسٹیج سے قریب زمین میں دھنسا ہوا رقبہ جس پر آرکسٹرا سازندوں کا طائفہ بیٹھتا ہے ؛ کھتّا ؛ اجناس کی تبادلہ گاہ کا وہ حصہ جہاں مخصوص قسم کا کاروبار ہوتا ہے (جیسے : the grain pit) ۔ (فعل متعدی) گڑھے میں رکھنا یا دفن کرنا ؛ کھتے میں ڈالنا ؛ جانوروں کو کسی احاطہ یا گڑھے میں لڑنے کے لیے رکھنا ؛ اسی سے ماخوذ : عملی مخالفت کرنا ، جیسے ایک کا دوسرے کے خلاف ؛ کسی لڑائی یا مقابلے میں حریف بنانا ؛ گڑھوں یا نشیبوں سے نشان دہی کرنا ۔ (فعل لازم) گڑھوں یا نشیبوں سے نمایاں ہو جانا ؛ کچھ عرصہ دباؤ کا نشان رہنا جیسے جلد پر ۔

pit, n. (نباتیات) کسی پھل کی گٹھلی ، جیسے شاہ دانے ، آڑو یا آلو بخارے کی ۔ (فعل متعدی) گٹھلیوں کی طرح کسی چیز سے نکالنا (جیسے : to pit prunes) ۔

pita, n. ایک امریکی نباتِ صبر سے حاصل شدہ ریشہ ؛ امریکی سوسن ؛ خود یہ نبات ؛ ایلوا ۔

pita, n. پیتا ؛ شرقِ اوسط کا گول اور چپٹا نان ۔

pitapat, adv. دھک دھک سے ؛ دھما دھم ؛ دھڑکن سے ؛ دھردھراہٹ سے ؛ دھکدھکی کے ساتھ ؛ پھڑپھڑاہٹ میں ؛ اختلاج قلب سے ؛ نبض کی دھڑکنوں کے تیز تواتر کے ساتھ ۔ (اسم) ہلکا تیز قدم ۔ (فعل لازم) چھوٹے چھوٹے تیز قدموں کے ساتھ چلنا ۔

pitch, n. رال ؛ پچ ؛ زفت ؛ دھونا ، قیر ؛ تلچھٹ ؛ تارکول ؛ ان متعدد گہرے رنگ کے مضبوط یا لیس دار مادوں میں سے کوئی ایک جو جہاز کے چوبی فرش کی درزیں بھرنے کے بعد انھیں ڈھکنے کے لیے یا سڑک بنانے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں ، جیسے کول تار ؛ رال جو تار کول کی کشید کے بعد باقی رہتی ہے یا چوبی رال جو اسی طرح چوبی تارکول سے حاصل کی گئی ہو ؛ متعدد قیروں میں سے کوئی ایک ؛ معدنی رال ؛ اسفال/اسفالٹ ، متعدد مختلف اقسام کی رالوں میں سے کوئی ایک ؛ شیرہ یا کچی تارپین جو صنوبر کے درخت کی چھال سے نکلتی ہے ۔ (فعل متعدی) رال کے ساتھ یا اس کی طرح جیسے گویا رال کے ساتھ ملا دینا ، لیپنا یا اس کو اوپر ڈال کر اس سے ڈھک دینا ۔

pitchlike, a. رال کی طرح ۔

pitch, v.t. پھینکنا ؛ ڈالنا ؛ پچھاڑنا ؛ رال ملنا یا لگانا ؛ دُھوپنا ؛ گاڑنا ؛ نصب کرنا ؛ اترنا ، بیٹھنا ؛ گرنا ، پڑنا ؛ ڈیرے ڈالنا ؛ چھاؤنی چھانا ؛ خیمے نصب کرنا ؛ نصب کرنا یا کھڑا کرنا ، جیسے ایک خیمے کو ، ڈیرے کو یا اس جیسی کسی چیز کو ؛ عام طور پر ، رکھنا یا پودے کی طرح لگانا ، کسی مقررہ یا متعینہ مقام پر یا کسی مخصوص پوزیشن میں (جیسے : a roof having rafters pitched against an adjoining building) ؛ کسی مخصوص نقطہ ، درجہ یا سطح پر نصب کرنا ؛ باقاعدہ لگانا یا ترتیب دینا (جیسے : a pitched battle) ؛ کسی مخصوص درجہ پر لگانا یا جیسے کسی سُرتی کی کلید یا اس کا کلیدی نشان متعین کرنا ؛ تاش کے بعض کھیلوں میں پیش قدمی کرنا ، جیسے کسی خاص رنگ کے ایک پتے سے پیش قدمی کر کے اسی رنگ کو ترپ قرار دیتے ہیں ؛ پھینکنا ، ملامت کرنا ، زور سے پھینک کر مارنا یا اچھالنا (جیسے : to pitch a harpoon) ۔ (بیس بال) گیند کو پھینک کر بَلّا چلانے والے کو دینا ۔ (گالف) گیند کو اس طرح اونچا پھینکنا کہ جب وہ نیچے آئے تو لڑھکتی ہوئی نہ چلے ۔ (میکانیات) جوڑنا ، ایک دوسرے کے ساتھ پھنسانا ۔ (فعل لازم) خیمہ یا کوئی عارضی رہایش گاہ کھڑی کرنا ؛ ڈیرہ ڈالنا ؛ ایک صورت اختیار کرنا ؛ آباد ہونا ؛ کسی بات پر جم جانا یا کسی بات کا فیصلہ کرنا (on یا upon کے ساتھ مستعمل) ؛ اکثر محض جم جانا یا فیصلہ کر لینا ؛ پھینکنا یا اچھالنا ؛ غوطہ مارنا یا گرنا آگے کی طرف یا سر کے بل ، بالخصوص ڈبکیاں مارنا باری باری نیچے گر کر اور اوپر اٹھ کر جیسے جہاز کے اگلے اور پچھلے حصوں کا ؛ اب ڈب کرنا (ڈولنے کے برعکس) ؛ عام طور پر جہاز کا الٹ جانا ، نیچے کی طرف جھکنا یا ڈبکی لگانا ۔ (بیس بال) بَلّا چلانے والے کو گیند دینا یا پیش کرنا ؛ گیند پھینکنے والے کی جگہ لینا ۔ (میکانیات) جوڑنا ؛ ایک دوسرے کو باہم پھنسانا ۔

pitch into, حملہ کرنا ؛ جوش کے ساتھ شروع کرنا (جیسے : pitch into one's work) ۔

pitch, n. گاڑنے کا عمل یا انداز ؛ پھینکنے یا اچھالنے کا عمل ؛ ایک آگے کی طرف ڈُبکی یا لپک ؛ جہاز کے الٹ جانے کا عمل ؛ نصب کرنے ، لگانے ، پھینکنے وغیرہ کی حرکت یا کسی بحری جہاز یا ہوائی جہاز کی آگے کی طرف جست ۔ (عوامی) فروخت کی

جارحانہ گفتگو ۔ (تاش) ایک قسم کا تاش کا کھیل جس میں ترپ کا تعین پہلے پیش کیے گئے پتے سے ہوتا ہو ؛ کوئی چیز جو کسی جگہ ٹکائی یا نصب کی گئی ہو ؛ ایک مقدار اس چیز کی جو کسی جگہ ٹکائی یا رکھی گئی ہو ؛ نصب کرنے ، ڈیرہ ڈالنے یا ٹھیک ٹھاک رکھنے کی کوئی جگہ ؛ کوئی مقام جہاں کسی شخص یا چیز کو رکھا جائے یا مقیم کیا جائے ؛ نقطہ ، مقام یا درجہ ، جیسے کسی پیمانے پر (جیسے : a pitch of ecstasy) ۔ (موسیقی) امتداد ؛ سُرآواز کا بم یا اس کی شدت یا زیر اور اس کی شدت جس کا انحصار ان ارتعاشات کی اضافی سرعت پر ہوتا ہے جن سے یہ زیروبم پیدا ہوتا ہے ؛ سُرتی کا کوئی خاص معیار جس سے مخصوص سرتیوں کا مقابلہ باعتبار ان کی اضافی بلندی کے کیا جا سکے ؛ اوج (جیسے : concert pitch, French pitch) ؛ بلندی عام طور پر (جیسے : the pitch of an arch) ؛ وہ بلندی جس تک کوئی پرندہ ہوا میں اوپر کی طرف اٹھ سکتا ہے ؛ نیچے کی طرف میلان یا ڈھلوان ؛ ایک ڈھلوانی حصہ یا جگہ ؛ کسی سنگی پرت یا دھاری کا رجحان ، جیسے کچدھات کا ؛ سطح افقی سے کسی چھت کا ڈھلان یا کڑاڑا پن ۔ (میکانیات) دو چیزوں کا درمیانی فاصلہ ، بالخصوص ایک سلسلے میں ؛ ایک دندانہ دار پہیے کے دو متصل دندانوں کے مرکزوں کے درمیان کا فاصلہ (کسی دائرۃ المفاصل یا خط المفاصل سے ناپا ہوا) ۔ (صفت) اوج کا ؛ بلندی کا ۔

full pitch, (کرکٹ) گیند کو پھینکنے میں ایک ایسا رخ اختیار کرنا کہ وہ زمین پر لگنے سے پہلے وکٹ کو لگے ۔

pitch, n. (فضائیات) افقی سے عمودی اڑان میں تبدیلی ؛ تینوں محوروں میں سے کسی ایک پر ، جن پر خلائی گاڑی کی بلندی ، ڈولنے اور سمت بدلنے کے باوجود قابو میں رکھی جا سکتی ہے ۔

pitch-black, a. مکمل یا انتہائی اندھیرا ؛ تاریکی ؛ بالکل سیاہ ، جیسے قیر ۔

pitchblende, n. ایک معدن جو زیادہ تر یورینیم آکسائڈ پر مشتمل ہوتا ہے ، جو کالے یا بھورے تارکول کی طرح کے مادوں کی شکل میں واقع ہوتا ہے ؛ یورینیم اور ریڈیم کا ایک بڑا ماخذ ۔

pitch-dark, a. تاریک ، جیسے قیر یا تارکول ؛ بہت سیاہ ۔

pitcher, n. ڈونگا ؛ ایک برتن مختلف شکلوں اور سائزوں میں ، دستے ، پرنالے یا ہونٹ کے ساتھ ، رقیق اشیا رکھنے اور انڈیلنے کے لیے ۔ (نباتیات) بعض پودوں کے پتے کی ایک کوزہ جیسی تبدیلی ؛ کوزہ برگ ۔

pitcher, n. وہ جو مختلف مخصوص اعمال کرتا ہے ۔ (بیس بال) وہ کھلاڑی جو بلا چلانے والے کے لیے گیند پھینکتا ہے ۔

pitcher plant, n. کُوزہ برگ پودا ؛ گوشت خور پودا ؛ ان مختلف پودوں میں سے کوئی ایک جن کے کوزے کی طرح کے پتے ہوتے ہیں جو عموماً پانی سے بھرے رہتے ہیں ، بالخصوص (Sarracenia purpurea) ، جو مشرقی شمالی امریکا میں پائے جاتے ہیں اور جن کے پتے حشرات الارض کو پھانس کر ہضم کر جاتے ہیں ۔

pitchfork, n. دوشاخہ ؛ کانٹا ؛ ترنگل ؛ ایک سہ شاخہ جو سُوکھی گھاس یا غلہ کے بھوسے کو اٹھانے یا پھینکنے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) سہ شاخہ سے اٹھانا یا پھینکنا ۔

pitch in, v.i. (بول چال) ایک گروہی مہم کی مدد کے لیے اپنی کوششوں میں اضافہ کرنا ۔

pitchout, n. (بیس بال) گیند کو بلا چلانے والے کی دسترس سے باہر یا اوپر پھینکنا ، اس طرح لپکنے والا اس مشتبہ کوشش کو روک سکتا ہے جو چُپ چاپ ایک بیس کو جیتنے کے لیے کی گئی ہو ۔ (فٹ بال) دو بیک کھلاڑیوں کے درمیان ایک بغلی پاس جو اس وقت کیا گیا ہو جب وہ چھینا جھپٹی کے خط کے پیچھے ہوں ۔

pitch pipe, n. چھوٹی موسیقی کی بانسری جس میں ایک یا دو متعین سُرتیاں ہوں اور جسے ایک گروہی گانے کو ٹھیک زیروبم دینے یا ایک آلۂ موسیقی کو ہم آہنگ کرنے کے لیے بجایا جائے ۔

pitchstone, n. رال ؛ چٹان ؛ ایک بلوری آتشی پتھر جس میں رالی چمک دمک ہو اور شکل و صورت میں ایک سخت کولتار یا قیر کی طرح اور معدنی شیشے سے مشابہ ہو ۔

pitchy, a. کالا ؛ سیاہ ؛ اندھیرا ؛ تارکول جیسا ؛ قیر سے بھرا ہوا یا اس کی بہتات کا ؛ قیر سے آلودہ ؛ قیر کی نوعیت کا یا اس سے مشابہ ؛ قیر جیسا سیاہ ۔

piteous, a. پُرملال ، دردناک ؛ قابل افسوس ؛ ترحم انگیز ؛ بیجان انگیز یا رحم یا ہمدردی کا مستحق ؛ حسرت ناک ۔

pitfall, n. چور گڑھا ، اوبھا ، ڈبک ، اوگی ؛ کھائی ؛ ایک پوشیدہ گڑھا جو جانوروں یا آدمیوں کو پھانسنے کے لیے تیار کیا گیا ہو ۔ (مجازاً) غیر چوکس کے لیے کوئی بھی گڑھا یا خطرہ ۔

pith, n. (نباتیات) گودا ؛ دو فلقوی پودوں کے نظاموں میں سوراخ دار کیسوی نسیج کا مرکزی اسطوانہ ۔ (حیوانیات) کسی عضو کا نرم اندرون ، جیسے ایک پر یا ہڈی کا اہم اندرونی حصہ ؛ بنیادی عضو ؛ مرکز ؛ جوہر مادہ ؛ لب لباب یا خلاصہ (جیسے : the pith of the matter) ؛ واقعی معیار ، وزن یا اہمیت (جیسے : a speech with pith) ؛ حرام مغز کی ہڈی اور گودا ۔ (فعل متعدی) کسی چیز سے اصل مواد نکال لینا ، جیسے پودے سے ؛ کسی کی نخاع کو چھونا ، الگ کرنا یا تباہ کرنا ؛ ذبح کرنا جیسے مویشی کو (نخاع کاٹ کر یا جھٹکے سے) ۔

pithead, n. کسی کان یا کوئلے کی سرنگ کا دروازہ یا متصل عمارتیں اور زمینیں ۔

pithecanthropus, n. پتھکن تھروپس ؛ جاوا کا بَن مانس ؛ ایک ماقبل تاریخ کی انسان نما جنس جو اب معدوم ہے ، اس کی دو انواع تھیں : آدم نما بوزنا (P. erectus) اور بوزنا نما آدمی (P. robustus) ؛ جرمن ماہر انسانیات ہیکل (Haeckel) نے انھیں سلسلۂ ارتقا کی وہ کڑی تجویز کیا ہے جو آدمیوں اور بوزنوں کے درمیان تھی اور اب گم شدہ نظر آتی ہے ۔

pithecanthropoid, n., a. پیکنتھروپس نما ۔

pithy, a. پُرمغز ؛ زور آور ، مضبوط ؛ پرمعنی ؛ متین ؛ مختصر ؛ گودے دار ؛ رس دار ؛ جامع اور جاذب توجہ ؛ پرزور ؛ معنی اور حقیقت کا حامل ؛ جامعیت و اہمیت کا ، ان سے بھرپور یا ان کی بہتات سے بہرہ ور ۔

pithily, adv. پرمغز طور پر ؛ زور آورانہ ؛ پرمعنی طور پر ۔

pithiness, n. پرمغزی ۔

pitiable, a. درد انگیز ؛ واجب الرحم ؛ مسکین ، حقیر ، مبتذل ؛ ترس کھائے جانے کا مستحق ؛ رحم پیدا کرنے والا یا جذبۂ رحم کو ابھارنے

والا ؛ افسوسناک ؛ شرمناک ؛ ایک حقارت آمیز ترس پیدا کرنے والا ؛ ذلیل ؛ بدنصیب ؛ قابل رحم ۔

pitiableness, n. قابلِ رحم حالت ؛ قابلِ نفرت حالت ؛ مسکینی ۔

pitiably, adv. قابلِ رحم طور پر ؛ واجب الرحم انداز سے ۔

pitier, n. وہ جو رحم کرتا ہے ؛ ترس کھانے والا ۔

pitiful, a. ملائم ؛ رحم دل ؛ رحیم ، دردمند ؛ رحم کا مستحق ، ہمدردی پیدا کرنے والا ؛ بدنصیب ؛ ذلیل ؛ مبتذل ؛ خوار ؛ حقیر ؛ غیر اہم ؛ قابل نفرت ۔

pitifully, adv. دردمندی سے ؛ قابل رحم طور پر ۔

pitifulness, n. دردمندی ؛ نفرت انگیز حال ۔

pitiless, a. بے درد ؛ شقی القلب ؛ سنگ دل ؛ بے رحم ؛ سخت دل ، ترس نہ کھانے والا ۔

pitman, n. کان کَن ؛ اتصالی ڈنڈی ؛ وہ شخص جو کسی گڑھے/ کھائی میں کام کرتا ہے ، جیسے کوئلے کی کان میں ۔ (مشین) لوہے کی ڈنڈی جو ایک گھومنے والے پرزے کو جوابی عمل کرنے والے پرزے سے جوڑتی ہے ؛ جوڑنے والی لوہے کی ڈنڈی ۔

piton, n. میخ ؛ کڑا ؛ نوک دار دھاتی سلاخ جس کے ایک کنارے پر رسّے کے لیے ایک سوراخ ہوتا ہے ، اِسے کسی چٹان یا برف کی دراڑ میں پھنسا کر پہاڑ کے اوپر چڑھنے کے لیے سہارا لیتے ہیں۔

Pitot-static tube, n. (طیرانیات) ایک آلہ جو ایک طرح کی پیٹاٹ ٹیوب پر مشتمل ہوتا ہے جسے اکثر ایک ہوائی رفتار نما سے جوڑ دیتے ہیں اور اسے ہوائی جہاز کی پرواز کے دوران اس کی رفتار معلوم کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Pitot tube, n. (ماقوانیات) متحرک سیّالوں کی حرکی رفتار کو ناپنے کا ایک آلہ ۔

pitsaw, pit saw, n. بڑا آرا یا کروَت ؛ دستی آرا ؛ ایک دستی آرا جسے دو آدمی چلاتے ہیں ، ایک لکڑی کے لٹھے پر اور دوسرا اس کے نیچے ہوتا ہے ۔

pittance, n. وظیفہ ، روزینہ ؛ پیٹیا ؛ ٹکڑا ؛ ایک چھوٹا سا بھتا ؛ ایک بہت چھوٹا حصہ جس کی اجازت دی گئی ہو یا جو تفویض کیا گیا ہو ۔

pitted, a. کھردرا ؛ جوفہ دار ؛ گڑھے یا دندانے رکھنے والا ، جیسے چہرے پر چیچک کے داغ ۔

pitter-patter, n. تیز متواتر تھپکیاں یا چھینٹے ، جیسے بارش کے ۔ (فعل لازم) اس قسم کی آواز پیدا ہونا ۔ (متعلق فعل) اس آواز کے ساتھ ۔

pitting, n. ایسا عمل یا طریق کار جو گہرے داغ پیدا کرتا ہے ، جیسے چیچک کے بعد گہرے نشانات باقی رہ جاتے ہیں ؛ اس قسم کے داغ مجموعی طور پر ۔

pituitary, a. (تشریح الاعضا) نخامی ؛ بلغمی ؛ غدہ نخامیہ کا یا اس سے متعلق ؛ غدود کے ناقص عمل کی وجہ سے عفریتیت کا مظہر ۔ (طِب) غدود نخامیہ ۔ (اسم) (طِب) غدود نخامیہ سے اخذ کردہ متعدد ہارمونوں میں سے کوئی ایک ۔

pituitary gland, n. (تشریح الاعضا) غدہ نخامیہ ؛ ایک چھوٹا بیضوی شکل کا ہارمون زاغدہ جو دماغ کی اساس میں واقع ہوتا ہے اور ایسے ہارمونوں کو خارج کرتا ہے جو نشونما ، تحول ، بلوغت ، تولید اور دیگر جسمانی وظائف پر وسیع اثر رکھتے ہیں ۔

Pituitrin, n. (طِب) نخامین ؛ غدۂ نخامیہ کا افشردہ/ست عموماً مویشیوں کا ۔ (تجارتی نشان) ۔

pitviper, n. گڑھا سانپ ؛ ان زہریلے سانپوں میں سے کوئی ایک جو مارزنگی (Crotalidae) خاندان سے تعلق رکھتے ہیں ، جیسے ٹیریا سانپ اور مارسیاہ/کالا سانپ جس کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے نتھنے اور آنکھ کے درمیان ایک گڑھا یا جوف ہوتا ہے ۔

pity, n. دل سوزی ؛ رقت ؛ تأسُّف ؛ درد ؛ ہمدردی ؛ رحم ؛ ترحم ؛ کسی ایک شخص کا دوسرے شخص کی تکالیف سے متاثر ہو کر خود تکلیف محسوس کرنے کا عمل یا حالت ؛ دردمندی کا اظہار ؛ ترس/تلطف ؛ رحم کا سبب یا موضوع ؛ رنج کا باعث ؛ ایک قابل افسوس چیز ۔ (فعل متعدی) کسی کی طرف رحم یا ترس محسوس کرنا ؛ کسی کے لیے رنج یا درد محسوس کرنا ؛ کسی سے ہم دردی رکھنا ۔ (فعل لازم) ترس یا رحم محسوس ہونا ۔

pitying, a. رحم کھانے والا ۔

pityingly, adv. ترس کھاتے ہوئے ؛ از راہ افسوس ؛ ازروئے ترحم ۔

pityriasis, n. بہق ابیض ؛ ایک جلدی مرض جو انسانوں اور بعض گھریلو جانوروں میں واقع ہوتا ہے ، اس مرض میں جلد کے اوپر کا پرت جگہ جگہ دھبوں سے بھوسی نما مواد کی طرح اکھڑتا ہے ؛ چھیپ ۔

piu, adv. [اطالوی] (موسیقی) زیادہ : ایک اشارہ موسیقاروں کے لیے (جیسے : piu lento faraway) ۔

pivot, n. محور ؛ مدار ؛ چُول ؛ چولیا ؛ ایک نوک دار سلاخ کا ٹکڑا یا ایک چھوٹا دُھرا جس کے کنارے پر کوئی چیز لگی ہوئی ہوتی ہے اور گھومتی ہے یا جس کے اوپر یا گرد کوئی چیز چکر کاٹتی ہے یا ہلتی ہے ؛ کسی شافٹ یا دھرے کا سرا جو کسی بیرنگ/چول میں رکھا ہو اور گھومتا ہو ؛ وہ جس پر کوئی چیز گھومتی ہے یا جھولتی ہے یا سہارا لیتی ہے ؛ وہ شخص جس کے گرد فوجی جوانوں کی قطار چکر کھاتی ہے ؛ ایک پاؤں پر تیز چکر ، جیسے محور پر گھومنے کا عمل ۔ (فعل متعدی) محور یا محوروں پر چڑھانا ، ان سے وابستہ کرنا یا ان کا مہیا کرنا ۔ (فعل لازم) گھومنا محور کے گرد یا جیسے محور پر ۔

pivotal, a. محور کا ، اس سے متعلق یا محور کا کام کرنے والا ؛ نازک اہمیت کا حامل ؛ محوری ؛ مرکزی ۔

pivotally, adv. محور کی حیثیت سے ۔

pivot tooth, n. ایک متبادل دانت جو اصل دانت کی جڑ کے ساتھ ایک چُول کے ذریعے جڑا ہوا ہو ۔

pixilated, a. ذہنی طور پر خفیف سا غیر متوازن ؛ کھِسکا ہوا ؛ مرکز سے ہٹا ہوا ۔ (عوامی) شراب کے نشے میں ، مدہوش ۔

pixy, pixie, n. پری ، بالخصوص شریر پری ۔ (صفت) شریر ، بدمعاش ۔

pixyish, a. شریر کی طرح ۔

pizza, n. پیزا ؛ ایک چٹ پٹا اطالوی کھانا ، جس میں پنیر اور ٹماٹر ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ چٹنی ، چھوٹی چھوٹی مچھلیوں اور بعض مسالے دار پھلوں کی چاشنی بھی شامل کی جاتی ہے ، اس قسم کی اشیا کو ڈبل روٹی کے خمیری آٹے کی تہ پر جما کر

تنور میں رکھ کر پکا لیتے ہیں۔

pizzeria, n. پیزا - گھر ؛ ایک ایسا تجارتی ادارہ جہاں مذکورہ بالا پیزا تیار کیے جاتے ہیں اور ان گاہکوں کو فروخت کیے جاتے ہیں جو وہیں اسی عمارت میں کھانا چاہیں یا اپنے ساتھ گھر لے جانا چاہیں۔

pizzicato, a. (موسیقی) مضراب یا انگشتانہ کے استعمال کی بجائے تاروں کو انگلیوں سے چھیڑ کر بجنے والا ، جیسا کہ ولایتی سارنگی/رباب میں ہوتا ہے۔ (اسم) انگلیوں سے بجنے والا ساز۔ (اسم) (موسیقی) ایک نغمہ یا عبارت جو اس طرح بجائی جائے۔ (متعلق فعل) ایسے نغمے کے انداز میں۔

placable, a. تشفی پذیر ؛ وہ جو آسانی کے ساتھ اطمینان دلائے جانے یا پرسکون کیے جانے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

placability, n. تشفّی پذیری ؛ ملائمت ؛ حِلم ؛ نرمی ؛ بردباری۔

placably, adv. نرمی سے ؛ بردباری سے۔

placard, n. پلے کارڈ ؛ پوسٹر ؛ تختۂ اعلان ؛ اشتہار نامہ ؛ اعلان نامہ ؛ اشتہار ، ایک تحریری یا مطبوعہ کاغذ جو کسی پبلک مقام پر چسپاں کیا گیا ہو ؛ چھوٹی پرچی یا پلیٹ جو معلومات کی حامل ہو۔ (فعل متعدی) اشتہاروں کو کسی چیز پر لگانا ؛ اشتہار کے ذریعے مطلع کرنا۔

placate, v.t. تسلی دینا ؛ تشفّی کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ پرسکون کرنا یا مفاہمت پیدا کرنا ؛ منانا۔

placater, n. راضی کرنے والا ؛ تسلی/تشفّی کرنے والا۔

placation, n. خوش کرنے کا عمل ؛ راضی نامہ۔

placative, placatory, a. صلح کُن ؛ تسلی بخش۔

place, n. جگہ ؛ ٹھور ، ٹھکانا ؛ وسعت ، گنجایش ، سمائی ؛ عہدہ ، مقام ، مرتبہ ، درجہ ؛ مکان ، خانہ ؛ جائے سکونت ؛ ایک غیر قطعی وسیع رقبہ یا خطہ (جیسے : a faraway place) ؛ موقع یا کوئی دوسرا مقام واقعہ ؛ شہر یا گاؤں ؛ ایک کشادہ راستہ یا وسیع چوک کسی شہر میں ؛ سطح زمیں کا کوئی بھی حصہ جسے اس کے استعمال یا نوعیت کے اعتبار سے مخصوص کر دیا گیا ہو (جیسے : an eating or parking place) ؛ مکان ، کمرہ یا دوسری جائے رہایش ؛ کسی کتاب یا موسیقی کے نغمے میں کوئی عبارت یا حصہ ؛ روداد کی کوئی ترتیب (جیسے : in the first place) ؛ عہدہ یا مرتبہ ؛ سماجی طبقہ یا حیثیت ، ترجیح یا اہمیت کا درجہ ؛ کوئی عہدہ ، تقرر یا اسامی ؛ کوئی فرض یا حق (جیسے : it is not his place to say) ؛ سبب یا موقع (جیسے : a party is no place for gloom) ؛ جگہ یا بجائے ، مقام یا حیثیت ، قابل تبادل (جیسے : in place of another) ؛ کسی ترتیب میں یا پیمانے پر متعین جگہ ، جیسے اعداد کی یا موسیقی سُرتیوں کی اپنی جگہ ؛ کسی چیز کا اصلی یا قدرتی مقام (جیسے : each in its proper place) ؛ کسی دوڑ یا مقابلے میں جیتی ہوئی حیثیت (جیسے : to win first place) ۔ (فلکیات) کسی خاص وقت پر آسمان میں کسی جِرم سماوی کا مقام یا گھر۔ (بول چال) کامیابی یا کارنامے کی کیفیت یا حالت (جیسے : He will get some place) ۔ (کھیل) کسی دوڑ کی مختتم حد پر سب سے پہلے پہنچنے والوں میں سے کوئی ایک ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں گھڑ دوڑ کے اندر مختتم حد پر پہنچنے والوں میں سے دوسرے نمبر کا۔ (فعل متعدی) محل وقوع بتانا یا معلوم کرنا ؛ ٹھیک جگہ پر مرتب کرنا ؛ کسی عہدے یا اسامی پر تقرّر کرنا ، فائز کرنا ؛ قائم کرنا ؛ کسی مخصوص مرتبے پر یا کیفیت یا حالت میں رکھنا یا استوار کرنا ؛ کسی کے عرصۂ وقت کا تعیُّن کرنا (جیسے : History places him at the time of Plato) ؛ سپرد کرنا یا عطا کرنا (جیسے : to place confidence in a friend) ؛ تسلیم یا شناخت کرنا (جیسے : to place a face or an accent) ؛ کسی چیز کا اہتمام کرنا (جیسے : to place an order) ؛ غور و خوض کے لیے پیش کرنا (جیسے : to place the problem before the board) ؛ طبعی ابھار اور گمک پر ضبط رکھنا ، جیسے آواز کا بولنے اور گانے میں انتہائی اثر پیدا کرنے کے لیے (جیسے : Vocal lessons helped to place his voice correctly,) ؛ رکھنا ؛ لگانا ؛ ٹھکانے سے رکھنا ؛ قرینے سے لگانا ، روزگار کا انتظام کرنا ؛ بینک میں جمع کرنا ؛ کاروبار میں لگانا ؛ خریدار کے حوالے کرنا۔ (فعل لازم) امتحان یا مقابلے میں کوئی خاص مرتبہ حاصل کرنا (جیسے : to place high in a competition or examination) ۔ (کھیل) اختتام پر پہلے تین کھلاڑیوں میں شامل ہونا ؛ گھڑ دوڑ میں دوسرے نمبر پر آنا۔

take place, واقع ہونا۔

in place of, کسی کا بدل ؛ کسی کے بجائے۔

give place, راستہ دینا ، مان لینا۔

placeable, a. جس کا مقام متعین ہو سکے ؛ تعیُّن پذیر ؛ محل پذیر۔

placeless, a. بے مقام ؛ بے محل۔

placebo, n. (رومی کیتھولک کلیسا) شام کی عبادت مُردوں کے لیے۔ (طِب) کوئی ایسی تیار کردہ نام نہاد دوا جس کی کوئی دافع امراض حیثیت نہ ہو اور جسے مریض کو محض خوش کرنے کے لیے دیا جائے یا کسی حقیقی دوا کی موثریت کا تجربہ کرنے کے لیے آزمایا جائے ؛ کوئی چیز جس کا مقصد خوش کرنا یا دلجوئی کرنا ہو۔

place hitter, n. (بیس بال) کوئی ایسا کھلاڑی جو ان گیندوں کی سمت پر ضبط رکھ سکتا ہو جنھیں وہ بلّے سے ضرب لگاتا ہے۔

place kick, n. (فٹ بال) وہ ٹھوکر جس سے گیند کو مخالف کے گول کے بانس/ڈنڈے پر پھینکا جاتا ہے ، جبکہ ٹیم کا دوسرا کھلاڑی گیند کو اس غرض کے لیے زمین پر رکھتا ہے۔

place-kick, v.t. گیند کو زمین پر رکھ کر گول کرنے کے لیے ٹھوکر لگانا۔

place kicker, n. گیند کو گول کرنے کے لیے ٹھوکر لگانے والا۔

placement, n. تعیین ؛ تعیناتی؛ رکھنے کا عمل یا رکھنے جانے کی حالت ؛ مقام ؛ انتظامات ؛ کسی شخص کو کسی مناسب روزگار کی فراہمی۔ (فٹ بال) کھیل کے میدان سے گول کرنے کی کوشش میں ٹھوکر مارنے کے لیے گیند کا زمین پر رکھے جانے کا عمل۔

place-name, n. کسی جگہ یا مقام کا نام ؛ کوئی جغرافیائی نام۔

placenta, n. (حیوانیات ، تشریح الاعضا) آنول ؛ جفت جنین ؛ وہ عضو جس کے ذریعے اکثر میمل جانوروں کا جنین ان کی رحم کی

دیوار سے جڑا ہوا ہوتا ہے اور جس کے ذریعے جنین غذا حاصل کرتا ہے اور فضلہ خارج کرتا ہے ؛ مشیمہ ۔ (نباتیات) پھولوں والے پودوں کی بیضہ دانی کا وہ حصہ جس میں تخمک ہوتے ہیں ۔

placental, placentary, a. مشیمی ؛ آنول کے متعلق ۔

placentation, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) مشیمیت ؛ آنولیت ؛ جنین کا رحم کی دیوار سے جوڑ یا جوڑ کا ذریعہ ؛ کسی جنین کی صورت حال یا ساخت کا انداز ۔ (نباتیات) بیجوں والے پودوں میں بیضہ دانی کی صورت حال یا ترتیب ۔

placer, n. رکھنے والا ؛ وہ جو رکھتا ہے ، جماتا ہے یا ترتیب دیتا ہے ؛ کسی دور کے مقابلہ کرنے والے فاتحوں میں سے کوئی ایک ، خواہ وہ کوئی شخص ہو یا کوئی جانور ۔

placer, n. (کان کَنی) معدنی ریت ؛ برفانی یا دریائی رسوب جن میں سونے یا کسی دوسرے قیمتی معدنیات کے دانے ہوتے ہیں ؛ وہ مقام جہاں برفانی یا دریائی رسوب پانی میں دھوئے جاتے ہیں تا کہ اس قسم کے معدنیات حاصل کیے جائیں ۔

place setting, n. دسترخوان ؛ کسی شخص کے کھانا کھانے کے لیے ضروری پلیٹوں اور برتنوں کا مکمل سیٹ ۔

placet, n. اثبات یا منظوری کا اظہار ۔

placid, a. مطمئن ؛ خاطر جمع ؛ حلیم ؛ بردبار ؛ متحمل ؛ گمبھیر ؛ شریف ؛ پرسکون ؛ ساکن ؛ غیر سنجیدہ ؛ نرم ؛ متموج ۔

placidity, placidness, n. نرمی ؛ سکون ، دل جمعی ۔

placidly, adv. نرمی سے ؛ خاطر جمعی سے ۔

placket, n. زیر جامہ/پیٹی کوٹ یا اسکرٹ میں کوئی چاک یا شگاف ۔ (قدیم) ایک عورت ؛ لڑکی ۔

placoid, a. قاب نُما ؛ پلیٹ نما ؛ جیسے وہ خار دار فلس جو شارک مچھلیوں اور elasmobranch شاخ کی دوسری مچھلیوں کی کھال پر جمع ہوتے ہیں ۔ (اسم) چپٹے فلسوں والی کوئی مچھلی ۔

plafond, n. (فن تعمیر) کوئی منقش چھت خواہ وہ چپٹی ہو یا محرابی ۔

plagal, a. (مغربی موسیقی) جس میں آخری سُرتی یا کھرج پورے راگ کی وسعت کے وسط میں ہوتی ہے ۔

plagal cadence, (جدید موسیقی) ایک زیروبم کا اندراج جس میں کھرج کی تان مدھر/سے پہلے ہوتی ہے ۔

plagiarism, n. ادبی سرقہ ؛ کسی دوسرے شخص کے خیالات ، زبان یا منصوبوں کو اپنے تصرف میں لے کر اور انھیں اپنا ظاہر کر کے پیش کرنے کا عمل ؛ کوئی بھی چیز جسے اس طرح تصرف میں لایا جائے اور پیش کیا جائے ۔

plagiarist, n. سارق ؛ سرقہ کرنے والا شخص ؛ انتحال ۔

plagiaristic, a. چوری کردہ ؛ مسروقہ ؛ سرقہ شدہ ؛ منتحل ۔

plagiarize, Brit. plagiarise, v.t. انتحال کے ذریعے کسی کے خیالات یا عبارتوں کو اپنے ناجائز تصرف میں لینا ؛ سرقہ کرنا ۔ (فعل لازم) ادبی سرقے کا ارتکاب ہونا ۔

plagiarizer, n. ادب چور ؛ سارق ۔

plagiary, n. سارق مضمون یا عبارت کا ؛ ادبی سرقہ کرنے والا ؛ ادبی سرقہ ۔

plagioclase, n. سوڈا لائم طبقے کا فلسپار ؛ مائل شگافہ بلور ۔

plagioclastic, a. مائل شگافہ بلور کا یا اس سے متعلق ؛ ترچھے شگاف والا ۔

plagiotropic, a. (نباتیات) ایک ایسے طریق نمو کا مظہر یا اس کے متعلق جو افقی سے کم و بیش مختلف ہوتا ہے ۔

plagiotropically, adv. مائل رُخی طور پر ۔

plagiotropism, n. مائل رُخی ۔

plague, n. طاُعون ؛ تصدیعہ ، تکلیف یا دکھ ؛ مری ؛ وبا ؛ مصیبتِ عام ؛ آفت ؛ پلیگ ؛ ایک وسیع پیمانے پر پھیلنے والا مرض جس میں اموات کی شرح تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے ؛ بہت شدید ، متعدی اثر رکھنے والا اور تیز بخار کے ساتھ ایک ایسا مرض جو عصیات (Pasteurella pestis) سے پیدا ہوتا ہے ، اصلاً وہ ایک قارض کا مرض ہے مگر پسوؤں کے ذریعے آدمیوں میں منتقل ہو جاتا ہے اور متعدد مختلف شکلوں میں واقع ہوتا ہے ؛ گلٹی دار ، نمونیائی اور عفونتِ خون کا آزار ؛ ایک زبردست ایذا ؛ تباہی یا بلا ، پریشانی یا تکلیف کا باعث ؛ موجب اختلال ۔ (فعل متعدی) پریشان کرنا یا تکلیف دینا ؛ ناراض کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ دق کرنا ؛ مرض ، آفت یا کسی بلا میں مبتلا کرنا ۔

plaguer, n. دق کرنے والا شخص ؛ بداخلاق ۔

plaguy, plaguey, a. (بول چال) ناراضگی پیدا کرنے والا ، تکلیف دہ ۔ (متعلق فعل) ناراض کرنے کے انداز سے ؛ بشدت ۔

plaice, n. چپٹی مچھلی ؛ ایک یورپی سپاٹ مچھلی Pleuronectes platessa ؛ ایک اہم غذائی مچھلی جو بعض اوقات دس پاؤنڈ سے بھی زائد ہوتی ہے ؛ متعدد مختلف امریکی چپٹی مچھلیاں یا فلاونڈر مچھلیاں ۔

plaid, n. پلیڈ ؛ باہر کی طرف پہننے کا ایک بڑا مستطیل لباس یا چادر جو زیادہ تر اسکاٹ لینڈ کے چارخانہ دار کپڑے کا بنا ہوا ہوتا ہے اور جسے پہاڑی باشندے اور دوسرے لوگ اسکاٹ لینڈ میں پہنتے ہیں ؛ ایک ایسا کپڑا جو چارخانوں کے طرز پر بُنا جاتا ہو ؛ اس قسم کا ایک آڑا ترچھا نمونہ ۔ (صفت) ایسا نمونہ رکھنے والا ۔

plaided, a. پلیڈی ؛ پلیڈ پوشی ؛ پلیڈ پہنے ہوئے ۔

plain, a. میدان ، سادہ ، واضح ؛ محض ؛ صرف ؛ نشیب و فراز کے بغیر (جیسے : a plain landscape) ؛ ہموار مسطّح ، چپٹا ، ہموار یا چکنا ؛ بغیر زیب و زینت یا سجاوٹ کے (جیسے : a plain dress) ؛ بے تکلفانہ یا غیر جاذبِ نظر (جیسے : a plain girl) ؛ بغیر بہروپ ، عیاری یا دکھاوے کے (جیسے : a plain talk) ؛ غیر شایستہ یا غیر سوفسطائی (جیسے : plain people) ؛ واضح ، قطعی یا غلطی سے مبرا (جیسے : the answer was plain to me) ؛ مشکلات یا پیچیدگیوں کے بغیر ؛ سادہ بمقابل گراں بہا یا عیاشانہ (جیسے : plain furnishings) ؛ جو بہت زیادہ مسالے دار/چٹ پٹا نہ ہو (جیسے : plain food) ۔ (تاش) آخری فیصلہ کن پتے یا ترپ کے پتے کے علاوہ دوسرے پتے ؛ قطعی طور پر (جیسے : a plain foolishness) ۔ (متعلق فعل) صاف طور پر یا سادہ طور پر ، نِرا (جیسے : he is a plain stupid) ۔ (اسم) ہموار سطح کی زمین کا ایک رقبہ ۔ (جغرافیہ) خشک زمین کے ان تمام حصوں کے لیے ایک عام نام جنھیں مناسب طور پر کوہستانی یا پہاڑی نہیں کہا جا سکتا ؛ میدان ۔

plainly, adv. صاف طور پر ؛ سادہ طور پر وغیرہ ۔

plainness, n. ہمواری ؛ سادگی ؛ وضاحت ؛ صراحت وغیرہ ۔

plainchant, n. سادہ گیت ۔

plainclothes man, plainclothesman, n. سادہ پوش سپاہی ؛ پولیس کا ایک سراغرساں جو اس وقت اپنی وردی نہیں پہنتا جب وہ ادائے فرض پر مامور ہوتا ہے ۔

plain-laid, a. سادہ بٹا ہوا ؛ اس رسّے کے متعلق جو اس طرح بٹا جاتا ہے کہ تین الٹے ہاتھ کی بٹی ہوئی لڑیوں کو سیدھے ہاتھ کا بل دیتے ہیں ۔

plain sailing, n. پانی پر ایسا سفر کرنا جو پرسکون اور خطرات سے آزاد ہو ۔ (مجازاً) بلا مزاحمت راہ عمل ؛ مشکلات کے بغیر ترقی ؛ نہایت آسان طریق کار ۔

Plains Indian, n. میدانی انڈین ؛ ان انڈین قبائل کا کوئی رکن جو پہلے شمالی امریکا کے وسیع میدانوں اور گیاہستانوں میں آباد تھے ، مختلف النوع زبانیں رکھنے کے باوجود وہ مشترک ثقافتی خصوصیات کے مالک تھے جو مویشیوں کے تعاقب اور ان کی خانہ بدوشانہ زندگی پر مبنی تھیں ۔

plainsman, n. میدانی آدمی ؛ وہ آدمی جو میدانوں کا باشندہ ہو ۔

plainsong, n. (موسیقی) سادہ ، سنجیدہ ، آرایش سے معرا ایک حمدیہ گیت جس میں رُومی کیتھولک کلیسا کی عبادت بہت قدیم زمانے سے ادا کی جاتی رہی ہے ؛ سادہ سُر ایک ایسے انداز میں جس کے اندر کوئی سجاوٹ یا تنوّع نہ ہو ۔ (مجازاً) ایک سیدھا سادا بیان جس میں مبالغہ آمیزی نہ ہو ۔

plain-spoken, a. گفتگو میں سادہ یا بے تکلّف ؛ راست باز ؛ صاف گو ؛ مُنہ پھٹ ؛ کھری کھری سنانے والا ۔

plaint, n. عرضی دعویٰ ؛ شکایت ، رنج و غم کا سماعت پذیر اظہار ۔ (قانون) کارروائی کی ایک شکل ، بالخصوص عدالت سے یہ درخواست کہ وہ کسی شکایت کی داد رسی کرے ؛ فریاد ۔

plaintiff, n. (قانون) مدعی ؛ وہ شخص جو کسی عدالت میں کوئی مقدمہ دائر کرتا ہے ؛ وہ شخص جو کسی مقدمے میں دعویٰ کرتا ہے ؛ فریادی بالمقابل مدعا علیہ ۔

plaintive, a. رنج کا اظہار کرنے والا ؛ حزن و ملال کو گویائی دینے والا ؛ غم آلود ؛ غم آگیں ۔

plaintively, adv. دردناک انداز میں ؛ رنج کا اظہار کرتے ہوئے ۔

plaintiveness, n. غم آگینی ؛ نوحہ ؛ ماتم ۔

plait, plat, n. تہ یا شکن ، چنّٹ ؛ لٹ ؛ ایک گندھی ہوئی مینڈھی یا چُٹیا ، جیسے بالوں یا پرال کی ۔ (فعل متعدی) تہ کرنا ؛ تنگ پلیٹوں میں دہرا کرنا ؛ گوندھنا ؛ بندشوں یا لڑوں کو آپس میں گوندھنا (جیسے : to plait the hair) ۔

plaiter, n. مینڈھی یا چٹیا بنانے والا ۔

plaiting, n. چٹیا بنانے کا عمل ؛ تہ کرنے کا عمل ۔

plan, n. خاکہ ، نقشہ ؛ تجویز ؛ وضع کردہ منصوبہ ؛ کسی عمل کو بروئے کار لانے کا راستہ ، طریقہ یا ترتیب ؛ مقصد یا منصوبہ ؛ کسی سطح مستوی پر کسی چیز کی نمائندہ شکل کھینچی ہوئی بصورت نقشہ یا جدول ؛ کسی عمارت کی افقی تراش ، جس میں وسعت ، تقسیم اور اس کے رقبے کا پھیلاؤ کمروں اور گزرگاہوں کی شکلوں میں ہو ؛ روش ؛ طریق کار ۔ (فن ترسیم) ان بہت سی سطحوں میں سے کوئی ایک جو شاہد اور مشہود کے درمیان خط پر زاویہ ہائے مستقیم بناتی ہیں ۔ (فعل متعدی و لازم) تعمیر کے لیے کوئی ایجاد یا منصوبہ پیش کرنا ؛ منصوبہ بندی کرنا ؛ وضع کرنا ؛ نمونہ بنانا ۔

planless, a. بے نقشہ ؛ بے منصوبہ ۔

planlessly, adv. بے منصوبہ طور پر ؛ بے نقشہ انداز میں ۔

planlessness, n. بے نقشہ ہونے کی حالت ۔

planer, n. منصوبہ بنانے والا ؛ خاکہ بنانے والا ؛ نقشہ بنانے والا ۔

planar, a. ایک ہموار سطح پر واقع ، چپٹا ؛ ایک ہموار سطح کے متعلق ۔

planation, n. (ارضیات) سیلابہ کاری ؛ دریاؤں کے کٹاؤ اور سیلابوں کا مٹی جمع کرنے کا عمل جس سے ہموار زمینی سطح پیدا ہوتی ہے ۔

planchet, n. دھات کا ایک چپٹا ٹکڑا ٹھپا لگانے کے لیے ؛ ایک خالی سکہ ۔

planchette, n. روحانی تختی ؛ ایک چھوٹی دل کی شکل کی یا مثلث تختی ، چھوٹے چھوٹے دو پہیوں پر ٹکی ہوئی اور ایک افقی پنسل جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ خطوط ، الفاظ یا جملے لکھتی ہے ، بغیر ان اشخاص کی شعوری کوشش کے جن کی انگلیاں اس تختہ پر آہستہ سے رکھی ہوتی ہیں ۔ دیکھیے : Ouija ۔

plane, n. رندہ ؛ بڑھئی کا ایک دستی اوزار جس میں ایک ترچھا پھل لگا ہوتا ہے جو تراشنے ، ہموار کرنے اور چکنا کرنے یا لکڑی کے کسی ٹکڑے یا لکڑی کی سطح کو مطلوبہ شکل دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) مسطح یا ہموار بنانا ، بالخصوص ایک رندے کے ذریعے ۔ (فعل لازم) رندے سے کام لینا ؛ رندے کے طور پر کام کرنا ۔

planer, n. رندہ کار ؛ بجلی سے چلنے والی مشین جس میں گھومنے والے پھل ہوتے ہیں ، یہ مشین دھاتی اور چوبی سطحوں کو ہموار کرتی یا انھیں تکمیلی جلا دیتی ہے ؛ ایک چیز جو رندے کا کام کرتی ہے ؛ ایک شخص جو رندہ کرتا ہے ۔

plane, n. مسطح ؛ سطح مستوی ؛ ایک چکنی یا ہموار سطح ؛ کسی چیز کا ایک حصہ جس کی سطح ہموار ہو ۔ (طیرانیات) ایک ہوائی جہاز کی کوئی بھی سہارا دینے والی سطح ؛ ہوائی جہاز ؛ ایک ایسی سطح جس پر اگر دو نُقطوں کو خط مستقیم سے جوڑا جائے تو وہ پورا خَط اسی سطح پر رہے ؛ کارنامہ ، ترقی ، زندگی یا اسی قسم کی کسی اور چیز کی کوئی خاص حالت ۔ (صفت) فرازوں یا نشیبوں کے بغیر ؛ ہموار ؛ چپٹا ؛ ہموار سطحوں سے متعلق (جیسے : plane geometry) ۔

plane, v.i. ہوا میں تیرنا ، جیسے ایک گلائیڈر ؛ پانی پر سے آہستہ آہستہ گزرنا ، جیسے تیز رفتار کشتی ؛ ہوائی جہاز سے جانا ۔

plane angle, n. زاویۂ مستوی ؛ ایک زاویہ دو خُطوط مستقیم

کے درمیان جو ایک ہی نقطے سے پھوٹ رہے ہوں یا دو مسطّحات کے درمیان جو ایک ہی خط مستقیم سے نکلے ہوں ۔

plane geometry, n. ہندسۂ مسطح ؛ ان اشکال کا علم جو سب ایک ہی سطح مستوی میں واقع ہوں۔ بمقابلہ : solid geometry ۔

planer tree, n. ایک چھوٹا درخت بوقیدار خاندان سے ، وہ جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا کی مرطوب زمین میں پیدا ہوتا ہے اور اس کا ایک چھوٹا بیضوی اخروٹ جیسا سخت پھل ہوتا ہے ۔

planet, n. سیارہ ، ان اجسامِ فلکی میں سے کوئی ایک جو سورج کے گرد چکر لگاتے ہیں اور منعکس روشنی سے چمکتے ہیں : عطارد ، زہرہ ، زمین ، مریخ ، مشتری ، زحل ، نپچون اور پلوٹو ؛ ابتداً ایک ستارہ ایک مدار میں حرکت کرتا ہوا ، ایک غیر متحرک ستارے سے مختلف ، اگلے زمانے میں اس کا اطلاق سورج پر بھی کیا گیا ۔ (نجوم) جرم فلکی جس کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ وہ بنی نوع انسان اور واقعات پر اثر انداز ہوتا ہے ؛ طالع ۔

plane table, n. مساحتی میز ؛ ایک مساحتی آلہ جو تین پایوں پر جما ہوا ہوتا ہے اور میدان میں نقشے بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

planetarium, n. افلاک نُما ؛ ایک فلکیاتی مشین جو اپنے پرزوں کی حرکت سے ایک قائم بالحکم چھت پر سیاروں اور دیگر اجرام فلکی کی حرکات اور مداروں کی نمائندہ تصویر پیش کرتی ہے ؛ وہ عمارت جس میں یہ مشین لگی ہوتی ہے ؛ سیّارہ گاہ ۔

planetary, a. سیّاروی ؛ سیّارے یا سیّاروں کا ، ان کے متعلق یا ان کے مشابہ ؛ ارضی یا دنیاوی ؛ آوارہ گرد یا متلون ۔ (نجوم) سیارے یا سیاروں سے متعلق یا مشابہ ، ان کے بنی نوع انسان اور واقعات پر اثر انداز ہونے کی حیثیت میں ۔ (مشین) ترسیل یا انتقال کی اس شکل کو نمایاں کرتے ہوئے یا اس کے متعلق جس میں گراریوں کا ایک تدویری سلسلہ کام کر رہا ہے ۔

planetesimal, a. (فلکیات) سیّارچوی ؛ فضائے بسیط میں دقیق اجرام کا یا ان کے متعلق ۔ (اسم) ان دقیق اجرام میں سے کوئی ایک ۔

planetesimal, hypothesis, n. (فلکیات) سیّارچوی قیاس ؛ یہ مفروضہ کہ شمسی نظام کے سیارے اور چاندفضائے بسیط کے بے شمار دقیق ذروں کے بتدریج جمع ہونے سے تشکیل پائے تھے۔

planetoid, n. (فلکیات) سیّارچہ ؛ سیّارۂ صغیر ؛ مریخ اور مشتری کے مداروں کے درمیان بہت چھوٹے چھوٹے سیّاروں کے کثیر التعداد گروہوں میں سے کوئی ایک ۔

plane tree, n. شجرِ چنار ؛ ایک بڑے ، زبردست تنے والا ، برگ ریز امریکی درخت Platanus occidentalis جس کی چھال پر چاک جیسے سفید بے قاعدہ دھبے ہوتے ہیں اور پھل بہت نمایاں لٹکی ہوئی گیندوں کی طرح ہوتےہیں ؛نیز اسی طرح کی ایک نوع P.acerifolia جو یورپی شہروں میں عام طور پر سڑک کے درخت کے طور پرلگائی جاتی ہے ۔ نیز : Plane, platan ۔

planet-struck, planet-stricken, a. سیّارہ زدہ ؛ بدطالع ؛ جس کے متعلق یہ فرض کیا جاتا ہے کہ سیارے اس پر اثر انداز ہوتے ہیں ؛ خوف یا دہشت کا مارا ہوا ۔

planet wheel, planet gear, n. سیّاروی پہیّہ ؛ کسی ایسے تدویری سلسلے کے پہیوں میں سے کوئی ایک جن کے محور ایک مشترک مرکز کے گرد چکر لگاتے ہیں ۔

plangent, a. مرتعش ؛ ارتعاش پذیر ؛ ٹکرانے والی یا تھپیڑے مارنے والی ، جیسے پانی کی موج ؛ بلند آوازی ، بالخصوص ایک حصاتی یا غم آلود صدا ؛ نوحہ ۔

plangency, n. ارتعاش ، اہتزاز۔

plangently, adv. ارتعاش کرتے ہوئے ؛ نوحہ کرتے ہوئے ۔

planiform, a. چپٹی سطح رکھنا ، جیسے بعض حشرات الارض کے پر یا بازو۔

planimeter, n. سطح پیما ؛ ایک آلہ کسی مسطح شکل کا رقبہ ناپنے کے لیے ۔

planimetry, n. سطح پیمائی ۔

planimetric, planimetrical, a. سطح پیمائی سے متعلّق ۔

planish, v.t. لکڑی کی طرح چکنا بنانا ؛ جمانا ؛ چکنا کرنا اور سخت کرنا ، جیسے ایک دھاتی پلیٹ کو ایک ہتھوڑے کی ہلکی ضربات سے ؛ پالش کرنا ۔

planisher, n. ہموار کرنے والا ۔

planisphere, n. مسطّح مدوّر ؛ ایک کُرے کی کلّاً یا جزواً تسطیح یا تصویر ہوائی جہاز سے ، بالخصوص آدھے یا اس سے کچھ زائد آسمانی کُرے کا ایک نقشہ ، ایسے آلے کے ساتھ جو ایک وقت مقررہ پر نظر آنے والے آسمان کے مخصوص حصے کو ظاہر کرتی ہے ۔

planispheric, a. نقشۂ فلک سے متعلق ۔

plank, n. لوح ؛ تختہ ؛ پٹرا ؛ ایک لمبا ، چپٹا ، عمارتی لکڑی کا ٹکڑا جو بورڈ سے زیادہ موٹا ہو ؛ عمارتی لکڑی اس قسم کے ٹکڑوں میں ؛ کوئی ایسی چیز جس پر سہارے کے لیے کھڑا ہوا جائے یا لٹکا جائے ؛ سیاسی یا دیگر اصولوں کے منشور کی کوئی دفعہ ۔ (فعل متعدی) عمارتی لکڑی کے تختے لگانا ، ان سے ڈھکنا یا سجانا ؛ آگ پر پکانا یا تندور میں سینکنا اور میز پر پیش کرنا ، جیسے گوشت یا مچھلی ۔ (بول چال) رکھنا یا پیش کرنا ، اصرار کے ساتھ ؛ فوری طور پر ادا کرنا (down کے ساتھ) ۔

walk the plank, پٹرے پر چلنا ؛ مجبور ہو کر گرنا ، جیسے بحری قزاقوں کے قیدی کیا کرتے تھے ، وہ حکماً لکڑی کے تختے پر چل کر سمندر میں گر جاتے تھے۔

planking, n. تختہ بندی ؛ تختے لگانے یا تختوں سے ڈھکنے کا عمل ؛ تختے مجموعی طور پر ، جیسے کسی فرش میں ۔

plankter, n. پیراکیہ ؛ کوئی عضویہ جو پیراکُوکا جزوِ ترکیبی ہو ۔

plankton, n. پیراکُو ؛ چھوٹے چھوٹے عضویوں ، نباتات اور جانوروں کا ایک جمگھٹ، پانی پر تیرتا ہوا یا بہتا ہوا ۔

planktonic, a. پیراکوی ؛ دریائی حیوانات اور نباتات کے متعلق ۔

plano-concave, a. مستوی مقعر ؛ ایک طرف سطح مستوی اور دوسری طرف مُجوّف ، جیسے کوئی عدسہ ۔

plano-convex, a. مستوی محدّب ؛ ایک طرف سطح مستوی یا چپٹا اور دوسری طرف محدّب ، جیسے عدسہ ۔

planograph, v.t. مستوی نگاری کرنا ؛ نقل اتارنا

یا طبع کرنا مستوی نگاری کے ذریعے ۔ (اسم) اس طریقے سے تیار کیا ہوا مواد/سامان ۔

planography, n. مستوی نگاری ؛ طباعت کا ایک طریقہ جس میں غیر مطبوعہ اور مطبوعہ رقبے ایک ہی سطح پر ہوتے ہیں ۔

planographic, a. مستوی نگاری کا یا اس سے متعلق ۔

plan position indicator, n. مستوی مقام نما ؛ ایک منفیری شعاع پیمانہ ، جس کا پردہ مُدوّر ہوتا ہے اور اس پر ہدف کا فاصلہ ظاہر ہوتا ہے اور جس پر السموت کا تعین اس زاویہ سے ہوتا ہے جو ایک حوالہ جاتی خط اور ہدف کے فاصلاتی خط کے درمیان بنتا ہے ۔ مخفف : PPI ۔

plant, n. (نباتیات) پودا ؛ نبات ؛ عَالَمِ نباتات میں سے کوئی عضویہ جو عالَمِ حیوانات سے ممتاز ہوتا ہے ، جس میں اکثر کلوروفل رکھنے والی خلویاتی مادے کی دیواریں ہوتی ہیں لیکن یہ اعصابی نظام اور حرکت کی قوت سے محروم ہوتے ہیں ، سبز پودوں میں غیر نامیاتی مادے سے غذا پیدا کرنے کی قابلیت ہوتی ہے ؛ نصب کاری ؛ نصبیہ ؛ پلانٹ ؛ تنصیبات ، مشینری ، اوزار ، پرزے اور بعض اوقات عمارات جو تجارت یا کاروبار کے لیے ضروری ہوں ؛ کسی ادارے کی عمارتیں اور دیگر سازوسامان ؛ سامعین میں شامل کردہ شخص جو بظاہر حادثاتی طور پر کارروائی میں حصہ لے سکے ؛ کسی ڈرامے میں بظاہر ایک غیر اہم واقعہ ، بیان یا کردار جس کا مقصد ایک ایسے موضوع کا تعارف ہے جس کی آگے چل کر پوری طرح تکمیل ہو سکے ۔ (عوامی) کوئی چال چلنے یا فریب دینے کے لیے منصوبہ ؛ کوئی شخص یا چیز جو کسی کو جال میں پھانسنے یا گمراہ کرے ۔ (فعل متعدی) اُگنے کے لیے زمین میں لگانا ؛ بیج بونا یا پودوں سے آراستہ کرنا ، جیسے کسی قطعہ زمین کو ؛ دماغ میں پیوست کر دینا ، جیسے کسی عقیدے کو ؛ کسی علاقے میں جانوروں کی کسی ایک نسل کو پہلی دفعہ پھیلانا ؛ کسی جھیل یا دریا میں مچھلیوں یا مینڈکوں وغیرہ کی تخم ریزی کرنا ؛ پرورش کرنا جیسے صدفے کی ؛ جانوروں کو ذخیرہ کرنا یا ان کو فراہم کرنا ؛ جمانا یا کسی جگہ پر ٹھیک ٹھاک بٹھانا ؛ قائم کرنا ، جیسے کسی نوآبادی کو ؛ آباد کرنا ، جیسے اشخاص کا ۔ (عوامی) زور سے مارنا ، جیسے گھونسا ؛ مشاہدے یا دریافت کے مقاصد کے لیے لگانا/مقرر کرنا (جیسے : to plant a spy in a smuggling ring, to plant evidence.) ؛ چُھپانا ، جیسے مال مسروقہ کو ۔

plantable, a. اُگانے کے قابل ۔

plantlike, a. پودا سا ؛ بوٹا سا ۔

Plantagenet, a. خاندانِ شجراں کا ؛ ان فرمانروانِ انگلستان کے سلسلے کا یا اس سے متعلق جنھوں نے ۱۱۵۴ء میں ہنری دوم سے لے کر ۱۴۸۵ء میں خاندان ٹیوڈور کے برسرِاقتدار آنے تک حکومت کی ؛ ہنری دوم کے باپ جیوفرے کا جدی عرف جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ اپنی ٹوپی میں جھاؤ کی ایک ڈالی لگانے کا عادی تھا ؛ اس خاندان کا ۔

plantain, n. تُخمِ سفید ؛ اسپغول ؛ وسعت کے ساتھ کاشت کردہ جنسِ اسپغول کا کوئی بھی پودا ، بالخصوص اسپغول کلاں (Plantago major) ، ایک عام جڑی بوٹی جس میں چوڑے مضبوط ڈنڈیوں والے زیریں پتے اور لمبے گھنڈیالے گٹھے ہوئے پھول ہوتے ہیں ۔

plantain, n. کیلا ؛ گرم علاقوں کا ایک پودا ، بہشتی کیلا (Musa paradisiaca) کیلویہ خاندان میں سے ، جس کا پکایا ہوا پھل گرم علاقوں کی ایک اہم غذا ہے ۔

plantain lily, funkia, hosta lily, n. سوسن سفید ؛ سوسن خاندان کی متعدد جڑی بوٹیوں والی زیبایشی انواع میں سے کوئی ایک جس کی سرسبز پتوں کے دلکش جھنڈ اور سفید ، ہلکے آسمانی یا نیلے رنگ کے پھولوں کے سنبلے ہوتے ہیں ۔

plantar, a. (تشریح الاعضا) اخمصی ؛ کف پائی ؛ پاؤں کے تلے سے متعلق یا اس کا ۔

plantation, n. کِشتِ زار ؛ نخلستان ، کھیتی ؛ مزرع ؛ کاشت گاہ ؛ شجر زار ؛ شجر کاری ؛ ایک بڑا قطعۂ زمین ، بالخصوص معتدل گرم آب و ہوا کے علاقوں میں ، جہاں مختلف فصلوں کے پودے لگائے جائیں اور ان کی کاشت زیادہ تر اسی جگہ رہنے والے مزدوروں سے کرائی جائے ؛ نشوونما کے لیے پود لگانے کا عمل ؛ پود لگایا ہوا رقبہ ؛ درختوں کا ایک جُھنڈ ۔ (تاریخ) قدیم آبادکاروں کی ایک نو آبادی یا بستی یا شراکت ۔

planter, n. شجر کار ؛ کسان ؛ کاشت کار ؛ نخل بند ؛ کاچھی ؛ مالی ، مزارع ؛ وہ شخص جو بوائی کرتا ہے ؛ کسی رقبۂ شجرکاری کا مالک یا قابض ؛ بیج بونے کے لیے کوئی اوزار یا مشین ؛ اگلے زمانے میں کسی علاقہ کا قدیم آبادکار ؛ نوآبادکار ؛ ایک سجاوٹی گملہ مختلف شکلوں اور مواد کا بنا ہوا جس میں پودے اگائے جا سکیں ۔

planter's punch, n. شجرکار مشروب ؛ ایک الکوحلی مشروب ، جس میں ایک قسم کی گُڑ کی شراب ، شکر ، لیموں کا رس اور سوڈا یا پانی ملا ہوا ہوتا ہے ۔

plant food, n. پود غذا ؛ پودوں کے لیے تغذیہ ، جیسے کھاد یا کیمیائی اجزا ۔

plantigrade, a. کف چال ؛ پاؤں کے پورے تلے پر یعنی ایڑی زمین پر لگا کر چلنے والا ، جیسے آدمی ، ریچھ اور خرسک ؛ پنجہ چال سے مختلف ۔ (اسم) پاؤں کے تلے پر چلنے والا جانور ۔

plant louse, n. ایک روکھ جوں یا اس کے ان متعدد رشتہ دار حشرات الارض میں سے کوئی جو پودوں کی بیماریوں/تعدی کا باعث بنتے ہیں ۔

planula, n. (حیوانیات) نقاعیہ ؛ ایک بیضوی ، ہدبہ دار ، آزاد تیرنے والا ، مرجانی جانوروں کا پہل روپ/لاروا ۔

plaque, n. [فرانسیسی] پلیٹ لَوحہ ؛ تختی ؛ ایک پتلی چپٹی پلیٹ یا دھات یا چینی مٹی کا بنا ہوا لوحہ جو زیب و زینت کے لیے استعمال ہوتا ہے ، جیسے دیوار یا فرنیچر پر ؛ ایک پلیٹ نما بروچ یا زیور ، بالخصوص وہ جو کسی اعزازی خدمت کے لیے بطور بَیج پہنا جائے ۔ (تشریح الاعضا ، حیوانیات) ایک چھوٹا ، چپٹا ، گول ، غیر معمولی ابھار یا رقبہ ، جیسے جلد پر ؛ داد ؛ ددوڑا ۔

plaque, n. لوحین ؛ دانتوں پر جم کر مسوڑھوں کی بیماری پیدا کرنے والے مکلّس جرثومے ۔

plash, n. جوہڑی ؛ تلّیا ؛ دلدل ؛ جوہڑ ، تالاب ، چھینٹ ۔ (فعل لازم و متعدی) چھینٹ ڈالنا ؛ پانی میں چھپ چھپ کرنا ؛ گھنگھولنا ؛ جھکولنا ؛ ڈبکی لگانا ۔

plash, v.t. شاخوں یا ریشوں کو موڑ کر جُھکانا اور اُنھیں ایک دوسرے کے ساتھ بننا (جیسے : ,to plash a hedge) ۔

plasher, n. شاخوں سے گندھی ہوئی باڑ بنانے والا ۔

plasm, n. دیکھیے : Plasma ۔

plasma, n. (تشریح الاعضا) پلازما ؛ خوناب ؛ ایک تقریباً بے رنگ رقیق مادہ جس میں خون کے جسیمے معلق ہوتے ہیں ۔ (طِب) ایک رقیق مادۂ خون جو خون کے سرخ اور سفید خلیے اور خلیائے بستگی نکال کر تیار کیا جاتا ہے ، اسے انتقال خون میں استعمال کرتے ہیں ۔ (حیاتیات) نخزمایہ ۔ (طبیعیات) ایک برقی بار گرفتہ گیس جو زمینی فضا کے اوپر خلا میں موجود ہے ؛ مقناطیسی دباؤ میں مقید گیس جو جوہری تعامل کے جیٹ دھاروں پر تجربات میں استعمال ہوتی ہے ؛ کوارٹس کی ایک کم نیم شفّاف قسم جو سبز ، بھوری یا نیلی ہوتی ہے ، وہ قدیم روم میں بحیثیت ایک گوہر کے مقبول تھی ۔

plasmic, plasmatik, a. پلازما کا یا اس سے متعلق ۔

plasmagel, n. نُخزمایہ جیل ؛ مایۂ حیات کی لیس دار بیرونی موٹائی جو امیبا میں ٹھیک خلیہ کی جِھلّی کے نیچے پائی جاتی ہے ۔ بمقابلہ:plasmasol ۔

plasma membrane, n. خلیہ کی جِھلّی ؛ غشاءِ مایہ ۔

plasmasol, n. امیبا خلیے کے اندر موجود رقیق خلومایہ یا نخزمایہ ۔ بمقابلہ : plasmagel ۔

plasmin, fibrinolysin, n. (حیاتی کیمیا) پلازمین ؛ خوناب میں لحمیات پاش خامرے کی موجودگی جو لیفین کے اضمحلال کا باعث ہوتی ہے اور لختہ ہائے خُون کو حل کرتی ہے ۔

plasmolysis, n. (نباتیات) مایہ پاشی ، انقباض مایہ ؛ کسی زندہ خلیے میں اس وقت نخزمایہ کا سکڑنا اور حل ہونا جب بیرون ولوج کے ذریعے بہت زیادہ پانی کا ضَیاع ہوتا ہو ۔

plaster, n. پلستر ؛ استر کاری کا مسالا ، کہگل ، گلبریٹی ؛ گچ ؛ ضماد ؛ لیپ ؛ ایک لئی جیسا مرکب، مثلاً چونے ، ریت ، پانی اور اکثر بالو کا جسے دیواروں اور اندرونی چھتوں کو لیپنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جہاں وہ خشک ہونے کے بعد سخت ہو جاتا ہے ؛ ایک ٹھوس یا نیم ٹھوس تیار کردہ مواد جسے علاج یا کسی اور مقصد سے جسم پر لگاتے ہیں ۔ دیکھیے : plaster of Paris ۔

plasterwork, n. پلستر کاری ۔

plastery, a. پلستری ؛ پلستر شدہ ۔

plaster, v.t. پلستر کرنا ؛ استر کاری کرنا ، لیپنا ، پوتنا ، پلستر چڑھانا ؛ پلستر لگانا ؛ پلستر سے ڈھکنا ؛ پلستر یا اسی قسم کی کسی اور چیز سے لیپنا یا اس سے بھرنا ، بالخصوص گاڑھا گاڑھا یا زیادہ مقدار کے ساتھ (جیسے : to plaster a wall with Photographs) ؛ پلستر کی ایک تہ کی طرح چڑھانا ۔

plasterboard, n. بڑے بورڈ نما تختے ، جن میں ایک اندرونی گدی جپسم کی ہوتی ہے جو اوپر کی ، کاغذ، فیلٹ یا کسی دوسرے ریشے کی ، تہوں سے وابستہ ہوتی ہے ، اسے دیواروں کو غیر موصل بنانے یا دیواریں چننے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

plaster cast, n. پلاسٹر مجسّمہ ؛ بت سازی کا نمونہ یا کوئی اور چیز جو پلاسٹر آف پیرس سے بنائی گئی ہو ۔ (طب) ایک سخت پٹی جسے ریشم کے باریک تاروں سے بنی ہوئی گاز کی تلے اوپر تہوں کو پلاسٹر آف پیرس میں ڈبو کر تیار کرتے ہیں ، وہ کسی ٹوٹے ہوئے یا بیمار عضو کو غیر متحرک بنانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛ ڈھلی ہوئی چیز ۔

plastered, a. (عوامی) مخمور ، شراب پیے ہوئے ۔

plastering, n. پلستر لگانا یا جمانا ؛ پلستر کی ایک تہ ، استرکاری ، لپائی ، کہگل ۔

plaster of Paris, plaster of paris, n. پلاسٹر آف پیرس ؛ پُھنکا ہوا سنگ گچ جو ایک سفید سفوف کی شکل میں ہوتا ہے ، پانی کے ملانے سے فوری طور پر جماؤ پذیر ہوتا ہے اور اسے لگانے ، جمانے یا سانچوں میں ڈالنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ دیکھیے : Plaster ۔

plastic, a. روپ دینے والا ؛ نقش بند ؛ صورت گر ؛ تکوینی ؛ شکل ساز ؛ اصلاحی ؛ شکل پذیر ؛ اصلاح پذیر ؛ بے شکل یا ملائم مواد کو سانچوں میں ڈھالنے یا کوئی شکل دینے والی (جیسے : the plastic force which moulds society) ؛ سانچوں میں ڈھالنے یا نمونے کے مطابق بنانے کے متعلق ، جیسے بت سازی اور کوزہ گری ؛ سانچے میں ڈھال کر تیار کردہ (جیسے: plastic figures) ؛ صورت پذیر ؛ کسی ایک مخصوص حالت یا کردار پر لائے جانے کی صلاحیت ؛ خم پذیر؛ اثر پذیر ۔ (جَرّاحی) بدشکل ، مجروح یا ضائع شدہ اعضاء کے علاج کرنے یا انھیں بحال کرنے کے متعلق (جیسے : plastic surgery) ۔ (حیاتیات) زندہ جسم میں نئے نسیجوں کی تشکیل سے متعلق ۔ (اسم) متعدد مختلف قدرتی یا مصنوعی ، عموماً رالی ، نامیاتی مادے ، جو گرم کیے جانے اور دبائے جانے کی صورت میں مختلف شکلوں کے اندر ڈھلتے ، دبتے ، دباؤ سے باہر نکلتے یا نمونے کے مطابق بنتے ہیں ؛ کوئی بھی چیز جو نمونے کے مطابق ڈھالی یا بنائی جا سکے ؛ پلاسٹک ۔

plastically, adv. شکل پذیری انداز میں ؛ قالب سازی کے طور پر ۔

plasticity, n. صورت پذیری ؛ نرمی ، شکل پذیری کی کیفیت ؛ سانچے میں ڈھالے جانے یا کسی مخصوص شکل میں لائے جانے کی صلاحیت ۔

plasticize, v.t., v.i. پلاسٹک کی صورت دینا یا اس کی صورت میں ڈھلنا ؛ ملائم ہونا ؛ شکل پذیر کرنا/ہونا ۔

plasticizer, n. ملائم گر ؛ کوئی بھی مواد جو کسی مادہ کو لچکیلا پن ، کھنچاؤ پذیری اور ملائمیت دے کر شکل پذیر بنا دیتا ہے ۔

plastic surgery, anaplasty, n. پیوندی جَرّاحی ؛ وہ جراحی جو ضائع شدہ ، بدشکل یا مجروح ہڈیوں یا دیگر نسیجوں یا جسم کے نامیاتی اعضا کی مُرمّت کرنے یا انھیں بحال کرنے کے لیے کی جائے ؛ پلاسٹک سرجری ۔

plastic surgeon, n. پیوندی جرّاح ؛ پلاسٹک سرجن ۔

plastid, n. (حیاتیات) حیّ ریزہ ؛ نخزمایہ کے بعض خاص مواد میں سے کوئی ایک جیسے سبز مایہ یا رنگ دانے جو خلیوں کے خوناب میں موجود ہوتے ہیں ۔

plastron, n. صدرپوش ؛ فولادی چارآئنہ ؛ زنانہ سینہ پوش ؛ صدری ، ایک دھاتی ،چرمی یا گدے کی طرح بیچ میں بھری ہوئی ڈھال جسے تیغ زنی کے دوران جسم کے بالائی حصے کی حفاظت کے لیے پہنا جاتا ہے ؛ ایک کلف لگی ہوئی قمیص کا آگے کا حصہ ؛ کسی عورت کے لباس کے سامنے کے حصہ پر شیر خوار بچوں کے بب کی طرح کا ایک سجاوٹی نمونہ ۔ (حیوانیات) کچھوؤں یا آبی سنگ پشتوں کے کیسۂ عَظمی کا نچلا یا شکمی حصہ ۔

plat, n. ایک چھوٹا قطعۂ زمین ؛ ایک نقشہ یا ترسیمہ ؛ درجہ دار خاکہ ؛ کسی علاقے کا درجہ دار خاکہ جس کی قانوناً حد بندی کی گئی ہو۔ دیکھیے : plot ۔
(فعل متعدی) کسی چیز یا جگہ کا ایک ترسیمہ یا خاکہ بنانا ۔

plat, v.t. گوندھنا ؛ گونتھنا ؛ بننا ؛ ملا کر بننا یا سینا ؛ چنٹ ڈالنا۔ دیکھیے : plait ۔

plate, n. نام کی تختی ؛ پتر ، چار آئنہ ؛ ظرف ، باسن ، صحنک ؛ طباق ؛ رکابی ؛ پلیٹ ؛ قاب ؛ ایک اتھلا ، عموماً گول برتن ، جس میں کھانا کھایا جاتا ہے ، اس قسم کے برتن کے محتویات ؛ میز پر ایک شخص کے لیے کھانوں کی پیشکش ؛ پلیٹ پر ایک دور طعام کی پیشکش ؛ دھات یا لکڑی کا ایک برتن جو کھانے کے لیے پلیٹ کے مشابہ ہو اور جسے پیشکشوں کو حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جائے جیسا کہ کسی گرجا گھر میں ہوتا ہے ؛ ایک پتلا چپٹا تختہ یا دھات کا یا کسی اور چیز کا ایک ٹکڑا ، بالخصوص یکساں موٹائی کا ؛ اس قسم کے تختوں میں دھات ؛ دھات کا ایک چپٹا ٹُکڑا جسے زرہ بنانے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ اس قسم کے ٹکڑوں پر مشتمل زرہ ؛ ایک چپٹا اور پالش کیا ہوا دھات کا ٹکڑا جس پر کوئی چیز کندہ کی جا سکے یا کندہ ہو ؛ اس قسم کا کندہ ٹکڑا جس سے طباعت کا کام لیا جا سکے ؛ اس قسم کے ٹکڑے سے طبع کیا ہوا ایک چھاپا جیسے ایک چوبی ٹھپا ؛ پورے صفحے کا نقشہ یا تصویر جسے کسی کتاب کے جزو کی حیثیت سے داخل کیا گیا ہو ؛ ایک دھاتی پلیٹ جس سے طباعت کا کام لینا مقصود ہو اور جسے ٹائپ کا سانچا بنا کر ٹائپ کاری یا برقی ٹائپ کاری کے ذریعے ٹائپ کے ایک صفحہ کی شکل میں تیار کیا جائے ۔ (زیادہ تر برطانوی) دھات کی ایک چپٹی پٹی جس کے دونوں کنارے باہر کو اس طرح نکلے ہوئے ہوں کہ ریلوے لائن کا ایک حصہ بناتے ہوں یا بعض اوقات ایک پٹڑی کسی عام ریلوے لائن کی ؛ گھوڑے کا ایک ہلکا نعل جسے گھڑ دوڑ کے گھوڑوں کے لگایا جاتا ہے ؛ گائے کے گوشت میں پسلیوں کے نیچے آخر کا ایک پتلا ٹکڑا یا پارچہ ؛ سونے یا چاندی کے گھریلو برتن یا استعمال کی چیزیں ؛ مُلمّع کیے ہوئے دھاتی برتن ؛ سونے یا چاندی کا ایک پیالہ یا اسی قسم کی کوئی چیز جو بعض مقابلوں میں بطور انعام دی جائے ؛ اس قسم کے انعام کے لیے کوئی مقابلہ ۔ (تشریح الاعضا) (حیوانیات) ایک پلیٹ جیسا جزو ، ساخت یا عضویہ ۔ (دندان سازی) دھات یا کسی دیگر مضبوط مادے کا ایک ٹکڑا جس کے ساتھ وہ مصنوعی دانت لگے ہوئے ہوں جو قدرتی دانتوں کے ضائع ہو جانے کے بعد منھ کے اندر لگائے جاتے ہیں ۔ (عکاسی) شیشے یا دھات کی ایک حساس تختی ، جس پر فوٹو گراف لیا جاتا ہے ۔ (تار ، ٹیلیفون) خلائی نلی کے اندر کے حصوں میں سے کوئی عنصر ۔ (فن تعمیر) لکڑی کا ایک شہتیر جو افقی وضع سے دیوار پر اس لیے رکھا جائے کہ دوسرے شہتیروں کے سر اس پر ٹک سکیں ؛ نیز دیواری پلیٹ ۔ (بیس بال) پہلا گھر/ہوم بیس ۔ (کان کَنی) سلیٹ کی طرح کے نرم پتھر کا پرت ۔

plate, v.t. تحفظ کے لیے دھاتی پلیٹوں سے ڈھکنا یا ان کی بالائی تہ جمانا ؛ سونے ، چاندی یا نکل کے پتلے ورق سے مشین کے ذریعے تہ چڑھانا/ملمع کرنا ۔ (کاغذ سازی) کسی چیز کو اعلیٰ درجہ کی چمک دینا جیسے کاغذ کو غیر معمولی عمدہ استری کے ذریعے ۔ (طباعت) کسی چیز سے ٹائپ کا سانچہ بنا کر ٹائپ کاری یا برقی ٹائپ کاری کے ذریعے طباعت کے لیے پلیٹ تیار کرنا ۔

plateau, n. (جغرافیہ) میدان مرتفع ، سطح مرتفع ؛ کسی قدر اونچی اٹھی ہوئی زمین کا ایک چوڑا چپٹا رقبہ ۔ (مجازاً) کسی چیز کی نشوونما میں ایک وقت یا رقبہ جس کی تصدیق نہ ترقی سے ہوتی ہو نہ تنزل سے ۔ (نفسیات) کسی شخص کے حُصُول عِلم کے عمل میں ایک مدت جسے کامیابی کے گراف میں ایک خِطِّ مسطّح سے ظاہر کیا جائے ۔ (فعل لازم) پائیدار ہونا ؛ سطح مرتفع تک پہنچنا ۔

plateful, n. قاب بھر ؛ پلیٹ بھر ؛ اس قدر جتنا کہ ایک پلیٹ میں بھر جائے ۔

plate glass, n. حلبی شیشہ ؛ ایک عمدہ قسم کا شیشہ جسے موٹی پلیٹوں کی شکل میں ڈھالا گیا ہو ۔آئینوں اور بڑی کھڑکیوں کے طاق میں استعمال کے لیے ۔

platelet, n. خلیہ بستگی ؛ ایک چھوٹی سی پلیٹ یا پلیٹ نما کوئی شے ؛ خونـاب میں موجـود ایک چھوٹی سی پلیٹ ۔ دیکھیے : thrombocyte ۔

platen, n. (مشین) داب تختی ؛ ایک چپٹی دھاتی پلیٹ یا گھومنے والا اسطوانہ کسی چھاپہ خانہ کا یا کسی ٹائپ مشین کا جس پر کاغذ ٹائپ کی چھپائی کے وقت ٹکا رہتا ہے ؛ کارمیز ؛ پلیٹن ۔

plate proof, engraver's proof, n. کندہ پروف ؛ ایک حروفی پلیٹ یا کندہ کی ہوئی پلیٹ کی سطح پر لگی ہوئی روشنائی کا ایک اچھا چھاپہ کاغذ پر (پروف کے لیے) ۔

plater, n. پترا ساز ؛ پتراکار ؛ قلعی گر ؛ ملمع کار ؛ وہ شخص جو مختلف اشیا پر سونے ، چاندی یا کسی دیگر دھات کا ملمع کرتا ہے ؛ وہ جو دھاتی پلیٹوں کے استعمال یا ان کی صنعت میں مشغول ہو ؛ ادنیٰ درجے کا گھڑ دوڑ کا گھوڑا ۔

plate rail, n. کارنس ؛ لوہے کی پٹڑی یا لکڑی کا تنگ تختہ جو کسی دیوار پر اس غرض سے لگا ہوا ہو کہ اس پر پلیٹیں یا دیگر اشیائے زیب و زینت نمایش کے لیے لگائی جائیں ۔

platform, n. چبوترا ؛ پلیٹ فارم ؛ توپ کی باڑھ ؛ منبر ؛ کرسی ؛ مچان ؛ کوئی چپٹا یا افقی چبوترا جو ایک متصل سطح سے اوپر اٹھا ہوا ہو ؛ کسی ریلوے اسٹیشن پر ایک اوپر اُٹھا ہوا چلنے پھرنے کا راستہ جس پر مسافر اور ان کا سامان اترتا ہے ؛ دو ریلوے ڈبوں کے درمیان آمدورفت کا راستہ ؛ کسی ہال کے فرش پر ایک جگہ اوپر اٹھائی ہوئی اور اس لیے مخصوص کی ہوئی کہ اس پر سے مقرر عام جلسوں کو خطاب کریں ؛ اصولوں کا ایک مجموعہ ، اساس ، بنیاد ، ضابطہ یا نظام العمل جسے عوام کی کوئی جماعت ، جیسے کوئی سیاسی جماعت ، ایک قرارداد کے ذریعے اختیار کرے یا اس کی پابندی کا علی الاعلان اقرار کرے ؛ حکمت عملی کا ایک اعلان کردہ نظام (جیسے : a political platform) ۔ (عسکری) وہ جگہ جہاں کسی فصیل یا برقی مورچہ پر توپیں لگائی جائیں ۔

platform car, n. دیکھیے : Flatcar ۔

platina, n. جست اور تانبے کا کوئی بھرت ۔ (قدیم) پلاٹینم ، بالخصوص دیسی پلاٹینم ۔

plating, n. ملمّع کاری ؛ سونے ، چاندی یا نکل کا

یا اس کے مقلدین کا فلسفہ یا نظریات و عقائد ؛ یہ نظریہ کہ مادی اشیا ان غیر متغیر خیالات کی نمائندہ ہیں جو تنہا اپنی ذات میں حقیقی علم کے حامل ہیں ۔ (چھوٹے p سے) افلاطونی عشق کا نظریہ یا عمل ؛ غیر جنسی محبت کا نظریہ ۔

platonist, n. افلاطونیت کا پیرو ؛ فلسفہ افلاطون کا مُتعلِّم ۔

Platonistic, a. افلاطونیت کا یا اس سے متعلق ۔

Platonize, v.i. افلاطون کی آرا یا عقائد کی پیروی ہونا ؛ افلاطون کی طرح استدلال ہونا ۔ (فعل متعدی) افلاطونی بنا دینا ؛ افلاطونی کردار دینا ؛ افلاطونی اصولوں کے مطابق تشریح کرنا ۔

platoon, n. (عسکری) پلاٹون ؛ ایک فوجی دستہ ، سپاہ یا توپ خانے کا یونٹ/وحدت جو ایک صدرمقام اور ایک یا ایک سے زیادہ جتھوں یا منقسم حصوں پر مشتمل ہو اور کسی کمیشن یافتہ افسر کے زیر کمان ہو جو عموماً سیکنڈ لیفٹیننٹ ہوتا ہے ۔ (فٹ بال) کوئی دفاعی یا جارح ٹیم جو وحدت کی حیثیت سے کھیل میں حصہ لیتی ہے ؛ لوگوں کا ایک گروہ ، جماعت یا وحدت جس میں عموماً کوئی شے مشترک ہوتی ہے (جیسے : a platoon of firemen) ۔

platoon sergeant, n. (عسکری) پلاٹون سارجنٹ ؛ کسی پلّاٹون کا متقدم یا سینئر عہدیدار جو عموماً اول نمبر سارجنٹ (حوالدار) کی حیثیت سے پلاٹون کا کمان دار ہوتا ہے ۔

platter, n. تشت ؛ پرات ؛ تھالی ؛ خوانچہ ؛ رکابی ؛ ایک پلیٹ ، ایک بڑی اتھلی میز پر پیش کی جانے والی کھانا رکھنے کی قاب جو عموماً بیضوی شکل کی ہوتی ہے ۔ (عوامی) ایک گراموفون ریکارڈ ۔

platy, a. پلیٹ نما تہوں پر مشتمل ، بالخصوص مٹی اور چٹانوں کی تہوں کے بارے میں ؛ فراخ ؛ عریض ؛ چپٹا ۔

platy, n. چپٹی سیم ماہی ؛ ایک اعلیٰ درجہ کی سیم ماہی جو اصلاً جنوبی میکسیکو کی ہے اور جسے گرم ممالک کے ماہی ہن گھروں کے لیے پسند کیا جاتا ہے ، وہ بعض اوقات اپنے چمک دار رنگ ظاہر کرتی ہے اور ایک مستقل نوع سمجھی جاتی ہے ۔

platyhelminth, flatworm, n. (حیوانیات) چپٹا کیڑا ؛ کینچوا ؛ چپٹے کیڑے یا کینچوؤں میں سے کوئی ایک ، یہ ان کیڑوں کی ایک مستقل نوع یا گروہ ہے جس میں دو جانبہ متناسب اعضا ہوتے ہیں اور اس کا جسم نرم عموماً چپٹا ہوتا ہے ، اس نوع یا گروہ میں کِرم کدو ، ہدبی کیچوا اور کِرمِ جگر شامل ہیں ۔

platypus, duckbill, n. بط منقار ؛ پلیٹی پس ؛ انتہائی قدیم‌میمل Monotremata, فصیلہ سے ، ان میں اس قسم کی پرندوں جیسی خصوصیات ہوتی ہیں جیسے جھلّی دار پاؤں ، بطخ جیسی چونچ اور انڈے دینے کی اہلیت ۔

platyrrhine, a. (حیوانیات) چپٹ نکے بندر کا ؛ ایک چھوٹی ، چوڑی ناک رکھنے والے اسی نام کے خاندان سے متعلق ، مرکزی اور جنوبی امریکا کے بندروں کے بارے میں جن کی خصوصیات میں کشادہ نتھنے اور ایک لمبی گیرندہ دم شامل ہیں ۔

platyrrhine, platyrhinian, n. چپٹ نکا بندر ۔

plaudit, n. (عموماً جمع) شاباشی ، تعریف ، داد ؛ تحسین و آفرین ؛ واہ واہ ۔

ایک ہلکا ملمع ؛ دھاتی پلیٹوں کی ایک خارجی تہ ۔

platinic, a. پلاٹینمی ؛ پلاٹینم بالخصوص چو گرفتہ پلاٹینم سے متعلق ۔

platinize, v.t. پلاٹینم سے ملانا یا اس سے ملمع کرنا ۔

platinocyanic acid, n. (کیمیا) پلاٹینوسائنک تیزاب ؛ ایک تیزاب جس میں پلاٹینم اور سیانو گروہ ہوتا ہے ۔

platinocyanide, n. (کیمیا) پلاٹینوسایانائڈ؛ پلاٹینوسایانک تیزاب کا ایک نمک ۔

platinoid, n. پلاٹینم نُما ؛ ان دھاتوں کے سلسلے میں سے کوئی ایک جو پلاٹینم سے تعلق رکھتے ہوں ؛ جست ، تانبے اور نکل کا بھرت جس میں ایک بہت تھوڑی مقدار ٹنگسٹن یا ایلومینم کی ملی ہو جسے برقی مزاحمتی لچھے بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

platinotype, n. (عکّاسی) نقریہ چھاپا ؛ پلاٹینی ٹائپ؛ ایک مستقل فوٹو گرافی چھاپا جسے ایک ایسے طریقے سے حاصل کیا جاتا ہے جس میں پلاٹینم نمک استعمال ہوتا ہے ؛ وہ چھاپا جو اس طریقے کے مطابق حاصل کیا جائے ۔

platinous, a. پلاٹینم پر مشتمل ، بالخصوص دو گرفتہ حالت میں ؛ نقریائی ۔

platinum, n. (کیمیا) پلاٹین ؛ نقریہ ؛ پلاٹینم ؛ ایک بھاری ، بُھورے پن پر مائل سفید دھاتی عنصر ، ملائم اور بیشتر کیمیائی اشیا کا مزاحم ، اسے زیورات بنانے ، کیمیا ، دندان سازی ، برقیات اور صنعت میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

platinum black, n. (کیمیا) سیاہ پلاٹینم ؛ ایک سیاہ سفوف ، بہت باریک منقسم دھاتی پلاٹینم کا ، جسے ایک تکسیدی عامل اور ایک عمل انگیز شے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

platinum blonde, n. پلاٹینی سنہری رنگ ؛ ایک انتہائی ہلکا بالوں کا رنگ ، تقریباً سفید ، مگر اس میں ایک خفیف سا دھاتی شائبہ یا چمک ہوتی ہے ، عموماً مصنوعی ۔

platitude, n. بے لُطف کلام ؛ پوچ یا بے معنی بات ، ہلکا پن ؛ ایک فرسودہ یا عام اظہار رائے ؛ کند ذہنیت ؛ واضح امر کی تکرار ؛ فرسودہ قول ؛ عامیانہ بات ؛ سُنی سنائی بات ۔

platitudinal, platitudinous, a. عام ؛ معمولی باتوں سے پُر ۔

platetudinize, v.i. فرسودہ یا عام باتیں بنانا ۔

Platonic, a. افلاطونی ؛ عقلی ، ناقابل عمل ؛ تخیلی ؛ یونانی فلسفی افلاطون یا اس کے نظریات و عقائد سے متعلق ۔ (چھوٹے p سے) خالصتاً روحانی ؛ حسیاتی خواہش سے مبرا جیسا کہ مخالف جنسوں کے اشخاص کے درمیان محبت یا دوستی کے بارے میں کہا جاتا ہے ؛ ان اشخاص کا جو اس قسم کی محبت کو محسوس کرتے ہیں یا اس کا ادعا کرتے ہیں ۔

platonically, adv. افلاطونی انداز میں ۔

platonic love, n. افلاطونی عشق ؛ خالص یا روحانی محبت ، پاک محبت ؛ وہ محبت جو جذباتی محبت سے ارتقا کر کے روحانیت اور مثالی حسن کے عرفان تک بلند ہو گئی ہو ۔ (عموماً چھوٹے p سے) مخالف جنسوں کے دو اشخاص کے درمیان خالص رُوحانی محبت ؛ غیر جنسی محبت ۔

Plantonism, n. افلاطونیت ، فلسفۂ افلاطون ، حکمت افلاطون

plausible, a. چرب زبان ؛ بظاہر معقول ؛ قرینِ قیاس ؛ ظاہر دار ، خوش نما ؛ نمایشی ؛ بظاہر صحیح ؛ بعض اوقات دیکھنے میں اچھا ؛ ایسے دلائل پیش کرنے والا جو قابل اعتراض ہو سکتے ہوں ؛ پورے یقین کے ساتھ کہا ہوا ۔
plausibility, plausibleness, n. معقولیت ؛ ظاہر داری ۔
plausibly, adv. معقول طور پر ۔
plausive, a. تعریفی ؛ آفرین آمیز ، ثناخواں ؛ واہ واہ کرتے ہوئے ؛ اظہار تحسین کرتے ہوئے ۔
play, n. کھیل ، ناٹک ؛ نقل ؛ دھوکا بازی ، تمسخر ؛ لہو و لعب ؛ تماشا ؛ دِل لگی ؛ تفریح : سوانگ ؛ تمثیل ، ڈرامہ ؛ حرکت ، جنبش ؛ لہر ؛ چال ؛ وُسعت ، فراخی ، ایک ڈرامائی تقریب ، جیسے اسٹیج پر ؛ ایک ڈرامائی تصنیف یا مختصر ادبی تحریر ؛ ایک ڈراما ، مشق یا عمل محض خوش ہونے یا تفریح کے لیے ؛ انعطافِ توجہ ؛ مذاق یا محض تفننِ طبع ، خلوص و مستعدی کے برعکس ؛ کسی لفظ یا الفاظ کا ظریفانہ استعمال ؛ جس سے ہم صوتی الفاظ کے معانی کے اختلاف کو ظاہر کرنا مقصود ہو ، جیسے ذومعنی الفاظ کا مزاحیہ استعمال ؛ ضلع جُگت ؛ کسی کھیل کو کھیلنے یا جاری رکھنے کا عمل ؛ کھیلنے کا طرز یا انداز ؛ کھیلنے کے دوران کوئی حرکت یا کرتب (جیسے : a stupid play) ؛ کھیل کی باری (جیسے : it's your play) ؛ کسی کھیل کے دوران ایک گیند کے کھیلے جانے یا استعمال ہونے کی حالت (جیسے : in play) ؛ داؤں لگا کر کھیل کھیلنا (جیسے : to lose money at play) ؛ جوا ؛ دل لگی ، بچوں کا کھیل ؛ عمل ، رویہ یا کسی خاص قسم کی معاملہ بندی (جیسے : fair play, foul play) ؛ سرگرم حرکت یا عمل (جیسے : sword play,) ؛ ہلکی اور تیز ، متبادل یا بے قاعدہ حرکت (جیسے : play of lights an a fountain) ؛ پر فریب تغیر ، جیسے روشنی یا رنگوں کا ؛ عمل ؛ سرگرمی یا عمل کاری (جیسے : the play of fancy,) ؛ کسی جگہ کے اندر نقل وحرکت کی آزادی ، جیسے کسی مشین کے ایک حصے کی حرکت ، کوئی جگہ جس میں کوئی چیز ، جیسے مشین کا ایک حصہ/پرزہ حرکت کر سکتا ہے ؛ عمل کے لیے آزادی یا سرگرمی کے لیے گنجایش ۔ (فعل متعدی) پیش کرنا ، جیسے ڈراما کسی اسٹیج پر ؛ کسی ڈرامائی تماشے یا حقیقی زندگی میں کسی کردار کو ادا کرنا (جیسے : to play the tyrant) ؛ تماشے دکھانا ، جیسے ایک تھیٹریکل کمپنی دکھاتی ہے (جیسے : to play the larger cities) ؛ انجام دینا یا بجا لانا (جیسے : to play tricks,) ؛ کسی کھیل یا مشغلے میں مشغول رکھنا ؛ کھیل میں نمائندگی کرنا یا نقل اتارنا (جیسے : to play school,) ؛ داؤں پر لگانا یا شرط بدنا ، جیسے کھیلنے میں ؛ شرط یا شرطیں لگانا (جیسے : to play the horses,) ؛ کسی کھیل میں کسی کا مقابلہ کرنا ؛ کسی کھیل میں کسی کو ایک کھلاڑی کی حیثیت سے کام پر لگانا یا کوئی کھیل کھیلنے میں آگے بڑھانا ، حرکت کرنا ، ضرب لگانا یا دھکا دینا ؛ استعمال کرنا گویا کسی کھیل کے کھیلنے میں ، خود اپنے مفاد کے لیے (جیسے : to play one person or thing against another,) ؛ کسی آلہ پر موسیقی بجانا ؛ ساز بجانا ، جیسے ایک آلۂ موسیقی ؛ آہستہ یا تیزی سے حرکت میں لانا یا بدلنا (جیسے : to play colored lights on a fountain) ؛ ڈھیل دینا ، جیسے کسی کانٹا لگی ہوئی مچھلی کو ڈوری کھینچنے کی تاکہ وہ اِس کوشش میں اپنے آپ کو تھکا دے ؛ کام کرنا یا کام کرانا ، بالخصوص مسلسل یا متواتر عمل سے (جیسے : o play a hose on fire or guns on enemy's position) ۔ (فعل لازم) کسی کا اپنے آپ کو انعطافِ توجہ ، خوش طبعی یا تفریح کی مشق یا اِن مشاغل کے لیے کام پر لگانا ؛ کھیل تماشے میں مشغول ہونا ؛ غیر سنجیدہ کھیل کھیلنا ؛ اپنے آپ کھیلنا یا خوش رہنا ، اکثر with کے لاحقے کے ساتھ (جیسے : to play with the ball) ؛ غیر سنجیدگی سے کرنا ؛ کسی کھیل تماشے میں مشغول ہونا ؛ کھیل میں داؤ لگانے کے لیے شامل ہونا ؛ جوا کھیلنا ؛ کسی مخصوص طریقے پر عمل پذیر ہونا (جیسے : to play fair) ؛ کسی آلۂ موسیقی کا بجایا جانا ؛ کسی آلۂ موسیقی یا نغمے کی آواز پیدا ہونا ؛ اسٹیج پر اداکاری ہونا ؛ عمل پذیر ہونا ؛ کسی جگہ کے اندر آزادانہ حرکت ہونا ، جیسے کسی مشین کے پُرزے کی ؛ کسی چیز پر مسلسل یا متواتر کام ہونا (جیسے : cannons that play on the enemy lines) ؛ تیز اور ہلکے پن سے حرکت پذیر ہونا ؛ ہلکے پن اور تیزی سے مِلنا ، یکے بعد دیگرے یا بے قاعدہ حرکت کے ساتھ ، جیسے شعلے ، موجیں یا چلتی ہوئی ہوا ؛ ایسی حرکت کا تاثر پیش ہونا ، جیسے روشنی کا یا صد رنگ شے کے بدلتے رنگوں کا ۔
make a play for, (عوامی) جنسی تعلق قائم کرنا ؛ کوئی موافق تأثر پیدا کرکے فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کرنا ۔
play into a person's hands, کسی شخص کا آلۂ کار بن کر اِس طرح کام کرنا کہ اُس شخص کو فائدہ پہنچایا جائے ۔
play on or upon, کسی شخص کا اپنے مقاصد کے لیے دوسرے کے جذبات یا کمزوریوں پر کام کرنا ۔
play the game, منصفانہ طور پر کھیلنا یا برتاؤ کرنا ۔
playable, a. کھیلنے کے قابل ۔
playa, n. جوہڑ ؛ ریت یا کیچڑ کا ایک میدان جو برساتی موسم میں پانی سے بھرا ہوا ہو ۔
playact, v.i. جھوٹ موٹ بننا ؛ غیر مخلصانہ یا ناٹکی انداز میں پیش آنا ۔ (فعل متعدی) اداکاری کرنا یا ناٹک کرنا ۔
playacting, n. ناٹک پن ؛ بہروپ پن ۔
playback, n. دوبارہ آواز میں منتقل کرنے کا عمل ، جیسے ایک فیتے پر منضبط کی ہوئی آواز ؛ ایک مشین جو منضبط کی ہوئی آواز کو دوبارہ پیش کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ اس طرح منتقل شدہ آواز ۔
play back, v.t. دوبارہ چلانا ، جیسے فیتہ کو ، تاکہ ریکارڈ کی ہوئی آوازیں دوبارہ سُنی جائیں ۔
playbill, n. ناٹک اشتہار ؛ ایک اعلانچہ یا کوئی دوسری اطلاع جو کسی ڈرامے کے اشتہار کے طور پر دکھایا جائے ۔
playboy, n. کھلنڈرا شخص ؛ وہ شخص جس کا وقت اُس قسم کی مسرت انگیز سرگرمیوں پر صرف ہوتا ہے جو پارٹیوں ، شبانہ کلبوں اور اسی قسم کے دیگر مقامات تفریح و ضیافت میں پائی جاتی ہیں ۔
play-by-play, a. ہر اُس واقعہ کی تشریح یا بیان کے متعلق جو کھیل تماشوں کے موقع پر ظہور میں آتا ہے ۔
playdown, n. (کینیڈا ، کھیل) استخفاف ؛ جیت کا فیصلہ کرنے کے لیے دوبارہ کھیل ۔

play down, v.t. استخفاف کرنا ؛ خفیف کرنا ؛ قلیل ترین بنانا ۔

played out, a. تھکا ہوا، ختم شدہ ؛ ازکار رفتہ ۔

player, n. کھلاڑی ، ڈراما کا کردار ؛ سازندہ ؛ وہ جو کھیلتا ہے ؛ وہ شخص جو کسی کھیل میں حصہ لیتا ہے یا کسی کھیل کا تربیت یافتہ ہے ۔ (برطانوی) وہ شخص جو کسی کھیل کے کھیلنے میں پیشہ ورانہ طور پر حصہ لیتا ہے ؛ وہ جو داؤں لگا کر ایک جواری کی طرح کھیلتا ہے ؛ ایک آلۂ موسیقی بجانے والا ؛ ایک مشینی ایجاد جس کے ذریعے کوئی بھی آلۂ موسیقی ، بالخصوص پیانو ، خود کارانہ طور پر بجتا ہے ؛ وہ شخص جواسٹیج پر ایک اداکار کی حیثیت سے مختلف کرداروں کی اداکاری کرتا ہے ۔

player piano, n. خود کارپیانو ؛ ایک قسم کا پیانو جو آلۂ موسیقی کے اندر ہی لگی ہوئی ایک مشینی ایجاد کے ذریعے خود بخود بجتا ہے ۔

playfellow, n. کھیل کا ساتھی ؛ بچپن کا ساتھی ۔

playful, a. کھیل تماشوں والا ؛ چنچل ؛ شوخ یا رنگیلے مذاق سے بھرپور ؛ خوشگوار طور پر ظریف یا ہنس مُکھ ؛ طناز ؛ زندہ دل ۔

playfully, adv. کھیل کے طور پر ؛ مزاحیہ انداز میں ؛ زندہ دلی سے ۔

playfulness, n. زندہ دلی ؛ شوخی ؛ کھلاڑ پن ۔

playgoer, n. وہ شخص جو اکثر تھیٹر میں جاتا ہے ؛ ناٹک رسیا ۔

playground, n. کھیل کا میدان ؛ تفریح گاہ ؛ زمین کا ایک قطعہ جسے کُھلی ہوا میں تفریحات کے لیے مختص کر دیا گیا ہو ، بالخصوص وہ جو کسی اسکول سے وابستہ ہو ؛ ایک ایسی جگہ جہاں آنا جانا ہو اور چھٹیاں منانےوالے یا سیاح اپنے لیے دلکش مقام سمجھتے ہوں-نیز:playland ۔

playhouse, n. سوانگ گھر ؛ تماشا گھر ؛ دارالتمثیل ؛ ناٹک گھر ؛ تھیٹر ، مکان جس میں کھیلا جا سکے (جیسے : a child's play house) ؛ کھلونوں کا گھر ۔

playing card, n. تاش ؛ تاش کھیلنے کے لیے پتّوں کے ایک سیٹ یا بنڈل میں سے ایک پتّا ؛ باون پتوں کے جانے پہچانے سیٹ یا دستے میں سے کوئی ایک پتا ، یہ پتے چار رنگوں میں منقسم ہوتے ہیں : حکم ، پان ، چڑی ، اینٹ ، اُن پر ایک عدد ، نشان یا تصویر ہوتی ہے ، جیسے بادشاہ ، ملکہ یا غلام،جو اتفاق اور استادی کے کھیلوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

playing field, n. کھیل کا میدان ؛ ایک قطعۂ زمین یا کوئی میدان جسے کھیلوں یا اتھلیٹک/کسرتی مقابلوں کے لیے مختص کر دیا گیا ہو ۔

playland, n. دیکھیے : Playground ۔

playlet, n. ایک مختصر ڈرامائی پیش کش ، عموماً صرف ایک ایکٹ کی ؛ ایک ایکٹ کا ڈراما ۔

playmate, n. کھیل یا کھلاڑی کا ساتھی ؛ ایک رفیق ، تفریحات یا کھیل میں ۔

play-off, n. (کھیل) مزید کھیل ؛ اگر کسی مقابلے میں دو شرکا کے نمبر مساوی رہے ہوں تو ایسی صورت میں فیصلہ کرنے کے لیے ایک کھیلا گیا مزید کھیل ؛ چمپیئن شپ کا فیصلہ کرنے کے لیے متواتر کھیل ۔

play off, v.t. مزید کھیلنا (قطعی فیصلے کے لیے) ۔

play out, v.t. تھک جانا ؛ ختم کرنا ؛ کھولنا ، جیسے مچھلی کے شکار کی چرخی کو ۔ (فعل لازم) صرف ہو جانا ۔

playpen, n. کھیل پلنگڑی ؛ ایک چھوٹا ، حرکت پذیر ، احاطہ بند ، پختہ فرش جس میں ایک بہت چھوٹے بچے کو خود اپنے آپ سے کھیلنے کے لیے رکھا جا سکتا ہو ۔

playroom, n. کمرۂ تفریح ؛ اُطاقِ تفریح ؛ ایک جگہ جسے بچّوں کے کھیلنے کے لیے یا بڑوں کی تفریحات کے لیے الگ کرکے مخصوص کر دیا جائے ۔

playsuit, n. کھیل کا لباس ؛ ایک لباس جو عموماً ایک قمیص اور ایک نیکر / گھٹنّے پر مشتمل ہوتا ہے ،ا ور جسے بچے اور عورتیں کھیل تماشوں میں یا تفریح کے وقت پہنتے ہیں ۔

plaything, n. کھلونا ؛ کوئی چیز یا کوئی شخص جو خوش طبعی کے لیے کام آتا ہے ۔

playtime, n. تفریح ؛ کھیل یا تفریح کے لیے وقت ، جیسے بچوں کے لیے ان کے اسکول کے اوقات میں ۔

play up, v.t. کسی بات پر زور دینا ۔

play up to, (بول چال) خوشامد درامد وغیرہ سے پاسداری/عنایت حاصل کرنے کی کوشش کرنا ۔

playwright, n. ڈراموں کا مصنف ؛ ڈراما نگار ؛ تمثیل نگار؛ ڈراما نویس ۔

plaza, n. میدان ؛ چوک ؛ کسی شہر یا قصبہ میں کوئی عوامی چوک ؛ کھلا میدان ؛ پلازا ۔

plea, n. عذر ؛ حجت ، جواب ؛ دلیل ؛ استدعا ؛ التماس ؛ استدلال ، اعتذار ؛ استغاثہ ، دعویٰ ، جواب دہی ، تحریری بیان ؛ عُذر داری یا اپیل؛ وہ جو کسی جواز یا دفاع کی حمایت میں بیان کیا جائے ؛ ایک عذر ۔ (قانون) ایک مقدمہ یا کارروائی ؛ وہ بیان جو کوئی فریق کسی قانونی چارہ جوئی میں اپنے مطالبے کی حمایت ، جواز یا دفاع کے لیے پیش کرتا ہے ؛ مدعی کے دعوے کا جواب مدعا علیہ کی طرف سے ؛ ایک ایسا جواب جس میں الزامات کی صحت کو تسلیم کیا گیا ہو مگر مقدمے کو خارج کر دینے یا تاخیر میں ڈال دینے کے لیے مخصوص دلائل یا شہادت پیش کی گئی ہو ۔

plead, v.i. دلیل بازی کرنا ؛ سوال و جواب کرنا ؛ رد و بدل کرنا ؛ حجت یا دلیل لانا ؛ بحث کرنا ؛ وکالت کرنا ، استدلال کرنا ، دفاع کرنا کسی دعوے کی حمایت میں یا کسی دوسرے کے دعوے کے خلاف دفاع میں دلائل پیش کرنا ؛ موافق یا مخالف دلائل پر زور دینا ؛ کسی کو دلیل یا التجا کے ذریعے ترغیب دینے کی کوشش کرنا ۔ (قانون) کسی قانونی چارہ جوئی میں ، ایک جواب دہی پیش کرنا ؛ کسی مدعی کے بیانیہ دعوے کا جواب پیش کرنا ؛ کسی خاص قسم کی جواب دہی کرنا (جیسے : to plead guilty) ؛ مدعی کے دعوے اور مطالبے کا انکار کرنا ۔ (فعل متعدی) بحث کرنا، دفاع کرنا اور دلائل یا توجیہات سے اپنے بیان کو ثابت کرنا (جیسے ,to plead one's cause) ؛ بیان کرنا یا ثبوت ، حمایت یا برأت میں حوالہ پیش کرنا ؛ عذر میں پیشکش (جیسے : .to plead ignorance) ۔ (قانون) بحث یا دلیل سے اِس سلسلے کو جاری رکھنا یا قائم رکھنا ؛ کسی قانونی مقدمہ میں بیان

کرنا یا دعوے کرنا یا دفاع میں پیش کرنا یا بیان کرنا ۔

pleadable, a. قابلِ وکالت ؛ قابلِ استدلال وغیرہ ۔

pleader, n. پلیڈر ؛ وکیل ۔

pleading, n. (قانون) وکالت ؛ فریق مقدمہ کا بیان ؛ کسی مقدمہ کی وکالت کرنے کا عمل ، ایک التجا ؛ کسی قانونی عدالت میں کسی موکل کے مقدمے کی وکالت کرنے کا پیشہ یا عمل ؛ ان تحریری رسمی بیانات میں سے کوئی ایک جن میں مقدمہ لڑنے والوں میں سے کسی ایک فریق کے مطالبے یا دعوے یا اس کے دفاع یا جواب کا موضوعی مواد ہوتا ہے ؛ اس قسم کے بیانات کو پیش کرنے کا عمل یا طریقہ ۔

pleasant, a. خوشگوار ؛ پسندیدہ ؛ مرغوب ؛ خوش آئند ؛ خوشنما ؛ خوب ، پیارا ، پُر لطف ، روح افزا ؛ فرح بخش ؛ بشاش ، دماغ یا حیات کو خوش کرنے والا ؛ ملنسار ۔

pleasantly, adv. خوشگوار انداز میں ؛ پسندیدہ طور پر ۔

pleasantness, n. مرغوبیت ؛ پر لطفی ؛ نفاست ؛ خوش نہائی وغیرہ ۔

pleasantry, n. خُرمی ، بشاشت ؛ مسرت ، دل لگی ؛ ہنسی ، ٹھٹّھا ، ظرافت ؛ لطیفہ گوئی ؛ ایک مزاحیہ جملہ یا عمل ؛ مذاق ؛ گفتگو کرنے میں خوش مزاجی کی روح ؛ چھیڑخانی ؛ خوش طبعی ۔

please, v.t. خوش کرنا ، مطمئن کرنا یا راضی کرنا ؛ کسی کی مرضی یا خواہش ہونا (جیسے : May it please the court) ؛ اس قدر خلیق یا مہربان ہونا ، کسی درخواست کے ساتھ صیغۂ امر میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : Please pass the salt.) ۔ (فعل لازم) خوشی دینا؛ پسند کرنا یا ترجیح دینا (جیسے : Do it whenever you please) ۔

pleasing, a. خُوشی یا اطمینان بخشنے والا ؛ پسندیدہ ، دل خوش کُن ؛ مرغوب ؛ مقبول ؛ فرحت بخش ؛ خوش کن ؛ پُر لطف ۔

pleasingly, adv. خوش کن انداز میں ؛ پر لطف طور پر ۔

pleasingness, n. پُر لطفی ؛ مرغوبیت ؛ فرحت بخشی ۔

pleasurable, a. خوشن کُن ، اطمینان پذیر ، مسرت انگیز ؛ مسرت بخش ۔

pleasurability, pleasurableness, n. اطمینان بخشی ؛ مسرت انگیزی وغیرہ ۔

pleasurably, adv. مسرت بخش طور پر ؛ خوش کن انداز میں ۔

pleasure, n. خُوشی ، مسرّت ، حظ ؛ وہ جذبہ جو لُطف اندوزی یا کسی بہتری کی توقع پر پیدا ہو ؛ انبساط ؛ خوشگوار حسیتوں یا جذبات کی کیفیت ؛ خوشی یا مسرت کا ایک ذریعہ ؛ خوش طبعی یا تفریح ؛ حسیاتی خوشی یا اطمینان ؛ مرضی یا انتخاب (جیسے : to go or stay at pleasure.) ۔ (فعل متعدی) خوشی دینا یا بہم پہنچانا ؛ خوش کرنا ۔ (فعل لازم) اطمینان یا خوشی حاصل کرنا ۔ (بول چال) خوشی کو تلاش کرنا ۔

pleasureful, a. پُرمسرت ؛ پُر لطف ۔

pleasureless, a. بے مسرت ؛ بے لطف ۔

pleat, plait, n. چُنّٹ ؛ شکن ؛ چین ، مینڈھی ، چوٹی ؛ چُنت ؛ پَلیٹ ؛ ایک تہ مُعیّن ، یکساں چوڑائی کی جسے کپڑے کو دُہرا کرکے اور اسے دبا کر/استری کرکے ، ٹانکے لگا کے یا کسی اور طریقے سے جگہ پر بٹھاکے بنایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) تہ کرنا یا پلیٹیں ڈالنا ؛ مینڈھی کرنا ۔

pleated, a. تہ شدہ ۔

pleater, n. تہیں ڈالنے والا ۔

pleb, plebe, n. عام آدمی ؛ ادنیٰ طبقے کا فرد ۔

plebe, n. ریاستہائے متحدہ امریکا کی فوجی اکادمی اور بحری اکادمی کا ایک رکن جس کا تعلق ادنیٰ طبقے سے ہو ۔

plebeian, a. عام لوگوں سے متعلق ، بالخصوص قدیم رومی لوگوں سے ؛ سوقیانہ ؛ عام ۔ (اسم) تمام لوگوں میں سے ایک ؛ قدیم روم کے عام لوگوں میں سے ایک ۔

plebeianism, n. سوقیانہ پن ؛ عامیانہ پن ۔

plebeianly, adv. سوقیانہ طور پر ؛ عامیانہ طور پر ۔

plebiscite, n. مجلسِ عوام ؛ کسی عوامی مسئلے پر پوری قوم یاآبادی/برادری کا اظہار رائے ، بالخصوص حکومت یا دستور میں تبدیلی کے مسئلہ پر ؛ رائے عامہ ؛ استصواب رائے ۔

plebs, n. [اطالوی] قدیم روم کے باشندوں کا ادنیٰ طبقہ ؛ عام لوگ ؛ عوام الناس ۔

plectognath, n., a. عَظمی مچھلی ؛ ہڈی والی مچھلیوں کے خاندان میں سے کوئی ایک ، اُس کے جبڑے طاقتور ہوتے ہیں ، اُس نظام میں سوہن مچھلیاں ، گول مچھلیاں اور گھوڑا مچھلیاں بھی شامل ہیں ۔

plectrum, n. مِضراب ؛ زخمہ ؛ ایک چھوٹا آلہ ، ہاتھی دانت ، سینگ یا دھات کا بنا ہوا ، جسے شلیاق ، چکارا ، سنطور یا دوسرے تاروں والے آلات موسیقی کے تاروں کو چھیڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pledge, رہن ؛ گروی ؛ گرو ؛ دست بدست ؛ کفالت ؛ آڑ ؛ ضمانت ، عہد ؛ پیمان ؛ بیان حلفی ؛ وعدہ ؛ ایک رسمی معاہدہ کسی کام کو انجام دینے یا اس سے باز رہنے کے متعلق ؛ کسی قرضے کی ادائیگی یا کسی معاہدے یا ذمہ داری کی انجام دہی کے لیے بطور ضمانت دی گئی کوئی چیز ؛ اس قسم کی ضمانت کے طور پر رکّھے جانے کی حالت (جیسے : property being held in pledge)؛ شے مکفولہ ؛ مرہونِ رہن ؛ کسی کا جام صحت پینے کا عمل ؛ وہ شخص جس نے کسی برادری یا کسی اور معاشرتی گروہ میں شامل ہونے کا وعدہ کیا ہے مگر اسے رسمی طور پر قبول نہ کیا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) اپنی عزت کی قسم کھا کر وعدہ کرنا ؛ وعدہ کرنا ؛ بطور رہن یا گرو رکھنا ؛ کسی شخص کے قبضے میں بطور ضمانت جمع کرانا ؛ سنجیدگی کے ساتھ پابند کرنا یا کسی کام پر لگانا ؛ کسی کا جام صحت نوش کرنا ؛ کسی جماعت کا رُکن ہونے کا وعدہ کرنا؛ قول و قرار کرنے کی حیثیت سے کسی تنظیم میں داخل کر لینا ؛ زبان دینا ۔

pledgee, n. مرتہن ؛ وہ شخص جس کے پاس کوئی چیز رہن رکھی گئی ہو یا جسے کوئی چیز بطور گرو یا وعدہ دی گئی ہو ۔

pledger, pledgor, n. (قانون) راہن ؛ وہ شخص جو بطور ضمانت جمع کراتا ہے ۔

pledget, n. پھایا ؛ ایک دبا ہوا یا چھوٹا

چپٹا روئیں دار کپڑے یا روئی وغیرہ کا بنا ہوا پھویا جسے زخم کے اوپر اس لیے رکھتے ہیں کہ خارج ہونے والے مواد کو جذب کرے یا دوا کو زخم پر لگائے رکھے ۔

Pleiad, n. سبعہ ستارہ ، سات سہیلیوں کا جُھمکا ، پروین ؛ عِقدِ ثُریا ؛ عُقُودِ ثریا میں سے کوئی ایک ؛ سولھویں صدی کے طبّاع شعرائے فرانس کا ایک گروہ ۔ (چھوٹے p سے) چمک دمک والے اشخاص یا اشیا کا ایک گروہ ، عموماً سات کا ۔

Pleiades, n. (کلاسیکی اساطیری) ایٹلس کی سات بیٹیاں جنھیں کوہ اولمپس کے دیوتاؤں کے سردار زیوس نے ستاروں کے ایک گروہ میں بدل دیا اور انھی کے نام سے انھیں موسوم کر دیا ۔ (فلکیات) صورتِ ثور میں ستاروں کا ایک نمایاں گروہ یا گُچھا جسے عموماً سات کہاجاتا ہے ، اگرچہ ایک اَوسَط درجے کی آنکھ صرف چھ کو دیکھ سکتی ہے ؛ خوشۂ پروین ۔

plein-air, a. (مصوری) بیرون در مکتب مصوری ، یعنی کھلی ہوا میں کام کرنے/کیے ہوئے کام سے متعلق ؛ مصوری کے کسی مکتب یا طرز سے موسوم، جس کی ابتدا فرانس میں تقریباً ۱۸۷۰ء میں ہوئی اور جس کا تعلق فطرت میں ماحول اور روشنی کے ان اثرات سے ہے جو دروازوں کے باہر دیکھے جاتے ہیں اوراسٹوڈیو کے مصنوعی اثرات سے مختلف اور بہتر ہوتے ہیں ۔

plein-airism, n. بیرون در مکتب مصوری ۔

plein-airist, n. اس مکتب کا حامی ۔

Pleiocene, n. دیکھیے : Pliocene ۔

pleiotaxy, n. (نباتیات) پھولوں کے گُچھے کے اجزا کی تعداد میں حد سے زیادہ اضافہ کرنے والی نشوونما ۔

Pleistocene, n., a. (ارضیات) وسط حیاتی دور ؛ پلسٹوسینی دور ؛ ان دو ادوار میں سے قدیم تر دور جن میں عصر چہارم شامل تھا ، جس کی خصوصیات تلچھٹی اور برفانی اور رکازی باقیات ہیں جن میں قدیم زمانے کی انواع بھی شامل ہیں ؛ اس عصر کا چٹانی نظام ۔

plenary, a. بھر پور ؛ تمام و کمال ؛ کُل ؛ کُلی ؛ مطلق ، غیرمشروط ؛ مملو ؛ پورا ؛ تمام ؛ مکمل ، اہلیت رکھنے والے ارکان کی تمام جماعت کی موجودگی ، جیسے کسی جلسے میں ۔

plenary indulgence, n. (رُومی کیتھولک کلیسا) عفوِ عمومی گناہ ؛ جنھیں گناہوں سے کلیسا نے معافی دی ہو ان کی دنیوی سزا کی مکمل معافی ۔

plenipotentiary, n. ایلچی ، مدارالمہام ؛ وکیلِ مطلق ؛ مختارِ کل ؛ وہ شخص جسے بحیثیت سفیر یا ایلچی کسی بھی معاملے کو سرانجام دینے کا مکمّل اختیار تفویض کیا گیا ہوا ۔ (صفت) مکمل اختیار تفویض کیا ہوا ؛ مکمل اختیار عطا کرنے والا ۔

plenipotent, a. اختیار یافتہ ۔

plenish, v.t. پوری طرح بھر دینا ؛ ذخیرہ کرنا ؛ مہیا کرنا ۔

plenitude, n. زیادتی ؛ اکملیت ، کثرت ، افراط ، فروانی ، پورا یا مکمل ہونے کی حالت/کیفیت ؛ وافر ؛ بہتات ، معموریت ، شکم سیری ۔

plenteous, a. بکثرت ، بافراط ، وافر ؛ افزوں ؛ فراواں ؛ بارآور ؛ بہت زیادہ ؛ بھر پور ؛ بہتات پیدا کرنے والا ۔

plenteously, adv. وافر انداز میں ؛ بافراط طور پر ۔

plenteousness, n. کثرت ؛ افراط ۔

plentiful, a. وافر ؛ کثیر ؛ بہت زیادہ ؛ افراط میں موجود ؛ بھر پور، بہت سا یا کافی ؛ بہتات پیدا کرنے والا ؛ بارآور ۔

plentifully, adv. کثیر طور پر ۔

plentifulness, n. کثرت ؛ افراط ۔

plenty, n. بہتات یا معموریت ؛ ایک پوری یا مناسب رسد ؛ زندگی کی ضروریات اور عیش و عشرت کے لوازمات کی بہتات (جیسے : a time of plenty,) ۔ (صفت) (بول چال) بھر پور ؛ کافی ؛ وافر ۔ (متعلق فعل) (بول چال) کافی طور پر ۔

plenum, n. بھر پور ، بھری مجلس ؛ پوری جماعت ؛ اِجتماعِ کامل ؛ ایک ایسی گنجایش جو مادے کی کسی شکل سے بھری ہوئی سمجھی جائے ، بمقابل ایک خلا کے ؛ گیس یا ہوا کا ایک چاروں طرف سے بند حجم ، ایک ایسے دباؤ کے تحت جو باہر کے دباؤ سے زیادہ ہو ؛ ایک ایسی مجلس جس کے تمام ارکان حاضر ہوں ، بالخصوص ایک کارپوریشن یا جماعت قانون ساز ؛ بھر پور ہونے کی ایک کیفیت ۔

pleomorphism, n. (حیاتیات) کثیر شکلیت ؛ تاریخ حیات میں ، بالخصوص پودوں کی ، جیسے کُنگیوں/پھپھوندی وغیرہ کی،ایک آزاد شکل سے زیادہ شکلوں میں وقوع پذیری ۔

pleomorphic, a. کثیر شکلیت کا یا اس سے متعلق ۔

pleonasm, n. حشووزوائد ؛ تکرار ؛ حشریت ؛ کسی خیال کے اظہار میں ضرورت سے زیادہ الفاظ کا استعمال ؛ کوئی لفظ یا کلمہ جو حشو یا فاضل ہو ؛ بھرتی کے الفاظ کا استعمال ۔

pleonastic, a. زائد ؛ بھرتی کا ۔

pleonastically, adv. حشوی طور پر ؛ بھرتی کے طور پر ؛ بطور زوائد ۔

pleopod, n. (حیوانیات) شناپا ۔

plesiosaur, n. میان حیاتی سوسمار ؛ پلیسوسار ؛ معدوم جنس میان حیاتی سُوسمار کا کوئی بھی رکن ، یہ جنس قدیم وسطٰ حیاتی عصر کے رینگنے والے جانوروں پر مشتمل ہوتی تھی ، جن کے چھوٹے سر ، بہت لمبی گردن اور چَپّوؤں جیسے چار بڑے اعضا ہوتے تھے ۔

plethora, n. حد سے زیادہ بھرا ہونے کی حالت ؛ ضرورت سے زیادہ ہونے کی کیفیت ؛ شدت ؛ بہتات ۔ (طِب) امتلا ؛ خون کا بڑھا ہوا حجم ؛ کثرت الدم ؛ افراط خون ؛ کثرت خون ۔

plethoric, a. انتہائی بھرا ہوا ؛ پھولا ہوا ؛ سوجا ہوا ؛ جس کا خاصہ حد سے زیادہ بہتات ہو ؛ حد سے زیادہ بہتات سے متعلق ۔

plethorically, adv. پھولے ہوئے انداز میں ۔

pleura, n. (تشریح الاعضا) غشاءُ الریہ ؛ غشاءُ الجنب ؛ پھیپھڑے کی جِھلّی ؛ ذات الصدر؛ ایک پتلی جِھلی جو سینے کے اندرون کو ڈھکتی ہے اور پھیپھڑوں کو بھی ڈھانپتی ہے ۔

pleural, a. غشاءالریہ کے متعلق ۔

pleurisy, n. (امراضیات) ورمِ غشاءُ الریہ ؛ ذاتُ الجنب ، سینے کی جِھلّی میں سوزش جس کے ساتھ اکثر بخار اور سانس لینے میں دشواری بھی شامل ہوتی ہے (پلوریسی) ۔

pleuritic, a. ذات الجنب کا یا اسے متعلق ۔

pleurodont, a. (حیوانیات) جبڑے کے اندرونی کنارے سے جُڑی ہوئی ، جیسے دانت ؛ ہڈیوں کی صلابت سے اس طرح جکڑے ہوئے دانت والے ، جیسے بعض چھپکلیاں/چلپاسے ۔ (اسم) ہڈیوں کی صلابت میں جکڑے ہوئے دانت رکھنے والا جانور۔

pleuropneumonia, n. ڈبل نمونیہ ، ذات الجنبی نمونیہ ؛ سینے کی جھلی اور پھیپھڑوں کی سوزش ؛ ذات الجنب اور نمونیے کا مجموعہ ؛ مویشیوں اور اسی قسم کے دیگر جانوروں کی ایک سانس کی بیماری جو اکثر مہلک ہوتی ہے ۔

plexiform, a. ایک جالی کی شکل میں ؛ پیچیدہ ؛ شبکہ/ضیفیرہ کی خصوصیات رکھنے والا ۔

plexus, n. (تشریح الاعضا) ترکیب؛ خلط ؛ رگوں ، اعصاب اور ریشوں کا ایک شبکہ ؛ کوئی بھی ساخت جو آپس میں گُتھے ہوئے اعضا کا ایک شبکہ بناتی ہو۔

pliable, a. دبنے کے قابل ؛ نرم ؛ دَم دار ؛ خمیدنی ؛ لچیلا ؛ آسانی سے مڑنے والا ؛ خم پذیر ؛ لچکیلا ؛ لچک دار ؛ موم کی ناک ؛ اثر پذیر ؛ ترغیب پذیر مزاج رکھنے والا ؛ جسے آسانی کے ساتھ ترغیب دی جا سکے ؛ تطبیق پذیر۔

pliability, pliableness, n. ترغیب پذیری ؛ لچیلاپن ۔

pliably, adv. لچیلے پن سے ۔

pliant, a. آسانی سے مُڑنے والا ؛ قُوّت یا دباؤ سے ٹوٹے بغیر بآسانی مغلوب ہونے والا ؛ خم پذیر؛ نرم ؛ لچک دار؛ اخلاقی اثر سے بآسانی مغلوب ہونے والا ؛ بآسانی ترغیب پذیر۔

pliancy, pliantness, n. نرمی ؛ خم پذیریت ۔

pliantly, adv. نرمی سے ۔

plica, n. (حیوانیات ، تشریح الاعضا) بالوں کا چٹیلاپن ؛ شکنِ نسیج ، ایک تہ یا سلوٹ جیسے جلد کی ۔ (امراضیات) کسی بیماری کے باعث بالوں کی الجھی ہوئی گندی حالت ۔

plical, a. تہ دار ؛ طبق دار۔

plicate, plicated, a. طبق دار ، شکن دار ، تہ دار ؛ لفاف دار ؛ پلیٹیں پڑا ہوا ؛ پنکھے کی طرح تہ کیا ہوا ۔

plicately, adv. شکن دار طور پر۔

plicateness, n. طبق داری ؛ تہ داری ۔

plication, n. سلوٹ ؛ بل ؛ طبق ، تہ داری ؛ شکن خوردگی ، طبقیت ؛ تہ یا شکن ؛ تہ پڑی ہوئی حالت ؛ طبق داری ۔ (ارضیات) زمین کی تہوں کا خود اپنے اوپر پلٹے جانے کی حالت -نیز : plicature ۔

pliers, n. سنسی ؛ چمٹا ؛ چمٹی ؛ پلاس ؛ ایک چھوٹی چمٹی،لبے جبڑوں کےساتھ ،چھوٹی چھوٹی چیزیں پکڑنے کے لیے اور تار کو موڑنے اور مختلف شکلیں دینے کے لیے ۔

plight, n. نوبت ، گت ؛ حالت ، کیفیت یا صورت حال ، عموماً بُری (جیسے : to be in sorry plight) ۔

plight, v.t. شادی کے معاہدے کا پیمان باندھنا (جیسے : to plight one's troth,) ؛ وعدہ کرنا ؛ قسم وغیرہ سے پابند کرنا ، بالخصوص شادی کے لیے ؛ زبان دینا ۔ (اسم) (قدیم) کفالت ؛ پیمان ؛ رہن ؛ گرو ؛ ضمانت ؛ قول ؛ پیمانِ وفا ۔

plimsoll, n. (برطانوی) ایک جوتا جس کا تلا ربڑ کا ہو اور اوپر کا حصہ کینوس کا ۔

Plimsoll mark, Plimsoll line, n. جہاز کا غرقابی خط ؛ تجارتی جہازوں کے ڈھانچے پر ایک لکیر یا نشان یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ جہاز پر بوجھ ڈال کر اُسے کس حد تک پانی میں ڈبویا جا سکتا ہے ۔

plink, v.i. ایسے ہدفوں پر گولی لگنا جنھیں بغیر سوچے سمجھے منتخب کر لیا گیا ہو ، جیسے بندوق چلانے کی ایک غیر رسمی مشق میں ؛ ایک ہلکی ، تیز جھنکار جیسی آواز پیدا ہونا ۔ (فعل متعدی) گولی چلانا غیر رسمی یا اتفاقی طور پر (جیسے : to plink old tin cans) ؛ ایک ہلکی ، تیز ، جھنکار جیسی آواز نکلوانا ۔ (اسم) ایسی گولی چلانے کی آواز۔

plinth, n. (فنِ تعمیر) چوکی ؛ پایہ ؛ ستون ، کُرسی ؛ ایک چپٹا مربع پتھر چوکے کی طرح کا جو کسی کھمبے/ستون کی بُنیاد کے طور پر کام کرتا ہے ؛ کسی عمارتی حصے یا تعمیر کی اساس میں ڈھلا ہوا مربع یا کرسی ؛ کسی دیوار کی بنیاد میں عموماً باہر کو نکلے ہوئے چٹانی روڑے یا پتھر- نیز : plinth course ۔

Pliocene, Pleiocene, n. (ارضیات) پلائیوسین ؛ جدید تر عصر ؛ سہ گونہ عصر کا قریب ترین عہد ، اُس عصر کے دوران جمع ہونے والا طبقات الارض ۔ (صفت) جدید تر عصری ؛ پلیوسینی ۔

Pliofilm, n. ایک صاف ، خم پذیر پلاسٹک جو ربڑ ہائیڈروکلورائڈ سے بنتا ہے ، یہ پانی کی مزاحمت کرتا ہے اور برساتی کوٹوں میں اور گٹھڑیاں ، بنڈل باندھنے کے لیے کام آنے والے سامان میں استعمال ہوتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

plisse, n. کسی کپڑے پر کیمیائی اجزا لگانے سے بنائی گئی شکن دار/چڑمڑی سطح ؛ ایک کپڑا جس پر اس طرح کا عمل کیا جائے ۔

plod, v.i. مشکل سے یا بَدقت چلنا ؛ ایڑیاں رگڑنا ؛ ہولے ہولے چلنا ؛ مَرے پاؤں سے چلنا ؛ بھاری پن سے چلنا ؛ بدقت چلنا یا گھسٹنا ؛ ناگوار ثابت قدمی سے کام میں مشغول ہونا ؛ بیل کی طرح جُتے رہنا ۔ (فعل متعدی) محنت کرنا ؛ جان کھپانا ؛ مشکل سے قدم اٹھانا یا راستہ طے کرنا ۔ (اسم) بَدقّت چلنے کا عمل ؛ بھاری پن سے چلنے کی آواز یا اُس جیسی آواز۔

plodder, n. محنت مشقت کرنے والا شخص ۔

ploddingly, adv بِدقّت ؛ محنت مشقت سے ۔

plop, v.i. غڑاپ سے گرنا ؛ اس طرح کی آواز پیدا ہونا جیسے کوئی چھٹی چیز پانی پر چھینٹے اُڑائے بغیر گرے ؛ دھڑام سے گرنا (جیسے : ,she plopped into bed) ۔ (فعل متعدی) ڈھیلا چھوڑنا یا پھینکنا بھاری سقوط کے ساتھ ۔ (اسم) پانی میں غڑپ سے گرنے کی آواز یا سقوط ؛ غڑپ سے گرنے کا عمل ۔ (متعلق فعل) غڑپ کے ساتھ ۔

plosion, explosion, n. (صوتیات) حرفِ صحیح کی ادائیگی کے بعد وقفے کی لیے حلق کو بند کرکے سانس خارج کرنے کا عمل (جیسے bat میں b کے بعد) ۔

plosive, a., n. سانس خارج کرنے کے متعلق ۔

plot, n. قطعۂ زمین ، زمین کا ایک چھوٹا قطعہ، بالخصوص وہ جو کسی خاص مقصد کے لیے مختص کیا گیا ہو- نیز :

plat ؛ ایک خاکہ یا نقشہ کسی جائیداد یا عمارت کا ؛ ایک خفیہ منصوبہ ، بالخصوص وہ جو کسی بُرے یا غیر قانونی مقصد کے لیے بنایا گیا ہو ؛ ساز باز ؛ سازش ؛ کسی ڈرامے ، نظم یا ناول کی اصل کہانی یا اس کا منصوبہ ؛ پلاٹ ۔ (فعل متعدی) خاکہ یا نقشہ بنانا ؛ کسی نقشے یا خاکے پر نشان لگانا ، جیسے کسی راستے یا مقام کا ؛ خفیہ تدبیر یا منصوبہ بندی کرنا ؛ کسی ایک ناول کا خاکہ تخلیق کرنا یا اُس کا مسودہ بنانا ۔ (ریاضی) محدّدوں کے ذریعے ، ترسیمی کاغذ پر صحیح مقام مُعیّن کرنا ، جیسے ایک نقطہ ؛ نشان زدہ نقطوں کو جوڑ کر ایک منحنی کھینچنا ؛ اس طرح تیار کیے ہوئے منحنی کے ذریعہ ایک مساوات کے طور پر نمائندگی کرنا ۔ (فعل لازم) منصوبہ بندی ہونا ؛ سازش ہونا ؛ ساز باز ہونا ۔

plotter, n. سازشی شخص ؛ وہ شخص جو منصوبے بناتا ہے ؛ ایک آلہ جو خاکے بنانے میں کام آتا ہے ۔

plottage, n. نقشہ کَشی ؛ خسرہ بندی ؛ قطعۂ زمین پر مشتمل رقبہ ۔

plotting board, n. (عسکری) ہدفی تختہ ؛ کسی جامد یا متحرک ہدف کے راستہ کے محل و وقوع کے تعین کے لیے کوئی ترکیب جسے توپ خانہ کی گولہ باری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

plover, n. مرغِ باراں ؛ زقزاق ؛ دلدل میں چلنے والے پرندوں میں سے کوئی ایک جو ٹٹیریوں سے زیادہ گُھٹے ہوئے بدن کے ہوتے ہیں ، ان کے رنگ زیادہ گہرے اور ان کی چونچیں نسبتاً زیادہ چھوٹی اور مضبوط ہوتی ہیں ۔

plow, Brit. plough, n. ہَل ؛ ایک زراعتی آلہ جو زمین کو کاٹ کر گہری لکیریں بنانے اور مٹی کو الٹنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ، جیسے بونے اور پودے لگانے کے لیے ؛ قلبہ ؛ تانگل ؛ قلبہ رانی ؛ تردّد ؛ جوت ؛ زراعت ؛ ان متعدد مختلف آلات میں سے کوئی ایک جو اِس آلے کے مشابہ یا اُس کی طرح ہوں ، جیسے ایک قسم کا آلہ زمین میں جِھریاں/نالیاں بنانے کے لیے یا ایک ایجاد کسی سڑک یا پگڈنڈی سے برف ہٹانے کے لیے ۔ (بڑے P سے) (فلکیات) صورت البُرُوج ، دُبِّ اکبر ۔ (فعل متعدی) زمین میں گہری نالیاں بنانا یا مٹی پلٹنا ، نالی ، ابھار یا وٹ بنانا جیسے ہل سے ؛ بیچ سے گزرنا یا راستہ کاٹنا ، پانی میں سے ۔ (فعل لازم) ہل کے ذریعہ کام ہونا ؛ کسی مخصوص طریقے سے ہل چلنا (جیسے : soil that plows easily) ؛ کسی چیز میں سے ہل کی طرح گُزر جانا ؛ آگے بڑھنا ، ایک مستحکم ، محنت طلب انداز میں ؛ بدِقت چلنا ۔

plow back, واپس لگا دینا ، جیسے منافعوں کو دوبارہ کاروبار میں ۔

plow under, مٹا دینا یا غائب کروا دینا ۔

plowable, a. ہل چلائے جانے کے قابل ۔

plower, n. ہل چلانے والا ؛ کسان ۔

plowboy, ploughboy, n. ہالی ؛ ہاری ؛ جو ہل چلانے والی جوڑی کو قابو میں رکھتا ہے ؛ دیہاتی نوجوان ۔

plowhead, ploughhead, n. ہل سِرا ؛ حرف 'U' کی شکل کی دھاتی سلاخ جس کے سروں پر کھٹکا یا پن لگانے کے لیے سوراخ بنے ہوتے ہیں : ہل ، ٹریکٹر یا پنجالی یا بیلوں کو جوتنے کے لیے ۔

plowman, ploughman, n. ہالی ؛ ہاری ؛ وہ آدمی جو ہل چلاتا ہے ؛ اگلے زمانے میں ایک کسان ، کھیت پر کام کرنے والا مزدور یا کوئی دیہاتی ۔

plowshare, ploughshare, n. ہل کی پھالی ؛ پھالا ؛ چو ، ہل کی کاٹنے والی دھار ۔

plowstaff, ploughstaff, n. ہل کے پھالے کو صاف کرنے یا کُھرچنے کے لیے بیلچہ ، کرچھا یا ڈنڈا ۔

ploy, n. مشغلہ ، مہم ؛ وُہ چال جو دشمن یا حریف کو گمراہ کرنے یا شکست دینے کے لیے وضع کی گئی ہو ؛ ایک عسکری حرکت ؛ چالبازی ۔

ploy, n. (برطانوی ، اسکاٹ لینڈ)ایک خوش طبعی ، ایک چال ، ایک تفریح ۔

pluck, v.t. اُکھاڑ ڈالنا ؛ اینچنا کھسوٹنا ؛ توڑنا ، چُٹکنا ؛ چُننا یا کھینچنا (جیسے : to pluck a blossom) ؛ کسی آلۂ موسیقی کے تاروں میں اسی قسم کے عمل سے ارتعاش پیدا کرنا ؛ کسی کے پروں کو نوچنا یا الگ کرنا (جیسے : ,to pluck a chicken) ؛ چھیننا یا گھسیٹنا (away یا off کے ساتھ) ۔ (عوامی) لوٹنا ، دھوکا دینا ۔ (برطانوی ، عوامی) کسی امتحان میں ناکامی کی بنا پر ترقی کے لیے مسترد کرنا ۔ (فعل لازم) پھڑکنا ؛ تیزی سے کھینچا جانا ۔

plucker, n. چننے والا شخص ؛ سازندہ ۔

pluck, n. چننے یا توڑنے کا عمل ؛ دل ، جگر اور پھیپھڑے کسی جانور کے جنھیں کھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ہمّت اور قُوّت برداشت ، بالخصوص نامساعد حالات میں ۔

plucky, a. باہمّت ، دلیر ؛ شجاع ؛ جری ؛ بہادُر ؛ جُرأت مند ؛ زندہ دل ؛ باہمت ۔

pluckily, adv. زندہ دلانہ انداز سے ؛ باہمت طور پر ۔

pluckiness, n. ہمت ؛ دلیری ؛ جُرأت ۔

plug, n. ڈاٹ ؛ پچر ، میخ ؛ پلگ ؛چنگارا ؛ کلید اتصال ؛ لکڑی یا کسی اور مواد کا ایک ٹکڑا جسے کوئی سوراخ بند کرنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ ایک برقی ایجاد جسے بجلی دینے والے سوراخ یا سوراخوں میں لگا کر بجلی کا دور قائم کیا جاتا ہے ؛ ایک آتش پلگ ؛ تمباکو کا ایک ڈلا ، عموماً چبانے کے لیے ۔ (عوامی) کوئی چیز جو گِھس پٹ کر ختم ہو گئی ہو یا ادنیٰ درجے کی ہو ، بالخصوص ایک تھکا ماندہ گھوڑا ؛ موافق اشاعتِ عام ؛ اونچا ہیٹ ؛ مُکا یا چوٹ ؛ ضرب یا بندوق کی گولی ۔ (مچھلی کا شکار) مچھلی کے لیے ایک لاسا ۔

plug, v.t. ڈاٹ لگانا ؛ بند کرنا ؛ مُنھ بند کرنا ؛ لگانا ، جیسے ایک چنگارے یا پلگ کو ؛ ایک پلگ سے روک کَر کسا ہوا بنانا ۔ (عوامی) کسی پیداوار کی موافقانہ پبلسٹی کرنا ؛ گھونسا مارنا ؛ نشانہ بازی کی مشق کرنا ۔ (فعل لازم) (عوامی) ثابت قدمی سے کام کرنا ؛ کسی پر بندوق کی گولی چلانا ؛ کسی مقصد یا کسی فرد کی حمایت کرنا ۔

plug hat, n. (عوامی) ایک ہَیٹ جس کی ساخت میں سختی ہو ، جسے عموماً مرد پہنتے ہیں ۔ دیکھیے : plug ۔

plug in, v.i. باہر نکلنے والے کسی راستے کو بند کرکے ایک برقی سرکٹ کو مکمل کرنا ۔ (فعل متعدی) کسی باہر کے راستے میں پلگ لگا کر جوڑنا ، جیسے کسی برقی سامان کو دوسرے سامان سے ۔

plugugly, n. (عوامی) شہر کا ایک بدمعاش ؛ مجرموں کے گروہ کا ایک فرد ؛ جھگڑالو ، غُنڈا ۔

plum, n. خشک انگور ؛ مُنقیٰ ؛ آلوبخارا ؛ بیری ؛ آلوچہ ؛ کِشمِش ؛ ایک چھوٹے درخت گھریلو آلوچے (Prunus domestica) کا ، جو گلاب کے خاندان میں سے ہے ، ایک کھانے کے قابل گُٹھلی دار پھل ، جس کا چھلکا چکنا ہوتا ہے اور جس کے اندر ایک لمبی گُٹھلی ہوتی ہے ؛ خود یہ درخت؛ جنس آلوچہ (Prunus) کی متعدد مختلف انواع میں سے کوئی ایک ، جسے زیب و زینت کے لیے اُگاتے ہیں ، جیسے پھول دینے والا آلوچہ؛ کشمش ، جب اسے پڈنگ میں استعمال کیا جائے ؛ ایک رنگ جو ہلکے سے لے کر گہرے سرخی مائل ارغوانی تک ہوتا ہے ۔ (عوامی) کوئی پسندیدہ چیز (جیسے : the plums given out by the party in power) ۔

plumlike, a. آلوچہ نما ۔

plum, n., a., adv. دیکھیے : Plumb ۔

plumage, n. آرایشی پَر ؛ پنکھ ؛ بال و پر بحیثیت مجموعی ؛ کسی پرندے کے پروں کا پورا غلاف ۔

plumate, a. (حیوانیات) ایک پَر کے مشابہ ، جیسے سَر کے نرم بڑے بال یا مونچھوں کے سخت چھوٹے چھوٹے بال ۔

plumb, plum, n. انتصابی ؛ عُمق پیما ، ساہول ، شاقـول ، پنسال ؛ ایک چھوٹا سا وزن سیسے کا یا کسی اور بھاری دھـات کا ، بالخصـوص وہ جو کسی ڈوری سے جُڑا ہوا ہو اور اسے دیواروں کی عمودیت کو جانچنے یا گہرائی ناپنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔ (صفت) پنسال کے مطابق صحیح ؛ عمودی ؛ افقی ۔ (بول چال) قطعاً ؛ ٹھیک ٹھاک ؛ سر تا سر ۔ (متعلق فعل) ایک عمودی یا افقی سمت میں ؛ بالکل ٹھیک ؛ ہو بہو یا براہ راست ۔ (بول چال) کاملاً یا قطعاً (جیسے : he is plumb crazy) ۔ (فعل متعدی) کسی پنسال سے جانچنا یا مطابقت پیدا کرنا ؛ افقی بنانا؛ پنسال سے گہرائی ناپنا ، جیسے سمندر کی ؛ گہرائی ناپ کر عمق کی پیمایش کرنا ؛ تہ تک سرایت کرنا (جیسے : to plumb motives) ؛ سیسے سے مہر لگا دینا ۔

out of plumb, off plumb, جو افقی نہ ہو ؛ جو سیدھ بندی سے باہر ہو ۔

plumbago, n. (معدنیات) سرب ؛ سیسہ ؛ کرافیت ؛ سُرمان ۔ (نباتیات) جنس سُرمہ (Plumbago) کی متعدد مختلف گیاہی اور جھاڑی دار انواع میں سے کوئی ایک ، اُسے اپنے نیلے پھولوں کے ڈنٹھل دار گچھوں کے لیے اگایا جاتا ہے ؛ نیز : leadwort ۔

plumbaginous, a. سرمئی ؛ سرمہ دار ؛ سرمہ کا یا اس سے متعلق ۔

plumbaginaceous, a. جنس سرمہ کے پھولوں سے متعلّق ۔

plumb bob, کسی پنسال کا وزن ؛ شاقول ۔

plumbeous, a. سیسے پر مشتمل؛ سیسے کی شکل کا ؛ سرمے جیسا ۔

plumber, n. سرب گر؛ سیسہ گر ؛ نل کار ؛ نل ساز ؛ پلمبر ؛ سیسے کا کام کرنے والا ۔

plumbery, n. نل کاری ؛ کارخانۂ نل کاری ۔

plumber's snake, n. فیتہ ؛ نواڑ یا پٹا ؛ موٹا دھاتی تار یا پٹا جسے نلکوں میں سے رکاوٹ پیدا کرنے والا مواد نکالنے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

plumbic, a. سُربی ؛ سیسے سے متعلق ، بالخصوص چوگرفتہ سیسہ ؛ سیسے سے حاصل کیا ہوا ؛ سیسہ آمیز ۔

plumbiferous, a. سیسہ دار ؛ سرب دار ؛ سیسہ پیدا کرنے والا یا رکھنے والا ۔

plumbing, n. پلمبر کا پیشہ یا کام ؛ نلکوں اور گڑی ہوئی چیزوں کو آپس میں جوڑنا تاکہ پانی اور فُضلے کو لے جایا جائے؛ سرب یا سیسے کو استعمال کرنے کا عمل ۔

plumbism, n. (امراضیات) مسمومیت سُربی ؛ جسم میں سیسہ داخل کرکے اُسے زہر آلود کرنا ۔

plumb line, n. ساہول کی ڈوری ؛ خطِ شاقول ؛ خطِ عمودی ؛ شاقول کا سوت ؛ سیسے کا تار ؛ شاقول ؛ ایک ڈوری جس کے ایک سرے پر کوئی دھاتی وزن بندھا ہوا ہو اور اسے صحیح عمودیت یا افقیت متعین کرنے کے لیے اورگہرائی ناپنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ ایک خط جو بالکل صحیح افقی سمت ظاہر کرتا ہو ۔

plumbous, n. (کیمیا) سیسے کے دو گرفتہ مرکبات پر مشتمل ؛ ان سے متعلق ۔

plumb rule, n. شاقُول مِسطر ؛ مِسطرِ معمار ؛ ایک تنگ بورڈ ، ایک سیسے کی ڈوری/پنسال کے ساتھ جس کا بالائی حصہ اِس سے جڑا ہوا ہو ، اُسے راج اور عمّار عمود کا تعین کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛

plume, n. کلغی ؛ طُرّہ ؛ آرایشی پَر ؛ شہپر ؛ کسی پرند کا ایک پَر ، بالخصوص کوئی بڑا اور نمایاں پر ؛ ایک پر یا پروں کا مجموعہ ، جسے ایک زیور ، نشانِ اعزاز یا انعام کے طور پر پہنا جائے ؛ بال و پر ۔ (فعل متعدی) چونچ سے پروں کو صاف کرنا ؛ آراستہ کرنـا پروں سے یا شہپـروں سے ؛ (اپنے اوپـر) فخر کرنـا (جیسے : She plumed herself on her beauty.) ۔

plumelike, a. شہپر نُما ۔

plumelet, n. چھوٹا پر ؛ چھوٹی کلغی ؛ پر زیرِ رواں ۔

plummet, n. شاقول ؛ سیسے یا کسی اور دھات کا ایک ٹکڑا جو ایک ڈوری سے جُڑا ہوا ہو، جسے پانی کی گہـرائی ناپنے یا عمـودیت متعین کرنے کے لیے استعـمال کیا جائے ؛ پنسال ۔ (فعل لازم) گرپڑنا یا سیدھے تہ کی طرف ڈبکی لگانا ۔

plumose, a. پر نما ؛ پردار ؛ پرسا ؛ روئیں دار ؛ پریلا ؛ پر یا پروں کے زوائدرکھتا ہوا پروں کے مشابہ ۔ (نباتیات) لمبے بالـوں پر مشتمل جن کی ضمنی تقسیم نفیس بالوں سے ہو جاتی ہے (جیسے : plumose bristle,) ۔

plumosely, adv. پردارانہ طورپر ؛ روئیں داری کے انداز میں ۔

plumosity, n. پرداری ؛ روئیں داری ۔

plump, v.i. بھاری پن سے یا اچانک گرنا ؛ یکایک یا کسی براہ راست ٹکر کے ساتھ گرنا ؛ کسی کی دل و جان سے حمایت کرنا ، اس موقع پر for کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : to plump for a reform.) ۔ (زیادہ تر برطـانوی) کسی انتخاب میں اپنے ووٹوں کو متعـدد امیدواروں پر تقسیم کرنے کے بجـائے صرف ایک امیدوار کو استثنائی طور پر ووٹ دینا ۔ (فعل متعدی) گر پڑنا یا پھینک دینا بھاری پن کے ساتھ یا اچانک ، اکثر down کے ساتھ (جیسے : she plumped herself down in the chair.) ؛ زبان سے نکالنا یا بے دھڑک کہنا ، اکثر

out کے ساتھ آتا ہے ، تعریف کرنا یا موافقانہ تشہیر کرنا ۔ (اسم) ایک بھاری یا اچانک سقوط ، اس سقوط سے پیدا ہونے والی آواز ۔ (متعلق فعل) بھاری یا اچانک سقوط یا ٹپک کے ساتھ ؛ اچانک مقابلے کے ساتھ ؛ بلاواسطہ یا بے دھڑک ، جیسے بولنے میں ؛ بالکل ۔ (صفت) براہ راست ؛ صاف صاف ؛ منہ پھٹ ؛ دوٹوک ؛ کھرا یا غیر مشروط ۔

plumply, adv. قطعی طور پر ؛ دوٹوک انداز میں وغیرہ ۔

plump, a. فربہ ؛ موٹا ؛ گداز ؛ اچھی طرح بھرا ہوا یا گول کیا ہوا شکل و صورت میں ؛ کسی قدر لحیم یا موٹا ؛ گول مولْ ۔ (فعل متعدی) فربہ بنانا ؛ موٹا ہونا ؛ گُداز ہونا (اکثر up یا out کے ساتھ) ۔ (فعل لازم) فربہ جسم ہو جانا (اکثر up یا out کے ساتھ) ۔

plumply, adv. فربہ انداز میں ۔

plumpness, n. فربہی ؛ موٹاپا۔

plumpish, a. اعتدال کے ساتھ فربہ ؛ کسی قدر حد سے زیادہ وزنی ۔

plum pudding, n. کِشمِشوں کی مٹھائی ؛ ایک اچھی طرح ابالی ہوئی پڈنگ جس میں کِشمِش ، منقیٰ ، لیموں ، چکوترا اور گرم مسالا پڑا ہوا ہو ؛ کرسمس کا ایک روایتی میٹھا کھانا ۔

plumule, n. (نباتیات) راس جنین ، اکھوا ؛ کلّا ؛ کسی پودے کے مُضغہ کا نمو پانے والا نقطہ ؛ کسی پودے کے آئندہ ڈنٹھل کی جڑ ، کونپل۔ نیز : epicotyl ۔ (طیوریات) ایک نیچے کا پر ؛ پر زیر رواں ۔

plumulate, plumulose, a. روئیں دار ۔

plumy, a. جس کے پاس شہپر یا پر ہوں ، پردار ؛ پروں سے آراستہ ۔

plunder, v.t. زبردستی چھیننا ؛ غبن کرنا ؛ تاخت و تاج کرنا ؛ مال و اسباب یا قیمتی اشیا کو زبردستی لوٹنا؛ غارت گری کرنا؛ لوٹ مار کرنا ؛لوٹ مار یا کھلم کھلا طاقت کے ذریعے لینا ۔ (فعل لازم) لوٹ مار کا مرتکب ہونا ۔(اسم) غارت گری ؛ ڈاکہ زنی ؛ وہ جو چوری سے حاصل کیا جائے ؛ مال مسروقہ ؛ لوٹ مار یا دھوکا بازی ۔

plunderable, plunderous, a. غارت گری ، لوٹ ، غبن سے متعلق ۔

plunderer, غارت گر ؛ لٹیرا ؛ غبن کرنے والا وغیرہ ۔

plunderage, n. لُوٹ یا غبن کا مال ؛ لوٹنے کا عمل ؛ لوٹ کھسوٹ ؛ غارت گری ۔ (بحری قانون) کسی جہاز پر مال و اسباب کی خورد برد ؛ خورد برد کیا ہوا مال ۔

plunge, v.t. اصطباغ دینا ؛ ڈُبکی یا غوطہ مارنا ؛ گھسیڑنا ؛ داخل کرنا ؛ پانی یا کسی دوسرے رقیق مادہ میں یا کسی آسانی سے دخول پذیر مادہ میں دھکیلنا ؛ ڈبونا ؛ گاڑنا ؛ کسی کیفیت یا حالت میں دھکا دینا ؛ ایک گملے والے پودے کی طرح ریت یا مٹی میں رکھنا ۔ (فعل لازم) اپنے آپ کو پانی میں پھینکنا یاگاڑی چلا کر پانی میں یا کسی ڈھال پر لے جانا ؛ گاڑی چلانا یا گھبرا کر جلدی سے جانا یا کسی صورت حال میں مبتلا ہو جانا یا بحالتِ اشتعال جا پڑنا ؛ دفعتاً اترنا/حملہ کرنا ، جیسے کسی پہاڑی پر یا سڑک پر ؛ جسم کو آگے پھینکنا اور پچھلی ٹانگوں کو اوپر ، جیسے کسی سرکش گھوڑے کا ؛ بھاری یا اندھا دھند شرط لگانا ۔ (اسم) غوطہ خوری ، دخول یا چھلانگ ؛ جسم کو آگے کھڑا کرنے یا پھینکنے اور پچھلی ٹانگوں کو اوپر اٹھانے کا عمل ، جیسے ایک منہ زور گھوڑے کا ؛ غوطہ زنی کے لیے کوئی مقام ، جیسے تیرنے کا ایک تالاب یا گہرا جوہڑ ؛ اندھا دھند ، بے دھڑک سٹہ بازی/قیاس آرائی ۔

plunger, n. غوّاص ؛ غوطہ خور ؛ غوطہ زن ؛ ڈبکنی ؛ وہ جو غوطہ لگاتا ہے ؛ ایک اندھا دھند ، بے دھڑک قمار باز/سٹے باز یا جواری جو بھاری داؤں لگا کر خطرے مول لیتا ہے ۔ (مشین) ایک پسٹن جیسا اسطوانہ جسے بعض اوقات دباؤ ڈالنے والے پمپوں میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک ایجاد جس میں ڈنڈے کے ایک سرے پر آب کش پیالہ ہوتا ہے اور جسے نالیوں کو بند کرنے والی رکاوٹیں دور کرنے کے لیے استعمال کیا جاتاہے ؛ دباؤ ڈاٹ ۔

plunging fire, n. (عسکری) غوطہ فیر/فائر؛ ایسا فائر جو ایک اونچی سطح سے یا ایک آلۂ حرب کے ذریعے ایسے زاویے پر کیا جائے کہ نشانہ ہدف کے ایک گہرے ڈھلوان زاویے پر لگے ۔

plunk, v.t. (بول چال) کسی تاروں والے آلۂ موسیقی کے تاروں پر اناڑی پن سے ضرب لگانا یا انھیں چھیڑنا ؛ پھینکنا یا دھکا دینا (بھاری پن سے یا اچانک ، عموماً بعد میں down لگاتے ہیں) ۔ (فعل لازم) (بول چال) ستار کی طرح تُن تُن کی غُنغنی آواز نکالنا ۔ (اسم) (بول چال) آلۂ موسیقی کے تاروں کو چھیڑنے کا عمل یا اُس کی آواز ۔ (متعلق فعل) (بول چال) تاروں کو چھیڑنے کی آواز کے ساتھ ۔

plunker, n. (آلۂ موسیقی کے) تاروں کو چھیڑنے والا ؛ تُن تن کرنے والا ۔

pluperfect, past perfect, a., n. (گرامر) ماضی مطلق ؛ کسی فعل کے اُس صیغہ پر عائد ہوتا ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ کوئی عمل ماضی میں ایک خاص وقت پر ختم ہو گیا تھا ؛ ماضی مطلق یا اس کی کسی شکل کو ظاہر کرنے والا ۔

plural, a. جمع کا صیغہ ؛ ایک سے زائد کا احاطہ کرنے والا ؛ دو یا دو سے زائد پر مشتمل/کو متعلق بنانے والا یا ان کا نام رکھنے والا ؛ اشخاص یا اشیا کی جمعیت میں کسی ایک کے متعلق یا ان میں سے کسی ایک کا ۔ (گرامر) کسی لفظ کی وہ شکل جو ایک سے زائد کو موسوم کرتی ہے ۔ (اسم) جمع کا عدد ؛ کسی لفظ کی وہ شکل جو ایک سے زائد کو ظاہر کرتی ہو۔

plurally, adv. جمع کے طور پر۔

pluralism, n. تکثیریت ؛ جمع کے صیغہ میں ہونے کی کیفیت ؛ کسی معاشرے کی وہ نوعیت جس کے اندر مختلف لسانی ، معاشرتی اورثقافتی مفادات موجود ہوں اور آپس میں مل کر مجموعی ترقی کر رہے ہوں ؛ کسی ایک شخص کا ایک سے زیادہ عہدوں پر فائز ہونا ، بالخصوص کلیسائی جاگیروں پر بیک وقت ۔ (فلسفہ) وہ نظریہ یا نظام جو ایک سے زائد منتہی مادوں یا اصولوں کو تسلیم کرتا ہے ؛ کثرت وجود ؛ کثرتِ وجودیت ؛ کثرت جوہر ؛ کثرتِ اصلی ۔

pluralist, n. کثرت وجودی ؛ حامی نظریۂ تکثیریت ؛ وہ جو دو یا دو سے زائد عہدوں پر فائز ہو ، بالخصوص کلیسائی جاگیروں پر بیک وقت ۔ (فلسفہ) کثرت وجود کے مسلک کا پیرو۔

plurality, n. تکثیریت ؛جمع میں ہونے کی کیفیت ؛ زیادہ بڑا شمار؛ ایک ہجوم ؛ اکثریت ؛ کسی انتخاب میں ایک ہی

عہدے کے لیے کسی امیدوار کی اپنے قریب ترین مقابل کے ووٹوں سے زیادہ حاصل کردہ ووٹوں کی تعداد ؛ ایک شخص کا دو سے زیادہ کلسیائی جاگیروں پر فائز ہونے کی صورت یا ایسی کلسیائی جاگیریں ۔

pluralize, v.t. جمع بنانا ؛ جمع کی شکل میں ظاہر کرنا ۔ (فعل لازم) جمع بنایا جانا ؛ جمع ہونا ۔

pluralization, n. جمع بنانے کی کیفیت ۔

pluriaxial, a. چند شاخہ ؛ چند محورہ ؛ جس کے کم سے کم دو محور ہوں ۔ (نباتیات) اُس پودے سے متعلق جو اپنی ضمنی ڈالیوں یا نئی ٹہنیوں پر پھول دیتا ہے ۔

plus, a. مثبت برقی ؛ زیادہ ، ایک مخصوص تعداد/مقدار میں ؛ اضافے کو اپنے اندر رکھنے والا یا اُس پر دلالت کرنے والا (جیسے :a plus quantity or having plus values) ۔ (بول چال) کسی چیز کے ساتھ اضافہ میں (جیسے : the new car has power plus) (اسم) جمع کا نشان ؛ فالتو مقدار ؛ کوئی چیز اضافے میں ؛ ایک فاضل چیز یا منافع ۔ (حرف جار) کے اضافے کی وجہ سے زیادہ ؛ کے باعث بڑھا ہوا؛ کے اضافہ کے ساتھ ؛ کے ساتھ (جیسے : 10 plus 3) ۔

plus fours, n. برجس ؛ مَردوں کا تھیلے دار جانگیا ؛ گھٹنوں پر سمٹی ہوئی ڈھیلی برجس ۔

plush, n. ایک قسم کا روئیں دار کپڑا ؛ پلش جس کے روئیں مخمل سے زیادہ لمبے ہوتے ہیں ۔ (صفت) پلش کا بنا ہوا ؛ عیش و عشرت کا ، آرام دہ ۔

plushy, a. پلش نُما ؛ پلش کا ۔

plushly, adv. مخملی طور پر ؛ آرام دہ طریقے سے ۔

plus sign, n. (ریاضی) ایک علامت + جو ایک اضافے یا مثبت مقدار کی علامت ہوتی ہے ؛ جمع کی علامت ۔

Pluto, n. پتال کاراجا ؛ پلوطان ؛ جمراج ؛ قدیم عِلمُ الاساطیر میں ایک رومی نام ، مُردوں اور عَالَمِ اسفل کے دیوتا کے لیے ؛ نظام شمسی کا ایک سیارہ جو سورج سے سب سے زیادہ دور ہے اور صرف ایک دور بین سے دیکھا جاسکتا ہے ؛ پلوٹو۔

plutocracy, n. دولت شاہی ؛ دھن راج ؛ دولت کی طاقت یا حکومت ؛ ایک گروہ جو اپنے مال و دولت کی وجہ سے طاقت یا اثر رکھتا ہو ۔

plutocrat, n. دولت کے ذریعے حکمران شخص ۔

plutocratic, a. دولتمندوں کی حکومت کا یا اس سے متعلق ۔

plutocratically, adv. دولتمندوں کی حکومت کے طور پر ۔

Plutonian, a. پلوطانی ؛ آتشیں ؛ عَالَمِ اَسفل کے دیوتا پلوطان کا یا اُس سے متعلق ؛ جہنمی ۔ (اکثر چھوٹے p سے) (ارضیات) پلوطانی ؛ آتش فشاں ۔

plutonic, a. (ارضیات) پلوطانی ؛ اُن آتشیں چٹانوں کے ایک طبق کا مظہر یا اُن کے متعلق جو زمین کی سطح سے بہت نیچے منجمد ہو گئی ہیں ۔ (بعض اوقات بڑے P سے) اس عقیدے کے حوالہ سے کہ یہ چٹانیں حرارت کے عمل سے وجود میں آئی ہیں ، Nep-tunian کے بر عکس ۔ نیز : Plutonian ۔

plutonium, n. (کیمیا) پلوٹونیم ؛ ایک مصنوعی تابکارعنصر جو یورینیم ۲۳۵ میں سے حاصل کردہ نیٹونیم پر بالواسطہ نیوٹرون کی شعاع باری سے پیدا ہوتا ہے ۔

plutonium 239, پلوٹونیم ۲۳۹ ؛ پلوٹونیم کا انشقاق پذیر ہم جا جو ایک تعامل گر میں یورینیم ۲۳۸ پر ہلکی رفتار کے نیوٹرون، کی شعاع باری سے بنتا ہے ۔

pluvial, a. بارشی ؛ بارانی ؛ بارش سے متعلّق ۔ (ارضیات) اُن حالات سے متعلق جن کا بارش کے عمل پر انحصار ہوتا ہے یا جو اس عمل سے پیدا ہوتے ہیں ؛ جس کا سبب بارش ہو ۔

pluvian, a. بارانی علاقوں کے متعلق ۔

pluviometer, n. باراں پیما ، بارش کا ایک ناپ ؛ ایک آلہ جس سے بارش کا نزول ناپا جاتا ہے ۔

pluviometric, a. بارش پیمایانہ ۔

pluviometrical, a. بارش پیمائی کے متعلق ۔

pluviometry, n. بارش پیمائی ۔

pluvious, pluviose, a. بارش کی بہتات والا ؛ بارشی ؛ بارش سے متعلق ، بارانی ۔

pluviosity, n. بارش کی بہتات ۔

ply, n. رَسّی کا بل ؛ طبق ؛ شکن ؛ پَرت ؛ ایک انفرادی تہ یا موٹائی ، جیسے کپڑے یا پلائی ووڈ میں ؛ دھاگے ، رسّے یا سُوت کی ایک مروڑیا لَڑ ؛ رجحان یا ایک تعصب ؛ پلائی ۔ (فعل متعدی) مروڑ دینا ، ڈھالنا یا موڑنا ؛ تہ کرنا ۔

ply, v.t. تقاضا کرنا ؛ تاکید کرنا ؛ مشغول رکھنا ، لگا رکھنا ؛ مشقت کرنا؛ کام کرنا ، محنت کے ساتھ (جیسے : ,to ply a needle) ؛ کوئی پیشہ انجام دینا یا اُس پر کام کرنا (جیسے : to ply the trade of a mason) ؛ بہم پہنچانا یا پیش کرنا ، اصرار کے ساتھ (جیسے : ,to ply a guest with food) ؛ متواتر حملہ کرنا یا چڑھائی کرنا ؛ مسلسل اعتراض کرنا ؛ چلنا یا سفر کرنا ، جیسے کسی نظام اوقات کے ساتھ ۔ (فعل لازم) باقاعدگی سے کام ہونا ؛ خدمت بجا لانا ؛ کسی دو مقامات کے درمیان باقاعدگی کے ساتھ سفر ہونا ، جیسے کسی جہاز یا بری سواری کا ۔

Plymouth Rock, n. ریاست میسا چوسٹ کی پلائی ماؤتھ بندرگاہ میں وہ چٹان جہاں ۲۱ دسمبر ۱۶۲۰ء کو انگلستان سے ہجرت کرنے والے لوگ جہاز سے اُترے ؛ کسی بھی شمالی امریکی نسل کا چوزہ/مرغی ۔

plywood, n. پرت دار لکڑی ؛ چندلا ؛ عمارتی سامان جو دو یا دو سے زائد لکڑی کے پتلے تختوں یا تہوں پر مشتمل ہو ، جنھیں سریش سے باہم چپکا دیا گیا ہو ؛ پلائی وُڈ ۔

pneuma, n. حیاتی روح یا جوہر ؛ دمِ زندگی ؛ نسمہ ۔

pneumatic, a. پتلا ؛ رقیق ؛ ہوائی ؛ نسمی ؛ ہوا ، گیس یا باد پر مشتمل/ کے مشابہ/سے متعلق ؛ ہوا کے ذریعے متحرک یا نغمہ زن ، جیسے ارگن ؛ ہوا سے بھرا ہوا یا ہوا کو رکھنے کے لیے موزوں ، جیسے ایک ٹائر؛ ہوا کے دباؤ یا اخراج کے ذریعے زیر عمل ، جیسے ایک ہوائی ہتھوڑا ۔ (الٰہیات) روحانی ؛ روح یا نفس سے متعلق۔ (حیوانیات) ہوائی گنجایش رکھنے والا ، جیسے پرندوں کی ہڈیوں میں۔

pneumatically, adv. دبائی ہوئی ہوا کے اثر سے ۔

pneumatics, pneumodynamics, n. علم الہوا ؛ ہوائیات ؛ طبیعیات کی وہ شاخ جو ہوا اور دوسرے گیسوں کے میکانی اوصاف سے واسطہ رکھتی ہے ۔

pneumatology, n. (الٰہیات) روحیات ؛ کسی مذہب کے اصول یا اس کا عقیدہ ، بالخصوص عقیدۂ روح القدس ؛ فطرت اور ذہن وَ روح کے عملیات کی تدریس یا مطالعہ ۔

pneumatolysis, n. (ارضیات) ہوا پاشیدگی ؛ بھاپ پاشیدگی ؛ وہ طریق عمل جس سے معدنیات اور کچدھاتیں ان بخارات کے عمل سے بنتی ہیں جو آتشیں برکانی مواد سے خارج ہوتی ہیں ۔

pneumatolytic, a. (ارضیات) بھاپ پاشیدگی سے معدنیات و کچ دھات کے بننے کے طریقہ سے متعلق ۔

pneumatometer, n. تنفُس پیما ؛ دم پیما ، ہر دفعہ سانس لینے سے جو ہوا پھیپھڑوں میں جاتی ہے اور ہر دفعہ سانس کے اخراج سے جو ہوا پھیپھڑوں میں سے باہر نکلتی ہے اُس کے زور اور اس کی مقدار کو ناپنے کا ایک آلہ ۔

pneumatophore, n. (نباتیات) ہوا بردار ، ہوا جڑ ؛ ایک متخصّص آلۂ تنفس ، جودلدلی علاقوں میں پیدا ہونے والے مخصوص پودوں کی جڑ کا ایک بڑھا ہوا حصہ ہوتا ہے ۔ (حیوانیات) مرجانی جانور کا وُہ پُھکنا نما حصہ جو اُسے تیرنے میں مدد دیتا ہے (جیسے پرتگیزی پھکنا دار آبی حیوان میں ہوتا ہے) ۔

pneumatophorous, a. ہوائی جوف والا ؛ ہوائی عضو والا ۔

pneumectomy, n. دیکھیے : pneumonectomy ۔

pneumobacillus, n. عُصیّہ/ سی لس ؛ جو اصلی نمونیا اور دیگر تنفسی امراض سے تعلق رکھتا ہے ۔

pneumococcus, n. نمونیائی نبقہ ؛ ریوی نبقہ ؛ ایک جرثومہ : نمونیائی جفت نبقہ،جو نمونیا اور دیگر متعدی امراض پیدا کرتا ہے ۔

pneumococcal, pneumococcic, pneumococcous, a. نمونیائی نبقہ کا،یا اس سے متعلق ۔

pneumogastric, a. (تشریح الاعضا) ریوی معدی ؛ پھیپھڑوں اور معدے سے متعلق ۔ (اسم) ریوی معدی عصب ۔ نیز : vagus nerve ۔

pneumonectomy, pneumectomy, n. ریہ برآری ؛ پھیپھڑے کو مُکمّل یا جزوی طور پر نکال دینے کا عمل ۔

pneumonia, n. (امراضیات) نمونیا؛ پھیپھڑوں کی سوزش ؛ پھیپھڑوں کا ایک شدید متعدی مرض ، جواصلاً کسی صمامہ یا جَرثومہ کے زیر اثر ہوتا ہے ؛ ذات الریہ ۔

pneumonic, a. ریوی ؛ نمونیائی ؛ پھیپھڑوں سے متعلق ؛ پھیپھڑے کا ؛ نمونیا سے متعلق یا نمونیا میں مبتلا ۔

pneumothorax, n. (امراضیات) نفخۃ الصدر ؛ جوفِ غشا میں ہوا یا گیس کی موجودگی ، جسے بعض اوقات پھیپھڑے کے ہبوط کی صورت میں علاجی طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ انتفاخ الصدر ۔

poach, v.t. ابلتے ہوئے پانی یا کسی اور مائع میں پکانا ، جیسے انڈے کو ۔

poacher, n. ایسے انڈے پکانے والا برتن ۔

poach, v.i. شکار کو پکڑنے یا مچھلی کا شکار کرنے کے لیے کسی دوسرے کی جائیداد پر مداخلت بے جا یا تجاوز بے جا کا مرتکب ہونا ؛ شکار یا مچھلی کا چوری سے پکڑا جانا ؛ پاؤں سے روندے جانے کے باعث نرم یا دلدلی ہو جانا ، جیسے زمین کا ۔ (فعل متعدی) کسی جگہ پر مداخلتِ بے جا یا تجاوز بے جا کرنا ؛ خلاف قانون طریقے پر پکڑنا یا لینا ؛ پانی ملا کر ایک نرم اور چکنے قوام میں تبدیل کر دینا ۔

poacher, n. چور شکاری ؛ چوری سے شکار پکڑنے والا شخص ۔

pochard, n. سُرخ سر بطخ ؛ ایک قدیم دنیا کی بحری بطخ (Aythya ferina) جس کا سر سرخی مائل بھورا ہوتا تھا ۔

pock, n. پُھنسی ، دانہ ، آبلہ ؛ چیچک دانہ ؛ کسی پھوٹنے والے مرض میں ، جیسے چیچک ، جلد پر اُبھرا ہوا چھالا ؛ اُس قسم کے مرض کے بعد جسم پر رہ جانے والا گہرا داغ ۔

pocket, n. خریطہ ؛ کِیسہ ؛ جیب ، تھیلی ، جوف ؛ روپیہ پیسہ یا چھوٹی موٹی چیزیں رکھنے کے لیے کپڑے کا کیسہ یا تھیلی جسے لباس کے اندر بنا دیتے ہیں ؛ زر یا مالی وسائل ؛ کوئی کیسہ نما چیز دان ، خلا یا جوف ؛ ایک جوف زمین کے اندر ، بالخصوص وہ جس میں سونا یا کوئی دوسری کچ دھات ہو ؛ بلیرڈ کھیلنے کی میز کی ہر جانب اور اُس کے کونوں پر چھوٹی ، کھلی ہوئی تھیلیوں میں سے کوئی ایک ۔ (کھیل) کسی دوڑ میں ایسی صورت حال کہ حریفوں میں گھر جانے سے آگے بڑھنا رک گیا ہو ؛ ایک چھوٹا ، سب سے جدا گروہ یا علاقہ (جیسے : a pocket of infection) ۔ (طیرانیات)ہوا رخنہ ۔ (صفت) جیب میں لے جانے کے لیے موزوں ؛ اتنا چھوٹا کہ جیب میں سما جانے کے لیے موزوں ہو ؛ چھوٹا ، خُرد ۔ (فعل متعدی) جیب میں رکھنا ؛ کسی کی چیز اپنی سمجھ کر قبضہ کرنا ، اکثر بے ایمانی سے ؛ ہتھیار ڈال دینا یا احتجاج یا کھلی ناراضگی کے بغیربرداشت کر لینا (جیسے : to pocket an affront) ؛ چھپانا یا دبانا (جیسے : ,to pocket one's pride) ؛ بند کرنا یا روکے رکھنا جسے کسی جیب میں ؛ بلیرڈ یا پول میں دھکیلنا کسی گیند کو ایک جوف /پاکٹ میں ؛ کسی دوڑ میں ایک مقابلہ کرنے والے کو اس طرح گھیر لینا کہ اُس کی پیش رفت رُک جائے ؛ کسی صدر یا قانون ساز عاملہ کا کسی مسودۂ قانون کو اس پر کارروائی کیے بغیر اپنے پاس روک لینا اور اِس طرح اسے قانون بننے سے روک دینا ۔

in one's pocket, اپنے ضبط و اختیار کے تحت ۔

pocket battleship, n. چھوٹا جنگی جہاز ؛ ایک جنگی جہاز ، جو بہت مسلح ہو مگر کسی معاہدہ کے مطابق درمیانی وزن کا ہو ۔

pocket billiards, n. دیکھیے : pool ۔

pocketbook, n. کتابچہ ؛ جیبی کتاب ؛ بیاض ؛ ایک چھوٹا ڈِبّہ یا کوئی چیز دان ، جیسے چمڑے کا ، کاغذات یا روپیہ پیسہ کے لیے جسے جیب میں لے جایا جاتا ہو ؛ ایک عورت کا دستی تھیلا ؛ مالی وسائل ؛ ایک کتاب عموماً کاغذی جلد کی جو اتنی چھوٹی ہو کہ جیب میں آسکے ۔

pocket borough, n. جیبی حلقہ ؛ انگلستان میں ۱۸۳۲ء کے اصلاحی قانون سے قبل ، ایک قصبہ جس کی پارلیمانی نمائندگی کسی فرد یا خاندان کے ہاتھ میں ہوتی تھی ؛ ایک سیاسی ضلع جو کسی محدود گروہ کے زیر انتظام ہو ۔

pocket edition, n. جیبی کتاب ؛ ایک کتاب جو اتنے چھوٹے سائز میں شائع کی جائے کہ جیب میں ٹھیک آسکے ۔ دیکھیے : pocketbook ۔

pocketful, n. جیب بھر ؛ اتنے حجم کا کہ ایک جیب میں لے جایا جاسکے ۔

pocketknife, n. جیبی چاقو ؛ ایک چاقو جس کے ایک یا ایک سے زائد پھل ایک دستہ کے اندر تہ ہو جاتے ہوں اور جسے جیب

میں آسانی کے ساتھ رکھا جاسکتا ہو۔

pocket money, n. جیب خرچ ؛ روپیہ پیسہ جو معمولی رواں اخراجات کے لیے استعمال ہو سکتا ہو ؛ خرچ ہونے والا روپیہ پیسہ۔

pocket mouse, n. موش خُرد ؛ شمالی امریکا کے اُن متعدد اقسام کے ،چوہے جیسے چھوٹے کُترنے والے جانوروں میں سے کوئی ایک ، جن کے خارجی رخساری جوف ہوتے ہیں ، جیسے مغربی ریاست ہائے متحدہ امریکا کے Parognathus fasciatus ۔

pocket veto, n. جیبی ویٹو ؛ استحقاقی ویٹو ؛ کسی مسودۂ قانون کو رد کرنے کا انحرافی حق جسے ہیئت مجاز اس طریقے سے استعمال کرے کہ مسودۂ قانون پیش کرنے والی مجلس کے اجلاس کے ملتوی ہونے تک اس مسودہ پر دستخط سے گریز کرے۔

pockmark, n. داغ آبلہ ؛ کوئی نشان یا داغ جو چیچک یا کسی اور مرض نے جلد پر ڈالا ہو۔ (فعل متعدی) داغ ڈالنا۔

pockmarked, a. داغ دار ؛ چیچک یا کسی اور مرض کے باعث جلد پر نشان زدہ یا داغ دار۔

poco, adv. (موسیقی) آہستہ ؛ کم کم ؛ تھوڑا یا کسی قدر (جیسے : poco piano)۔

pocoapoco, adv. (موسیقی) تھوڑا تھوڑا ؛ درجہ بدرجہ یا مرحلہ وار (جیسے : poco a poco diminuendo) ؛ تھوڑا تھوڑا ہولے ہولے۔

pocosin, n. (جنوب مشرقی امریکا) ساحلی علاقوں میں دلدلی زمین کا ایک قطعہ ؛ سنسان ؛ تاریک جگہ۔

pod, n. (نباتیات) کویا ؛ خول ؛ پھلی ؛ ایک کم و بیش لمبوترا دو صمامی ڈوڈا یا پھلی‌جیساکہ‌مٹر یاباقلا کی ہوتی ہے ؛ ایک شگفتہ پھلی جس کی دو درزیں ہوتی ہیں اور جس میں عموماً متعدد بیج ہوتے ہیں ؛ بہت سے خشک میووں کے لیے ایک عام اصطلاح۔ (طیرانیات) کسی ہوائی جہاز پر الگ سے لے جانے والی بعض اشیا کے لیے ایک مستقل مخصوص جگہ ، جیسے اس کے بازو کے نیچے ایک جگہ ،جیٹ انجن لگانے کے لیے۔ (فعل لازم) مذکورہ بالا مخصوص پھلیاں پیدا کرنا ؛ ایک پھل کی طرح پھول جانا۔

podlike, a. پھلی نما۔

pod, n. بعض بڑے اور چھوٹے برموں کی ساخت کے اندر ایک سیدھی نالی۔

pod, n. ایک چھوٹا گلّہ/ جُھنڈ یا غول ، جیسے وھیل مچھلیوں کے غول ؛ پرندوں کا ایک چھوٹا جُھنڈ۔

pod, n. خول ؛ خلائی جہاز سے علیحدہ ہونے والا حصّہ۔

podagra, n. نقرس ؛ نقرس پا ؛ پاؤں کی گٹھیا۔

podesta, n. قُرونِ وُسطیٰ کی اطالوی جمہوریتوں کے بڑے مجسٹریٹ ؛ فسطائی دور حکومت میں ایک اطالوی میئر یا شہری مجسٹریٹ۔

podgy, a دیکھیے: Pudgy ۔

podiatrist, chiropodist, n ماہر امراض پا ؛ وہ طبیب جو انسانی پاؤں کے امراض کی تشخیص کرتا ہے اور ا کا علاج کرتا ہے۔

podiatry, n معالجۂ پا ؛ امراضیات پا۔

podite, n. پاقشریّہ ؛ مفصل پایاں کے انگ کا ایک حصہ۔

podium, n. چبوترا ؛ بنچوں کا سلسلہ ، عمارت کی کرسی ؛ ایک چھوٹا بلند چبوترا یا مقام ، جسے منتظمین اور عوامی مقررین استعمال کرتے ہیں ؛ ایک شہ نشین۔ (فن تعمیر) ایک مسلسل باہر کو نکلی ہوئی اساس یا کرسی ؛ عہد قدیم کی ایک گول تماشہ گاہ جس میں اکھاڑے کے چاروں طرف اونچا چبوترا ہوتا تھا۔ (حیوانیات ، تشریح الاعضا) ایک پاؤں یا پاؤں کی طرح کی کوئی ساخت۔ (نباتیات) ایک پایانی ڈنٹھل یا بعض سمندری نباتات کے ستون نما بودے۔

podophyllin, n. ببروج/لکھمی ؛ اس جنس کی جڑ سے حاصل کیا گیا ایک رال (گوند) جسے ادویہ میں بطور ایک مسہل کے استعمال کیا جاتا ہے۔

Podunk, n. کوئی چھوٹا قصبہ یا گاؤں جسے پسماندہ بیکار اور غیر اہم سمجھا جاتا ہے۔

podzol, podsol, n. پوڈزول مٹی ؛ ایک غیر زرخیز منطقانی مٹی کی قسم جو مرطوب ، معتدل اور سرد آب و ہوا میں پائی جاتی ہے ، جیسے کینیڈا اور روس کے شمالی حصوں میں ، مخلوط یا پھولوں والے جنگل کے نیچے ، شدّت سے تیزابی ، بھورے بن بر مائل بالائی تہ اُس کی خصوصیت ہے اور اُس کے معدنی مرکبات اور لسونت ایک بادامی زیریں تہ میں جمع ہو گئے ہیں۔

podzolic, podsolic, a. پوڈزولی ؛ پوڈزول مٹی کا حامل۔

podzolization, podsolization, n. پوڈزولی مٹی کی بناوٹ ؛ معدنیات کو بالائی تہ سے اور مجموعات کو زیریں تہ سے تراوش شور آب کے ذریعے دور کرکے پوڈزولی مٹی بنانا۔

poem, n. نظم ؛ ایک شعری تصنیف جس کی خصوصیات میں لسانی اظہار کی کفایت ، تخیل کی گہرائی اور جذباتی لہجے کی شدت شامل ہوں ؛ ایک ایسی تصنیف جو اگرچہ شعری نہ ہو مگر اس میں صوری حُسن اور جذباتی شدت موجود ہو (جیسے : a symphonic poem ، ایک ہم صوتی و ہم آہنگ نثری نظم)؛ کوئی‌ایسی چیز جو اپنے اندر ایسے اوصاف و اثرات رکھتی ہو جو شعریت کی یاد دلاتے ہوں۔

poesy, n شعر گوئی ؛ شاعری ؛ فن شعر ؛ نظمیں ترتیب دینے کا فن یا ایسا کرنے کا سلیقہ ؛ اوزان شعری کے مطابق تصنیف ؛ شعر و سخن۔ (متروک) ایک مختصر اظہار خودبینی یا قول خودبینی ،انگوٹھی یا کسی دوسری چیز پر کندہ کیا ہوا۔ نیز : posy ۔

poet, n شاعر ؛ نظم نگار ؛ کوی ؛ وہ شخص جو شعر کہتا ہے ؛ وہ شخص جو زبردست تخیلی اور تخلیقی قوت سے فیض یاب ہوتا ہے۔

poetess, n. شاعرہ۔

poetaster, n. ادنیٰ شاعر ؛ کچا شاعر ؛ متشاعر ؛ تُک بند ؛ وہ شاعر جس میں کوئی جو ہر ذاتی نہ ہو ؛ ایک ناقص شاعر ؛ ہونے والا شاعر۔

poetic, poetical, a. شاعرانہ ، شاعری یا شاعروں سے متعلق ؛ شاعری یا شاعروں کے لیے مناسب حال ؛ کسی شاعر کے جذبات و حسیت کا مظہر ؛ شاعری کے مخصوص خوبصورت اوصاف کا حامل ؛ شاعری میں ظاہر کیا ہوا ؛ یادگاری تقریب جو اشعار میں منائی گئی ہو۔ (اسم) علم شاعری ؛ شعریات۔

poeticize, v.t. شاعرانہ رنگ چڑھانا ؛ شاعرانہ کیفیت عطا کرنا (جیسے to poeticize one's life) ؛ کسی کے متعلق ایک نظم لکھنا ؛ قصیدہ لکھنا ۔ (فعل لازم) شاعرانہ انداز میں لکھنا یا تقریر کرنا ۔

poetic justice, n. قُدرتی انصاف ؛ شاعرانہ انصاف ؛ کسی شخص یا کردار کو عمل کے نتیجے میں ملنے والی جزا یا سزا ، جیسے بعض ادبیات میں ؛ عملی زندگی میں ایک اسی قسم کا مناسب یا بعض اوقات ستم ظریفانہ نتیجہ ۔

poetic license, n. ضرورت شعری ؛ تصرف شاعرانہ ؛ کوئی مطلوبہ اثر پیدا کرنے کے لیے کسی شاعر ، مصنف یا فن کار کا قاعدے ، رسم و روایات یا واقعے سے انحراف ۔

poetics, n. شعریات ؛ مطالعہ شاعری ؛ بوطیقا ؛ ادبی تنقید کا وہ حصہ جو شاعری کی نوعیت اور قوانین پر بحث کرتا ہے ؛ شاعری پر کوئی مقالہ/تنقید ۔

poetize, v.i. شعر کہنا ؛ شاعری کرنا ۔ (فعل متعدی) شاعرانہ انداز میں اظہار خیال کرنا؛ شاعرانہ انداز دینا ؛ شعری/شاعرانہ رنگ دینا ۔

poet laureate, n. ملکُ الشعرا ؛ وہ شاعر جس کو برطانوی شاہی خاندان کا ایک تنخواہ دار ، تاحیات اعزازی رکن مقرر کیا جاتا ہے اور جس سے اگلے زمانہ میں یہ اُمّید کی جاتی تھی کہ وہ دربار اور قومی اہمیت کے واقعات کے جشن منانے کے موقع پر قصیدے لکھے گا ؛ یہ شاعر سب سے زیادہ معروف اور کسی مُلک یا علاقہ کا سب سے زیادہ نمائندہ فرد سمجھا جاتا تھا ؛ اکلیل الشعرا ۔

poetry, n. شاعری ؛ ایک متوازن و متناسب ، آہنگ دار ادبی تصنیف کا فن یا ہُنر ؛ خیال کے وہ تقریری یا تحریری اظہارات جن کا مقصد جذباتی ردِّعمل پیدا کرنا اور اُن ہیجانی اور ادراکی دنیاؤں کو روشنی میں لانا ہو جو واقعاتی تحریر میں ناقابل اظہار ہیں ؛ نظمیں بحیثیتِ مجموعی ؛ جوہر ذاتی یا جذبۂ دل کا کوئی بھی اظہار جس میں اس قسم کی موزوں اور آہنگ دار/عروضی تصنیف کی جھلک نظر آتی ہو ؛ شاعرانہ کیفیات کا کوئی بھی مظاہرہ ؛ شعر گوئی ؛ فن شعر ۔

pogey, n. (کینیڈا ، عوامی) حکومت کی دی ہوئی کوئی بھی امداد ؛ خیرات کفالت کے ساتھ ؛ بے روزگاری کا بیمہ ۔

pogonia, n. بوگونیا گلاب ؛ ایک شمالی امریکی آرچڈ/سحلب ، دلدلوں اور پُر آب مرغزاروں کا پودا جس میں واحد ، گلابی رنگ کا پھول ہوتا ہے ، گُپھے دار جھالری لب کے ساتھ ؛ ناگ پھنی ؛ اسی جنس کا کوئی دوسرا پودا ۔نیز : Rose pogonia ۔

pogonip, n. ایک بھاری کُہرا جس میں برف کی قلمیں ہوتی ہیں جو سیرانوادہ پہاڑوں کی وادیوں اور مغربی ریاست ہائے متحدہ امریکا کے دوسرے حصوں میں تشکیل پاتا ہے ۔

pogo stick, pogo-stick, n. اُچھل بانس ؛ ایک قسم کا بانس یا بَلّی جس میں مضبوط اسپرنگ لگے ہوتے ہیں ، اُس کی چوٹی پر دستے اور تہ کے قریب پاؤں جمانے کے لیے سہارے ہوتے ہیں ، اس کے ذریعے چھلانگیں لگائی جاتی ہیں، عموماً بچے اسے استعمال کرتے ہیں ۔

pogrom, n. ایک منظم قتل عام یا کسی اقلیت کے لوگوں پر حملہ ، بالخصوص وہ حملہ جو یہودیوں کے خلاف ہو ۔

pogy, n. کھاد مچھلی ؛ ہیرنگ کی قسم کی مچھلی جو کھاد کے کام آتی ہے اور اس سے ایک قیمتی تیل بھی نکلتا ہے ۔

poi, n. پوئی ؛ ہوائی کا ایک کھانا جسے لوف/تارو کی جڑ سے بنایا جاتا ہے (اسے بھون کر، کوٹ کر ، نم دے کر اور ابال کر) ۔

poignant, a. تیکھا ؛ بہت تکلیف دہ یا احساسات کے لیے بہت زیادہ شدید ؛ سخت ؛ چبھنے والا یا تیز ؛ کَھرا کَھرا یا ٹھیک ٹھیک ؛ موزوں ؛ متحرک یا جذبات کے لیے ہیجان انگیز ؛ دل خراش ۔

poignantly, adv. تکلیف دہ طور پر ۔

poignancy, n. شدّت ؛ تیزی ؛ تکلیف دہی ۔

poikilothermal, poikilothermic, a. سرد خون (جانور)؛ ایک ایسی حرارتِ جسم رکھنے والا جو ماحول کی حرارت کے مطابق بدلتی ہو ؛ سردخون والا ۔ بمقابلہ : homoiothermal ۔

poikilothermism, n. مختلف حرارتی ؛ سرد خون ہونے کی کیفیت ۔

poilu, n. (عوامی) دڑھَیل ؛ ایک اصطلاح جس کا اطلاق فرانسیسی سپاہیوں پر کیا جاتا ہے ، بالخصوص ان پر جنھوں نے پہلی عالمی جنگ میں حصہ لیا تھا ، اِس اصطلاح کا ماخذ اُن کا یہ معمول ہے کہ جب وہ عملاً جنگی خدمت پر ہوتے تھے تو ڈاڑھی کو بڑھنے دیتے تھے ۔

poinciana, n. گُل طاؤس ؛ اسی نام و جنس کے گرم علاقوں والے سجاوٹی درختوں کی متعدد انواع میں سے کوئی ایک ، یہ پھلیوں کے خاندان سے ہے اور پھولوں والی ایک باڑ کے طور پر اسے اس کے دلکش اور نفاست کے ساتھ منقسم پتوں اور خوش نما نارنجی سے لے کر زرد رنگ تک کے پھولوں کے باعث اگایا جاتا ہے ؛ اس کا ایک قریبی رشتہ دار درخت ڈیلونکس ریگیا (Delonix regia) ، جو مڈغاسکر کا مقامی ہے اور اب گرم اور نیم گرم ممالک میں بڑی وسعت کے ساتھ کاشت کیا جاتا ہے ، اُس کے بڑے بڑے گلنار پھول ہوتے ہیں ۔نیز : Royalpoiniciana, peacock flower ۔

poinsettia, n. موسم سرما میں پھول دینے والی ایک چھوٹی جھاڑی ، جس کا خاندان جوزالقہ(spurge)ہے اور جس کے بالائی پتے سرخ ، گلابی یا سفید ہوتے ہیں جو اس کے اصلی غیر نمایاں سبزی مائل زرد پھولوں کو چاروں طرف سے گھیرلیتے ہیں ، یہ پھول خاص طور پر کرسمس کے لیے اُگائے جاتے ہیں ۔

point, n. نُقطہ ، نوک ، انی ؛ سنان ؛ پیکان ؛ کانسی ؛ بھال ؛ سِرا ؛ سوئی کا نشان ؛ آن ؛ لب ؛ دم ؛ مقام ؛ جگہ ؛ درجہ یا رُخ ؛ کسی تیز نوک دار آلہ کی نوک یا اُس کی نوک سے بنایا گیا نشان ، جیسے پن یا سوئی کا ؛ کسی چیز کا ایک باہر کو نکلا ہوا حصہ ؛ ایک نہایہ کا مختتم سرا ، جیسے ایک انگلی کا انتہائی سرا ؛ راس الصبح ؛ ایک مخروطی یا تیز سرا ، جیسے کسی پن کا ؛ ایک اوزار یا آلہ جو چبھوتا یا چھیدتا ہے ؛ ایک علامت اوقاف ، جیسے ایک وقفہ کی ؛ ایک نقطہ جو اعشاریہ کے شروع میں یہ ظاہر کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے کہ یہ ایک اعشاریہ ہے ،اردو میں (٠) کے بجائے (٫) کی علامت استعمال ہوتی ہے ۔ (صوتیات) ایک مُمیز نشان جو حرف علت کی آواز کو ظاہر کرتا ہو ۔ (جیومیٹری) وہ جس کی نہ لمبائی ہوتی ہے ، نہ چوڑائی ، نہ موٹائی مگر وہ مقام رکھتا ہے (جیسے : a point at which two lines intersect) ؛ ایک مقام یا جگہ ؛ ایک مقرر کردہ یا ٹھیک ٹھیک بتایا ہوا مقام ، جیسے ایک راستے میں ۔ (جہازرانی) بحری قطب نما کے کارڈ کے ۳۲ مساوی حصوں میں سے ایک ؛ ایک حد یا درجہ جس تک پہنچا گیا ہو ؛ ایک مخصوص آن یا لمحہ ؛ ایک وقت یا وقفہ

جب کسی چیز کی توقع کی جاتی ہے ؛ ذرا پہلے؛ عین اُس وقت (جیسے : at the point of death,) ؛ کوئی اساسی/ضروری یا دقیقہ رس خیال یا چیز (جیسے : the point of the speech,) ؛ ایک نمایاں وصف ؛ ایک مخصوص مقصد (جیسے : to gain one's point) ؛ ایک تجویز ؛ کسی چیز کا واحد عنصر یا حقیقت (جیسے : some good point in a book,) ؛ ایک واحد چیز یا موضوع ؛ کسی جانور کی کیفیت یا خصوصیت ۔ (جمع) کسی جانور کے پاؤں ، جیسے کسی کتے کے ؛ حاصل شدہ نمبروں کی گنتی کی اکائی (جیسے : a field goal in football equals three points,) ؛ پیمائش یا گنتی کی اکائی (جیسے : the number of point in a game,) ۔ (امریکی کھیل کریپس) جیتنے کے لیے پھینکے جانے والے مطلوبہ نمبر ۔ (کرکٹ) ایک فیلڈر یا ایک مقام جو بَلّا کھیلنے والے کے داہنے ہاتھ ہو ۔ (شکار) کُتّے کا عمل یا مقام ، یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ شکار کس جگہ ہے ، کھڑے ہو کر اور اپنی ناک اُس سمت میں موڑ کر ؛ ایک سنبلہ یا نوک ، کسی ہرن کے کئی شاخوں والے سینگ پر ۔ (کھیل) کھلے میدانوں اور کھیتوں میں ایک دوڑ ؛ جوئے کے کھیل میں بیک گیمن بورڈ پر کوئی نشان زدہ خانہ ۔ (تعلیم) علمی تحصیل کی اکائی جو کسی مضمون میں علمی کام کی ایک مقررہ ساعتی مقدار کے برابر ہوتی ہے ۔ (برق) ایک تماس جو کسی سرکٹ کو منقطع کر دیتا ہے جیسا کہ ایک رِیلے یا تقسیم کار میں ہوتا ہے ۔ (برطانوی) ایک برقی سَاکٹ یا نکاسی موکھا ۔ (تجارت) حصص یا راس المال کی قیمتیں بیان کرنے کی اکائی ۔ (عسکری) ایک شخص یا گروہ جو کسی مقدمۃُ الجیش کے آگے چلتا ہو یا مؤخّرۃُ الجیش کے پیچھے چلتا ہو ۔ (طباعت) اکائی جو ٹائپ سائز میں ایک انچ کے ایک سو بہترویں حصے کے برابر ہو ؛ جالی جو کروشیا/سلائی سے تیار کی گئی ہو ؛ نوکدار ڈوری ؛ ریلوے لائنوں کے مقامِ اتصال پر دو ریل کی پٹڑیوں کے درمیان بنے ہوئے زاویے کا اوپر کا کونہ ۔ (قدیم) فیتہ یا ڈوری ، ایک دھاتی گُھنڈی کے ساتھ، جسے اگلے زمانے میں کپڑے باندھنے کے لیے استعمال کرتے تھے ؛ اشارہ کرنے یا بتانے کا عمل ۔

point, v.t اشارہ کرنا ، جیسے انگلی سے ، کسی چیز یا جگہ کی طرف ؛ نشانہ باندھنا ؛ مقام کی طرف اشارہ کرنا یا اُس پر توجہ مبذول کرنا ، اِس کے بعد اکثر out لگاتے ہیں ؛ نقطہ لگانا ؛ جدا کرنا یا بُندکیوں سے نشان لگانا، علامات وقف لگانا؛ نکتے یا زور میں اضافہ کرنا ، عموماً آخر میں up لگاتے ہیں ۔ (شکاریات) کتے کا شکار کی موجودگی کو ظاہر کرنے کے لیے کھڑا ہو کر اپنی ناک اُس کی سمت کو موڑنا ۔ (مِعماری) جوڑوں کو گارے سے بھرنا اور کرنی سے اسے ہموار کرنا ۔ (فعل لازم) انگلی کے استعمال سے کسی شے یا سمت کا اظہار ہونا ، عموماً آخر میں to یا at لگاتے ہیں ؛ خیال ، توجہ یا ذہن کا منعطف ہونا ؛ کسی چیز کی طرف رجحان یا اُس چیز کے امکان کا ظاہر کیا جانا ؛ کسی سمت کی طرف رخ ہونا ؛ اس سمت لیٹنا یا بتائی ہوئی سمت کی طرف مڑنا ۔ (شکار) کسی شکار کی موجودگی کے متعلق اشارہ ہونا ۔

point-blank, a. اُفقی ؛ مستقیم ؛ صاف صاف ؛ چھوٹتے ہی ؛ بے تأمُّل ؛ پھٹ سے ؛ سیدھا کسی ہدف کی طرف براہ راست نشانہ کرتا ہوا یا گولی چلاتا ہوا ؛ اس قدر قریب کہ ہدف پر سیدھ میں گولی چلا سکے (جیسے : at point-blank range,) ؛ نزدیکی نشانہ ؛ بلاواسطہ ؛ سادہ ، بیّن ، مُنہ پھٹ ۔ (متعلق فعل) سیدھے طور پر ؛ صاف صاف لفظوں میں ۔

point count, n. (برِج) پوائنٹ شمار ؛ اونچے پتوں کے لیے نمبر متعین کرکے اور پتوں کی بانٹ کی افادیت سے کسی ہاتھ کی موثریت کا اندازہ لگانے کا ایک نظام ؛ اس طرح شمار کیے ہوئے نمبروں کی کل تعداد ۔

point d'appui, n. [فرانسیسی] فوجی کارروائیوں کے لیے ایک اساسی مقام/اڈّا یا بیس ؛ ٹیک آلہ ۔

point-device, a. (قدیم) ٹھیک ٹھیک ؛ پاک ، صاف ؛ پُرتصنُّع ؛ نفیس یا سبک ۔ (متعلق فعل) نفاست سے ؛ پُر تکلّف انداز میں ۔

pointe, n. سنگت ناچ میں ایک حرکت جسے پاؤں کے انگوٹھوں کی نوک پر ادا کیا جاتا ہے ۔

pointed, a. نوک دار ، نکیلا ، تیز ؛ پُرزور ، کھری کھری ؛ ایک تیز نوک رکھنے والا ؛ نشانے پر لگائی ہوئی جیسے ایک بندوق ؛ کسی مخصوص شخص کا صریحاً حوالہ دینے والا یا اس کی طرف اشارہ کرنے والا ؛ نشان زدہ ، مناسب /شایستہ ؛ نوکیلی/تیکھی جیسے ظرافت یا تنقید ۔ (قدیم) گاتھ قوم کے طرزتعمیرسے متعلق جو ایک نکیلی محراب اور تاج کے باعث ممتاز ہے ۔

pointedly, adv. صاف طور پر ؛ چبھتے ہوئے انداز میں ؛ تیکھے انداز میں ۔

pointedness, n. نکیلا پن ؛ صراحت ۔

pointer, n. نقشہ نُما ؛ نمائندہ ؛ کوئی شخص یا چیز جو اشارہ کرتی ہو ؛ کُتّے کی ایک قسم جو شکار کو سونگھ کر اس کی سمت معلوم کرنے اور اس کا تعاقب کرنے کا تربیت یافتہ ہو ؛ ایک پتلا گاؤ دم ڈنڈا یا چھڑی جو خاکوں ، سیاہ تختوں اور نقشوں پر مخصوص مدات/مقامات کی طرف اشارہ کرنے میں مدد دیتی ہے ؛ ایک اشارہ کرنے والا/والی جیسے مقیاس کی سوئی ۔ (بول چال) مفید مشورے یا خبر کا ایک حصہ ؛ خفیہ اطلاع ۔ (جہاز رانی) جہازی توپ خانہ کا وہ فرد جس کی ذمہ داری یہ ہوتی ہے کہ وہ توپ کے زاویائی رخ کا لحاظ رکھے ۔ (بڑے P سے) (جمع) مجمع النجوم دُبِّ اکبر میں سب سے زیادہ باہر کے دو ستارے جن کا خیالی خطِ واصل قطبی ستارہ/ستارۂ شمال کی طرف اشارہ کرتا ہے ۔

pointillism, n. تقابلی مصوّری ؛ مصوری کا ایک طریقہ جسے فرانس کے معتقدین تاثریت نے پیش کیا تھا ، اُس میں خالص رنگوں کو نقطوں اور بُندکیوں کی صورت میں لگا کر نوریت پیدا کی جاتی ہے ، ان نقطوں اور بندکیوں کو آنکھ خود گھلا ملا کر یک رنگ کر لیتی ہے ۔

pointillist, n. ایسے طرزِ مصوری کا ماہر یا پیروکار ۔

pointillistic, a. ایسے طرزِ مصوری کا یا اس سے متعلق ۔

point lace, n. دیکھیے : Needlepoint ۔

pointless, a. بے معنی ؛ جس میں کوئی نکتہ نہ ہو ؛ بکواس ؛ جس میں کوئی معنی ، مفہوم یا موثریّت نہ ہو ، جیسے کوئی اظہار خیال یا عمل ؛ جو کسی حصول سے خالی ہو ، جیسے کھلاڑیوں کے کسی مقابلے میں ؛ بے مہک ؛ بے مزا ؛ بے لطف ؛ مہمل ؛ لغو ۔

pointlessly, adv. بے لطفی سے ؛ بے معنی طور پر ۔

pointlessness, n. بے لطفی ؛ کندی ؛ بے معنی پن ۔

point of honor, n. عزت کا مسئلہ ؛ کوئی ایسا معاملہ

جو کسی شخص کی شہرت یا عزت پر اثر انداز ہوتا ہو ۔

point of view, n. نقطۂ خیال ؛ نقطۂ نظر ؛ وہ مقام جس سے کسی چیز کا مشاہدہ کیا جاتا ہے یا اندازہ لگایا جاتا ہے ؛ ذاتی نقطۂ نظر/مؤقف/رویّہ/فیصلہ ؛ زاویۂ نظر ، زاویۂ نگاہ ۔

point system, n. نُقاطی نظام؛ طباعتی ٹائپ کے سائزوں کی درجہ بندی ،نقطوں کےذریعے ،جس میں پیمایش کی اساسی اکائی ایک انچ کے تقریباً ایک سو بہترویں حِصّے کے برابر ہو؛ اندھوں کے لیے چھاپنے یا لکھنے کا کوئی ایسا نظام جو ابھرے ہوئے نقاط کو بطور علامات استعمال کرتا ہو ؛ کام کی قدروقیمت کا اندازہ لگانے کے لیے کام کرنے والوں کو نمبر دینے کا کوئی ایسا نظام جیسا کہ اسکولوں میں طلبہ کی قابلیت کا اندازہ لگانے کے لیے رائج ہے یا صنعت میں مزدوروں کو سختی کے ساتھ اُن کے کام کی مقدار اور کیفیت کے مطابق ادائیگی کا نظام ۔

pointy, a. نوکدار ؛ جس کی خصوصیات میں کوئی نسبتاً تیز نکتہ یا نکتے ہوں ۔

poise, n. توازن ؛ تعادل ؛ پاسنگ ؛ خود ضبطی ، صعوبت کے دوران ؛ دل جمعی ، پروقار برداشت یا حرکات ؛ دو حالتوں کے درمیان تعطل یا تذبذب ، جیسے آرام اور حرکت کے درمیان ۔ (فعل متعدی) ایک تعادل پیدا کرنا یا برقرار رکھنا ؛ دو حالتوں کے درمیان تعطل میں رکھنا (جیسے : poised himself to throw a ball) ؛ کھیل میں کسی جگہ پر مشکل سے قیام رکھنا (جیسے : to poise a golf ball at the cup) ۔ (فعل لازم) تعادل کا جاری رہنا ، تذبذب میں ہونا ؛ کسی تغیر حالت کے لیے تیار رہنا (جیسے : ,a bird poised for flight) ۔

poison, n. سم ؛ زہر ؛ ہلاہل ؛ بِس ؛ کوئی بھی عامل جو کسی عضویہ سے مس کرنے یا اُس عضویہ کے اُسے جذب کر لینے کے بعد زندگی یا صحت کو کیمیائی طور پر تباہ کر دیتا ہے ؛ کوئی چیز جو داغ لگاتی ہے ، خراب کرتی ہے یا تباہ کر دیتی ہے ۔ (ایٹمی ٹیکنالوجی) کوئی بھی ایٹم جو انشقاق کو روک سکتے ہوں یا کسی تعامل کی رفتار کو بدل سکتے ہوں ۔ (فعل متعدی) زہر میں ڈبونا یا بجھانا ؛ مسموم کرنا ؛ زہر آلود کرنا ؛ زہر دینا یا کھلانا ؛ بس ملانا ؛ زہر سے مار ڈالنا یا نقصان پہنچانا ؛ زہر ڈالنا یا ملانا ؛ خلل ڈالنا ؛ ناقص کرنا ؛ خراب کرنا ۔ (صفت) زہریلا ۔

poisoner, n. زہر دینے والا شخص ۔

poison bean, n. زہریلی پھلی ؛ ایک جھاڑی جو زہریلے بیج پیدا کرتی ہے اور جنوبی ریاست ہائے متحدہ امریکا میں پائی جاتی ہے ؛ اس پودے کا بیج۔

poison gas, n. زہریلی گیس ؛ کوئی زہر آلود یا زہریلی گیس ، جیسے کلورین یا فاس جین ، بالخصوص جب اسے جنگ میں فوجی سپاہیوں کے خلاف استعمال کیا جائے ۔

poison hemlock, n. (نباتیات) زہریلی شِبکران ؛ ایک بڑا جڑی بوٹیوں والا پودا شوکران منقطہ (Conium maculatum) ، گاجر کے خاندان سے ، اُس کے پتے بڑی عمدگی کے ساتھ منقسم ہوتے ہیں ، ڈنٹھل پر ارغوانی رنگ کے دھبے ہوتے ہیں اور ایک زہرآلود رس ہوتا ہے ۔ دیکھیے : hemlock ۔

poison ivy, n. سماق سمّی ؛ لبلاب سمی ؛ شمالی امریکا کی ایک بیل Rhus radicans ہوائی بیخچوں(جن پر مختلف اقسام کے دندانے ہوتے ہیں)، سہ برگی پتوں اور سفید بیریوں کے ساتھ ،اُس میں ایک کافور صفت رال آمیز تیل ہوتا ہے جس کا زہر آلود اثر بدن سے چھو جانے پر ظاہر ہوتا ہے اور جِلد پر ایک شدید سرخ زہر باد پیدا ہو جاتا ہے ۔

poison oak, n. سماق ؛سمّی بلوط ؛ ایک سیدھا کھڑا ہوا جڑی بوٹیوں والا یا بیل نما جیسا سُماق (Rhus toxicodendron) جس میں ہوائی بیخچے نہیں ہوتے مگر چھونے پر زہریلا ہوتا ہے ۔

poisonous, a. زہر آلود ؛ زہریلا ؛ زہر کی کیفیات یا اثرات رکھنے والا ، موذی ، تخریبی ؛ تباہ کن ۔

poisonously, adv. زہریلے پن سے ۔

poison-pen, a. زہر بھری(تحریر)؛زہر آلود تحریروں والا ؛ ایسی اذیت ناک تحریروں سے متعلق ، جن کا مقصد کسی دوسرے شخص کی شہرت کو تباہ کرنا ہو ، بالخصوص وہ تحریریں جو گمنام بھیجی جاتی ہیں ۔

poison sumac, n. زہریلا سُماق ؛ ایک انتہائی زہرآلود ، دلدلوں میں اُگنے والی جھاڑی Rhus vernix جو سماق کی ایک نوع ہے جس میں دودھیا رس ہوتا ہے اور جس کی کالی بُندکیاں پڑی ہوئی چکنی شاخیں ، گوشک دار پتے اور سفیدی مائل بیریاں ہوتی ہیں ۔

poke, n. گوجھا ؛ جیب ؛ کِیسہ ، چھوٹی تھیلی ، بوری ۔

poke, v.t. گھسیڑنا ؛ دھکیلنا ؛ کسی کے خلاف کسی چیز کو داخل کرنا جو لمبی یا نکیلی ہو یا جھٹکے کے ساتھ بڑھانا یا کوچنا جیسے ہاتھ ، انگلی یا ڈنڈے کو ؛ دھکیل کر، ٹھونس کر، بھونک کر، چبھو کر ، کوئی عمل کروانا ؛ کسی عمل کا باعث ہونا یا کوئی چیز حاصل کرنا (جیسے : to poke an opening) ؛ مارنا ؛ دھکیل کر نکال دینا یا اندر کرنا یا گزار دینا (جیسے : to poke out of the snow) ؛ زبردستی کرنا یا جگانا ، اکثر up کے ساتھ (جیسے: to poke a fire up) ۔ (فعل لازم) انگلی کا ایک لکڑی سے دبایا جانا ، کوچا جانا یا دھکا دیا جانا ؛ اس طرح ٹٹولا جانا ، جیسے اندھیرے میں ؛ کسی چیز پر چوٹ لگنا ؛ تلاش ہونا ، آخر میں about کے ساتھ ؛ مداخلت ہونا (جیسے : to poke into a neigbor's business) ؛ بغیر کسی متعین مقصد کے اپنے آپ مشغول رہنا (آخر میں about آتا ہے) ؛ زبردستی مداخلت سے دھکیلے جانا ۔ (اسم) وہ شخص جو تضیع اوقات کرتا ہے ؛ مکے/مُٹھی سے اچانک دھکّا (جیسے : to take a poke at) ۔

poke one's nose into, دخل درمعقولات کرنا ۔

poke fun at, کسی کا مذاق اڑانا ۔

pokeberry, n. خَربَق سفید پودا یا اُس کی بیری ۔

poke bonnet, poke, n. زنانہ سرپوش ؛ عورتوں کا ایک قسم کا ہیٹ یا ٹوپی جس کا ایک چھجہ آگے کی طرف ہوتا ہے اور وہ چہرے کا ایک چوکھٹا بنا لیتا ہے ۔

poke check, n. (برف ہاکی) کھونٹا چال ؛ کھیل کی ایک چال جس میں گیند ،ہاکی سے زور دار ضرب لگا کر ،مخالف کھلاڑی سے دور کر دی جاتی ہے ۔

poker, n. کرچھا ؛ کُریدنی ؛ کُریلنی ؛ کڈھنی ؛ دھکیلنے یا چبھونے والا ؛ وہ شخص جو دھکیلتا ، ٹھونستا ، بھونکتا ہو ؛ کوئی چیز جو دھکیلتی ، چبھوتی یا اسی طرح کا کوئی فعل کرتی ہے ؛ ایک آہنی یا فولادی سلاخ یا ڈنڈا جو آگ کو کریدنے یا بھڑکانے کے لیے

استعمال ہوتا ہے ۔

poker, n. تاش کا کھیل پوکر ؛ جوئے کا ایک کھیل جو تاش کے پتوں سے کھیلا جاتا ہے جس میں ہر کھلاڑی اُن پتوں کی قیمت پر شرط لگاتا ہے جو اسے تقسیم کیے جائیں ۔

poker face, n. (بول چال) جذبات سے خالی چہرہ جو کسی پوکر ہاتھ کی قیمت کو چھپانے کے لیے موزوں ہوتا ہے ؛ وہ شخص جو عمداً یا عادتاً اِس قسم کا چہرہ ظاہر کرتا ہے ۔

pocker-faced, a. جذبات سے عاری چہرے والا ۔

pokeweed, pokeberry, pokeroot, scoke, n. خربق سفید ؛ شمالی امریکی جڑی بوٹی Phytolacca americana جس میں ارغوانی سیاہ بیریوں کے لٹکتے ہوئے گُچھّے ہوتے ہیں اور جس کی جڑوں اور بیجوں کو بعض اوقات قے آور یا قبض کُشا مقاصد کے لیے طبی طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

poky, pokey, a. (بول چال) بہت آہستہ ، سست ، تنگ ، اینٹھا ہوا ؛ محدود ، جیسے کوئی جگہ ؛ فرسودہ ، جیسے لباس ۔

pokily, adv. تنگی سے ؛ بہت آہستہ طور پر ۔

pokiness, n. تنگی ؛ آہستگی ، فرسودہ پن ۔

poky, pokey, n. (عوامی) جیل خانہ/قید خانہ ۔

polar, a. قطبی ؛ متعلق بہ قطب ؛ کسی قطب یا کرہ کے قطبوں سے متعلق ؛ زمین کے قطبوں میں سے ایک کے متعلق ؛ زمین کے قطبوں سے چلنے والا ؛ کسی مقناطیسی قطب میں قطبوں کے متعلق ؛ راست اضداد والا؛ مرکزی محوری ؛ متضاد قطبیہ ۔

polar bear, n. قطبی ریچھ ؛ ایک بڑا سفید ریچھ Thalarctos maritimus جو شمالی قطب کے خطوں میں پایا جاتا ہے ۔

polar body, n. (حیاتیات) قُطبی جسم ؛ باروری کے وقت یا اُس سے کچھ قریب تخم کے خیطی انقسام سے پیدا ہونے والے باریک خلیوں میں سے کوئی ایک ۔

polar circle, n. (جغرافیہ) قطبی دائرہ ؛ شمالی قُطبی یا جنوبی قطبی دائرہ ، حسب ترتیب اپنے اپنے قطبوں سے ۲۳ درجے ۲۷ منٹ پر ۔

polar coordinate, n. (ریاضی) قطبی مرتب ؛ قطبی محدّد ؛ منحنی محددات کا ایک نظام : اس میں کسی مستوی پر ایک نقطے کا مقام ، اس نقطے کے اپنے مبدا یا قطب سے فاصلے اور اُس زاویے سے متعین ہوتا ہے جو مقررہ نقطے اور مبدا کو جوڑنے والا ایک خط اس قائمہ خطِ حوالہ کے ساتھ بناتا ہے جسے قطبی محور کہتے ہیں ۔

polar front, n. (موسمیات) قطبی سرحد ؛ وہ منطقہ یا سامنے کی سطح جو سرد قطبی ہوا کے ایک تجمع اور کسی گرم علاقہ سے آنے والی ہوا کے درمیان ایک سرحد کا کام کر رہی ہو ۔

polarimeter, n. تقطیب پیما ؛ اُس مقررہ روشنی میں جو کسی ماخذ سے حاصل ہوتی ہے ،تقطیبی روشنی کی مقدار کو ناپنے کے لیے ایک آلہ ؛ تقطیب کے تختے کی زاویائی گردش کو ناپنے کے لیے ایک آلہ ۔

polarimetric, a. تقطیب پیمایانہ ۔

polarimetry, n. تقطیب پیمائی ۔

Polaris, n. (فلکیات) قطبی تارا ؛ دوسری قدر کا یا ۲۰ روشن ترین ستاروں میں شامل ایک ستارہ، جس کے مقام کا تعین دبِ اصغر کی انتہائی شمالی دُم کی نوک پر کیا جاتا ہے ۔ نیز : polestar, polar star۔(بحریہ) شمالی ستارہ ؛ ایک دُو مرحلی گائیڈڈ میزائل جسے آبدوز کشتی سے اس وقت بھی فائر کیا جا سکتا ہے جب وہ زیر آب ہو ۔

polariscope, n. تقطیب نما ؛ روشنی کی تقطیب کو پیش کرنے والا یا تقطیبی روشنی میں موجود مادوں کو جانچنے والا آلہ ۔

polariscopic, a. تقطیب نما ۔

polarity, n. قطبیت ؛ قطب نُما کی خاصیت ؛ خواصِ متباین ؛ قوائے مختلفہ ؛ قطبی میلان ؛ قطب نمائی ؛ اجتماع ضدین ؛ ایک مقناطیسی سلاخ کی یہ طاقت یا رجحان کہ وہ اپنے دونوں سروں سے زمین کے مقناطیسی قطبین کی طرف اشارہ کر سکے ؛ مقناطیسی قطبین رکھنے کی کیفیت یا ایک محور رکھنے کی حالت جس کے حوالے سے بعض مخصوص طبیعی اوصاف متعین کیے جاتے ہیں ؛ دو قطب یا حصص رکھنا جن کے اوصاف متضاد ہوں ؛ مثبت یا منفی قطبی حالت ، جیسے برق میں ۔ (مجازاً) رجحان ، جیسے خیال یا جذبہ کا، ایک مخصوص سمت میں ؛ دو متضاد یا برعکس اصولوں یا رجحانات کا رکھنا یا ان کی نمایش ۔

polarization, n. تقطیب ، تقطیبِ نُور ؛ قطبیت کی پیداوار یا اس کا حصول ۔ (برق) وہ طریقہ جس سے برق پاشی کے دوران پیدا کی گئی گیس کسی سیل کے برقیروں پر جمع کی جاتی ہے اور اس طریقے سے ایک معکوس قوتِ برق کا ظہور ہوتا ہے ۔ (بصریات) ایک حالت یا حالت کی پیداوار جس میں روشنی کی شعاعیں مختلف سمتوں میں مختلف اوصاف ظاہر کرتی ہیں . مثلاً جب وہ تُرمری پتھر کے ایک کرسٹل میں سے گزارے جاتے ہیں ، جس کے متعلق یہ فرض کیا جاتا ہے کہ وہ ایسی شعاعیں منتقل کرتا ہے جن میں روشنی یا ایتھر ارتعاشات ایک واحد سطح تک محدود رہتے ہیں ۔ (مجازاً) دو متضاد یا برعکس رجحانات یا اصولوں کی موجودگی ؛ قطبیت ۔

plane of polarization, (بصریات) سطح تقطیب ؛ اس روشنی میں ، جو تقطیب سے گزر چکی ہو ، وہ مستوی جس میں روشنی کے ارتعاشات محدود ہوں یا بعض اسناد کے مطابق جس سے وہ ارتعاشات زاویہ ہائے قائمہ پر ہوں ۔

polarize, v.t., v.i. قطبی میلان یا برقی کیفیت پیدا کرنا ؛ قطبیت یا تقطیب پیدا کرنا ۔

polarizable, a. قابلِ تقطیب ۔

polarizer, n. تقطیب ساز ؛ تقطیب گر ۔

Polaroid, n. تقطیب نُما ؛ ایک عدسہ یا کوئی دوسری مناظری فوٹوگرافی یا نُوری ایجاد جس میں سے تقطیبی روشنی گزارنے کے لیے ، تاکہ اُس کی دمک کم ہو جائے ، اس پر پلاسٹک کا کیمیائی عمل کیا گیا ہو ۔ (تجارتی نشان) ۔

polder, n. آب برامدہ ؛ ایک قطعۂ زمین جو سطح سمندر یا پانی کے کسی اور علاقے سے نیچے ہو ، جس کی ترقی زرعی مقاصد کے لیے کی گئی ہو اور جسے پشتوں کے ذریعے محفوظ کیا گیا ہو ۔

pole, n. کھمبا ؛ ستون ؛ بلّی ؛ لٹھ ؛ لکڑی ،

دھات یا کسی دوسرے مواد کا ایک لمبا ، پتلا ٹکڑا ؛ لکڑی یا دھات کا لمبا ڈنڈا ؛ گھوڑا گاڑی کے جانوروں کو جوتنے کے لیے بانسہ ؛ بم ؛ ایک جریب یا چوکور لٹھ ۳۰-۱/۴ مربع گز کا ؛ لمبائی کا ایک پیمانہ جو ۱۶-۱/۲ فٹ کے برابر ہوتا ہے ؛ گھڑ دوڑ کے راستہ کی اندرونی گلی ۔ (فعل متعدی) ڈنڈوں سے سہارا دینا ؛ ڈنڈوں پر اٹھانا یا لے جانا ؛ ڈنڈوں کو استعمال کرکے آگے دھکا دینا ۔ (فعل لازم) لٹھوں کے بیڑے یا کشتی کو ایک ڈنڈے کی مدد سے حرکت دینا/سرکانا ۔

poleless, a. بے بانسہ ؛ بے بَلّی ۔

pole, n. قطب ؛ سِرا ؛ محور ارضی کا ایک سِرا ؛ اُن دو نقطوں میں سے ہر ایک جن پر زمین کا محور کرۂ سماوی کو کاٹتا ہے اور جس کے چاروں طرف ستارے گھومتے ہوئے نظر آتے ہیں ؛ زمین یا کسی جرم فلکی کے محور کے سِروں میں سے ہر ایک ؛ دو بلاواسطہ متضاد آرا ، اصولوں یا رجحانات میں سے کوئی بھی ایک ؛ دلچسپی یا توجہ کا ایک ماسکی نقطہ ۔ (طبیعیات) اُس مقنا برقی بیٹری یا ڈائنمو کے دو قطعات یا حصوں میں سے کوئی ایک جس پر بعض مخصوص متضاد قوتیں مرکوز نظر آتی ہیں ۔ (تشریح الاعضا) نقطۂ قائمہ ؛ ایک عصبی خلیہ میں وہ نقطہ جس پر کوئی عمل شروع ہوتا ہے ۔ (حیاتیات) کسی ایسے مرکزے ، خلیے یا بیضے کے ایک معیاری محور کے دو سِروں میں سے کوئی ایک ، جس کے چاروں طرف کے حصے کم و بیش تشاکلی انداز میں مرتب ہوں ؛ خیطیت کے دوران میں ،دو نئے خلیوں میں تقسیم ہونے سے قبل ، ایک خلیہ میں موجود تکلہ نما شکل کے دونوں سروں میں سے کوئی بھی ایک سِرا ۔ (ریاضی) قطبی محددی نظام میں تمام کرنوں کے مبدا کا ایک واحد نقطہ ۔

poleax, poleaxe, n. نیزا ؛ تیشہ ؛ گنڈاسا ؛ بھرسا ؛ تبر ؛ قُرونِ وُسطیٰ کا ایک جنگی کلہاڑا ، برچھی ؛ ایک قسم کا کلہاڑا جو جانوروں کو گرانے یا حواس باختہ کر دینے میں استعمال ہوتا ہے ؛ ایک قسم کا کلہاڑی جیسا ہتھیار جو اگلے زمانے کی بحری فوج میں استعمال کیا جاتا تھا ۔ (فعل متعدی) گنڈاسے سے گرا دینا ۔

pole bean, n. باقلا کی بیل ؛ باقلا کی ایک اوپر چڑھنے والی قسم ، جس کی بیل کو عموماً بانسوں یا جعفریوں سے سہارا دے کر اوپر رکھا جاتا ہے ۔

polecat, n. قطبی بِلّی ؛ ظربان ؛ کھیکھر ؛ نیولا ؛ ایک یورپی گوشت خور گہرے بھورے رنگ کا بدبودار جانور جو نیولا/بیجی خاندان (Mustela putorius) سے ہے ، اُس کی ایک قسم سفید نیولا ہے ؛ شمالی امریکی بدبودار نیولا ۔

polehorse, poler, wheeler, n. ایک گھوڑا جو کسی تانگے یا گاڑی کے بم یا بانسے سے جُتا ہوا ہو ۔

polemic, n.,a. حجت ؛ نزاع ، مناظرہ ؛ کوئی متنازع فیہ دلیل ، بالخصوص جو ایک پختہ عقیدے ، اصول یا تعلیم سے ٹکراتی ہو ؛ وہ شخص جو کسی نزاعی مسئلے پر دوسرے شخص سے تکرار کرتا ہے ؛ ایک مباحثہ ، بالخصوص دینیات میں ۔

polemical, a. نزاعی ؛ حجتی ؛ مناظرانہ ۔

polemically, adv. نزاعی طور پر ۔

polemicist, n. مناظر ؛ حجتی ؛ حجت کرنے والا ؛ باحِث ؛ بحث کرنے والا ۔

polemics, n. تکرار ؛ حجت ؛ بحث مباحثہ ؛ مناقشہ ؛ مجادلہ ؛ مناظرہ ؛ ایسے موضوعات پر دلائل پیش کرنے یا بحث کرنے کا مشغلہ جو اپنی نوعیت میں متنازع فیہ ہوں ؛ کوئی زبانی یا تحریری حملہ یا مناظرہ ایسی تعلیمات یا نظریۂ حیات پر ، جو مضبوط و پختہ عقیدہ پر مبنی ہوں ، بالخصوص مذہبی یا دینیاتی عقائد پر ؛ دینیاتی مطالعے کی ایک شاخ (مناظرہ) جو اختلافی اور متنازع مسائل سے تعلق رکھتی ہے اور تاریخی و موجودہ دونوں زمانوں میں فعال رہی ہے ۔

polemist, polemicist, n. مناظر ؛ باحِث ؛ مناظرہ پسند ؛ مناظروں کا شائق ؛ وہ شخص جو مناظروں میں مشغول یا ان کا عادی ہو ۔

polenta, n. اناجی غذا ؛ بلوطی طعام ؛ نشاستے اور پانی کا اتنا ابالا ہوا قوام کہ خاصا گاڑھا پن پیدا ہو جائے ۔

poler, n. وہ شخص یا چیز جو بانس کی مدد سے کوئی کام کرتی ہے ؛ وہ گھوڑا جو گاڑی کے بم سے جتا ہوا اسے کھینچتا ہے ۔

polestar, n. قُطبی تارا ؛ راہنما ؛ چراغِ راہ ؛ مرشد ؛ قطب ؛ پولارس یا شمالی ستارہ ؛ وہ جو ایک راہنما کا کام کرتا ہے ؛ وہ ستارہ جس کی مدد سے رات کو کشتی چلائی جاتی ہے ؛ شمع راہ ؛ راہنما اصول ؛ مرکز توجہ ؛ دب اصغر ؛ قطب ستارہ ۔

pole vault, pole jump, n. (اتھلیٹک) بانس کُود ؛ ایک میدانی کھیل جس میں عام طور پر ایک افقی سلاخ کے اوپر سے ایک لمبے بانس/ڈنڈے کے سہارے جست لگاتے ہیں ۔ (فعل لازم) بانس سے کودنا ۔

pole-vaulter, n. بانس کود کرنے والا ؛ بانس کود ۔

police, n. شُرطہ ؛ پولیس ؛ کوتوالی ؛ امن و امان قائم رکھنے ، جرائم کو روکنے اور تفتیش کرنے اور قوانین کو نافذ کرنے کے لیے ایک مسلح شہری دستہ ۔ (جمع) اس قسم کے مسلح دستے کے ارکان ؛ کسی آبادی کا نظم و ضبط ، بالخصوص امن عامہ کے قیام ، سلامتی ، صحت ، اخلاق اور اسی قسم کے دوسرے تقاضوں کے حوالے سے ؛ آدمیوں کی کوئی بھی جماعت جسے امن و امان قائم رکھنے اور ضوابط کو نافذ کرنے کے لیے ملازم رکھا گیا ہو ۔ (عسکری) ریاستہائے متحدہ امریکا کی فوج ؛ کسی فوجی کیمپ یا حفاظتی فوج کے پڑاؤ کو صاف رکھنے کا عمل ؛ وہ سپاہی جو اس کام کے لیے متعین کیے جائیں ؛ کسی کیمپ یا حفاظتی فوج کی حالت صفائی کے حوالے سے ۔ (فعل متعدی) پولیس سے یا جیسے پولیس کی مدد سے کنٹرول کرنا ؛ منضبط کرنا ؛ قابو میں رکھنا یا نظم و ترتیب قائم کرنا ۔ (عسکری) صاف کرنا یا صاف رکھنا ، جیسے ایک کیمپ کا ۔

police action, n. پولیس کارروائی ؛ مقامی فوجی کارروائی جس میں باقاعدہ افواج کو دخل ہو اور جسے اعلان جنگ کے بغیر ایسے گروہوں کے خلاف جاری کیا گیا ہو جو بین الاقوامی امن اور سلامتی کو خطرے میں ڈال رہے ہوں ۔

police court, n. عدالتِ سرسری ؛ ایک ادنیٰ درجے کی عدالت جسے ان اشخاص کے مقدمے کی سرسری سماعت کا اختیار حاصل ہو جو بعض مخصوص معمولی جرائم میں سے کسی جرم کے ملزم ہوں ، اسے یہ اختیار بھی ہوتا ہے کہ جو اشخاص زیادہ شدید جرائم کے ملزم ہوں ان کے مقدمات کو کسی برتر عدالت میں سماعت یا اعلیٰ جیوری کی کارروائی کے لیے پابند کر سکتی ہے ۔

police dog, n. جاسُوس کُتّا ؛ کسی قسم کا کوئی کتا جو پولیس کی امداد کے لیے استعمال کیا جائے یا تربیت دیا جائے ۔ (بول چال) جرمن گڈریا نسل کا کوئی بھی کُتّا ۔

police man, n. پولیس کے دستے کا ایک رُکن ؛ شُرطہ ؛ سپاہی ۔

police post, n. چوکی ؛ پولیس چوکی ۔

police power, n. اختیارِ جبر ؛ فوجداری اختیارات ؛ کوتوالی طاقت ؛ فلاح عامه کے فروغ کے لیے دستورِ اساسی کی حدود کے اندر حکومت کا یہ اختیار که وہ شہریوں کے اعمال پر ضبط قائم کر سکے ۔

police state, n. کوتوالی ریاست ؛ پولیس اسٹیٹ ؛ ایسا ملک جس میں شہریوں کی زندگیوں پر سختی کے ساتھ ایسا ضبط قائم ہو جس کی نگرانی پولیس کی طاقت کے مطلق العنانه استعمال سے کی جاتی ہو ، بالخصوص خفیه پولیس کی ایک جماعت کے ذریعے ۔

police station, n. تھانه ؛ کسی مخصوص علاقے میں پولیس کا صدرمقام جہاں گرفتار شده اشخاص لائے جاتے ہوں ۔

policlinic, n. مَطبِ بیرونی مریضاں ؛ ہسپتال کا ایک شعبه ، باہر کے مریضوں کے لیے ؛ Polyclinic سے ممیّز ۔

policy, n. حکمت عملی ؛ پالیسی ؛ تدبیر مملکت ؛ راجَ نیتی ؛ سیاسی مصلحت اندیشی ؛ طریق عمل ؛ حسن تدبیر ؛ دور اندیشی ؛ وہ اصل جن پر کوئی قانون/حُکم یا کارروائی کا طریقه مبنی ہو ؛ وہ راہ عمل جو کسی ملک کے حکمراں مخصوص مسائل کے بارے میں اختیار کرتے ہیں ، بالخصوص ممالک خارجه کے متعلق ؛ حکومت یا افراد کی اپنے عوامی یا نجی معاملات کے انتظام میں عاقبت اندیشی یا خردمندی ؛ انتظام کی عام سوجھ بوجھ یا ہوشیاری ؛ دانائی ؛ طریق عمل ۔

policy, n. بیمه پالیسی ؛ بیمے کا ایک تحریری معاہده ؛ جوئے کے مقاصد کے لیے ایک قرعه اندازی ؛ بیمه نامه ۔

policy holder, n. بیمه دار ؛ وہ شخص جس کے پاس بیمے کی ایک پالیسی یا معاہده ہو ۔

polio, n. دیکھیے : Poliomyelitis ۔

poliomyelitis, polio, infantile paralysis, n. (امراضیات) پولیو ؛ فالج اطفال ؛ ریڑھ کی ہڈی کے گودے کی سوزش ؛ بالخصوص کسی تعدیه کے باعث حرکی فالج کی پیدایش اور اس کے بعد عضلات کا انحطاط اور بعض اوقات دیرپا معذوری کی حالت ۔

polis, n. قدیم یونان کی ایک شہری مملکت ۔

polish, v.t. صیقل کرنا ؛ اوپنا ، جلا دینا ؛ مانجھنا ؛ چمکانا ؛ پالش کرنا ؛ چکنا اور چمک دار بنا دینا ، عموماً رگڑنے سے ؛ خوش نما یا شایسته بنانا ؛ تکمیلی حالت تک پہنچا دینا ؛ مکمل کرنا ۔ (فعل لازم) پالش کے ذریعے ایک چکنی اور چمک دار سطح حاصل ہونا ۔ (اسم) چمک پیدا کرنے کے لیے استعمال کی جانے والی کوئی شے ؛ سطح کی چمک اور چکنا پن جو رگڑ سے پیدا ہوتا ہے ؛ پالش کرنے کا طریقه یا عمل ؛ پالش ؛ اخلاق کی عمدگی ؛ طرز عمل کی شایستگی ۔

polish off, (عوامی) تیزی کے ساتھ مکمل کرنا ، ختم کرنا ۔

polish up, (عوامی) بہتر بنانا ؛ مانجھنا ۔

polisher, n. صیقل گر ؛ پالش کرنے والا شخص ؛ پالش کرنے والا برش ۔

Polish, a. پولینڈ کا (باشنده) ؛ مرکزی یورپ کے ملک پولینڈ ، اس کے باشندوں یا اس کی زبان کے متعلق ۔ (اسم) پولینڈ کی بڑی زبان جو اپنی اصل میں سلاوی ہے ۔

Politburo, n. پولٹ بیورو ؛ ۱۹۵۳ء سے قبل سوویت یونین کی کمیونسٹ پارٹی کی طاقتور پالیسی ساز جماعتِ عامله ۔

polite, a. خلیق ؛ مودب ؛ شریفانه ؛ خوش اخلاق ؛ اپنی گفتگو اور رویے سے دوسروں کے لیے مناسب لحاظ کا اظہار کرنے والا ؛ شایسته ؛ مہذب (جیسے : polite society) ؛ اعلیٰ تربیت یافته ؛ شسته ؛ نستعلیق ؛ خوش مذاق ۔

politely, adv. شایستگی سے ؛ تہذیب سے ۔

politeness, n. خوش خُلقی ؛ شایستگی ۔

politic, a. انتظامی ؛ باتدبیر ؛ عاقبت اندیش اور زیرک ؛ چالاک ، پُرفن ؛ مقصد کے مطابق ذرائع استعمال کرنے میں زیرک ؛ مصلحت کار ؛ سیاسی (جیسے : body politic) ۔

political, a. سیاسی ؛ حکومت کا ایک متعین یا باقاعده نظام یا انتظامی اداره رکھنے والا ، شہری حکومت اور اس کے انتظامی ادارے سے متعلق ؛ مملکت کے معاملات یا قومی قوانین و تدابیر میں دلچسپی رکھنے والا ؛ کسی قوم یا مملکت یا اقوام اور مملکتوں سے متعلق ، مدنی (civil) یا بلدیاتی سے مختلف یا ممتاز ؛ سیاسیات یا حکومت سے متعلق (جیسے : political parties) ۔

politically, adv. سیاسی طور پر ؛ سیاسی لحاظ سے ۔

political asylum, n. سیاسی جائے پناہ ؛ کسی مُلک کا ان شہریوں کو جائے پناہ یا تحفُّظ مہیا کرنا جن کی اپنی حکومت انھیں سیاسی اعمال پر مقدمه چلانے یا سزا دینے کے لیے متلاشی ہو ۔

political economy, n. سیاسی معاشیات ؛ سیاسی اقتصادیات ؛ سیاسی معیشت؛معاشی سرگرمیوں اورسیاسی و معاشرتی تنظیموں کے باہمی تعلقات کا ایک معاشرتی علم ؛ دور حاضر کی معاشیات سے ماقبل انیسویں صدی کا معاشی علم ۔

political economist, n. سیاسی معاشیات دان ۔

political science, n. سیاسیات ؛ عِلمُ السیاست ؛ وہ عِلم جو حکومت کی ساخت ، تنظیم اور اصولوں سے متعلق ہوتا ہے ۔

political scientist, n. ماہرِ سیاسیات ؛ سیاسیات دان ۔

politician, n. سیاست کار ؛ سیاست دان ؛ وہ شخص جو حکومت کے عِلم اور حکمرانی کے فن کا ماہر ہو ؛ وہ جو سیاسیات کا تربیت یافته ہو ؛ وہ جو اپنے آپ کو سیاسیات میں ایک پیشے کی حیثیت سے مشغول رکھتا ہے ؛ وہ جو سیاسیات میں ذاتی فائدے ، سیاسی تقرر یا جانب دارانه مقاصد کے لیے حصه لیتا ہو ۔

politicize, v.i. سیاست چھانٹنا ؛ سیاست میں مشغول ہونا یا اس پر بحث میں مشغول ہونا ۔ (فعل متعدی) سیاسی نوعیت دینا ؛ نوعیت میں سیاسی بنانا ۔

politick, v.i. سیاسی سرگرمی میں داخل ہونا یا ملوث ہو جانا ۔

politicker, n. سیاسی سرگرمی میں ملوث شخص ؛ سیاسی کارکُن ۔

ایک کھردرا حاصل جو بھوسی سے زیادہ باریک ہوتا ہے ؛ چوکر ۔ (فعل متعدی) آٹا ملی ہوئی باریک بھوسی میں تبدیل کرنا ؛ درخت کو منڈا کرنا ؛ ٹھنٹ نکالنا ۔

polled, a. سینگ کٹا ؛ مُنڈا ؛ بغیر سینگوں کے ، جیسے مویشیوں کی بعض نسلیں ؛ وہ جن کے سینگ کاٹ دیے گئے ہوں ۔

pollen, n. (نباتیات) زرگل ؛ زردانے ؛ زیرہ ؛ پھول دار پودوں میں نر عنصر جو باریک عموماً پیلے زردانوں یا خرد بذروں پر مشتمل ہوتے ہیں اور زرریشہ کے زیرہ دان میں پیدا ہوتے ہیں ۔

pollinic, a. زرگل کا ۔

pollen count, n. زرگل شمار ؛ متخصص پودوں ، عموماً خس و خاشاک کے ایک مکعب گز کے اندر زردانوں کی ایک اوسط تعداد ، جسے کسی ایک مقام پر ہوا میں سے چوبیس گھنٹوں میں جمع کیا گیا ہو ، اس کے لیے ایک مشین کسی بلند اور کھلی جگہ مثلاً چھت پر نصب کی جاتی ہے ؛ زیرہ شماری ۔

pollex, n. آدمی کا انگوٹھا ؛ دوسرے جانوروں کی ایسی ہی ایک انگلی ۔

pollical, a. انگوٹھے کا یا اس سے متعلق ۔

pollinate, v.t. (نباتیات) زیرہ پوش کرنا ؛ زرگل کو کسی پھول کے زیرہ دان سے کسی دوسرے پھول کے یا اسی پھول کے زیرہ گیر میں منتقل کرنا ، ہوا ، پانی ، حشرات یا انسان کے ذریعے ۔

pollination, n. زیرگی ؛ زیرہ پوشی ؛ زرگل کا انتقال/منتقلی ۔

pollinator, n. زرگل منتقل کرنے والا ؛ زیرگی کُنندہ ۔

polleniferous, a. زرگل پیدا کرنے والا ؛ زردار ۔

pollinium, n. زرگل کے ذروں کی ایک چسپیدہ صورت جیسی کہ شیرگیاہ اور ثعلب مصری میں پائی جاتی ہے ۔

pollinize, v.t. (نباتیات) زیرہ پوش کرنا ۔

pollinizer, n. زیرہ پوش کرنے والا شخص یا چیز ۔

pollinosis, n. (امراضیات) تپ کاہی ؛ زیرہ زدگی ۔

polliwog, pollywog, n. مینڈک کا بچہ ۔

pollster, n رائے شماری کرنے والا ؛ رائے شماری کنندہ ۔

poll tax, n. نفر محصول ؛ ایک محصول جو ایک شخص پر رائے دہی کے لیے پیشگی طور پر لگایا جاتا تھا اور امریکی عدالت عظمیٰ نے اسے خلاف دستور قرار دے دیا ہے ۔

pollutant, n. نجاست ؛ کوئی ایسی چیز جو گندا کرتی ہے ، بالخصوص کیمیائی اجزا ، بچا کھچا سامان ، کوڑا کرکٹ ، جسے ماحول یا پانی میں چھوڑ دیا گیا ہو ۔

pollute, v.t. گندا یا ناصاف بنانا ؛ آلودہ کرنا ؛ داغدار کرنا ؛ نجس یا ناپاک کرنا ؛ اخلاقی طور پر گندا بنانا یا غلیظ کرنا ؛ پلید کرنا ؛ بے حرمتی کرنا ۔

polluter, n. آلودہ کرنے والا شخص یا چیز ؛ آلود کار ۔

pollution, n. آلودگی ؛ نجس کرنے کا عمل یا حالت ۔

Pollux, n. (فلکیات) موخر التوامین ؛ توامین مجمع النجوم میں ایک اول قدر کا ستارہ ۔ (یونانی اساطیری) لیڈا اور زیوس کے بیٹے کاسٹر کا جڑواں بھائی ۔

Pollyanna, n. رجائیت پسند شخص ؛ رجائی ؛ ایک انتہائی

politico, n. سیاست دان ؛ سیاست کار ۔

politics, n. سیاست ؛ حکومت کاری کا علم ؛ کسی حکومت ، قوم یا کسی مملکت کی حکمت عملیاں اور مقاصد ؛ سیاسی جماعتوں کے طور طریقے اور ان کے مقابلے ؛ سیاسی معاملات ؛ کسی شخص کے سیاسی روابط یا عقائد ؛ ان لوگوں کی ریشہ دوانیاں یا منصوبہ بندیاں جو ذاتی طاقت ، شان و شوکت ، منصب یا اسی قسم کے دیگر مقاصد کے جویا ہوں ۔

polity, n. طرز حکومت ؛ عہدِ حکومت ؛ ملت ؛ نظامِ سیاست ؛ کسی قوم ، مملکت یا دیگر ادارے کی حکومت کی شکل یا انداز کار ؛ انتظامیہ کا ضبط و نظم ؛ کسی مخصوص شکل کی حکومت کے تحت مُنظّم ہونے کی حالت یا خود وہ مِلّت جو اس طرح منظم ہو ۔

polka, n. پولکا ناچ ؛ بوہیمین اصل کا ایک دلکش دوری رقص ، دو تال کی موسیقی کے ساتھ ؛ اس قسم کے رقص یا اس کی تال کے لیے موسیقی کا ایک نمونہ ۔ (فعل لازم) پولکا ناچ ہونا ۔

polka dot, n. بُندکیوں دار کپڑا/نمونہ ؛ ایک نقطے یا گول دھبے کی تکرار سے پارچہ بافی کے ایک ٹکڑے پر بنا ہوا نمونہ ؛ اس قسم کے نُقطوں کا ایک نمونہ یا ایک کپڑا اس قسم کے نقطوں کے ساتھ ۔

poll, n. راس ؛ نفر ؛ کس ؛ ووٹ ؛ رائے ؛ سر شماری ؛ سر ، بالخصوص سر کا وہ حصہ جس پر بال اُگتے ہیں ؛ گردن کا منکا ؛ ایک شخص یا فرد کسی شمار یا فہرست میں ؛ شمار یا فہرست افراد کی ، جیسے ٹیکس لگانے یا رائے دہی کے لیے ؛ آرا کا اندراج ، جیسے کسی انتخاب کے لیے ؛ کسی انتخاب پر رائے دہی ؛ دی گئی آرا کی تعداد یا رائے دہی کے شماریاتی نتائج (جیسے : a heavy poll) ۔ (عموماً جمع) وہ مقام جہاں ووٹ ڈالے جائیں ۔ (فعل متعدی) بالوں کو بالکل کاٹ دینا یا مختصر کاٹنا ؛ فصل کاٹنا/تراشنا ؛ چوٹی کو کاٹ ڈالنا ، جیسے کسی درخت کی ؛ کسی درخت کو چھانٹ کر گول بنانا ؛ سینگوں کو بالکل کاٹ دینا یا منڈا کرنا ؛ کسی فہرست یا رجسٹر میں نام داخل کرنا ، جیسے محصول عائد کرنے کے مقصد سے ؛ آرا کو لینا یا درج رجسٹر کرنا ؛ رائے دہی کے مقامات پر لانا ، جیسے رائے دہندوں کو ؛ رائے دہی کے مقامات پر وصول کرنا ، جیسے آرا کو ؛ جمع کرانا یا ڈالنا ، رائے دہی کے مقامات پر ، جیسے ووٹ ۔ (فعل لازم) رائے دہی کے مقامات پر ووٹ کا دیا جانا ؛ رائے دہی ہونا ۔

pollee, n. رائے دہندہ ۔

poller, n. رائے دہندوں کی فہرست مرتب کرنے والا ؛ درخت کاٹنے والا ۔

poll, n. عمومی سند ؛ وہ طالبِ علم جو کیمبرج یونیورسٹی انگلستان میں کسی پاس ڈگری یعنی ایسی ڈگری کے لیے جو بغیر آنرز کے ہو ، پڑھتا ہے یا اسے حاصل کر لیتا ہے ۔

pollack, pollock, n. پولاک ؛ ایک غذائی مچھلی جو شمالی بحراوقیانوس میں پائی جاتی ہے اور کاڈ خاندان سے ہوتی ہے ، اگرچہ اس کا رنگ زیادہ سیاہ ہوتا ہے ۔

pollard, n. کٹا ہوا درخت ؛ ٹھنٹ ؛ مُنڈا جانور ؛ بغیر سینگوں کا جانور ؛ ایک درخت جس کی چوٹی کو کاٹ ڈالا گیا ہو تا کہ بکثرت نئے پتے اُگ آئیں ؛ کوئی ایسا جانور جو عموماً سینگوں والا ہو ، جیسے ایک بارہ سنگا یا بھیڑ مگر سینگوں کے بغیر حالت میں ہو ؛ گیہوں کا

طور پر خوش امید شخص جس کا رجحان ہر چیز میں کوئی نہ کوئی اچھائی دریافت کرنے کی طرف ہوتا ہے ؛ ایک نام جس کی اصل یہ ہے کہ وہ ایک فرانسیسی مصنف ایلیز پورٹر کے ناول Pollyanna میں ایک کردار کے لیے استعمال کیا گیا تھا ۔

polo, n. چوگان ؛ پولو ؛ ہاکی کے مشابہ ایک کھیل جو گھوڑے پر سوار ہو کر لمبے دستوں والی مونگریوں اور ایک لکڑی کی گیند سے کھیلا جاتا ہے ؛ کوئی کھیل جو اس کے مشابہ ہو ، جیسے پانی کا پولو ۔

poloist, n. پولو کا کھلاڑی ؛ چوگان کھیلنے والا ۔

polo coat, n. لمبا کوٹ ؛ غیر رسمی طور پر پہننے کے لیے سلا ہوا ایک اوورکوٹ جو اکثر اونٹ کی اون سے بُنا ہوتا ہے ۔

polonaise, n. (موسیقی) پولونیز ؛ آہستہ مارچ کرنے کے انداز کا پولستانی رقص ؛ تین ، چار تال کی موسیقی اس رقص کے انداز سے یا اس کے انداز میں ؛ ایک اٹھارھویں صدی کا بالائی لباس (خواتین کے لیے) جس میں ایک چست سلی ہوئی چولی اور پلٹے دار ترچھی تراش کا اسکرٹ ہوتا ہے ۔

polonium, n. (کیمیا) پولونیم ؛ ایک تابکار عنصر جسے پچ بلینڈ میں کیوری اور میڈم کیوری نے دریافت کیا ۔

poltergeist, n. بدرُوح ؛ شریر بھوت ؛ کوئی بھوت پریت یا روح جس کے متعلق یہ کہاوت ہے کہ وہ اپنی موجودگی کو شوروغل ، دستکوں اور دھما چوکڑیوں سے ظاہر کرتی ہے ۔

poltroon, n. ڈرپوک ؛ گیدی ؛ ہیز ؛ ایک پرلے درجے کا بزدل ؛ کم ہمت ؛ کوئی بدبخت بغیر کسی روح یا ہمت کے ۔ (صفت) کمینہ ؛ بدمعاش ؛ قابل نفرت ۔

poltroonery, n. بدبختی ؛ بزدلی ؛ بے ہمتی ۔

poly, n. خون کا ایک سفید خلیہ جس میں کئی طرح کے گوش دار مرکزے ہوں ۔

polyamide, n. کثیر ترکیبہ ؛ ایک کثیر ترکیبی مرکب جس میں امائڈ گروہ یک ترکیبی واحدوں کو باہم مربوط کر دیتا ہے ، بعض اوقات مصنوعی ریشوں ، جیسے نائلون ، کو بنانے کے لیے مستعمل ہوتا ہے ؛ پیپٹائڈ اور پروٹین کے ریشوں کا تالیفی مماثل ۔

polyandrous, a. (نباتیات) کثیر زر ریشی ؛ بہت سے زر ریشوں والا یعنی سریر گل میں بیس سے زائد زر ریشوں والا ؛ کثیر ازواجی کے متعلق یا اس پر عمل کرنے والا ۔

polyandry, n. کثیر ازواجی ؛ کثیر شوہری ؛ کثیر نرہ ؛ بیک وقت ایک سے زیادہ شوہر رکھنے کی حالت ؛ چند شوئی ؛ چند شوہری ۔ (نباتیات) کثیر الازواج ہونے کی حالت ۔

polyandric, a. کثیر ازواجی کا یا اس سے متعلق ۔

polyanthus, n. بسنتی گلاب کی ایک باغاتی قسم کثیر گُلا (Primula polyantha) ؛ عام طور پر کاشت کی جانے والی ایک نرگسی قسم Narcissus tazetta جس کے ایک گچھے میں بہت سے پھول ہوتے ہیں ۔

polybasic, a. (کیمیا) کثیر اساسی ؛ ان تیزابوں سے متعلق جن میں ایک سے زائد بدل پذیر ہائیڈروجن ایٹم ہوتے ہیں ۔

polybasicity, n. کثیر اساسیت ۔

polybasite, n. ایک سیاہی مائل معدن جس میں دھات جیسی دمک ہوتی ہے ؛ ایک گراں بہا چاندی کا معدن ۔

polycarpellary, a. (نباتیات) کثیر ثمر برگہ ؛ جو بہت سے پھل پتوں پر مشتمل ہو ؛ کثیر بقچہ ؛ کثیر بقچوی ۔

polycarpic, polycarpous, a. (نباتیات) کثیر ثمرہ ؛ اس پودے سے متعلق جو دو یا زائد مُتمیّز بقچوں سے ایک پھل پیدا کرتا ہے ؛ ایک ایسے پودے سے متعلق جو ایک موسم میں ایک سے زیادہ مرتبہ پھل دیتا ہے ۔

polycarpy, n. کثیر ثمریت ؛ ایک موسم میں ایک سے زیادہ مرتبہ پھل دینے کی صلاحیت ۔

polychaete, n. (حیوانیات) کثیر ابریہ ؛ حلقہ دار کیڑوں کا ایک طبقہ جن کے کثیر ابریہ یا بہت سے سخت بالوں والے غیر حلقہ دارنامکمل عضو ہوتے ہیں اور اُن میں بہت سے آبی کیڑے شامل ہیں ۔ (صفت) کثیر ابریہ سے متعلق یا اس کا ۔

polychaetous, a. کثیر ابریہ ۔

polychromatic, a. کثیر اللون ؛ بہت سے رنگ دکھانے والا ؛ مختلف اللون ؛ رنگ برنگ ؛ رنگا رنگ ۔

polychrome, a. کثیر لونی ؛ متعدد یا بہت سے رنگ رکھنے والا ؛ رنگا رنگ نقاشی کے طرز پر بنایا ہوا ۔

polychromy, n. کثرتِ الوان ؛ متعدد رنگوں کا استعمال بت تراشی ، مصوری یا تعمیر میں ۔

polyclinic, n. مَطبِ عام ؛ کثیر امراضی شفاخانہ ؛ شفاخانۂ عام ؛ ایک عام ، غیر متخصص مَطبِ یا ہسپتال جس کا تعلق مختلف امراض سے ہو ۔

polycondensation, n. کثیر تکثف ؛ کیمیائی تکثیف جس کے نتیجے میں ایسا مرکب پیدا ہو جو بڑا سالمی وزن رکھتا ہے ۔

polyconic projection, n. (نقشہ کَشی) متعدد مخروطی تظلیل ؛ ایک تظلیلی نقشہ جس میں متوازی خطوط گھٹتے ہوئے قُطروں کے دائروں کے قوس ہوتے ہیں اور وہ ایک مرکزی مستقیم نصف النہار پر مساوی الفاصلہ ہوتے ہیں ، جبکہ دوسرے نصف النہار منحنی اور منحنی متوازیوں پر مساوی الفاصلہ ہوتے ہیں ۔

polycythemia, polycythaemia, n. (امراضیات) ایک ایسی حالت جس میں خون کے سرخ خلیے غیر معمولی طور پر تعداد میں بڑھ جاتے ہیں ۔

polydactyl, a. کثیر انگشتہ ؛ بہت سی انگلیاں اور انگوٹھے رکھنے والے ، بالخصوص جب معمول کی تعداد سے زیادہ ہوں ۔ (اسم) ایک کثیر انگشتہ جانور ؛ کثیر الاصابع ۔

polydactylism, n. کثیر انگشتیت ؛ تعدد الاصابع ۔

polydactylous, a. کثیر انگشتی ۔

polydactyly, n. کثیر انگشتہ ہونے کی حالت ۔

polydipsia, n. (طِب) غیر معمولی پیاس ؛ شدتِ عطش ۔

polyembryony, n. (حیاتیات) کثرت جنین ؛ واحد بار آور بیضہ سے دو یا دو سے زیادہ جنینوں کا پیدا ہو جانے کا عمل ۔

polyembryonic, a. کثیر جنینی سے متعلق ۔

polyester, n. (کیمیا) پولیسٹر ؛ کثیرایسٹر ؛ ایک اونچے سالمی وزن کا طویل زنجیری ایسٹر جو کثیر ترکیبی عمل سے پیدا ہوتا ہے اور خاص طور پر ریشے ، رال اور پلاسٹک بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

polyesterification, n. کثیر ایسٹر زائی ۔
polyethylene, n. ایتھلین کا ایک کثیر ترکیبہ جو ایک پلاسٹک فلم کی صورت میں ہوتا ہے جسے پیکنگ اور برقی حجز کے لیے عام طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔
polygala, milkwort, n. (نباتیات) شیرزا ؛ اسی نام کی جنس کی متعدد مختلف جڑی بوٹیوں میں سے کوئی ایک جس میں دودھیا رس ہوتا ہے اور ان کے گلابی ارغوانی پھول اکثر جھالر دھار پنکھڑیوں کے ساتھ ہوتے ہیں ؛ حشیش الحلیب ۔
polygamist, n. کثیر الازواج شخص ؛ ایک شخص جو تعددِ ازواج پر عمل کرتا ہے ؛ کثیر زوجی شخص ۔
polygamous, a. کثیر زوجی ؛ تعددِ ازواج سے متعلق یا اس کی خصوصیت ؛ متعدد زوجی ۔ (نباتیات) اس پودے سے متعلق جو دو جنسی اور یک جنسی پھول رکھتا ہو ؛ کثیر جنسہ ۔
polygamy, n. کثیر الازواجی ؛ تعددِ ازواج کی رسم یا اس پر عمل ؛ ایک ہی وقت میں ایک سے زیادہ بیویاں یا شوہر رکھنے کا عمل ۔ (حیوانیات) ایک سے زیادہ زوج بیک وقت رکھنے کا عمل ۔
polygenesis, n. کثیر الاصلی ؛ یہ عقیدہ کہ ہستیوں کی اپنی اصل مختلف اقسام کے بہت سے خلیوں اور جنینوں میں ہے ؛ کثیر جنینی بمقابل یک جنینی ۔
polygenesist, n. عقیدۂ کثیر الاصلی کا معتقد ۔
polygenetic, a. کثیر الاصلی سے متعلق ۔
polygenetically, adv. ازرُوئے کثیر الاصلی ۔
polyglot, n. ہفت زبان ، بسیار زبان ؛ ایک کتاب جس میں بہت سی زبانیں ہوں ، بالخصوص بائبل جو مقدس کلام کو متعدد زبانوں میں پیش کرتی ہے ؛ متن جو متعدد زبانوں پر مشتمل ہو ؛ فرد جو متعدد زبانیں لکھ اور بول سکتا ہو ؛ زبانوں کا ایک مخلوط ۔ (صفت) وہ جو متعدد زبانوں کا ماہر ہو ؛ عَالِم السنۂ کثیرہ ؛ متعدد زبانوں پر مشتمل ۔
polyglotism, n. بسیار زبان ہونے کی خاصیت ؛ ہفت زبانی ۔
polygon, n. شکل کثیر الزوایا ؛ کثیر الاضلاع ؛ ایک بند شکل جس کے تین یا اس سے زائد اضلاع ہوں ؛ کسی کُرے پر ایک شکل جو بڑے دائروں کے قوسوں سے بنی ہو ۔
polygonal, a. کثیر الاضلاع سے متعلق ۔
polygonally, adv. کثیر الاضلاعی طور پر ۔
polygonum, polygony, n. (نباتیات) کثیر الساق انجبار ؛ ایک پودا ، جڑی بوٹیوں والی جنس انجبار سے متعلق ؛ امریکا میں گھوڑوں اور مرغیوں کے لیے ایک مخصوص اناج ،بَک وھیٹ (buckwheat) کے خاندان میں سے ،جس کے گرہ دار ڈنٹھل ہوتے ہیں ۔
polygraph, n. کثیر نگار ؛ بسیار نویس ؛ نقل نگار ؛ ہر فن نویس ؛ کسی تحریر کی نقلیں اتارنے کے لیے ایک آلہ ؛ ایک کثیر التصانیف یا پہلودار مصنف ؛ ایک آلہ جو ایسی جسمانی تبدیلیوں کو ، جیسے خون کے دباؤ یا دل کی دھڑکنوں میں کمی بیشی کا اندراج کرتا ہے اور اسے جھوٹ کا پتہ چلانے میں استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ بمقابلہ : pathometer ۔
polygraphic, a. کثیر نگاری ؛ نقل نگاری ۔
polygynous, a. کثیر زن ؛ ایک وقت میں ایک سے زائد بیویاں یا زنانہ رفیق رکھنے والا ؛ کثرتِ ازواج کی خصوصیت رکھنے والا ۔
polygyny, n. کثیر زنی ؛ ایک وقت میں ایک سے زائد بیویاں یا زنانہ رفیق رکھنے کا رواج ، معمول یا حالت ؛ متعدد بیویوں سے شادی ۔
polyhedron, n. کثیر السطوح ؛ ایک ٹھوس ، بہت سے مستوی رخوں سے گھرا ہوا ۔
polyhedral, a. کثیر السطوح سے متعلق ۔
polyhistor, polymath, n. بحر العُلُوم ؛ ایک شخص جو عظیم یا متنوّع عِلم کا متبحر ہو ؛ ہمہ دان ۔
polyhistoric, a. ہمہ دانی سے متعلق ۔
polyhistory, n. ہمہ دانی ۔
polyhydroxy, a. (کیمیا) کم سے کم دو ہائیڈروکسل گروہ رکھنے والا ۔
polymer, n. (کیمیا) پولیمر ؛ کثیر ترکیبہ ؛ کسیر سالمی مرکب ؛ دو یا دو سے زائد کثیر ترکیبی مرکبوں میں سے کوئی ایک ، بالخصوص ایک مرکب جو کم تر سالمی وزن کے دوسرے مرکب کے ساتھ کثیر ترکیبی ہو اوراسی سے مشتق سمجھا جاتا ہو ۔
polymeric, a. (کیمیا) کثیر ترکیبی ؛ پولیمری ؛ مرکبوں کا یا ایک مرکب کا دوسرے سے تعلق میں جو یکساں عناصر یکساں تناسبات کے ساتھ مجتمع رکھتا ہو مگر سالمی وزن میں مختلف ہو ؛ کثیر سالمی ۔
polymerism, n. کثیر سالمی حالت ۔ (حیاتیات) کثیر ترکیبی حالت ۔
polymerization, n. (کیمیا) پولیمر سازی ؛ کثیر ترکیبہ سازی ؛ کثیر ترکیبہ یا کثیر ترکیبی مرکب بنانے کا عمل یا طریق کار ؛ زیادہ بڑے سالمی وزن کے ساتھ زیادہ پیچیدہ مرکب بنانے کے لیے دو یا زائد سالموں کا اتحاد ؛ اس قسم کے طریق کار سے ایک مرکب کو دوسرے مرکب میں تبدیل کرنے کا عمل (جیسے : The polymerization of acetylene to benzene,) ۔
polymerize, v.t., v.i. پولیمر بنانا ؛ کثیر ترکیبہ بنانا ، کثیر ترکیبی بنانے کے لیے بعض اجزا کو مجتمع کرنا ؛ کثیر ترکیبی بنانے کے عمل کے تحت یا اس عمل سے گزرنا ۔
polymerous, a. (حیوانیات) کثیر ترکیبی ؛ بہت سے اعضا پر مشتمل ۔ (نباتیات) پھولوں کا ہر دائرے میں اپنے کثیر التعداد ارکان پیدا کرنا ؛ کثیر پارہ ۔
polymorph, n. (حیاتیات) کثیر شکلہ ؛ کثیر الاشکال ؛ کثیر شکلی عضویہ یا مادہ یا اس کی مختلف شکلوں میں سے کوئی ایک ۔ (قلمیات) کوئی شکل جو کثیر شکلی مادّہ اختیار کرتا ہے ۔
polymorphic, polymorphous, a. (حیاتیات) کثیر شکلی ؛ متعدد مختلف شکلوں یا رنگوں میں واقع ہونے والے یا ان شکلوں یا رنگوں کو اختیار کرنے والے ۔
polymorphically, polymorphously, adv. کثیر الاشکالی طور پر ۔
polymorphism, n. کثیر الاشکالی ؛ کثیر شکلیت ۔
polymorphonuclear, a., n. کثیر شکل مرکزائی ؛ خون کے ایک سفید بیضہ کا ، جس میں ایک کثیر تیزابی مرکزہ ہوتا ہے ۔
Polynesian, n. پولی نیشیائی ؛ پولی نیشیا کا ،

اس کے باشندوں یا ان کی زبانوں کا یا ان سے متعلق ، یہ علاقہ بحرالکاہل میں آسٹریلیا اور ملایا کے مجمع الجزائر کے مشرق میں یا زیادہ احتیاط کے ساتھ کہا جائے تو میلے نیشیا اور مائکرونیشیا کے مشرق میں واقع ہے ـ (اسم) پولی نیشیا میں بسنے والی سرخ نسلوں کا کوئی بھی رکن ؛ اس علاقے کی زبانوں یا بولیوں میں سے کوئی بھی ایک ـ

polynomial, a. کثیر الاسمی ؛ متعدد ناموں یا اصطلاحوں پر مشتمل یا ان سے متعلق ـ (اسم) (ریاضی) الجبرے کا ایک اظہار جو دو یا دو سے زائد اصطلاحات کو ملا کر بنایا گیا ہو ـ (حیاتیات) ایک سائنسی نام ، جیسے کسی پودے یا جانور کا جس میں دو سے زائد اصطلاحات شامل ہوں ـ

polyp, n. مرجانی جانور ؛ پالپ ؛ ایک بیٹھا ہوا مرجانی جانور ، خواہ واحد جیسے نمپا یا ایک نوآبادی کا حصہ جیسے مرجان ، اس کا ایک کھوکھلا استخوانی جسم ہوتا ہے جس کے ایک سرے پر اساس ہوتی ہے اور دوسرے سرے پر ایک منھ ہوتا ہے جو مُحاس سے گھرا ہوا ہوتا ہے ـ (امراضیات) کسی نسیج کا پھولتا ہوا یا باہر کو نکلتا ہوا زائدہ جو نئی پیداوار ، متعدی زہریلے اثر کا مرکز ، خلقت ناقص یا انحطاطی بافت ہو سکتا ہے ؛ مخامی ـ

polypary, n. مرجانی مہال ؛ پالپوں ، جیسے مرجانوں ، کی ایک نوآبادی کو سہارا دینے والی ایک عام ساخت ـ

polypeptide, n. (حیاتی کیمیا) پولی پیپٹائڈ ؛ ایک حلقہ یا زنجیر نما ساخت میں چار یا چار سے زائد امینو تیزابوں کے ربط سے بنے ہوئے مرکبوں کا ایک طبقہ ـ

polypetalous, a. (نباتیات) کثیر گلبرگہ ؛ کثیر پنکھڑیا ؛ بہت سی نمایاں پنکھڑیوں کا حامل یا ان پنکھڑیوں پر مشتمل ـ

polyphagous, a. پُرخور ؛ کثیر اشیا خور ؛ غذا کی بہت سی اقسام کو کھانے یا ان پر بسراوقات کرنے والا ـ

polyphagia, n. کھانے کی شدید یا انتہائی خواہش ؛ بسیار خوری ؛ پرخوری ؛ کثیر غذائی ـ

polyphase, a. (برق) کثیر الہیئت ؛کثیر فیزہ ؛ ایسی برقی روؤں کو جمع کرلینے والا جو نوعیت میں مختلف ہوں ـ

polyphone, n. (صوتیات) کثیر الصوت ؛ ایک حرف یا کوئی دوسری علامت جو ایک سے زیادہ صوتی قدر رکھتی ہو جیسے حرف S جو ease اور case میں مختلف آوازیں دیتا ہے ـ

polyphonic, polyphonous, a. کثیر صوتی ؛ جو بہت سی آوازوں یا صداؤں پر مشتمل ہو یا ان کا حامل ہو ـ (موسیقی) بہت سی آوازیں یا سُر رکھنے والا جس میں سے ہر ایک کا آزاد آہنگ ہو مگر سب ہم آہنگ ہوں ، homophonic کے برعکس ؛ گمک دار ؛ اس قسم کی موسیقی سے متعلق ؛ ایک ایسے آلۂ موسیقی کا جو بیک وقت ایک سے زیادہ سُر ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو ، جیسے بربط کا ارغنون ـ (صوتیات) ایک سے زیادہ صوتی قدر رکھنے والا جیسے ایک حرف ـ

polyphonically, polyphonously, adv. کثیر صوتی طور پر ـ

polyphonic prose, n. کثیر صوتی نثر ؛ وہ نثر جو ایسی شاعرانہ صنعتوں کو استعمال کرتی ہے جیسے تجنیس حرفی ، قافیہ یا ہم آہنگی مگر پوری طرح نپی تلی ہم آہنگی نہیں رکھتی ـ

polyphony, n. کثیر صوتیت ؛ کثیر الاصواتی ہونے کی کیفیت ـ (موسیقی) کثیرالاصواتی ترتیب ؛ امدادی نغمہ ـ (صوتیات) مختلف صداؤں کی نمائندگی یکساں حرف یا علامت سے ـ

polyphyletic, a. کثیر نسلہ ؛ ایک سے زیادہ نسلوں سے پیدا کردہ ، جیسے جانوروں کا ایک گروہ ـ

polyphyletically, adv. کثیر نسلی طور پر ـ

polyphyleticism, n. کثیر نسلیت ـ

polyploid, a. (حیاتیات) چند لونیویہ ؛ لونیوں کے دوگنے سے زائد بنیادی یا اکہرے تکملے رکھنے والا ـ (اسم) عضویہ یا خلیہ جو کثیر لونیے رکھتا ہو ـ

polyploidic, a. کثیر لونیویہ کا یا اس سے متعلق ـ

polyploidy, n. کثیر لونیویت ـ

polypnea, n. (طِب) انتہائی تیزی کے ساتھ ہانپنے یا سانس لینے کی بیماری ـ

polypneic, a. اس بیماری کا یا اس سے متعلق ـ

polypody, n. بسفائج ؛ احراس الکلب ؛ جنس بسفائج کا کوئی فرن/کرف ، جیسے جنگلی بسفائج ؛ ایک عام نوع ، پھیلتی ہوئی جڑوں کے ساتھ ، گہرے پرشگافہ سدابہار گمساق اور گول عریاں انبارک والی ؛ کثیر پائی ـ

polyproplene, n. پولی پروپلین ؛ حرپلاسٹک رال جو ایک مزاحم رطوبت ، سخت اور ٹھوس پلاسٹک ہے ـ

polyptych, n. کثیر چوکھٹا تصویر ؛ تین سے زیادہ چوکھٹوں یا فریموں کا ایک مجموعہ جن میں تصویریں یا کندہ کاریاں لگی ہوں ـ بمقابلہ diptych اور triptych ـ

polysaccharide, n. (کیمیا) کثیر شکری ؛ ایک کاربوہائیڈریٹ جس میں تین یا تین سے زیادہ باہم مربوط سادہ شکریں ہوں اور اس میں نشاستہ ، نشاستۂ حیوانی اور خلوی مادہ بھی شامل ہوں ـ

polysemy, n. واحد لفظ کے معانی کا تنوُّع ؛ کثیر معنویت ـ

polysemantic, polysemous, a. کثیر معنویت کا ؛ کثیر المعانی ـ

polysepalous, a. (نباتیات) کثیر سبلہ ؛ ایک کہامیہ سے متعلق جو اپنے سبلے ایک دوسرے سے الگ رکھتا ہے ـ

polysorbate, n. کثیر سربی ؛ شحمی تیزابی ایسٹروں کی کوئی قِسم جو بعض اغذیہ اور ادویہ کی تیّاری میں انتشاری اور اظلالی عوامل کے طور پر استعمال ہوتی ہے ـ

polystyrene, n. (کیمیا) پولیسٹرین ؛ ایک بے رنگ شفاف پلاسٹک اسٹائرین کا ایک کثیر ترکیبہ جو بالخصوص ایک حاجز کے طور پر اور ڈھلی ہوئی مصنوعات کے بنانے اور پیکنگ میں استعمال ہوتا ہے ـ

polysulfide, n. (کیمیا) کثیر گندھکی ؛ کثیر سلفائڈ ؛ ایک سلفائڈ جس کے ایک سالمے میں گندھک کے دو یا زیادہ ایٹم ہوتے ہیں ـ

polysyllabic, a. کثیر ہجا ؛ بہت سے یا تین سے زائد ارکان تہجی پر مشتمل ، جیسے ایک لفظ ؛ اس قسم کے الفاظ والی ، جیسے ایک زبان ؛ کئی بول کا ـ

polysyllabically, adv. کثیر ہجا لفظ کی طرح سے ـ

polysyllable, n. کثیر ہجا لفظ ؛ کثیر الاجزا لفظ ـ

polysyndeton, n. (علم بیان) متعدد حروف عطف کا قریبی

تواتر کے ساتھ استعمال - بمقابلہ: asyndeton -

polysynthesism, n. کثیر ترکیبی ؛ متعدد عناصر کا انضمام - (لسانیات) ایک جملے کے لفظی عناصر کو واحد لفظ میں جمع کرنے کی حالت جیسے امریکی انڈین زبانوں میں -

polysynthetic, holophrastic, a. چند عُنصری ؛ کثیر ترکیبی -

polytechnic, a. کثیر فنیاتی ؛ پولی تکنیکی ' ایک ایسے تعلیمی ادارے کا یا اسے موسوم کرنے والا جس میں صنعت و حرفت کے بہت سے فنون اور اطلاقی عُلوم سائنس کی تعلیم دی جاتی ہو - (اسم) اطلاقی علوم سائنس اور فنیات کی تعلیم کے لیے ایک درسگاہ ؛ دارالفنون ؛ جامع الفنون ؛ کثیر فنیاتی ادارہ ؛ پولی ٹیکنیک -

polytheism, n. کثرت پرستی ؛ شرک ؛ خداؤں کی کثرت پر عقیدہ یا اس عقیدے کی عبادت -

polytheist, n. کثرت پرست ؛ کثیر خداؤں کا قائل -

polytheistic, polytheistical, a. کثرت پرستانہ -

polythene, n. پولی تھین - دیکھیے : polyethylene -

polytonal, a. (موسیقی) کثیر سُرتی ؛ دو یا دو سے زیادہ کلیدی وقفوں کے ایک ساتھ استعمال سے متعلق ، جیسے کہ ایک ہم آہنگ ساخت کی مختلف آوازوں میں -

polytonality, n. کثیر سُرتی ہونے کی حالت -

polytrophic, a. کثیر نامیاتی ماخذوں سے پروردہ جراثیم کا -

polytypic, polytypical, a. (حیاتیات) کثیر نوعی ؛ بہت سی یا متعدد انواع رکھنے والا یا ان سے متعلق -

polyunsaturated, a. کثیرناسیر شدہ ؛ ایسی حیوانی یا نباتاتی چربیوں کا یا ان سے متعلق جو دو یا زائد مزدوج گرفت فی سالمہ رکھتی ہیں ، جب انسان انھیں کھاتے ہیں تو وہ خون میں کولیسٹرول مواد کو کم کرنے میں مدد دیتے ہیں -

polyurethane, n. کثیریوریتھین؛ ایک کثیر ترکیبی مرکب ہلکے جھاگ دار بافت کے ساتھ ، اس کی تشکیل کے دوران میں کاربن ڈائی آکسائڈ اس کے مساموں میں پھنس کر رہ جاتی ہے ، اس کا استعمال تہ دار گدوں اور متعدد مختلف رالوں کی صنعت میں ہوتا ہے -

polyvalent, a. (کیمیا) کثیر گرفتہ - (جرثومیات) ایک ویکسین کے متعلق جس میں ضد اجسام کی متعدد اقسام ہوتی ہیں -

ployvalence, n. کثیر گرفت -

polyvinyl, n. (کیمیا) کثیر وینائل ؛ ایک وینائل کثیر ترکیبہ کا مشتق ، جیسے پلاسٹک یا رال -

polyvinyl resin, n. (کیمیا) کثیر ترکیبہ سازی یا وینائل مرکبات سے حاصل شدہ بہت سے کثیر ترکیبوں اور رالوں میں سے کوئی ایک -

polyzoan, n., a. (حیوانیات) کثیر اشنیہ حوینات ؛ چھوٹے آبی جانوروں کی نسل حوینات اشنیہ کا کوئی رکن ، جو بستیوں اور جھنڈوں کی صورت میں رہتے ہیں اور اکثر کائی کی شکل میں زیرآب چیزوں کے ساتھ لگے ہوتے ہیں -

polyzoarium, n. (حیوانیات) حوینات مجتمع کی ایک نوآبادی یا اس کو سہارا دینے والا ڈھانچا -

polyzoarial, a. حوینات مجتمع کی بستی کا یا اس سے متعلق -

polyzoic, a. کثیر حوینات دار ؛ ایک حوین مجتمع کی نو آبادی کا ، متعدد حوین بستیوں سے مرکب ؛ ایک ایسے بذرہ کو ظاہر کرتے ہوئے یا اس سے متعلق جو بہت سے بذری حوینات کو پیدا کرتا ہے -

pomace, n. مُضلۂ سیب ؛ اتھاری گودا ؛ کچلے ہوئے یا پیسے ہوئے سیبوں یا اسی قسم کے دوسرے پھلوں کا گودا جو پیس کر بنایا جاتا ہے ؛ گودے کی طرح کا مواد یا جوہر جو کچلنے یا پیسنے کا نتیجہ ہو -

pomaceous, a. سیب کا ؛ سیبوں سے متعلق ؛ ناشپاتیوں ، سیبوں یا ان کے ہم جنس دوسرے پھلوں کی طرح یا ان سے متعلق -

pomade, n. پُھلیل ؛ پوماد ؛ ایک خوشبودار مرہم جو بالوں یا سر کی جلد کی پرداخت کے لیے امدادی طور پر مستعمل ہے - (فعل متعدی) پوماد/پھلیل کے ساتھ مالش کرنا -

pomander, n. عطر دان ؛ کیری ؛ پوماد ؛ خوشبودار روغن ؛ پھلیل ؛ خوشبودار جوہروں کا ایک آمیزہ ، جسے لوگ گیند کی شکل میں گزشتہ زمانوں میں چھوت کے خلاف ایک محافظ کی حیثیت سے اپنے جسم سے لگا کر رکھتے تھے ؛ ڈبہ یا گولا جس میں یہ لے جایا جاتا تھا -

pomatum, n. دیکھیے : Pomade -

pome, n. (نباتیات) پوم ؛ سیبی میوہ ؛ کاذب پھل ؛ سیب ؛ ایک رسیلا ، فربہ پھل جس کے قلب میں ناقابل خوردنی تخمدان ہوتا ہے جیسے ناشپاتی ، سیب اور بہی -

pomegranate, n. انار ؛ نارنگی کے برابر ایک خوردنی پھل ، اس کا سرخی مائل سخت چھلکا ہوتا ہے جو مزیدار ، سرخ دانہ دار گودے سے بھرا ہوتا ہے ، درخت چھوٹا ہوتا ہے اور اسے گرم آب و ہوا میں کاشت کیا جاتا ہے ؛ رُمّانہ ؛انار کا درخت -

pomelo, n. پوم ؛ چکوترا ؛ ترنج و نارنج کا مخلوط پھل -

Pomeranian, a. [پومیرنیا کے نام پر جو بحر بالٹک کا خطہ ہے] پومیرنیا کا یا اس سے متعلق - (اسم) spit کے چھوٹے کُتوں کی نسل کا کوئی ایک کُتّا ، جس کی لمبی ناک ، نکیلے کان اور لمبے ، گھنے ، ریشمی بال ہوتے ہیں ؛ پومیرنیا کا رہنے والا یا باشندہ -

pomeferous, a. پوم جنس کے پھل رکھنے والا ؛ سیب وشی -

pommee, a. (نقابت) ایک صلیب کے بازوؤں کے متعلق جو ایک گھنڈی یا گولے پر ختم ہوتے ہیں -

pommel, pummel, n. گول ؛ دنبالہ ؛ گانٹھ ؛ گولہ ، تلوار کے قبضے کی گرہ ؛ ایک موٹھ یا گھنڈی ، جیسی ایک تلوار یا خنجر کے دستہ پر ؛ گھوڑے کی زین کے سامنے اور چوٹی پر باہر کو نکلا ہوا حصہ - (فعل متعدی) تلوار کی موٹھ سے ضرب لگانا یا مارنا ؛ گھونسوں سے مارنا -

pomology, n. ثمریات ؛ علمُ الاثمار ؛ فن ثمربانی ؛ میوہ کاری ؛ علم کی وہ شاخ جس کا تعلق پھلوں اور ان کی کاشت سے ہوتا ہے -

pomological, a. ثمریات کا یا اس سے متعلق -

pomologically, adv. عِلمُ الاثمار کے لحاظ سے -

pomologist, n. ماہر ثمریات -

pomp, n. جلو ؛ سواری ؛ ٹھسہ ؛ نمود ؛ شان و شوکت ؛ طمطراق ؛ شکوہ ؛ دھوم دھڑکا ؛ بھیڑ بھڑکا ؛ جلال ؛ ایک نمایش جو باعتبار شان و شوکت ممتاز ہو ؛ کروفر ، چمک دمک ؛ دکھاوٹی مظاہرہ

یا نمایش ؛ ٹھاٹھ ۔

pompadour, n. بال سنگھار ؛ عورت کے بالوں کی ایسی بناوٹ جس میں وہ ماتھے سے اوپر اٹھے ہوئے ہوں ، عموماً ایک گدی کے اوپر ؛ مرد کے بالوں کا طرز جن میں بال پیشانی سے اوپر کی طرف برش کیے جاتے ہیں ۔

pompano, n. پمپینو ؛ ایک خوردنی مچھلی ، بالخصوص کیرولینائی جنس جو اصلاً ویسٹ انڈیز اور اس کے قریبی شمالی امریکا کے سواحل پر ملتی ہے ؛ بعض دیگر غذائی مچھلیاں ، جیسے کیلیفورنیا کے ساحل کی پیلومیٹاسمیلیما (Palometa simillima) ۔

pompom, pom-pom, n. ایک خودکار طیارہ شکن توپ ۔

pompon, n. ایک آرایش جیسے اون یا پروں کی ، جسے گولے یا گچھے کی شکل دی گئی ہو اور ہیٹ سلیپروں یا لباسوں میں لگایا جاتا ہے ؛ گل داؤدی کی ایک قسم یا گل کوکب جس کا ایک چھوٹا سر پھول ہوتا ہے جو گولے سے مشابہ ہوتا ہے ۔

pomposity, pompousness, n. ٹُھسہ ؛ شیخی ؛ خودنمائی ؛ تفاخر ؛ لاف زنی ؛ نمود ؛ شکوہ ؛ پرشکوہ ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ شاندار عمل ، عادت یا خصوصیت ۔

pompous, a. عظیم الشان ؛ ٹھسے کا ؛ شاندار ؛ شاہانہ ؛ خودپسند ؛ ذاتی وقار کے احساس کی ایک مبالغہ امیز نمایش ؛ بلند اہنگ اور مزین جیسے تقریر ؛ پرشکوہ ؛ شان و شوکت کا مظہر ؛ شاندار ؛ انانیت ظاہر کرنے والا ۔

pompously, adv. شان و شوکت سے ؛ طمطراق سے ۔

pompousness, n. شان و شوکت ؛ خود پسندی ۔

Ponceau, n. ایک چمک دار سرخی مائل رنگ ؛ کولتار کا صِبغہ جس سے ایک سرخ رنگ اخذ کیا جاتا ہے ۔

poncho, n. لبادہ ؛ ایک لباس جو اصلاً جنوبی امریکا کا ہے ، یہ ایک کمبل کی طرح ہوتا ہے جس کے بیچ میں سر گزارنے کے لیے ایک شگاف ہوتا ہے ؛ ایک برساتی جو ایسے لبادے کی طرح بنائی جاتی ہے ۔

pond, n. جوہڑ ؛ کُنڈ ؛ تلیّا ؛ تلّا ؛ حوض ؛ ڈکی ؛ ڈبر ؛ تالاب ؛ کھڑے ہوئے پانی کا ایک ذخیرہ جو ایک جھیل سے کم ہو اور جسے اکثر مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے ، جیسے ایک ندی کو روک کر ۔

ponder, v.t. تأمّل کرنا ؛ فکر کرنا ؛ خیال کرنا ؛ غور کرنا ؛ خوض کرنا ؛ سوچنا ؛ بچارنا ؛ احتیاط کے ساتھ ذہن میں تولنا ؛ احتیاط کے ساتھ جانچنا ۔ (فعل لازم) خیالات میں غرق ہونا ؛ سنجیدگی سے غور ہونا ؛ غوروخوض میں محو ہونا (اکثر on یا over کے ساتھ) ۔

ponderable, a. اہم ؛ قابل غور ۔

ponderer, n. غوروفکر کرنے والا ۔

ponderous, a. بھاری اور بے ڈول وزن ؛ گراں ؛ ثقیل ؛ بوجھل ؛ دقّت طلب ؛ کٹھن ؛ وزنی اور بہت بھاری ؛ توجہ طلب ؛ اہم ؛ قابل غور ؛ ادق ؛ بے ڈھب ؛ بھاری بھر کم ؛ تودہ نما ؛ ٹھس یا بے حس ؛ وزن اور حجم کے باعث ناقابل انتظام ۔

ponderously, adv. مشکل سے ؛ بھاری بھر کم انداز میں ۔

ponderousness, n. بھاری پن ؛ بوجھل پن ۔

pond scum, n. کائی جو تازہ پانی کے ذخیرہ پر جنس سپیروگائرا (Spirogyra) کی کائی سے بنی ہوئی ہو ؛ ایسی ایک یا متعلقہ کائیوں میں سے کوئی ۔

pondweed, n. آبی نرائی ؛ ان آبی پودوں میں سے کوئی ایک جن پر جنس پوٹا موگیٹن (Potamogeton) مشتمل ہوتی ہے ، ان میں سے اکثر تالابوں یاٹھہرے پانی میں اُگتی ہیں ۔

pone, corn pone, n. ڈبل روٹی ؛ جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا کی روٹی جو شکل میں بیضوی ، مکئی کے آٹے سے بنی ہوئی ، تندور یا توے پر پکی ہوئی یا تلی ہوئی ؛ ڈبل روٹی یا کیک ۔

pongee, n چینی ریشم ؛ ایک نرم ، غیر صاف شدہ ہلکے کتھئی رنگ کا چینی ریشمی کپڑا (ناہموار بنت کا) ؛ اس ریشمی کپڑے سے ملتا جلتا ایک کپڑا سوتی یا مصنوعی دھاگے سے بنا ہوا ۔

poniard, n. کٹار ؛ چُھری ؛ پیش قبض ؛ دشنہ ؛ برچھی یا خنجر ۔ (فعل متعدی) خنجر سے چھیدنا ؛ خنجر بھونک دینا ۔

pons, n. (تشریح الاعضا) جسر ؛ دماغ میں عصبی ریشوں کی ایک پٹی جو چھوٹے دماغ کے فصوص ، مغز اعظم اور بڑے دماغ کو جوڑتی ہے ۔ نیز:pons varolii۔ایک جوڑنے والا عضویہ ؛ پل دماغ ۔

pons asinorum, n. قضیہ حماریہ ؛ جیومیٹری کا ایک مسئلہ کہ اگر ایک مثلث کے دو اضلاع مساوی ہوں تو ان اضلاع کے سامنے والے زاویے بھی مساوی ہوں گے ؛ کوئی بھی مسئلہ جو ایک مبتدی کے لیے حیران کن ہو ۔

Pontic, a. پونٹسی ؛ بحر اسود سے متعلق یا اس کے جنوب میں ایک قدیم ملک پونٹس کے متعلق ۔

pontifex, n. قدیم رُوما میں پادریوں کے بڑے کالج کا کوئی رُکن ، جس کا سربراہ پانٹی فیکس مکسی مس (Pontifex Maximus)یا بڑا پادری ہوتا تھا ۔

pontiff, n. (کلیسیات) روم کا سردار پادری ؛ اسقُف ؛ بڑا پادری ؛ پوپ ؛ بشپ ۔

pontifical, a. پاپائی ؛ ایک بڑے پادری یا پادریوں کی ایک مجلس کے رُکن کا یا ان میں سے کسی کے متعلق یا اس کی ایک خصوصیت ؛ نمایشی طور پر مذہب سے وابستہ ؛ غطریسی ۔

pontifical, n. مغربی کلیسا کی ایک کتاب جس میں حضرت عیسیٰ کی یادگاری تقریبات اور ان مذہبی رسومات کے لیے ، جنھیں لاٹ پادری ادا کرتے ہیں ، متعلقہ ہدایات اور نمونے درج ہوتے ہیں ۔ (جمع) پادریوں کے دیگر امتیازی نشانات بالخصوص ایک لاٹ پادری کے ۔

pontificate, n. پادری کا عہدہ یا مدت عہدہ ۔ (فعل لازم) پادری کے فرائض انجام دینا ؛ نمایشی رسمی انداز میں بولنا یا برتاؤ کرنا ؛ پاپائی ، دعا کے موقع پر قائم مقامی کرنا ۔

pont l'E veque, n. ہلکے زرد رنگ کا ، اندر سے نرم پنیر ۔

pontonier, n. [فرانسیسی] ایک سپاہی جس کے پاس چپٹے پیندوں والی کشتیوں یعنی پونتون (pontoon) کا چارج ہوتا ہے ؛ وہ شخص جو ان کشتیوں سے پل بناتا ہے ۔

pontoon, ponton, n. ترنا کشتی ؛ پیرک تختہ ؛ پونتون ؛

ایک قسم کی لوہے سے منڈھی ہوئی ناؤ ؛ لوہے کے پیپوں کا پل ؛ ایک چپٹی پیندی والی کشتی یا کوئی دوسری تیرنے والی چیز، جیسے ایک ہوا بند ڈھول جسے دریا کے آر پار عارضی پل بنانے کے لیے استعمال کیا جا سکے ۔ (جہاز رانی) ایک انفاخ پذیر آلہ جسے ڈوبے ہوئے جہاز کو اوپر اٹھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ سمندری طیارے کے نیچے لگا ہوا ترنا ۔

pontoon bridge, n. جسر ؛ ترنا پل ؛ ایک عارضی پل جو چپٹے پیندوں والی کشتیوں یعنی پونتون کے سہارے قائم ہو ؛ پونتون پُل ۔

pony, n. ٹٹو ؛ چھوٹی نسل کا ایک گھوڑا ، بالخصوص وہ جو چودہ ہاتھ سے زیادہ اونچا نہ ہو ؛ ایک چھوٹا گھوڑا خاص طور پر مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا میں ؛ کوئی چیز اپنی قسم کی چھوٹی ؛ ایک چھوٹا گلاس یا اس خمر شیریں کی مقدار جو اس گلاس میں سمائے ۔ (عوامی) سرقہ ؛ نقل اڑانا یا کوئی دوسری ناجائز مدد ۔ (برطانوی عوامی) ۲۵ پونڈ کی رقم ۔ (فعل لازم) سرقہ یا کسی اور ناجائز فعل کے ذریعے اسباق تیار کرنا ؛ ادا کرنا ، جیسے کسی کا حساب چکتا کرنا (up کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے) ۔

pony express, n. گُھڑ ڈاک ؛ ڈاک کا چوکی بدل طریقہ ؛ ڈاک کا ایک نظام جو ۱۸۶۰ء ۔ ۱۸۶۱ء کے دوران مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا میں رائج تھا ، جس میں ڈاک کو گھڑ سواروں کے ذریعے چوکی بدل طریقے سے لے جایا جاتا تھا ۔

ponytail, n. پونی ٹیل ؛ اسپ دم ؛ گھوڑے کی دم کے مشابہ چوٹی کا انداز ؛ لمبے بالوں کا ایک انداز جس میں بالوں کو سر کے پیچھے کی طرف کھینچ کر ایک ربڑ بینڈ یا کلپ سے جمع کر دیا جاتا ہے اور آزادی کے ساتھ لٹکنے کے لیے چھوڑ دیا جاتا ہے اور اس طرح وہ ایک ٹٹو کی دم کی طرح نظر آتے ہیں ۔

pooch, n. (عوامی) کُتّا ۔

pood, n. روسی وزن جو ۳۶ء۱۱۳ پونڈ کے برابر ہوتا ہے ۔

poodle, n. تین مختلف قد کے گہرے رنگ دار گھریلو کُتوں میں سے کوئی ایک ، جن کے گھنے گھنگریالے بال ہوتے ہیں جنھیں عموماً ایک طرز خاص کے ساتھ تراشا جاتا ہے ۔

pooh, interj. اونہہ ؛ لاحول ولا ؛ نفرت یا حقارت کا کلمۂ اظہار ۔

pooh bah, n. ایک ناکارہ و نااہل شخص جو بہت سے دفتری عہدوں پر لگا ہوا ہو ؛ کوئی بھی برخود غلط فرد ۔

pooh-pooh, v.t. نفرت یا حقارت کا اظہار کرنا ؛ ناک چڑھانا ۔

pool, n. مُرداب ؛ تلیا ؛ تالاب ؛ پوکھر ؛ ٹڈاک ؛ ڈانر ، کنڈ ؛ گڑھا ؛ جوہڑ ؛ آبگیر ؛ ایک سطح پر کھڑا ہوا مائع (جیسے : a pool of blood) ؛ ایک چھوٹا جوہڑ ؛ گارا ؛ کسی ندی میں کوئی ساکن گہری جگہ ؛ پیراکی کا تالاب ؛ سوئمنگ پول ؛ ایسے تیل یا گیس کا ایک زیرِ زمین ذخیرہ جو رسوبی چٹانوں میں جمع ہو ۔ (فعل متعدی و لازم) تالاب بنانا یا بنوانا ؛ جمع ہونا ، جیسے خون کا ایک عضویے میں ۔

pool, n. مقابلہ کرنے والی جماعتوں کا ایک وفاق اپنے مفادات میں توافق پیدا کرنے ، قیمتوں پر ضبط قائم کرنے یا اس قسم کے دیگر مقاصد کے لیے ۔ (مالیات) افراد یا تنظیموں کا ایک مجموعہ جو سٹّے کا بیوپار کرنے کے لیے بنایا جائے ، جیسے حصص کی قیمتوں میں دست اندازی ؛ مفادات یا سرمائے کی کسی عام فائدہ کے لیے جمع آوری ؛ ایک خدمت یا مراعت جس میں متعدد لوگ شریک ہوں (جیسے : a car pool) ؛ بعض کھیلوں میں لگائے گئے داؤں ؛ شرط لگانے والوں کی رقم جو داؤں پر لگائی گئی ہو جیسے ایک گھڑ دوڑ میں اور جسے کامیاب شرط لگانے والے یا شرط لگانے والوں کو بطور انعام دیا جاتا ہو ؛ کھیل جسے دو یا دو سے زیادہ کھلاڑی بلیئرڈ کی چھ جیبوں والی میز پر کھیلیں اور اس کھیل کا مقصد یہ ہو کہ ان گیندوں کو جن پر ایک تا پندرہ نمبر پڑے ہوں ، کھیلنے کی چھڑ سے جیبوں میں داخل کر دیا جائے ۔ نیز : pocket bill iards ۔ (برطانوی) بلیئرڈ کا ایک کھیل (داؤ کی رقم کے ساتھ) جس میں تمام کھلاڑی رقم جمع کرتے ہیں ۔ (تیغ بازی) ایک مقابلہ جس میں ہر ٹیم کا ایک رکن دوسری ٹیم کے ایک رکن کے ساتھ سلسلہ وار کھیلتا ہے ۔ (فعل متعدی) مفادات یا زر کو ایک مجموعے یا مشترک سرمایہ یا فنڈ میں رکھنا ، جیسے معاہدے کے مطابق اسے تقسیم کرنے کے لیے ایک پول بنانا ؛ مشترکہ مفاد بنانا ۔ (فعل لازم) پول بنانا یا پول میں شریک ہونا ۔

poolroom, pool hall, poolhall, n. جگہ عموماً عوامی ، جہاں پول یا بلیئرڈ کا کھیل کھیلا جاتا ہے ۔ (عوامی) پول یا شرط بازی کے کاروبار کی جگہ ۔

poop, n. جہاز کا پیچھے کا حصہ ؛ دنبالہ ؛ پُوپ ؛ اگلے وقتوں میں بحری جہاز کا دنبالہ ؛ موسمی عرشے یا جہاز کے دنبالے پر بالائی عمارت ؛ جہاز کے پچھلے حصے کا عرشہ ۔ نیز : poop deck ۔ اس کے نیچے ایک احاطہ ، دنبالے پر ایک حجرہ ۔ نیز : poop cabin ۔ (فعل متعدی) (جہاز رانی) دنبالے کے اوپر سے نکل جانا ؛ دنبالے کے اوپر سے گزرنا ، جیسے کسی موج کا ۔

poop, v.t. (عوامی) سست پڑ جانا یا تھک جانا ۔ (فعل لازم) (عوامی) تھک جانا (عموماً out کے ساتھ)؛ پیچھے ہٹ جانا ، (عموماً out کے ساتھ)۔

poop, n. (عوامی) اطلاع جو ممکن ہے کہ سرکاری ہو مگر لازماً نہیں ۔

poor, a. غریب ؛ محتاج ؛ فقیر ؛ کنگال ؛ مفلس ؛ تنگ دست ؛ تنگ حال ؛ تہی دست ؛ نادار ؛ کم مایہ ؛ دولت ، مال و اسباب یا وسائل بسر اوقات میں سے بہت کم یا بالکل نہ رکھنے والا ؛ زندگی کی آسایشیں یا ضروریات حاصل کرنے سے محروم ؛ فرومایہ ؛ ناچیز ، حقیر ، نکما ؛ کم ؛ پست ؛ ہلکا ؛ خراب ؛ قابلِ رحم ؛ نگوڑا ؛ بے چارہ ؛ مسکین ؛ معمولی ؛ بھدا ؛ گھٹیا ۔ (قانون) خیرات پر انحصار ؛ وسائل یا روپیہ پیسے سے انتہائی قلت کے ساتھ مستفید یا بہرہ ور ؛ غربت کی خصوصیت رکھنے والا یا اسے ظاہر کرنے والا ؛ کسی متخصص شے کے ناقابل یا اس سے محروم (جیسے : a region poor in mineral deposits,) ؛ پسندیدہ عناصر یا قابلیتوں سے معرا یا اوسر (جیسے : poor soil) ؛ دبلا پتلا یا لاغر ، جیسے مویشی ؛ ادنی ، ناکافی یا غیر اطمینان بخش قسم کا ، جیسے کمزور صحت یا بینائی ؛ لیاقت یا قابلیت میں ناقص (جیسے : a poor head for figures) ؛ اخلاقی برتری میں کم مایہ ؛ بے روح ؛ بزدل ، ذلیل یا کمینہ ؛ رقم یا تعداد میں بہت تھوڑا ؛ حقیر ، ادنیٰ ؛ خفیف ؛ غیر اہم ؛ خاکسار یا ناچیز ؛ بدقسمت ۔ (اسم) ایک غریب شخص ؛ غریب اشخاص بحیثیت مجموعی ۔

poorish, a. غریبانہ ؛ مفلسانہ وغیرہ ۔

poorly, مفلسانہ طور پر ؛ غریبانہ طور پر وغیرہ ۔

poorness, n. غربت ؛ ناداری ؛ افلاس ؛ پستی وغیرہ ۔

poor box, n. ایک صندوق ، بالخصوص کسی گرجا میں ، غربا کے لیے چندے وصول کرنے کی غرض سے ؛ خیرات کا ڈبہ ۔

poor farm, n. محتاج گاہ ؛ ایک گھر/فارم جو حاجت مندوں کو رہنے کی جگہ دیتا ہے اور سرکاری اخراجات پر ان کی دیکھ بھال کرتا ہے ؛ غریب خانہ ۔

poorhouse, n. محتاج خانہ ؛ غریبوں کے لیے ایک رہایش گاہ جس کی دیکھ بھال سرکاری اخراجات پر ہوتی ہے ؛ غریب خانہ ۔

poor law, n. قانون محتاجاں ؛ ایک قانون جو سرکاری فنڈز کو غریبوں کی پرورش پر خرچ کرنے کی اجازت دیتا ہے ۔

poorly, a. ضعیف ؛ کم زور ؛ کسل مند ؛ کسی قدر بیمار ؛ علیل ؛ غیر صحت مند ؛ خستہ حال ۔ (متعلق فعل) بری طرح ۔

poor-spirited, a. پست ہمت ؛ تنگ دل ؛ پست حوصلہ ؛ بے دلی کے ساتھ ؛ بزدلی سے ۔

poor-spiritedness, n. پست ہمتی ؛ تنگ دلی ؛ پست حوصلگی ۔

poor-spiritedly, adv. تنگ دلانہ طور پر ؛ پست حوصلگی کے ساتھ ۔

poor white, poor white trash, n. محتاج سفید فام ؛ جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا کا ایک غربت زدہ سفید محنت کش یا کسان : ان الفاظ کا استعمال توہین آمیز معنی میں ہوتا ہے ۔

pop, n. دھڑاکا ؛ تڑاکا ؛ تیزی سے ہلنے جلنے کا عمل ؛ بھک سے اڑنے کی ایک مختصر تیز آواز ؛ کسی آتشیں اسلحے سے فائر کی آواز ؛ بلبلے چھوڑنے والا مشروب ، بالخصوص وہ جو الکحل سے پاک ہو ۔ (فعل لازم) مختصر ، تیز ، بھک سے اڑنے والی آواز نکالنا یا گولی چلنے کی کڑک پیدا کرنا ؛ تڑاک کی آواز کے ساتھ پھٹ پڑنا ، جیسے مکئی کے پُھلّے ؛ کسی آتشیں اسلحے سے گولی چلانا ؛ آنا یا جانا (تیزی کے ساتھ ، دفعتاً یا خلاف توقع)(up یا down, off, out, into, in کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)؛ باہر کو نکلنا یا نکالنا ۔ (بیس بال) گیند کو ایک مختصر اونچے خطِ حرکت کے انداز میں ضرب لگانا ۔ (فعل متعدی) اچانک بھک سے ہونے والی آواز نکالنا یا نکلوانا ؛ فائر کرنا جیسے بندوق کی گولی چلانا ؛ دفعتاً یا خلاف توقع رکھنا یا ٹھونسنا (up, out, into, in یا down کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (متعلق فعل) تیز ، دفعتاً یا خلاف توقع (جیسے : The engine went pop) ۔

pop the question, (بول چال) شادی کا پیغام دینا ۔

pop, a. (بول چال) مقبول عام ۔

pop art, n. پاپ آرٹ ؛ مصوری اور سنگ تراشی کی ایک طرز جسے مقبول عام ذرائع ابلاغ میں اشتہارات یا مزاحیہ چٹکلوں کو مبالغہ آمیزی کے ساتھ یا ہوبہو ان کی نقلیں اتارنے کے لیے کام میں لاتے ہیں ۔

popcorn, n. مکئی کی کِھیلیں ؛ پُھلّے ؛ دیسی مکئی کے دانے جنھیں گرم کیا جائے تو وہ پھٹ جاتے ہیں اور اس عمل سے نشاستہ دار کِھیلیں بن جاتی ہیں ؛ اناج کھیلیں ۔

pope, n. (اکثر بڑے P سے) پاپائے اعظم ؛ پوپ ؛ رومی کیتھولک کلیسا کا سربراہ ؛ اسقف روم جو ایسے ہوں کرتا ہے یا جسے یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ بحیثیت پوپ کے مکمل اختیارات رکھتا ہے ؛ راسخ العقیدہ مشرقی کلیسا کا پادری یا اس کلیسا سے ملحق گرجا کا پادری ۔

popery, n. رُوم کا عیسائی مذہب ؛ پاپائیت ؛ پوپ پرستی ؛ رُومی کلیسا کا مذہب جس میں اس کے عقائد اور اعمال دونوں شامل ہیں ؛(تحقیر آمیز معنی میں مستعمل)۔

popeyed, a. ابھری ہوئی وسیع آنکھوں والا ۔

pop fly, pop-up, n. (بیس بال) اڑن گیند جسے بیس بال کے چوکور میدان کی حدود میں کھیلنے والے کھلاڑی پکڑ سکیں ۔

pop foul, n. (بیس بال) وہ گیند جو خلاف قاعدہ علاقے میں چلی گئی ہو ۔

popgun, n. پٹاخہ ؛ چھوٹی سی بندوق ؛ ہوائی بندوق ؛ چھروں والی کھلونا بندوق جو چلائی جانے پر پھٹنے کی آواز دیتی ہے ۔

popinjay, n. چھچھورا ، شیخی خورا یا چھیل چھبیلا ۔ (قدیم) طوطا ؛ تیراندازوں کے لیے ایک پرند نما ہدف ۔

popish, a. پاپائی ؛ پوپ یا رومی کیتھولک کلیسا سے متعلق (حقارت آمیز معنی میں) ۔

popishly, adv. پاپائی انداز میں ؛ پوپ کی طرح ۔

popishness, n. پاپائیت ؛ پوپ ہونے کی حالت ۔

poplar, n. سفیدہ ؛ درخت تبریزی ؛ ہوّر ؛ ان تیزی سے نشوونما پانے والے درختوں میں سے کوئی ایک جن پر صفصافی جنس پاپولس (Populus) مشتمل ہوتی ہے اور جس کی لکڑی ہلکی نرم ہوتی ہے جیسے لمبارڈی (Lombardy) اور سفیدہ ؛ بہت سے دوسرے درخت/پودے جو ان سے مشابہت رکھتے ہیں جیسے گل لالہ کا درخت ۔

poplin, n. پاپلین ؛ سوتی ، ریان ، ریشم یا اون کا کپڑا ۔

popliteal, a. (تشریح الاعضا) عقب رکبی ؛ پشت ران یا گھٹنے کی پشت میں ٹانگ کے حصے کا یا اس سے متعلق ۔

pop off, v.i. اچانک چلا جانا ، دفعتاً مر جانا ؛ بہت تیزی اور روانی سے بولنا ، اکثر غصے کے ساتھ ۔

popover, n. بند ؛ میدے اور دودھ کے مقابلے میں،زیادہ انڈوں کے ساتھ تیار کردہ کلچہ جو اندر سے کھوکھلا اور اوپر سے پھولا ہوا ہوتا ہے ۔

popper, n. کوئی شخص یا چیز جو اچانک زور دار آواز پیدا کرے ؛مکئی کی کِھیلیں/پُھلّے بنانے کے لیے ایک برتن ؛ پٹاخے کی آواز کے ساتھ پھٹنے والی چیز ۔

poppet, n. لفظ puppet کی ابتدائی شکل ۔ (مشین) سرخراد ؛ گیرہ ؛ ایک صمام جو کھلنے میں اپنی جگہ سے عمودی طور پر اٹھایا جاتا ہے بجائے اس کے ایک طرف اپنے قبضے یا چول سے لٹکا رہے۔نیز: poppet valve ۔ (زیادہ تر برطانوی) کسی لڑکی یا بچے کے لیے پیار کی ایک اصطلاح ؛ پوپٹ ۔ (جہاز رانی) ایک چھوٹی چوبی ساخت جس سے چپّو کا قفل لگا ہوتا ہے اور کشتی کے ایک بالائی کنارے کے ساتھ وابستہ ہوتی ہے ۔

poppet head, n. خراد مشین کا پچھلا حصہ ؛ سر خراد ؛ گیرہ ؛ پوپٹ ۔

poppied, a. گُل لالہ سے ڈھکا ہوا یا مزین ؛ پوست کے رس یا افیون سے متأثر ؛ تھکا ماندہ ، بے چین ۔

popple, v.i. پانی کا تلاطُم یا تموُّج میں ہونا ؛ موجزن ہونا ؛ تیزی کے ساتھ اوپر اور نیچے حرکت ہونا ، جیسے ابلتے ہوئے پانی میں بلبلے ۔ (اسم) ایسی حرکت یا اس کی آواز ؛ متلاطم یا متموّج پانی ۔

poppy, n. پوست ؛ خشخاش ؛ کوکنار ؛ جنس خشخاش کا کوئی بھی پودا ، جو مختلف رنگوں کے خوشنما پھولوں والی جڑی بوٹیوں پر مشتمل ہو جس میں سمنی فیرم (Papaer somniferum) بھی شامل ہے ،جو افیون کا ماخذ ہے اور جس سے ایک قیمتی تیل حاصل ہوتا ہے ؛ ایک ست ، جیسے افیون یا اس قسم کے پودے سے ؛ چمک دار نارنجی سرخ رنگ ؛ گُلِ لالہ ۔

poppycock, n. (بول چال) فضول گفتگو ؛ احمقانہ بات ۔

poppyhead, n. گرجے میں خاص لوگوں کی نشستوں کی پشت پر زیب و زینت کے لیے استعمال ہونے والا ایک کندہ کیا ہوا نقش گلاب یا تاج ؛ گرجے کی منقش چوکی ۔

poppy seed, n. خشخاش ؛ خوشبودار بھورے سیاہ یا سفید رنگ کے بیج جو خشخاش/کوکنار کے پودے سے حاصل کیے جاتے ہیں اور پکانے میں استعمال ہوتے ہیں ۔

populace, n. عوام الناس ؛ خلقت ؛ جمہور ؛ رعایا ؛ عام لوگ ؛ ہجوم ؛ آبادی ؛ عام باشندے ۔

popular, a. مقبولِ عام ؛ عوام الناس کے متعلق ؛ عامیانہ ؛ عمومی ؛ عوامی ؛ چلتا ؛ جاری ؛ مروج ؛ عام پسند ؛ ہردل عزیز ؛ عوام دوست ؛ عام فہم ؛ عام طور پر لوگوں کے لیے خوش آئند یا پسندیدہ ؛ دل پسند ؛ عام لوگوں کا یا ان سے متعلق ؛ سادہ ؛ شناسا ؛ عوام یا ان پر منحصر ؛ عوام کی اکثریت کے لیے مناسب (جیسے : popular prices, popular music) ۔

popularly, adv. ہردلعزیز طور پر ؛ عوامی حیثیت سے ؛ مقبول عام طریقے سے ۔

popular front, people's front, n. عوامی محاذ ؛ بائیں بازو کی ، لبرل اور بعض اوقات میانہ رو جماعتوں کی ایک مخلوط سیاسی تنظیم جو ایک مشترک سیاسی دشمن مثلاً فسطائیت کے خلاف عارضی طور پر بنائی جائے اور آزادی پسندانہ سماجی اصلاح کو فروغ دینے کے لیے کام کرے ۔

popularity, n. ہردلعزیزی ؛ مقبولیت ، مقبول عام ہونے یا عام طور پر عوام کے لیے محترم ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ عوام کی طرف سے جذبۂ نیک سگالی یا تلطف و تکریم ۔

popularize, v.t. مقبول عام بنانا ، عوام کے لیے قابلِ فہم بنانا یا ان میں پھیلانا ؛ اشاعت و تشہیر کرنا ۔

popularization, n. ہردلعزیزی ؛ عام پسندی ؛ مقبولیت ۔

popularizer, n. ہردلعزیز بنانے والا شخص ۔

popular sovereignty, n. عوامی اقتدار اعلیٰ ؛ یہ بنیادی اصول کہ حکومت عوام کے اقتدار اعلیٰ کی امین ہے اور اس لیے اسے اپنے اعمال میں خواہش عامہ کے ساتھ مطابقت پیدا کرنی چاہیے ۔ (تاریخ) امریکا میں ماقبل خانہ جنگی یہ سیاسی نظریۂ حیات کہ کسی نئے علاقے کے عوام کو اپنی داخلی حکمت عملی ، بالخصوص غلامی کے متعلق فیصلہ ، وفاقی مداخلت کے بغیر ، خود اپنی مجلس قانون ساز کے ذریعے کرنا چاہیے ۔

populate, v.t. معمور کرنا ؛ بسانا ؛ آباد کرنا ؛ باشندے مہیا کرنا ؛ لوگوں سے بھرنا ۔

population, n. آبادی ؛ جمعیت ؛ نفوس ؛ کسی مُلک ، شہر یا کسی ضلع یا علاقے میں بسنے والے اشخاص کی کل تعداد ؛ کسی جگہ کے باشندوں کا مجموعہ ؛ کسی جگہ ، کسی مخصوص نسل یا طبقے کے باشندوں کی تعداد ؛ آباد کاری کا عمل یا طریق کار ؛ کسی علاقے کی حالت اس کے باشندوں کی تعداد کے حوالے سے ۔

population density, n. آبادی کی گُنجانی ؛ آبادی کا تعلق اس جگہ کے ساتھ جس پر وہ قابض ہے ، جس کا اظہار لوگوں کی تعداد فی مربع میل کی نسبت سے کیا جاتا ہے ۔

population explosion, n. انفجار آبادی ؛ آبادی کا دھماکا ؛ آبادی میں اضافے کی انتہائی تیز شرح ۔

Populist, n. حامئ عوامیت ؛ عوامیت پسند جماعت یا عوامی جماعت کا رکن ۔ (صفت) عوامیت پسند یا اس کے اصولوں کا یا انھیں ظاہر کرنے والا ۔

Populistic, a. عوامیت کا یا اس سے متعلق ۔

populous, a. گنجان آباد ، معمور ؛ باشندوں سے بھرا ہوا ؛ لوگوں کی گھنی آبادی والا ؛ پرہجوم ۔

populously, adv. پرہجوم طور پر ۔

populousness, n. کثرت آبادی ۔

porbeagle, n. شارک مچھلی ؛ جنس لیمنا (Lamna) کی ایک پرخُور شارک مچھلی ، جو بحر شمالی قطب کے شمال اور بحرالکاہل سے تعلق رکھتی اور اس کی لمبائی تقریباً دس فٹ تک ہوتی ہے ۔

porcelain, n. چینی مٹّی ؛ پورسلین ؛ ظروف چینی ؛ ایک نفیس ، مضبوط ، نیم شفاف عموماً مجلا خزافی مواد ؛ چینی کے برتن ؛ کوئی برتن یا کوئی اور چیز جو اس مواد سے بنی ہو ۔

porcelaneous, porcellaneous, a. چینی دار ؛ چینی مٹّی کا بنا ہوا ۔

porcelain enamel, vitreous enamel, n. انیمل ؛ ایک غیر شفّاف شیشے نما دھات پر چڑھائی ہوئی تہ ؛ چینی دار تہ ؛ چینی کاری ۔

porcelainize, v.t. چینی مٹّی کی تہ دینا ؛ پورسلین چڑھانا ؛ کسی چیز پر، جیسے کسی دھات پر ، خزفیاتی مال چڑھانا ؛ چینی کاری کرنا ۔

porch, n. چھتّا ؛ پیش دہلیز ؛ پیش اُطاق ؛ پیش گاہ ؛ ڈیوڑھی ؛ پورچ ؛ کسی عمارت میں ایک خارجی اضافہ جو دروازے تک پہنچنے کے لیے مسقف راستہ ہو ، برآمدہ ؛ رواق ۔

the Porch, ایتھنز (یونان) کی ایک عوامی بارہ دری جس میں زینو اپنے شاگردوں کو رواقی فلسفے کا درس دیتا تھا ۔

porcine, a. خوک سا ؛ سور کا ؛ خنزیر صفت ؛ خنزیری ، خوکی ؛ سور کے متعلق یا سور کی طرح ؛ خصی سور کی مانند ۔

porcupine, n. سیہ ؛ خارپشت ؛ سیہی ؛ متعدد اقسام کے کترنے والے جانوروں میں سے کوئی ایک جن کے جسم تیز کانٹوں یا نوکدار پروں سے ڈھکے ہوتے ہیں جنھیں یہ جانور اپنی مرضی کے مطابق دفاع کے لیے کھڑا کر سکتا ہے ۔

pore, v.i. استقلال اور مسلسل توجہ کے ساتھ مطالعے میں غرق ہونا ؛ سوچ میں ڈوب جانا ؛

کسی چیز کا پڑھا جانا یا اس پر غوروخوض ہونا ، استقامت کے ساتھ (آخر میں upon, on یا over لگاتے ہیں) ۔

pore, n. سوراخ منفذ ؛ چھید ؛ مسام ؛ ایک نہایت باریک چھید جیسے جلد یا پودے کے پتوں میں جس میں سے سیّال مادے یا دوسری اشیا خارج کی جاتی ہیں یا جذب کی جاتی ہیں ؛ کوئی چھوٹا سا شگاف اسی نوعیت کا ، جیسے پتھر یا دوسری ٹھوس اشیا میں ۔

pored, a. مسام دار ؛ پرمسام ؛ مسامات رکھنے والا ۔

porgy, n. پورگی ؛ پورگی خاندان کی بہت سی خوردنی مچھلیوں ، بالخصوص بحرۂ روم اور بحرِ اوقیانوس کے پانیوں کی سرخ پورگی (Pagrus pagrus)،ان میں سے کوئی ایک یا ان کی رشتہ دار مشرقی ریاستہائے متحدہ امریکا کے ساحل کی اسکب (scub) ۔

poriferan, n. مسام دار جانور ؛ ان غیر فقری/بے ریڑھ جانوروں میں سے کوئی ایک جیسے اسفنج جن پر نوع پوریفیرا(Porif-era)مشتمل ہوتی ہے ۔ (صفت) اس نوع کے متعلق یا اس نوع میں شامل ۔ نیز : Poriferal ۔

porism, n. مسئلہ کثیرالحل ؛ بدیہی نتیجہ ؛ ریاضی کے قدیم مسائل میں سے ایک ، بالخصوص وہ جو اس بات کی دلالت کرتا ہے کہ ایسی شرائط دریافت ہونے کا امکان ہے جو کسی ایک مخصوص مسئلے کو غیر معین یا بے شمار حلوں کے قابل بنا دیں گی ۔

pork, n. لحم خنزیر ؛ گوشتِ خوک ؛ سور کا گوشت جو غذا میں استعمال ہوتا ہے ۔ (عوامی) تصرفات یا عنایات جو حکومت کی طرف سے ، سیاسی اسباب کی بنا پر ، نہ کہ عوامی ضرورت سے عطا کی جائیں ۔

pork barrel, n. (عوامی) ایک سرکاری مسودہ قانون ، تصرف یا منصوبہ جو اس نیت سے شروع کیا جائے کہ ارکان مجلس قانون ساز اپنے حلقہ انتخاب میں مقبول ہوں ۔

porker, n. سؤر ؛ خوک ؛ خنزیر ؛ خصی سور یا عام سور ، بالخصوص وہ جسے گوشت کے لیے موٹا کیا جائے ۔

porkpie hat, n. چھجّے دار ٹوپی ؛ ایک مردانہ ہیٹ جو عموماً کپڑے یا فیلٹ کا ہوتا ہے ، اس کا تاج نیچا اور چپٹا ہوتا ہے اور اس میں کھل بند چھجا لگا ہوتا ہے ۔

pornography, n. فُحش نگاری ؛ ادب یا فن جس کا واحد مقصد جنسی ہیجان مہیا کرنا ہو ؛ فحش ادب یا فن؛ فواحش نامہ ۔

pornographer, n. فحش نگار ۔

pornographic, a. فُحش نگارانہ ۔

pornographically, adv. فحش نگارانہ طور پر ۔

porosity, n. مسام داری ؛ پولا پن ؛ مساماتی ہونے کی کیفیت یا وصف ؛ مساماتی پن ؛ کسی مادے (چٹان یا مٹی) کی اس کے کل حُجم کمیت کے ساتھ مسامات کے حجم کی نسبت ؛ مسامات ۔

porous, a. مسام دار ؛ سوراخ دار ؛ پھولا ہوا ؛ جو بہت سے مسامات رکھتا ہو ؛ مائع ، نور یا ہوا سے سرایت پذیر ۔

porously, adv. مسام دارانہ طور پر ۔

porousness, n. مسام داری ؛ مسام دار ہونے کی کیفیت ۔

porphyrin, n. عمرۃ الدم ؛ ہیموگلوبن اور کلوروفل کی تحلیل سے ، نخز مایہ میں بننے والے ، دھات سے آزاد ، پیرولی اشتقاقیوں کے گروہ میں سے کوئی ایک ۔

porphyroid, n. سماق نما چٹان ؛ سماقی چٹان کے مشابہ ایک چٹان ؛ ایک رسوبی چٹان جس کی اس طرح کایا پلٹ ہو گئی ہو کہ وہ سماقی چٹان جیسی ساخت بن گئی ہو ۔

porphyry, n. سنگ سماق ؛ سماقی چٹان ؛ اصلاً ایک بہت سخت مصری چٹان جس میں ارغوانی اساس پر گلابی رنگ کے فلسپار کی قلمیں شامل ہوتی ہیں ، جس سے نفیس چمک کا احساس ہوتا ہے اورجسے اکثرسنگ تراشی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ عام طور پر کوئی بھی آتشیں چٹان جس میں فلسپار یا کسی دوسری معدن کی قلمیں ، ایک ٹھوس نفیس دانوں والی اساس کے ذریعے پھیلی ہوئی ہوں ؛ آتش فشانی چٹان ۔

porphyritic, a. آتش فشانی چٹان کا یا اس سے متعلق ۔

porpoise, n. خنزیر بحری ؛ سنگ ماہی ؛ سوس ؛ یونس مچھلی ؛ سوسار ؛ ان غول پسند حوتیوں میں سے کوئی ایک ، جن پر جنس خنزیر آبی(Phocaena)مشتمل ہے ، جو پانچ سے آٹھ فٹ تک لمبی ہوتی ہے ، عموماً اوپر کی طرف سیاہی مائل اور نیچے زرد رنگ کی ہوتی ہے ، اس کی ناک چپٹی اور گول ہوتی ہے ، بالخصوص فوکینا (P.phocaena)؛ عام یونس مچھلی ؛ مُتعدد دوسری چھوٹی حوتیوں میں سے کوئی ایک ، جیسے عام ڈولفن ۔

porrect, a. دراز شدہ ؛ آگے کی طرف بڑھتی ہوئی ؛ باہر کو نکلتی ہوئی ۔

porridge, n. دلیہ ؛ لپسی ؛ حریرہ ۔ (برطانوی) ایک طعام جو جئی کے دلیے یا کسی اور دلیے کو کھولتے ہوئے پانی یا دودھ میں آہستہ آہستہ ہلا کر گاڑھا ہونے تک پکاتے ہیں ۔

porringer, n. کٹورا ؛ بادیا ؛ بیلا ؛ شوربا دان ؛ مٹی کا ایک چھوٹا برتن یا دھاتی پیالہ ، ایک دستے کے ساتھ ، دلیے ، شوربے یا اس طرح کے کسی اور طعام کے لیے ، خصوصی طور پر بچوں کے لیے استعمال ہوتا تھا ۔

port, n. بندرگاہ ؛ شہر یا قصبہ جہاں بحری جہاز مال چڑھاتے یا اتارتے ہیں ؛ ایک گودی(سمندر یا جھیل کی) جہاں بحری جہاز طوفان سے بچنے کے لیے پناہ لے سکیں ۔ (بول چال) ایک ہوائی اڈا ۔ (قانون) کوئی بھی جگہ جہاں سے اشخاص اور تجارتی مال کو پانی یا زمینی راستوں سے ملک کے اندر آنے یا اُس سے باہر جانے کی اجازت ہو اور جہاں کسٹم افسر درآمد شدہ مال کا معائنہ کرنے یا اس کا اندازہ لگانے کے لیے متعین ہوں ۔ نیز : port of entry ۔

port, n. (جہاز رانی) بحری جہاز کے ایک پہلو میں سامان جہاز کے اندر لے جانے کے لیے یا روشنی اور ہوا کے اندر داخل ہونے کے لیے دریچہ ۔ (مشین) ایک سوراخ بھاپ ، پانی یا ہوا کے گزرنے کے لیے ؛ ایک چھوٹا شگاف کسی مسلح گاڑی ، ہوائی جہاز یا قلعہ بندی میں توپ یا فوٹو کیمرے کے لیے ۔ (زیادہ تر اسکاٹ لینڈ) پھاٹک یا آستانہ ، جیسے کسی شہر یا قلعے کا ۔

port, v.t. (عسکری) دونوں ہاتھوں سے تھامنا خصوصاً رائفل اس طرح سے کہ اس کی نالی بائیں کندھے کے قریب ہو ۔ (اسم) (عسکری) بندوق یا کسی اور ہتھیار کی وہ پوزیشن جب اسے اٹھاتے

ہوئے لے جایا جاتا ہے ؛ وہ انداز جس میں کوئی شخص اپنے آپ کو رکھتا ہے ؛ چلنے کا ڈھب ۔

port, n. اگر منھ سامنے کی طرف کر کے کھڑے ہوں تو کسی بحری جہاز یا ہوائی جہاز کی بائیں جانب ، پہلو ، طرف یا سمت ۔ نیز : lardboard ۔ (صفت) بائیں پہلو سے متعلق ؛ بائیں ۔ (فعل متعدی و لازم) بائیں طرف مڑنا یا لگانا ۔

port, n. ایک قسم کی میٹھی پرتگالی شراب ؛ میٹھی شراب کی ایک قسم ، عموماً گہرے سرخ رنگ کی ،اصلاً پرتگالی میں بنائی گئی ۔

portable, a. سبک ؛ہلکا؛ سفری ؛ نقل پذیر ، منقول ؛ اٹھاواں ، اٹھاؤ ؛ جا بجا لے جائے جانے یا منتقل کیے جانے کے قابل ؛ بآسانی لے جائے جانے والی۔ (اسم) ایک چیز جو انتقال پذیر ہو جیسے ٹوٹ واں کرسی یا میز۔

portability, n. انتقال پذیری ؛ اٹھاؤ پن ۔

portably, adv. انتقال پذیری سے ۔

portage, n. باربرداری کا کرایہ ، ڈھوائی ؛ مزدوری ؛ ملاحی ؛ لے جانے کا عمل ؛ لے جانے کا فعل یا لے جانے والی گاڑی ؛ کشتیوں یا مال تجارت کو زمینی راستے پر قابل جہاز رانی سمندر کے ساحل سے دوسرے ساحل تک لے جانا ؛ ایک جگہ یا راستہ جس پر ایسا کرنا لازم ہے ؛لے جانے یا منتقل کرنے کا خرچہ/لاگت۔ (فعل متعدی و لازم) بار برداری کرنا ۔

portal, n. آستانہ ؛ چوکھٹ ؛ باب ؛ پھاٹک ؛ دروازہ، بالخصوص ایک بڑا ، مؤثر و دلنشین پھاٹک یا دروازہ ؛ کسی معدن ، سرنگ یا پل کا دروازہ/گزرگاہ ۔

portal, a. (تشریح الاعضا) ورید جگری کا ؛ جگر کے بڑے شگاف کے متعلق جو چوڑائی میں ایک طرف سے دوسری طرف تک ہو ۔ (اسم) نافِ جگر کی سیاہ رگ ۔

portal-to-portal pay, n. چوکھٹ تا چوکھٹ تنخواہ ؛ ایک مزدور کی اس وقت سے لگائی گئی تنخواہ جب وہ آجر کی جائیداد میں داخل ہوتا ہے ، اس وقت تک کے لیے جب وہ اسے چھوڑتا ہے۔

portal vein, n. (تشریح الاعضا) ایک بڑی رگ جو خون کو معدے ، آنت ، لبلبے اور طحال سے جگر تک لے جاتی ہے ۔

portamento, n. (موسیقی) [اطالوی] ایک سُر سے دوسرے سُر کی طرف روانی ، بغیرکسی وقفے کے ۔

portative, a. قابل انتقال ؛ آسانی کے ساتھ لے جایا گیا ؛ لے جانے کی طاقت یا وظیفہ رکھنے والا۔

portcullis, n. اُٹھواں یا اُٹھاواں پھاٹک ؛ لکڑی یا لوہے کا ایک مضبوط جنگلا جو اس طرح بنایا گیا ہو کہ اسے کسی قلعہ بند جگہ کے داخلی پھاٹک کے دونوں طرف کے کھمبوں میں عمودی نالیوں کے ذریعے سرکایا جا سکے اور جسے حملے کے موقع پر پھاٹک کو بند کرنے کے لیے نیچے لایا جا سکے ۔

porte, **Sublime Porte**, n. باب عالی ؛ عثمانیوں کا دربار ؛ سلطنت عثمانیہ کی حکومت ۔

porte-cochere, n. پھاٹک ؛ بڑا دروازہ ؛ گاڑی کے لیے داخل ہونے کا راستہ جو صحن تک پہنچا دیتا ہے؛ کسی عمارت کے دروازے کے آگے ایک مسقف جگہ ، ان لوگوں کو سایہ دینے کے لیے جو عمارت کے اندر آ جا رہے ہوں اور اپنی گاڑیاں باہر چھوڑ رہے ہوں ۔

porte-monnaie, n. ایک بٹوہ یا چھوٹی جیبی بیاض/پاکٹ بک ۔

portend, v.t., v.i. پیش آگاہ کرنا ؛ فال نکالنا ؛ قبل از وقوع ظاہر کرنا یا پہلے سے خطرے کا احساس پیدا کرنا ، جیسے کوئی شگون کرتا ہے؛ پتہ دینا ۔

portent, n. نحوست ؛ کسوف ؛ بدفالی ؛ بدشگونی ؛ اعجوبہ ؛ کسی ایسی چیز کی طرف اشارہ یا اس کا شگون جو واقع ہونے والی ہو ، بالخصوص وہ چیز جو فوری یا مصیبت ناک ہو ؛ پیغمبرانہ اہمیت ؛ حیرت انگیز یا اعجوبہ ۔

portentous, a. منحوس ؛ بدفال ؛ بدشگون ؛ نحس قدم ؛ حیرت انگیز یا اعجوبہ نوعیت کا ؛ شگونی اہمیت کا ؛ فوری طور پر اہم ؛ رعب و جلال یا استعجاب پیدا کرنے والا ؛ حیرت ناک ۔

portentously, adv. از راہ شگون ؛ بدفالی کے طور پر۔

portentousness, n. نحوست ؛ بدفالی ؛ بدشگونی ۔

porter, n. پاسبان ؛ حاجب ؛ پلّے دار ؛ مزدور ؛ قُلی ؛ حمّال ؛ چوکیدار ؛ جس پر دروازے یا پھاٹک کی ذمے داری ہو ؛ دربان ۔

porter, n. قلی ، بردار، حامل، پورٹر ؛ ایک شخص جو سامان لے جاتا ہے یا اجرت پر کسی بوجھ یا سفری سامان کو اٹھا کر کہیں پہنچاتا ہے (جیسے ریلوے کے کسی اسٹیشن پر) ؛ ایک حاضر باش خادم ریلوے کی کسی سونے والی کار یا کھانے کی کار میں ۔

porter, n. شراب شعیر ؛ گہرے تاریک رنگ کی شراب جسے جو یا کسی اور اناج سے ایک بہت اونچے درجۂ حرارت پر شعیرہ بنا کر تیار کیا جاتا ہے ۔

porterage, n. مزدوری ؛ باربرداری ؛ ڈُھلوائی ؛ کسی باربردار شخص یا قلی کا بوجھوں یا پارسلوں کو لے جانے کا عمل ؛ اس کام کے لیے جو روپیہ پیسہ لیا جائے ۔

porterhouse, n. گائے کے گوشت میں سے بہترین،پسلیوں اور پٹھ کا درمیانی دل پسند ٹکڑا ۔ (قدیم) ایک دکان جس میں شراب شعیر اور دوسری شرابیں خوردہ فروخت ہوتی ہوں ۔

portfolio, n. قلمدان وزارت ، اُٹھا کر لے چلنے کے قابل جزدان جو ایک بڑی کتاب کی شکل میں ہوتا ہے اور جس میں ہاتھ سے کھینچے ہوئے نقشوں کے الگ الگ اوراق اور کاغذات رکھے جاتے ہیں ؛ اس قسم کا ایک ڈِبّہ ، جزدان یا بستہ جس میں مملکت کے سرکاری کاغذات ادھر ادھر لے جائے جاتے ہیں ؛ وزیر مملکت یا رکن کابینہ کا عہدہ یا وظائف ؛ مدوار تمسکات اور سرمایہ کاریاں جو کسی سرمایہ کار یا بنک کے پاس ہوں ۔

porthole, n. روزنہ ؛ کسی بحری جہاز کی ایک جانب میں کھلا ہوا روشن دان ، روشنی اور ہوا کے آنے کے لیے ؛ کسی دیوار یا دروازے میں ایک شگاف جس میں سے گولی چلائی جا سکے ۔

portico, n. (فن تعمیر) ایوان ؛ جلوخانہ ؛ غلام گردش ؛ بارہ دری ؛ برساتی ؛ پیش گاہ ؛ ایک قسم کی پیش دہلیز جس کے آگے ستون ہوں، وہ اکثر کسی عمارت کے داخلے پر ہوتی ہے ۔

portiere, n. اندر جانے کے لیے کسی گزرگاہ پر لٹکا ہوا ایک پردہ، خواہ دروازے کی جگہ ہو یا زیب و زینت کے لیے ہو ۔

portion, n. حصہ ؛ جزو ؛ کھنڈ ؛ بھاگ ؛ بہرہ ؛ بخرہ ؛ بانٹ ؛ قسمت ؛ وہ جسے تقسیم کر کے الگ کر دیا گیا ہو ، جیسے کل میں سے ایک جزو ؛ ایک جزو جسے مکمل سمجھا جائے خواہ وہ واقعۃً تقسیم شدہ نہ ہو ؛ الاٹ منٹ ؛ حصہ ؛ کسی شخص کا نصیب یا اس کی قسمت ؛ کھانے کی مقدار جو ایک شخص کو پیش کی جاتی ہے ؛ کسی جائیداد کا ایک حصہ جو ورثے میں آنے والا ہو ؛ جہیز ؛ دہیز ؛ ترکہ ۔ (فعل متعدی) تقسیم کرنا یا بانٹنا (اجزا میں یا حصوں میں ، اکثر اس کے بعد out آتا ہے) ؛ حصوں کی تخصیص کرنا ؛ ایک جزو کو جہیز یا ورثے کے طور پر عطا کرنا ۔

portionless, a. بے حصّہ ؛ بے بہرہ ؛ بے جہیز ۔

Portland cement, n. پورٹ لینڈ سیمنٹ ؛ ایک قسم کا آبی سیمنٹ جو چونے کے پتھر اور چکنی مٹی کے مرکب کو ایک بھٹّی میں جلا کر بناتے ہیں ۔

portly, a. باتمکین ؛ باوقار ؛ عظیم الشان ؛ جلیل ؛ جسیم ؛ لحیم ؛ شحیم ؛ بڑا ؛ زبردست ؛ کسی قدر بھاری یا موٹے تن و توش کا ؛ مضبوط ۔ (قدیم) (بولی) شکل و صورت میں شان دار یا پروقار ؛ پرشکوہ ۔

portliness, n. جسامت ؛ بھاری بھر کم پن ۔

portmanteau, n. بقچہ ؛ یخ دان ؛ جامدانی ؛ کپڑے رکھنے کا تھیلا ؛ ایک صندوق یا ٹرنک ، عموماً چمڑے کا اور اکثر منقسم چند خانوں میں ، سفر کے دوران کپڑے لے جانے کے لیے ؛ اگلے زمانوں میں ایک چمڑے کا صندوق جو سوار کے پیچھے زین سے پیوستہ ہوتا تھا ۔

portmanteau word, n. (لسانیات) عمدہ مرکب ؛ موزوں ترکیب؛ موجود الفاظ کے اجزا کو ملا کر بنایا گیا نیا لفظ ۔

port of call, n. مستعمل بندرگاہ ؛ وہ بندرگاہ جہاں بحری جہاز مختصر قیام کرتا ہے ، مرمت کے لیے ، سامان برائے ترسیل یا مسافروں کو چڑھانے یا اتارنے کے لیے یا مقررہ وقتوں کے نظام الاوقات کے مطابق رُکنے کے لیے ۔

port of entry, n. دیکھیے : port ۔

portrait, n. چتر ؛ مورت ؛ پیکر ؛ کامل نمونہ ؛ شرح واضح ؛ کسی شخص کی رنگین تصویر یا شبیہہ ، بالخصوص چہرے کی اور عام طور پر برائے راست زندگی سے اخذ کی ہوئی ؛ پورٹریٹ ؛ واضح بیان یا الفاظ میں تصویر کشی ۔

portraitist, n. چتر کار ؛ پیکر ساز ؛ لفظی تصویر بنانے والا ؛ شبیہہ ساز ؛ صورت گر ۔

portraiture, n. [فرانسیسی] شبیہہ سازی ؛ صورت گری ؛ نقّاشی ؛ پیکر نگاری ؛ لفظی تصویر ؛ رنگین تصویر ؛ رنگین تصویریں کھینچنے یا الفاظ کے پیرایہ میں واضح تصویر کشی کرنے کا فن ۔

portray, v.t. چربہ اتارنا ؛ چربہ یا نقشہ کھینچنا ؛ تصویر کھینچنا ؛ شبیہ سازی کرنا ؛ شبیہہ اتارنا ؛ نقاشی کرنا ؛ لفظی تصویر بنانا ؛ رنگین یا سادہ شبیہہ کھینچنا ؛ تصویر بنانا ؛ کردار کی اداکاری کرنا جیسے کسی ڈرامے میں ؛ الفاظ میں بیان کرنا ۔

portrayer, n. شبیہہ اتارنے والا ؛ لفظی تصویر بنانے والا ؛ شبیہہ کار ۔

portrayal, n. شبیہہ ؛ پیکر ؛ توصیف ؛ تشریح ؛ رنگین تصویر کشی کا عمل ؛ مکرر پیش کش ؛ رنگین تصویر ۔

Portuguese, a. پرتگالی ؛ پرتگال کے باشندے یا ان کی زبان کا یا ان سے متعلق ۔ (اسم) وہ شخص جو پرتگال میں پیدا ہوا ہو یا وہاں رہتا ہو ؛ وہ زبان جو پرتگال اور برازیل میں بولی جاتی ہے ۔

Portuguese man-of-war, n. پرتگالی مرجان ؛ پھکنا دار آبی جانور ؛ پھکنا دار جنس (Physalia) کے متعدد بڑے بحراعظمی مرجانی جانوروں میں سے کوئی ایک جن کی ایک بڑی کلغی دار ، پھکنا نما ساخت ہوتی ہے جس سے وہ اچھل کر نکلتے ہیں اور جس سے بہت سے محاس لٹکتے ہیں ۔

portulaca, n. خرفہ ؛ جنس خرفیہ (Portulaca) میں سے پرسلین (purslane) خاندان کی ، وسعت کے ساتھ پھیلی ہوئی متعدد جڑی بوٹیوں میں سے کوئی ایک ، بالخصوص عظیم خرفہ (P.grandiflora) ایک بیل والا فصلی باغاتی پھول ۔

posada, n. [ہسپانوی] سرائے ۔

pose, v.i. دکھانا ؛ ظاہر کرنا ؛ حیران کرنا ؛ مشکل باتیں پوچھ کر گھبرا دینا ؛ بات کی جڑ پوچھنا ؛ کسی فنیاتی مقصد کے لیے ایک طبیعی موقف یا رویہ اختیار کرنا یا رکھنا ؛ ایک مخصوص کردار کا مصنوعی طور پر اظہار کرنا ، جیسے اس نظریہ سے کہ دوسروں پر اثر ڈالا جائے ؛ اپنے آپ کو پیش کرنا بالخصوص دھوکے کے ساتھ (جیسے : He posed as an expert on French literature) ۔ (فعل متعدی) کسی تصویر ، ڈرامائی منظر یا اسی طرح کے کسی اور مظاہرے کے لیے اپنے آپ کو ایک مناسب حالت یا رویے میں رکھنا ؛ بیان کرنا ، زور دینا ؛ پیش کرنا ۔ (اسم) ڈھب ؛ ڈھنگ ؛ چھب ؛ روپ ؛ ڈھونگ ؛ انداز ؛ پوز ؛ ایک رویہ ، انداز ، ڈھنگ یا وضع قطع جیسی بالخصوص تصویر کھچواتے وقت کسی نے اختیار کی ہو ؛ تصویر ، پتھر کے مجسّمے یا ڈرامائی منظر وغیرہ میں پیش کیا جانے والا کوئی انداز یا ڈھنگ ؛ ایک ذہنی رویہ ، بالخصوص وہ جو محض اثر پیدا کرنے کے لیے اختیار کیا گیا ہو ؛ مصنوعی اثر اندازی ۔

poser, n. ڈھب/انداز پیش کرنے والا ۔

pose, v.t. کسی مشکل سوال یا مسئلے سے پریشان یا حیران کرنا ؛ پہیلی بُجھوانا ۔

poser, n. پہیلی یا سوال جو الجھن میں ڈال دیتا ہے یا چکرا دیتا ہے ۔

poseur, n. وہ شخص جو کوئی مخصوص انداز یا رویہ ظاہر کرتا ہے (دوسروں پر اثر ڈالنے کے نظریے سے) ۔

posh, a. خوش پوش ؛ ٹھاٹ کا ؛ خوش وضع یا اعلیٰ درجے کا ؛ پررونق ۔

posit, v.t. فرض کرنا ؛ قائم کرنا ؛ وضع کرنا ؛ مضبوطی سے لگانا یا جمانا ؛ نظریے یا اصول کی حیثیت سے مرتب کرنا ؛ حقیقت کے طور پر تسلیم کر لینا ؛ مفروضے کے طور پر مان لینا ؛ موجود ہونے کی توثیق کرنا ۔

position, n. حالت ؛ حال ؛ صُورت یا وضع ؛ انداز ؛ سعت ؛ جگہ ؛ مقام ؛ موقع ؛ مورچہ ؛ دعویٰ ؛ قضیہ ، مسئلہ ؛ نظریہ ؛ موقف ؛ درجہ ؛ مرتبہ ؛ عہدہ ؛ منصب ؛ صورت حال ؛ جگہ یا محلِ وقوع ، بالخصوص دوسری اشیا کے حوالے سے ؛ روایتی یا مناسب جگہ ؛ شرط یا صورت حال جو مفید یا آبرومندانہ ہو ؛ معاشرے میں رتبہ یا حیثیت ؛ منزلت ؛ ملازمت/پیشے کی صورت حال ؛ ملازمت یا عہدہ؛ کسی مقام پر حیثیت یا اس کا تعین ؛ کھڑے ہونے یا رکھنے کا

انداز یا ڈھنگ ؛ جسم کا انداز یا حالت (جیسے :in a prone position) ؛ ذہنی رویہ ؛ وہ جس پر کوئی شخص ایک موقف اختیار کرتا ہے ؛ نقطۂ نظر ؛ فرض کر لینے کا عمل ؛ کوئی اصول یا دعویٰ باضابطہ مرتب کیا ہوا یا پیش کردہ ۔ (فعل متعدی) رکھنا یا متعین کرنا ؛ صحیح جگہ پر رکھنا ، کسی جگہ کا پتہ چلانا ۔

positional, a. وضع ، مقام کے متعلق ۔

positioner, n. مقام متعین کرنے والا ۔

positive, a. مثبت ؛ اثباتی ؛ اصل ؛ صحیح ؛ سچا ؛ حقیقی ؛ ایجابی ؛ متحقق ؛ واقعی ؛ صراحتاً پیش کیا ہوا یا ظاہر کیا ہوا (جیسے : a positive declaration) ؛ قانون سازی یا رواج سے متعین شدہ (جیسے : a positive law) ؛ جس میں کسی اعتراض کی گنجایش نہ ہو (جیسے : a positive proof) ؛ بیان کردہ ؛ متعین ؛ پرزور ؛ رائے یا ادعا میں پراعتماد ، جیسے ایک شخص ؛ مکمل طور پر پُریقین ؛ ضرورت سے زیادہ پر اعتماد ؛ جس کا دوسری اشیا سے کوئی تعلق یا مقابلہ نہ ہو ؛ اضافی اور تقابلی کے برعکس ؛ وہ جو واقعی وجود رکھتا ہو یا وہ جس کے متعلق یہ سمجھا جاتا ہو کہ وہ واقعی وجود رکھتا ہے ؛ حقیقی ، تجربہ کے معاملات سے متعلق یا ان پر مبنی (جیسے : positive philosophy)؛ عملی ؛ غیر قیاسی یا غیر نظری ؛ اچھے یا پُرامید حالات پرمرکوز ؛ تعمیری ؛ ممتاز کرنے والی یا نمایاں کیفیات یا اوصاف کی موجودگی یا ملکیت پر مشتمل یا ان خصوصیات کا حامل ؛ منفی کا مخالف ؛ تکاثر ، ترقی یا اقدامی حرکت کی فرض کردہ سمت کی طرف رواں یا پیمایش کردہ ؛ کسی حکومت کا جو ایسی سرگرمیوں پر ضبط/اختیار حاصل کر رہی ہو جو امن و امان قائم کرنے کے لیے ضروری سرگرمیوں سے متجاوز ہوں ۔ (برق) اس بجلی/برق کا مظہر یا اس سے متعلق جو شیشے کو ریشم سے رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ کسی برقی دور میں برقی رَو کی مخالف سمت میں واقع ایک نقطہ یا حصّہ جو کسی دوسرے برقی رَو کی سمت میں واقع یا حصے سے زیادہ برقی دباؤ رکھتا ہو ۔ (کیمیا) کسی ایسے عنصر یا اصلیہ کا جس کا رجحان برقیوں کو خارج کرنے کی طرف ہو ؛ اساسی ۔ (عکّاسی) روشنیوں اور سایوں کو اس طرح دکھانے والا ، جیسے کہ منفی عکس کی بجائے اصل عکس میں نظر آتے ہوں ۔ (گرامر) متعلق فعل یا صفت کی ابتدائی غیر تفضیلی شکل کا مظہر ۔ (ریاضی) مثبت ؛ صفر سے زائد مقدار ظاہر کرنے والا ۔ (حیاتیات) کسی عضویے کا ، جو ایک مہیّج کی طرف حرکت کر رہا ہو ، جیسے روشنی کی طرف ۔ (جرثومیات) ان جراثیم کی موجودگی کو ظاہر کرنے والا جو مرض کو پیدا کرتے ہیں ۔ (مشین) کسی حرکت یا ایسے پرزے پر توجہ کرنے والا جو ایک مقررہ ، قطعی یا مستقل عمل رکھتا ہے یا اس سے متعلق ۔ (اسم) کوئی مثبت چیز ، کیفیت یا خصوصیت ؛ ایک مثبت مقدار یا علامت ۔ (عکاسی) مثبت عکس ۔ (گرامر) مثبت درجہ یا صفت یا متعلق فعل کی وہ شکل جو اس کا اظہار کرے ۔

positively, adv. قطعی طور پر ؛ یقیناً ؛ اثباتی طور پر ۔

positiveness, n. قطعیت ؛ اثبات ۔

positivism, n. مثبتیت ؛ تجربیت ؛ واقعیت ؛ حقانیت ؛ اثباتیت مثبت ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ قطعیت ، یقین دہانی ؛ ایک نظامِ فلسفہ جس کی بنیاد اگسٹ کومٹ (Auguste Comte) نے رکھی تھی ، جو اپنا تعلق صرف مثبت واقعات اور مظاہر سے رکھتا ہے اور بنیادی علل اور ازلی مصادر پرقیاس آرائی کو خارج از بحث قرار دیتا ہے ۔

positivist, n. ثبوتیت پسند ؛ اثباتی ؛ایجابی ۔

positivistic, a. ثبوتی ؛ ثبوتیت کے متعلق ۔

positron, n. (طبیعیات) پازیٹرون ؛ ایک مثبت برقی باردار ذرّہ جس کی کمیت اور رواں انگیز قوّت برقیہ کے برابر ہو ؛ مثبت برقیہ ؛ مثبتیہ؛

posse, n. مردانِ ہتھیار بند ؛ سپاہیوں کا دستہ ؛ کسی علاقے کے دس سال سے زیادہ عمر کے باشندے جو بلوا فرو کرنے کے لیے طلب کیے جاسکتے ہیں ؛ ایک جماعت یا فوج جو قانونی اختیار سے مسلح ہو ۔

posse comitatus, n. خدمت دستہ ؛ آدمیوں کی ایک جماعت جسے خدمت کے لیے طلب کرنے کا اختیار کسی شیرف کو حاصل ہو ، عموماً ہنگامی حالت کی صورت میں ؛ آدمیوں کی ایک جماعت جو اس طرح خدمت کے لیے طلب کی جائے ۔

possess, v.t. قبضے میں رکھنا ؛ قابض یا دخیل ہونا ؛ مالک ہونا ؛ تحویل ، قابو یا اختیار میں رکھنا ؛ جائیداد کے طور پر رکھنا ؛ اپنی ملکیت میں رکھنا ؛ قبضہ حاصل کرنا ؛ متصرف ہونا ؛ دبا لینا ؛ بس میں کر لینا ؛ علمی استعداد ، ذاتی خوبی یا وصف کے طور پر رکھنا (جیسے : ,to possess patience)؛ علم یا مہارت رکھنا جیسے کسی زبان میں ؛ کسی کا اپنے اوپر یا اپنے دماغ پر قابو رکھنا ؛ کسی روح ، بالخصوص روح خبیثہ کا ، کسی شخص کے اندر حلول کرنا ، اس کو قابو کرنا اور اسے اندر سے تابع کرنا ؛ اس قسم کی روح کے انداز میں کسی جذبے یا خیال کا کسی شخص کو قابو کرنا اور اسے تحریک دینا (جیسے : She was possessed by hatred) ؛ کسی شخص کو جائیداد یا معلومات کا مالک ، قابض یا آقا بنا دینا ؛ کسی شخص کو کسی جذبے یا خیال کے تابع کر دینا ؛ زیر اثر کر دینا ؛کسی فرد کا کسی مخالف جنس کے فرد سے جنسی تعلقات قائم کرنا ۔

possessor, n. قابض ؛ دخیل ؛ مالک ۔

possessed, a. حامل ؛ معمول ؛ جذبۂ شوق ، دیوانگی یا روح خبیثہ سے مغلوب یا متاثر ؛ مجنون ؛ قادر علی النفس ؛ پُرسکون ؛ مالک یا رکھنے والا (جیسے : She is possessed of considerable talent)۔

possessedly, adv. مجنونانہ انداز میں ۔

possessedness, n. جنون ؛ دیوانگی ؛ معمولیت ۔

possession, n. دھن؛دخل ؛ تصرف ؛ مالک ہونے کا عمل یا واقعہ ؛ مغلوب ہونے کی حالت ؛ معمولیت ؛ ملکیت ؛ واقعی تحویل یا قبضہ ، ملکیت سے ممتاز ؛ مِلک ؛ مقبوضہ چیز ۔ (جمع) جائیداد یا دولت ؛ کسی ملک پر بیرونی تسلط ؛ اپنے اوپر یا اپنے دماغ پر ضبط ؛ کسی جذبے یا خیال کا غلبہ یا تحریک کی قوت ؛ املاک ؛ مقبوضات ۔

possessional, a. ملکیت کا یا اس سے متعلق ۔

possessive, a. قبضے یا ملکیت کا یا اس سے متعلق ؛ قابض/مالک ہونے کی خواہش رکھنے والا ؛ کسی دوسرے شخص پر مکمل جذباتی ضبط حاصل کرنے کی خواہش رکھنے والا ۔ (گرامر) قبضے یا ملکیت کا مظہر یا اس سے متعلق ۔

possessively, adv. اضافی طور پر ؛ اضافی ۔

possessiveness, n. اضافیت ۔

possessive, n. (گرامر) حالت اضافی ؛ ایک شکل یا ساخت ، حالت اضافی میں ؛ مضاف الیہ ۔

possessive adjective, n. (گرامر) صفت اضافی ؛ ایک ضمیری اسم صفت جو قبضہ ظاہر کرتا ہو (جیسے : his coat) ۔

possessive pronoun, n. (گرامر) ضمیرِ اضافی : ایک اسمِ ضمیر جو شخصی اسمائے ضمیر سے اخذ کیا گیا ہو اور قبضہ ظاہر کر رہا ہو (جیسے : That glove is mine) ۔

possessory, a. قبضے کا یا اس سے متعلق ؛ قبضہ رکھنے والا ؛ قبضے سے پیدا ہونے والا ؛ قابضانہ ۔

posset, n. شراب کے ساتھ جمایا ہوا دودھ یا دہی ؛ ایک مشروب جو گرمِ دودھ کو شراب انگور یا شرابِ جو کے ساتھ پھینٹ کر عموماً میٹھا اور مسالے دار بناتے ہیں ۔

possibility, n. احتمال ؛ امکان ؛ امکان پذیری ؛ وجود پذیری ؛ ممکن ہونے کی کیفیت یا حالت ؛ کوئی چیز جو ممکن ہے ۔

possible, a. ممکن ؛ امکان پذیر ؛ امکانی ؛ ہون ہار ؛ حد امکان میں ؛ احتمالی ؛ شدنی ؛ وہ جو ہو سکے یا جس کا وجود ہو ؛ جو اب ہو سکے یا آئندہ واقع ہو سکے یا وقت کے دوران کبھی ہو سکے ؛ جو سچ ہو سکے ؛ واقع ہونے/وقوع پذیر ہونے کے قابل ۔

possibly, adv. حسب امکان ؛ بالامکان ؛ ازروئے امکان ؛ ممکن ہے ؛ شاید ؛ بانداز ممکنہ ؛ اتفاقیہ ۔

possum, n. دیکھیے : Opposum ۔

post, n. کھمبا ؛ ستون ؛ کھونٹا ؛ بانس ؛ بَلّی ؛ میخ ؛ جگہ ؛ مقام ؛ چوکی ؛ چھاؤنی ؛ دھات یا لکڑی وغیرہ کا ایک مضبوط موٹا ٹکڑا ، جسے سیدھا عمودی لگایا جائے ، کسی چیز کو سہارا دینے کے لیے یا ایک نقطۂ الحاق کے طور پر (جیسے : The posts of a door,) ؛ کسی گھڑ دوڑ کے راستے پر شروع کرنے اور جیتنے کے مقامات کی نشاندہی کا کھمبا ۔ (فعل متعدی) کسی کھمبے یا دیوار پر اطلاع کے طور پر چپکانا ؛ کسی اعلان نامے/اشتہار کے ذریعے عوام کی توجہ مبذول کرانا (جیسے : ,to post a person for nomination یا ,to post a reward) ؛ عوامی اطلاع یا اعلان کے ذریعے خدمت کرنا (جیسے : ,to post a person as a criminal) ؛ کسی شائع کردہ فہرست میں نام داخل کرنا ؛ نام شائع کرنا ، جیسے گمشدہ بحری جہاز کا ؛ دیوار پر عوامی اطلاعات اور چھوٹے اشتہارات چسپاں کرنا ۔

post, n. عہدہ ؛ اسامی ؛ خدمت ؛ کام جس پر تقرر کیا جائے ؛ فرض ؛ روزگار یا اعتماد کی ایک حیثیت جو کسی شخص کو تفویض کی گئی ہو یا جس پر اس کا تقرر کیا گیا ہو ؛ مقام قیام یا دورے کے لیے مخصوص دائرہ یا حلقہ ؛ کسی سپاہی ، سنتری یا کسی اور شخص کا جو حفاظت یا چوکیداری کے لیے متعین ہو ؛ ایک فوجی چوکی یا مقام ؛ سابق فوجیوں کی تنظیم کی ایک مقامی شاخ ؛ تجارتی چوکی ۔ (فعل متعدی) کسی چوکی یا جگہ پر متعین کرنا ، بحیثیت ایک سنتری کے ۔ (عسکری ، بحریہ) سالاری کی اسامی پر تقرر کرنا ۔

first post and last post, (برطانوی عسکری) بگل کے ذریعے اطلاع ؛ دو بگلوں میں سے کوئی بھی بگل جو رات کے لیے سبک دوش ہونے کی اطلاع دینے کے لیے بجتا ہے ، بمقابلہ نوبت ۔

post, n. ڈاک ؛ ڈاک کی وصولی اور ترسیل کا نظام ؛ ڈاک میں خطوط یا دیگر اشیا بھیجنے کا عمل ؛ ایک وقت کی ڈاک کی ترسیل یا تقسیم یا ڈاک بذات خود ؛ ایک واحد شخص یا وصول کنندہ کی ڈاک/خطوط ؛ خطوط کی تقسیم کا مروجہ نظام ، بالخصوص وہ جو حکومت کے زیر انتظام ہو ؛ ڈاک خانہ یا ڈاک کا لیٹر بکس ۔ (قدیم) ڈاک چوکیوں میں سے کوئی ایک چوکی (کسی مقررہ راستے پر ڈاک بردار گھوڑوں اور آدمیوں کو بدلنے کے لیے) ؛ مقررہ راستے پر تیزی سے ڈاک لے جانے والا شخص ۔ (فعل متعدی) خطوط ارسال کرنے کے لیے ڈاک خانے میں دینا یا لیٹر بکس میں ڈالنا ؛ ڈاک میں ڈالنا ۔ (کھاتہ داری) منتقل کرنا ، جیسے ایک اندراج یا ایک مد کا روزنامچے سے کھاتے میں ؛ ایک مد کا اندراج کرنا مناسب جگہ پر اور مناسب شکل میں ؛ کھاتے میں تمام ضروری اندراجات کرنا ؛ معلومات مہیا کرنا یا مطلّع کرنا ۔ (فعل لازم) ڈاک کے گھوڑوں پر سفر ہونا ؛ تیز رفتاری سے سفر ہونا یا تیزی سے جانا یا گزرنا ۔ (شہسواری) گھوڑے کی چال کے ساتھ زین سے اوپر اور نیچے ہونا ۔ (متعلق فعل) ڈاک کے گھوڑوں کے ذریعے ؛ ڈاک سے یا ہرکارے کے ذریعے ؛ تیز رفتاری سے یا بسرعتِ تمام ۔

postage, n. ڈاک کا محصول ؛ خط یا دوسرے مواد کو ڈاک کے ذریعے لے جانے کا معاوضہ ، عام طور پر پیشگی ادا شدہ ٹکٹ یا ٹکٹوں کے ذریعے ؛ ڈاک ٹکٹ ۔

postage meter, n. ڈاک پیما ؛ ڈاک کی مشین ؛ ایک مشین جو ٹکٹوں کی بجائے بڑی تعداد میں بھیجے جانے والے خطوط پر نشانات طبع کرنے والی اور اس طرح کے کل خرچہ ڈاک کی ایک جدول بنانے والی ہوتی ہے ۔

postage stamp, n. ڈاک ٹکٹ ؛ چٹھی کا ٹکٹ ؛ ایک سرکاری ٹکٹ (خوشنما نمونے میں لفافے کے اوپر یا علیحدہ سے چپکنے والے لیبل پر) جسے ڈاک میں جانے والے خط یا کسی اور شے پر جو ڈاک سے لے جائی جا رہی ہو چپکایا جا سکے (اس شہادت میں کہ ڈاک کا مطلوبہ معاوضہ پیشگی وصول ہو گیا ہے) ۔

postal, a. ڈاک خانے سے یا ڈاک کو لے جانے سے متعلق ۔

postal card, n. دیکھیے : post card ۔

postaxial, a. عقب محوری ؛ ایک جسمانی محور کے متعلق یا اس کے پیچھے واقع؛فقریوں کا؛کسی عضو کے پچھلی طرف سے متعلق ۔

postaxially, adv. عقب محور میں ۔

post bellum, a. عرصہ بعد از جنگ ؛ کسی جنگ ، بالخصوص خانہ جنگی کے بعد کے عرصے سے متعلق ۔

postbox, n. صندوق ڈاک ؛ ڈاک ڈبہ ؛ پوسٹ بکس/ڈاک کا صندوق ، عموماً وہ جو عوامی استعمال کے لیے ہو ؛ لیٹر بکس ۔

post card, postal card, پوسٹ کارڈ ؛ کوئی بھی کارڈ جس پر عموماً کوئی تصویر ہو جس پر ٹکٹ لگا کر ڈاک میں بھیجا جاتا ہے ؛ سرکاری طور پر جاری کردہ ایسا کارڈ جس پر ٹکٹ چھپا ہوتا ہے ۔

post chaise, n. گھوڑا گاڑی ؛ ایک گھوڑا گاڑی جو اگلے زمانے میں مسافروں اور ڈاک کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتی تھی ۔

postcommunion, n. (کلیسیات) تشکر اور عرض حال کی ایک دعا جو عشائے ربانی کے بعد پڑھی یا گائی جاتی ہے ۔

postdate, v.t. تاریخ ما بعد کا بنانا ، جیسے ایک چیک ، خط یا کسی دوسری دستاویز پر اس کی واقعی تاریخِ تعمیل سے بعد کی تاریخ ڈالنا ؛ تاخیر سے آنا ۔

postdiluvian, a. [لاطینی] (بائبل) طوفان نوح کے بعد کا ؛ حضرتِ نُوح کے زمانے کے طوفان کے بعد وجود میں آیا ہوا یا واقع ہونے والا۔ نیز : postdiluvial ۔ (اسم) ایسا شخص جو طوفان کے بعد بھی زندہ رہا۔

postdoctoral, a. مابعد ڈاکٹریٹ ؛ کسی شخص کی ڈاکٹریٹ کی ڈگری مکمل ہونے کے بعد اس کے اعلیٰ علمی مطالعے یا پیشہ ورانہ کام کا یا اس سے متعلق ۔

poster, n. دیواری اشتہار ؛ پوسٹر ؛ بڑا مطبوعہ اشتہار یا اعلان نامہ،چسپاں کیا ہوا،تشہیر یا معلومات عامہ کے لیے ؛ وہ شخص جو اشتہارات لگاتا ہے ۔

poste restante, n. عندالطلب ڈاک ؛ ایک ہدایت جو ڈاک میں جانے والی ان اشیا پر لکھی گئی ہو جنھیں اس وقت تک رکھا جاتا ہے جب تک کہ انھیں طلب نہ کیا جائے ۔ (برطانوی) ڈاکخانے میں تقسیم عام کا محکمہ ۔

posterior, a. متأخّر ؛ مؤخر ؛ بعد میں ؛ پچھلا ؛ آخریں ؛ بعد کا ؛ عقبی؛ پیچھے یا عقب میں واقع ، anterior کے برعکس؛ بعد میں آنے والا (بلحاظ ترتیب جیسے کسی سلسلے میں) ؛ بعد میں آنے والا (بلحاظ وقت ، جیسے prior کے متضاد) (بعض اوقات بعد میں to آتا ہے) ۔ (اسم) جسم کا پچھلا حصہ ؛ سُرین ؛ چوتڑ۔

posteriority, n. (حیوانیات) مؤخّر حالت یا تاریخ ۔

posteriorly, adv. متأخّر طور پر۔

posterity, n. اولاد ؛ نسل ؛ آل ؛ اخلاف ؛ نسلاً بعد نسلٍ ؛ مستقبل کی تمام یا متواتر نسلیں یا وہ اولاد جس کا سلسلہ ایک مورث اعلیٰ سے شروع ہوتا ہے ۔

postern, n., a. دریچہ یا چور دروازہ ؛ بغلی دروازہ ؛ عقبی دروازہ یا پھاٹک ؛ ایک نجی رہ گزر داخلہ ؛ داخلے کے لیے کوئی بھی چھوٹا دروازہ یا پھاٹک جو بڑا دروازہ نہ ہو ۔

post exchange, n. (امریکی فوج) فوج کا خوردہ فروش ادارہ؛ ایک خوردہ فروش ادارہ جسے فوج کسی فوجی مرکز میں چلاتی ہے اور جس سے فوجی عملہ اور دیگر مستند اشخاص متفرق اشیائے صَرف خرید سکتے ہوں ۔ مخفف : PX ۔

postexilic, a. بعدِ اسیری؛ بابل کی جلاوطنی یا یہودیوں کی اسیری کے بعد کے عرصہ (۵۹۷ ـ ۵۳۸ قبل مسیح)سے متعلق ۔

postglacial, a. (ارضیات) ما بعد عصر برفانی ؛ برفانی دَور کے بعد موجود یا واقع ہونے والا ۔

postgraduate, n. پوسٹ گریجویٹ ؛ وہ جو گریجویشن ، عموماً ، ہائی اسکول یا کالج سے ، کر لینے کے بعد اپنے آپ کو اعلی علمی مطالعات میں مشغول کر لیتا ہے ۔ (صفت) اس قسم کے طالب علم یا اس قسم کے مطالعات سے متعلق ۔

posthaste, n. (قدیم) تیز رفتاری ؛ دوڑ دھوپ ؛ دھاوا ۔(متعلق فعل) بڑی رفتار کے ساتھ ؛ فوری طور پر ؛ تیز رفتاری سے ۔

post horse, n. ڈاک گھوڑا ؛ اگلے زمانے میں ڈاک دوڑ کے لیے استعمال ہونے والا گھوڑا جسے مقررہ راستے کی کسی ایک ڈاک چوکی پر رکھتے تھے ۔

posthumous, a. بعد از موت ؛ پس مرگ ؛ باپ کی موت کے بعد پیدا ہونے والا ؛ مصنف کی وفات کے بعد شائع شدہ ؛ کسی کی موت کے بعد جاری ۔

posthypnotic, a. بعد تنویمی ؛ تنویم کے بعد کی مدت کا یا اس سے متعلق ۔

posttiche, a. زائد زیب و زینت ، بالخصوص غیر موزوں طریقے پر ، جیسے سنگ تراشی کے یا عماراتی نقش و نگار ؛ مصنوعی ؛ جعلی یا جُھوٹا ۔ (اسم) ایک نقل یا بدل ؛ جھوٹے بالوں کا نمونہ ؛ مصنوعی بالوں کی لٹ ۔

postilion, Brit. postillion, n. کوتل سوار ؛ پُشتیژ ؛ جب کسی گاڑی کو کھینچنے کے لیے چار یا چار سے زائد گھوڑے استعمال ہوتے ہیں تو آگے چلنے والوں میں سے قریب کے ایک گھوڑے پر سوار ہونے والا ؛ جب صرف دو گھوڑے استعمال ہوتے ہیں اور بکس پر کوئی ڈرائیور نہیں ہوتا تو وہ شخص جو قریب کے گھوڑے پر سوار ہوتا ہے ؛ اسپ سوار ، کوچبان ۔

Post-Impressionism, n. مابعد اثریت ؛ مابعد تاثریت ۔ (اکثر چھوٹے حُرُوف سے) انیسویں صدی کے اواخر میں بعض ایسے فنکاروں کے اصول اور طریقے جو بعد کے معتقدینِ تاثریت کی معروضی حقیقت اور سائنسی طریقوں کی مخالفت کرتے تھے اور اس نظریے پر اصرار کرتے تھے کہ فن کو فنکار کے موضوعی نقطۂ نظر کا مظہر ہونا چاہیے (شکل اور رنگ کی قرابتوں پر اصرار کے ساتھ) ۔

Post-Impression, n. مابعد اثریت ؛ مابعد تأثر۔

Post-Impressionistic, a. مابعد تاثریتی ؛ مابعد اثریتی ۔

postlude, n. (موسیقی) ایک مختصرنغمہ یا حرکت ؛ آرگن موسیقی کا ایک ارادی نغمہ ، گرجا کی ایک عبادت کے آخر میں ۔

postman, n. چٹھی رساں ؛ ڈاک تقسیم کرنے والا ؛ ہرکارہ ؛ ڈاکیا ۔

postmark, n. مُہرِ ڈاک ؛ نشانِ ڈاک ؛ ایک سرکاری نشان جس کی مہر خط یا دوسری ڈاک پر معاوضۂ ڈاک کی تنسیخ کے لیے اور اسے بھیجنے یا وصول کرنے کی جگہ اور تاریخ ظاہر کرنے کے لیے لگتی ہے ۔ (فعل متعدی) ڈاک کے نشان کی مہر لگانا ۔

postmaster, n. پوسٹ ماسٹر ؛ کسی ڈاک خانہ کا افسر انچارج ۔

postmaster general, n. پوسٹ ماسٹر اعلیٰ ؛ کسی ملک کے محکمۂ ڈاک کا سب سے بڑا حاکم انتظامیہ ۔

postmeridiem, a. [لاطینی] بعد دوپہر ؛ بعد ظہر ۔ مُخفف: p.m. ۔

postmillenial, a. دورِ ہزار سال کے بعد کی مدت کا یا اس کے متعلق ۔

postmillenialism, n. نظریۂ آمدِ مسیح ، مابعد ہزار سال ؛ یہ تعلیم یا عقیدہ کہ مسیح کی دوسری آمد،ہزار سالہ دور کی مُدّت کے بعد ہو گی ۔

postmillenialist, n. نظریۂ بالا کا معتقد ۔

postmistress, n. وہ عورت جو کسی ڈاک خانے کی ذمہ دار افسر ہو ۔

post-mortem, a. ,n. [لاطینی] پوسٹ مارٹم ؛ لاش کا طبیّ معائنہ ؛ مردے کی چیر پھاڑ ؛ مرنے کے بعد ، جیسے لاش کا معائنہ موت کے بعد لاش کا طِبّی معائنہ ۔

post-mortem examination, n. تشریح الجثہ ؛ موت کے بعد لاش کا معائنہ ؛ لاش کا طبیّ معائنہ ۔

postnasal, a., n. ناک کے موخر سوراخوں سے متعلق ؛ ناک کے

پیچھے واقع (جیسے : postnasal drip)۔

postnatal, a. بعد از ولادت ؛ ولادت کے بعد ۔

postnuptial, a. شادی کے بعد ہونے یا پیش آنے والا ۔

postnuptially, adv. شادی کے بعد ہونے کے انداز میں ۔

post-obit, a. مؤثّر بعد از وفات ؛ کسی مخصوص آدمی کی موت کے بعد مؤثّر۔

post-obit bond, n. وثیقۂ مشروطُ الموت ؛ کسی قرض خواہ کا دیا ہوا ایک اقرار نامہ جس میں یہ کہا گیا ہو کہ وہ کسی مخصوص شخص کے مرنے کے بعد جس سے وہ ایک ورثہ کا متوقع ہے ، قرض لی ہوئی رقم واپس کر دے گا ۔

post office, n. ڈاک گھر ؛ ڈاک خانہ ؛ حکومت کا ایک محکمہ جس کے سپرد یہ ذمہ داری ہو کہ وہ لوگوں کے خطوط ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچائے ؛ ڈاک وصول کرنے ، تقسیم کرنے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے اور ڈاک کے ٹکٹوں اور دوسری خدمات کو فروخت کرنے کے لیے ڈاک کے سرکاری نظام کا ایک مقام یا دفتر۔

postpaid, adv., a. محصول ڈاک ادا شدہ؛ خطوط یا دوسری ڈاک کے لیے پیشگی ادا کردہ معاوضہ ۔

postpartum, a. (طِب) بچے کی پیدایش کے بعد ۔

postpone, v.t. ٹال دینا ؛ ٹال رکھنا ؛ ملتوی رکھنا ؛ اٹھا رَکھنا ؛ کسی مستقبل کے یا موخر وقت کے لیے چھوڑ دینا ؛ ماتحت بنا دینا ۔

postponable, a. قابل التوا ۔

postponement, n. التوا ۔

postponer, n. التوا میں ڈالنے والا ۔

postposition, n. جزو لاحق ؛ بعد میں رکھنے کا عمل ۔ (گرامر) ایک لفظ یا حرف اُس لفظ کے بعد جس سے وہ متعلق ہے ، بالخصوص ایک حرف لاحقہ جو بطور حرف جار کام کر رہا ہے (جیسے skyward میں ward) ۔

postpositional, a. جزو لاحق کا ؛ لاحقی ۔

postpositionally, adv. از روئے جُزوِ لاحق ۔

post position,n. (گھڑدوڑ) مقام مقررہ ؛ دوڑ کے آغاز میں ہر گھوڑے کا ایک مفوضہ مقام ، یہ مقام پٹڑی کے اندرون سے عددی ترتیب میں مرتب ہوتا ہے ؛ رعایتی مقام آغاز ، نمبر ایک ، جس سے گھوڑا مختصر ترین فاصلہ دوڑتا ہے ۔

postpositive, a. (گرامر) جزو لاحق بنایا گیا - (اسم) جزو لاحق ۔

postpositively, adv. جزو لاحق کے طور پر ۔

postprandial, a. [لاطینی] کسی کھانے ، بالخصوص عشائیہ کے بعد واقع ہونے والا ۔

postrorse, a. دیکھیے : Retrorse ۔

postscript, a. مکرر آنکہ ؛ ضمیمہ ؛عبارتِ مزید ؛ کسی خط کی تحریر ختم ہو جانے اور اس پر لکھنے والے کے دستخط ہو جانے کے بعد اس میں اضافہ ؛ کوئی بھی اضافہ کسی کتاب یا تصنیف میں بطور تتمہ ؛ بعد نوشت ؛ پس نوشت ؛ پس تحریر ؛ کوئی بھی چیز بطور تتمہ شامل کی ہوئی ۔

postulancy, n. اُمّیدواریت ؛ اُمّیدوار ، بالخصوص ایک مذہبی سلسلے میں اُمّیدوار ہونے کے لیے شرط یا مدت ۔

postulant, n. اُمّیدوار ؛ عرضداشت یا درخواست کسی چیز کے لیے ؛ کسی مذہبی سلسلے میں داخلے کے لیے کوئی امیدوار ؛ کوئی ایسا شخص جسے پادری کے لیے اُمّیدوار کی حیثیت سے قبول کرنے پر غور ہو رہا ہو یا اسقفی گرجا میں تقرر کا متمنی ہو ۔

postulate, v.t. مُسلّمہ فرض کرنا ؛ درخواست کرنا ، مطالبہ کرنا یا دعویٰ کرنا ؛ وجود یا حقیقت کا دعویٰ کرنا یا اسے فرض کر لینا ، بالخصوص کسی بحث و تمحیص کی بنیاد بنانے کے لیے ؛ فرض کر لینا بغیر کسی ثبوت کے یا بطور مسلم الثبوت ہونے کے ۔

postulation, n. دعویٰ ؛ مفروضہ ؛ بُنیادی شرط ۔

postulate, n. کوئی چیز مزعومہ ، مطلوبہ یا مفروضہ بغیر کسی ثبوت کے (کسی بحث کے لیے اساس کے طور پر) ؛ بطور مسلم الثبوت ؛ ایک بنیادی اصول ؛ ایک اصول موضوعہ ؛ شرط اولین ؛ مسلمہ ۔ (جمع) مُسلّمات ۔

postulator, n. (رُومی کیتھولک کلیسا) ایک عہدہ دار جو یہ درخواست پیش کرے کہ کسی متوفی شخص کی ولایت کا درجہ کسی کو دیا جائے یا کسی کا نام فہرست اولیا میں باقاعدہ درج کر لیا جائے ۔

posture, n. وضع ؛ ہیئت ؛ آسن ؛ ڈھب ؛ کسی چیز کے متعدد مختلف حصوں کا اضافی میلان : جسم اور جوارح کی بحیثیت مجموعی حالت یا وضع (جیسے : a change of posture) ؛ ایک غیر فطری رویہ ، وضع یا ہیئت کذائی ؛ ذہنی یا روحانی رویہ یا مقام ، حالت ، کیفیت ، بالخصوص معاملات کی ۔ (فعل متعدی) مخصوص وضع یا رویے میں رکھنا ، بالخصوص آسن کا میلان رکھنا ۔ (فعل لازم)کوئی مخصوص آسن یا قرینی رویہ اختیار کرنا ، بالخصوص وہ جو مصنوعی یا غیر فطری ہو ۔

postwar, a. مابعد جنگ ؛ عصر بعد از جنگ یا جنگ کے بعد کی مدت کا ۔

posy, n. گلدستہ ؛ یادگاری چھلا ؛ واحد پھول ؛ ایک غُنچہ ؛ پُھولوں کا ایک گچھا ۔

pot, n. ہانڈی ؛ کروا ؛ چروا ؛ گھڑا ؛ لوٹا ؛ بٹلوئی ؛ ظرف ؛ برتن ؛ پیالہ ؛ دیگچی ؛ مرتبان؛ آبخورہ ؛ کٹورا ؛ ایک مٹّی کا،دھاتی یا کوئی دوسرا برتن ، عموماً گول اور گہرا ، جسے گھریلو یا دیگر مقاصد کے لیے استعمال کیا جائے ؛ گملا جس میں اگتی ہوئی پود رکھی جائے ؛ برتن اپنے محتویات یا اندر رکھی ہوئی چیزوں کے ساتھ ؛ وہ مقدار جو اس میں سمائے ؛ ایک بھرا ہوا برتن ؛ وہ برتن جس میں شراب رکھی جائے یا جس سے شراب پی جائے ؛ شراب سے بھرا ہوا برتن ؛ بید سے بنی ہوئی ٹوکری جس سے مچھلیاں یا قشری حیوانات پکڑے جائیں ؛ بتدریج تباہی کی ایک حالت ۔ (برطانوی) چمنی نلوا ۔ (عوامی) روپے پیسے کی بڑی رقم ؛ چرس ۔ (تاش) ایک وقت میں لگے ہوئے داؤں کا مجموعہ ۔ (فعل متعدی) کسی برتن میں رکھنا ؛ برتن میں رکھنا اور محفوظ کرنا ؛ برتن میں پکانا یا دم پخت کرنا ؛ پھولوں کے گملے میں پود لگانا ؛ گولی چلانا یا مار ڈالنا ؛ شکار کے قواعد و ضوابط کا خیال کیے بغیر صرف کھانے کے لیے گولی چلا کر مارنا ۔ (فعل لازم) (عوامی) کھانے کے لیے شکار کرنا ؛ گولی چلانا ؛ قریب سے گولی مارنا ، جیسے گھات میں سے ۔

potable, a. نوشیدنی ؛ قابلِ شُرب ؛ پینے کے لیے موزوں ۔

(اسم ، اکثر جمع) کوئی چیز جو پی جا سکتی ہے ۔

potage, n. دیکھیے : Soup ۔

potash, n. پوٹاش ؛ ایک قسم کا کھار ؛ پوٹاشیم کاربونیٹ ، بالخصوص خام ناصاف شکل میں گنّے یا لکڑی کی راکھ سے حاصل کیا جاتا ہے ؛ پوٹاشیم ہائیڈروآکسائڈ ۔

potassium, n. (کیمیا) پوٹاشیم ؛ قلویہ ؛ سفیدی مائل رنگ کا ایک نرم دھاتی عنصر جو قدرتی طور پر مرکب حالت میں پایا جاتا ہے ۔

potassic, a. پوٹاشی ۔

potassium bromide, n. (کیمیا) پوٹاشیم برومائڈ ؛ پانی میں حل پذیر قلمی سفوف جسے عکّاسی اور کَندہ کاری کے عملی طریقوں اور بعض ادویاتی مرکبات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

potassium carbonate, n. (کیمیا) پوٹاشیم کاربونیٹ ؛ سفید ٹھوس مادہ جسے شیشے ، صابن اور دیگر اشیا کی صنعت میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

postassium chlorate, n. (کیمیا) پوٹاشیم کلوریٹ ؛ ایک زہریلا ٹھوس نمک جسے جراثیم کُش ، رنگ کاٹ ، بارود ، دیا سلائیوں اور آتش بازیوں کی صنعت اور تکسیدی عامل کی حیثیت سے اکثر استعمال کرتے ہیں ۔

potassium chloride, n. (کیمیا) پوٹاشیم کلورائیڈ ؛ ایک ٹھوس ، پانی میں حل پذیر نمک ، جسے متعدد اقسام کے پوٹاشیم مرکبات اور معدنی پانی اور کیمیائی کھادوں کی صنعت میں ، ایک ماخذ کی حیثیت سے استعمال کیا جاتا ہے ۔

potassium cyanide, n. (کیمیا) پوٹاشیم سایانائڈ ؛ پانی میں حل پذیر زہریلا ، سفید سفوف ، بادام جیسی خوشبو کے ساتھ ، جسے خاص طور پر فوٹوگرافی اور دھات کاری میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

potassium dichromate, n. (کیمیا) پوٹاشیم ڈائی کرومیٹ ؛ ایک زہریلا ، نارنجی سرخ رنگ کا ، قلمی مرکب جسے رنگ ریزی اور فوٹو گرافی میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

potassium hydroxide, potash, n. (کیمیا) پوٹاشیم ہائیڈرو آکسائڈ ؛ ایک سفید، ٹھوس کھار ، جسے نرم صابن بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

potassium nitrate, n. (کیمیا) پوٹاشیم نائٹریٹ ؛ ایک مرکب ، جسے تحفُّظ زا اشیا ، کیمیائی کھادوں اور بارودوں میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ شورہ ؛ قلمی شورہ ۔

potassium permanganate, n. (کیمیا) لال دوا؛ پوٹاشیم پرمیگنیٹ؛ ایک تقریباً سیاہ قلمی مرکب ، جسے تکسیدی عامل ، قابض اور دافع متعدی جراثیم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

postassium sulphate, n. (کیمیا) پوٹاشیم سلفیٹ ، پانی میں حل پذیر ایک نمک جو پھٹکڑیوں ، کیمیائی کھادوں اور معدنی پانی کی صنعتوں میں خاص طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

potation, n. شراب خوری ؛ جرعہ ؛ گھونٹ؛ چسکی ؛ پینے کا عمل؛ پینے کا مقابلہ ؛ تلچھٹ ؛ ایک مشروب ، بالخصوص الکحلی ۔

potato, n. آلو ؛ شکر قند ؛ ایک مزروعہ پودے کی خوردنی جڑ ؛ پودا بذات خود ۔

potato beetle, potato bug, Colorado beetle, n. آلو کا بھونرا ؛ ایک قسم کا بھونرا جس پر پیلی اور کالی دھاریاں ہوتی ہیں ، وہ آلو کے پودوں کی پتیاں کھا کر انھیں سخت نقصان پہنچاتا ہے ۔

potato chip, n. آلو قتلہ ؛ آلو کا ایک کاغذ کے ورق جیسا پتلا تراشا ،خستہ،کرُ کرے مزے کا تلا ہوا اور نمک لگا ہوا ۔ (جمع) آلو چپس ۔

potatory, a. شراب نوشی کا ، اس سے متعلق یا اس کا عادی ۔

pot-au-feu, n. [فرانسیسی،طبّاخی] بکرے کے گوشت اور ترکاریوں کا دم پخت ۔

potbelly, n. آگے کو نکلی ہوئی توند ۔

potbellied, a. توندل ؛ بڑھی ہوئی توند والا ۔

potboiler, n. (بول چال) ایک ادبی یا فنی تصنیف ، جو عموماً اپنے نفس مضمون اور ساخت میں ادنیٰ درجے کی ہوتی ہے اور صرف مالی فائدہ حاصل کرنے کے لیے شائع کی جاتی ہے ۔

potboil, v.i. ادنیٰ تصنیف کا لکھا جانا ۔

pot cheese, n. دیسی پنیر ۔

poteen,pothen, n. وھسکی ، آئرلینڈ میں غیر قانونی طور پر کشید کی ہوئی ۔

potency, potence, n. قُوّت ؛ طاقت ؛ گرفت ؛ بل ؛ شکتی ؛ زور ؛ قُدرت ؛ زور آور ہونے کی حالت یا کیفیت ، اختیار ؛ امکانی قوت ؛ ذی اثر شخص یا چیز ۔

potent, a. قوی ؛ بلوان ؛ زبردست ؛ ذی اختیار ؛ بااختیار ؛ بڑا ؛ بھاری ؛ زوداثر ؛ اہم ؛ تیز ، دبنگ ؛ محکم ؛ معقول ؛ توانا ؛ زبردست طاقت یا اختیار رکھنے والا ؛ طاقتور ؛ زور آور؛ زبردست اخلاقی اثر ڈالنے والا ، دلنشین یا موثر ، جیسے دلائل یا مقاصد؛ طاقتور طبیعی یا کیمیائی اثرات پیدا کرنے والا ، جیسے ایک زہر یا بیہوشی کی دوا؛ جنسی طاقت رکھنے والا ، عموماً مرد کے لیے کہا جاتا ہے ؛ مردانگی کا حامل ۔

potently, adv. زور سے ؛ مُحکم طور پر ۔

potentate, n. مقتدر ؛ حکمران ؛ سلطان ؛ مہاراجہ ؛ بادشاہ ؛ جہاں پناہ ؛ ایسا شخص جو زبردست طاقت یا حکمرانیت کا مالک ہو ؛ فرمانروا ۔

potential, a. وجوبی ؛ احتمالی ؛ مضمر ؛ اختیاری ؛ امکانی نہ کہ واقعی ؛ مخفی ، جو آشکارا ہو سکتا ہے ۔ (گرامر) فعل کی وہ شکل جو طاقت ، امکان ، آزادی یا کسی عمل کی ضرورت کو یا ہونے کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے (جیسے : I may go, he can write,) ۔ (اسم) قُوہ ؛ کوئی چیز جو ممکن ہو سکے ؛ امکان ؛ مخفی صلاحیت ۔ (برق) برقی قُوہ ؛ برقی دَباؤ ؛ مثبت برق کی اکائی کو ، برقاؤ کی مقررہ شرائط کے تحت ، لامتناہی فاصلے سے مقررہ نقطے تک لانے کے لیے ، کیے جانے والا کام ۔

potentially, adv. امکانی طور پر ۔

potential energy, n. (طبیعیات) توانائی بالقُوہ ؛ مخفی توانائی ؛ امکانی توانائی ؛ کسی جسم کی توانائی جو حرکت کی بجائے اس کے اضافی مقام کی وجہ سے ہو ، جیسے ایک مرغولی کمانی کی یا کسی پہاڑی کی چوٹی پر ایک پتھر کی ۔ بمقابلہ : kinetic energy ۔

potentiality, n. قوائیت ؛ احتمال ؛ امکانی قوت ؛ دباؤ ؛

توانائی ؛ استعداد ؛ مخفی قُوّت ؛ پرزور یا امکانی ہونے کی حالت ؛ امکان مگر واقعیت نہیں ؛ خلقی طاقت یا وصف جس کا بظاہر اظہار نہ ہو ۔

potentiate, v.t. پرزور بنانا یا اس کی صفت پیدا کرنا ؛ اثر کو بڑھانا یا زیادہ شدید کرنا ، جیسے کسی جڑی بُوٹی/دوا کا ۔

potentiation, n. قُوّت دینے کا عمل ۔

potentiator, n. قُوّت دینے والا شخص یا چیز۔

potentilla, n. گُل بوتہ ؛ کوئی بھی پودا گلابی جنس کا، جو ایسی جڑی بوٹیوں اور جھاڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے جن کے متبادل پرہ دار یا پنجہ نما پتے ہوتے ہیں ، جیسے یورپی پنج برگہ(Potentilla reptans)یا شمالی امریکی نوع P.canadensis ۔

potentiometer, n. قوہ پیما ؛ انجذاب آب پیما ؛ زور کو ناپنے کا پیمانہ ۔ (برق) ایک برقی آلہ جسے دباؤ ؛ برقی رو یا مزاحمت کو ناپنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے ۔

potentiometric, a. قوہ پیمائی کا یا اس سے متعلق ۔

potful, n. وہ مقدار جو ایک برتن میں سما سکے ؛ برتن بھر ۔

pothecary, n. (بولی) عطّار/دوا فروش ؛ پنساری ۔

pother, n. انتشار ؛ کھلبلی ؛ الجھن ؛ شوروغل ؛ ایک سلگتا ہوا بادل ، جیسے دھوئیں کا ۔ (فعل متعدی و لازم) پریشان کرنا یا ہونا ؛ تنگ کرنا یا ہونا ۔

potherb, n. خوردنی جڑی بوٹی ؛ ساگ پات ؛ ایسی جڑی بوٹی جس کے پتے اور ڈنٹھل کھانے کے قابل ہوں اور جسے پکانے کے لیے استعمال کیا جائے جیسے چقندر کی سبزی ؛ وہ بوٹی جو خوراک کو خوشبودار اور چٹ پٹا بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہو ، جیسے میتھی ، دھنیا ۔

pothole, n. کُنڈ ؛ جوف درونِ دریا ؛ کسی دریا کی پتھریلی تہ میں ایک مدور جوف جو دریا کے بہاؤ میں پتھروں کے چکر کاٹنے کے عمل سے بنتا ہے ؛ شاہراہ، سڑک یا پگڈنڈی کی سطح میں ایک گہرا گڑھا ۔

pothook, n. آنکڑا ؛ کانٹا ؛ ٹیڑھی سیخ ؛ ایک آنکڑا جس پر برتن اور پتیلیاں آگ کے اوپر لٹکائی جاتی ہیں ؛ منحنی سریا جسے گرم برتن لے جانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛S سے مشابہ ایک نشان یا حرف ، تمہیدی تحریر میں لگایا جانے والا ۔

pothouse, n. (برطانوی) بُوزہ خانہ ، میخانہ ؛ شراب خانہ ۔

pothunter, n. شکار خور ؛ ایک شکاری جو انعامات جیتنے کا زیادہ خیال رکھتا ہے بہ نسبت شکار سے لطف اندوزی کے ؛ وہ شخص جو جانوروں کو محض کھانے کے لیے شکار کرتا ہے ۔

potiche, n. مخروطی گلدان ؛ چینی کا بنا ہوا ، گول یا کثیر الزاویہ شکل کا چوٹی کی طرف سے تنگ ہوتا ہوا گلدان یا مرتبان ۔

potion, n. گھونٹ ؛ جُرعہ ؛ رقیق دوا ؛ عرق ؛ شربت ؛ پلانے کی کوئی چیز ؛ دوا کی خوراک ؛ تلچھٹ یا مشروب ؛ ایک سیال جس کے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ وہ جادوئی یا زہر آلود قوتیں رکھتا ہے ۔

potlatch, n. ریڈ انڈین عید ؛ شمالی ساحل بحرالکاہل کے کچھ امریکی انڈینوں میں ایک تحفہ یا پیشکش یا تقریبی میلہ جس میں تحائف کا تبادلہ ہوتا ہے ، دولت کے ایک تقابلی مظاہرے کے ساتھ ۔ (بول چال) ایک سماجی اجتماع یا پارٹی ۔

pot liquor, n. شوربا ؛ یخنی ؛ پکانے اور گوشت یا ترکاری کو نکال لینے کے بعد برتن میں جو شوربا یا یخنی باقی رہ جائے ۔

potluck, n. دال دلیہ ؛ ماحضر ؛ جو کچھ ایک برتن میں ہو یا ایک خاندان کے کھانے کے لیے مہیا کیا گیا ہو یا مہانوں کو دیا گیا ہو ؛ ایک غیر رسمی کھانا جس میں ہر مہمان مشارکت کے لیے ایک طعام لاتا ہے ۔ (صفت) ایسے کھانے میں شریک ہونے والا ۔

pot marigold, n. گیندا ؛ گل صد برگ ؛ ایک پودا جس کی کاشت خاص طور پر اس کے بڑے نارنجی یا زرد پھولوں کے لیے کی جاتی ہے ؛ گل صد برگ کا ایک پودا ؛ کیلینڈولا آفیسینالِس (Calendula officinalis)جس کے پھولوں کی گھنڈیاں بعض اوقات کھانے کو مزیدار بنانے کے لیے مسالے کے طور پر استعمال ہوتی ہیں ۔

potpie, n. گوشت اور ترکاریوں کا ایک مُرکّب جس پر پیسٹری نما سخت چھلکا ہوتا ہے اور ایک گہری قاب میں پکایا جاتا ہے ؛ گوشت اور آٹے کی گولیوں کا ایک اِسٹو (دم پُخت) ۔

potpourri, n. کشکول ؛ خشک پھولوں کی پنکھڑیوں اور مسالے کا مرکب جسے ایک مرتبان میں خوشبو کے لیے رکھتے ہیں ؛ موسیقی کا مخلوط/مرکب نغمہ ؛ متفرق ادبی ، اقتباسات کا ایک مجموعہ ۔ مخلوط یا غیر مربوط اجزا کا کوئی بھی مجموعہ ۔

pot roast, n. بُھنا گوشت ؛ گوشت ، اکثر سڈول یا گول بوٹیوں میں جسے تھوڑے سے پانی کے ساتھ ایک بند برتن میں عموماً ترکاریوں اور مسالوں کے ساتھ ملا کر پکاتے ہیں ۔

potsherd, n. سفال ؛ قدیم ٹھیکری ؛ مٹی کے برتن کا ایک ٹکڑا ، بالخصوص وہ جو محققین آثارقدیمہ کی دلچسپی کا باعث ہو ۔

pot shot, n. بے مقصد تفریحاً چلائی جانے والی گولی ؛ وہ گولی جو شکار پر محض برتن کو بھرنے کے لیے چلائی جائے اور جس میں شکار کے قواعد و ضوابط کا کوئی لحاظ نہ رکھا گیا ہو ؛ کسی جانور یا شخص کے قریب سے کسی گھات میں سے چلائی گئی گولی ؛ اندھا دھند گولی چلانے کا عمل ؛ کسی چیز کے لیے ایک بے قاعدہ کوشش ؛ ایک قول جس میں عیب جوئی کی گئی ہو ۔ (فعل متعدی) بے مقصد گولی چلانا ؛ اندھا دُھند گولی چلانا ۔

pot still, n. شراب کی بھٹّی ؛ ایک بڑا برتن جسے وھسکی کی کشید کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور جس کو حرارت اس کے پیندے کی سطح پر براہ راست آگ جلا کر پہنچائی جاتی ہے ۔

potstone, n. کُوزہ پتھر ؛ سنگ صابون کی ایک کھردری دانہ دار قسم جو اگلے زمانے میں کھانا پکانے کے برتن بنانے میں استعمال ہوتی تھی ۔

pottage, n. ہنڈیا ؛ سالن ؛ ترکاری ؛ دم پخت ؛ شوربا دار سالن ؛ ترکاریوں کا ایک اسٹو یا گاڑھا شوربا ، بالخصوص گوشت کے ساتھ ۔

potter, n. (خاص طور پر برطانوی) کمہار ؛ کوزہ گر ؛ کلال ؛ سفال گر ؛ وہ شخص جو مٹی کے برتن یا کسی اور قسم کے کھانے پینے کے برتن بناتا ہے ۔

potter, v.i. (خصوصاً برطانوی) آوارہ گردی کرنا ؛ بیکار پھرنا ؛ وقت ضائع کرنا ؛ غیر موثر طریقے پر مشغول رہنا ؛ فضول کاموں میں مشغول ہونا ۔

potterer, n. فضول وقت ضائع کرنے والا شخص ۔

potteringly, adv. غیر مؤثر طور پر ؛ وقت ضائع کرنے کے انداز میں ۔

potter's clay, n. چکنی مٹی ؛ مٹی کی ایک قسم جو سرخی مائل یا بھورے رنگ کی ہوتی ہے ، پکنے پر سرخ ہو جاتی ہے اور جسے مٹی کے برتن بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

potter's field, n. اجنبیوں کا قبرستان ؛ گورستان غریباں ؛ ایک قطعۂ زمین جسے اجنبیوں اور غریبوں کو دفن کرنے کے لیے مخصوص کر دیا گیا ہو ۔

potter's wheel, n. کمہار کا چاک ؛ چرخ کوزہ گر ؛ ایک افقی طور پر گھومنے والا گول پاٹ جس پر مٹی رکھ کر کمہار برتن ڈھالتا ہے ۔

pottery, n. کُوزہ گری ؛ ظروف سازی ؛ مٹی کے برتن ؛ ظروف گِل ؛ گیلی مٹی کو شکل دے کر اور سخت حرارت سے پکا کر بنے ہوئے برتن ؛ ظروف سازی کا کاروبار ؛ وہ جگہ جہاں مٹی کے برتن بنائے جاتے ہیں ۔

pottle, n. نصف گیلن کا پیمانہ ؛ اصلاً رقیق اشیا کا ایک پیمانہ دو کوارٹ کا ؛ کوئی بھی پینے کا بڑا برتن یا ڈھکن دار پیالہ جس میں آدھا گیلن پانی آتا ہے ؛ الکحلی مشروب ۔ (برطانوی) پھل رکھنے کے لیے کوئی برتن یا چھوٹی ٹوکری ۔

Pott's disease, n. (امراضیات) بوسیدگیٔ فقرات ؛ مرضِ پوٹ ؛ فقرات کی عظیم بوسیدگی جو ایک چھوت سے پیدا ہوتی ہے اور جس سے ریڑھ کی ہڈی نمایاں طور پر خمیدہ ہو جاتی ہے ۔

potty, a. (برطانوی) جس کی کوئی اہمیت نہ ہو ؛ خفیف ؛ معمولی ۔ (برطانوی عوامی) تھوڑا سا دیوانہ ؛ بیوقوف ۔

potty, n. پاٹ ؛ چھوٹے بچّوں کے رفع حاجت کے لیے ایک برتن ۔

potty-chair, n. ایک چھوٹی کھلی کرسی ایک برتن پر رکھی ہوئی ، کسی بچے کو رفع حاجت کی تربیت دینے کے لیے ۔

pouch, n. تھیلی ؛ اوجھ ؛ ڈوڈا ؛ تخم دان ؛ بُقچی ؛ ایک تھیلا ، کیسہ ، بٹوا یا اسی قسم کی کوئی اور چیز جس میں متفرق اشیا رکھی جاسکیں ، بالخصوص چھوٹی اشیا ؛ ایک چھوٹا بٹوا روپیہ پیسہ رکھنے کے لیے ۔ (خصوصاً اسکاٹ لینڈ) کسی لباس میں ایک جیب ؛ ایک تھیلا یا صندوق اسلحہ کے لیے ؛ کارتوسوں کے لیے ایک صندوق ؛ ایک تھیلا ڈاک لے جانے کے لیے ؛ کوئی چیز ایک تھیلے یا جیب کی شکل میں یا اس سے مشابہ ؛ آنکھوں کے نیچے گوشت کی ایک تھیلے جیسی شکن ۔ (تشریح الاعضا ، حیوانیات) ایک تھیلے نما یا جیب نما عضویہ ، کیسہ یا تھیلا ؛ حواصل کی چونچ کے نیچے گلوئی کیسہ ؛ گوفر کے رخسار کی تھیلی نما بڑھوتری ، کیسہ ، تھیلی ۔ (نباتیات) ایک تھیلی جیسا جوف ؛ ڈوڈی ۔ (فعل متعدی) کسی بٹوے ، تھیلے یا جیب میں رکھنا یا بند کرنا ؛ جیب میں رکھنا ؛ بعض اوقات ، کسی مچھلی یا پرندے کا ، اپنے پوٹے میں رکھنا ؛ نگلنا ؛ جیب جیسی شکل میں لگانا ۔ (فعل لازم) جیب یا جیب نما خلا بنانا ۔

pouched, pouchy, a. کیسہ نما ؛ تھیلی نما وغیرہ ۔

pouf, n. پف ؛ ایک قسم کا ہیٹ جیسے اٹھارویں صدی کے موخر حصہ میں عورتیں پہنتی تھیں ؛ جُوڑا ؛ بالوں کی ایک ترتیب گدّی کے اوپر ؛ ایک گدی یا پف جسے لباس یا ہیٹ پر زیبایش کے لیے لگاتے ہیں ؛ گدے دار تخت پوش ۔

poulard, poularde, n. مرغی جس کا بیضہ دان نکال دیا گیا ہو تاکہ اس کا گوشت کھانے کے لیے بہتر ہو سکے ۔

poult, n. چُوزہ ؛ مرغی کا بچّہ ؛ نوعمر پرندہ ۔

poulterer, n. مرغی فروش ؛ مرغی والا ؛ مرغیاں ، بطخیں وغیرہ بیچنے والا ۔

poulter's measure, n. (شاعری) ایک بحر جس کی خصوصیت ۱۲ ارکان ہجا اور ۱۴ ارکان ہجا کے متبادل مصرع ہوں ۔

poultice, n. لیپ ؛ پُلٹس ؛ ضماد ؛ مرہم پٹی کے سلسلے میں ایک ملائم کرنے والی شے ، لئی ،لگدی یا لُبدی جو آٹا ، روٹی یا دیگر ایسی ہی نرم شے سے تیار کی جاتی ہے اور اسے جسم کے دکھتے ہوئے یا سوزاں حصے پر لگاتے ہیں ؛ بسخہ ۔ (فعل متعدی) پلٹس سے ڈھکنا ؛ ضماد کرنا ؛ پلٹس لگانا ۔

poultry, n. پالتو پرندے ؛ مرغی ؛ پولٹری ؛ گھریلو پرندے ، جیسے مرغ اور مرغیاں ، بطخیں ، پیلو اور ہنس ۔

poultryman, n. مرغی فروش ؛ پولٹری والا ؛ گھریلو پرندوں کا پالنے والا ، بالخصوص تجارتی مقاصد کے لیے ؛ وہ جو مرغ اور مرغیاں وغیرہ بیچتا ہے ۔

pounce, n. پنجہ ؛ چنگل ؛ شکار کی کسی چڑیا کا پنجہ یا چنگل ؛ اچھل کر حملہ یا اچانک جھپٹّا ، جیسے شکار پر ۔ (فعل متعدی و لازم) پکڑ لینا پنجوں یا چنگلوں کے جھپٹّوں سے یا نیچے غوطہ لگا کر اچانک دبوچ لینے سے ، جیسے ایک شکاری پرندہ کرتا ہے ؛ پنجہ مارنا ؛ چنگل مارنا ؛ چھیدنا؛ سانتا ؛ سوراخ کرنا ؛ دبوچنا ؛ کودنا ؛ جھپٹنا ؛ تیزی سے ہلہ بول دینا ؛ اچانک آ جانا (جیسے : to pounce into a room) ۔

pounce, n. روشنائی خشک کرنے کا بالو ؛ خاکہ اتارنے کے لیے پسا ہوا کوئلہ ؛ ایک باریک سفوف ، جیسے سمندر جھاگ کا ، جسے اگلے زمانے میں روشنائی کو پھیلنے سے روکنے کے لیے تحریر پر ڈالتے تھے ، جیسے ایک ایسی جگہ پر جہاں الفاظ مٹائے گئے ہوں یا ایک بے کلف کاغذ پر یا لکھنے کے لیے چمڑے سے تیار کیے ہوئے کاغذ پر ؛ باریک سفوف جو ایک سوراخ دار نمونے کے ذریعے چھڑک کر کسی بنی ہوئی شکل کو کاغذ پر منتقل کرنے کے لیے مستعمل ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) چھڑکنا ، چکنا کرنا یا تیار کرنا (باریک سفوف سے) ؛ باریک سفوف کو سوراخوں میں سے گزار کر عکس اتارنا ؛ سطح کو چمک دار چکنا بنانا ، جیسے ریگ مال سے رگڑ کر چمکاتے ہیں ۔

pouncet box, n. عطر دان ؛ خوشبو دان ؛ ایک چھوٹا صندوق جس کے ڈھکنے میں سوراخ ہوں اور جسے خوشبو رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہو ۔

pound, n. پونڈ ؛ وزن کی اکائی جو مختلف ملکوں اور مختلف زمانوں میں بہت زیادہ بدلتی رہی ہے ؛ سلطنت برطانیہ اور ریاستہائے متحدہ امریکا دونوں میں سے ہر ایک نے قانوناً دو اکائیاں مقرر کیں،ایک پونڈ اوائر ڈیوپرز (pound avoirdupors) ۷۰۰۰ گرین کا ، ۱۶ اونسوں میں منقسم ،عام اشیاء کےلیے مستعمل اور دوسری پونڈ ٹرائے

(pound troy) ۵۷۶۰ گرین کا ، ۱۲ اونسوں میں منقسم ، سونے چاندی کے لیے مستعمل اور ریاستہائے متحدہ امریکا میں یہی اکائی /نظام الاوزان عطاری اور دواسازی کے لیے بھی مستعمل رہا ہے ۔ مخفف: lb, ۔ (برطانوی) اسٹرلنگ پونڈ ؛ پہلے ۲۰ شلنگ یا ۲۴۰ پنس کا ہوتا تھا اب یہ ۱۰۰ پینی کے برابر ہوتا ہے اور اسے اعداد سے قبل علامت £ سے ظاہر کیا جاتا ہے ؛ ایک سابقہ زر حسابی /پونڈاسکاٹس ابتدا میں پونڈ اسٹرلنگ کے برابر ہوتا تھا مگر ۱۶۰۳ء میں انگلستان اور اسکاٹ لینڈ کے حکومتی اتحاد کے بعد وہ پونڈ اسٹرلنگ کا صرف بارھواں حصہ رہ گیا ؛ آسٹریلیا ، مصر ، آئرلینڈ ، اسرائیل ، لبنان ، نیوزی لینڈ ، جنوبی افریقہ ، جنوبی رہوڈیشیا ، شام اور ترکی کی زری اکائی ۔

pound, v.t. چُور چور کر ڈالنا ؛ چورا کرنا ؛ کچلنا ؛ چھینا ؛ کوٹنا ؛ پیسنا ؛ ضربیں لگا کر کچلنا ، جیسے کسی آلے سے (جیسے : to pound drugs with a pestle in a mortar) ؛ ہاون دستے میں کوٹنا ؛ باریک سفوف بنانا ؛ حل کرنا ؛ بہت زور کے ساتھ متواتر ضرب لگانا ، جیسے کسی آلے یا گھونسے سے یا مشین کے ذریعے سے یا اسی طرح کے کسی اور طریقے سے ؛ مسلسل گھونسے لگانا یا مار مار کر مسمار کر دینا (اکثر out کے ساتھ) ؛ آواز پیدا کرنا ضرب لگا کر یا تھپ تھپا کر یا کسی اور طریقے سے تھپ تھپانے کا اثر پید کرکے (جیسے : to pound out a tune on the piano) ؛ زبردستی کرنا جیسے مزاحمت کے مقابلے میں راستہ پیدا کرنے کے لیے مار پیٹ کر کے ؛ کوٹ پیٹ کر ٹھوس یا مضبوط بنانا ۔ (فعل لازم) متواتر بھاری ضربیں لگانا یا پیٹنا ؛ موجوں کے خلاف بھاری دھکے لگانا جیسے کشتی کا ؛ زور سے حرکت کرنا یا شدت سے دھڑکنا ، جیسے دل کا ؛ تھپڑ لگنے کی آواز دینا ، جیسے ڈھول کا ؛ گھوڑے پر زیادہ عرصے کے لیے سواری کرنا ؛ ادھر ادھر بھرنا زور یا طاقت کے ساتھ ۔ (اسم) کوٹنے کا عمل ؛ بھاری ضرب یا اس کی آواز ۔

pound, n. احاطۂ مویشیاں ؛ کانجی ہاؤس ؛ پھاٹک ؛ مویشی خانہ ؛ غیر قانونی تجاوز کرنے والے یا آوارہ پھرنے والے مویشیوں ، کتوں وغیرہ کو حراست میں رکھنے یا سامان کی حفاظت اس وقت تک کرنے کے لیے جب تک انھیں چُھڑایانہ جائے ؛ احاطہ جس کی دیکھ بھال کوئی بااختیار ادارہ کرتا ہو ؛ عام طور پر ایک احاطہ جانوروں کو پناہ دینے ، رکھنے ، قید کرنے یا جال میں پھانسنے کے لیے ؛ مچھلیوں کے لیے ایک احاطہ یا جال ۔ (مجازاً) کوئی جگہ حراست میں رکھنے یا قید کرنے کے لیے ۔ (فعل متعدی) مویشی کو باندھ رکھنا ؛ حدود کے اندر بند رکھنا ؛ پھاٹک میں دینا ۔

poundage, n. شرح فی پونڈ ؛ محصول ؛ کمیشن یا شرح فی پونڈ اسٹرلنگ یا فی پونڈ وزن ؛ وزن پونڈوں میں ؛ دستوری یا کٹوتی فی پونڈ ۔

poundage, n. محصول برائے تحفُّظِ مویشی ؛ پھاٹکی ؛ جانوروں کی قید و بند عموماً مویشیوں کی ایک مویشی خانہ میں ؛ مقید جانور کو آزاد کرنے کے لیے مطلوبہ فیس ۔

poundal, n. (طبیعیات) پونڈل ؛ قُوّت کی ایک اکائی جو اس قوت کے برابر ہوتی ہے جو کمیت کے ایک پونڈ پر ایک سیکنڈ تک عمل کر کے اسے ایک فٹ فی سیکنڈ فی سیکنڈ کا اسراع دیتی ہے ۔

pound cake, n. پونڈ کیک ؛ ایک پُرتکلف شیریں کیک جس میں مکھن ، شکر اور میدہ پونڈ فی پونڈ کے حساب سے (یعنی ہم وزن) استعمال کیا گیا ہو ۔

pounder, n. کوٹنے والا ؛ ضرب لگانے والا ؛ ہاون دستہ ؛ ایک شخص یا ایک چیز جو کوٹتی ، سفوف بناتی یا پھینٹتی ہے ؛اوکھلی؛ موگری ؛ موسل ۔

pounder, n. ایک شخص یا ایک چیز جو ایک پونڈ یا پونڈوں کی متعین تعداد کا وزن یا قدر رکھتی ہو یا اس سے متعلق ہو ؛ ایک توپ جو پونڈوں میں متعین وزن کا گولا پھینکتی ہے ۔

pound-foolish, a. بڑے خرچ میں بے احتیاط ؛ بیوقوف یا بے احتیاط بلحاظ بڑی رقوم کے ۔ بمقابلہ:pennywise ۔

pound mile, n. ایک پونڈ ڈاک ایک میل لے جانے کے لیے شرح معاوضہ ۔

pound net, n. تالابی جال ؛ ایک قسم کی باڑھ یا مچھلیاں پکڑنے کے لیے جال جس میں ایک سمٹے ہوئے تنگ دروازے کے ساتھ ایک گڑھا یا احاطہ ہوتا ہے ۔

pour, v.t. انڈیلنا ؛ بہانا ؛ رقیق ، سیال یا بکھرے ہوئے ذروں میں مادے کو بہتا ہوا بھیجنا یا ڈالنا ، جیسے ایک برتن سے کسی چیز میں (جیسے : to pour water on fire, to pour sugar on cereal.) ؛ ارسال کرنا یا چھوڑنا مسلسل اور تیزی کے ساتھ یا فراوانی سے ؛ اظہار رائے کرنا ، آزادی کے ساتھ یا بغیر تحفظ کے ، جیسے کسی شخص کا اپنے خیالات کو بلا کم و کاست کہہ ڈالنا ۔ (فعل لازم) مسلسل بہنا جیسے ندی (کا) ؛ شدت سے بارش ہونا (جیسے : to pour all day)؛ حرکت کرنا یا آگے بڑھنا زبردست مقدار یا تعداد میں (جیسے : the crowd poured into the street) ؛ چائے پر یا استقبالیہ میں پیش کرنا ۔ (اسم) بارش ؛ بکثرت یا مسلسل بہاؤ یا چشمہ ؛ سخت بارش ؛ موسلادھار بارش ۔

pourpoint, n. مرزئی ؛ روئی بھری صدری ؛ ایک بھری ہوئی رضائی کی طرح سلی ہوئی چست صدری جسے چودھویں اور پندرھویں صدیوں میں مرد پہنتے تھے ۔

pour point, n. (کیمیا) درجۂ بہاؤ ؛ پست ترین درجے کی حرارت جس پر کوئی مقررہ مادہ متخصص حالات میں بہنے لگے ۔

pousse-cafe, n. [فرانسیسی] شراب کا ایک چھوٹا گلاس جو کافی کے بعد پیش کیا جائے ؛ مختلف شرابوں کا ایک گلاس جو مختلف تہوں کی صورت میں تیار کیا جائے ۔

poussette, n. رقص دوگانہ ؛ ایک رقص جس میں ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر پھیرے لگاتے ہیں جیسے ایک جوڑا یا جوڑے دیہاتی رقص میں ۔ (فعل لازم) ایک ایسا رقص پیش کرنا ؛ ناچنا ۔

pout, v.i., v.t. مُنہ پُھلانا ، سُجانا یا تُھتھانا ؛ بسورنا ؛ ہونٹوں کو باہر نکالنا ، جیسے بیزاری ، حقارت یا ناراضگی کی حالت میں ؛ آزردہ نظر آنا ؛ پھولنا یا سوجنا جیسے ہونٹوں کا باہر نکلنا ؛ لٹکے ہوئے ہونٹوں کے انداز میں اظہار رائے کرنا ؛ غُصّے کی حالت میں آگے کو دھکا دینا ؛ ہونٹوں کا باہر نکلنا جیسے بیزاری کی حالت میں؛ آزُردگی کا دورہ پڑنا ۔

pout, n. گربہ ماہی ؛ شمالی سمندروں کی ایک بحری خوردنی مچھلی ، گیڈس لسکس (Gadus luscus) ؛ کوئی بھی ایسی بڑے سَروں والی تازہ پانی کی گربہ مچھلی ، جیسے سینگ دار گربہ ماہی (Amiurus nebulosus) ۔

pouter, n. آزردہ ؛ سُوجنے یا پُھولنے والا ؛ چتری کبوتر ؛ کبوتر کی ایک قسم جس کا یہ نام اس لیے ہے کہ وہ پھولنے والی نسل سے تعلق رکھتا ہے ۔

poverty, n. مفلسی ؛ غربت ؛ تنگ حالی ؛ نہوت ؛ احتیاج ؛ حاجت ؛ عسرت ؛ تنگدستی ؛ تہی دستی ؛افلاس ؛ زر ،سامان یا وسائل معاش کے اعتبار سے غریب ہونے کی حالت ؛ ناداری ، کمی یا کسی مخصوص چیز کا فقدان (جیسے : poverty of ideas) ؛ پسندیدہ اوصاف یا خوبیوں کی کمی (جیسے : poverty of soil) ۔

poverty-stricken, a. مفلس ؛ افلاس زدہ ؛ غربت زدہ ؛ بہت غریب ؛ تنگ دست ؛ محتاج ؛ تنگ حال ؛ تہی دست ۔

powder, n. سفوف ؛ چُورا ؛ برادہ ؛ بکنی ؛ غازہ ؛ پوڈر ؛ بُورا ؛ کوئی بھی ٹھوس مادّہ ، جو کُچلنے ، پیسنے یا تحلیل کرنے سے ایک نفیس ، بکھرے ہوئے ذرّوں کے مادے کی شکل اختیار کر گیا ہو ؛ خاک یا راکھ ؛ پسی ہوئی چیز اس شکل میں کسی خاص مقصد کے لیے ، جیسے دواؤں میں یا آرایشِ حسن کے سامان میں استعمال کے لیے (جیسے : face powder) ؛ بارود یا ایسا بھک سے اڑنے والا مادہ ۔ (فعل متعدی) پوڈر چھڑکنا یا لگانا ؛ سفوف کی شکل میں منتقل کرنا ؛ پیس کر باریک کرنا ۔ (فعل لازم) پوڈر کا آرایش کے لیے استعمال ہونا ؛ باریک سفوف ہو جانا ۔

powderer, n. پوڈر لگانے والا ؛ سفوف بنانے والا ۔

powder blue, n. سفوفی نیلا ؛ زردی مائل نیلا رنگ ، بھورے سے ملاوٹ کے ساتھ ۔ (صفت) ایسے رنگ والا ۔

powder horn, n. سِینگڑہ ؛ سینگا ؛ بارود کو محفوظ رکھنے کے لیے بیل یا گائے کے سینگ سے بنائی گئی بوتل ۔

powder keg, n. بارُود کی بوتل ؛ متشددانہ صورت حال ؛ دھاتی یا چوبی بوتل بارود یا بھک سے اڑنے والے پوڈر کے لیے ؛ ایک امکانی متشددانہ صورت حال یا حالت ۔

powder metallurgy, n. سفوفی دھات کاری ؛ دھاتی اشیا کے سفوف یا دھاتی مرکبات کے سفوف سے زیر دباؤ ڈھلائی کے ذریعے ٹھوس اشیا بنانے کا عمل ؛ زیر دباؤ دھات کاری ۔

powder monkey, n. بارود بیرا ؛ ایک لڑکا جو پہلے زمانے میں جنگی جہاز پر بارود لے جانے کے لیے ملازم رکھا جاتا تھا ؛ بارود کے استعمال سے ہونے والے کاموں میں بارود کی دیکھ بھال کا ذمہ دار شخص ۔

powder puff, n. پوڈر پف ؛ پوڈر لگانے کی گدّی ؛ ایک نرم گولا یا گدی جسے پوڈر کو جلد پر لگانے کے لیے استعمال کیا جائے ۔

powder room, n. زنان خانہ ؛ خواتین کے لیے آرام کا کمرہ جہاں ہاتھ منہ دھونے اور رفع حاجت کی آسانیاں حاصل ہوں ۔

powdery, a. پسا ہوا ؛ دھول سا ؛ سفوف نما ؛ پوڈر پر مشتمل ؛جو آسانی سے پوڈر میں تبدیل ہو جائے ؛ چھڑکا ہوا پوڈر سے یا ڈھکا ہوا ۔

powdery milldew, n. سفوفی پھپھوندی ؛ فطر جو اپنی میزبان سطح پر سفوفی پھپھوندی پیدا کرتا ہے ؛ ایک بیماری جو ایسے فُطر سے پیدا ہوتی ہے ۔

power, n. طاقت ؛ بل ؛ زور ؛ قُوّت ؛ مجال ؛ دباؤ ؛ استطاعت ، سہار ؛ پہنچ ، دسترس ، قابُو ؛ مملکت ؛ سلطنت ؛ حکومت ؛ حکمرانی ؛ حاکمیت ؛ برتری ؛ غلبہ ؛ اقتدار ؛ سکت ؛ کوئی کام یا عمل کرنے کی قابلیت ؛ کوئی چیز کرنے یا وجود میں لانے کی صلاحیت ؛ جسم یا دماغ کی کوئی مخصوص استعداد ۔ (اکثر جمع) کرنے یا عمل میں لانے کی زبردست یا نمایاں قابلیت ؛ مضبوطی ، طاقت یا زور ؛ سیاسی یا قومی استحکام (جیسے : the balance of power in Europe) ؛ دوسروں پر ضبط یا اقتدار ؛ فرماں روائی ؛ اقتدار ، بالادستی یا اثر ؛ قانونی استعداد ، صلاحیت یا تفویض کردہ اختیار ؛ طاقت اور اثر رکھنے یا استعمال کرنے والا شخص یا چیز ؛ ایک ریاست یاقوم جو بین الاقوامی اقتدار یا اثر رکھتی ہو (جیسے : The great powers of the world) ۔ (بول چال) بڑی تعداد یا رقم ؛ کوئی مشینی توانائی یا زور جو کام پر لگانے کے لیے دستیاب ہو ۔ (طبیعیات) زبانی شرح جس کے مطابق توانائی یا قوت کام پر لگائی یا کام میں تبدیل کی جا سکتی ہے ۔ (ریاضی) حاصل ضرب جو کسی مقدار کو اسی مقدار سے ایک یا زائد مرتبہ ضرب دینے سے حاصل ہو (جیسے : Four is the second power of two) ۔ (الہیات) (عیسائیت میں) فرشتوں کا ایک سلسلہ ۔ (بصریات) خوردبین یا دوربین کی تکبیری صلاحیت ۔ (فعل متعدی) طاقت یا توانائی کا ذریعہ یا سرچشمہ مہیا کرنا ؛ طاقت دینا ۔

powerboat, n. برقی کشتی ؛ ایک موٹر بوٹ/بجلی سے چلنے والی کشتی ۔

power dive, n. (طیرانیات) طاقتی غوطہ ؛ ہوائی جہاز کا غوطہ ؛ ہوائی جہاز کا سیدھا، ڈھلوانی غوطہ ، عموماً انجن کی انتہائی یا تقریباً انتہائی طاقت کے ساتھ ۔

power-dive, v.t., v.i. طاقتی غوطہ لگانا یا لگوانا ۔

powerful, a. طاقت ور ؛زور آور؛ قادر ؛ ذی اقتدار ؛ توانا ؛ شہ زور ؛ زبردست طاقت یا قوت رکھنے یا استعمال کرنے والا ؛ جسمانی طور پر مضبوط ، جیسے کوئی شخص ؛ زبردست طبیعی اثرات پیدا کرنے والا جیسے ایک مشین یا ایک ضرب ؛ طاقتور جیسے دوا ؛ زبردست ذہنی قوت کا مظہر ، جیسے دماغ ؛ زبردست اخلاقی اثر رکھنے والا ، جیسے ایک تقریر یا مقرر ؛ عظیم طاقت ، اقتدار یا اثر رکھنے والی ، جیسے ایک قوم ؛ شدید ؛ تند ؛ تیز ؛ زبردست ؛ پرزور ؛ پراثر ؛ کارگر ؛ ذی اثر؛بارسوخ ۔ (بولی) مقدار یا تعداد میں بڑی ۔

powerfully, adv. طاقت یا قوّت سے ؛ رسوخ سے ۔

powerfulness, n. طاقت ؛ قُوّت ؛ اختیار ؛ اثر ؛ رسوخ ۔

powerhouse, n. (برق) بجلی گھر ؛ بجلی پیدا کرنے کا ایک مقام ۔ (عوامی) ایک موثر توانائی اور طاقت رکھنے والا شخص ۔

powerless, a. بے طاقت ؛ ناتواں ؛ بے اثر ؛ کمزور ؛ لاچار ؛ غیر مقتدر ؛ طاقت ، قابلیت یا استناد سے محروم ؛ کوئی اثر پیدا کرنے کے ناقابل ؛ بے بس ۔

power of attorney, n. (قانون)مختارنامہ؛قانونی اختیارنمائندگی؛وہ اختیار جو قانونا ذمہ دار بالغ شخص ، کسی دوسرے شخص کو اس لیے دے کہ وہ قانونی اہمیت کے معاملات میں اول الذکر کی طرف سے بول سکتا ہے یا عمل کر سکتا ہے ؛ ایک تحریری دستاویز جو اس قسم کا اختیار عطا کرے ؛ وکالت نامہ ۔

power pack, n. برق خانہ ؛ ایک ربطالہ،برقی طاقت کے مبدا کے وولٹیج کا ایک دوسرے برقی دور یا برقی آلے کی

ضروریات کے ساتھ ،تطابق کرانے کے لیے ۔

power plant, n. برقی پلانٹ : کسی مخصوص میکانی طریقے یا عمل کاری کو برقی طاقت مہیا کرنے کے لیے ضروری آلات (جیسے : the power plant of an automobile) : برقی طاقت پیدا کرنے کے لیے عمارت اور دیگر سازوسامان : برقی جنک : برق زا مشین ۔

power play, n (کھیل) طاقت چال : کھیل میں ارتکاز قوت : ایک چال یا ترکیب جس میں ایک ٹیم کے کھلاڑی دوسری ٹیم کو شکست دینے کے لیے ایک مقام پر اکٹھے ہو جاتے ہیں جیسے فٹ بال یا برف ہاکی میں : کاروبار یا جنگ میں مخالف فریق کو تعاون یا متابعت پر مجبور کرنے کے لیے طاقت کا ایک جگہ ارتکاز ۔

power politics, n. قُوّت کی سیاست : سیاست جبر : بین الاقوامی سیاسیات ، جب اس کا تعلّق جبرواکراہ سے ہو ، بالخصوص فوجی قُوّت سے ۔

power series, n. (ریاضی) طاقتی سلسلہ : ایک سلسلہ جس کی رقمیں ایک ایسے متغیر معلومہ کی صعودی تکمیلی طاقتوں پر مشتمل ہوں جو مستقل رقم سے ضرب کھاتی ہوں ۔

power steering, n. خود حرکی سمت راں : خود حرکی سمت رانی نظام جس میں سمت رانی کے پہیئے پر لگائی گئی ڈرائیور کی دستی قُوّت میں انجن کی طاقت سے اضافہ کیا جاتا ہے : پاور اسٹیرنگ ۔

power take-off, n. انتقال طاقت کا آلہ : ایک آلہ جو ٹرک یا ٹریکٹر کے انجن کی طاقت ایسے میکانی آلات یا مشین کو مہیا کرتا ہے جو خود اپنی طاقت پیدا نہیں کرتے جیسے بعض زرعی آلات ۔

powwow, n. مجلس مذاکرات : امریکی انڈینوں کی کانفرنس یا مشاورت : شمالی امریکا کے انڈینوں میں ایک مذہبی پیشوا یا طبیب یا ایک تقریب ، بالخصوص وہ جس میں ٹونے ٹوٹکے ، جادو ، ضیافت اور رقص شامل ہو ، جسے کسی مرض کے علاج یا شکار میں کامیابی کے لیے منایا جائے : انڈینوں کی یا ان کے ساتھ کانفرنس ۔ (بول چال) کوئی بھی کانفرنس یا جلسہ ۔ (فعل لازم) مذاکرات ہونا ۔ (بول چال) مشورہ ہونا ۔

pox, n. (امراضیات) آبلوں یا چیچک کا مرض : سوزاک : پھوٹ نکلنے والا ایک مرض جس کی خصوصیات آبلے یا چیچک ہوں : سوزاک کے لیے ایک بازاری اصطلاح ۔

pozzolana, pozzuolana, pozzolan, n. آتش فشانی راکھ یا چٹانی سفوف جسے رومن سیمنٹ یا آبی سیمنٹ کی صنعت میں استعمال کرتے ہیں ۔

pozzolanic, a. آتش فشانی راکھ سے بنے ہوئے سیمنٹ کا ۔

practicable, a. قابل عمل : کرنے کے قابل : ممکن : ہو سکنے کے لائق : ہونہار : عملی : ہونے یا کیے جانے کی صلاحیت رکھنے والا : استعمال ہونے یا مقصد پورا کرنے کی صلاحیت رکھنے والا : قابل استعمال : مفید ۔

practicability, practicableness, n. قابلِ عمل ہونے کی حالت : افادیت ۔

practicably, adv. قابلِ عمل طور سے ۔

practical, a. بالعمل ، مشقی : اکتسابی : عملی : عادت یا عمل سے متعلق یا اس سے تعلق رکھنے والا (جیسے : practical agriculture,) : مشق یا عمل پر مشتمل ، ان پر منحصر یا ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والا (جیسے : a practical demonstration of ones power,) : دنیا کی عام سرگرمیوں ، کاروبار یا کام سے متعلق یا اس سے واسطہ رکھنے والا (جیسے : Practical affairs) : استعمال کے لیے مناسب یا متطابق (جیسے : a practical method or device) : پیشے میں مشغول یا اس کا تجربہ رکھنے والا : پیشے یا کام یا مفید سرگرمیوں کی طرف مائل یا ان کے لیے موزوں (جیسے : a practical man) : حقائق میں دلچسپی لینے والا : عملی یا طریق کار کے نتائج ، افادیت ، فوائد یا نقصانات کا خیال رکھنے والا : عملی یا غیر شاعرانہ : عمل یا اثر میں ایسی کیفیت کا حامل : واقعی ۔

practicality, n. عملیت : عملی پن ۔

practically, adv. عملی طور پر : تقریباً ۔

practicalness, n. عملی پن : قابل عمل ہونے کی حالت ۔

practical joke, n. عملی مذاق : مذاق بالعمل : مذاق یا مسخرا پن جو الفاظ کے بجائے عمل میں کیا جائے : ایک چال جو اپنے شکار کو غیر مساعد حالت میں ڈال دیتی ہے ۔

practical joker, n. عملی مذاق کرنے والا شخص ۔

practical nurse, n. عملی نرس : وہ تجربہ کار نرس جو سندیافتہ نہ ہو : ایک نرس جس کے پاس رجسٹرڈ نرس کی حیثیت سے کوئی سند تو نہ ہو ، مگر کافی تربیت اور ہنر مندانہ مہارت کے باعث اپنی پیشہ ورانہ خدمات بخوبی انجام دے سکتی ہو ۔

practice,(Brit.) practise, v.t. مشق میں لانا : عمل میں لانا : بالخصوص عادتاً یا عموماً کرنا (جیسے : Practice what you preach,) : عادتاً یا رواجاً پیروی کرنا : بجا لانا یا استعمال کرنا (جیسے : to practice moderation) : کسی پیشے ، فن یا کام کو کرنا یا جاری رکھنا (جیسے : to practice medicine) : انجام دینا یا ہنر یا قابلیت حاصل کرنے کے لیے بار بار کرنا : مشق کرانا یا تربیت دینا ، جیسے کسی شخص کو ، قابلیت حاصل کرنے کی غرض سے ۔ (فعل لازم) کوئی کام عادتاً یا مشق کے طور پر ہونا : کسی پیشے کا جاری رہنا ، بالخصوص قانون یا طب کے پیشے کا : کسی کام میں مہارت حاصل کرنے کے لیے اسے متواتر کیے جانا (جیسے : to practice the piano) ۔

practiced(Brit.) practised, a. تجربہ کار ، ہنرمند : ماہر : مشق کے ذریعہ حاصل کیا ہوا یا پایہ تکمیل کو پہنچایا ہوا : مشّاق ۔

practicer, n. پیشہ ور : مشّاق ۔

practice, n. مشق : عمل : پیشہ : عادت : چلن : عادت یا رواج کے مطابق بجا آوری : عادت یا رواج : کسی چیز کے کرنے یا بجا لانے کا عمل یا طریقہ ، theory کا متضاد : کسی پیشے یا کام کی بجا آوری ، بالخصوص قانون یا طب کی : کسی پیشہ ور آدمی کا کاروبار (جیسے : a lawyer with a large practice,) : ہنر مندی یا مہارت حاصل کرنے کے لیے متواتر بجاآوری یا باضابطہ مشق : اکثر مشق کرنے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی لیاقت (جیسے : to be in practice) ۔ (قانون) قانونی کارروائیوں کی انجام دہی کے لیے ایک مسلمہ طریق کار ۔

practice teacher, n. زیر مشق استاد ۔

practitioner, n. پیشہ ور طبیب : وہ شخص جو کسی فن یا پیشے کی بجاآوری میں مشغول ہو ، بالخصوص قانون یا طب کے پیشے میں : عیسائی رُوحانی معالج ۔

praedial, predial, a. زمینی ؛ زمین یا اس کی پیداواروں پر مشتمل یا ان سے متعلق ۔

praemunire, n. (انگریزی قانون) ایک فرمان یا طلب نامہ جو اس الزام میں ہو کہ کسی غیر ملکی عدالت یا حکومت یا پوپ وغیرہ کے احکام کو اپنے حاکم وقت کے اقتدار اعلیٰ کو نظرانداز کر کے قبول کیا جائے ؛ ضبطی یا قید کی سزا یا اس حرکت کے نتیجے میں ہونے والی قانون کی حمایت سے محرومی ۔

praenomen, prenomen, n. اصلی نام ؛ ذاتی نام ؛ کسی رومی شہری کا پہلا یا ذاتی نام(جیسے Gaius JuliusCeasar میں Giaus)۔

praetor, n. مجسٹریٹ ، قونصل ؛ پریٹر ؛ قدیم روم میں ایک خطاب جو اصلاً قونصلوں کے لیے ہوتا تھا ، مگر بعد میں وہ ان مجسٹریٹوں کے لیے مختص ہو گیا جو شہر کے اندر انصاف قائم کرتے تھے۔

praetorial, a. پریٹر کا یا اس سے متعلق۔

praetorship, n. پریٹر کا عہدہ۔

praetorian, a. پریٹر کا یا اس سے متعلق ۔ (بڑے P سے)
پریٹری گارد (Praetorian Guard) کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) پریٹری گارد کا سپاہی یا پریٹری عہدہ ۔

Praetorian Guard, n. پریٹری گارد/محافظ ؛ فوجی لشکر جسے ابتداً رومی شہنشاہ آگسٹس نے اپنی حفاظت کے لیے ترتیب دیا تھا۔ بعد میں اسے امپیریل رومن گارڈ کی حیثیت سے قائم رکھا گیا ؛ شہنشاہوں کے خانگی لشکروں یا ذاتی محافظوں میں سے کوئی ۔

pragmatic, a. نتائجی ؛ عملیتی ؛ نفس الامری ؛ مخل ؛ تاریخی مظاہر پر ، ان کے اسباب ، ماسبق حالات اور نتائج کے اعتبار سے بحث کرنے والا ؛ فلسفہ عملیت کا یا اس سے متعلق ؛ عملی عواقب یا اقدار سے تعلق رکھنے والا ؛ کسی مملکت یا ملت کے معاملات سے متعلق ؛ مشغول یا سرگرم ؛ کاروباری طور پر مشغول ؛ خواہ مخواہ دخل دینے والا ؛ غیر استدلالی ؛ دخل انداز ؛ غطریسی ۔ (اسم) منشور سلطانی ؛ دخل در معقولاتی شخص ؛ ایک خودبین شخص ۔

pragmatical, a. دخل انداز ؛ بے اصول ؛ نتائجی ۔

pragmatically, adv. دخل اندازی کرتے ہوئے ؛ بے اصولی طور پر یا نتائجی طور پر۔

pragmaticalness, n. دخل اندازی ؛ بے اصولی پن ۔

pragmaticism, n. نتائجیت ؛ عملیت ؛ امریکی فلسفی سی ۔ ایس پیئرس(C.S.Pierce) کا خصوصی فلسفۂ نتائجی علمیت ، جس کا عقیدہ یہ ہے کہ عمل کو اس کے نتائج و عواقب کے اعتبار سے صحیح یا درست قرار دیا جائے ، ولیم جیمس کے سادہ فلسفۂ عملیت کے برعکس ۔

pragmaticist, n. نتائجیت پرست ؛ نظریہ عملیت کا قائل یا پیرو۔

pragmatics, n. (جمع مگر ترکیب میں واحد) لسانیات کی وہ شاخ جو خیال کے لفظی یا علامتی اظہارات اور اظہار کنندہ کے باہمی تعلق سے بحث کرتی ہے ۔

pragmatic sanction, n. شاہی فرمان بمرتبہ بُنیادی قانون ؛ شاہی فرمان جس کی قوت نافذہ ویسی ہی ہوتی ہے جیسی بنیادی قانون کی ۔

pragmatism, n. نتائجیت ؛ عملی معاملات سے تعلّق خاطر اور اُن پر زور ؛ فلسفہ کا ایک غیر نظری نظام جو خیالات کے عملی عواقب اور مفید نتائج کو ان کی راستی کی کسوٹی سمجھتا ہے اور جس کے نزدیک خود سچ بھی ایک طریق کار ہے؛ دخل در معقولاتیت ؛ عملیت ۔

pragmatist, n., a. نظریۂ عملیت کا حامل ؛ نتائجیت پسند ۔

pragmatistic, a. نظریۂ عملیت کا یا اس سے متعلق ؛ نتائجیتی ۔

prairie, n. مرغزار ؛ سبزہ زار ؛ ایک وسیع ، زیادہ تر مسطّح قطعہ ، سبزہ زار جو عموماً درختوں سے خالی ، زرخیز مٹی اور پھولوں والے پودوں سے بھرا ہوتا ہے ۔

prairie chicken, prairie fowl, prairie hen, prairie grouse, n. مُرغِ مرغزار ؛ مغربی میدانوں کا ایک مرغ نما پرندہ۔

prairie dog, n. سگ مرغزار ؛ جنس کلبیہ کا ایک ناقب ، چھوٹا ، کترنے والا جانور ، موش خرمائی اور گلہری کا رشتہ دار ، وہ شمالی امریکا کے سبزہ زاروں میں پایا جاتا ہے ۔

prairie schooner, n. ایک بڑی مسقّف بگھی یا گاڑی جو امریکا میں ریلوے کی آمد سے پہلے مغربی ساحل تک جانے والے مسافر استعمال کرتے تھے ۔

praise, n. تعریف ؛ آفریں ؛ ستایش ؛ توصیف ؛ صفت ؛ وصف ؛ حمدوثنا ؛ تحسین ؛ مدح ؛ قصیدہ خوانی ؛ تعریف و توصیف جو کسی شخص یا کسی چیز کی کی جائے ؛ اظہار پسندیدگی ، قصیدہ آرائی ؛ تعظیم و تکریم کی پیش کش (ایک عمل عبادت کے طور پر) جس کا اظہار کسی گیت یا مخصوص الفاظ میں کیا جائے جیسے بھجن یا حمد و ثنا ۔ (فعل متعدی) تعریف و توصیف کرنا ؛ تالی بجا کر داد دینا ؛ اظہار پسندیدگی کرنا ؛ الفاظ یا راگ میں مدح و ستایش کرنا ؛ سراہنا ؛ گن گانا ؛ قصیدہ خوانی کرنا ۔

praiser, n. تحسین کرنے والا ؛ تعریف کرنے والا ؛ مداح خواں ؛ قصیدہ خواں ۔

praiseworthy, a. مستحقِ تعریف ؛ تعریف کے قابل یا اس کا مستحق ؛ لائقِ توصیف ؛ لائقِ ستایش ؛ سزاوارِ حمد ؛ قابلِ تحسین ؛ قابلِ آفریں ۔

praiseworthily, adv. قابل ستایش طور پر ؛ قابل تحسین انداز میں وغیرہ ۔

praiseworthiness, n. مستحسن ؛ لائق تعریف ہونے کی خاصیت ۔

praline, n. میووں کی مٹھائیاں ؛ بادام یا کسی اور خشک میوے کی مٹھائیاں جنھیں متعدد اقسام میں شیرے میں ابال کر تیار کرتے ہیں ۔

pralltriller, inverted mordent, n. (موسیقی) ایک مخصوص نغمہ ؛ ایک سنوارا ہوا خوش آہنگ نغمہ جو ایک بڑی سُرتی کے ، ایک درجہ اونچی ضمنی سُرتی کے ساتھ،متبادل طور پر ہوتا ہے ۔

pram, n. (برطانوی بول چال) بچّہ گاڑی ؛ بچوں کی سیر گاڑی ۔

prana, n. [سنسکرت] (ہندو فلسفہ) پران ؛ روح ؛ پرانڑ ؛ دم زیست ؛ زندہ جسم کا جوہر زندگی ؛ زور؛ توانائی ۔

pranic, a. پَرانی ۔

prance, v.i. کُودنا ؛ اچھلنا ؛ کلول کرنا ؛ بغلیں بجانا ؛ کلیلیں بھرنا ؛ اچھلنا یا کودنا ؛ پچھلی ٹانگوں سے ، جیسے

گھوڑے کا جب کہ وہ جوش کی حالت میں ہو ؛ گھوڑے پر سواری کرنا جب کہ وہ اس انداز میں ہو ؛ خودنمائی کے ساتھ سوار ہونا ؛ ادھر ادھر اکڑتے پھرنا (نمایشی یا جوشیلے انداز میں) ؛ اچھل کود کرنا ۔ (فعل متعدی) اچھل کود کرانا ۔ (اسم) اچھل کود کا عمل یا حرکت ؛ گھوڑ ناچ ۔

prancer, n. اچھل کُود کرنے والا ۔

prank, n. دل لگی بازی ؛ کلیل ؛ شوخی ؛ کھیل ؛ شرارت ؛ دنگا ؛ کود پھاند ؛ اٹکھیلی ؛ ایک چال (کھلنڈری یا شرارت آمیز نوعیت کی) ۔

prank, v.t. اترا کر یا اکڑ کر چلنا ؛ چھیڑنا ؛ شرارت کرنا ؛ نمایشی انداز میں آراستہ کرنا ۔ (فعل لازم) سجنا ؛ بننا ؛ سنورنا ؛ نمایشی یا بھڑکیلی صورت بنانا یا اس انداز میں مظاہرہ کرنا ۔

prase, n. عقیقِ سبز ؛ سبز گار ؛ سنگ مردہ کی ایک نوع جو شفاف ہوتی ہے اور جس کا رنگ پیازی مائل سبز ہوتا ہے ۔

praseodymium, n. (کیمیا) سبز کاہی رنگ کا عنصر/دھات ؛ ابتدائی زمانے کے ان نایاب زمینی سلسلوں کا ،جن میں سبز نمک ہوتے تھے اور جو بآسانی دھندلا جاتے تھے ؛ ایک زردی مائل سفید دھاتی عنصر ۔

prate, v.i. فضول گوئی کرنا ؛ یاوہ گوئی کرنا ؛ بکواس ، گپ شپ کرنا ؛ ہرزہ سرائی کرنا ؛ بک بک چخ چخ کرنا ؛ جھک جھک کرنا ؛ بہت زیادہ ایسی باتیں کرنا جن کی کوئی اہمیت نہ ہو ؛ چٹر پٹر یا کھٹا کھٹ بولنا : غٹ غٹ پانی پینے کی آواز نکالنا ۔ (فعل متعدی) بیوقوفی کے ساتھ بولنا ۔ (اسم) بلا مقصد مسلسل گفتگو ؛ بے معنی چرب زبانی ۔

pratefall, n. پیٹھ کے بل یا کولھوں پر گراؤ ؛ پریشان کن یا فاش غلطی ۔

pratincole, n. ساحل باش پرندے ؛ پرانی دنیا کے ان ساحل باش پرندوں میں سے کوئی بھی جن سے جنس بری (Glareola)، بالخصوص پریٹن کول (G. pratincole) ترکیب پاتی تھی ۔

pratique, n. (جہاز رانی) پروانہ جہاز رانی و قرنطینہ ؛ بالخصوص بحیرہ روم کے یورپی بندرگاہوں پر کسی بحری جہاز کو داخل ہونے اور قرنطینہ سے گزرنے کے بعد تجارت کرنے کی اجازت ۔

prattle, v.i., v.t. بڑبڑانا ؛ بک بک کرنا ؛ لپڑ لپڑ کرنا ؛ بہت چھوٹے چھوٹے سے خفیف موضوعات پر بہت زیادہ اور فضول باتیں کرنا ؛ کسی بچے کی طرح باتیں کرنا ؛ بچگانہ یا پانی پینے کی آواز میں بات چیت کرنا ۔ (اسم) لپڑ لپڑ ؛ چھچھورپن کی یا ناچیز گفتگو ۔

prattler, n. بچوں کی سی باتیں کرنے والا ؛ فضول گو ؛ بسیار گو ۔

prattlingly, adv. فضول گوئی کے انداز میں ۔

prau, n. دیکھیے : Proa ۔

prawn, n. جھینگا مچھلی ؛ موگا ماہی ؛ حرارۃ البحر ؛ ایک خولدار جانور شرمپ کی طرح کے متعدد قسموں والے دہ پا قشریات ، جیسے اجناس پلی مان (Palaemon) اور پینیز (Peneus) جن میں سے بعض کھانے میں بھی استعمال ہوتے ہیں ۔ (فعل لازم) جھینگا مچھلی کا شکار کرنا ۔

prawner, n. جھینگا شکاری ؛ جھینگا فروش ۔

praxis, n. مسلّمہ دستور ؛ رواج ؛ استعمال ؛ برتاؤ ؛ عمل ؛مشق ؛ عمل بمقابل نظریہ ؛ عادی عمل ؛ اہتمام یا رواج ۔

pray, v.i., v.t. منت کرنا ؛ مانگنا ؛ چاہنا ؛ التجا کرنا ؛ التماس کرنا ؛ عرض کرنا کسی چیز کی خواہش سنجیدگی اور جوش کے ساتھ کرنا ؛ دستِ سوال دراز کرنا ؛ بھیک مانگنا ؛ کسی معبود کے سامنے اعتراف گناہ کرنا ، دستِ دعا بلند کرنا یا اظہار تشکر و امتنان کرنا ؛ اشتیاق کے ساتھ مانگنا ؛ دعا کے ذریعے التجا کرنا ۔

prayer, n. التجا ؛ استدعا ؛ دعا ؛ درخواست ؛ التماس ؛ عبادت ؛ مناجات ؛ پوجا ؛ نماز ؛ صلوٰۃ ؛ کسی رعایت کے لیے بڑے شوق کے ساتھ درخواست کرنے کا عمل ؛ عرضداشت ؛ ہاتھ اٹھا کر مانگنے والی دعا ؛ وہ جو مانگا جائے ؛ کسی مقصود عبادت کو مخاطب کر کے کوئی سنجیدہ گزارش ؛ کسی دعا کے الفاظ ؛ کسی گرجا کی نماز یا عبادت عامہ یا نجی عبادت کا نسخہ ؛ کسی سرکاری ادارے کے نام عرضداشت کا وہ حصہ جس میں اس چیز کی تخصیص کی جاتی ہے جو مطلوب ہے یا جس کی منظوری دینی چاہیے ۔

prayer, n. دعا گو ؛ طالب دعا ؛ ملتجی ؛ ملتمس ؛ عابد ؛ عبادت گزار ۔

prayer book, n. کتَاب دعا/مناجات ؛ نماز کی کتاب ؛ وہ کتاب جس میں عبادت کے دوران استعمال کی جانے والی دعائیں ہوتی ہیں ۔ (عموماً بڑے P سے) عام دعا کی کتاب ۔

prayerful, a. عقیدت مندانہ ؛ دعائیہ یا دعا کا مظہر ۔

prayfulness, n. دین داری ؛ عبادت گزاری ۔

prayer meeting, n. نماز باجماعت ؛ دعا کے لیے اجتماع ؛ دعا کے لیے ایک جلسہ ؛ متعدد مختلف پروٹسٹنٹ گرجاؤں میں ایک ہفتہ واری جان نثارانہ عبادت ۔

prayer wheel, n. بودھ مت والوں کے آلات عبادت ؛ وہ آلات و اوزار جو بدھ مذہب والے خاص طور پر تبت میں استعمال کرتے ہیں ، یہ آلات ایک پہیے پر مشتمل ہوتے ہیں جن کے ساتھ ایک تحریری دعا منسلک ہوتی ہے ، اس پہیے کے ہر چکر کو دعا کی ایک قرات شمار کیا جاتا ہے ۔

preach, v.i. تبلیغ کرنا ؛ دین کی زبانی تلقین کرنا ؛ مذہب پھیلانا ؛ وعظ کرنا ؛ خطبہ دینا ؛ نیک صلاح دینا یا سمجھانا ؛ پرچار کرنا ؛ بڑھانا ؛ سکھانا ؛ بتانا ؛ نصیحت کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ سنجیدہ مشورہ دینا ؛ اکتا دینے والے انداز میں گفتگو کرنا ۔ (فعل متعدی) توثیق کرنا یا دل نشین کرانا کسی تقریر عامہ میں ؛ بیان کرنا یا تشریح کرنا (جیسے کسی امر کا کسی وعظ میں) ؛ وعظ کے طور پر پیش کرنا ۔

preacher, n. مُبلّغ ؛ واعظ ۔

preachingly, adv. تبلیغی انداز میں ۔

preachify, v.i. طولانی وعظ کرنا ؛ کتھا کہنا ؛ اکتا دینے والی ، طول طویل ، اخلاقی نصیحت کرنا (تحقیر کے انداز میں استعمال کیا جاتا ہے) ۔

preachment, n. وعظ ؛ تبلیغی گفتگو ؛ اکتا دینے والی بحث یا تقریر ۔

preachy, a. وعظ کرنے پر مائل ؛ وعظ کرنے کی یاد دلانے والا ؛ اکتا دینے والا ؛ تقدیسی ۔

preadolescence, n. مراہقت ، پیش بُلُوغ ؛ عنفوان شباب سے فوراً

قبل کے سال عموماً نو سے بارہ سال کی عمر۔

preadolescent, a., n. پیش بالغ۔

preamble, n. وجوہ منشا ؛ سرنامہ ، عنوان ؛ مقدمہ ؛ تمہید ؛ دیباچہ ؛ ابتدائی بیان ؛ پیش لفظ ؛ تعارُف ، بالخصوص تعارفی حصہ کسی قانون ، دستاویز کا جس میں آگے آنے والے بیان کے اسباب و مقاصد پیش کیے جائیں ؛ ابتدائی یا تعارفی واقعہ یا صورت حال ؛ پیش آگہی یا شگون۔

prearrange, v.t. پیش انتظام کرنا۔

prearrangement, n. پیش انتظامی۔

preassigned, a. پیشگی تفویض شُدہ۔

preatomic, a. قبل ایٹمی ؛ پیش جوہری ؛ ایٹمی طاقت یا ایٹمی توانائی کے استعمال سے قبل کی مدت سے متعلق۔

preaxial, a. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) جسمانی محور کے سامنے واقع ؛ پیش محوری۔

preaxially, adv. پیش محوری طور پر۔

prebend, n. بڑے گرجا کا ایک وظیفہ ؛ کسی بڑے گرجا یا جامعاتی گرجا کی جائیداد کا وہ حصہ جو کسی کلیسائی عہدہ دار کے مشاہرے کے لیے محفوظ ہو ؛ وہ مشاہرہ جو اس کے فنڈ سے ادا کیا جائے ؛ پادریوں کی مجلس۔

prebendary, n. ایک کلیسائی عہدے دار جس کو وہ تحفظ حاصل ہو جو اوپر بیان کیا گیا۔ (بول چال) (کلیسائے انگلستان) پادریوں کی مجلس کا ایک اعزازی رکن جس کا کوئی مشاہرہ نہ ہو۔

Precambrian, Pre-Cambrian, n., a. قبل کیمبری دور ؛ قبل کیمبری عصر۔

precancel, v.t. پیش منسوخ کر دینا ، جیسے ڈاک کے ٹکٹ کو ، ڈاک میں استعمال ہونے سے قبل۔

precancerous, a. پیش سرطانی ؛ عضلات کی ایسی حالت کا یا اس سے متعلق جو اگرچہ ابھی تک سرطانی نہیں ہے مگر آگے چل کر سرطان کی شکل اختیار کر سکتی ہے ، جیسے بعض مخصوص جلدی ابھار۔

precarious, a. بے مقام ؛ غیر معیّن ؛ غیر مُقرَّر ؛ مشکوک ؛ مشتبہ؛ نازک؛ غیر یقینی ؛ نامعلوم یا غیر متوقع اسباب یا واقعات پر منحصر ؛ جوکھوں کا ؛ کوئی اساس یا بنیاد نہ رکھنے والا ؛ کسی دوسرے کی مرضی یا خوشنودی پر منحصر یا موقوف اور اس لیے مشتبہ یا غیر محفوظ۔

precariously, adv. غیر یقینی طور پر ؛ غیر محفوظ انداز سے۔

precariousness, n. خطرناکی ؛ غیر یقینی پن۔

precaution, n. حفظ ماتقدُّم ؛ پیش بندی ؛ پہلے سے احتیاط اور خبرگیری ؛ کسی برائی کو دور کرنے یا اچھائی کو حاصل کرنے کے لیے پہلے سے اختیار کی ہوئی تدبیر۔ (فعل متعدی) پہلے سے متنبہ کرنا یا اطلاع دینا۔

precautionary, precautious, a. احتیاط کا ؛ پیش بندی کا۔

precede, v.t. تقدیم کرنا ، پیش روی کرنا ؛ ترجیح رکھنا ؛ وقت ، مقام ، منصب یا اہمیت کی ترتیب میں پہلے رکھنا ؛ تعارفی مواد کے ساتھ شروع کرنا ؛ ابتدائی اظہار خیال کرنا۔ (فعل لازم) پہلے یا آگے واقع ہونا یا ہو چکا ہونا ؛ مقدم ہونا ؛ آگے چلنا / فائق ہونا ؛ سبقت لے جانا۔

precedence, precedency, n. سبقت ؛ وقت یا ترتیب کے اعتبار سے پہلے واقع ہونے کا عمل یا کیفیت ؛ رتبہ یا اعزاز میں پہلے ہونے کی حالت ؛ وقت میں تقدیم ؛ سماجی رسمیات میں زیادہ اعزاز کا استحقاق ؛ رتبے کے مطابق مقام کی ترتیب یا اس کا تطابق۔

precedent, n. نمونہ ؛ مثال ؛ نظیر ؛ فتویٰ سابق ؛ ترجیح ؛ بالا نشینی ؛ کوئی کردہ یاگفتہ امر جو کام آ سکے یا مثال کے طور پر پیش کیا جا سکے یا کوئی ایسا قاعدہ جس کا اتباع بعد میں اسی قسم کے عمل میں کیا جا سکے۔ (قانون) ایک قانونی فیصلہ جو اسی قسم کے یا اس سے مشابہ مقدمات میں آئندہ فیصلوں کے لیے نظیر کے طور پر کام آ سکے۔

precedent, a. ماقبل ؛ مقدم ؛ اعلیٰ تر ؛ فائق ؛ سابق ؛ پیشین ؛ سابقہ ؛ نظیری ؛ وقت میں پہلے واقع ہونے والا ؛ پیشتر ؛ بالا تر ؛ اہم تر۔

preceding, a. پہلا ؛ سابقہ ؛ مرقومہ بالا ؛ پچھلا ؛ وہ جو تقدیم کرتا ہے ؛ پہلے ہونے والا یا آنے والا۔

precensor, v.t. پیش احتسابی کرنا ؛ احتساب حاصل کرنا ؛ پہلے سے سنسر کرنا ؛ احتساب کرنا جیسے کسی ڈرامے ، فلم یا کتاب کا اس سے پہلے کہ وہ عوام کے سامنے پیش کی جائے۔

precentor, n. رہبر گویّا ؛ ایک فرد جو بھجن منڈلی یا گانے والوں کی جماعت کا رہبر ہو۔

precentorial, a. رہبر گویّے کے متعلق۔

precentorship, n. رہبر گویے کا منصب۔

precept, n. نصیحت ؛ پند ؛ وَعظ ؛ حُکم نامہ ؛ ہدایت نامہ ؛ وثیقہ ؛ ایک فرمان جس سے عمل کا ایک مستند ضابطہ مقصود ہو ؛ اخلاقی طرز عمل کے متعلق کوئی مقولہ ، دستور ، قول یا ہدایت ؛ کوئی حکم۔ (قانون) فرمان یا عدالتی حکم ؛ امر ؛ امر الٰہی۔

preceptive, a. نصیحت آمیز ؛ پند آمیز ؛ واعظانہ ؛ ناصحانہ ؛ ہدایتی ؛ تنبیہی ؛ طرز عمل کے انضباط کے لیے فرامین دینے والا یا اُن پر مشتمل ؛ فہمایشی ؛ تعلیمی۔

preceptively, adv. ناصحانہ انداز میں۔

preceptor, n. اتالیق ؛ اخوند ؛ آموز گار ؛ مدرِّس ؛ ادیب ؛ استاد ؛ مُعلِّم ؛ کسی مذہبی تعلیم گاہ کا سربراہ۔

preceptorial, a. معلم کا یا اس سے متعلق۔

preceptorship, n. معلّمیت ؛ معلم کا عہدہ۔

preceptress, n. معلّمہ ؛ زنانہ معلم۔

preceptory, n. فری میسن کلب ؛ ذیلی مذہبی ایوان یا فری میسنوں کے سلسلے کا نائٹس ٹمپلرس کا ادارہ۔

precess, v.t. سبقت کی بدولت پیش روی کرنا۔

precession, n. سبقت ؛ پیش روی ؛ پیش دستی ؛ آگے بڑھنے کا عمل یا حقیقت یا تقدیم۔ (فلکیات) اعتدالین کا استقبال۔ (طبیعیات) کوئی بھی حرکت جو استقلال اعتدالین میں زمینی محور کی حرکت کے مشابہ ہو ؛ کوئی بھی ایسی مدّھم مستحکم حرکت جس میں تیزی سے چکر لگاتی ہوئی چوٹی یا اسی طرح کی کوئی اور چیز محور کے گرد قائم دائری مخروط بناتی ہے۔

precessional, a. استقبال اعتدال کا یا اس سے متعلق۔

precession of the equinoxes, n. (فلکیات) استقبال اعتدالین ؛

ہر فلکی سال اعتدالین کا مسلسل تقدیمی وقوع جو بیضوے کے ساتھ ساتھ اعتدالی نقاط کی مدھم رجعی حرکت کے باعث ہوتا ہے جس کی وجہ سورج اور چاند کی زمین کے استوائی خطے میں جمع شدہ مواد پر کشش کے زیر اثر ہونے والی زمینی محور کی سمت میں بتدریج تبدیلی ہوتی ہے۔

precieuse, n., a. ظاہر دار عورت ؛ پرتصنُّع عورت ، بالخصوص جب وہ تقریر اور طرز و انداز میں بناوٹ کرتی ہو ؛ ابتداً سترھویں صدی کے فرانسیسی ادب کی ایک زنانہ شخصیت جو زبان یا ذوق کی انتہائی نفاست کی نمایش کرتی تھی۔

precieux, n. نک چڑھا شخص ؛ وہ شخص جس کا طرز عمل ، زبان اور اندازِ زندگی نازک مزاج شائستگی کا مظہر ہو۔ (صفت) نک چڑھا ؛ نازک مزاج۔

precinct, n. انتخابی حلقے ؛ کسی شہر ، قصبے یا مُلک کی تقسیم مختلف حصوں میں (انتخابات کے دوران رائے دہی کے اغراض و مقاصد کے تحت) ؛ کسی شہر کا ضلع پولیس کے زیر انضباط ؛ اس قسم کے ضلع کا تھانہ ؛ کسی جگہ کا احاطہ کرنے والا سرحدی خط حد ؛ سرحد کے قریب کا ایک حصہ ؛ ایک ضلع بعض مخصوص سرحدوں کے اندر ؛ ایک چھوٹی علاقائی قسمت۔ (جمع) گردونواح۔

preciosity, n. تصنُّع آمیزی ؛ گراں بہا ہونے کی کیفیت ؛ نازک مزاجی یا پر تصنع شایستگی ، جیسے زبان ، طرز زندگی یا مذاق میں ؛ نفاست پسندی ؛ شُستگی۔

precious, a. بیش قیمت ؛ بیش بہا ؛ قیمتی ؛ انمول ؛ عزیز الوجود ؛ گراں بہا ؛ بہت زیادہ معزز و محترم ؛ بہت زیادہ پسندیدہ ؛ پرتصنع طور پر شایستہ ؛ کُھلا ہوا ؛ برملا (جیسے : a precious ninny)۔ (عوامی) بڑا (جیسے : a precious amount of good her frankness did her,)۔ (متعلق فعل) انتہائی ؛ بہت ۔ (اسم) محبوب فرد۔

preciously, adv. گراں قدر طور پر ؛ پر تصنُّع طور پر۔

preciousness, n. قیمتی پن۔

precipice, n. ڈھلواں زمین ؛ ڈھال ؛ کڑاڑا ؛ ٹیلا ؛ کھڑی چٹان ؛ عمودی ڈھلوان ؛ ڈھلوان کنارہ ؛ ڈانگ ؛ پہاڑ وغیرہ کا آگے کو نکلا ہوا عمودی حصہ یا جھکاؤ ؛ خطرناک صورت حال۔

precipitable, a. قابلِ ترسیب ؛ جو رسوب انداز ہونے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

precipitance,precipitancy, n. نہایت جلدی ؛ تعجیل ؛ عجلت ؛ جلد بازی ؛ رسوب اندازی ؛ اندھا دھند جلد بازی ؛ فیصلہ کرنے ، رائے قائم کرنے یا کسی مقصد کو بروئے کار لانے میں جلدی۔

precipitant, a. مرسّب ؛ رسوب انداز ؛ جلد باز ؛ تعجیل کار ؛ عاجلانہ ؛ اندھا دھند ؛ سر کے بل گرنے والا ؛ تیزی سے جھپٹنے والا۔ (اسم) (کیمیا) رسوب ؛ تلچھٹ ؛ وہ مادہ جسے اگر کسی محلول میں شامل کیا جائے تو رسوب پیدا کرتا ہے ؛ راسب۔

precipitantly, adv. بے سوچے سمجھے ؛ شتابی سے۔

precipitantness, n. عجلت ؛ تیزی ؛ رسوب اندازی۔

precipitate, v.t. رسوب بنانا ؛ سر کے بل گر پڑنا ؛ ہُلڑ مچانا ؛ نیچے بیٹھنا ؛ تہ میں بیٹھنا ؛ تلے جمنا ؛ اچانک بروئے کار لانا۔ (کیمیا) الگ کرنا ، جیسے کسی مادے کو کسی محلول سے ٹھوس شکل میں ، جیسے کسی متعامل کے ذریعے۔ (طبیعیات) تکثیف کرنا جیسے رطوبت کو بھاپ کی حالت سے بارش یا اوس کی شکل میں ؛ پھینکنا ، ڈبکی دینا ؛ چھلانگ لگانا (شدت کے ساتھ یا دفعۃً)۔ (فعل لازم) (کیمیا) کسی محلول سے رسوب کی طرح الگ ہونا۔ (طبیعیات) تکثیف ہونا جیسے بارش یا اوس کا۔ (صفت) تیزی کے ساتھ ، اندھا دھند یا تیزی سے آگے کی طرف بڑھتا ہوا ؛ تیزی سے یا بہت عجلت سے رواں ؛ سر کے بل ؛ سخت عاجلانہ ؛ انتہائی اچانک ؛ دفعۃً ؛ اندھا دھند ؛ جلد بازانہ ؛ مناسب غوروفکر کے بغیر کیا ہوا یا بنایا ہوا ؛ ضرورت سے زیادہ جلدی کے ساتھ ؛ بے تامل۔ (اسم) (کیمیا) رسوب ؛ تلچھٹ ؛ کسی محلول سے ترتیب شدہ چیز۔ (طبیعیات) رطوبت جو بارش یا اوس یا برف کی شکل میں تکثیف شدہ ہو ؛ بارش یا اوس۔

precipitately, adv. اندھا دھند ؛ بے سوچے سمجھے۔

precipitateness, n. عجلت ؛ تیزی ؛ ناعاقبت اندیشی۔

precipitative, a. رسوب سازی کا۔

precipitator, n. جلد باز ؛ آلۂ ترسیب ؛ رسوب ساز۔

precipitation, n. ترسیب ؛ رسوب سازی ؛ زور کا بہاؤ ؛ تیزی ؛ تندی ؛ تیز حرکت ؛ جلدی ؛ شتابی ؛ گاڑھے ہونے کا عمل یا گاڑھے ہونے کی حالت ؛ نزول ؛ شدت اور تیزی کے ساتھ تہ نشینی ؛ اندھا دھند یا فتنہ انگیز عجلت۔ (کیمیا) ایک طریقہ جس کے ذریعہ کوئی مادہ کسی دوسرے مادے یا مادوں سے محلول کی شکل میں جدا کیا جائے اور تہ نشین کیا جائے۔ (موسمیات) فضائی تکاثف کے نتائج ، جیسے برف ، بارش ، اولوں کے ساتھ ؛ اولے ؛ اوس ؛ کہر یا بارش ؛ ایسی ترسیب کسی خاص مدت میں کسی خاص جگہ پر ، جسے عموماً انچوں میں بیان کرتے ہیں۔

precipitin, n. مادۂ ترسیب ؛ رسوب ، خون میں موجود کوئی ضد جسمیہ جو اپنے تریاق سے ملنے کے بعد بعض لحمیات کو گاڑھا کر دیتا ہے۔

precipitous, a. کھڑا ؛ ڈھلوان ؛ بے تأمل ؛ جلد باز ؛ شتاب کار ؛ بہت ڈھلوان ؛ کسی تیز ڈھلان کی طرح یا ایسا ڈھلان بنانے والا ؛ کھڑی ڈھلان۔

precipitously, adv. عموداً ؛ بالکل نیچے۔

precipitousness, n. عمودیت۔

precis, n. اختصار ؛ تلخیص ؛ مختصر خلاصہ یا لب لباب ؛ کسی کتاب ، قلمی نسخے یا دستاویز کا۔

precise, a. ٹھیک ؛ صحیح ؛ چوکس ؛ پورا ؛ معین ، مقرر ؛ باقاعدہ ؛ چست ؛ بلیغ ؛ بے کم و کاست ؛ باضابطہ ؛ باقاعدہ ؛ اپنے معنی کے اعتبار سے شدت کے ساتھ یا بالکل ٹھیک ٹھیک محدود کیا ہوا یا تعریف کیا گیا ؛ بالکل ٹھیک ٹھیک ؛ متعین ؛ چست یا غیر مبہم ؛ غیر ذومعنی ؛ واضح ؛ سخت ؛ رسمی ؛ پابند تکلفات۔

precisely, adv. بلاکم وکاست ؛ ٹھیک ٹھیک انداز میں۔

preciseness, n. صحت ؛ باضابطگی۔

precisian, n. ضابطہ پرست ؛ ضرورت سے زیادہ صحت و درستگی کا پابند شخص ، بالخصوص مذہبی معاملات میں ؛ وہ شخص جو مذہبی اصولوں کی بجا آوری میں شدت کے ساتھ پابند ہو ؛ پابند شرع۔

precisianism, n. ضابطہ پرستی ؛ مذہبی رسوم کی پابندی ۔
precision, n. معنی کے اعتبار سے صحیح ہونے کی کیفیت یا حالت ؛ درستگی ؛ صحت ۔ (صفت) انتہائی ٹھیک ٹھاک پیمایشوں کی خصوصیات رکھنے والا ۔
precisionist, n. ضابطہ پرست ؛ جزئیات کی موزونی اور صحت کا خیال رکھنے والا ۔
preclinical, a. (طِب) تشخیصی ؛ کسی ایسی بیماری یا مرض کا جس کی علامات ابھی ظاہر نہ ہوئی ہوں یا ایسے مرض کی مدت کے دوران کا ۔
preclude, v.t. باز رکھنا ؛ محروم کرنا ؛ بند کرنا ؛ منع کرنا ؛ مانع ہونا ؛ ناممکن کر دینا ؛ باہر کرنا یا رکھنا ؛ مزاحمت کرنا ، روکنا ، روکنا یا ناممکن کر دینا ؛ خارج کر دینا ۔
preclusion, n. مزاحمت ؛ اخراج ۔
preclusive, a. مانع ؛ مزاحم ۔
preclusively, adv. روکتے ہوئے ؛ خارج کرتے ہوئے ۔
precocial, a. (طیوریات) زُود بروزی ؛ بعض ایسے پرندوں سے متعلق جو پیدا ہوتے ہی روئیں دار ہوتے ہیں اور آزادی کے ساتھ دوڑ سکتے ہیں (دیر بروزی (altricial) کے برعکس) ۔
precocious, a. زُود بالغ ؛ ، زُود رس ؛ بے موسم ؛ قبل از وقت ؛ مُعجّل ؛ نشوونما میں آگے ، بالخصوص ذہنی نشوونما میں ، جیسے بچے یا نوجوان شخص ؛ قبل از بلوغ نشوونما یافتہ ، جیسے ذہن یا ذہنی صلاحیتیں ؛ قبل از بلوغ نشوونما سے متعلق یا اُسے ظاہر کرنے والا ۔ (نباتیات) پتّوں سے پہلے شگوفے نگالنے والا جیسے پودوں میں ؛ قبل از وقت پھولنے یا پکنے والے ، جیسے پودے اور پھل ۔
precociously, adv. قبل از وقت ۔
precociousness, n. زُود بُلُوغت ۔
precocity, n. زُودرسی ؛ پیش پختگی ۔
precognition, n. پیش بینی ؛ پیش ادراکی ؛ پیش آگہی ؛ کس صورت حال یا واقعہ کا قبل از وقت عِلم ۔ (ماورائی نفسیات) کسی آئندہ صورتِ حال یا واقعہ کی ورائے حسّیتی آگہی ؛ وقوف ماقبل ۔
precognitive, a. پیش عِلم کا ؛ پیش ادراکی کا ۔
preconceive, v.t. پیش بینی کرنا ؛ پہلے سے سوچنا سمجھنا ؛ پہلے سے کوئی تصور یا رائے تشکیل دینا ؛ پہلے ہی سے کوئی گمان یا خیال قائم کرنا ۔
preconception, n. پیش بینی ؛ پیش تصوری ؛ قبل تصور ؛ تعصب ؛ وہم ؛ طرف داری ؛ پہلے سے کوئی تصور قائم کرنے یا تشکیل دینے کا عمل ؛ تصور یا رائے جو پہلے ہی سے تشکیل دے لی گئی ہو ؛ عصبیت ۔
preconcert, v.t. پیش قراری کرنا ؛ منصوبہ بنانا ؛ پہلے سے قرار داد کرکے تصفیہ کرنا ؛ پہلے سے بندوبست کر لینا ؛ ماقبل انتظام کے ذریعے طے کر لینا ۔
precondition, n. شرطِ لازم ؛ ایسی شرط جو لازماً موجود ہونی چاہیے اِس سے قبل کہ کوئی خاص مقصد حاصل کیا جائے ؛ شرط اولین ۔ (فعل متعدی) کسی خاص واقعے ، صورت حال یا استعمال کو پہلے سے تیار کرنا، جیسے کسی شخص یا چیز کو ۔
preconscious, a. (نفسیات) قبل شعوری ؛ کسی ایسے مواد سے متعلق جو شعور میں نہ ہو مگر فوری طور پر یاد آ جائے ۔ (اسم) ذہن کا ایک حصہ جو شعور اور لاشعور کی درمیانی سرحد پر واقع ہوتا ہے ۔
preconsciously, adv. قبل شعوری طور پر ۔
precook, v.t. پہلے سے نیم پُخت کھانا پکانا ؛ جزوی یا مکمل طور پر کھانا پکانا جو بعد میں کسی وقت جلدی سے گرم کرکے پیش کر دینے کے لیے ہو ۔
precritical, a. (طب) مدت ماقبل بحرانِ مرض ؛ کسی ایسی مدت سے متعلق جو کسی مرض کے بحرانی مرحلے سے قبل آتی ہے ۔
precursor, n. اگوا ؛ نقیب ؛ مقدم ؛ سابق عہدہ دار ؛ پیش رو عہدہ دار ؛ آگے دوڑنے والا ؛ خبررساں ؛ وہ شخص یا چیز جو کسی واقع سے پیشتر گزرتی ہے اور اُس واقعے کی آمد کی طرف اشارہ کرتی ہے ؛ پیش رو ۔
precursory, precursive, a. پہلا ؛ اگوانی ؛ پیش رو ؛ تمہیدی ؛افتتاحی ؛ پہلے آنے والا بحیثیت خبررساں کے ؛ ابتدائی ؛ پہلے جانے والا ۔
predacious, predaceous, a. شکار خور ؛ شکار پیشہ ؛ غارت گر ؛ دوسرے جانوروں کو شکار کرنے کا عادی ۔
predaciousness, n. شکار خوری ؛ غارت گری ۔
predacity, n. شکار پر گزران ۔
predate, v.t. تاریخ ماقبل ڈالنا ؛ پیشگی تاریخ ڈالنا ؛ پہلے واقع ہونا ۔
predation, n. تاریخ ماقبل ، شکار خوری یا غارت گری کا عمل ؛ تباہی ؛ لُوٹ ؛ ایک جانور کا دوسرے جانور کو کھانے کے لیے مار ڈالنے کا عمل ۔
predation, pressure, n. نسلی غارت گری ؛ شکار ہونے کے باعث کسی نسل یا نوع کے تسلسل پر پڑنے والے اثرات ، بالخصوص اُن جانوروں پر جو دوسروں کی خوراک بنتے ہیں ۔
predator, n. غارت گر ؛ لُٹیرا ؛ کوئی شخص یا چیز جو غارت گری یا لوٹ مار کرتی ہے ؛ شکار خور ۔
predatory, a. پیشہ ور غارت گر ؛ غارت گری کرنے والا ؛ لُوٹ مار کرنے والا ؛ غارت گری کا پیشہ اختیار کرنے والا ۔
predatorial, a. غارت گری کا یا اس سے متعلق ۔
predatorily, adv. غارت گری کے طور پر ۔
predawn, a. آخر شب ؛ اُس وقت سے متعلق جو طلوعِ آفتاب سے فوراً قبل ہوتا ہے ؛ رات کا خاتمہ ؛ قبلِ سحر ؛ صبح کاذب ؛ صبح صادق ۔
predecease, v.t., v.i. پہلے مر جانا ۔ (اسم) پیش مرگ ۔
predecessor, n. پیش رو ؛ وہ شخص جو پہلے گزرتا ہے یا کسی حالت میں دوسرے سے آگے ہوتا ہے ؛ کوئی چیز جو کسی دوسری چیز کی جانشین ہوتی ہے ، مقدم ؛ پیشین ؛ اگلا ۔ (قدیم) مورث اعلیٰ ؛ آباء و اجداد ؛ اسلاف ؛ جدّ ۔
predesignate, v.t. کسی منصب کے لیے پہلے سے نامزد کر دینا ۔
predesignation, n. پہلے سے نامزدگی ؛ پیش نامزدگی ۔

predestinarian, a. تقدیر کا قائل ؛ جبریٰ ؛ قدری ؛ قضا و قدر کا معتقد ؛ پہلے سے متعین تقدیر کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) وہ شخص جو تقدیر کے عقیدے پر یقین رکھتا ہے ؛ تقدیر پرست ۔

predestinarianism, n. نظریۂ تقدیر ؛ تقدیر پرستی ۔

predestinate, v.t. مُقدّر کرنا ؛ پہلے سے متعین کرنا یا پہلے سے حکم دے کر مقرر کرنا ۔ (الٰہیات) خدائی فرمان کے ذریعے پہلے سے متعین یا مقرر کرنا ۔

predestinator, n. مُقدر کرنے والا ؛ خُدا ؛ قادر مطلق ۔

predestination, n. آیندہ واقعات کو پہلے سے بذریعہ فرمان متعین کر دینے کا عمل ؛ قسمت ؛ تقدیر ؛ مقدر ۔ (الٰہیات) خدا کا فرمان کہ جو کچھ گزرتا ہے وہ روزِ ازل سے متعین کر دیا گیا ہے ؛ دائمی مسّرت یا لعنت اور پھٹکار کا وہ فیصلہ جو انسانوں کے لیے حق تعالیٰ نے پہلے سے بذریعہ حکم نافذ کر دیا ہے ؛ قضا و قدر ؛ سرنوشت ۔

predestine, v.t. مقدر کرنا ؛ پہلے سے فیصلہ کر دینا ؛ پہلے سے حُکم دے دینا ؛ پہلے سے مقرر کرنا ۔

predetermine, v.t. پہلے سے متعیّن کرنا یا فیصلہ کرنا ؛ پہلے سے حُکم دینا ؛ پہلے سے رائے قائم کرنا ؛ اثر ڈالنا یا راغب کرنا ۔

predeterimination, n. پہلے سے کیا جانے والا فیصلہ ؛ پیش فیصلہ ۔

predial, a. دیکھیے : Praedial ۔

predicable, a. قابلِ توثیق ؛ دوسری شے کی نسبت کہنے کے قابل ؛ ممکن الاثبات ؛ قابلِ اسناد ؛ توثیق کے قابل ؛ سندی ؛ خبری ۔ (اسم) کوئی چیز جو دعوے کے ساتھ کہی جا سکے یا جس کی توثیق کی جا سکے ؛ محکوم ؛ محمول ؛ مسند ؛ خبر ۔ (منطق) اُن پانچ چیزوں میں سے کوئی ایک جو کسی چیز یا کسی شخص کے متعلق وثوق سے کہی جا سکتی ہیں ، جیسے جنس ، نوع ، فرق ، جائیداد یا حادثہ ۔

predicability, predicableness, n. محولیت ؛ سندیت ؛ خبریت ۔

predicament, n. ایک ناخوشگوار ، پریشان کُن خطرناک صورتِ حال یا موقع ؛ منطقی اظہارات کی اقسام یا زُمروں میں سے کوئی ایک ؛ مسند ؛ محمول ۔(جمع) ارسطو کے مقولات ۔

predicamental, n. محمولی ؛ مسندی ؛ خبری ۔

predicant, a. تبلیغی ۔ (اسم) مبلّغ ؛ واعظ ؛ مُبشّر ۔

predicate, v.t., v.i. مشتہر کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ اثبات کرنا ؛ زور دے کر کہنا ۔ (منطق) کسی مسئلے کے موضوع سے متعلق توثیق کرنا یا ادعا کرنا ؛ خبر دینا ؛ اس قسم کے مسئلے کے اظہار کو ایک شرط بنانا ؛ ضمنی اشارہ کرنا یا مضمر مفہوم میں بات کرنا ؛ بنیاد یا اساس رکھنا ، جیسے کسی بیان یا عمل کی ؛ توثیق ہونا یا ادعا ہونا ۔ (اسم) (گرامر) مسند ؛ خبر ؛ جو فاعل کو فعل سے متصف کرے؛ وہ لفظ یا الفاظ جو موضوع کے متعلق اثبات یا انکار کا اظہار کرتے ہوں خواہ وہ تنہا ایک محدود فعل ہو یا ایک محدود حرف فعل ، مفعول یا تکملہ کے ساتھ ہو ؛ (منطق) وہ جو کسی مسئلے میں موضوع سے متعلق کیا جائے اور اس کا اثبات کرے ۔

predicative, a. اثباتی ۔

predicatively, adv. مسند یا اس کے جزو کے طور پر ۔

predicate nominative, n. بعض زبانوں میں ایک اسم/ضمیر یا اسم صفت بحالتِ فاعلی، جو کسی فعل ربط کے فاعل کی نشان دہی کرے یا اُس میں ترمیم کرے ۔

predication, n. اقرار ؛ اظہار ؛ اسناد ، وعظ ؛ اعلان کرنے ، توثیق کرنے یا دعویٰ کرنے کا عمل ؛ اثبات ؛ ادعا ۔ (منطق) کسی موضوع کے متعلق کسی بات کا ادعا ۔

predicational, a. ادعائی ؛ اثباتی ۔

predicatory, a. قائم کرنے والا ؛ مثبت ؛ واعظانہ یا وعظ کہنے یا تبلیغ کرنے سے متعلق ؛ نصیحت ساز ۔

predict, v.t. پیش گوئی کرنا ؛ غیب کی باتیں بتانا ۔ (فعل لازم) پیش گوئی ہونا ۔

predictable, a. قابلِ پیش گوئی ۔

predictably, adv. پیش گوئی کے طور پر ۔

predictability, n. پیش گوئی کیے جانے کی قابلیت ۔

prediction, n. پیش گوئی ؛ پیشین گوئی ۔

predictive, a. پیش گویانہ ۔

predictively, adv. پیش گوئی کے طور پر ۔

predictor, n. پیشین گو ؛ غیب کا حال بتانے والا ؛ پیشین گو ۔ (عسکری) ایک خود کار میکانکی آلہ جو طیّارہ شکن توپوں پر لگا ہوتا ہے جس سے آنے والے طیاروں کی رفتار ، بلندی اور راستہ معلوم ہو جاتا ہے ۔

predigest, v.t. ہاضم بنانا ؛ کسی مصنوعی طریقے سے تیار کرنا ، جیسے کھانے کو زیادہ آسانی کے ساتھ ہضم پذیر بنانے کے لیے ۔

predigestion, n. جلد ہضم ہونے کی اہلیت/صلاحیت ۔

predilection, n. التفات ؛ میلانِ خاطر ؛ رغبت ؛ توجہ ؛ کشش ؛ رجحان ؛ طبعی میلان ؛ کسی چیز کے حق میں ذہن کے اندر پہلے سے حسنِ ظن کی موجودگی ؛ جانب داری یا ترجیح ۔

predispose, v.t., v.i. متوجہ کرنا ؛ پہلے سے کھینچ لینا ؛ موافق کرنا ؛ راغب کرنا ؛ پہلے ہی سے مائل کرنا ؛ رجحان یا میلان طبع ہونا ؛ پہلے ہی سے کسی چیز سے تطابق پیدا کرنا ؛ پیشگی طور پر ہبہ کرنا یا وصیت میں دے دینا ۔

predisposition, n. رغبت ؛ توجہ ؛ میل خاطر ؛ کشش ؛ رجحان ؛ آمادگی ؛ کسی چیز کی طرف پہلے سے رجحان ہونے کی کیفیت یا ماقبل رجحان یا میلان ۔

predoctorate, a. قبل از ڈاکٹریٹ ؛ ڈاکٹریٹ حاصل کرنے سے قبل کے علمی مطالعہ یا علمی کمالات سے متعلق ۔

predominant, a. زورآور ؛ فائق ؛بالادست ؛ دوسروں پر غالب ؛ طاقت ، اثر یا اقتدار میں برتر ؛ حکم ران ؛ ضبط و نظم قائم کرنے والا ۔

predominantly, adv. زیادہ تر ؛ غالب طور پر ۔

predominance, predominancy, n. تسلُّط ؛ غلبہ ؛ بالا دستی ۔

predominate, v.i. غالب ہونا ؛ غلبہ رکھنا ؛ فائق ہونا ؛ برتر و اعلیٰ طاقت ، اثر یا اقتدار رکھنا ؛ دوسروں کے درمیان انضباطی اثرات رکھنا ؛ تعداد ، سائز یا طاقت میں فوقیت ہونا۔(فعل متعدی) حکومت کرنا ؛ تسلط قائم کرنا ؛غلبہ حاصل کرنا ۔

predominately, adv. فوقیت سے ؛ زیادہ تر ۔

predomination, n. غلبۂ؛ اقتدار ۔

preeminent, a. برتر ؛ افضل ؛ بالادست ؛ ممتاز ؛ بزرگ ؛ فائق ؛

بڑھ کر ؛ بڑھا ہوا ؛ نمایاں ، دوسروں کے سامنے یا ان سے زیادہ ، دوسروں سے برتر یا ان پر فائق ؛ دوسروں سے ماورا یا ممتاز ۔

preeminence, n.
تفوُّق ؛ امتیاز ، افضلیت ۔

preminently, adv.
اعلیٰ طور پر ؛ افضل طور پر ۔

preempt, v.t.
حق شُفع کی رو سے قابض ہونا ؛ سرکاری زمین کی حیثیت سے قبضہ کرنا تاکہ خریداری کا حق قائم ہو سکے ؛ حاصل کرنا یا قبضہ جمانا دوسروں سے قبل ۔ (فعل لازم) (برج) معمول سے بڑھ کر بولی دیا جانا ۔

preemptor, n.
حق شفع کرنے والا شخص ؛ شافع ۔

preemption, n.
حق شفع ؛ پڑوس کاحق ؛دوسروں سے پہلے خریدنے کا عمل یا حق ؛ نو آباد کار کا حکومت کی طرف سے منظور شُدہ یہ حق کہ وُہ جس سرکاری زمین پر قابض ہو گیا ہے اسے خریدنے کا اولین موقع اسے دیا جائے گا ؛ ملکیت کا ایک مقدم دعویٰ ۔

preemptive, a.
شُفعانہ ، شُفعیٔ ؛ اُس کا جو خریداری کا اولین حق حاصل کر لیتا ہے یا اِس حق کو حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔ (برج) ایک غیر ضروری طور پر اونچی بولی یا حد سے زیادہ مطالبہ جو اس ارادے سے کیا جائے کہ مخالف کو بولیوں کا جو حق حاصل ہے اسے مسدود کر دیا جائے ۔

preemptively, adv.
حق شفعانہ طور پر ۔

preen, v.t.
پروں کو صاف کرنا ؛ کریز کرنا ؛ سنوارنا ؛ چونچ سے چھانٹنا یا صاف کرنا ، جیسا کہ پرندے اپنے پروں کو سنوارتے ہوئے کرتے ہیں ؛ بنانا ، جیسے اپنے آپ کو پُرکشش بنانا (بڑی کاوش اور محنت سے) ؛ غرور یا فخر کا اظہار کرنا جیسے کسی شخصی کارنامے میں ۔ (فعل لازم) بننا سنورنا ؛ للچائی نظروں سے دیکھا جانا ۔

preener, n.
سنورنے/سنوارنے والا شخص ؛ کپڑے صاف کرنے کا آلہ ۔

preengage, v.t.
آگے سے گانٹھنا ؛ پہلے سے قرار داد کرنا ؛ پہلے سے قول و قرار کرنا ؛ آگے سے ٹھہرا لینا ؛ وقت سے پہلے کسی کو پابند کرنا یا معاہدہ کرنا ، جیسے ملازمت کے لیے یا کسی مخصوص خدمت کے لیے ؛ شادی کے لیے پابند کر لینا جیسے منگنی سے ۔

preengagement, n.
منگنی ؛ قبل پابندی ۔

preexilian, a.
ماقبل جلاوطنی ؛ چھٹی صدی قبل مسیح کے آخر میں، یہودیوں کی بابل سے جلاوطنی سے قبل کا دور ۔

preexist, v.t., v.i.
پیشگی قائم کرنا ؛ ازلی ہونا ؛ پہلے سے موجود یا قائم ہونا ؛ پہلے سے یا کسی ماقبل حالت میں موجود رہنا یا ہونا ؛ کسی چیز یا کسی شخص سے پہلے موجود رہنا یا ہونا ۔

preexistence, n.
ازلیت ۔

preexistent, a.
ازلی ۔

prefab, n.
پیش ساختہ ؛ کوئی چیز جو پہلے سے تیار ہو ، جیسے مکان ۔

prefabricate, v.t.
پہلے سے بنانا یا تعمیر کرنا ؛ معیاری اجزا یا الگ الگ ٹکڑوں سے تیار کرنا تاکہ موقع پر تیزی کے ساتھ جوڑ کر تیار کر دیا جائے ، جیسے کوئی مکان ۔

prefabrication, n.
پیش ساختگی ؛ تعمیر کے لیے پہلے سے حصوں میں تیار کرنے کا عمل ؛پیش سازی ؛ پیش ترکیبی ۔

preface, n.
تمہید ؛ دیباچہ ؛ افتتاحیہ ؛ مقدمہ ؛ پیش لفظ ؛ کوئی چیز جو کسی بحث سے قبل بطور تعارف کہی گئی ہو یا کسی کتاب یا تصنیف و تالیف ک لیے اصل سے قبل بطوردیباچہ لکھی گئی ہو ۔ (فعل متعدی) ابتدائی کلمات کے ذریعے تعارف کرانا ؛ کسی کے لیے ایک پیش لفظ یا ابتدائیہ لکھنا ۔

prefatory, prefatorial, a.
دیباچے کا ، تمہیدی ؛ ابتدائی ؛ کسی پیش لفظ کی نوعیت کا ؛ کسی پیش لفظ سے متعلق ۔

prefatorily, adv.
تمہید کے طور پر ؛ دیباچے کے طور پر ۔

prefect, praefect, n.
حاکِم ؛ افسر ؛ سردار ؛ مانیٹر ؛ قدیم روم میں متعدد فوجی اور دیوانی افسروں کے لیے ایک عام نام ؛ فرانس میں ایک اہم اہلکار یا مجسٹریٹ ۔(برطانوی) ایک متقدّم طالبِ عِلم پبلک اسکولوں میں بطور مانیٹر کام کرتا ہے ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) بعض مذہبی یا نجی اِسکولوں کا صدر ؛ پریفیکٹ ۔

prefect apostolic, n.
(رومن کیتھولک کلیسا) نائب بشپ ؛ ایک پادری جس کا رُتبہ کم ہوتا ہے مگر وہ ایک مشنری علاقے کی قسمت میں بطور بشپ کام کرتا ہے ۔

prefecture, n.
کمشنری ؛ پریفیکٹ دیوانی افسر کا عہدہ یا دائرۂ اختیارات ؛ پریفیکٹ کی سرکاری رہایش گاہ ۔

prefer, v.t.
ترجیح دینا ؛ آگے دھرنا ؛ پیش کرنا ؛ گزارنا ؛ داخل کرنا؛ترقی کرنا ؛ بڑھانا ، سرفراز کرنا ؛ اچھا جاننا ؛ بہتر جاننا ؛ کسی اور چیز سے زیادہ قابل احترام قرار دینا ؛ زیادہ احترام یا پسندیدگی کے قابل سمجھنا یا کسی کے مقابلے میں چننا (جیسے: to prefer one to another,) ؛ کسی شخص کےغوروفکر یا فیصلے کے لیے پیش کرنا ؛ پیش کرنا بالخصوص عرضداشتیں یا درخواستیں ؛ الزامات کے طور پر پیش کرنا ؛ ترقی کرنا جیسے کسی عُہدے یا اعزاز پر؛ بڑھانا ؛ سرفراز کرنا ۔

preferer, n.
ترجیح دینے والا شخص ؛ مُرجّح ؛ ترجیح کار ۔

preferable, a.
لائق ؛ قابل ترجیح ؛ زیادہ مستحق ؛ زیادہ پسندیدہ ؛ مرجح بہتر ۔

preferableness, perferability, n
برتری ؛ ترجیح دینے کا عمل یا حالت ۔

preferably, adv.
ترجیح دیتے ہوئے ۔

preference, n.
ترجیح؛ پسند؛ پسندیدگی؛ فوقیت ؛ برتری ؛ تفضیل ؛ کسی ایک چیز کو دوسری چیز کے مقابلے میں ترجیح ؛ کسی چیز کو پسند کرنے یا کسی چیز کے پسند کیے جانے کا حق یا حالت/اُس کے لیے شرط ؛ ترجیح دی گئی چیز یا شخص ؛ کوئی خاص رعایت یا فائدہ جو کسی ایک کو دوسرے کے مقابلے میں میسر ہو (جیسے ملکوں کے درمیان تجارت میں)؛ ادائیگی کے معاملے میں پہل کا حق جو بعض قرض خواہوں کو حاصل ہو ؛منافعوں یا دیگر فوائد کی تقسیم میں پہل کا حق ۔

preferential, a.
ترجیحی ؛ رعایتی ؛ تفضیلی ؛ ترجیح کا یا اُس سے متعلق ؛کسی کے لیے ترجیح ؛ جانب داری ظاہر کرنے والا ؛ مظہرِ ترجیح (جیسے:He enyojed preferential treatment) ؛ ترجیح کا اظہار کرنے والا جیسے رائے دہی میں ، قرعہ کے ذریعے ۔

preferentially, adv.
از رُوئے ترجیح ۔

preferment, n.
سرفرازی ؛ برتری ؛ سربلندی یا بہتری ؛ کسی بلند تر عہدے ، اعزاز یا مقام پر سرفرازی یا ترقی ؛ ایک برتر یا بیش بہا جگہ یا عہدہ ؛ پیش کاری جیسے الزامات کی ۔

preferred stock, n. ترجیحی تمسک ؛ راسی حصص کی ایک شکل جسے منافعوں یا دیگر حقوق کی ادائیگی میں عام حصص پر ترجیح دی جاتی ہے ۔

prefiguration, n. پیش بینی ؛ پہلے سے صورت حال سمجھنے سمجھانے کا عمل ؛ وہ جو پہلے سے صورت حال کی خبر دے ۔

prefigurative, a. پیش بینی کا یا اس سے متعلق ۔

prefiguratively, adv. پیش بینی کے طور پر ۔

prefigurativeness, n. پیش بینی کی صلاحیت ۔

prefigure, v.t. پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا ؛ پہلے سے اپنے دماغ میں تصویر کھینچ لینا ؛ پہلے سے نمایندگی کرنا، جیسے طرزوں یا مُشابہات کے ذریعے ؛ پیشگی رویت کرنا ؛ پہلے سے تصویر بنا کر ظاہر کرنا ؛ بیان کرنا ۔

prefigurement, n. پیش بینی ؛ پیش تصویری ۔

prefix, v.t. رکھنا یا لگانا کسی دوسری چیز سے پہلے یا اُس کے شروع میں جیسے خطاب نام سے پہلے؛ پہلےطے کرنا ، قرار دینا یا مقرر کرنا (جیسے ,to prefix the hour of the meeting) : سابقہ ؛ ایک حرف ، رکن تہجی یا لفظ جو کسی اصول ، جڑ یا اساس کے شروع میں رکھا جائے ، عموماً بدلتے ہوئے معنی کے ساتھ ۔

preflight, a. ماقبل پرواز ؛ کسی ہوائی جہاز کی پرواز سے قبل وقوع پذیر : کسی ہوائی جہاز کی پرواز کے لیے تیاری سے متعلق ۔

preform, v.t. پہلے سے بنانا ؛ تیار کرنا ؛ پہلے سے تشکیل دینا یا انجام دینا ؛ پہلے سے فیصلہ کرنا ؛ بناوٹ یا شکل کو پہلے سے متعین کرنا ۔ (اسم) کوئی چیز پہلے سے بنائی ہوئی ؛ کوئی چیز صرف جزوی طور پر بنی ہوئی ۔

preformation, n. پیش تشکیل ؛ سابقہ تشکیل ؛ یہ متروک نظر یہ کہ کسی عضویہکی نشوونما صرفُ اس کے سائز میں ہی ہوتی ہے ، کیونکہ جرم خلیہ میں تمام اجزا مُصَغّر موجود ہوتے ہیں ؛ ساختِ اولیں ۔

pregnable, a. زد پذیر ؛ قابلِ فتح ؛ قابلِ تسخیر ؛ زبردستی لیے جانے یا جیتے جانے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

pregnability, n. زد پذیری ۔

pregnancy, n. حمل ؛ گربھ ؛ حمل سے ہونے کی حالت ، زمانہ یا کیفیت ۔

pregnant, a. باردار ؛ حاملہ ؛ پیٹ سے ؛ امید سے ؛ گابھن ؛ بڑا ؛ بھاری ؛ معنی خیز ؛ نتیجہ بخش ؛ مشعر ؛ بھرا ہوا ؛ پُر ؛ سیر حاصل ؛ جسم کے اندر ایک جنین رکھنے والا ؛ بھر پور یا لبریز ، عموماً آخر میں with کے ساتھ (جیسے : pregnent with significance) ؛ زرخیزی کا مظہر؛ زرخیز ؛ عواقب یا اہمیت سے بھرا ہوا ؛ تخیُّل یا ظرافت سے مالا مال ؛ رسا ؛ اختراعی ۔

pregnantly, adv. پرمعنی انداز میں ؛ مطلب خیز طور پر ۔

preheat, v.t. پہلے سے گرم کرنا یا کسی بعد کے طریقے کو شروع کرنے سے قبل گرم کرنا ۔

prehensile, a. گرفت پذیر ؛ پکڑنے یا گرفت میں لینے کے قابل ؛ گیرندہ ؛ ایسا بنایا ہوا ، بالخصوص کسی چیز کو چاروں طرف سے لپیٹ کر (جیسے : ,a prehensile tail of a monkey) ۔

prehension, n. قبضہ ؛ گرفت ؛ فہم ؛ ادراک ؛ تصور ؛ تفہیم ؛ قبضے میں لینے یا گرفت کا عمل ؛ گرفتاری ؛ حراست ۔

prehistoric, prehistorical, a. ماقبل تاریخ ؛ واقعات ماقبل تاریخ ؛ جس زمانے میں تحریری تاریخ شروع ہوئی اُس سے قبل کی مدت سے متعلق ۔

prehistorically, adv. قبل تاریخی زمانے میں ۔

prehistory, n. ماقبل تاریخ ؛ مندرج تاریخ سے قبل کا زمانہ ؛ تحریری واقعات سے قبل کے زمانے میں نسل انسانی کا مطالعہ جس کی بنیاد زیادہ تر نسلیاتی یا آثاریاتی دریافتوں پر ہوتی ہے؛ کسی صورتِ حال یا بحران سے ماقبل زمانے کے واقعات کی تاریخ ۔

prehominid, n. ماقبل نسل انسانی؛ ابتدائی زمانے کے معدوم انسانوں میں سے کوئی ایک ، جیسے جاوا (Java) ، پیکنگ (Peking) اور ایاسی (Eyassi) انسان ۔ (صفت) ان انسانوں کے متعلق ۔

preignition, n. قبل احتراق؛ قبل اشتعال؛ ایک درون احتراقی انجن میں فشارہ/پسٹن کا کام شروع کرنے کے لیے اپنی جگہ پر پہنچنے سے پہلے ایندھن کا احتراق ۔

prejudge, v.t. پیش فیصلہ کرنا ؛ سماعت سے قبل یا دلائل اورواقعات کا پورا علم ہونے سے قبل فیصلہ کر دینا ؛ پہلے سے یا تکمیل سماعت سے قبل قصور وار ٹھہرانا ؛ قبل از وقت رائے قائم کر لینا ۔

prejudger, n. قبل از وقت رائے قائم کر لینے والا شخص ؛ پیش فیصلہ کار ۔

prejudgement, n. قبل از وقت رائے ، فیصلہ یا تجویز ؛ پیش فیصلہ کاری ۔

prejudice, n. تعصُّب ؛ بدگمانی ؛ بدظنی ؛ بگاڑ ؛ مضرت ؛ ایسی موافق یا زیادہ تر ناموافق رائے ، فیصلہ یا تعیین قدر جوبغیر ثبوت یا معقول شہادت کے قائم کی گئی ہو مگر اس کی بنیاد اس بات پر ہو کہ وہ ذہن کو جائز معلوم ہوتی ہے ؛ کسی نسل ، مذہب ، گروہ وغیرہ کے خلاف تعصب ؛ اس قسم کے جذبات رکھنے کی کیفیت ، تکلیف یا نقصان جو کسی شخص کو دوسرے شخص یا اشخاص کے نامناسب عمل یا فیصلے سے پہنچا ہو ۔ (فعل متعدی) ذہن میں تعصب کی شجر کاریٰ کرنا ؛ جلدی بازی سے یا غلط خیالات سے کسی کو بدگمان کرنا ؛ کسی عمل یا رائے زنی سے مجروح کرنا ؛ عام طور پر تکلیف دینا ، نقصان پہنچانا ، بگاڑنا یا مجروح کرنا (جیسے : ,to prejudice one's cause) ۔

without prejudice, (قانون) کسی شخص کے حقوق یا دعووں کو خطرے میں ڈالے بغیر ۔

prejudicial, a. مضر ؛ مُخل ؛ مُفسد ؛ ضرررساں ؛ خطرے میں ڈالنے یا تکلیف پہنچانے پر مائل ؛ نقصان دہ ۔

prejudicially, adv. نقصان دہ طور پر ؛ بدظنی کے انداز میں ۔

prejudicialness, n. بدظنی ؛ مضرت رسانی ۔

prekindergarten, a. چار سالہ بچوں یا کنڈرگارٹن سے قبل کے سال کا یا ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ۔ (اسم) چار سالہ بچوں کا اسکول ۔ نیز : junior kindergarten ۔

prelacy, n. اسقفی ؛ ایک اعلیٰ درجے کا کلیسیائی عہدہ یا فرض منصبی ؛ کلیسا کے اعلیٰ عہدے داروں کے ذریعے عیسائی لوگوں کا نظام حکومت ، بعض اوقات حقارت آمیز انداز میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ کلیسائی عہدہ دار بحیثیت مجموعی ۔

prelate, n. اسقف ؛ ایک اونچے درجے کا کلیسیائی ، جیسے

ایک آرچ بشپ ، بشپ یا سردار قبیلہ ؛ گرجا کی ایک بلند شخصیت ۔

prelateship, n. بشپ کا منصب یا عہدہ ۔

prelature, n. اسقفی ؛ کلیسیا کے ایک اعلیٰ عہدہ دار کی حیثیت ؛ اعلیٰ کلیسیائی عُہدے دار بحیثیت مجموعی ؛ اعلیٰ کلیسیائی عہدے دار کا دائرۂ اختیارات ۔

prelect, v.i. تقریر کرنا ؛ درس دینا ؛ عوام کے سامنے ایک تقریر یا بحث کرنا ؛ خطبہ دینا ۔

prelection, n. عام تقریر ؛ لیکچر؛ درس؛ خطبہ ۔

prelector, n. لیکچرر ؛ مقرّر ؛ ریڈر یا خطیب ۔

prelibation, n. ذائقۂ ماقبل ؛ پہلے سے چکھنے کا عمل ۔

prelim, n. (عوامی) ابتدائی ۔

preliminary, a. تمہیدی ؛ مقدم ؛ شروع کا ؛ ابتدائی ؛ افتتاحی ؛ مبادی ؛ اولین ؛ تعارفی ؛ خاص بحث یا کاروبار سے قبل کا ؛ دیباچہ کا ۔ (اسم) کوئی چیز جو تعارفی یا تمہیدی ہو ؛ ایک ابتدائی امتحان ، جیسے کالج کی کسی ڈگری کے لیے ۔ (کھیل) بڑے جدولی کھیل سے پہلے ہونے والے کھیل ۔ (جمع) (طباعت) پیش لفظ ۔

preliminarily, adv. ابتدائی طور پر ؛ بطور تمہید ۔

prelude, prelusion, n. فاتحہ ؛ آغاز ؛ تمہید ؛ سُر ، الاپ ، لے کا آغاز ؛ کوئی چیز تمہیدی یا اُس موضوع تک لے جانے والی جو بعد میں آتا ہے ؛ کوئی تعارفی وقوعہ یا کھیل ۔ (موسیقی) بڑے نغمے سے قبل؛ تمہیدی موسیقی؛ ایک علیٰحدہ ، نسبتاً چھوٹا ، سازوں پر نغمہ ؛ اوپیرا غنائی تمثیل کی تمہیدی موسیقی ؛ موسیقی کا ٹکڑا جو ایک رسمی ابتدائیہ سے زیادہ مختصر ہوتا ہے ؛ وہ موسیقی جو گرجا کی دعا شروع ہونے سے قبل پیش کی جاتی ہے ؛ ایک رضاکارانہ پیشکش ۔ (فعل متعدی) تمہید کے طور پر پیش کرنا ؛ تمہید کا کام دینا ؛ تمہیدی طور پر بجانا ۔ (فعل لازم) تمہید ہونا ؛ تمہیدی موسیقی کا بجنا ۔

preluder, n. ابتدا کرنے والا شخص یا چیز ۔

prelusion, n. دیکھیے : prelude ۔

prelusive, prelusory, a. تمہید کی نوعیت کا ؛ تعارفی ؛ تمہیدی ۔

prelusively, adv. افتتاحی/تمہیدی انداز میں ۔

premature, a. وقت سے پہلے ؛ پیش رس ؛ قبلِ بلوغ ؛ قبل از وقت ؛ غیر پختہ ؛ مناسب وقت سے قبل واقع ہونے والا ، پہنچنے والا ، موجود ہونے والا یا کیا ہوا ؛ بے وقت کا ۔ (اسم) وقت سے پہلے ہونے والا وقوعہ ۔

prematurely, adv. جلدی سے ؛ عاجلانہ ۔

prematureness, prematurity, n. خامی ؛ کچاپن ؛ پیش رسی ۔

premaxilla, n. (تشریح الاعضا) (حیوانیات) ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں کے بالائی جبڑے کے سامنے والی دو ہڈیوں میں سے کوئی ایک ؛ جبڑے کی دو ہڈیوں کے درمیان ۔

premaxillary, a. جبڑے کی ہڈیوں کا یا ان سے متعلق ۔

premed, a. (بول چال) قبل طبّی ۔

premedical, a. ماقبل تعلیم طبّی ؛ طب کے پیشہ ورانہ مطالعے سے قبل کے مطالعات سے متعلق یا اُن میں مشغول ؛ قبل طبی ۔

premeditate, v.t. پیش بندی کرنا ؛ پہلے سے فکر یا تامل کرنا ؛ پہلے سے منصوبہ بندی کرنا ، غور و غوض کرنا ؛ خیال کرنا ۔ (فعل لازم) پہلے سے سوچنا یا غوروخوض ہونا ۔

premeditator, n. پہلے سے سوچنے والا شخص ؛ محتاط شخص ۔

premeditated, a. بالعمد ؛ پہلے سے سوچا ہوا ۔

premeditatedly, adv. عمداً ؛ پہلے سے سوچ کر ۔

premeditation, n. پیش بندی ، عاقبت اندیشی ؛ آگے کا سوچ بچار ؛ پہلے سے سوچ بچار کرنے کا عمل ۔ (قانون) کسی عمل سے قبل منصوبہ بندی یا بحث و تمحیص، جس سے اس عمل کے ارتکاب کی نیت ظاہر ہوتی ہو ۔

premeditative, a. بالعمد ۔

premenstrual, a. ماقبلِ حیض ؛ حیض جاری ہونے سے قبل کی مدت سے متعلق ۔

premier, a. اوّل ؛ خاص ؛ بڑا ؛ بڑا باعتبار عمر ۔ (اسم) مملکت کا اول یا اعلیٰ وزیر ؛ وزیراعظم ۔

premiership, n. وزارتِ عظمیٰ ؛ اولیت ۔

premiere, premier, n. اولین پیشکش ؛ کسی ڈرامے ، اوپیرا وغیرہ کی سب سے پہلی عوامی پیشکش ؛ سربرآوردہ خاتون ، جیسےکسی ڈرامے کی ہیروئن ۔ (فعل لازم) پہلی مرتبہ کھیلا جانا یا عوامی طور پر دکھایا جانا ؛ کسی مخصوص کردار کا پہلی دفعہ کیا جانا ۔ (فعل متعدی) عوامی طور پر پہلی بار پیش کرنا ۔ (صفت) پہلا ؛ اہم ترین ۔

premillenarian, n., a. ہزارسال کے بعد حضرت عیسیٰ کے دوبارہ زمین پر اُترنے کا معتقد ؛ اِس مدت کا ماننے والا ۔

premillenarianism, n. حضرتِ عیسیٰ کے ظہور ثانی کا نظریہ ۔

premillenial, a. حضرت عیسیٰ کے ظہورثانی سے قبل کے زمانے کا یا اس سے متعلق ۔

premillennially, adv. ظہور ثانی کے طور پر ۔

premillennialism, n. حضرت عیسیٰ کے دوبارہ زمین پر آنے سے قبل کی ہزار سالہ مدت کی تعلیم یا عقیدہ ۔

premise, v.t. مقدمے یا قضیے کے طور پر یا پہلے سے بیان کرنا یا بتانا ؛ کسی بنیادی مضمون کے تعارف یا مقدم مسئلے کے طور پر پیش کرنا ۔ (فعل لازم) بطور تمہید پیش کیا جانا یا فرض کیا جانا ۔ (اسم) صغریٰ کبریٰ ؛ مقدمہ ؛ تمہید ؛ قضیہ ؛ کسی دلیل کی بنیاد کے طور پر پیش کیا جانے والا مسئلہ ۔ (منطق) جس قضیے سے کوئی استنباط کیا جائے یا کوئی نتیجہ نکالا جائے ، اُس کے پہلے دومسائل میں سے ہر ایک کو دیا جانے والا نام ؛ مقدمات صغریٰ و کبریٰ ۔ (جمع) زمین بشمول مکانات یا جائیدادہائے مقبوضہ ؛ مکان اور اُس کے لواحق ۔ (جمع) (قانون) وہ مواد جو پہلے ہی بیان کیا جا چکا ہو ، بالخصوص کسی قانونی دستاویز یا نوشتے کا وہ ابتدائی یا شروع کا حصہ جہاں نفس مضمون پوری طرح بیان کر دیا گیا ہو یا اُس کی وضاحت کر دی گئی ہو ۔ نیز: premiss ۔

premium, n. انعام ؛ عطیہ ؛ صلہ ؛ بخشش ؛ نفع ، بڑھوتری ؛ سود یا منافع جو کمپنی کے حصہ داروں کو ملے ؛ بیمے کی قسط ؛ پریمیم ؛ ایک انعام جو کسی مخصوص عمل کے لیے یا ترغیب کے طور پر دیا جائے ؛ کسی پیداوار کو خریدنے ، کسی کام کے لیے معاہدہ کرنے یا اس طرح کی کسی اور بات کے لیے ترغیب کی غرض سے بونس کی پیشکش ؛ بونس ؛ قیمت یا مزدوری یا فائدہ میں شامل ایک مزید رقم ؛ وہ رقم جو بیمہ کے معاہدے کے لیے بطور معاوضہ ادا کر دی گئی ہو یا جس کی ادائیگی پر اتفاق رائے ہو گیا ہو ؛ ایک رقم جو کسی

چیز کی نام زدہ یا مساوی قدر سے زائد ہو ؛ ایک رقم جو اس سُود سے زائد ہو ، جو قرض پر ادا کیا جاتا ہے ؛ کسی تجارت یا پیشے کی تعلیم کے لیے ادا کی جانے والی فیس ۔

at a premium, عمومی قیمت سے زائد ؛ قیمتی ؛ جس کی طلب ہو ۔

premolar, a. کسی ڈاڑھ کے متعلق ؛ ڈاڑھ کے دانتوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یا اُن سے متعلق ۔ (اسم) ڈاڑھ ۔

premonish, v.t. (شاذ) پہلے سے خبردار کرنا ؛ پہلے سے بتا دینا ؛ پہلے سے متنبہ کرنا ۔

premonition, n. پیش آگاہی ؛ واقعاتی ثبوت کے بغیر ؛ مستقبل کے متعلق بدشگونی کا ایک احساس ؛ ماقبل تنبیہہ ، اطلاع یا معلومات ۔

premonitory, a. آگہی بخش ؛ پہلے سے تنبیہہ کرنے والا؛ اطلاع دینے والا؛ نذیر ؛ پیش آگاہ ۔

premorse, a. (نباتیات) مقّطع سر ؛ جڑ یا پتّے کا اچانک یا بے قاعدگی کے ساتھ اس طرح ختم ہو جانا کہ گویا کسی نے کاٹ لیا ہے ۔

prenatal, a. ماقبلِ ولادت ؛ پیدائش سے قبل ۔

prenatally, adv. ماقبل ولادت سے ۔

prenomen, n. دیکھیے Praenomen ۔

prenotion, n. ایک توقعی یا پیش مفروضی علم : تصوراتی یا ادراکی ؛ پہلے سے متخیّلہ یا متصوّرہ ۔

preoccupation, n. پیشگی قبضہ ؛ ذہنی مشغولیت ، طرفداری ؛ دُھن ؛ انہماک ؛ کسی دوسرے شخص سے پہلے قابض ہونے یا قبضہ حاصل کرنے کا عمل ؛ کسی شخص کا ذہنی طور پر ایک ایسے مضمون میں مشغول ہونا یا جو اُس مضمون سے مختلف ہو جو اس کو فی الوقت دربیش ہو ۔

preoccupied, a. پیش مصروف ؛ پہلے سے مصروف ؛ پہلے سے متوجہ ؛ پہلے سے منہمک یا مشغول ؛ کسی خیال میں مکمل طور پر ڈوبا ہوا ۔ (حیاتیات) دو اِسمی ناموں کی فہرست میں سے ایک لاطینی نام جو پہلے ہی سے زیر استعمال ہو ۔

preoccupy, v.t. پہلے سے قبضہ کر لینا ؛ کسی دوسرے سے پہلے قابض ہونا یا قبضہ لے لینا ؛ کسی کی توجہ کو مشغول رکھنا ؛ اُس پر قابض ہونا ؛ سوچ میں غرق ہونا ۔

preoperative, a. (طِب) عملِ جراحی سے قبل ۔

preordain, v.t. پہلے سے قائم کرنا؛ پہلے سے ٹھہرارکھنا ؛ پیش مقرر کرنا ؛ پہلے سے مقرر کرنا یا عمل میں لانا ؛ مقدّر کرنا ؛ قسمت میں لکھنا ؛ حکم نافذ کرنا ۔

prep, n. (بول چال) تیاری کا مکتب ۔ (برطانوی) (عوامی) گھر پر کرنے کے کام کی تیاری ۔ (فعل لازم) کسی تیاری کے، اسکول میں حاضر ہونا ۔ (فعل متعدی) تیار کرنا یا مطالعہ کرنا ، جیسے کسی اسکول کے نصاب کا ۔

preparation, n. تیاری ؛ آمادگی ؛ مستعدی ؛ بندوبست ؛ سامان ؛ تیار کرنے کا عمل ؛ تیار کیے جانے کی حالت ؛ کارروائی ، اقدام یا قانونی دفعہ جس کے تحت کوئی شخص کسی چیز کے لیے تیاری کرتا ہے ؛ تیار کی ہوئی ؛ بنائی ہوئی یا ترکیب دی گئی کوئی شے ؛ نسخہ یا معجونِ مرکب (جیسے :a medicinal preparation) ۔ (موسیقی) متضاد سُر کی تیاری ، جیسے ناہموار سُر کو پہلے گزرے ہوئے تار میں ایک ہم آہنگ سُر کی طرح شروع کرنا ؛ آغاز نغمۂ بے آہنگ ؛ اس طرح پیدا کیا گیا سُر ۔

preparative, a. تیار کنندہ ؛ وہ جو تیار کرتا ہے ؛ کوئی تیّاری ۔

preparatively, adv. تیاری کرتے ہوئے ؛ بطور تیاری کے ۔

preparator, n. سائنسی اغراض کے لیے نمونے تیار کرنے والا ۔

preparatory, a. تمہیدی ؛ کسی چیز کے لیے راستہ ہموار کرنے کی خدمت انجام دینے والا ؛ تعارفی ؛ ابتدائی ۔

preparatorily, adv. تمہیداً ؛ تیاری کے طور پر ۔

preparatory school, n. ابتدائی مدرسہ ؛ طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے تیار کرنے والا مدرسہ ؛ ایک نجی اسکول جو طالب علموں کو محض کالج تک کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے قائم کیا گیا ہو ۔ (برطانوی) کوئی ابتدائی اسکول جو طلبہ کو پبلک اسکول میں داخلہ لینے کے لیے تیار کرتا ہے ۔

prepare, v.t. تیار کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ درست کرنا ؛ بنانا یا مناسب حالت میں کرنا (جیسے :.to prepare a manuscript for printing) ؛ ٹھیک بٹھانا یا لیس کرنا ؛ اکٹھے ہو کر ، کپڑے بدل کر یا پکا کر تیار ہو جانا (کھانے کے لیے) ؛ ترکیب دینا یا مرتب کرنا ، جیسے کسی دوا کا ۔ (موسیقی) اوپر لے جانا ، جیسے بے آہنگ سُر تک کسی ابتدائی سُر یا سُروں کے ذریعے ۔ (فعل لازم) تیار رہنا ؛ چیزوں کا یا خود اپنے آپ کا تیار ہونا ؛ آمادہ رہنا ۔

preparer, n. آمادہ رہنے والا ؛ تیار و مستعد شخص ۔

preparedness, n. تیاری ؛ مستعدی ؛ آمادگی ؛ تیاری کا عمل ؛ تیار ہونے کی حالت ، بالخصوص کسی قوم کی دھمکیوں یا جنگ پھوٹ پڑنے کی حالت میں مقابلہ کرنے کی تیاری ۔

prepay, v.t. رقم کا پہلے سے دے دینا؛ قبضہ حاصل کرنے سے پہلے ادائیگی کر دینا ؛ پیشگی ادا کرنا ۔

prepayment, n. پیشگی ادائیگی ؛ پیش ادائی ؛ ادائے پیشگی ۔

preplan, v.t. کامیاب نتیجے تک پہنچنے کے لیے ضروری اقدامات سرانجام دے کر تکمیل مقصد کی پہلے سے توقع کر لینا ۔

preponderance, preponderancy, n. بیش اہمیت ؛ اہم یا غالب ہونے کی خوبی یا حالت ؛ غالبیت ؛ وزن ، طاقت ، اثر یا تعداد میں برتری ؛ وقعت ؛ اہمیت ۔

preponderant, a. زیادہ اہمیت رکھنے والا ؛ وزن ، قُوّت ، اثر یا تعداد میں برتر ؛ زیادہ اہم ؛ وقیع ؛ غالب ۔

preponderantly, adv. زیادہ قُوّت سے ؛ زورْ سے ؛ اہمیت سے ۔

preponderate, v.i. نسبتاً زیادہ وزنی یا اہم ہونا ؛ کسی اور چیز سے وزن میں زیادہ بڑھ جانا ؛ نیچے کی طرف جُھکنا یا مائل ہونا ، جیسے ترازو کے ایک سرے یا پلڑے کا زیادہ وزنی ہونے کے سبب ؛ طاقت ، اثر یا رقم میں برتر ہونا ؛ غالب آنا ۔

preponderatingly, adv. زیادہ بھاری ہوتے ہوئے ؛ اہم ہونے کی

وجه سے ؛ وقعت کے لحاظ سے ۔

preponderation, n. کسی شے کی زیادتی یا اہمیت ۔

preposition, n. (گرامر) حرف ربط یا حرف جار ؛ غیر متصرف جزو کلام (جیسے:for, to, in, by, from)عموماً انگریزی میں اسم سے پہلے اور اردو میں اس کے بعد آتا ہے جس سے ایک کلمۂ جار بنتا ہے جو آپس میں اسم ذات ، فعل یا اسم صفت کے تعلق کو ظاہر کرتا ہے (جیسے : a man from the city) ۔

prepositional, a. ربطی ؛ ربطیہ ۔

prepositionally, adv. حرفِ ربط کے ذریعے ؛ حرفِ ربط کے طور پر ۔

prepositive, a., n. (گرامر) سابقی ؛ پہلے رکھا ہوا ؛ پہلے جمایا ہوا ؛ وہ لفظ جو سابقے کے طور پر استعمال ہو ۔

prepositively, adv. سابقے کے طور پر ۔

prepossess, v.t. پیش موافقت کرنا ؛ پہلے سے ذہنی طور پر قبضہ جما لینا یا غلبہ پا لینا ، جیسے تعصب کا ؛ کسی جذبے یا رائے کا ، خواہ موافق ہو یا ناموافق ، پہلے ہی سے دل میں بسا لینا ؛ متعصب یا جانب دار کر دینا ، بالخصوص موافقت میں ؛ پہلے سے موافقانہ تاثر پیدا کرنا یا طرفدار کر دینا ۔

prepossessing, a. پیش موافق ؛ دلکش ؛ پہلے ہی سے مرغوب خصوصاً موافقت میں ؛ شروع ہی سے موافقانہ تاثر دینے والا ؛ خوش گوار ؛ دلچسپ ۔

prepossessingness, n. مرغوبیت ؛ دِلکشی ۔

prespossessingly, adv. دل کَشی سے ۔

prepossession, n. رغبت ؛ میلان ؛ ظن ؛ کسی خیال کی پہلے سے ذہن میں بس جانے کی حالت ؛ تعصب ، بالخصوص کسی شخص یا چیز کے حق میں یا جانب داری ؛ پہلے سے پیدا کیا گیا ایک موافقانہ جذبہ یا رائے ۔

preposterous, a. بعید از قیاس ؛ فطرت ، عقل یا معمولی فہم و فراست کے خلاف ؛ انتہائی احمقانہ ؛ لغو ؛ بیہودہ ؛ لچر ۔

preposterously, adv. مہمل طور پر ؛ بے سروپا طریقے سے ۔

preposterousness, n. لغویت ؛ فضولیت ؛ بے معنی پن ۔

prepotency, n. تولیدی غلبہ ؛ گہری شباہت ؛ قوی ہونے کی حالت ۔ (حیاتیات) والدین میں سے کسی ایک کا غالب جینوں کی زیادہ بڑی تعداد یا نسبتاً زیادہ مشابہ زواجیّت رکھنے کے باعث ، اپنی موروثی خصوصیات کی نسل یا اخلاف پر نقش گری ۔

prepotent, a. بہت قوی ؛ زور آور ؛ مقتدر ؛ طاقت ، اختیار یا اثر میں غلبہ رکھنے والا ؛ بہت زیادہ طاقتور ۔ (حیاتیات) اپنی جنس کے کردار کو متعین کرنے کے لیے ، جیسے غالب جینوں میں ، ایک جرمی خلیہ ، ایک جدّ یا مورث کے غالب رجحان یا طاقت کی طرف اشارہ کرنے والا یا اُس سے متعلق ۔

prepotently, adv. نسلاً اپنی خصوصیات منتقل کرتے ہوئے ۔

preppie, preppy, n. کسی تیاری اسکول کا طالب علم ۔

prepuce, n. غلاف حشفہ ؛ قلفہ ؛ جلدی شکن جو قضیب کے سر یا ذکر کے اگلے حصے کو ڈھانکتی ہے ؛ حشفے کا چمڑا ؛ پیش جلد ۔

Pre-Raphaelite, n. قبل ریفائیلی ؛ انگریز فن کاروں کے ایک گروہ ''ماقبل ریفائیلی برادری'' کا کوئی فرد ؛ یہ برادری ۱۸۴۸ء میں تشکیل دی گئی تھی اور اس میں ہال مین (Holman) ، ہنٹ (Hunt) ، جان ایوریٹ ملائے (John Everett Millais) اور دانتے گیبرئیل روزیٹی (Dante gabriel Rossetti) شامل تھے ، جنھوں نے ریفائیل سے پہلے کے اطالوی فن کاروں کے طرز اور روح کے احیاء کی کوشش کی تھی ؛ انہی مقاصد اور طریقوں کا حامی عہد حاضر کا کوئی بھی فن کار ؛ ریفائیل سے پہلے کا کوئی بھی اطالوی نقاش ۔ (صفت) ماقبل ریفائیلوں کا ، ان سے متعلق یا ان کے خصائص کا حامل ؛ ریفائیلیوں کے زمانے سے قبل وجود رکھنے والا شخص ۔

Pre-Raphaelitism, n. قبل ریفائیلیت

prerecord, v.t. پیش ریکارڈنگ کرنا ؛ پہلے سے ریکارڈ کر لینا ؛ عوام کو واقعتاً دکھانے سے قبل ریکارڈ کر لینا ، جیسے ٹیلی ویژن کا پروگرام ۔

prerequisite, a. بدیہی شرط ؛ شرط اوّل ؛ لازمی ؛ ضروری ؛ بعد میں آنے والی کسی چیز کے لیے ضروری ۔ (اسم) کوئی چیز جو مُقدَّم ہو ، جیسے ایک نصاب جو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی اہلیت کے لیے ضروری ہوتا ہے ۔

prerogative, n. استحقاق ؛ رعایت ؛ اختیار ؛ اختیارِ قطعی ؛ سرکاری یا موروثی حق جس پر بغیر کسی اعتراض کے زور دیا جا سکتا ہو ؛ فرماں روا یا حکومت کے کسی دوسرے حاکم کو حاصل امتیازی حق یا خاص رعایت ؛ کسی خاص طبقے یا شخص کو دی گئی رعایت ۔ (صفت) شاہی استحقاق رکھنے والا یا اس سے متعلق ۔

presa, n. (موسیقی) ایک نشان جیسے :S: + ·※· جسے کسی دوری گیت یا نغمہ نگاری میں یہ ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ متواتر صوتی ٹکڑوں کو نغمے کے موضوع سے کہاں ربط پیدا کرنا ہے ۔

presage, n. شگون ؛ فال ؛ پیش آگہی ؛ کوئی چیز جو مستقبل کے کسی واقعے کا شگون بنتی ہے یا پہلے سے کسی واقعے کے آثار ظاہر کر دیتی ہے یا اس پر اپنا سایہ ڈالتی ہے ؛ پیش گوئی ؛ پیش بینی ؛ یہ احساس کہ کوئی چیز واقع ہونے والی ہے ؛ غیب گوئی ۔ (فعل متعدی) پہلے سے آگہی حاصل کرنا ؛ پہلے سے اپنا سایہ ڈالنا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ پہلے سے آثار کا ظاہر ہو جانا ؛ غیب کی بات بتانا ؛ مستقبل کا پیغام دینا ۔ (فعل لازم) پیش گوئی ہونا یا پہلے سے کسی بات کا زبان سے ادا ہو جانا ۔

presageful, a. فال یا شگون سے بھرا ہوا ۔

presager, n. کاہن ؛ غیب گو ؛ فال و شگون نکالنے والا ۔

presanctified, a. (رومی کیتھولک کلیسا) نذر کیا ہوا کسی قدیم تر عشائے ربانی میں ؛متبرّک عناصر کے حوالے سے استعمال کیا گیا ۔

presbyopia, n. (امراضیاتِ چشم) دُور نظری ؛ ضعف بصارت جس میں قریب کی اشیا بہ نسبت دور کی اشیا کے کم واضح نظر آتی ہیں ، یہ مرض بڑھاپے کی عمر میں عام ہوتا ہے ۔

presbyopic, a. دُور نظر ؛ دراز نظر ؛ بصری کمزوری کا (مریض) ۔

presbyter, n. پریسبیٹر ؛ قدیم مسیحی گرجے کا بزرگ پادری ؛ مذہبی حکومت کے گرجاؤں میں ایک پادری ؛ اُس نظام میں جو عام پادریوں کے ہاتھ میں ہوتا ہے ، اس نظام کے ماتحت گرجاؤں کا کوئی بھی رکن ؛ اس نظام کا ماننے والا کوئی رکن ۔

presbyterate, n. پریسبیٹر کا عہدہ یا منصب ۔

presbyterian, a. پریسبیٹیرین ، کلیسائی حکومت کا یا اُس پر مشتمل جو عام پادریوں ، پریسبیٹیروں یا ان کے اداروں کے ذریعے چلتی ہو ۔ (بڑے P سے) ان مختلف گرجاؤں کے نام سے یا ان کے متعلق جو اِس شکل کی حکومت رکھتے ہیں اور کم و بیش کالونزم کی جدید شکلوں کے حامل ہیں ۔ (اسم) (بڑے P سے) پریسبیٹیرین کلیسا کا رکن یا پیرو ۔

Presbyterianism, n. پریسبیٹیرین مشرب ؛ نظام پریسبیٹیرین ۔

presbytery, n. پریسبیٹری بزرگوں کی جماعت ، بالخصوص پریسبیٹیرین گرجاؤں میں ، عدالتی نظام جو تمام وزرا ، بعض پادریوں اور ضلع کے بزرگ حاکموں پر مشتمل ہوتا ہے ؛ ضلع جو پریسبیٹری عدالت کے حلقۂ اختیار میں ہو ۔ (بڑے P سے) پریسبیٹیرین نظام یا پریسبیٹری مشرب ۔ (چھوٹے p سے) کسی گرجا کا وہ حصّہ جو پادری کے لیے مخصوص ہو ؛ پادری یا پیشوا کا مکان جو اب صرف رومی کیتھولک مذہب میں مستعمل ہے ۔

preschool, a. مکتب سے پہلے کی عمر یا بچپن سے لے کر اسکول کی عمر تک کی مدت یا اس مدت کے دوران والے بچّے سے متعلق ۔ (اسم) نرسری اسکول ؛ تربیتی اسکول ۔

prescience, n. غیب دانی ؛ عِلم غیب ؛ پیش آگہی ؛ واقعات کے ظہور میں آنے سے پہلے ان کا عِلم ؛ پیش بینی ۔

prescind, v.t., v.i. خیال میں جدا کرنا ؛ علیحٰدہ کر دینا ؛ منقطع کر دینا یا دور کر دینا ؛ ہٹا دینا ؛ توجُّہ پھیرنا (آخر میں from لگاتے ہیں) ؛ خیال میں ایک طرف مُڑنا ؛ توجّہ اُٹھالینا ؛ قطع کرنا ۔

prescore, v.t. فلم کی نمایش سے قبل پس منظر کی موسیقی ریکارڈ کرنا ۔

prescribe, v.t. ہدایت دینا ؛ حُکم کرنا؛ مُقرّر کرنا؛ ٹھہرانا ؛ تجویز کرنا ؛ معرضِ تحریر میں لانا ؛ کسی اورطریقے سے عمل کروانا، جیسے کسی قاعدے یا نصاب کی رُو سے ؛ حُکم کرنا یا لازم ٹھہرانا، جیسے فرائض یا اعمال کو ۔ (طِب) استعمال کے لیے موسوم کرنا یا تجویز کرنا جیسے دوائی یا علاج کے طور پر ۔ (قانون) قدیم تصّرف ، استعمال یا آمدو شُد کی بنا پر مطالعہ کرنا یا دعویٰ دائر کرنا (عموماً for یا to کے ساتھ مستعمل ہے) ؛غلط نسخے سے ناتواں ہو جانا یا مدت گزرنے سے دعویٰ کرنے یا مطالبہ کرنے سے رہ جانا ۔

prescriber, n. نسخہ لِکھنے والا ؛ تجویز کرنے والا ؛ نسخہ ساز ؛ مُجوِّز ۔

prescript, a. ہدایت ؛ حُکم ؛ قانون ؛ فرمان ؛ قاعدے کے طور پر مقرر کیا ہوا ؛ بطورِ نسخہ تجویز کیا گیا ۔ (اسم) وہ جو مقرر کیا گیا ہو یا تجویز کیا گیا ہو جیسے ایک ضابطہ یا ہدایت نامہ ۔

prescriptible, a. بحوالۂ نسخہ ؛ بطورِ نسخہ یا ہدایت تجویز ہونے کے قابل یا اس سے مشروط ؛ کسی نسخے یا ہدایت پر مشتمل یا اُس سے ماخوذ ۔

prescription, n. (عِلمِ الادویہ) نسخہ ؛ تجویز ؛ ہدایت ؛ کسی دوا یا علاج کی تیاری اور استعمال کے لیےکسی معالج کی ہدایت جو عموماً تحریری ہوتی ہے ؛ نسخے میں تجویز کردہ دوا؛ نسخہ تجویز کرنے کا عمل ؛ وہ جو نسخے میں تجویز کیا جائے؛ قدیم اور مسلسل رواج؛ دعویٰ جس کی بنیاد طویل استعمال پر ہو ۔ (قانون) کسی چیز پر طویل، یا بہت زیادہ پُرانا قبضہ یا اُس کا دیرپا استعمال جو کسی کو اس چیز کے مالکانہ حقوق دے دیتا ہے ؛ طویل اور مسلسل استعمال اور استفادے کی رُو سے حاصل کردہ حق یا حقیّت ؛ حقِ موروثی ؛ اُس وقت کی تحدید جس کے اندر کوئی حق جتایا جا سکتا ہے یا دعویٰ دائر کیا جا سکتا ہے ۔

prescriptive, a. نسخہ جاتی ؛ ہدایاتی ؛ قدیمی ؛ رائج ؛ رواجی ؛ وہ جو نسخہ یا ہدایت تجویز کرتا ہے ؛ ہدایات یا احکام جاری کرنے والا یا کسی قانونی ہدایت نامے پر منحصر یا اُس سے پیدا ہونے والا ، جیسے کوئی حق یا حقیّت ؛ ثابت شدہ یا کسی طویل استعمال یا رواج کا منظور کردہ۔

prescriptively, adv. پرانے رواج کے مطابق۔

prescriptiveness, prescriptivism, n. قدیم قانونیت ؛ رواجیت۔

preseason, a. قبل موسمی ؛ اگیتا ؛ سال کے کسی مختص کیے گئے موسم سے قبل کے زمانے کا یا اُس سے متعلق ۔ (کھیل) کسی باقاعدہ درج فہرست موسم سے پہلے یا دیگر کھیلوں سے قبل ، جیسے پیشہ وارانہ بیس بال کھیلوں کا پروگرام ۔

presence, n. حاضری ؛ موجودگی ؛ حاضر باشی ، جیسے دوسروں کے ساتھ یا کسی جگہ پر ؛ حاضری یا شرکت (جیسے : to request one's presence at a gathering) ؛ قربت میں (جیسے an act done in the presence of witnesses.) ؛ کسی عظیم شخصیت یا قرب و جوار میں یا کسی استقبالیے میں موجود ہونا (جیسے : admitted to the royal presence) ؛ ایک پراعتماد طرزِ عمل جو اداکار کو سامعین کے ساتھ رابطہ پیدا کرنے میں مدد دے ؛ شخصی وجاہت یا طرزِ عمل ، بالخصوص باوقار اور پر شکوہ قسم کا (جیسے: a man of fine presence) ؛ کوئی غیر جسمانی چیز جسے حاضر محسوس کیا جائے ۔

presence chamber, n. ایوانِ ملاقات ؛ ایوانِ حضوری ؛ ایک ایسا کمرہ جس میں اعلیٰ مرتبے کا کوئی مرد یا عورت ملاقاتیوں کا استقبال کرے ؛ ملاقات کا کمرہ ۔

presence of mind, n. قائمئ حواس ، مستقل مزاجی ؛ حاضر دماغی ؛ تحمل اور خود انضباطی جو مشکل مواقع پر فوری اور مؤثر عمل کرنے میں مُمدِّ ہوتے ہیں ۔

present, n. ہدیہ ؛ نذر ؛ پیشکش ؛ کوئی چیز جو بطورِ تحفہ پیش کی جائے ؛ عطیہ ۔

present, v.t. پیش کرنا ؛ ملاقات کرانا ؛ حاضر کرنا ؛ موجود کرنا ؛ بخشنا ؛ عطا کرنا؛ پیش کَش کرنا ؛ آگے رکھنا ؛ گزراننا ؛ نیاز دینا ؛ نذر کرنا ؛ چڑھانا ؛ لانا ؛ جیسے ایک شخص کا ، کسی دوسرے شخص کے سامنے یا اُس کی موجودگی میں ، بالخصوص کسی بڑے آدمی کی موجودگی میں ؛کسی شخص کا دھوم دھام سے یا رسمی طور پر تعارف کرانا (جیسے : to be presented at court) ؛ عوام کے سامنے لانا یا ان سے متعارف کرانا (جیسے : a theatrical manager presents an actor or a company in a play) ؛ اپنا آپ دکھانے کے لیے آنا جیسے کسی مقام یا جگہ پر کسی شخص کے سامنے ؛ دکھانا یا بطور نمونہ پیش کرنا (جیسے : to present a fine appearance) ؛ ذہن کے سامنے لانا یا غور و فکر کے لیے پیش کرنا یا الفاظ میں مرتب کرنا (جیسے to present facts, reasons, or arguments) ؛ کسی کی نمائندگی کرنا ؛ اپنے آپ کو کوئی دُوسرا شخص ظاہر کرنا ؛ اس طرح عمل کرنا جیسے اسٹیج پر ؛ کسی چیز کی طرف یا کسی مخصوص طریقے پر رہنمائی کرنا ، اشارہ کرنا یا رخ

اختیار کرنا (جیسے : to present one's face to the foe) ؛ ہموار کرنا یا شِست باندھنا ، جیسے کسی ہتھیار سے ؛ ہاتھ بڑھا کر دینا یا پیش کرنا لینے کے لیے ؛ دینا یا حوالے کرنا یا پیش کرنا بالخصوص رسمی طور پر (جیسے : to present one's card to a person) ؛ دستی طور پر دینا یا بھیجنا، جیسے کسی بِل یا چیک کو (ادائیگی، ٹھیکے کی رقم بھرنے، کسی کے حوالے کرنے یا کسی کو بھجوانے کے لیے) ؛ دینا خاص کر کسی رسمی طریقے یا پُرتکلف تقریب کے ساتھ ۔ (مجازاً) گنجایش نکالنا یا بہم پہنچانا، جیسے کسی موقع ، امکان وغیرہ کا ؛ رسائی حاصل کرنا یا بہم پہنچانا ، کسی شخص کی خدمت میں ایک پیش کش کے ساتھ ؛ تُحفہ یا اسی قسم کی اور کوئی چیز مہیا کرنا یا بخشیش کرنا، بالخصوص کسی رسمی عمل سے (جیسے : to present a man with a gold watch) ۔ (کلیسیات) ایک پادری کو لاٹ پادری کی خدمت میں پیش کرنا یا سفارش کرنا کسی کلیسیائی وقف کے ادارے کے لیے ۔ (قانون) کسی حاکمِ مجاز کے عِلم میں رسمی طور پر لانا، جیسے کسی جرم کو ؛ باظابطہ الزام پیش کرنا ، جیسے کسی شخص کے خلاف ۔

presenter, n. پیش کُنندہ ؛ دہندہ ؛ دینے والا شخص ۔

present, a. حاضر ؛ کسی شخص یا اشخاص کے سامنے یا ان کے ساتھ یا کسی جماعت یا مخصوص و معیّن جگہ میں موجود ؛ ادھر اُدھر ہونے کے بجائے خاص طور پر یہاں وہاں ؛ کسی جگہ ، چیز ، مرکب یا اسی طرح کی کسی دیگر شے میں موجود (جیسے : copper is present in many minerals) ؛ واقعۃً یا اسی جگہ زیر غور ؛ بالکل قریب (جیسے : a very present danger) ؛ موجود ، برقرار یا فی الوقت یا ابھی ، اسی وقت ہوتا ہوا؛ ماضی یا مستقبل کے برعکس ؛ فی الحال (جیسے .articles for present use) ۔ (گرامر) ایسے عمل کی طرف اشارہ کرنے والا جو ابھی جاری ہے یا کسی ایسی حالت میں جو فی الوقت موجود ہے ، جیسے فعل کی حالت موجودہ ، فعل حال ۔

present, n. (جمع) (قانون)موجودہ وقت ؛ موجودہ تحریریں یا یہ دستاویز؛ کسی بیعہ نامہ ، کرایہ نامہ یا کسی اور دستاویز میں خود اس دستاویز کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے : Know all men by these presents) ۔ (گرامر) فعلِ حال یا فعلیہ صورت میں زمانۂ حال ۔

presentable, a. خوش وضع ؛ قابل پیشکَش ؛ قابلِ نذر ؛ ایسے لباس یا ایسی شکل و صورت میں کہ اپنے آپ کو پیش کرنے میں کوئی پریشانی محسوس نہ ہو ؛ نمایش کے لیے بطورِ تُحفہ پیش کیے جانے کے لے مناسب ؛ شایستہ ۔

presentability, n. خوش وضعیت ؛ شایستگی ۔

presentableness, n. پیشکشی کی قابلیت ۔

presentably, adv. پیشکش کے انداز سے ؛ نذر کے طریقے سے ۔

present arms, n. (عسکری) آلات جنگ کے دستور العمل میں وہ حالت جب کہ بندوق جسم کے سامنے عمودی طور پر کھڑی کی جائے ؛ اِس حالت کو اختیار کرنے کا حُکم ۔

presentation, n. اظہار ؛ نمایش ؛ تمثیل ؛ تعارف ؛ بخشیش ؛ نذر ؛ عطا ؛ پیشکش ؛ بھینٹ ؛ نمود ؛ احضار ؛ پیش کرنے کا عمل یا پیش کیے جانے کی حالت ؛ پیشی ، جیسے کسی شخص کی عدالت میں پیشی ؛ نمایش یا پیشکش جیسے کوئی ڈراما ؛ پیش کرنے یا پہنچانے کا عمل ؛ عطیہ جیسے کسی تحفے کا ؛ تحفے کے طور پر دی جانے والی شے ۔ (کلیسیات) کسی کلیسیائی وقف کے لیے کسی پادری کا لاٹ پادری کے سامنے پیش کیے جانے کی سفارش یا حق ۔ (تجارت) کسی بِل ، پرچے یا اس طرح کی کسی اور چیز کی پیشکش ۔ (نفسیات) شعور کی ایک وقوفی اصلاح ؛ ایک خیال ؛ ایک ادراکی وُقُوف ۔

presentational, a. ادراکی وقوف یا علم حضوری کا ، اس سے متعلق یا اس کی نوع کا ۔

presentative, a. کلیسیائی وقف یا حضوری نوعیت کا ؛ پیش کرنے کے کام آنے والا ؛ پیش کرتا ہوا ۔ (فلسفہ) اطلاق کردہ (اُس پر جو براہ راست سمجھ میں آ جائے یا اُس مَلَکہ پر جو براہ راست یا بغیر وقوف یا تصور کے سمجھنے کی صلاحیت رکھتا ہو) ۔ (کلیسیات) پیش کش کا یا پیش کش کے لیے کُھلا ہوا ۔

present-day, a. موجودہ ؛ آج کل کا ؛ موجودہ یا حالیہ زمانوں کا ؛ جاری (جیسے: .present day styles) ۔

presentee, n. (کلیسیات) وہ جو کسی کلیسائی وقف کو پیش کیا جائے ؛ وصول کنندہ ؛ دربار میں پیش کیا جانے والا شخص ۔

presentient, a. پیش آگاہ ؛ پہلے سے محسوس کرلینے والا ؛ پیش بینی کی صلاحیت رکھنے والا ۔

presentiment, n. پیش بینی ؛ پیش اندیشی ؛ مستقبل کی کسی چیز کی پیش اندیشی ؛ منڈلانے والے کسی خطرے کی پیش بینی ؛ فال گیری ۔

presentimental, a. اندیشہ پیدا کرنے والا ؛ ماتھا ٹھنکانے والا ۔

presently, adv. تھوڑے سے وقت میں ؛ جلد ؛ فوراً ؛ ابھی ؛ اسی وقت ؛ فی الفور ۔

presentment, n. پیش کرنے کا عمل یا پیش کرنے کی کیفیت ؛ پیش کیے جانے کی حالت ؛ پیشکش ؛ نمایش ؛ نمایندگی ؛ تصویریا کوئی شبیہہ ۔ (تجارت) قبولیت یا ادائیگی کی غرض سے کسی بِل ، ہُنڈی یا اسی طرح کی کسی چیز کی پیشکش ۔ (قانون) بڑی جیوری کابیان کسی جرم کے متعلق اپنے ذاتی علم یا مشاہدے کی بنا پر (بغیر اس کے کہ کوئی فرد جُرم ان کے سامنے پیش کی گئی ہو) ۔

present participle, n. حالیہ استمراری ؛ حالیہ ناتمام ؛ صفت اور فعل کے بعض خواص کے ساتھ ، جس کے معنی زمانۂ حال کے ہوں، جیسے فعل کیساتھ لاحقہ ing لگانے سے بناتے ہیں ؛ اسمِ حالیہ ۔

present perfect, n. ماضی قریب ؛ فعل کی ایک گردان جو اس طرح بنائی جاتی ہے کہ اسم فاعل بہ زمانہ ماضی کے آگے have لگا دیتے ہیں ، جس سے ایک ایسا عمل ظاہر ہوتا ہے جو زمانۂ حال یا قریب میں تکمیل پایا ہو (جیسے : the boy has eaten) ۔

present tense, n. فعل حال ، فعل کی وہ گردان جو زمانۂ حال کی حالت یا عمل کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

preservation, n. بچاؤ ؛ حفاظت ؛ رکھوالی ؛ محفوظ کرنے کا عمل ؛ محفوظ ہونے کی حالت ؛ حالتِ تحفُّظ ۔

preservative, a. محافظت کرنے والا ؛ بچانے والا ؛ تحفظّی ؛ محفوظ کرنے کی طاقت رکھنے والا ؛ محفوظ کرنے کی طرف مائل ۔ (اسم) محافظ یا جو محفوظ رکھنے کی طاقت والا ہو ؛ کوئی چیز

جو بچاؤ کرنے والی ہو (جیسے : a vaccine to prevent a disease) ۔

preserve, v.t. محفوظ رکھنا ؛ نقصان یا تباہی سے دُور رکھنا یا بچانا ؛ برائی سے دفاع کرنا ؛ یکساں حالت میں رکھنا ؛ اونچا اٹھانا ، سہارا دینا ؛ بچاؤ کرنا ؛ انحطاط سے حفاظت کرنا ؛ ذائقے اور عمدگی کا تحفظ کرنا (جیسے کھانے کو ٹین کے ڈبوں میں بند کرکے ، دھوئیں میں سُکھا کے یا اچار چٹنیاں بنا کے یا کسی اور طریقہ سے محفوظ کرکے)؛ شکار ہونے یا مارے جانے سے روکنا ، بجز بعض مخصوص موسموں میں یا بعض مخصوص اشخاص کو شکار کرنے یا مچھلیاں پکڑنے کے مقابلے میں ۔ (فعل لازم) غذاؤں کا بحفاظت رہنا ؛ کھیل تفریح کے مقاصد سے شکار کی حفاظت ہونا ۔ (اسم) محفوظ کُنندہ یا محفوظ شے ۔ (عموماً جمع) وہ پھل جنھیں پکا کر مربّے کی شکل میں ٹین کے ڈبوں میں بند کر لیا گیا ہو ؛ شکار گاہ یا دیگر قدرتی وسائل کے لیے کسی جائے پناہ یا کسی حفاظتی انتظام سے علیحدہ کوئی جگہ ۔

preservable, a. تحفظ پذیر ؛ گلنے سڑنے سے جس کی حفاظت ہو سکے ۔

preserver, n. محافظ ؛ نگہبان ؛ رکھوالا ؛ تحفظ کُنندہ ؛ محفوظ کار ۔

pre-shrunk, a. پہلے سے سُکڑا ہوا ؛ اُس کپڑے سے متعلق جسے تیاری کے دوران ہی پانی میں ڈبو کر سکیڑ لیا گیا ہو تاکہ بعد میں سکڑنے سے روکا جا سکے یا سُکڑن کم کی جا سکے ۔

preside, v.i. صدر نشین ہونا ؛ کسی مجلس قانون ساز کے صدر ، ناظم یا صدر نشین یا کسی عدالت کے جج یا کسی جلسے کے صدر نشین ہونے کی حیثیت سے دوسروں پر اقتدار کا مقام حاصل ہونا ؛ رہنما بننا ؛ منتظم ہونا ؛ مہتمم ہونا ؛ کسی پروگرام میں عمل کار کی حیثیت سے دکھایا جانا ۔

presidency, n. پریزیڈنسی ؛ صدارت ؛ صدر کا عہدہ ؛ عہدۂ میرِ مجلس ؛ صدر ؛ مسند ۔ (اکثر بڑے P سے) امریکا کے صدر کا عہدہ ؛ وہ میعاد جس کے دوراں میں ایک صدر اپنے عہدے پر قائم رہتا ہے ؛ مدّت صدرنشینی ؛ نگرانی ۔ (مارمن کلیسا) گرجا یا کسی مقامی اسٹاک کی مجلسِ حاکمہ جو صدر اور اُس کی مجلسِ شوریٰ کے دو ارکان پر مشتمل ہوتی ہے ۔

president, n. (اکثر بڑے P سے) پریذیڈنٹ ؛ صدر ؛ کسی جمہوری مملکت کا حاکمِ اعلیٰ ؛ صدر جمہوریہ؛ کسی کارپوریشن ، کمپنی ، تجارتی بورڈ ، حکومتی شعبے یا اسی طرح کے کسی اور ادارے کا سب سے بڑا عہدے دار یا سربراہ ؛ کسی کالج یا یونیورسٹی کا رئیس ؛ شیخ الجامعہ ۔

presidential, a. صدارتی ۔

presidential government, n. صدارتی طرزِ حکومت ؛ حکومت کی ایک شکل جس میں سب سے بڑے عاملِ مختار کو جو ایک مقررہ مدت تک اپنے عہدے پر فائز رہتا ہے ، نہ تو مجلس قانون ساز منتخب کرتی ہے اور نہ وہ دستور کے مطابق اس کے سامنے جواب دہ ہوتا ہے ۔

presidentship, n. (برطانوی) صدارت ؛ صدر کا عہدہ ، فرض منصبی یا میعادِ تقرُر ۔

presidial, presidiary, a. حفاظتی فوج سے متعلق یا اُس کو بنانے والا ، صدارتی ؛ کسی صوبے سے متعلق ۔

presidio, n. [ہسپانوی] قلعہ ؛ گڑھ ؛ کوٹ ؛ قلعہ یا قلعہ بند مقام ؛ حفاظتی فوج کا مسکن ؛ قلعہ کوٹ ۔

presidium, n. پری زیڈیم ؛ صدارتی انتظامیہ ؛ اشتراکی ممالک میں وہ مجلس عاملہ جو بڑی حکومتی اکائی کے لیے کام کرے ۔ (بڑے P سے) متحدہ سوویت اشتراکی جمہوریتوں کی چودہ ارکان پر مشتمل ایک مستقل عاملہ یا مجلسِ منتظمہ ۔

presignify, v.t. پہلے سے مطلع کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ پہلے سے اشارہ کر دینا ؛ جتا دینا ۔

press, n. داب ؛ شکنجہ ؛ دباؤ مشین ؛ چھاپہ خانہ ؛ دبانے کا پیچ ؛ استری ؛ داب مشین ؛ کوئی آلہ یا مشین جس سے کوئی بھی مجسم چیز نچوڑی یا توڑی جا سکے یا اُسے زیادہ مربوط شکل اختیار کرنے پر مجبور کیا جا سکے ؛ چھاپنے والی مشین ؛ پرنٹنگ پریس ؛ مطبع ؛ عام طور پر مطبوعہ ادب ، بالخصوص اخبارات (the کے ساتھ)؛ صحافت بطور مجموعی ؛ اخبارات کے نامہ نگار ؛ چھاپنے ، شائع کرنے ، نشر کرنے والے ادارے اور اس کے کارکن/عملہ؛ ہجوم ؛ انبوہ ؛ افراد کا کثیر مجمع جو کسی جگہ اکٹھا ہو گیا ہو؛ دبانے کا عمل ؛ دبائے جانے یا دباؤ ڈالے جانے کی حالت ؛ شراب کی ٹنکی ، ناند یا حوض ؛ کھڑی الماری جس میں کپڑے اور دیگر اشیا رکھی جاتی ہیں ؛ ہنگامی حالت ؛ معاملات کے ہنگامی تقاضے ؛ خمیدگی یا ٹیڑھے پن کو روکنے کے لیے چوبی یا دھاتی چوکھٹا جیسے ٹینس کے بلّے کا ؛ داب دیے ہوئے یا استری شدہ ملبوسات کی صاف ستھری حالت ۔ (ویٹ لفٹنگ) وزن کو کاندھے تک لے جانے اور بازوؤں پر بالا کرنے کا عمل ؛ بالا ۔

go to press, طباعت شروع کرنا ؛ چھپائی کے عمل کا آغاز ہونا ۔

press, v.t. دبانا ؛ کسنا ؛ بھینچنا ؛ نچوڑنا ؛ قُوّت یا وزن سے کام لینا ؛ توڑنا ؛ نچوڑ کر رس نکالنا ؛ صاف ستھرا بنانے کے لیے پیلنا ؛ استری کرنا ، جیسے کپڑوں کو ؛ بھینچ کر بغل گیر ہونا ؛ مجبور کرنا ؛ اصرار کرنا ؛ حُکم یا ضرورت کے تحت کسی بات پر زور دینا ؛ بضد کوئی چیز کسی پر تھوپنا (جیسے : to press a gift on one)؛ تنگ کرنا یا تکلیف میں ڈالنا (جیسے : to be pressed for money)؛ سنجیدگی کے ساتھ کوئی تقاضا کرنا یا التجا کرنا ؛ خوشامد اور منت سماجت کرنا ؛ نافذ کرنا ؛ کسی پر سختی سے زور دینا ۔ (فعل لازم) دباؤ کام میں لانا؛ مجبوراً طاقت کا عمل میں لانا؛ بار ہونا؛ بڑے شوق سے مصروفِ عمل یا کوشاں ہونا؛ جذباتی لگن یا توانا جدوجہد کے ساتھ آگے بڑھنا ؛ ہجوم ہونا؛ ازدحام ہونا؛ زبردستی راستہ بنانے میں کامیاب ہونا؛ کسی بات پر زور دینا؛ کپڑوں کا استری ہونا ۔

presser, n. دبانے والا؛ کسنے والا؛ بھینچنے والا آلہ یا کوئی چیز؛ شکنجہ ؛ استری ؛ بیلن ۔

press, v.t. جبری خدمت لینا ؛ بیگار لینا ؛ ملازمت میں زبردستی داخل کرنا (بالخصوص فوجی یا بحری ملازمت میں)؛ مجبور کرنا؛ کسی ایسے طریقے پر استعمال کرنا جو اُس سے مختلف ہو جو اصلاً مقصود تھا (جیسے Bases were pressed into service by the army)۔

press agent, n. پریس ایجنٹ ؛ عاملِ تشہیرات ؛ کوئی شخص جسے اس لیے ملازمت میں لیا جائے کہ وہ کسی شخص ، صنعتی پیداوار یا کسی تنظیم کے مفادات کو اشتہارات یا اخباروں میں یا دیگر اطلاع ناموں کے ذریعے فروغ دے ۔

press board, n. استری تختہ ؛ دباؤ گتّہ ؛ مِل بورڈ یا پیسٹ بورڈ کی ایک قسم ؛ استری کرنے کا عموماً چھوٹا تختہ ؛ استری میز۔

press box, n. نامہ نگاروں کی نشست ؛ کسی کھیل تماشے کے مقام پر اخبارات کے نامہ نگاروں کے لیے مخصوص کیا گیا رقبہ۔

press conference, n. پریس کانفرنس ؛ اخباری کانفرنس ؛ کسی مشہور آدمی یا معزز شخصیت کی طرف سے اخباری رپورٹروں کے ساتھ بیک وقت کی گئی بالمشافہ ملاقات ۔

press gang, n. بحری بھرتی کرنے والی جماعت ؛ کسی فوجی عہدے دار کی کمان میں ایسے آدمیوں کی جماعت جو دوسرے لوگوں کو فوج ، بالخصوص برّی اور بحری فوج میں جبراً بھرتی کرنے پر مامور ہوں ۔ (فعل متعدی) بیگار لینا ؛ جبری بھرتی کرنا ۔

pressing, a. ضروری ؛ تاکیدی ؛ فوری ؛ منت سماجت کرکے التجا کرنے والا ؛ مصر؛ بَضِد ۔

pressman, n. پریس والا ؛ مطبع کا مِستری یا مطبع کا منتظم ۔ (برطانوی) اخبار نویس یا رپورٹر۔

pressmark, n. حوالہ نشان ؛ پریس نشان ؛ نمبر اور نام کتاب ؛ نشان جو کسی کتاب کی جلد پر یہ ظاہر کرنے کے لیے ثبت ہوتا ہے کہ لائبریری میں وہ کہاں پڑی ہوئی ہے ۔

press money, n. (برطانوی تاریخ) زربیگار ؛ وہ روپیہ جو پہلے زمانے میں کسی سپاہی یا ملاح کو بھرتی ہوتے وقت ادا کیا جاتا تھا۔

press of sail, press of canvas, n. (جہازرانی) بادبانی دباؤ یا تناؤ ؛ ہوا کے دباؤ کے لحاظ سے بادبان کی مطابقت ۔

pressor, a. (فعلیات) دباؤ افزا ؛ بڑھتا ہوا دباؤ یا محرک (جیسے a pressor nerve) ؛ عصب/نس کا ہیجان جو فشار خون میں اضافے کا سبب بنتا ہے ۔

press release, news release, n. پریس ریلیز ؛ اخبارات کے لیے اعلامیہ ؛ حکومت کا تیار کردہ بیان یا اعلامیہ جو اخبارات کو برائے اشاعت دیا جائے ؛ اعلامیہ۔

pressroom, n. پریس روم ؛ کسی اشاعتی ادارے میں وہ کمرا جس کے اندر چھاپنے والی مشینیں نصب ہوں ۔

pressrun, n. کسی مخصوص کام یا نسخوں کی تعداد کو چھاپنے کے لیے مطبع کی درکار عملیت یا کارگزاری؛ مطبوعہ نسخوں کی کل تعداد ۔

pressure, n. دباؤ؛ سختی؛ تنگی ؛ مجبوری ؛ دبانے کا عمل ؛ بھینچے/نچوڑے جانے یا کچلے/پیسے جانے کی حالت/کیفیت ؛ ایک جسم کے دوسرے جسم پر وزن کے ذریعے یا مسلسل طاقت کے استعمال سے عمل کرنے کی قوّت ؛ ذہن پر عمل کرنے والی ایک مزاحمتی قُوّت (جیسے : He brought moral pressure to bear) ؛ سنگینی کی شدت ، جیسے ذاتی حالات کی سختی ؛ تنگی یا مشکل ؛ فوری ضرورت ؛ کسی شخص کے وقت یا توانائیوں کا مطالبہ (جیسے : the pressure of business)۔ (طبیعیات) دباؤ ؛ سطح کے فی اکائی رقبے پر صرف کی گئی قُوّت ۔ (موسمیات) موسمی دباؤ ۔ (برق) برقیاتی حرکی قوت ۔ (فعل متعدی) پوری قوت کے ساتھ ترغیب دینا ؛ دباؤ ڈالنا یا مجبور کرنا (جیسے :He pressured them into doing it his way) ؛ دباؤ کے زیر اثر لانا ۔

pressure cabin, n. (طیرانیات) دباؤ خانہ ؛ پریشرکیبن ؛ ہوائی جہاز کا ایک چھوٹا کمرہ جس میں ہوا کا دباؤ مصنوعی طور پر قائم رکّھا جاتا ہے ۔

pressure cooker, n. پریشر کُکر ؛ ایک خود داب جوش دان ؛ آلات کا ایک مجموعہ ، جسے پانی کے نُقطہ جوش ۲،۱۲°ف سے اور زیادہ اونچی مختلف حرارتوں پر اونچے دباؤ کی بھاپ کے تحت تیزی کے ساتھ کھانا پکانے یا جراثیم کو ہلاک کرنے کے لیے بند کیا جا سکتا ہے ۔

pressure-cook, v.t. بھاپ کے دباؤ سے کھانا پکانا۔

pressure gauge, n. دباؤ پیما ؛ گیس یا پانی کا پیمانۂ جوش ؛ کسی گیس یا سیّال کو ناپنے کے لیے استعمال ہونے والا پیمانہ ، جیسے کسی بائیلر/جوش دان میں ؛ بھک سے اُڑ جانے والے دباؤ کو متعیّن کرنے والا آلہ ۔

pressure group, n. پریشر گروپ ؛ رائے انداز جماعت ؛ دباؤ انداز اقلیت ؛ کوئی بھی مخصوص مفاد والا گروہ ، جو ارکان مجلسِ قانون ساز اور رائے عامہ کو لابی میں مِل جُل کر یا پروپیگنڈے کے ذریعے متأثر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

pressure suit, n. دباؤ لباس ؛ دباؤ سوٹ ؛ ایسا لباس جو اس طرح کا بنا ہوا ہو کہ جسم پر مناسب دباؤ ڈالے اور کم درجے کے دباؤ میں سانس اور دورانِ خون کے عمل کو تقریباً حسبِ معمول جاری رہنے دے جیسے کہ بلندیوں پر یا خلا میں ، یہ Pressurized suit سے بالکل مختلف ہے جو محض پُھولتا ہے ۔

pressurize, v.t. دباؤ ڈالنا ؛ دباؤ کے تحت ہوا بھرنا تاکہ اُس صورت میں تقریباً حسبِ معمول سطحیں برقرار رکھی جائیں جبکہ باہر کا دباؤ کم ہو ، جیسے ہوائی جہاز میں جبکہ وہ زیادہ بلندیوں پر اڑ رہا ہوتا ہے ؛ کسی (بڑے برتن) کو دبائی ہوئی ہوا ، گیس یا رقیق شے سے بھرنا ؛ بھاپ کے دباؤ سے کھانا پکانا ۔

pressurizer, n. دباؤ ڈالنے والا یا دباؤ کار۔

pressurization, n. دباؤ ڈالنے کا عمل ؛ دباؤ کاری۔

presswork, n. چھاپنے والی مشین کے ذریعے ٹائپ اور کَندہ کار پلیٹوں کے چھاپے لینے کا عمل ؛ وہ کام جو اس انداز سے کیا جائے۔

prestidigitation, n. ہاتھ کا کرتب ؛ شعبدہ بازی ؛ بازی گری ؛ نظر بندی ۔

prestidigitator, n. ہاتھ کی صفائی دکھانے والا ؛ بازی گر شُعبدہ باز۔

prestige, n. اثر و نفوذ ؛ شہرت ؛ ناموری ؛ وہ شہرت اور اثر و نفوذ جو پہلے سے قائم شدہ ذاتی اوصاف ، کارناموں یا تعلقات سے ماخوذ ہو ، بالخصوص جو ماضی کی کامیابی سے حاصل ہوا ہو ؛ امتیاز یا نیک نامی جو کسی چیز ، ادارے یا فرد کے ساتھ وابستہ ہو اور دوسروں کی رائے میں اس کی ساکھ ہو ۔ (صفت) کوئی خوبی ، رتبہ یا امتیاز ظاہر کرنے والا یا رکھنے والا۔

prestigious, a. اعلیٰ درجے کی شُہرت رکھنے والا ، انتہائی پسندیدہ یا محترم ؛ معزّز ؛ مُکرّم ؛ نیک نام۔

prestigiously, adv. عزت و تکریم سے ؛ آبرو سے ۔

prestigiousness, n. اعتبار ؛ عزت ؛ احترام ؛ شُہرت ؛ آبرو ؛ وقار ۔

prestissimo, a., adv. (موسیقی) انتہائی تیز رفتار میں ؛ تیزی سے ؛ چلتی لَے میں ۔

presto, n. (موسیقی) ایک تیز ، ولولہ انگیز حرکت یا لَے ۔ (متعلق فعل) تیزی سے ؛ فوراً ، جلدی میں ؛ تُرت ؛ شتابی ۔ (موسیقی) سرعت کے ساتھ ۔ (صفت) تیز ؛ شعبدہ بازانہ ؛ پھرتی سے ۔

prestress, v.t. پیش دباؤ دینا ؛ بعد کے دباؤ کی مزاحمت بڑھانے کے لیے پہلے سے دباؤ دینا (جیسے : to prestress stretched wire embedded in concreteto brace it to hold great weight)۔

presumable, a. قابلِ قیاس ؛ لائقِ گماں ؛ فرض کیے جانے کے قابل ؛ ممکن الخیال ؛ امکانی؛ خیال کے قابل ۔

presumably, adv. قیاساً ؛ از راہِ قیاس ؛ قیاس کے طور پر ؛ امکاناً ۔

presume, v.t. فرض کر لینا ؛ پہلے سے قیاس کر لینا ؛ کسی بات کو فرض کرنا ؛ جرأت کرنا (کسی مصدر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : I do not presume to know all) ؛ مان لینا ۔ (فعل لازم) بغیر جانچ پڑتال کے یقینی ہونا ؛ جسارت ہونا ؛ حد سے زیادہ اعتماد کے ساتھ کام میں مصروف ہونا ؛ تعظیم و تکریم اور حسنِ اخلاق و سنجیدگی کی سرحدوں سے متجاوز ہونا ۔

presumer, n. فرض کرنے والا ؛ قیاس کرنے والا۔

presuming, a. گمان یا زعم کرنے والا ؛ متکبّر ؛ گستاخ ؛ شوخ چشم ؛ بے باک ؛ مبنی برقیاس ۔

presumingly, adv. بے ادبانہ ، بے باکانہ ؛ قیاساً ۔

presumption, n. ظن؛ قیاس؛ امکان ؛ فرضیہ ؛ گمان ؛ پہلے سے فرض کر لینے کا کوئی سبب ؛ مفروضہ ؛ ایک مضبوط قرینہ یا احتمال ؛ وہ جسے بغیر کسی راست ثبوت کے صحیح یا سچ سمجھ لیا جائے ؛ گُستاخی ، شوخی ، غرور ؛ بیباک اور بے ادبانہ طرز عمل یا گفتگو ۔ (قانون) یہ نتیجہ یا استنباط کہ کوئی واقعہ موجود ہے جسے دوسرے ثابت شدہ موجود واقعات سے اخذ کیا گیا ہو۔

presumptive, a. احتمالی ؛ قرائنی ؛ گمان یا احتمال پر مبنی ؛ یقین کے لیے معقول بنیاد فراہم کرنے والا ۔

presumptively, adv. قیاساً ؛ ظناً؛ احتمالاً ۔

presumptuous, a. گُمان یا احتمال سے بھرا ہوا یا اُس کی خصوصیت ایسی ہو ؛ گُستاخ یا شوخ ؛ وہ جو پہلے سے فرض کرنے یا وقت سے آگے چلنے کے انداز میں عمل کرنے کا عادی ہو ؛ حد سے زیادہ پُر اعتماد ؛ خودستائی کرنے والا ۔

presumptuously, adv. بے باکانہ ؛ بے ادبانہ ؛ گستاخانہ ۔

presumptuousness, n. تکبّر ؛ شوخ چشمی ؛ بے باکی ؛ گستاخی ۔

presuppose, v.t. پیش قیاسی کرنا؛ لازم آنا ؛ دلالت کرنا ؛ پہلے سے فرض کر لینا یا اختیار کر لینا ؛ پہلے سے لازم آنا ؛ کسی پہلے کے واقعہ کی طرف کنایہ کرنا ؛ پہلے سے موجود شرط کے طور پر ضرورت بننا ۔

presupposition, n. پیش قیاسی ؛ پیش فرضی ؛ اولین مفروضہ ۔

pretend, v.t. بننا ؛ روپ بھرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ حیلہ کرنا ؛ جھوٹا بیان دینا ؛ جھوٹی شکل و صورت یا نمائندگی پیش کرنا ؛ ظاہر داری کرنا ؛ زمانہ سازی کرنا ؛ دکھانا ؛ بہانہ کرنا ؛ ریاکاری کرنا ؛ تصنّع کرنا ؛ زعم رکھنا ؛ دعویٰ بے بنیاد کرنا ؛ جھوٹا اثر پیدا کرنا (جیسے : to pretend zeal) ؛ مطالبہ کرنا یا کسی چیز کے لیے دعوے دائر کرنا ۔ (فعل لازم) بنتایا بہانہ ساز ہونا ؛ مدعی ہونا (عموماً to کے ساتھ) ۔

pretended, a. بنا ہوا ؛ پُرتصنّع ؛ جُھوٹا ۔

pretendedly, adv. ریاکاری سے ؛ حیلے بہانے سے ۔

pretender, n. زعم کرنے والا ؛ جھوٹا مدعی ؛ بہانہ باز ؛ وہ شخص جو کسی چیز کا ادعا کرتا ہو ۔ (کبھی کبھی بڑے P سے) وہ شخص جو تاج و تخت کے حقوق کا دعویٰ کرے ۔

pretense,(Brit.)pretence, n. تصنّع ؛ نمود ؛ ادعا ؛ زعم؛ بہانہ بازی کا عمل ؛ فتنہ انگیزی ؛ جھوٹی نمائش یا جھوٹا بیان جس کا مقصد گم راہ کرنا ہو ؛ جھوٹی اثر اندازی ؛ عذر لنگ ؛ دعویٰ ۔

pretension, n. دعویٰ ؛ حق ؛ کسی فائدے ، اعزاز ، حقیّت یا رتبے کے لیے مطالبہ یا دعویٰ ؛ کسی غیریقینی سچ یا قدر پر زور دینا یا جھوٹا بیان پیش کرنا ؛ تصنّع ؛ زعم ۔

pretentious, a. نمودیا ؛ ڈینگیا ؛ بہانہ بازی سے بھرا ہوا ؛ ذہانتوں ، مہارتوں یا خوبیوں کی ڈینگ مارنے والا یا جھوٹا دعویٰ کرنے والا ؛ نمائشی ؛ ظاہر دار ؛ لاف زَن ؛ خود نما ۔

pretentiously, adv. مکرو ریا سے ؛ ازروئے فخر ؛ نمائش کے انداز سے۔

pretentiousness, n. ریاکاری ؛ تصنّع ؛ ڈینگ ؛ لاف گزاف ۔

preterit, preterite, a. (گرامر) زمانۂ ماضی کا ظاہر کرنے والا ؛ جس کا اطلاق فعل کی گردان پر ہوتا ہے اور جس سے زمانۂ ماضی کا یا کسی عمل کا ختم کرنا ظاہر ہوتا ہے ۔ (اسم) (گرامر) وہ فعل جو زمانۂ گزشتہ کو ظاہر کرے ؛ فعل ماضی مطلق ؛ ماضی کی گردان کا کوئی فعل ۔

pretermit, v.t. کسی واقعے کا بھول جانا ؛ حذف کرنا ؛ شامل نہ کرنا ؛ گزر جانا ؛ چھوڑ دینا ؛ مزاحمت کرنا یا معطل کرنا ۔

pretermission, n. بھول ؛ اہمال ؛ ترک ؛ فروگزاشت ۔

preternatural, a. خلاف عادت ؛ خلاف دستور ؛ غیر طبعی ؛ خلافِ وضع کائنات ؛ ماورائے فطرت ؛ جو کچھ فطری ہے اُس سےماورا یا جو کچھ فطری ہے اُس سے مختلف ، جیسے supernatural (مافوق الفطرت) اور unnatural (غیر فطری) سے ممیّز ۔

preternaturally, adv. ماورائے فطرت انداز سے ۔

preternaturalism, n. ماورائے طبع یا فوق طبعی مذہب یا عقیدہ ۔

preternaturalness, n. فوق طبیعت ۔

pretest, n. پیش جائزہ ؛ پیش آزمایش ؛ ابتدائی ٹیسٹ ؛ تحقیق و تفتیش کے مقاصد کے لیے ایک ابتدائی آزمایش یا امتحان ؛ مہارت جانچنے کا آزمایشی امتحان ، جیسے اسکولوں میں یا کسی نصاب میں طالب علم کے میلان طبع کا اندازہ لگانے کے لیے ۔ (فعل متعدی) کسی کا ابتدائی امتحان لینا ؛ پیش جائزہ لینا ۔

pretext, n. عذر ؛ حیلہ ؛ بہانہ ؛ کسی حقیقی سبب یا نیت کوچھپانے کے لیے کوئی ظاہر سبب یا نیت جو منسوب یا اختیار کی جائے ۔

pretor, n. دیکھیے : Praetor ۔

prettify, v.t. حسین کو حسین بنانا (اکثر ہجویہ انداز میں استعمال کیا جاتا ہے ، جیسے : to prettify a work of art) ۔

prettification, n. حسین سازی ۔

pretty, a. خوبصورت ؛ حسین ؛ ستھرا ؛ پاکیزہ ؛ خوش نما ؛ دلکش ؛ خوب ؛ نفیس ؛ سندر ؛ خوشگوار و دلکش شکل و صورت رکھنے والا ، خواہ بہت حسین نہ ہو ؛ ذاتی ذوق کے لیے خوش کُن ؛ عمدگی سے ترتیب یافتہ ؛ دکھاوے کا ؛ عمدہ ؛ پُرتکلف۔ (بول چال) اچھا یا نفیس (طنزیہ انداز میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ جیسے : a pretty state of affairs) ؛ بہت زیادہ (جیسے : the car cost a pretty penny) ۔ (متعلق فعل) کسی درجے تک ؛ اعتدال کے ساتھ (جیسے : pretty often)۔ (اسم) کوئی شخص یا کوئی چیز جو حسین ہو ، خوب صورت ہو ۔ (فعل متعدی) حسین بنانا ۔

prettily, adv. حُسن و خوبی سے ؛ خوبصورتی سے ۔

prettiness, n. حُسن ؛ خوبصورتی ؛ نازک اندامی ۔

prettyish, a. حسین سا ؛ خوبصورت سا ۔

pretzel, n. پریٹزل ؛ خستہ بل دار بسکٹ ؛ خستہ ، روغنی ، نمکین ، گرہ دار اور کرارا بسکٹ ۔

prevail, v.t. غالب آنا ؛ فاتح یا برتر ہونا (over یا against کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)؛ نافذ ہونا ؛ وسیع طاقت یا اثر رکھنا ؛ غالب اثر رکھنا ؛ کامیاب ہونا ؛ غالب آنا یا ترغیب کے ذریعے کسی پر فوقیت حاصل ہونا (on یا upon کے ساتھ ، جیسے : They prevailed on him to go)۔

prevailing, a. غالب ؛ برتر اثر رکھنے والا ؛ رائج ؛ جاری ؛ انتہائی معمولی یا عمومی (جیسے : the prevailing winds from the west)۔

prevailingly, adv. غالب آنے کے انداز سے۔

prevalent, a. مروجہ ؛ مستعمل ؛ مُسلمہ ؛ عام طور پر مقبول عوام ؛ جاری ؛ وسیع پیمانے پر موجود ؛ عام ؛ رائج ؛ شائع ۔

prevalently, adv. رواجاً ؛ عام طور پر۔

prevalence, n. شیوع ؛ رواج ؛ پھیلاؤ ۔

prevaricate, v.i. کسی کام یا بات کا ہیر پھیر سے ہونا ؛ سچائی سے بچنا ؛ منحرف ہونا ؛ باتیں بنانا ؛ جھوٹ بولنا ۔

prevarication, n. ٹال مٹول ؛ حیلہ بازی ؛ سچائی یا سچائی کے انکشاف سے بچنے کے لیے انحراف ۔

prevaricator, n. ٹالیا ؛ گول مول بات کرنے والا ؛ ٹالُو ؛ پہلو دار بات کہنے والا ؛ حیلہ باز۔

prevenance, prevenience, n. [فرانسیسی] دوسروں کی ضروریات کا لحاظ یا ان پر توجہ۔

prevenient, a. سابق ؛ مقدم ؛ پہلے جانے والا یا تقدیم کرنے والا ؛ توقعی ؛ پیشیں ۔

prevenient grace, (الٰہیات) خدا کی رحمت جو توبہ سے پہلے نازل ہوتی ہے یا پیش قدمی کرتی ہے اور جس سے انسان کا دل خدا کی جستجو پر مائل ہو جاتا ہے ؛ توبہ کرنے کی توفیق جو اللہ کی طرف سے ملتی ہے ۔

prevent, v.t. باز رکھنا ؛ منع کرنا ؛ مزاحم ہونا ؛ واقع ہونے سے روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ کسی عمل سے روکنا ۔ (فعل لازم) مزاحم ہونا ۔

preventability, n. مزاحمت پذیری ؛ امتناع پذیری ۔

preventable, prventible, a. امتناع پذیر ؛ جس کو روکا جا سکے ۔

preventer, n. مزاحم ؛ مانع ؛ روکنے والا ۔

prevention, n. امتناع ؛ تدارک ؛ رکاوٹ ؛ روکنے کا عمل ؛ موثر مزاحمت ؛ روک ۔

preventive, preventative, a. دافع ؛ مانع ؛ انسدادی ؛ مزاحم ، عارض ، حفـاظـتی ؛ روکنے یا مزاحمت کرنے میں کام آنے والا ۔ (طب) کسی ویکسین یا مرض دور کرنے والی ادویہ سے متعلق ۔ (اسم) حفظ ماتقدم کے لیے کوئی عامل یا تدبیر۔ (طب) جڑی بوٹی یا کوئی دوامرض روکنے کے لیے۔

preventively, adv. از روئے ممانعت ؛ امتناعاً ۔

preventiveness, n. ممانعت ؛ امتناع ۔

preview, prevue, n. سابقہ منظر یا نمائش ؛ پیش نمائش یا پیش نظارہ ، جیسے سینما کی کسی فلم کا اُس کی عام نمائش سے پہلے ۔ (فعل متعدی) پہلے سے یا پیشگی دیکھنا یا نمائش کرنا ۔

previous, a., adv. گزشتہ ؛ ماقبل ؛ سابقہ ؛ پہلا ؛ اگلا ؛ دورانِ وقت میں پہلے جانے والا ؛ کسی اور چیز سے قبل ہونے یا واقع ہونے والا ؛ ماضی میں گزرا ہوا ؛ ماقبل؛ ناپختہ ، قبل از بلوغ ۔

previously, adv. سابقاً؛ پہلے سے ۔

previousness, n. سابقیت ؛ تقدیم ۔

previous question, n. سوال پیش از پیش ؛ پارلیمانی طریقِ عمل میں یہ سوال کہ آیا ووٹ کسی خاص مسئلے پر لیے جائیں گے ، یہ بات خاص مسئلے سے پہلے سامنے رکھی جاتی ہے : ریاست ہائے متحدہ امریکا میں بحث کومختصر کرنے اور خاص مسئلے پر فوری ووٹ لینے کے لیے یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔

previse, v.t. دور اندیشی سے کام لینا ؛ عاقبت اندیشی کرنا؛ پیش بینی کرنا ؛ پہلے سے متنبہ کرنا ؛ انجام بینی کرنا۔

prevision, n. انجام بینی ؛ عاقبت اندیشی ؛ پیش بینی ؛ پیش آگہی ؛ پیش علمی ۔

previsional, previsionary, a. دُور بینی سے ؛ عاقبت اندیشی سے ؛ عاقبت اندیشانہ ۔

prevocational, a. ابتدائی طرز کی پیشہ ورانہ تربیت پر مشتمل یا اس سے متعلق ۔

prewar, a. ماقبل جنگ (جیسے : pre war conditions) ۔ بمقابلہ : postwar ۔

prexy, prex, n. (عوامی) پریذیڈنٹ ؛ صدر ، جیسے کسی کالج کا ۔

prey, n. شکار؛ صید ؛ جانور جسے کسی گوشت خور جانور نے بطور اپنی غذا کے پکڑ لیا یا شکار کر لیا ہو ؛ کوئی شخص یا کوئی چیز جو کسی حملہ آور ، مکر و فریب یا کسی اور ایسے ہی حربے کا شکار ہو کر رہ جائے ؛ شکار کرنے کا عمل یا عادت، جیسے شکاری درندے کی ۔ (فعل لازم) شکا رکو پکڑنا اور ہڑپ کر لینا ؛ شکار بنانا ، جیسے فریب کاری کے ذریعے ؛ کسی ضرر رساں یا تباہ کن اثر کا ہونا یا رہنا (جیسے : to prey on one's mind) ؛ حملہ کرنا یا لوٹنا (عموماً آخر میں on یا upon آتا ہے) ۔

preyer, n. شکاری ۔

priapic, priapean, a. (کلاسیکی اساطیری) لنگ سے متعلق ؛ آلۂ تناسل کی مورتی سے متعلق ؛ مردانہ جنسی یا تولیدی طاقت جو قدیم جرمنی اور رومی مذہب میں ایک دیوتـا ''پـرایپس'' کی شکل میں

مجسم کردی گئی تھی؛ عضو تناسل کی دائمی خیزش کے بارے میں ۔

price, n. قیمت ؛ دام ؛ مول ؛ بھاؤ ؛ مالیت ؛ معاوضہ ؛ روپے پیسے کی رقم یا اُس کے مساوی کوئی ایسی چیز جس سے مختلف اشیا کی خرید و فروخت کی جا سکے ؛ وہ رقم جو کسی شخص کو زندہ یا مردہ پکڑنے کے لیے پیش کی جائے ؛ کوئی نقد رقم یا کوئی اور معاوضہ جس سے کسی شخص کی مدد یا رضامندی حاصل کی جا سکے ؛ کچھ حاصل کرنے کے لیے ادائیگی، مثلاً کوئی چیز ہاتھ سے دینا، کوئی کام کرنا یا کوئی افتاد جھیلنا (جیسے : to gain a victory at a heavy price) ؛ قدر یا مالیت ۔ (فعل متعدی) قیمت مقرر کرنا ؛ قیمت معلوم کرنا یا پوچھنا ۔

pricer, n. قیمت لگانے والا ؛ نرخ کار ۔

price control, n. پرائس کنٹرول ؛ ضبط نرخ ؛ انضباط قیمت ؛ حکومت کی طرف سے قیمتوں کا ایک ضابطہ جس میں خدمات یا اشیا کی انتہائی قیمتیں مقرر کر دی جاتی ہیں ۔

price cutting, n. مال تجارت کی مشتہرہ یا مروجہ قیمتوں میں کمی ۔

price-earnings ratio, n. نرخ آمدن تناسب ؛ مشترک حصص کے کسی جزو کی وہ نسبت جو بازاری قیمت اور کمائے ہوئے منافع کے درمیان ہو ، اسے حصص کی قیمت جانچنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

price index, n. اشاریۂ قیمت ؛ ایک عدد جو کسی شے کی اصل قیمت اور اساسی مدت کے دوران اُس کی قیمت کے درمیان تعلق کو ظاہر کرتا ہو ؛ اسے قیمت کی سطح میں تغیرات کا چارٹ بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

priceless, a. انمول ؛ بے بہا ؛ بے قیمت ؛ بے قدر ؛ ایسی قدر و قیمت رکھنے والا جو تمام قیمتوں سے ماورا ہو ۔ (بول چال) بہت مضحکہ خیز ؛ لغو ؛ ناچیز ؛ نکما ؛ بیکار ۔

price support, n. استقرار نرخ ؛ قیمتوں کا ایک خاص مقرر سطح پر ٹھہراؤ ، عموماً مالی امداد کے ذریعے یا حکومت کی طرف سے اس مواد یا پیداوار کو خریدنے کے ذریعے ۔

price tag, n. نرخ پرچی ؛ قیمت نامہ ؛ ایک دنبالہ یا لیبل جو بکاؤ شے پر لگا ہوتا ہے اور اس پر اس کی قیمت فروخت درج ہوتی ہے ۔

price war, n. مقابلۂ نرخ ؛ مقابلے کا ایک وقت ، عموماً خوردہ فروشوں کے درمیان، جب ہر خوردہ فروش کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنا مال دوسرے سے کم قیمت پر فروخت کرے ، اس لیے وہ بار بار قیمتیں گھٹاتا ہے ۔

prick, n. چبھن ؛ چھید ؛ سوراخ ؛ چھید جو کسی سوئی ، کانٹے یا اسی طرح کی کسی اور چیز سے کیا جائے ؛ چبھونے کا عمل ؛ چبھوئے جانے کی حالت یا اس کا احساس ؛ پھانس یا چبھن ؛ کوئی بھی نوک دار آلہ یا ہتھیار ۔ (قدیم) بیل کا آنکس یا آر ۔ (فعل متعدی) تیز نوک سے چھیدنا ؛ چبھونا ؛ شدید سر درد پیدا کرنا یا ڈنک مارنا ، جیسے کسی طنز یا دُکھ سے ؛ بیندھنا، گُھسانا ، گھونپنا ، بھونکنا، کانٹا مارنا؛ اُکسانا ؛ مجبور کرنا ؛ اشتعال دلانا ؛ نشان لگانا ، جیسے کسی سطح پر چھیدوں یا نقطوں سے ، کسی چیز کا عکس اتارنے کے لیے ؛ نشان لگانا یا عکس لینا، بطور ایک نمونے کے ، کسی سطح پر چھیدوں یا نقطوں سے؛سیدھا کھڑا کرنا یا نوک کو اوپر کی طرف رکھنا ، جیسے کی جانور کا اپنے کان کھڑے کرنا ؛ لنگڑا کرنا ، جیسے کسی گھوڑے کو اُس کے سُم میں نازک جگہ پر اُس وقت ایک کیل ٹھونک کر جب اُس کے نعل لگائے جا رہے ہوں ۔ (گل بانی) پودے کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگانا، جیسے کسی نازک پودے کو کسی دوسرے گملے میں منتقل کرنا ۔ (فعل لازم) کسی چیز کو چھیدنے یا اُس میں سوراخ کرنے کی کارروائی انجام دینا ؛ چھیدے جانے کی سنسنی کو محسوس کرنا ؛ سیدھا یا نوک اوپر کی طرف کے انداز میں اٹھنا ، جیسے کسی جانور کے کان ہوتے ہیں (آخر میں up لگاتے ہیں) ۔ (قدیم) گھوڑے کو مہمیز لگانا یا اُسے آگے بڑھنے پر اکسانا ؛ تیزسواری کرنا ۔

prick up one's ears, احتیاط کے ساتھ سننا ، متوجہ ہو جانا ۔

pricker, n. چھیدنی ؛ سُنبا ؛ برما ؛ چھیدنے اور سوراخ کرنے کا آلہ ۔

pricket, n. شمع دار ؛شمع گیر؛ ایک تیز دھاتی نوک جس پر موم بتی لگاتے ہیں ؛ موم بتیاں لگانے کا اس قسم کا ایک یا زیادہ نوکوں والا شمع دان ؛ سیدھے ، بغیر شاخوں والے سینگوں کا دو سالہ نر ہرن ۔

prickle, n. چھلتر ؛ تیز نوک یا نکیلا اُبھار ، بالخصوص پودے کی چھال کا چھوٹا سا نوکدار خار ؛ چبھن یا جھنجھناہٹ کا احساس ۔ (فعل متعدی) چبھنا ؛ چھیدنا ؛ جھنجھناہٹ کی سی کیفیت پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) چبھن محسوس ہونا یا جھنجھناہٹ کا احساس ہونا ، جیسے کوئی کانٹا چُبھا ہو ۔

prickly, a. خاردار ؛ کانٹوں والا ؛ کٹیلا ؛ چھلتر دار ؛ کانٹے دار ؛ پُر از خار ؛ چھوٹے چھوٹے کانٹوں سے بھر پور یا تکلیف دہ مسائل سے بھرا ہوا یا وہ جس سے عہدہ بر آ ہونا مشکل ہو (جیسے : a prickly question) ؛ چبھوئے جانے کی سنسنی محسوس کرنے والا ؛ سنسناہٹ کا؛ چبھتا ہوا ؛ جھنجھناہٹ کا ۔

prickliness, n. کٹیلاپن ؛ سنسناہٹ ؛ خارداری ۔

prickly ash, n. تمرد ؛ ایک خوشبو دار جھاڑی یا چھوٹا پودا امریکی تیج بل (zanthoxylum americanum) جس کی خاردار شاخیں ہوتی ہیں اور اسپند/کالادانہ (rue) کے خاندان سے تعلق رکھتا ہے ۔

prickly heat, heat rash, n. (امراضیات) پت ؛ گرمی دانے ؛ جلد پر چھوٹے چھوٹے چبھنے والے یا خارشی دانوں کا اُبھار جو عروقی غدود میں سوزش کے باعث ہوتا ہے ۔

pricky pear, n. ناگ پھنی ؛ ناشپاتی کی شکل کا یا بیضہ نما، اکثر خاردار اور بعض اوقات کھانے کے قابل ناگ پھنی یا چپل سینڈ پھل جو صباریہ (opuntia) جنس سے تعلق رکھتا ہے ؛ ناگ پھنی کا پودا ۔

prickly poppy, n. دھتورا ؛ خاردار ڈوڈا ؛ خشخاشی خاندان میں جنس پیلا دھتورا (Argemone) کی متعدد نباتاتی انواع میں سے ایک جس کے پتے اور ڈنٹھل خاردار اور بڑے بڑے پُھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں ، بالخصوص میکسیکو کا فصلی پودا ۔

pride, n. غرور ؛ تکبّر ؛ خود رائی ؛ خود پسندی ؛ شیخی ؛ مغرور یا مُفتخر ہونے کی صفت یا حالت ؛ دوسروں پر اپنی برتری کے متعلق اپنی ایک نامعقول رائے ؛ غیر معتدل خود ستائی ؛ اس وصف کا انعکاس متنفّرانہ یا مغرورانہ طرز عمل میں ؛ ایک معقول خود داری جو شعورقدر پر مبنی ہو ، وہ جو کسی کو مغرور بنا دے ؛ اپنے ذاتی کارناموں یا ملکیت وغیرہ کے سبب پیدا ہونے والا فخر وغرور ؛ کسی گروہ یا طبقہ کا بہترین حصہ (جیسے : the pride of the army) ؛

بہترین حصہ ؛ نفیس ترین یا انتہائی خوش گوار وقت یا حالت (جیسے : in the pride of life) ۔ (ادب) شاندار یا بھڑک دار نمایش ؛ شیروں کا ایک گروہ ۔ (فعل متعدی) غرور سے حظِّ نفس حاصل کرنا ؛ فخر کرنا یا غرور کرنا (on یا upon کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : to pride one self on one's accomplishments ۔

prideful, a. گھمنڈی ؛ غرور سے بھرا ہوا/بہت زیادہ مغرور ؛ متکبر ؛ گستاخ ۔

pridefully, adv. متکبرانہ ؛ مغرورانہ ۔

pridefulness, n. نخوت ؛ تمکنت ؛ تکبر؛ غرور ۔

prie-dieu, n. عبادت چوکی ؛ رکوع کرسی ؛ چوکی نما فرنیچر ، جس پر دورانِ عبادت گُھٹنے ٹکا سکیں اور جس کا سہارا اوپر کی طرف ہو ، جیسے کتاب کے لیے ۔

prier, pryer, n. راز جُو شخص ؛ وہ شخص جو کسی چیز کو عجیب انداز سے دیکھے یا راز جُوئی کے انداز میں اُس پر متجسس نظریں ڈالے ۔

priest, n. مسیحی پیشوا ؛ پادری ؛ رومی کیتھولک ، مشرقی راسخ العقیدہ یا اسقفی کلیسا میں بشپ سے نچلے درجے کا پادری ؛ دین عیسوی کی تبلیغ کے لیے وقف شدہ شخص ؛ مقدس عہدوں ، عبادت عامہ کے اعمال ، قربانی یا عبد و معبود کے درمیان دیگر شفیعانہ مناصب کی قائم مقامی کرنے والا شخص ؛ پروہت ؛ بھکشو ؛ پجاری ؛ کاہن ؛ مبلّغ ؛ بہت سے غیر مسیحی فرقوں میں ان اشخاص کا خطاب جنھیں مقدس فرائض انجام دینے کے لیے منتخب کر لیا گیا ہو اور ان کی تربیت کی گئی ہو ۔

priestess, n. پجارن؛ کاہنہ ۔

priestcraft, n. پادریت ؛ پروہتی انداز ؛ مذہبی لوگوں کا دنیا دارانہ رویّہ ؛ حکمتِ عملی یا تدبیر کا وہ نظام جو دنیاوی یا مادی مفاد پر مبنی ہو ، حقارت آمیز انداز میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ پادری کا علم اور اس کے ہنر ۔

priesthood, n. پادری کا عہدہ یا کردار؛ سارے پادری بحیثیت مجموعی ۔

priestly, a. پادریانہ ؛ ایک پادری یا جملہ پادریوں سے متعلق ؛ پروہتانہ ؛ پادری کے شایانِ شان ۔

priestliness, n. پروہتاہیت ؛ کاہنیت ؛ پادریت ۔

priest-ridden, a. پادری شاہی ؛ پادریوں کی حکومت یا کلیۃً پادریوں کے زیرِ اثر حکومت ۔

prig, n. محتاط شخص ؛ خودپسند ؛ وہ شخص جو اصولوں ، خیالات اور معیاروں میں اپنی زبردست برتری جتائے ، بالخصوص خود رائی انداز میں ؛ ایک کٹر عیسائی جو اصول یا فرض پر توجہ میں انتہا پسند ہو ۔ (قدیم)بانکا چھبیلا ؛ چھیلا ؛ شیخی خور ۔

priggery, n. نصیحت فروشی ؛ خود پسندی ؛ خودنمائی ۔

prig, n. (برطانوی عوامی) چور ۔ (فعل متعدی) کٹر پن دکھانا ۔ (برطانوی ، عوامی) اُچک لینا ؛ چُرانا ۔

priggish, a. کٹر شخص کا کردار رکھنے والا ؛ انتہائی مطابقت کے ساتھ ؛ پوری صحت کے ساتھ ؛ شدت کے ساتھ محتاط ؛ دکھاوٹی ؛ گھمنڈی ؛ خود نما ؛ ریاکار ؛ خودپسند ؛ نصیحت فروش ۔

priggishly, adv. خودپسندانہ ؛ ریاکارانہ ۔

priggishness, n. خود پسندی ؛ خود نمائی ؛ ریاکاری ۔

priggism, n. کٹر کردار یا خیالات ؛ نصیحت فروشانہ فعل یا برتاؤ ۔

prim, a. تکلفاً یا رسمی طور پر بالکل ٹھیک ٹھاک یا مناسب (جیسے اشخاص ، طور طریقے یا برتاؤ) ؛ سختی کے ساتھ پابند رسم و رواج ، پاک و صاف یا باضابطہ ۔ (فعل لازم) چہرے کا بظاہر نفیس یا ٹھیک ٹھاک انداز میں ہونا ۔ (فعل متعدی) اپنے آپ کو ٹھیک ٹھاک بنانا ، جیسے شکل و صورت میں ؛ تکلف برتنا ؛ منھ یا چہرے کو بنانا ؛ متانت اور رکھ رکھاؤ سے پیش آنا ۔

primly, adv. متانت سے ۔

primness, n. سنجیدگی ؛ اصول پرستی ؛ متانت ۔

prima ballerina, n. بیلے ناچ کی جماعت میں سب سے بڑی رقاصہ ۔

primacy, n. برتری ؛ افضلیت ؛ تفوق ؛ ترتیب ؛ رتبے یا اہمیت میں اوّل ہونے کی حالت ؛ اولیت ؛ فوقیت ۔ (کلیسیات) اعلیٰ پادری کا عہدہ ، رتبہ یا اعزاز ۔

prima donna, n. بڑی گلو کارہ ؛ کسی غنائیہ تمثیل یا تمثیلی کمپنی میں سب سے بڑی یا اول گانے والی ؛ خودپسند ، متلون مزاج شخص ۔

prima facie, adv. بظاہر ؛ بدیہی ؛ بادی النظر میں ؛ پہلی نظر یا شکل و صورت میں ۔ (صفت) ظاہری ؛ سچّا یا واضح (پہلی نگاہ میں) ۔ (قانون) سچا/اصل ثابت ہونے کے قابل بجز اِس کے کہ کسی شہادت یا مقدمے سے اُس کی براہِ راست تردید ہوتی ہو ۔

primage, n. اضافی اُجرت ؛ اُجرتی اضافہ ، جو جہاز میں مال چڑھانے والا جہاز کے ماسٹر یا ملاحوں کو ان کی اُجرتوں کے علاوہ جہاز میں احتیاط سے مال لادنے کے لیے پہلے ادا کیا کرتا تھا ، اب یہ رقم کرائے میں کسی فی صد اضافے کی شکل میں مالک جہاز کو ادا کر دی جاتی ہے ۔

primal, a. ابتدائی ؛ اصلی ؛ قدیم ؛ اہمیت میں اول ؛ بنیادی اہمیت رکھنے والا ۔

primarily, adv. خاص طور پر ؛ بالخصوص ؛ لازماً ؛ ابتداً ؛ اصلاً ؛ اولاً ، ابتدائی طور پر ۔

primary, a. ابتدائی ؛ پہلا ؛ اصل ؛ پرائمری ؛ وقت میں سب سے اوّل ؛ قدیم ترین ؛ ماقبل تہذیب زمانے کا ؛ کسی طریق کار کی سب سے پہلی حالت کا یا اُس کو ترکیب دینے والا ؛ تیاری کے دور میں یا ترتیب میں سب سے نِچلا (جیسے: primary schools) ؛ اول یا سب سے اونچا رُتبہ ؛ اہمیت میں سب سے بڑا؛ اعلیٰ درجے پر ؛ کسی بنیادی یا سادہ تر نوعیت کے اجزائے ترکیبی جن سے کوئی پیچیدہ چیز بنی ہوتی ہے ؛ اصلی جو ماخوذ یا ماتحت نہ ہو؛ بنیادی ؛ اساسی ؛ فوری یا براہِ راست یا جس میں کسی توسلی یا واسطی عامل کو دخل نہ ہو ۔ (طیوریات) اُن اُڑنے والے دو پروں میں سے کسی ایک کی طرف اشارہ کرنے والا یا اُس سے متعلق ، جو پرندے کے بازو کے بعیدی حصے پر واقع ہوں ۔ (برق) شراری لچھے یا اسی قسم کی کسی اور چیز میں اسالی دور ، لچھے یا برقی رَو کی طرف اشارہ کرنے والا یا اُس سے متعلق ۔ (کیمیا) کسی ردعمل میں سب سے پہلے اور سب سے سادہ مرحلے سے متعلق ، جیسے ایک جوہر یا جزو مستقل کی تبدیلی ؛ سالمے کے اندر ایک

کاربنی جوہر میں زیادہ سے زیادہ ایک اور کاربنی جوہر ملانے کی طرف اشارہ کرنے والا یا ایسا کر لینے والا؛وہ جو ترتیب ، رتبے یا اہمیت میں سب سے اول ہو۔(اسم) کسی انتخابی ضلع میں ، کسی سیاسی جماعت کے رائے دہندگان کا جلسہ ، مقامی سیاسی انتخابی جماعت کی کمیٹی ؛ انتخابات جس میں کسی جماعت کے ووٹ دہندگان امیدوار نامزد کرتے ہیں ، کنونشن کے لیے مندوبین منتخب کرتے ہیں یا پارٹی کے عہدے دار چُنتے ہیں ۔ (طیوریات) پہلا پھوٹنے والا پَر ۔ (برق) ابتدائی سرکٹ یا لچّھا ۔ (فلکیات) ایک جرم فلکی کا اُس چھوٹے جرم یا چھوٹے اجرام سے تعلق جو اُس کے گرد گھومتا ہے یا گھومتے ہیں ، جیسے ایک سیّارہ اپنے سیارچوں کی نسبت سے ۔

primary atypical pneumonia, n. ابتدائی نمونیہ ؛ نمونیے کی ایک ہلکی قسم ، غالباً یہ مرض ایک وائرس کے زیر اثر پیدا ہوتا ہے ۔

primary cell, n. (برق) وولٹائی سیل ؛ ابتدائی خانہ ؛ ایک سیل/خانہ جو غیر عکس پذیر تعاملات کے ذریعے کیمیائی توانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرکے برقی رَو پیدا کرتا ہے جو ایک برق پاشیدہ میں ڈوبے ہوئے اور ایک موصل تار کے ذریعے مربوط دو برقیروں پر مشتمل ہوتی ہے ۔

primary coil, n. (برق) بنیادی مرغولہ یا لچھا ؛ ایک شراری لچھّے یا ٹرانسفارمر (بدل گر) میں وہ مرغولہ جو امالی برقی رو وصول کرتا ہے اور ثانوی مرغولے/لچھّے کو حرکت دیتا ہے ۔

primary road, n. بنیادی سڑک ؛ کسی شاہراہی نظام میں بڑی مواصلاتی سڑک ۔

primate, n. (کلیسیات) لاٹ پادری ؛ اسقفِ اعظم؛ایک آرک بشپ یا وُہ بشپ جو کسی صوبے یا ملک کے بشپوں میں سب سے پہلا مرتبہ رکھتا ہو ۔ (حیوانیات) حیوانات رئیسہ ، دودھ پلانے والے حیوانات میں سب سے اونچے درجہ کے حیوانوں میں سے کوئی ایک جن میں آدمی ، بندر ، لنگور اور لیمور سب شامل ہیں ۔

primateship, n. اسقفیت ۔

primatial, a. اسقفِ اعظم یا اس سے متعلق ۔

prime, a. مقدم ؛ ابتدائی ؛ اعلیٰ ؛ افضل ؛ کلاں ؛ اعظم ؛ اہمیت یا معنویت میں اول (جیسے : a prime consideration)؛ بڑا ، رتبے ، منزلت یا اختیار میں سب سے اونچا (جیسے : the prime minister)؛ عمدگی یا قدروقیمت میں اول ؛ اول درجے یا بہترین خوبی کا (جیسے :prime ribs of beef) ؛ وقت یا ترقی کی ترتیب میں اول ؛ ابتدائی ؛ قدیم ترین ؛جوکسی دوسرے سے ماخوذ نہ ہو ؛ بنیادی ۔ (ریاضی) باقی چھوڑے بغیر؛جو کسی عدد پر بجز اپنے یا اکائی کے ناقابل تقسیم ہو (جیسے : five is a prime number) ؛ اکائی کے سوا جس کا کوئی مشترک قاسم نہ ہو (جیسے : two is prime to nine) ۔ (اسم) انتہائی پھولنے پھلنے کا مرحلہ یا حالت ؛ جوبن ؛ انسانی زندگی کے انتہائی کمال یا زور کا زمانہ یا حالت ، قبل اس کے کہ قوت کا انحطاط شروع ہو جائے ؛ عالم شباب ؛ کسی چیز کا سب سے زیادہ پسندیدہ یا بہترین حصہ ؛ کسی زمانے کی شروعات یا اُس کا سب سے پہلا مرحلہ ؛ سال کا موسم بہار ؛ طلوع آفتاب کے بعد دن کا پہلا گھنٹہ یا اولین حصہ ۔ (کلیسیات) سات عبادتی گھنٹوں میں سے دوسرا گھنٹہ یا اُس گھنٹے کی عبادت جو عام طور پر دن چڑھے ادا کی جاتی ہے حالانکہ وہ دن کے پہلے گھنٹہ کے لیے مقرر تھی ۔ (ریاضی) ایک مفرد عدد ، اُن مساوی حصوں میں سے ایک جن میں کوئی اکائی اصلاً منقسم ہوتی ہے ، جیسے درجے کے ساٹھ منٹوں میں سے ایک ؛ نشان (′) جو اس قسم کی تقسیم کو ظاہر کرتا ہے ۔ (موسیقی) ہم آہنگی ؛ سبتک میں کھرج یا بنیادی خیال ۔ (تیغ بازی) آٹھ وار خالی دینے کے سلسلے میں سے سب سے پہلی دفعہ کا پینترا ۔

prime, v.t. اُکسانا ؛ ہوا دینا ؛ کسی مخصوص مقصد یا کارروائی کے لیے تیار ہونا یا تیار کرنا ؛ فیر کرنے/حملہ کرنے کے لیے تیار کرنا ، جیسے توپ یا دھاوا بول کر ؛ پانی ڈالنا ، جیسے پمپ میں ؛ ہوا کو خارج کرنے اور چُسکاری کے عمل کو بحال کرنے کے لیے اور اس طرح پمپ کو اپنا کام کرنے کے لیے تیار کرنا ؛ ڈھک دینا یااستر چڑھانا ، جیسے ایک سطح کو ابتدائی تہ یا رنگ سے ، تاکہ اس پر آخری رنگ و روغن کیا جا سکے ؛ پہلے سے مہیا کرنا یا بہم پہچانا (معلومات ، الفاظ یا اسی طرح کی کوئی اور چیز) ۔ (فعل لازم) کسی جوش دان یا دخانی انجن کو چلانا تاکہ پانی کو اسطوانے میں بھاپ کے ساتھ لے جایا جائے ؛ مقدم ہو جانا ۔

prime cost, n. اوّلین یا اصلی لاگت ؛ کسی چیز کو بنانے کے لیے درکار سامان کی قیمت اور اُسے بنانے پر صرف محنت کی اُجرت ۔

prime meridian, n. نصف النہار اوّل ، ایک نصف النہار جس سے مشرق اور مغرب کا طول بلد شمار کیا جاتا ہے ، جیسے گرینچ (انگلستان) ۔

prime minister, n. وزیراعظم ؛ کسی حکومت کا سب سے بڑا وزیر ؛ کابینہ یا وزارت کا صدر (جیسے : the Prime Minister of Pakistan) ۔

prime mover, n. (میکانیات) اصل محرک ؛ محرک انجن ؛ ابتدائی عامل جو مشین کو حرکت میں لاتا ہے ، جیسے ہوا یا توانائی ؛ پَن پہیّہ یا دخانی انجن ، جو کسی فطری وسیلے سے مہیا کی ہوئی توانائی کو وصول کرتا اور ڈھالتا ہے ۔ (ارسطاطالیت) وہ وجود اوّلی جو جملہ حرکات کو پیدا کرتا ہے مگرخود بے حرکت رہتا ہے؛ کسی کام میں ابتدائی یا اصلی قوت ۔

primer, n. پرائمر ؛ قاعدہ ؛ ابتدائی رسالہ ؛ بچوں کو پڑھانے کے لیے ایک چھوٹی ابتدائی کتاب ؛ بنیادی اصولوں کی ایک کتاب ۔ (طباعت) ٹائپ کا ایک سائز [جیسے long primer (۱۰ پوائنٹ) اور great primes (۱۸ پوائنٹ)] ۔

primer, n. شتابہ ؛ وہ شخص یا چیز جو بندوق میں بارود ڈالتی ہے ؛ ٹوپی ، اسطوانہ یا کوئی اور ایسا آلہ جس میں کوئی ایسا مرکب رکھا ہوا ہو جسے تصادم/ٹکر یا کسی اور طرح سے بھک سے اُڑایا جا سکے ، بارود سے فیر کرنے میں استعمال ہوتا ہے ۔

prime rate, n. بینک قرضہ پر کم سے کم سود جو عموماً بڑے تجارتی قرض خواہوں کو استثنائی طور پر پیش کیا جاتا ہے ۔

primero, n. تاش کا ایک کھیل جو سولھویں صدی کے انگلستان میں رائج تھا ۔

prime time, n. (ٹیلی وژن) ٹیلی وژن دیکھنے کے بنیادی اوقات مثلاً ۸ بجے شام اور ۱۱ بجے شب کے درمیان ؛یہی وہ وقت ہے جس کے لیے ٹیلی وژن کے مشتہرین میں باہم مقابلہ ہوتا ہے ۔

primeval, a. قبل تاریخ کا ؛ عتیق ؛ اصلی ، ماقبل تہذیب زمانے کا ؛ ازمنۂ ماضی کا ۔

primevally, adv. قدیم حالت یا زمانے میں۔

priming, n. کسی برقی بار کو آگ لگانے کا پاؤڈر ؛ رنجک ؛ وہ عمل یا ذریعہ جس سے کوئی چیز کسی چیز میں ڈالی جاتی ہے ؛ رنگ روغن یا سریش کی پہلی تہ جو اس سطح پر لگائی جاتی ہے جس پر رنگ روغن چڑھانا ہوتا ہے۔

primipara, n. (قبالت) پہلو نٹھن ؛ وہ عورت جس نے صرف ایک بچہ جنا ہو یا جس کو زچگی سے پہلی دفعہ واسطہ پڑے۔

primitive, a. ابتدائی ؛ قدیم ؛ غیر مہذّب ؛ اپنی نوع کا یا وجود میں آنے والا، سب سے پہلا یا اولین ، بالخصوص دنیا کے اولین دور میں ؛ دنیا یا بنی نوع انسان کی تاریخ میں قدیم زمانے کا ؛ قدیم زمانوں یا انسانی ترقی کے ابتدائی مرحلے کا (جیسے : primitive art) ؛ مقدّم؛ اصلی ، اوّلی ؛ اوّلی عصری ؛ غیر متمدّن ؛ اوّلین بروزی ؛ تہذیبی اثرات سے غیر متاثر یا بہت کم متاثر ؛ غیر مہذب یا غیر مہذبانہ انداز میں سادہ ؛ اکھڑ؛ پرانی وضع کا ؛ اپنے زمانے میں یا قدیم ترین زمانے میں ہونے والا ؛ ابتدائی یا قدیم ؛ اصلی یا غیر مشتق بولی بمقابلہ مشتق بولی ؛ پرائمری بمقابلہ سیکنڈری ۔ (حیاتیات) نامکمل جیسے ایک ناقص عضو ؛ ابتدائی تشکیل کا اور عارضی ، جیسے ایک حصّہ جو بعد میں غائب ہو جائے حالانکہ وہ ابتداءً موجود ہو۔ (اسم) تہذیب سے پہلے یا اُس کے ابتدائی زمانے کا ؛ وہ لفظ جس سے دوسرا لفظ مشتق ہو۔ (ریاضی) ایک ہندسی یا الجبرائی شکل یا کلمہ جس سے دوسری شکل یا دوسرا کلمہ مشتق ہوتا ہے ۔ (فن) فنکار ، بالخصوص قدیم زمانے کا ؛ اس قسم کے فنکار کا کوئی فن پارہ ؛ تہذیب سے ماقبل یا تہذیب کے ابتدائی زمانے کا کوئی شخص۔

primitively, adv. غیر مہذب قوم کی طرح ؛ بھونڈے طریقے سے ؛ ابتداءً ؛ اصلاً ۔

primitiveness, n. قدامت ؛ وحشت پسندی۔

primitivism, n. نظریۂ اولین عصریت ؛ ایک فلسفیانہ یا تجریدی نظریہ کہ قدیم ترین زمانے یا تہذیب کے ابتدائی زمانے کی ثقافتوں کا سادہ طرز زندگی عہد حاضر کے طرز زندگی سے برتر ہے۔

primo, n., adv. (موسیقی) دوگانے کا پہلا اہم حصہ ؛ اسے ادا کرنے والا شخص۔

primogenitor, n. مُورث اعلیٰ ؛ جدّامجد ؛ پہلا باپ یا قدیم ترین زمانے کا جدّ ؛ باوا آدم ۔

primogeniture, n. پہلوٹھاپن ؛ جیٹھاپن ؛ کلانیت ؛ اپنے والدین کا پہلا بیٹا ہونے کی حالت ؛ خلف اکبر۔ (برطانوی قانون) سب سے پہلے پیدا ہونے والے بیٹے کا یہ حق کہ وہ اپنے باپ کی جائیداد کا وارث ہو اور چھوٹے بیٹے اور تمام بیٹیاں اس حق سے مستثنیٰ ہوں ؛ وراثتِ اکبر۔

primordial, a. اوّلین ؛ اساسی ؛ اصلی ؛ نشوونما کی ترتیب میں سب سے پہلا ؛ بنیادی (جڑ) ؛ شروع سے جس کا وجود ہو۔ (حیاتیات) قدیم ترین بنا ہوا۔

primordially, adv. اصلی حالت میں ؛ اساسی طور پر ؛ آغاز میں ؛ بُنیادی حیثیت سے ؛ ابتداءً۔

primordium, n. (جنین) جنین میں کسی عضویہ کے بنیادی اجزا یا بروز۔

primp, v.t., v.i. زیب و زینت دینا ؛ بننا سنورنا یا کپڑے پہننا ، (شوروغل مچا کر) بہت زیادہ ٹھیک ٹھاک انداز میں ؛ سنوارنا ؛ بنانا ؛ حد سے زیادہ احتیاط برتتے ہوئے سبک سرانہ انداز میں بننا سنورنا۔

primrose, n. (نباتیات) پامچال ؛ بسنتی پھول ؛ گل فنجانی ؛ جنس بسنتی (Primula) کا کوئی بھی پودا جو سدا بہار جڑی بوٹیوں پر مشتمل ہوتا ہے ، زرد پھولوں والا انگریزی بسنتی گلاب یا شہاب ثاقب (p.veris) جو عام طور پر باغوں میں کاشت کیا جاتا ہے اور پود گھروں کا بسنتی گلاب (P.sinensis)؛ ہلکا زرد رنگ ۔ نیز : primrose yellow۔(صفت) بسنتی گلاب سے متعلق ؛ ہلکے زرد رنگ کا ۔

primrose path, n. پرتعیش یا پُر مسرت زندگی ؛ زندگی کی شہوانی لذتوں کا رسیا ؛ دل فریب ، خوش باش طریق زندگی ؛ تلاش و طلب ؛ آسان رستہ ۔

primula, n. پری مولا ؛ زُہر الربیع ؛ اسی نام و جنس کا کوئی بھی پودا ؛ بسنتی گلاب ۔

primulacious, a. بسنتی گلاب کے خاندان کا ۔

primum mobile, n. فلکِ اعظم ؛ فلکُ الافلاک ؛ فلکیات کے بطلیموسی نظام میں کائنات کے سب سے بیرونی ہم مرکز کُرے جن کے متعلق یہ سمجھا جاتا تھا کہ زمین کے گرد روزانہ ایک چکر لگاتے ہیں اور دوسروں کو بھی اس کے ساتھ چکر لگواتے ہیں ۔ (مجازاً) حرکت کا کوئی مقدم ذریعہ ؛ محرکِ اعظم ؛ محرک کلاں ۔

primus inter pares, n. [لاطینی] مساوی میں اولین ۔

prince, n. شہزادہ ؛ کسی شاہی خاندان کا ایک مرد رکن جو حکومت نہ کرتا ہو۔ (تاریخ) بادشاہ ؛ فرمان روا ؛ برطانیہ عظمی میں فرمانروا کا بیٹا یا پوتا (اگر بیٹے کا بچہ ہو) ؛ حُکم ران یا برائے نام حاکم ،کسی چھوٹی مملکت یا چھوٹے علاقے کا ؛ کسی طبقے یا پیشے کا سردار (جیسے : a merchant prince) ؛ لائق تعریف اور پسندیدہ ذاتی خوبیاں رکھنے والا شخص ۔

princedom, n. شہزادے یا کسی والئ ریاست کا رُتبہ ، درجہ یا حلقۂ اقتدار وغیرہ ۔

princeship, n. شہزادگی ۔

Prince Albert, n. پرنس البرٹ ؛ ایک لمبا ، دُہرے سینے والا فراک کوٹ ۔

prince consort, n. شوہرِ ملکہ ؛ شہزادہ جو کسی فرمانروا ملکہ کا شوہر ہو ۔

princekin, n. نابالغ یا چھوٹا شہزادہ ۔

princeling, princelet, n. نو عمر یا معمولی شہزادہ ۔

princely, a. شہزادے سے متعلق ؛ شہزادے کے مشابہ ؛ شریف ؛ شان دار ، فیّاض یا سخی ؛ فضول خرچ ۔

princeliness, n. شاہزادوں جیسی شان و شوکت ؛ شہزادگی کا ٹھاٹھ ۔

Prince of Wales, n. 'پرنس آف ویلز' ؛ تخت برطانیہ کا وارث ؛ ایک خطاب جو برطانوی فرمان روا کے سب سے بڑے بیٹے یا ولی عہد کو دیا جاتا ہے ؛ ولی عہدِ انگلستان ۔

prince's-feather, n. پر نُما پھولوں کا پودا ؛ سال بسال اگنے والا ، گندم سیاہ (Polygonum orientale) کے خاندان

کا سدا بہار پودا جس میں سرخ اور گلابی گچھوں کے ساتھ پر نما پھول لگتے ہیں ؛ امرنت (amarinth) خاندان کا ایک ایسا ہی پودا ۔

princess, n. شہزادی ؛ رانی ؛ ملکہ ؛ شاہی خاندان کی غیر حکمران عورت ؛ کسی شہزادے کی زوجہ ؛ برطانیہ عظمی میں بیٹی یا پوتی (اگر کسی شہزادے کی بیٹی ہو) ۔ (تاریخ) زنانہ فرماں روا ؛ حکمران عورت ۔

princess, princesse, a. عورت کی پوشاک یا دوسرا لباس ، چوٹی سے لے کر کولھوں تک مسلسل لمبائی میں تراشا ہوا جس کی چولی بالکل کسی ہوئی ٹھیک ٹھاک اور اسکرٹ اکثر بھڑک دار کلیوں والا ہوتا ہے ۔

princess royal, n. اول شہزادی ؛ بادشاہ یا ملکہ کی سب سے بڑی بیٹی ۔

principal, a. پرنسپل ؛ بڑا ؛ اہم ترین ؛ اصل ؛ مقدّم ؛ سردار یا حاکم ؛ سب سے اونچا یا رتبے ، کردار ، اقتدار یا اہمیت میں اوّل ؛ برتری پر مبنی ؛ برتر یا اُس سے متعلق ۔ (اسم) بڑا یا سربراہ ؛ وہ جو قائدانہ حیثیت سے حصہ لیتا ہے ، جیسے ایک کھیل میں ؛ کسی تعلیمی ادارے کا بڑا عامل مختار ، بالخصوص کسی سرکاری ابتدائی یا ثانوی اسکول کا سربراہ ؛ برطانیہ عظمیٰ میں کسی کالج کا سربراہ یا ناظم ؛ کوئی چیز جو خاص یا سب سے بڑی اہمیت رکھتی ہو ۔ (قانون) اصلی مجرم ، کسی جُرم کا قطعاً عادی یا اُس جرم میں مددگار؛ایک شخص جو کسی اور شخص کو اپنے نمائندے یا عامل کی حیثیت سے کام کرنے کے لیے ملازم رکھتا ہے ؛ کوئی فرد جو کسی ٹھیکے یا کسی اور ذمہ داری کا خاص طور پر اہل ہو ؛ کسی جائیداد کی مقدار یا سرمایہ اُس کی آمدنی سے مختلف حیثیت میں ۔ (تجارت) سرمائے کی رقم جو سود پر دی جائے اور بطور قرض واجب الادا ہو یا بطور فنڈ سود سے علیحدہ طور پر استعمال کی جائے ؛ مُول ؛ اصل زر ۔ (موسیقی) باجے کے بڑے وقفوں میں سے کوئی ایک ۔ دیکھیے : diapson۔(نجّاری) لکڑی کے شہتیر چھوٹے ٹکڑوں کے ڈھیر میں ۔

principally, adv. خصوصاً ؛ خاص کر ؛ بیشتر ۔

principalship, n. پرنسپل کا عہدہ ؛ پرنسپلی ؛ کسی کلیے کی صدارت کا منصب ۔

principality, n. مُلک ؛ ریاست ؛ قلمرو ؛ حکومت ؛ فرمانروائی ؛ کسی بادشاہ کا علاقہ یا کوئی ملک جو کسی بادشاہ کو حقّیت دیتا ہے ؛ کسی بادشاہ کی حیثیت یا عہدہ ؛ فرماں روائی ؛ اقتدار اعلیٰ/مطلق العنانی ۔ (جمع ، الٰہیات) فرشتوں کی ایک جماعت ؛ طبقۂ ملائکہ یا سلسلۂ فرشتگان ۔

principal parts, n. (گرامر) فعل کی اشکال جن سے دوسری متعدی اشکال مشتق ہوتی ہیں ؛ انگریزی میں فعل کی اشکال مصدر ، ماضی یا اسمِ فعل (جیسے : gone ' went 'go) ۔

principium, n. اوّلین یا بنیادی اصول ؛ عنصر ؛رکنِ رکین ؛ اصل ِ اُصول ۔

principle, n. اصول ؛ اصل ؛ سرچشمہ ؛ جڑ ؛ بُنیادی عُنصر ؛ گُر ؛ عام سچائی ؛ قانون جو بہت سی ماتحت سچائیوں پر محیط ہو ؛ طریقہ یا قاعدہ جسے کسی کام یا فعل کے لیے بطور اساس اختیار کیا جائے ؛ راست بازی (جیسے :a man of principle) ؛ ایک ابتدائی منبع جس سے کوئی چیز نکلتی ہو ؛ بنیادی اصول یا عقیدہ ؛ تہ نشین/مضمر مقصد ؛ ایک قانون جس پر دوسرے قوانین مبنی ہوں یا جن سے دوسرے قوانین ماخوذ ہیں ؛ اصول ، مقولہ یا تصور جو مظاہر قدرت میں عیاں اور کسی مشین کے عمل کی تہ میں مضمر ہوتا ہے (جیسے :-the principle of gravity)۔ (کیمیا) جزوِ اساسی ؛ کوئی بڑا عنصر یا جُزو جو کسی چیز کو اپنی ممتاز خصوصیت دے دیتا ہے ۔

principled, a. اخلاقی اصولوں کی خوبیوں والا یا اخلاقی اصولوں پر مبنی ؛ بااصول ؛ اصولی ؛ بنیادی ، (عموماً مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ،جیسے : high - principled)۔

prink, v.t., v.i. بھڑک دکھانا ؛ بناؤ ٹھناؤ کرنا ؛ بننا سنورنا ؛ ٹھسا دکھانا ؛ دکھاوٹی بناؤ سنگھار کرنا ؛ نمایش کے لیے کپڑے پہننا ؛ اپنی زیب و زینت کرنے یا اپنے آپ کو ملبوس کرنے میں گھبراہٹ محسوس ہونا ؛ اپنی شکل و صورت کے متعلق خواہ مخواہ ہنگامہ آرا ہونا ؛ بننا سنورنا ۔

prinker, n. بناؤ سنوار کرنے والا ؛ پُر تکلُّف لباس پہننے والا ۔

print, n. چھاپ ؛ نقشہ ؛ نشان ؛ چھاپا ؛ پرنٹ ؛ چھپی ہوئی چیز ؛ مطبوعہ چیز ؛ چھاپے کی تصویر ؛ مہر ؛ ایکِ جسم یا چیز کے دباؤ سے دوسرے جسم یا چیز پر پڑا ہوا نشان ؛ کوئی چیز جس سے نشان وغیرہ بن جائے ؛ مُہر یا ٹھپّا ؛ کوئی نشان زدہ چیز یا جس پر ٹھپّا لگایا گیا ہو ، جیسے مکھن کی ٹکیا یا نمونے کے مطابق بنا ہوا سوتی کپڑا ؛ طبع ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ مطبوعہ حروف تہجی ، بالخصوص نوعیت ' طرز تحریر یا سائز کے حوالے سے ؛ مطبوعہ مواد ؛ مطبوعہ اشاعت ، جیسے کوئی اخبار ؛ کندہ کیے ہوئے یا کسی دوسرے طریقے سے تیار شدہ یا پلیٹ سے اُتاری ہوئی تصویر یا کوئی نمونہ ؛ اخباری کاغذ ۔ (عکاسی) نیگیٹو سے حاصل کی گئی تصویر ۔ (فعل متعدی) نقُوش یا نشان ڈالنا ، جیسے ایک سطح پر ، کسی شے کو اُس کے اندر یا اُس پر دبانے سے ؛ پیدا کرنا یا جمانا مثلاً نقش یا دندانوں کا جیسے دباؤ سے ؛ نقش کرنا ؛ کتاب چھاپنا ؛ طبع کرنا ؛ چھاپنا ؛ چھاپا لگانا ؛ مہر لگانا ؛ شائع کرنا ؛ پھیلانا ؛ ذہن نشین کرانا یا حافظے پر نقش کرنا ؛ دباؤ کے ساتھ اس طرح لگانا کہ دندانے دار شکل یا نشان چھوڑ جائے ؛ کتاب یا تصویر تیار کرنا ؛ روشنائی لگے ہوئے ٹائپ یا پلیٹوں یا بلاک کے ساتھ کاغذ پر بلاواسطہ دباؤ ڈال کر ، چھاپے کے چربے اتارنا ؛ طباعت میں استعمال ہونے والے حروف کی شکل میں لکھنا ؛ کسی رنگین نمونے یا وضع کی چھاپ کو کپڑے پر دباؤ کے ساتھ منتقل کرنا ۔ (عکاسی) کوئی مثبت تصویر بنانا ، جیسےکسی نیگیٹو سے ، روشنی کے اثر سے ۔ (فعل لازم) ٹائپ سے چھاپے کا اُتارنا ، جیسے چھاپہ خانے میں ؛ پریس یا طباعت یا طباعت کے دیگر ذرائع سے چھاپا جانا؛ طابع یا ناشر کا پیشہ اختیار کیا جانا ؛ کاغذ کا چھپنا جیسے ٹائپ یا پلیٹوں سے ؛ طباعت کے حروف میں الفاظ کا تحریر ہونا ۔

in print, مطبوعہ شکل میں ؛ شائع شدہ ؛ ایسی کتاب کا جو شائع کنندہ/ناشر کے پاس خریداری کے لیے اب بھی دستیاب ہے ۔

out of print, چھاپ باہر ؛ ایسی کتاب کا جو ناشر سے خریداری کے لیے اب دستیاب نہ ہو ۔

printable, a. طبع پذیر ؛ قابلِ طبع ؛ طبع ہونے کی صلاحیت رکھنے والی ، طباعت کے لیے موزوں ۔

printed circuit, n. مطبوعہ سرکٹ ؛ ایک سرکٹ کسی ایسے برقیاتی ساز و سامان کے لیے جو ایک حاجز چادر یا لوح پر برقی رو کے ایصال کے لیے ایصالی مواد کے طریقے استعمال کرتا ہو۔

printer, n. طابع ؛ ناشر ؛ وہ شخص یا مشین جو چھاپتی ہے ، بالخصوص وہ جو طباعت کے کاروبار میں مشغول ہے۔ (کمپیوٹر) وہ جزو یا عنصر جو مطبوعہ شکل میں معلومات مہیا کرتا ہے۔

printer's devil, n. سیکھتڑ ؛ کسی مطبع کے دفتر میں ایک زیر تربیت امیدوار۔

printer's mark, imprint, n. نشان ناشر ؛ سرورقی صفحے کے نیچے چھپا ہوا ناشر کا نام جو عموماً اشاعت کے مقام اور اس کی تاریخ اشاعت کے ساتھ ہوتا ہے۔

printery, n. چھینٹوں یا دوسرے سوتی کپڑوں کی چھپائی کے لیے عملہ ؛ ٹائپوگرافی چھپائی کا عملہ۔

printing, n. طباعت ؛ چھپائی ؛ اس شخص یا مشین کا عمل جو چھاپتا/چھاپتی ہے؛ کتابیں ، اخبارات ، جرائد و رسائل حرکت پذیر ٹائپ یا پلیٹوں کے ذریعے چھاپوں سے تیار کرنے کا فن ، طریق کار یا کاروبار ؛ ٹائپ کے ذریعے چھپائی ؛ الفاظ یا کوئی دوسرا مواد مطبوعہ شکل میں ؛ مطبوعہ مواد ؛ کسی کتاب کے نسخوں کی کُل تعداد جو ایک وقت میں طبع ہوئی ہے ؛ تحریر جس میں حروف وہی ہوں جو عام طور پر طباعت میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

printing press, n. پرنٹنگ پریس ؛ چھپائی پریس ؛ مشین جو کاغذ یا اُس جیسی کسی اور چیز پر ٹائپ یا پلیٹوں سے چھاپتی ہے۔

printless, a. بے نقش ؛ جس سے کوئی نقش یا نشان نہ بن سکے یا نظر نہ آ سکے۔

print-out, n. (کمپیوٹر) مطبوعہ ؛ عمل میں لائی ہوئی معلومات جو کمپیوٹر یا اُس جیسی کسی اور مشین سے ، کاغذ پر چھپی ہوئی شکل میں نکلتی ہیں ، عموماً کاغذ کی مسلسل جاری چٹوں پر۔

prior, a. ماقبل ؛ پہلا ؛ سابق ؛ قدیم ؛ پیشتر ؛ وقت یا ترتیب میں مقدم یا پہلے کا ؛ مقدم۔

prior to, ماقبل ؛ سے پیشگی ؛ پہلے۔

priorly, adv. پہلے سے۔

prior, n. پرائر ؛ مسیحی خانقاہی نظام میں ایک برتر عہدہ دار یا مذہبی ایوان میں دوسرے نمبر پر ، ایبٹ سے نیچے ؛ ایک چیف مجسٹریٹ ، جیسا کہ قُرونِ وُسطیٰ کی جمہوریہ فلارینس میں ہوتا تھا۔

priorate, n. پرائر کا عہدہ ، رتبہ یا مدت عہدہ ؛ مذہبی ایوان جہاں پرائر کی حکومت ہوتی ہے۔

prioress, n. پرائر کے منصب پر فائز عورت ؛ راہبہ (abbess) سے کم درجے کی ، بعض اوقات اس کا رتبہ راہبہ (abbess) سے نیچے دوسرے نمبر پر ہوتا ہے۔

priority, n. تقدم ؛ فوقیت ؛ قدامت ؛ سبقت ؛ تقدیم ؛ پہل ؛ اولیت ؛ ترجیح ؛ وقت کے لحاظ سے سبقت رکھنے یا کسی اور چیز کے مقدم ہونے کی حالت ؛ ترتیب ؛ اہمیت یا رُتبے میں تقدم ؛ بعض حقوق اور مفادات میں کسی دوسرے پر فوقیت ؛ دوسروں کی نسبت توجہ کا زیادہ مُستحق اور ضرورت مند شخص ؛ افضلیت۔

priory, n. پرائری ؛ مسیحی خانقاہ ؛ کسی پرائر یا پرائریس کے زیرِ حکومت مذہبی ایوان جس کا انحصار اکثر کسی راہب (abbey) پر ہوتا ہے۔

prism, n. منشور ؛ ایک کثیر السطوح مجسم جس کے کونے یا سرے ایک دوسرے سے مشابہ ، مساوی اور متوازی کثیر الزوایا شکلوں کے اور جس کے پہلو مساوی الاضلاع ہوتے ہیں۔(بصریات) ایک جسم اِس شکل کا ، بالخصوص مثلثی اساسوں کے ساتھ ، جو شیشے یا کسی دوسرے شفاف مادے کی بنی ہوئی ہوتی ہیں اور جنھیں تقطیب نورکرنے یا روشنی کو اس کی طیف میں منتشر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک ایسا مخروط جس کا ہر پہلو مثلث ہوتا ہے۔ (قلمیات) ایک شکل جو ایسے چہروں پر مشتمل ہے جو عمودی محور سے متوازی اور افقی محوروں سے متقاطع ہیں ؛ شیشے سے بنا ہوا منشور کی شکل کا آرایشی زیور۔

prismatic, a. منشوری ؛ منشور نما ؛ تیز ؛ شوخ ؛ منشور کا ، اس سے متعلق یا اس کے مانند ؛ شفاف منشور سے بنا ہوا یا ایسا کہ گویا اس سے بنا ہوا ہے ؛ رنگ میں متنوع ، چمک دار۔ (قلمیات) شش پہلو راست مُعین نُما۔

prismatically, adv. منشوری طور پر ؛ بذریعہ منشور ؛ ایوانِ منشوری کے ساتھ۔

prismoid, n. منشور نما ؛ ایک جسم جس کی شکل منشوری شکل کی طرح ہوتی ہے ، اس کی یکساں اساسیں یا سرے ، متطابق نہیں ہوتے اور چہرے چوکور نما ہوتے ہیں۔

prismoidal, a. منشور نما کا یا اس سے متعلق۔

prison, n. حوالات ؛ بندی خانہ ؛ جیل خانہ ؛ محبس ؛ زندان ؛ قید خانہ ؛ قید و بند یا غیر رضاکارانہ حراست کی ایک جگہ ؛ سرکاری عمارت مجرموں یا قانونی کارروائی کی زد میں آئے ہوئے دوسرے لوگوں کے لیے۔ (فعل متعدی) قیدخانے میں بند کر دینا ؛ قید کرنا ؛ محبوس کرنا ؛ جیل بھیج دینا۔

prisoner, n. قیدی ؛ اسیر ؛ زندانی ؛ حوالاتی ؛ وہ جو کسی قید خانے میں قید ہو ؛ گرفتار شخص ، خواہ وہ قیدخانے میں ہو یا نہ ہو ؛ جنگی قیدی ، عام طور پر وہ شخص جس کی آزادی مسدود کر دی گئی ہو۔

prisoner of war, n. جنگی قیدی ؛ قیدی جو جنگ کے دوران پکڑا گیا ہو ، جس کے ساتھ سلوک اکثر بین الاقوامی قواعد کے تحت ہوتا ہے۔

prisoner's base, n. بچوں کا کبڈی کی طرح کا ایک کھیل جس میں ایک ٹیم دوسری ٹیم کو گولوں یا بیسوں میں قید کرنے کے لیے اُس کے پیچھے دوڑتی ہے۔

prison fever, n. تپِ زنداں ؛ ٹائفس۔

prissy, a. (بول چال) بالکل ٹھیک ؛ بہت اچھا ؛ نہایت عُمدہ ، نازک دماغ ؛ نمایاں طور پر عمدہ۔

pristine, a. پراچین ؛ پُرانا ؛ ماقبل تہذیب کا یا ابتدائی حالت یا زمانے کا؛اصلی ؛ قدیم ، خالص ؛ جراثیم سے پاک۔

prithee, interj. (قدیم) سُنوتو! میں التجا کرتا ہوں ؛ از راہ مہربانی ؛ براہِ کرم۔

privacy, n. خلوت ؛ تخلیہ ؛ عزلت ؛ گوشہ نشینی ؛ تنہائی۔

privatdocent, privatdozent, n. جرمنی اور بعض دوسری یونیورسٹیوں میں خانگی معلّم یا لیکچرار جسے جامعات نے تسلیم تو کر رکھا ہو لیکن وہ ان کے تنخواہ دار عملے میں شامل نہ ہو اور طلبا کی فیسوں سے اپنا معاوضہ حاصل کرتا ہو۔

private, a. نجی ؛ خانگی ؛ اپنا ؛ شخصی ؛ خصوصی ؛ انفرادی ؛ غیر سرکاری ؛ ذاتی ؛ مخفی ؛ کسی مخصوص شخص یا اشخاص کا (جیسے : private property) ؛ کسی مخصوص شخص یا اشخاص کے ایک چھوٹے گروہ سے متعلق یا ان پر اثر انداز ہونے والا (جیسے : a private wrong) ؛ جس شخص یا اشخاص کا براہ راست تعلق ہو صرف انھی تک محدود یا صرف انھی کے لیے مقصود ؛ بصیغۂ راز ؛ کوئی سرکاری عہدہ یا ملازمت نہ رکھنے والا ؛ جو کسی سرکاری یا عوامی نوعیت کا نہ ہو ؛ عوامی نظر یا علم سے دور یا اس کے دائرے سے باہر ؛ عزلت نشین ؛ بے تکلف ؛ عام لوگوں کی دسترس یا رسائی سے باہر (جیسے : .a private party) ؛ نجی پارٹی/تفریحی تقریب ؛ کسی ہسپتال کا ، اُس سے متعلق یا اُس سے خصوصی فوائد یا خدمات حاصل کرنے والا ؛ پرائیویٹ (عام سپاہی) کا رتبہ رکھنے والا ۔ (اسم) معمولی سپاہی ؛ لشکری ؛ امریکی فوج اور بحری کور میں کوئی بھی درج فہرست آدمی جو کارپورل کے رتبے سے کم ہو۔ (جمع) جنس کے خارجی اعضائے تناسل۔ نیز : private parts ۔

in private, خفیہ طور پر ؛ نجی طور پر ؛ خفیہ ؛ جواعلانیہ نہ ہو۔

privately, adv. خفیہ طور سے ؛ نجی طور پر۔

privateness, n. اخفا ؛ پوشیدگی ۔

privateer, n. نجی مسلح جہاز ؛ بحری قزاق ؛ ایک مسلح جہاز جو ایسے نجی اشخاص کی ملکیت میں ہو ، جنھیں دشمن کی جہازرانی یا جنگی جہازوں کے خلاف کارروائی کرنے کا سرکاری پروانہ حاصل ہو ؛ اس قسم کے کسی جہاز کا کمانڈر/سپہ سالار یا جہازی عملے کا کوئی فرد ؛ لٹیرا جہاز۔ (فعل لازم) بحری قزاق کے طور پر گشت میں ہونا ؛ جہاز رانی کرنا ۔

privateersman, n. بحری قزاق ، ملّاح یا جہاز جسے پروانہ ملا ہو۔

private first class, n. ایک درج فہرست آدمی جس کا رُتبہ پرائیویٹ یا سپاہی سے اُونچا ہو اور کارپورل یا نائک سے نیچے براہ راست دوسرے درجہ پر ہو ۔

private law, n. شخصی قانون ؛ نجی قانون ؛ خصوصی قانون ؛ قانون کی وہ شاخ جس کا واسطہ اشخاص کے حقوق و فرائض سے ان تعلقات کی بنا پر ہو جو وہ ایک دوسرے کے ساتھ نجی افراد کی حیثیت سے رکھتے ہیں ۔ بموازنہ : public law ۔

private school, n. نجی مدرسہ ؛ نجی اسکول ؛ مدرسہ یا اسکول جو حکومت کے بجائے کسی فرد واحد ، نجی ادارے یا سند یافتہ کارپوریشن کے زیرنگرانی قائم ہو اور وہی اُس کے ناظم ہوں ۔

privation, n. محرومی ؛ نایافت ؛ محتاجی ؛ تنزل ؛ زوال ؛ مفلسی ؛ احتیاج ؛ معزولی ؛ عُسرت ؛ تنگی ؛ تنگ دستی ؛ بے نوائی ؛ کمی ؛ محروم ہونے کی حالت ؛ آسایش یا وجود کے لیے ضروری اشیا سے محرومی۔

privative, a. نقصان رساں ؛ زائل ؛ انکاری ، نفیہ ؛ حرفِ نفی ؛ محروم کرنے کا وصف رکھنے والا ؛ لے لینے کا کام کرنے والا ؛ حاصل کر لینے کے وصف پر مشتمل یا حاصل کر لینے کی خصوصیت کا حامل ؛ نقصان یا کسی چیز کی احتیاج جو بطور مناسب موجود ہو ؛ منفی۔ (گرامر) عسرت یا منفی کو ظاہر کرنے والا ؛ سلبی (جیسے : private prefix)۔ (اسم) (گرامر) ایک منفی عنصر لاحقے یا سابقے کے طور پر۔

privatize, v.t. نجیانا ؛ نجی ملکیت میں دینا (قومیانہ کی ضدّ)۔

privatization, n. نج کاری ؛ نجیانے کا عمل۔

privet, n. قاغیا ؛ جنگلی زیتون ، کہو (Ligustrum vulgare) کی پت جھڑ والی جھاڑی ، جس میں چھوٹے چھوٹے سفید پھول کھِلتے ہیں اور جو باڑ لگانے کے کام آتی ہے، اس کی متعدد مختلف انواع میں سے کوئی نوع۔

privilege, n. فائدہ ؛ رعایت ؛ استحقاق ؛ استثنا ؛ ایک حق یا تحفظ جو کسی ایک شخص یا اشخاص کو اُن عام فوائد سے زیادہ حاصل ہو جو دوسروں کو حاصل ہیں ؛ ایک مخصوص حق یا تحفظ جو اُن اشخاص کو دیا گیا ہو جو برسراقتدار یا کسی عہدے پر فائز ہوں ؛ کسی فرد یا مستند ادارے کے لیے کسی مخصوص ، حق یا تحفظ کی منظوری، جو بعض اوقات عام حق کے منافی بھی ہوتی ہے ؛ مخصوص حقوق یا تحفظات سے مستفید ہونے کا اصول یا حالت ؛ اُن زیادہ مقدس یا اہم حقوق میں سے کوئی حق جو تمام شہریوں کو کسی جدید دستوری حکومت میں حاصل ہوتے ہیں ۔ (بازار حصص) سٹّاکاری کا ایک معاہدہ جس میں فوری طلب اور قسط وار ادائیگی وغیرہ کی شرائط اور حقوق شامل ہوں ۔ (فعل متعدی) کسی فائدے کی منظوری دینا ؛ استحقاق بخشنا ؛ مستحق کرنا ؛ حق دار کرنا ؛ کوئی مخصوص حق یا تحفظ عطا کرنا ؛ کسی شخص کو تحفظ دینا ؛ مستثنیٰ کرنا (آخر میں لفظ from کے ساتھ) ؛ کسی ایسی چیز کے لیے ، جو بصورت دیگر ممنوع ہو ، استعمال کا اختیار یا اجازت نامہ دینا۔

privileged, a. مقدم ؛ مراعات یافتہ ؛ کسی پسندیدہ شخص یا گروہ کے متعلق ؛ مراعات استعمال کرنے والا یا ان پر قبضہ رکھنے والا؛ کسی ایک منظور نظر فرد یا گروہ تک محدود ، جیسے مراعاتی دستاویزات ۔

privity, n. راز داری ؛ شرکت راز ؛ واقفیت ؛ ذاتی علم ؛ کسی نجی یا خفیہ چیز کے علم میں شرکت ، بالخصوص وہ علم جس میں اتفاق رائے یا رضا مندی مضمر ہو ؛ کسی خفیہ راز سے واقفیت رکھنے والوں کے درمیان تعلق ۔

privy, a. محرم راز ؛ کسی نجی یا خفیہ چیز کے متعلق علم میں شریک (عموماً اس کے آخر میں to لگاتے ہیں ، جیسے : .Many persons were privy to the plot) ؛نجی ؛جیسے کسی مخصوص شخص یا اشخاص کی ملکیت ، بالخصوص کسی فرماں روا کے حوالے سے ۔ (اسم) گھر سے باہر کا بیت الخلا ۔ (قانون) وہ شخص جو کسی جائیداد یا معاملے میں کوئی قانوناً مسلّمہ مفاد یا ذمہ داری رکھتا ہو۔

privy council, n. پریوی کونسل ؛ ایک بورڈ یا ذاتی مشیروں کی منتخب جماعت ، جیسے کسی فرماں روا کی ۔ (بڑے P سے برطانیہ عظمیٰ) مشیروں کی جماعت ، جس میں بعض تو فرماں روا کے خود منتخب کردہ ہوتے ہیں اور بعض کی شمولیت معمولاً ہوتی ہے جن کا ریاستی معاملات میں مشورہ دینے کا کام اب زیادہ تر کابینہ انجام دیتی ہے ۔ (بعض اوقات بڑے P سے) اسی قسم کی کوئی جماعت جو کسی برطانوی نو آبادی کے گورنر کو مدد دینے کے لیے مقرر کی جائے ۔

privy councilor, n. مُستشار شاہی ؛نجی یا رازدارانہ مشورہ دینے والا ۔

privy purse, n. صَرف شاہی ؛ صرفِ خاص ؛ برطانوی فرماں روا کے نجی اخراجات کے لیے دیا جانے والا وظیفہ یا مقررہ رقم ۔

prix fixe, n. ہوٹل میں مقررہ قیمت کا طعام ؛ کسی ایسے طعام کے لیے جو کسی ہوٹل کی فہرست میں دسترخوان ہوٹل (table d'hote) یا قیمت مقررہ طعام (prexfixe) کے زیر عنوان درج ہو ؛ اس قسم کے طعام کی قیمت ۔

prize, n. انعام و اکرام ؛ نعمت ؛ مالِ غنیمت ؛ لُوٹ ؛ غنیمت ؛ یغما ؛ نعمت ؛انعام ؛داؤ ؛ بازی ؛ بُرد ؛ فتح یا برتری کا کسی مقابلے یا مسابقت میں انعام ؛ وہ انعام جو کسی قرعہ اندازی یا اسی قسم کے کسی اور مشغلے میں جیتا جائے ؛ کوئی چیز جس کے لیے جدوجہد کی ہو ، جدوجہد کرنے کے قابل ہو یا بیش بہا سمجھی جائے ؛ کوئی چیز جو چھین لی جائے یا پکڑ لی جائے ، بالخصوص جنگی قوانین کے تحت سمندر میں دشمن کا جہاز اور اس پر لدا ہوا سامان؛ چھین لینے اور پکڑنے کا عمل ، خصوصاً مال بردار جہاز کی سمندر میں گرفتاری ۔ (صفت) وہ جس نے انعام حاصل کیا ہے ؛ انعام کے قابل ؛ ممتاز ؛ انعام کے طور پر دیا گیا ؛ عطا کردہ ۔ (فعل متعدی) لُوٹ کے طور پر چھین لینا ، جیسے جہاز ۔

prize winner, n. انعام جیتنے والا ۔

prize winning, a. انعامی ۔

prize, v.t. بہت عزیز جاننا ؛ گراں بہا سمجھنا ؛ بہت زیادہ قدر کرنا یا پسند کرنا ؛ قیمت آنکنا ۔

prize,(Brit.)prise, v.t. بیرم کا فعل کرنا ؛ بیرم کے ذریعے اٹھانا ؛ حرکت دینا یا قوت کے ساتھ دھکیلنا ؛ لیور سے کام لینا ۔

prize fight, prizefight, n. انعامی مکہ بازی ؛ باکسروں کے درمیان نمایشی مقابلہ انعام کے لیے ؛ مسابقت عموماً رقم کی خاطر ۔

prize fighter, n. مکّہ باز ؛ باکسر ؛ انعام حاصل کرنے کی خاطر مکہ بازی کرنے والا ۔

prize fighting, n. مکّہ بازی ۔

prize money, n. انعامی رقم ؛ روپیہ بطور انعام دیا ہوا ؛ رقم کا ایک حصّہ جو انعام یا لُوٹ کی فروخت سے حاصل کیا ہو ، بالخصوص وہ روپیہ جو دشمن کا جہاز پکڑنے والوں کے درمیان تقسیم کیا جائے ۔

prize ring, n. انعامی کُشتی کا اکھاڑہ؛ ایک احاطہ یا چاروں طرف سے گھرا ہوا ایک مربع‌حلقہ ،جو انعامی مُکّہ بازی کے لیے استعمال کیا جائے ۔

pro, adv. کسی تجویز یا رائے کی موافقت میں؛ con بمعنی ''کے خلاف'' کی ضد ۔ (اسم) کسی چیز کے لیے لحاظ ، دلیل یا رائے دہی ؛ کسی تجویز پر دلائل پیش کرنے والا یا رائے دینے والا شخص ۔

pro, a., n. Professional کا مخفف ۔ (بول چال) پیشہ ور ، جیسے گالف کا ایک پیشہ ور کھلاڑی ۔

proa, prao, prau, prahu, n. پراؤ ؛ ملائشیا کی تیز رو بادبانی کشتی ، ہوا کی جانب کے چپٹے محفوظ اور باہر کے ابھرے بادبان والی ۔

probabilism, n. احتمالیت ؛ احتمال پسندی ۔ (رومی کیتھولک الہیات) یہ خیال یا نظریہ کہ ایسی صورت میں جب کسی عمل کے متعلق شبہ ہو کہ وہ قانوناً جائز ہے یا ناجائز تو اس کے جواز کے حامل معقول مشوروں پر عمل کرنا چاہیے ؛ یہ اصول کہ یقینی علم تو ناممکن ہے اور یہ کہ عقیدے اور عمل پر کارفرمائی کے لیے صرف امکان غالب اور احتمال کافی ہوتا ہے ۔

probability, n. قرینہ ؛ گمان ؛ احتمال ؛ امکان ؛ امکانِ غالب میں ہونے کی حالت یا کیفیت ؛ امکانیت ؛ ایک غالب امکانی واقعہ یا حالت ۔ (شماریات) کسی واقعے کے ظہور پذیر ہونے کے امکانی اتفاقات کی تعداد کا تناسب، اُن اتفاقات کی تعداد کے ساتھ جن میں واقعہ ظہور پذیر ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی ہو سکتا ۔

probable, a. شُدنی ؛ غالب ؛ اغلب ؛ قابلِ وقوع ؛ ممکن ؛ کسی ایسی شہادت کا مُوید یا اُس پر مبنی جو ذہن کو یقین کی طرف مائل کرے مگر شبہ کے لیے بھی کچھ گنجایش چھوڑے ؛ امکانی ؛ کسی چیز کو قابلِ یقین یا ممکن بنانے والا ۔

probably, adv. غالباً ؛ اغلباً ؛ احتمالاً ؛به ظنِ غالب ۔

probable cause, n. (قانون) امکانی سبب ؛ ملزم کے جرم پر یقین کرنے کے معقول دلائل ؛ جس شخص پر کسی جرم کا الزام لگایا گیا ہو اُس کی خطا پر یقین کرنے کے لیے معقول دلائل ۔

probang, n. (طب) پروبنگ ، حلق سلائی ؛ بھریری ؛ ایک لمبی ، پتلی ، لچک دار چھڑی جس کے سِرے پر اسفنج ، گیند یا اسی طرح کی کوئی چیز لگی ہوتی ہے اور جسے غذائی نالی یا نرخرے میں سے باہر کی چیزیں نکالنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے یا ان مقامات پر دوا لگانے کے کام میں لایا جاتا ہے ۔

probate, n. (قانون) وصیت نامے کی تصدیق ؛ کسی وصیت نامے کے مستند ہونے کی سرکاری طور پر تصدیق یا توثیق ؛ اس طرح ثابت شدہ کسی وصیت نامے کی سرکاری طور پر مصدقہ نقل ۔ (صفت) سرکاری طور پر مستند وصیت نامے کا یا اس سے متعلق یا اس عدالت سے متعلق جس کا تعلق ایسے وصیت نامے کی تصدیق سے ہو ۔ (فعل متعدی) استناد کو ثابت کرنا ، جیسے وصیت نامہ کے ۔

probate court, court of probate, n. عدالت برائے تصدیق وصیت نامہ ؛ وہ عدالت جس کا تعلق وصیتوں کے استناد اور جائیدادوں کا فیصلہ چکانے سے ہو ۔

probation, n. آزمایش ؛ امتحان ؛ پرکھ ؛ جانچ ؛ ثابت کرنے کا عمل ، ثبوت ؛ کوئی کارروائی جو کردار ، قابلیتوں یااسی طرح کے دیگر اوصاف کو متعین کرنے کے لیے ہو ؛ تیاری کے لیے آزمایش یا امتحان ؛ سزا کے تعطُّل کی ایک مدت ، جیسے کسی جرم کے لیے قید کی سزا یا کسی تعلیمی ناکامی کے باعث برخاستگی (اس صورت میں عموماً پہلے on کا لفظ لگاتے ہیں) ؛ وقت کی ایک مدت جس کے دوران خطا کار کو آزمایشی یا اصلاحی افسر کے سامنے باقاعدہ وقفوں کے بعد حاضر ہونا پڑے ۔

probational, probationary, a. زیر آزمایش ؛ زیر امتحان ؛ امیدوارانہ ؛ کارآموزانہ ؛ آزمایشی ۔

probationally, adv. آزمایشی طور سے ؛ امیدار کی حیثیت سے ۔

probationer, n. امیدوار ؛ کارآموز؛ نو آموز؛سیکھتڑ ؛ وہ شخص جو امتحان میں یا آزمایش پر ہو ؛ طالب علم نرس اپنی تربیت کے

پہلے سال کے دوران ؛ آزمایشی ۔

probation officer, n. افسرِ آزمایش ؛ افسرِ امتحان و آزمایش ؛ کسی زیر آزمایش یا خطا کار کے طرز عمل کا نگران اور اُس کے متعلق روئداد پیش کرنے والا شخص ۔

probative, probatory, a. استدلال پذیر ؛ شہادتی ؛ ثابت کُن ؛ امتحان یا آزمایش کے لیے کام آنے والا یا اُن کے لیے وضع کیا ہوا ؛ ثبوت یا شہادت مہیا کرنے والا ؛ اثباتی ۔

probe, n. چھان بین ؛ کھوج۔(جرّاحی) زخم سِلائی ؛ ایک آلہ جو کسی زخم، ناسور یا جوف کی گہرائی معلوم کرنے یا دوسرے حالات جانچنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ تفتیش ، بالخصوص کسی مبینہ غیر قانونی سرگرمی کی ؛ ایک ایجاد بیرونی خلا کا کھوج لگانے اور معطیات/معلومات کو زمین پر واپس بھیجنے کے لیے ؛ کسی ہوائی جہاز پر باہر کو نکلا ہوا ایک پائپ جو جہاز کے اندر صَرف ہونے والے ہوا کے ذخیرے کو بار بار بھرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) مذکورہ بالا آلہ کسی عضو کو لگانا ؛ آلے سے ٹٹولنا ؛ آلہ چبھونا ؛ چھان بین کرنا یا چھان بین ہونا؛ آلۂ جراحی سے زخم دیکھنا ؛ جانچنا ؛ تہ کو پہنچنا ۔

prober, n. چبھونے والا ؛ چھان بین کرنے والا؛ کھوجی ؛ سُراغی ۔

probit, n. (شماریات) امکانِ غالب کو ناپنے کا ایک پیمانہ جو اَوسَط سے انحراف یا تجاوز پر مبنی ہوتا ہے ۔

probity, n. صداقت ؛ سچائی ؛ علانیہ ظاہر نیکی یا اصابت ؛ سختی کے ساتھ ایمان داری ، دیانت ، راست بازی ۔

problem, n. مسئلہ ؛ قضیہ ؛ امر دشوار ؛ حل ، فیصلے یا تعیّن کے لیے پیش کیا گیا کوئی سوال ؛ وضاحت طلب کوئی پیچیدہ مسئلہ ۔ (جیومیٹری) کوئی مسئلہ جو عملی کارروائی یا حل کا طالب ہو ۔ (صفت) اچھے طرز عمل میں غیر متطابق (جیسے : a problem child) ؛ متصادم سماجی اقدار و تعلقات سے پیدا ہونے والے معاملات سے عہدہ برآ ہونے والا (جیسے : a problem drama) ۔

problematic, a. مبہم ؛ مشکوک ؛ غیر محقق ؛ مسئلہ بن جانے والا ؛ مشتبہ ۔

problematical, a. ممکن الوقوع ؛ تصدیق طلب ؛ معمائی ۔

problematically, adv. مشکوک یا مشتبہ طور سے ؛ قضیے کے طور پر ۔

proboscidean, proboscidian, a. سونڈدار یا خرطوم دار(جانور)؛ جنس خرطوم دار (Proboscidea) کا یا اس سے متعلق ، دودھ پلانے والے حیوانات کی صنف کا یہ جانور ایک ایسی ناک رکھتا ہے جو لمبی ہو کر ایک گرفت پذیر ہاتھی کی سونڈ جیسی شکل اختیار کر لیتی ہے ؛ سونڈ سے متعلق ۔ (اسم) کوئی بھی جانور جو اس صنف کا ہو ۔

proboscis, n. سونڈ ؛ خرطوم ؛ تھوتھنی جو ہاتھی یا کسی دوسرے جانور کے سر سے باہر کو نکلی ہوئی ہوتی ہے ۔ (حشریات) حشرات الارض کے جبڑے جو سینگی نالی کی صورت میں بڑھے ہوتے ہیں اور جن سے وہ چوسنے اور چبھونے کا کام لیتے ہیں ۔ (مزاحاً) انسانی ناک ، بالخصوص جب وہ انتہائی نمایاں ہو ۔

probosics, n. (علمِ ادویہ) ایک مرکب (پروکین) جو (پروکین) ہائیڈرو کلورائیڈ کی شکل میں بے حس کرنے کے لیے مقامی مخدّر کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

procathedral, n. گرجا جو عارضی طور پر بڑے گرجا (کنیسۂ کبریٰ) کا کام دے ۔

procedure, n. کارروائی ؛ عمل درآمد ؛ طریق عمل ؛ دستورالعمل ؛ طریق کار جس سے کسی کارروائی میں پیش قدمی کی جائے ؛ کوئی مخصوص طریق کار یا ضابطۂ عمل ، بالخصوص قانونی ، پارلیمانی یا کوئی اور کاروبار کرنے کا ؛ مقدمہ بازی کا طریقۂ کار اور عدالتی کارروائیاں ۔

procedural, adv. باضابطہ ؛ قاعدے کے مطابق ۔

procedurally, adv. قاعدے کی رُو سے ۔

proceed, v.i. بڑھنا ؛ آغاز ہونا ؛ واقع ہونا ؛ جاری رہنا ؛ حرکت یا ترقی کا جاری رہنا یا اُس کی تجدید ہونا؛ آگے ہونا؛ کسی ایک مقام ، مرحلے یا موضوع سے کسی دوسرے مقام ، مرحلے یا موضوع کی طرف پلٹنا ؛ جاری ہونا یا کسی اصل یا منبع سے آنا (from کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ کام پر لگ جانا اور ایک خاص طریقے پر چلتے رہنا ۔ (قانون) کسی قانونی کارروائی کا شروع ہونا اور جاری رہنا ۔

proceeding, n. کارروائی ؛ روداد ؛ اُس شخص یا چیز کا عمل جو آگے بڑھتا یا بڑھتی ہے ؛ عمل یا طور طریقہ ؛ ایک مخصوص کارروائی یا کارروائی کی روش ۔ (جمع) کسی انجمن کی کار پردازیوں کے اندراجات ۔ (قانون) قانون کے مطابق کسی کارروائی کا آغاز یا اجرائے کار ؛ قانونی اقدام یا کارروائی (جیسے : to institute proceedings against a person) ۔

proceeds, n. آمدنی ؛ پیداوار ؛ حاصل ؛ منافع ؛ بکری ؛ زرحاصل ؛ وصول ؛ کسی کاروبار یا سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والا مالی معاوضہ یا کُل منافع ۔

procephalic, a. (حیوانیات) سر کی پیشانی سے متعلق یا سر کا اگلا حصہ یعنی ماتھا تشکیل دینے والا ۔

process, n. طریق عمل ؛ تعاملیہ ؛ عمل ؛ عملیہ ؛ روش ؛ چال ؛ ڈھنگ ؛ طریقہ ، کسی مطلوبہ مقصد کو حاصل کرنے کے لیے کی گئی کارروائیوں کا ایک تسلسل (جیسے : a process for refining metal) ؛ تدریجی تغیّرات کا ایک سلسلہ کسی مخصوص مقصد کی طرف حرکت کرتا ہوا (جیسے : the aging process) ۔ (قانون) کسی مدعا علیہ کو عدالت میں حاضر ہونے پر مجبور کرنے کے لیے طلب نامہ ، فرمان یا عدالتی حکم ؛ کسی عدالت کی کارروائی یا قانونی عمل ۔ (حیاتیات ، تشریح الاعضا) اُبھرواں ہڈّی ، باہر نکلی ہوئی کوئی بڑھوتری یا کوئی ابھار ، جیسے کسی عضویہ میں نسیج کا ۔ (عکاسی) فوٹو کندہ کاری یا فوٹو میکانکی کے ذریعے تصاویر یا چھاپوں کی نقلیں حاصل کرنے کا ایک طریقہ ؛ متعدد مختلف اثرات پیدا کرنے کے لیے حرکی تصویر کے پس مناظر کو داخل کرنے یا متراکب کرنے کا عمل ؛ آگے بڑھنے والی حرکت ؛ تظلیل ؛ گزرنے والا یا قضا ہونے والا (جیسے : the process of time) ۔

process, v.t. کسی خاص طریقے سے برتنا یا تیار کرنا ؛ تبدیل کرنا ، جیسے کسی زرعی جنس کو قابل فروخت شکل میں ، تیاری کے کسی مخصوص عمل کے ذریعے ؛ کسی کے خلاف کوئی قانونی کارروائی شروع کرنا ؛ سمن کی تعمیل کرانا ؛ بحفاظت ترتیب سے رکھنا جیسے ڈاک ، دفتر کے ریکارڈ یا دیگر کاغذات کو اور اُن پر ضروری کارروائی کرنا کسی خاص طریقے سے ؛ عملے کو بھرتی کرنا

اور خدمت لینے سے پہلے اَن سے سوال ناموں کا پُر کرانا ؛ امتحانات لینا یا اسی قسم کے دیگر لوازمات کی تکمیل کرانا ۔ (فعل لازم) طریقِ کار کے عملیے سے گزرنا ۔

process, a. کسی مصنوعی طریقے سے بنایا ہوا یا زیر عمل لایا ہوا (جیسے : process sugar) ؛ باز چھاپ کا یا اس سے متعلق جس میں فوٹو کَندہ کاری یا فوٹو میکانکی کی ضرورت ہوتی ہے ؛ ان مخصوص اثرات سے متعلق جو حرکی تصادم میں فلم سازی کی مخصوص فنیات کے استعمال سے حاصل کیے گئے ہیں (جیسے : a process shot)۔

procession, n. جلوس ؛ سواری ؛ تواتر ؛ تسلسل ؛ منظم ہجوم (جانوروں ، اشخاص یا دیگر اشیا کا) ؛ افراد یا اشیا کی آگے بڑھتی ہوئی قطار ۔ (کلیسیات) کوئی مخصوص دعا ، جیسے جنازے کے لیے ؛ باجماعت دعا جو کسی مذہبی جلوس میں پڑھی یا گائی جائے ؛ ایک مسلسل تواتر ۔ (فعل لازم) جلوس میں چلنا ؛ جلوس کے ساتھ ہونا ۔

processional, a. جلوس کا ، اُس سے متعلق یا اُس جیسی خصوصیت والا ؛ جلوس میں گایا ہوا یا پڑھا ہوا جیسے کوئی بھجن ۔ (اسم) مذہبی جلوس میں استعمال کے لیے بھجنوں یا جماعت میں پڑھی جانے والی دعاؤں پر مشتمل کتب ؛ جلوسی دُعائیں ۔

processionally, adv. جلوس کے طور پر ؛ جلوسی انداز میں ۔

process printing, n. متراکب طباعت ؛ رنگین چھپائی کا طریقہ ؛ مکمل رنگین چھپائی کا ایک طریقہ جس میں جداگانہ پلیٹوں پر ابتدائی رنگ استعمال کرکے اُنھیں ایک دوسرے کے اوپر چھاپا جاتا ہے ۔

proclaim, v.t. مشتہر کرنا ؛ ڈھنڈورا پیٹنا ؛ اشتہار دینا ؛ منادی کرنا ؛ اعلان عام کے ذریعے باخبر کرنا ؛ سرکاری طور پر اعلان کرنا ؛ اشتہاری ملزم قرار دینا ؛ اعلان عام کے ذریعہ مشتہر کرنا ۔

proclaimer, n. معلِن ؛ ڈھنڈورچی ؛ منّاد ۔

proclamation, n. اعلان شاہی ؛ اعلان ؛ اعلانِ عام کے ذریعے مشتہر کرنے کا عمل ؛ سرکاری اعلان عامہ یا اشتہار عام ؛ وہ جس کا اعلان کیا جائے یا جس کی منادی کی جائے ؛ تخت نشینی کا اعلان ۔

proclitic, n., a. [یونانی] (گرامر) ایک لفظ جو اپنے بعد کے لفظ سے اس قدر زیادہ مربوط ہو کہ اُس کی کوئی صوتی حیثیت یا اُس پر لہجے کی کوئی تاکید نہ ہو ، جیسے tis ' میں it یا فرانسیسی j'ai میں je ۔

proclivity, n. میلان ؛ شوق ؛ لگاؤ ؛ رغبت ؛ جُھکاؤ ؛ رُجحان ؛ طبع ۔

proconsul, n. پرو قونصل ؛ سابق قونصل ؛ عامل ؛ صوبہ دار ؛ قدیم روم میں ایک عہدے دار ، عام طور پر ایک سابق قونصل جو اپنے فرائض ایک صوبہ یا فوج کے قونصل کی حیثیت سے انجام دیتا تھا ؛ کسی نو آبادی کا ایک منتظم اعلیٰ جیسے برطانوی وائسرائے ۔

proconsulate, proconsulship, n. پروقونصلیٹ ۔

proconsular, a. پروقونصلر ۔

procrastinate, v.t. دیر کرنا ؛ التوا میں ڈالنا ؛ روز روز پہ ٹالنا ؛ تاخیر کرنا ؛ کسی آئندہ وقت کے لیے ملتوی کرنا ۔ (فعل لازم) عمل کا مؤخّر ہونا ؛ کام میں دیر ہونا ؛ تعویقی یا سہل انگار ہونا ؛ لیت و لعل کرنا ؛ آج کل کرنا ؛ اب تب کرنا ؛ کٹھائی میں ڈالنا ۔

procrastination, n. تاخیر ؛ درنگ ؛ دیر ؛ لیت و لعل ؛ تعویق ۔

procrastinator, n. تاخیر کرنے والا ۔

procreant, a. ثمر آور ؛ خالق ؛ پیدا کرنے والا یا عالَمِ وجود میں لانے والا ؛ تولید سے متعلق ؛ تولیدی ۔

procreate, v.t. جنم دینا ؛ افزایش کرنا ؛ جننا ؛ وجود میں لانا اور پیدا کرنا ۔

procreation, n. ولادت ؛ جنم ؛ پیدایش ؛ تولید ۔

procrustean, a. (بعض اوقات چھوٹے p سے) بے رحمی کے ساتھ ؛ یکسانیت پیدا کرنے والا ۔

procryptic, a. (حیوانیات) رنگ بدلی سے متعلق ؛ رنگ کاری سے متعلق ، جیسے حشرات الارض میں ، جو ایک تحفظی بہروپ یا پوشیدگی کے لیے کام آتی ہے ۔

proctology, n. عِلمِ معاءِ مستقیم ؛ عِلمِ طِب کی وہ شاخ جس کا تعلق مبرزی علاقہ اور معاء مستقیم سے ہے ۔

proctor, n. پراکٹر ؛ وکیل عدالت ؛ مختار ؛ گماشتہ ؛ سربراہِ کار ؛ دینی عدالت کا وکیل ؛ شہری ، بحری یا کلیسائی عدالتوں میں کسی دوسرے شخص کے مقدمات کی پیروی کرنے کے لیے ملازم رکھا ہوا وکیل ؛ یونیورسٹی کا کوئی عہدے دار جو قیام امن و ضبط کا نگران ہو اور امتحانات کی دیکھ بھال کرے ۔ (فعل متعدی و لازم) دیکھ بھال کرنا یا ہونا ۔

proctorial, a. پراکٹر کا ۔

proctorship, n. پراکٹر کا عہدہ یا منصب ۔

proctoscope, n. معاءِ مستقیم نُما ؛ سرجن/جراح کا آلہ جس سے معاءِ مستقیم کا اندرونی معائنہ کیا جا سکے ۔

procumbent, a. غلطاں ؛ نیچے پڑا ہوا ؛ جُھکا ہوا ۔ (نباتیات) بِچھواں ؛ بیل کی شکل میں ، پٹ لیٹا ہوا ؛ زمین پر پڑا ہوا مگر جڑیں نکالے بغیر ، جیسے انگور کی بیل ۔

procuration, n. حصول ؛ مختار نامہ ؛ گماشتہ گری ؛ کسی دوسرے شخص کے معاملات کا انتظام ؛ وہ دستاویز جس کی رو سے کسی شخص کو دوسرے شخص کے معاملات کے بندوبست کرنے کا اختیار حاصل ہو ؛ کسی دوسرے شخص کے معاملات کا انتظام کرنے کا عمل ؛ حصول کا کام ۔

procurator, n. مختار کار ؛ سربراہ کار ؛ متولی ؛ وکیل ؛ گماشتہ ؛ کسی دوسرے شخص کے معاملات کا منتظم ؛ وہ شخص جو کسی دوسرے شخص کے لیے اُس کی قانونی کارروائیوں کی دیکھ بھال کرنے کا ذمہ دار ہو ۔ (تاریخ) رومی شہنشاہوں کے ماتحت کسی صوبے کا گورنر ۔

procuratorial, a. مختارانہ ؛ عاملانہ ؛ نائبانہ ۔

procuratorship, n. نیابت ؛ مختاری؛ گماشتگی ۔

procure, v.t. بہم پہنچانا ؛پانا ؛ مُیَسّر کرنا ؛مہیا کرنا ؛ حاصل کرنا ، جیسے کوشش ، محنت یا خریداری سے ؛ قابض ہو جانا ؛ قبضہ حاصل کرنا یا قبضے میں آ جانا ؛ باعث ہونا ؛ وجود میں لانا ؛ بروئے کار لانا ؛ تدبیر یا حیلہ سازی سے قابض ہو جانا ؛ قحبگی کے لیے حاصل کرنا ۔ (فعل لازم) دلال بننا ۔

procurable, a. قابلِ حصول ؛ جو حاصل ہو سکے ۔

procurement, n. حصول ؛ تحصیل ـ

procurer, n. دلّال ؛ حاصل کرنے والا ؛ بہم پہنچانے والا ؛ قابض ـ

procuress, n. دلّالہ ؛ کُٹنی ـ

prod, v.t. ستانا ؛ کچوکے لگانا ؛ چھیڑنا ؛ کسی نوک دار چیز سے چبھونا یا گھونپنا (جیسے :to prod a person with the finger) ؛ اُکسانا یا کچوکے دینا جیسے کوئی آنکس مار کے ؛ کسی شخص پر زور ڈال کر یا ٹھوکے مار مار کے کسی عمل پر آمادہ کرنا ـ (اسم) مختلف طریقوں سے دق کرنے کا عمل ؛ چبھاؤ یا گُھساؤ ؛ متعدد مختلف نوک دار آلات میں سے کوئی ایک جیسے آنکس ـ

prodigal, a. شاہ خرچ ؛ مُسرف ؛ اُڑاؤ ؛ فضول خرچ ؛ خراچ ؛ مُسرفانہ اخراجات کا عادی ؛ ضائع کار ؛ بے دریغ خرچ کرنے والا ـ (اسم) روپے کو فضول خرچ کرنے والا شخص ؛ ضائع کنندہ ؛ وہ شخص جو افراط کے ساتھ اللّے تللّے کرتا ہے یا روپیہ جی کھول کر اڑاتا ہے ـ

prodigality, n. فضول خرچی ؛ اسراف ـ

prodigally, adv. فضول خرچی سے ـ

prodigious, a. غیر معمولی ؛ بہت بڑا ؛ عظیم ؛ حیرت انگیز ؛ نرالا ؛ عجیب ؛ زبردست ؛ شاندار ـ

prodigiously, adv. عجیب و غریب طور پر ؛ انوکھے پن سے ؛ نرالے انداز سے ـ

prodigiousness, n. حیرت انگیزی ؛ نرالا پن ؛ انوکھا پن ـ

prodigy, n. نوجوان ، بالخصوص کوئی بچّہ جو غیر معمولی ذہانت یا قابلیت رکھتا ہو ؛ حیرت انگیز شے ؛ کوئی اچنبھا ؛ اعجوبہ ؛ وقوعہ ؛ کارنامہ ؛ عجیب الخلقت؛ کوئی فوق الفطرت یا ایسی شے جس کی تو[illegible] ہو سکے ـ

prodrome, n. (امراضیات) پیش علامات ؛ مرض کے ظاہر ہونے سے پہلے کی علامت ـ

prodromal, a. پیش علامتی ـ

produce, v.t. وجود میں لانا ؛ ظہور میں لانا ؛ زیر عمل لانا ، بالخصوص ذہنی یا تخلیقی طور پر ؛ برداشت ہونا ؛ مہیا ہونا ؛ میسر ہونا ؛ نمایش بروئے کار لانا ، جیسے کسی فلم یا کسی ڈرامے /کھیل کی ؛ لمبا ہونا ، جیسے ایک خط کا ـ (فعل لازم) وجود میں لانا یا پیدا ہونا (مناسب بچے، پیداوار یا عواقب) ـ

produced, a. پیدا کیا ہوا ـ

producible, produceable, productible, a. پیدا ہونے کے قابل ؛ جو پیدا ہو سکے ؛ پیداوار کے لائق ؛ معائنے یا پیش کرنے کے قابل ؛خِلق پذیر ـ

produce, n. پیداوار ؛ حاصل ؛ آمد ؛ ثمرہ ؛ پیدا کی گئی چیز ؛ پیداوار ؛ حاصل ، خصوصاً زرعی پیداوار مِن حیث المجموع (جیسے : Fruits and vegetables are displayed in the super market's produce department.) ـ

producer, n. پیداکار ؛ وہ شخص یا چیز جو پیدا کرے ـ (معاشیات) بازار میں فروخت ہونے کے لیے مال بنانے والا یا آجر ؛ پیش کار ؛ فلمـوں ، ڈرامـوں یا کھیلوں کے لیے سرمایہ مہیا کرنے والا ـ (برطانوی) ہدایت کار /منتظم ـ

producer gas, n. حاصل گیس ؛ پروڈیوسرگیس بنانے والا سازوسـامان ؛ ہائیڈروجن ، نائٹروجن اور کاربن مونو آکسائڈ کا ایک احتراق پذیر مرکب جو بھاپ اور ہوا کو بھورے کوئلے پر گزار کر بنایا جاتا ہے اور امونیا پیدا کرنے اور ایندھن کے طور پر کام آنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ـ

producer goods, n. پیداکار کے اوزار ؛ پیداوار کے آلات جیسے اوزار اور خام مال جو صارف کو صرف بالواسطہ طور پر نفع پہنچاتے ہیں ـ

product, n. پیداوار ؛ مصنوعات؛ ماحَصل؛ نتیجہ ؛ قدرتی طور پر پیدا ہونے والی شے جیسے پھل ، اناج یا ترکاریاں ؛ جو چیز انسانی محنت یا ذہانت کے استعمال سے پیدا کی جائے ؛ کوئی پیداوار ؛ کوئی ایسی چیز جو کسی نتیجے کے طور پر حاصـل ہو ـ (ریاضی) حاصل ضرب؛ دو اعداد یا مقداروں کو باہم ضرب دینے سے جو نتیجہ نکلے یا اُس سے جو مقدار برآمد ہو ـ (کیمیا) کیمیائی تغیُّر سے وجود میں آنے والا مادہ ـ

production, n. پیدا کاری (عمل یا طریق کار) ؛ تصنیف ، انشا ؛ صنعت ؛ کام ؛ کاریگری ؛ ایجاد ؛ پیشکش ؛ وہ شے جو پیدا کی جائے یا بنائی جائے (جیسے : .the productions of the earth) ؛ فن یا ذہانت کی تخلیقات ؛ کسی پیدا کی ہوئی چیز کی کل مقدار (جیسے : .Production is low this year) ـ (معاشیات) ایسی اشیا کا بنانا جن کی کوئی قدرِ مبادلہ ہو ـ (بول چال) ایک مبالغہ آمیز طریقہ کار (جیسے : .He makes a production out of combing his hair) ـ

production control, n. پیداواری نگرانی ؛ معیارِ خوبی کو یقینی بنانے کے لیے مال کی صنعت پر منظم نگرانی ـ

productive, a. پیدا کرنے والا ؛ تولید کنندہ ؛ معنی خیز ؛ مضمون آفرین ؛ سیر حاصل ؛ نوخیز ؛ بارآور ؛ سود مند ؛ پیدا آوری کی طاقت رکھنے والا ؛ زرخیز؛ عمدہ غذائی فصلیں پیدا کرنے والا ؛ وجود میں لانے والا ؛ زندہ رکھنے والا (جیسے : -an age productive of great men.)(معاشیات) بڑی قیمتی اجناس پیدا کرنے والا ؛ دنیا کی دولت میں اضافے کا باعث؛ پیداآور ـ

productively, adv. ازروئے پیدایش ؛ از رُوئے منفعت ـ

productiveness, n. زرخیزی ـ

productivity, n. ثمر آوری ؛ بارآوری ـ

proem, n. دیباچہ ؛ مقدمہ ؛ پیش لفظ ؛ تعارف ؛ ابتدائی بیان/ابتدائیہ ـ

proemial, a. ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ تعارفی ـ

proenzyme, n. (حیاتی کیمیا ، حیاتیات)خامرہ زامادہ/زائموجن ـ

prof, n. (بول چال) پروفیسر کا مُرخّم ـ

profanation, n. بے عزتی ؛ آلودگی ؛ بے ادبی ؛ بے حُرمتی ؛ کفـر ؛ الحـاد ؛ مقـدس چیزوں کی بے حُرمـتی یا ان کی تحـقـیر ؛ نفرت/حقارت ؛ عدم تکریم ؛ بے ادبی ـ

profane, a. غیر مذہبی ؛ الحادی ؛ غیر متبرک ؛ ملحد ؛ خلاف دین ؛ ناپاک ؛ بے دین ؛ غیر مذہبی ، کافر ؛ خدا یا مقدس امور کے احترام سے خالی، ناپاک یا مقدسات سے عقیدت نہ رکھنے والا ؛ لادین ؛ مذہبی امور سے قولاً فعلاً منفور ؛ فاسق ؛ نجس یا بے ادب و گستاخ ـ (فعل متعدی) کسی مقدس امر سے بے حُرمتی ، ناپارسائی ، بے ادبی کا سلوک کرنا ؛ پلید کرنا ؛ غلط استعمال کرنا ، کمینگی یا نالائقی سے کام میں لانا ـ

profanely, adv. بے ادبانہ ؛ مُلحدانہ ۔

profaneness, n. بے حُرمتی ؛ الحاد ؛ لامذہبیت ۔

profanatory, a. ناپاک ؛ گندا ؛ ناجائز۔

profaner, n. بے ادب ؛ ملحد ؛ کافر ؛ بے دین ۔

profanity, n. بے حُرمتی ؛ تحقیرِ دین ؛ ملحد ہونے کی کیفیت ؛ مُلحد و کافر ؛ ملحدانہ زبان یا طرز عمل ۔

profess, v.t. دعویٰ کرنا ؛ مدعی ہونا ؛ اقبال کرنا؛ اقرار کرنا ؛ نمود کرنا ؛ دکھانا ؛ ظاہر کرنا ؛ تسلیم کرنا یا اپنے خاطی ہونے کو علانیہ اپنانا ؛ اقرار صالح پیش کرنا یا کوئی بہانہ بنانا ؛ کسی کے ساتھ اپنی وفاداری کا اعلان کرنا ؛ اپنے آزمودہ کار ہونے کا اعلان کرنا ؛ کسی مذہبی حِلّت میں قبول کرنا ۔ (فعل لازم) کوئی بیان اظہار دینا؛ کسی مذہبی تنظِیم کا رُکن ہونا ۔

professed, a. مدعی ؛ اقبالی ؛ مسلمہ ؛ معترف ؛ بعض اوقات مبیّنہ یا فرض کیا ہوا؛ اناڑی کے مقابلے میں ماہر یا مشّاق ؛ کسی قسم کا حلف اٹھائے ہوئے یا کسی مذہبی سلسلے میں داخل شدہ ۔

professedly, adv. ظاہراً ؛ صریحاً ؛ خود اپنے اعتراف کے طور پر؛ مبینہ طور پر؛ بظاہر۔

profession, n. پیشہ ؛ روزگار ؛ قول ؛ عہد ؛ شغل ؛ علم ، فن یا سائنس کے کسی شعبے میں خصوصی تربیت حاصل کرنے کا رجحان طبع ؛ کوئی نمایاں پیشہ یا کاروبار ؛ اشخاص کی ایک جماعت جو کسی مشغلے یا کام دھندے میں مصروف ہو ، اپنے عقائد یا وفاداریوں کا اقرار یا ان کا اعلانیہ اعتراف ؛ اپنے آپ کو کسی مذہبی فرقے سے وابستہ کرنے کا عہد ۔

professional, a. پیشہ ور ؛ پیشہ ورانہ ؛ کسی پیشے سے متعلق ؛ کسی پیشے میں مشغول ، بالخصوص قانون ، طِب یا کلیسائی خدمت سے وابستہ ۔ (اسم) کسی بھی پیشے کا کوئی رُکن ، مگر اس کا اطلاق (اناڑی کے برعکس) اُن اشخاص پر ہوتا ہے جو اپنی روزی فنون یا کھیلوں کے ذریعے کماتے ہیں جبکہ دوسرے لوگ ان کاموں میں تفریحاً حصہ لیتے ہیں ۔

professionally, adv. پیشہ ورانہ حیثیت سے ؛ پیشہ ورانہ ۔

professionalism, n. پیشہ ورانہ خصوصیت ؛ کام کرنے کے ڈھنگ ، مہارت یا وہ طریقے جو ایک ماہر پیشہ ور کو اناڑی سے ممیز کرتے ہیں ؛ کسی ایسے کھیل یا سرگرمی کو ذریعۂ معاش بنانا جس سے دوسرے لوگ محض ایک تفریح کی طرح لطف اندوز ہوتے ہیں ۔

professionalize, v.t., v.i. پیشہ ور بنانا یا پیشہ ور ہو جانا/بن جانا ۔

professor, n. پروفیسر ؛ اُستاد ؛ ماہر فن ؛ عَالِم ؛ کسی فن ، سائنس یا علم کی کسی اور شاخ میں اعلیٰ قابلیت رکھنے والا استاد ، بالخصوص جو کسی یونیورسٹی یا کالج میں ہو ؛ شریک (Associate) یا معاون (Assistant) پروفیسر لقب سے ملقب کوئی معلّم ؛ کھیلوں یا فنون میں مہارتی تعلیم دینے والا ؛ وہ جو اپنے مذہبی عقیدے یا دیگر عقائد کی تبلیغ کرے ۔

professorial, a. پروفیسرانہ ؛ پروفیسری کے متعلق ۔

professorially, adv پروفیسر کی شان سے ؛ پروفیسر کی حیثیت سے ۔

professorate, n. پروفیسری ؛ عہدہ ، منصب یا پروفیسر کی مدت ملازمت ۔

professoriate, n. پروفیسروں کی جماعت ؛ پروفیسروں کا تدریسی عملہ ؛ پروفیسری ۔

professorship, n. عہدۂ معلمی ؛ عہدۂ مدرسی ؛ پروفیسری ؛ پروفیسر کا عہدہ ۔

proffer, v.t. دینا ، پیش کرنا ؛ نذر کرنا ؛ آگے رکھنا ؛ قصد کرنا ؛ قبولیت کے لیے پیش کرنا ۔ (اسم) پیشکش ؛ نذر ؛ کوئی چیز جو دوسرے کی قبولیت کے لیے تجویز کی گئی ہو ؛ اس طرح تجویز کرنے کا عمل ۔

profferer, n. پیش کُنندہ ؛ نذر کرنے والا ؛ درخواست گزار ۔

proficiency, n. لیاقت ؛ قابلیت ؛ استعداد ، ترقی ، اہلیت ؛ مہارت ؛ ماہر ہونے کی حالت ؛ ہُنر ، علم ۔

proficient, a. قابل ؛ لائق ؛ واقف ؛ ذی استعداد ؛ فاضل ؛ ماہر ؛ کسی کاروبار ، فن یا علمی شُعبے میں اچھی مہارت رکھنے والا؛ ہنر مند ۔ (اسم) ماہر شخص ۔

profile, n. خاکہ یا ناک نقشہ، بالخصوص انسانی چہرے کی یک رُخی تصویر ؛ پہلو کی جانب سے چہرے کا منظر ؛ کسی چیز کا خاکہ یا خدوخال ، جیسے عمارت یا ملک کے ایک حصے کا ؛ ایک شماریاتی یا ترسیمی جائزہ جیسے ان قابلیتوں کا جو کسی ذہانتی جائزے کے نتیجے میں منکشف ہوئی ہوں ؛ ایک مختصر سوانحی خاکہ ۔ (فنِ تعمیر) کسی افقی قطعے کا خاکہ یا اُس کی ڈرائنگ/نقش کَشی یا طولی تراش ۔ (فعل متعدی) طولی تراش کرنا ؛ یک رُخی نقش کھینچنا ؛ یک رُخی خاکہ بنا کر دینا ۔

profit, n. فائدہ ، نفع ؛ سود ؛ منفعت یا معاوضہ ؛ مالی نفع ؛ کسی سرمایہ دار کو اپنا سرمایہ کسی کاروباری مہم میں لگانے سے حاصل ہونے والا فائدہ یا نفع ؛ اخراجات کی نسبت زیادہ آمدنی ، بالخصوص اُس فرق کی وجہ سے جو اشیا کی اصل قیمت خرید اور قیمت فروخت کے درمیان اضافے کے سبب واقع ہوتا ہے ؛ کسی سال میں اس نفع کی شرح اُس رقم کے ساتھ جس کی سرمایہ کاری کی گئی تھی ؛ سرمایہ کاریوں یاجائیداد سے آمدنی ۔ دیکھیے : net profit, gross profit ۔ (فعل لازم) سود مند ہونا ؛ نفع یا فائدہ حاصل ہونا ؛ استعمال کے قابل یا فائدہ مند ہونا ۔ (فعل متعدی) فائدہ پہنچانا ؛ کسی کام کا ہونا ؛ آگے بڑھانا ؛ نفع دینا ۔

profitless, a. بے نفع ؛ بے منفعت ؛ بے سُود ۔

profitable, a. سود مند ؛ نافع ؛ نفع بخش ؛ فائدہ یا نفع چھوڑنے والا یا دینے والا ؛ منفعت بخش ؛ نفع آور ؛ مفید ؛ فائدہ مند ۔

profitability, profitableness, n. سود مندی ؛ فائدہ مندی ۔

profitably, adv. سود مندانہ طور پر۔

profit and loss, n. نفع نقصان کھاتہ ؛ تجارتی یا دوسرے کاروباری معاملات سے حاصل شدہ نفع اور نُقصان کا ایک خلاصہ ، اِس کا اطلاق خاص طور پر حساب کاری کی کتابوں میں ایک مخصوص کھاتے پر ہوتا ہے جس میں کاروبار کے منافع اور نقصانات دکھائے جاتے ہیں ۔

profiteer, n. نفع خور ؛ حد سے زیادہ نفع کمانے والا ؛ غیر معقول فائدہ حاصل کرنے والا ؛ غیر معمولی حالات ، جیسے زمانۂ جنگ کے حالات سے فائدہ اٹھا کر حد سے زیادہ منافع کمانے والا شخص ۔ (فعل لازم) حد سے زیادہ منافع کمانا یا کمانے کی کوشش کرنا ۔

profit sharing, n. منافع بٹائی ؛ منافع میں شراکت ، جیسے آجر

اور اجیر کے درمیان ، بالخصوص ایسے طریقے سے جس کے تحت اجیر اپنی اجرتوں کے علاوہ کاروبار کے منافع میں سے بھی ایک حصہ وصول کرتا ہے ؛ شراکتِ منافع ۔

profit-sharing, a. منافع بٹائی والا ؛ شریک منافع ۔

profligate, a. آوارہ ؛ عیّاش ؛ بدچلن ؛ فضول خرچ ؛ تباہ اخلاق ؛ بدکردار ؛ نیکی یا نفاست سے عاری یا بے بہرہ ؛ نہایت فضول خرچ ۔ (اسم) جسے اصولوں ، نیکی یا شایستگی کا کوئی لحاظ نہ ہو ؛ انتہائی مُسرِف ؛ اسراف پسند ۔

profligately, adv. مُسرفانہ طور پر ؛ اوباشانہ ؛ عیاشانہ ۔

profligacy, profligateness, n. عیّاشی ؛ اسراف ؛ اوباشی ؛ اسراف پسندی ۔

profluent, a. آہستہ خرامی یا فراوانی سے بہنے والا ۔

pro forma, a. پروفورما ؛ مرسومہ ؛ ضابطے کی خاطر ؛ کسی قانونی تقاضے کی تعمیل میں (جیسے a proforma invoice)-(اسم) بیجک ۔

profound, a. گہرا ؛ ذہنی طور پر عمیق ؛ علم یا ہُنر میں گہرا ؛ مُتبحر عالِم ؛ شدت کی خصوصیت کا حامل ؛ سطحی یا صریح سے بہت نیچے ؛ گہرے یا بہت زیادہ اہم یا ہمہ گیر معانی کا حامل ؛ سطح سے بہت زیادہ زیریں ؛ نچلا ؛ گہرا ۔ (اسم) گہرا سمندر ؛ بحر ؛ تحت الثریٰ ؛ پاتال ۔

profundity, n. گہرائی ؛ عُمق ؛ گمبھیرتا ؛ فضیلت ؛ تبحرِ علمی ؛ عمیق عالِم ہونے کی کیفیت یا حالت ؛ مقام کی گہرائی ؛ کوئی چیز گہری یا کٹھن ۔

profuse, a. وافر ؛ بہ افراط ؛ شاہ خرچ ؛ حد سے متجاوز ؛ مسرف ؛ بکثرت ڈالا گیا ؛ فراوان ؛ باافراط ؛ وافر ؛بھرپور ؛ بہت بہت ۔

profusely, adv. بکثرت ؛ بہ افراط ؛ مسرفانہ طور پر ۔

profuseness, n. افراط ؛ فراوانی ۔

profusion, n. بہت زیادہ بہتات ؛ عظیم مقدار (عموماً آخر میں of آتا ہے) ؛ اسراف ؛ عیاشانہ اخراجات ؛ شاہ خرچی ۔

progenitor, n. نسب نامے کے لحاظ سے براہِ راست مورث اعلیٰ ؛ جَدّامجد ؛ اصل ۔

progeny, n. اولاد بحیثیت مجموعی ؛ بچّے ؛ اخلاف ؛ آل اولاد ؛ نسل ۔

progestational, a. (طِب) بعض مخصوص تبدیلیوں سے متعلق ؛ بالخصوص دودھ پلانے والے جانوروں کے رحم میں ، جس کی ضرورت تولیدی بیضے کی بارآوری اور نمو کو بڑھانے کے لیے ہوتی ہے ؛ اثر پذیر برائے حمل ۔

progesterone n. (حیاتی کیمیا) پروجسٹرون ؛ مادے کا ایک جنسی مُہیّجہ/ہارمون ،رحموں میں پیدا شدہ ، جو رحم کو بارآور تخم کے استقبال اور نشوونما کے لیے تیار کرتا ہے ۔ (ادویہ سازی) اس ہارمون کی ایک شکل جو حاملہ گائیوں سے حاصل کی جاتی ہے یا مصنوعی بنائی جاتی ہے۔ نیز : progestin ۔

prognathous, prognathic, a. پیش نکانہ ؛ آگے کی طرف نکلے ہوئے جبڑوں کی خصوصیت کا حامل ، opisthognathous کی ضد ۔

prognathism, n. پیش نکیّت ۔

prognosis, n. (طِب) حالت مرض کی پیشگوئی ؛ کسی مرض کے امکانی راہ اختیار کرنے اور شفا ممکن ہونے کی پیشگوئی یا پیش بینی ؛ کوئی بھی پیش گوئی ۔

prognostic, a. پیش گوئی کرنے والا ؛ نشانات یا علامات کی بنا پر مستقبل کی کسی چیز کی طرف اشارہ کرنے والا ؛ کسی مرض کی پیش بینی کے متعلق ۔ (اسم) کوئی علامت جس سے مستقبل کا کوئی واقعہ معلوم کیا جا سکے یا پہلے سے بتایا جاسکے ؛ شگون ؛ فال ۔ (طِب) کوئی علامت یا علامتیں جو کسی مرض کی پیشگوئی کے لیے بنیاد کے طورپر استعمال کی جا سکیں ۔

prognosticate, v.t. علامت ظاہر کرنا ؛ خبر دینا ؛ موجودہ نشانات کے ذریعے پہلے سے بتا دینا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ آثار ظاہر کرنا ۔

prognosticative, a. پہلے سے خبر دینے والا ؛ پیشگوئی کرنے والا ۔

prognosticator, n. پیشگوئی کرنے والا شخص ۔

prognostication, n. پیش خبری ؛ شگون ؛ کسی چیز کے متعلق پیش گوئی کرنے کا عمل ؛ پیش بیانی ۔

program,(Brit.)programme, n. پروگرام ؛ پیش نامہ ؛ منصوبہ ؛ لائحۂ عمل ؛ جدول یا منصوبہ جس کی پیروی کی جائے ؛ موسیقی ، تھیٹر یا کسی اور تفریحی تقریب میں ، مختلف مدّات ، عنوانات یا عملی حصہ لینے والوں کی ایک فہرست ؛ ایک تفریحی تقریب ، اُس کے عنوانات یا شماریات کے حوالے سے ؛ ریڈیو یا ٹیلی وژن پر کوئی تمثیل ؛ کارکردگی ؛ کسی ادارے کے مختلف کاموں کے متعلق ایک کتابچہ یا نصاب ۔ (فعل متعدی) کسی پروگرام کو ترتیب دینا یا اس میں کام کرنا ؛ کسی کے لیے پروگرام بنانا یا تشکیل دینا ۔ (فعل لازم) کوئی لائحہ عمل تیار ہونا ۔

program,(Brit.) programme, n. پروگرام ؛ پیش نامہ ؛ وقت نامہ ؛ میقات ؛ نظام العمل ؛ اُن اقدامات کا ایک منطقی طور پر مربوط نظام جنھیں کسی کمپیوٹر کو کسی مسئلے کے حل کے لیے یا ضروری معلومات تیار کرنے کے لیے انجام دینا ہوتا ہے ؛ اس قِسم کے سلسلۂ اعمال کے لیے وہ ہدایات اور ضروری معلومات جنھیں کمپیوٹر کے ضابطے میں تبدیل کر لیا گیا ہو۔ (فعل متعدی) کسی لائحۂ عمل میں داخل ہونا یا اسے مرتب کرنا ؛ کسی کے لیے پروگرام بنانا ؛ دینا ، جیسے کمپیوٹر کو ۔

programmatic, a. پروگرامی ؛ کسی پروگرام سے متعلق یا اُس کی نوعیت کا ؛ پروگرامی موسیقی جیسا ۔

programmatically, adv. پروگرام کے مطابق ؛ پروگرامی ترتیب سے ۔

programmed instruction, n. منضبط ہدایت ؛ ایک ہدایت جس کے تحت طالب علم کو مختلف مدوں یا سوالات کے تیار شدہ مجموعے میں سے ہر مد یا سوال کا جواب اگلی مد پر جانے سے قبل صحیح طور پر دینا پڑتا ہے ۔

program music, n. پروگرامی موسیقی ؛ وہ موسیقی جس کا مقصد مورتیوں ، منظروں اور واقعات کے ایک قطعی سلسلے کا تاثر پیدا کرنا ہو ۔

progress, n. ارتقا ؛ نشوونما ؛ بڑھوتری ؛ نمو ؛ ترقی ؛ پیش قدمی ؛ جانا یا سفر کرنا ،ناک کی سیدھ میں سامنے کی طرف یا آگے بڑھتے ہوئے ؛ روانگی یا سفر ؛ ملک بھر کا سفر جیسے کسی فرماں روا کا ؛ خلا میں آگے کی طرف حرکت ؛ عملی کارروائی ، واقعات یا وقت کا اگلا سلسلہ ؛ رفتار ترقی ؛ پیش رفت ؛ اٹھان ؛ رفتار ۔ (مجازاً) اگلے یا اُونچے مرحلے کی جانب یا اس قسم کے مرحلوں میں سے کامیابی

کے ساتھ پیش قدمی (جیسے :the progress of a scholar in his studies.) ؛ پیش رفت یا فروغ عامہ ؛ مسلسل بہتری ۔ (فعل لازم) سیدھے چلنا یا آگے چلنا ؛ بڑھنا ؛ ترقی پذیر ہونا ؛ آگے ہونا ؛ بہتر ہونا؛ پیش رفت کرنا ۔

progression, n. ارتقا ؛ تسلسل ؛ بڑھاؤ ؛ پیش روی ؛ ترقی ، سبقت ؛ آگے بڑھنے کا عمل ؛ سیدھے سامنے کی طرف یا آگے بڑھنے کی حرکت ؛ کسی سلسلے کے ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف متواتر گزر ؛ علی التواتر ، یکے بعد دیگرے ؛ پیش رفت ؛ نشوونما ؛ ترقی ۔ (ریاضی) نمو ؛ مقداروں کا ایک تواتر جس کے ایک رکن اور اس کے بعد آنے والے رکن کے درمیان ایک مستقل تعلق ہو ، جیسے حسابی نمو (an arithmetical progression) ، جس میں ارکان ایک مستقل فرق کے ساتھ گھٹتے یا بڑھتے ہیں یا ہندسی نمو (geometrical progression) جس میں ہر رکن اپنے سابق رکن سے ایک مستقل جزو ضربی سے ضرب کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے ۔ (موسیقی) کسی ایک سُر یا تار سے کسی دوسرے سُر یا تار کی طرف حرکت ؛ ایک تسلسُل ۔

progressional, a. ترقی سے متعلق ؛ سلسلہ وار ۔

progressionist, n. ترقی پسند ؛ ترقی خواہ ؛ حامئ ترقی ؛ وہ شخص جو ترقی پر یقین رکھتا ہے یا اُس کی وکالت کرتا ہے ، جیسے معاشرے کی ترقی کی ؛ وہ شخص جو یہ دعوے کرتا ہے کہ ہر نامیاتی/عضویاتی وجود کی یہ خصوصیت ہوتی ہے کہ وہ سادہ تر شکلوں سے زیادہ پیچیدہ شکلوں کی طرف ترقی کرتا ہے ۔

progressist, n. ترقی پسند ؛ ترقی کا حامی ، جیسے سیاست میں ۔

progressive, a. آگے بڑھنے والا ؛ ترقی پذیر ؛ ترقی یافتہ ؛ متزائد ؛ تدریجی ؛ ترقی کرنے ، وقت سے آگے جانے ، آگے کی طرف بڑھنے کی خصوصیات کا حامل ؛ کسی سلسلے کے ایک رکن سے گزر کر اگلے رکن کی طرف علی التواتر جانے والا ؛ قدم بقدم آگے بڑھتا ہوا ؛ سلسلے وار ۔ (گرامر) وقت کے حوالے سے عمل جاریہ کو ظاہر کرتی ہوئی فعلی شکل (جیسے : She is brushing her hair) ؛ تاش کے بعض کھیلوں میں سے کسی کھیل جیسے برج کی طرف اشارہ کرنے والا جس میں کھلاڑیوں کی کئی ٹولیاں باری باری متعدد میزوں پر بیک وقت ایسے قواعد کے تحت کھیلتی ہیں جن کی رو سے ہر کھیل یا دور کے بعد کسی ایک میز کے بعض کھلاڑی اگلی میز پر چلے جاتے ہیں ؛ تشخیصِ محصول کی ایک ایسی شکل کی طرف اشارہ کرنے والا یا اس سے متعلق جس میں رقم برائے تشخیص محصول میں کسی اضافے کے ساتھ ساتھ محصول کی رقم بھی بڑھ جاتی ہے ؛ زیادہ اونچے یا بہتر حالات ، زیادہ دانش مندانہ یا آزادانہ خیالات یا جدید اور مفید طریقوں کے استعمال کی طرف ترقی کرتا ہوا (جیسے : a progressive nation or community) ؛ اس قسم کی ترقی یا مسلسل بہتری کی خصوصیات رکھنے والا ؛ کسی ایسے مرض کا جو وسعت اور شدت میں مسلسل بڑھ رہا ہو ؛ ترقی ، بہتری یا اصلاح کی موافقت کرنے والا یا حامی خصوصاً سیاسی معاملات میں ۔ (بڑے P سے) (امریکی سیاسیات) ۱۹۱۲ء میں تھیوڈور رُوزویلٹ کے زیر قیادت تشکیل دی گئی جماعت سے متعلق یا اس کے بارے میں جو حکومت اور اقتدار کی تمام ابتدائی اور پہل کار قوتوں پر عوام کے ضبط و نظم کی حامی تھی یا ان جماعتوں سے متعلق جو ۱۹۲۴ء اور ۱۹۳۸ء میں تشکیل دی گئی تھیں ۔ (اسم) ترقی پسند یا ترقی اور اصلاح کی حمایت کرنے والا شخص ، بالخصوص سیاسی معاملات میں ؛ ترقی پسند جماعت کا رکن ۔

progressively, adv. از راہ ترقی پسندی ؛ تدریجی طور پر ؛ رفتہ رفتہ ۔

progressiveness, n. ترقی پسندی ؛ اصلاح پذیری ۔

Progressive Conservative, a. کینیڈا کی ترقی پسند قدامت پرست جماعت سے متعلق ، جو پہلے کنزرویٹو پارٹی (Conservative party) کہلاتی تھی ۔ (اسم) اس جماعت کا رُکن ۔

progressive jazz, n. ترقی یافتہ جاز ؛ جاز کا جدید انداز (باجے کی موسیقی اور رقص کا نیا طرز) جس کی خصوصیت جاز اور غیر جاز دونوں عناصر کا ایک بے آہنگ ملغوبہ،بڑے بینڈ کی شکل میں ہوتا ہے ؛ جاز کا طرز خاص جس کی ۱۹۴۰ء میں نشوونما ہوئی تھی اور اس کی خصوصیات میں کلاسیکی ، بنیادی خیالات کے اثرات ، ہم آہنگ سریلی تجربہ کاری اور پیچیدگی اور تحریری ترتیبوں کا اکثر استعمال شامل تھا ۔

progressivism, n. ترقی پسندیت ؛ ترقی پسندوں کے اصول اور مشقیں ۔

progressivist, n., a. ترقی پسند شخص ؛ ترقی کے اصولوں کا حامی ۔

prohibit, v.t. باز رکھنا ؛ ممانعت کرنا ؛ روک ٹوک کرنا ؛ منع کر دینا ، جیسے کسی کام سے' اختیار حاکمانہ کے ذریعے یا حکم امتناعی جاری کر کے ؛ روکنا ، جیسے کسی شخص کو ، کوئی چیز کرنے سے ؛ باز رکھنا ؛ محروم کرنا یا مسدود کرنا ۔

prohibition, n. امتناع ، ممانعت ؛ مناہی ؛ روک ؛ مزاحمت ؛ رکاوٹ ؛ منع کرنے کا عمل ؛ منع کرنے یا محروم کرنے کا حکم یا عدالتی فیصلہ ؛ منشیات کے بنانے یا بیچنے پر قانون کا حکم امتناعی ۔

prohibitionist, n. امتناع پسند ؛ حامئ امتناعیت ؛ وہ شخص جو منشیات کی صنعت اور فروخت کے امتناع کا حامی ہو ۔

prohibitive, prohibitory, a. مانع ؛ امتناعی ؛ مزاحمتی ؛ وہ جو کسی چیز سے روکے یا منع کرے ؛ کسی چیز کے استعمال یا اس کی خرید کو روکنے والا (جیسے : prohibitive costs) ۔

prohibitively, adv. امتناع کے طور پر ۔

project, v.t. تجویز کرنا ، سوچنا یا منصوبہ بندی کرنا جیسے کسی ایسی چیز کے متعلق جسے بروئے کار لانا ہو ؛ پھینکنا ؛ ڈالنا یا زبردستی دھکیلنا قبل از وقت یا آگے کی طرف ؛ پھینکنا یا کسی سطح پر یا مکان کے اندر پھنکوانا ، جیسے کوئی پیکر یا روشنی ؛ ذہن میں کسی خیال یا جذبے کی شکل قائم کرنا اور یہ سمجھ لینا جیسے وہ ایک معروضی حقیقت ہے ؛ باہر کی طرف ابھروانا یا آگے نکلوانا یا بڑھوانا ؛ غور و خوض کے لیے پیش کرنا یا شروع کرنا ، جیسے کوئی اسکیم ۔ (جیومیٹری) آگے کی طرف پھینکنا جیسے کسی شکل کو ، خطوط مستقیم یا کرنوں کے ذریعے جو یا تو متوازی ہوں یا ایک مرکز سے شروع ہو کر اس شکل کے تمام نقطوں میں سے گزریں اور اس شکل کو ایک سطح پر نقل کر دیں ۔ (تھیٹر) استعمال کرنا ، جیسے کسی شخص کی آواز یا حرکات کو ، اس طرح کہ سامعین کے پورے مجمع تک صاف اور واضح ابلاغ ہو سکے ۔ (فعل لازم) بڑھنا یا کسی دوسری چیز سے آگے نکل جانا ؛ باہر کو نکلنا ؛ اپنی آواز یا حرکات کے مناسب استعمال سے سامعین کے پورے مجمع کو اپنی بات صاف طور پر سمجھانا ۔

projectable, a. نمایاں کرنے کے قابل ؛ لائقِ تجویز ؛ قابلِ منصوبہ کاری ۔

project, n. تجویز ؛ خاکہ ؛ منصوبہ ؛ اسکیم ؛ کوئی چیز جسے بروئے کار لانے کا ارادہ کیا گیا ہو یا جس کی کوئی منصوبہ بندی کی گئی ہو ؛ سوچی ہوئی تدبیر ؛ کوئی بڑا منصوبہ یا کام (جیسے : a housing project) ؛ علمی تحقیقات کا ایک خاص موضوع ۔ (تعلیم) طلبہ کو دی گئی کوئی مشق یا کوئی کام ، بالخصوص وہ جس میں انفرادی پہل کاری کی تاکید کی گئی ہو۔

projectile, n. پروجیکٹائل ؛ غُلہ ؛ گلولہ ؛ گولا ؛ باہر کو نکلا ہوا یا باہر دھکیلا ہوا جسم ، جیسے ہوا کے ذریعے ؛ توپ ، بندوق یا کسی اور ہتھیار کے لیے گولا/گولی ۔ (صفت) آگے دھکیلنے یا چلانے والی جیسے قوت ؛ میزائل کی طرح باہر کو نکالے جانے یا دھکیلے جانے کی صلاحیت رکھنے والا ۔ (حیوانیات) آگے کو نکلنے یا بڑھنے والے جیسے مچھلی کے جبڑے ۔

projection, n. اُبھار ؛ چھجا ؛ سایہ ؛ منصوبہ ؛ نقشہ ؛ آگے کو بڑھانے کا عمل یا بڑھائے جانے کی حالت ؛ باہر کو نکلنے یا دھکیلے جانے کی حالت یا واقعہ ؛ باہر کو نکلنے والا یا دھکیلے جانے والا عُضو ۔ (نقشہ کشی) زمین کی چپٹی سطح کے ایک حصہ پر یا پوری سطح پر یا کرہ سماوی کی سطح پر ایک منظم تصویر ۔ (عکّاسی) کسی شبیہہ کو کسی سلائڈ یا سینما سے پردے پر پھینکنے کا عمل ؛ ظل اندازی ؛ تظلیل ؛ پیدا کی ہوئی شبیہہ ؛ مستقبل کے کسی امکان کا حساب کتاب ؛ منصوبہ بندی کرنے یا کوئی تدبیر یا سازش کرنے کا عمل ؛ تصور کرنے اور کسی خیال وغیرہ کو ایک تجریدی حقیقت سمجھنے کا عمل ؛ وہ جس کا اس طرح تصور کیا جائے یا جس کو اس طرح حقیقت سمجھا جائے ۔ (نفسیات) خود اپنے رویوں، جذبات وغیرہ کو نادانستہ طور پر دوسروں سے منسوب کرنا ، بالخصوص اپنے احساس عدم کفایت یا احساس جرم کے خلاف لاشعوری دفاع کے طور پر ؛ اخراج ذات ۔ ظل انداز ؛ وہ شخص جو کسی سینما کے پروجیکٹر/ آلۂ شعاع انداز پر کام کرتا ہے ۔

projective, a. تظلیلی ؛ ظل اندازی یا شعاع اندازی کا یا اس سے متعلق ، پیدا کیا ہوا یا اس کے ذریعے پیدا ہونے کی صلاحیت رکھنے والا ۔ (نفسیات) شخصیت کے مطالعے میں استعمال ہونے والے معیاری امتحانات سے متعلق ۔

projectively, adv. تظلیلی طور پر ۔

projectivity, n. اظلال ؛ تظلیل ۔

projective geometry, n. تظلیلی ہندسہ ؛ ان ہندسی خواص کا مطالعہ جو شعاع اندازی کے بعد غیر متغیر رہتے ہیں ۔

projector, n. پروجیکٹر ؛ ظل انداز ؛ شعاع انداز ؛ آلات کا ایک مجموعہ کسی شبیہ/تمثال کو پردہ پر منعکس کرنے کے لیے (جیسے : a slide projector) ؛ ایک ایجاد ، روشنی کی شعاع کو آگے پھینکنے کے لیے ، جیسے عدسہ ؛ وہ شخص جو خاکے یا منصوبے بناتا ہے ، منصوبہ باز ؛ منصوبہ کار ۔

projet, n. [فرانسیسی] منصوبہ ؛ خاکہ ؛ مجوزہ معاہدے کا مسودہ ۔

prolactin, n. (حیاتی کیمیا) غدہ نخامیہ کا ایک ہارمون/مُہیّجہ جو دودھ پلانے والے حیوانات میں دودھ کو اور پرندوں میں بعض غدہ افرازوں کو بڑھاتا ہے ۔

prolamin, prolamine, n. (حیاتی کیمیا) پرولامِین ؛ ان سادہ لحمیات کے گروہ میں سے کوئی ایک جو اناج ، جیسے گیہوں ، جئی وغیرہ کے نشاستے سے حاصل ہوتے ہیں اور خالص پانی ، بنیادی الکحل اور تعدیلی محلول میں حل نہیں ہوتے ۔

prolan, n. (حیاتی کیمیا) نخامی جنسی ہارمونوں سے ملتا جلتا اور حاملہ عورتوں کے پیشاب میں موجود ایک ہارمون جو ابتدائی حمل کی تشخیص کو ممکن بناتا ہے ۔

prolapse, v.i. رپٹنا ؛ پھسلنا ؛ گر جانا ؛ لٹکنا ؛ گرنا ، نیچے کی طرف یا جگہ سے بے جگہ پھسل جانا ۔ (اسم) (امراضیات) نیچے گر جانا کسی عضو یا جزو کا ، جیسے رحم کا اپنے اصلی مقام سے ؛ اسقاط ؛ فتق ۔

prolate, a. انگوری ، بیضوی ؛ قطبی قطر کی طرف سے بڑھا ہوا ، لمبا کیا ہوا ، جیسے ایک کرہ نما جو کسی قطع ناقص کے اپنے زیادہ لمبے محور پر گردش کرنے سے وجود میں آیا ہو (oblate /شلجمی کے مقابل) ۔

prolegomenon, n. [یونانی] مقدماتی مطالعہ ؛ ابتدائی جائزہ ۔ (اکثر جمع) کسی کتاب یا مقالے کے آغاز میں دی ہوئی کوئی تعارفی بحث یا بیانیہ ۔

prolegomenous, a. تمہیدیہ ؛ ابتدائیہ ؛ افتتاحیہ ۔

prolepsis, n. پیش قیاسی ؛ توقع ؛ پیش فرضی ؛ پہلے سے مفروضہ نوعیت کی کوئی چیز ۔ (علمِ بیان) ایک اظہار خیال جس کی رو سے کوئی چیز اس طرح پیش کی جائے کہ گویا وہ پہلے ہی انجام دی جا چکی ہے ، حالانکہ حقیقت میں اسے ایک ایسے عمل کے نتیجے میں بروئے کار آنا ہے جس کی تشریح کی گئی ہے ؛ کسی معروضی تکملہ کا استعمال جس سے زبانی نتیجے کی پیش بینی ہوتی ہو ؛ قبل تاریخی ۔

proleptic, a. پیش قیاسی یا پیش فرضی کا ۔

proletarian, a. پرولتاری ؛ عوامی ؛ مزدوروں سے متعلق ۔ (اسم) اجیروں کے طبقہ کا ایک رُکن ۔

proletariat, n. پرولتار ؛طبقہ عوام ؛ مزدور پیشہ طبقہ ؛ آبادی کا وہ طبقہ جو اپنے گزارے کے لیے روزانہ یا عارضی روزگار پر انحصار کرتا ہے ؛ محنت کش طبقہ یا عام طور پر اجرت کمانے والے ؛ مزدور لوگ ۔

prolife movement, n. تحریک برائے زندگی ؛ اسقاط کے خلاف سیاسی تحریک ۔

proliferate, v.t., v.i. اُگانا/اگنا یا پیدا کرنا/پیدا ہونا ، اجزا کی تضریب سے جیسا کہ نئی کلیوں یا کونپلوں کے پھوٹنے اور خلیوں سے دوسرے نئے خلیوں کے نکلنے میں ہوتا ہے ۔

proliferous, a. پود خیز ؛ بچّہ خیز ؛ بکثرت اُگانے یا پیدا کرنے والا ۔ (نباتیات) کلیوں یا کونپلوں کے پھوٹنے سے پیدا ہونے والے نئے پودے ؛ کسی جسم نامیہ سے پیدا ہونے والے دوسرے جسم نامیہ یا شاخ ، جو حسبِ معمول بذات خود ایک مکمل حصہ ہوتے ہیں جیسے ایک پھول کے بیچ میں کوئی شاخ یا نیا پھول ۔

prolific, a. زرخیز ؛ کثیرزا ؛ ثمر آور ؛ وافر ؛ فراواں ؛ بافراط ؛ بکثرت پیدا کرنے والا (اولاد یا بچّے کا) ؛ بافراط پھل پیدا کرنے یا دینے والا ؛ بارآور ؛ بہت زیادہ پیدا کرنے والا ؛ کثیر التصانیف ؛

کثرت نگار (جیسے : prolific writer) ؛ خاص چیز بکثرت پیدا کرنے والا یا خاص چیز میں بار آور (جیسے : an age prolific of great men) ؛ بکثرت پیداوار کی خصوصیت رکھنے والا (جیسے : a prolific season for fruit) ۔

prolificacy, prolificness, n. بچہ خیزی ؛ ثمر آوری ؛ افراط ؛ زرخیزی ؛ سیرحاصلی ۔

prolifically, adv. کثرت سے ؛ زرخیزی سے ۔

proline, n. (حیاتی کیمیا) پرولین ؛ ایک امینو تیزاب جو لحمیات میں پایا جاتا ہے ۔

prolix, a. طویل ؛ طولانی ؛ لمبا اور لفاظی سے پُر ؛ بڑی لمبائی والا ؛ باتونی ؛ پُرگو ؛ طول طویل گفتگو کرنے کا شوقین ؛ اکتا دینے والا ۔

prolixity, n. طول کلام ؛ طوالت ؛ پُرگوئی ۔

prolixly, adv. طویل طور پر ؛ طوالت سے ۔

prolocutor, n. کسی کی نمائندگی میں بولنے والا ؛ کسی جلسہ تقسیم اسناد کا صدر یا مقرر ۔ (کلیسائے انگلستان) اجلاس کے ایوان زیریں کا میرِ مجلس ۔

prologue, n. تمہید ؛ دیباچہ ؛ افتتاحیہ ؛ ایک ابتدائی تبصرہ ؛ کسی مقالے ، نظم ، ناول کا پیش لفظ یا تعارفی حصہ ؛ کھیل کے آغاز میں کسی کردار کی طرف سے سامعین کے سامنے پیش کی جانے والی تقریر جو عموماً منظوم ہوتی ہے ؛ تقریر کرنے والا اداکار ؛ کسی ڈرامائی کھیل کا تعارفی باب ؛ کوئی بھی تعارفی کارروائی یا واقعہ ۔ (فعل متعدی) افتتاحیہ سے آغاز کرنا یا افتتاحیہ جیسی کسی شے سے ۔

prologuize, prologize, v.t. افتتاحیہ مرتب کرنا یا پیش کرنا ؛ افتتاحی تقریر کرنا ۔

prologuizer, n. افتتاحی تقریر کرنے والا ؛ ابتدائیہ لکھنے والا ۔

prolong, prolongate, v.t. طول دینا ؛ بڑھانا ؛ دراز کرنا ؛ وقت میں توسیع کرنا ؛ دورانیہ بڑھانا ؛ لمبا کرنا ؛ مکاناً بڑھانا ۔

prolongation, n. امتداد ؛ طوالت ؛ توسیع ۔

prolonger, n. طول دینے والا شخص ۔

prolotherapy, n. (طِب) کسی ناقص یا ناقابل ساخت کو تقویت پہنچانا ، جیسے کسی نس یا رباط کو ، نئے خلیوں کی نمو بڑھا کر ۔

prolusion, n. تمہید ؛ افتتاحیہ ؛ ابتدائی مضمون ، بالخصوص وہ جو زیادہ عمیق مقالے کا تعارف کراتا ہو ۔

prolusory, a. تمہیدی ؛ ابتدائی ۔

prom, n. کالج یا ہائی اسکول کا ایک رسمی رقص ۔

promenade, n. سیر ؛ مٹر گشت ؛ چہل قدمی ، بالخصوص کسی عوامی جگہ پر ، جیسے تفریح یا نمایش کے لیے ؛ چلنے یا چہل قدمی کی جگہ ؛ سیر گاہ ؛ کسی رسمی رقص کے افتتاح سے قبل تمام مہمانوں کی ایک جلوس کی صورت میں روانگی ؛ مکتبی یا عام رقص ؛ کسی مربع رقص میں حصہ لینے والوں میں سے کوئی فرد ۔ (فعل لازم) سیر یا گلگشت کرنا ؛ ٹہلنا ؛ پھرنا ؛ جلوس نکالنا ؛ نمایش کرنا ؛ ٹہلنا یا ادھر ادھر محو خرام ہونا ؛ دوسروں کو چہل قدمی پر یا چہل قدمی کے طریقے پر لے جایا جانا ؛ فوج کی طرح صف آرا ہو کر چلنا ۔

promenader, n. چہل قدمی کرنے والا ؛ محوِ خرام ؛ ٹہلنے والا شخص ۔

promenade deck, n. مسافر جہاز کا بالائی عرشہ جہاں مسافر چہل قدمی کرتے ہیں ۔

promethium, n. پرومیتھیم ؛ نادر ارضی سلسلے کے ایک دھاتی عنصر یورینیم کی انشقاقی پیداوار ۔

prominence, prominency, n. امتیاز ؛ نمایاں ہونے کی حالت ؛ وہ جو باہر کو نکلتا ہے ؛ باہر کی طرف کا ابھار ؛ ظاہر ؛ شہرت ، ناموری ۔ (فلکیات) سورج کے کرہ سے خارج ہونے والی گیس کی بادلوں جیسی تشکیل جو سورج گرہن کے وقت نظر آتی ہے ۔

prominent, a. مشہور و معروف ؛ ممتاز ؛ نامور ؛ واضح ؛ آگے نکلا ہوا ؛ نمایاں ؛ کسی متصل سطح یا خط سے باہر کو نکلتا ہوا ؛ باہر کو ابھرا ہوا ؛ اتنا باہر کہ بآسانی نظر آئے ؛ ظاہر ؛ توجہ کش ؛ مشہور ؛ اہم یا سربرآوردہ (جیسے : a prominent citizen) ۔

prominently, adv. نمایاں طور پر ۔

promiscuity, n. گڈ مڈ ہونے کی حالت ؛ اختلاط باہمی ؛ آزاد اختلاط کا آمیزہ ؛ بلا امتیاز خط ملط یا اس کا ایک نمونہ ؛ آزاد جنسی میل ملاپ ۔

promiscuous, a. مخلوط ؛ ملا جلا ؛ بلا امتیاز ؛ گڈ مڈ ؛ بے ترتیب انبوہ یا ہجوم کا حصہ بنا ہوا ؛ بے روک ٹوک ، بالخصوص جنسی تعلقات میں ؛ بلا سوچے سمجھے ؛ اندھا دھند ۔

promiscuously, adv. مخلوط طور پر ؛ بے ترتیبی سے ؛ ابتری سے ۔

promiscuousness, n. خلط ملط ؛ ابتری ؛ بے ترتیبی ؛ آزاد جنسی تعلقات ۔

promise, n. وعدہ ؛ اقرار ؛ عہد ؛ قول و قرار ؛ بچن ؛ کسی شخص کو یقین دہانی کی خاطر کیا گیا یہ وعدہ کہ وہ مستقبل میں اس کا بتایا ہوا کام کرے گا یا نہیں کرے گا یا یہ کہ وہ چیز واقع ہو گی یا نہیں ؛ اقرار صالح ؛ کوئی ایسی چیز جو ضمانت کا اثر رکھتی ہو ؛ ایک اشارہ اس طرف کہ کیا توقع کی جا سکتی ہے (جیسے : The clouds give promise of rain) ؛ کوئی علامت تکمیل کی یا مستقبل کی بہتری کا اشارہ (جیسے : a writer or a book that shows promise) ۔ امید کے لیے ایک اساس ؛ مستقبل کی کامیابی یا امتیاز کی واضح صلاحیت (جیسے : a youngman of talent and promise) ۔ (فعل متعدی) وعدہ کرنا (جیسے : to promise help) ؛ وعدے کے ذریعے پابند ہونا یا ذمہ داری قبول کرنا (عموماً آخر میں کوئی مصدر یا جملہ لگاتے ہیں) ؛ شادی میں دینے کی پابندی قبول کرنا ؛ منگنی کرنا (جیسے : She promised herself to him) ؛ توقع کے لیے بنیادیں فراہم کرنا (جیسے : The clouds promise rain) ۔ (بول چال) بہت زور دے کر یقین دلانا (جیسے : It won't happen again, I promise you) ۔ (فعل لازم) وعدے کا ہونا ؛ توقع کے لیے بنیاد کا مہیا ہونا (عموماً آخر میں well یا fair آتا ہے) ۔

promisable, a. وعدے کے قابل ؛ ہونہار ۔

promiser, n. عہد کرنے والا ؛ اقرار کرنے والا ۔

promiseful, a. وعدے کا سچا ۔

Promised Land, n. ارض موعودہ ؛ جنت ؛ کنعان ، جس کا وعدہ خدا نے حضرت ابراہیم اور ان کی اولاد سے کیا (کتاب پیدایش:۱۲:۷)۔

ادا کرنے کی مقررہ میعاد جو یاددہانی کے رقعے میں بیان کر دی جاتی ہے ؛ اقرار نامہ یا معاہدہ جس میں یہ میعاد مقرر کی جائے ۔ نیز : prompt note ؛ معجّل ؛ فوری عمل کی ترغیب کا ایک نمونہ ، جیسے کوئی یاد دہانی ؛ کوئی چیز جو یاد دہانی کا کام دیتی ہو ۔

promptly, adv. فوراً ؛ چستی سے ؛ بلاتوقف ۔

promptness, n. چستی ؛ مستعدی ؛ عجلت ۔

promptbook, n. (تھیٹر) مالک یا ہدایت کار کے استعمال کے لیے حواشی کے ساتھ ڈرامے کا نسخہ ۔

prompter, n. اُکسانے والا ؛ ترغیب دینے والا ؛ کوئی شخص یا چیز جو بروقت مستعدی سے عمل کرے ۔ (تھیٹر) سامع ؛ منظر عام کے پیچھے بیٹھا ہوا ایک شخص جو کھیل کے دوران اس کے مستند نسخے کو دیکھتا جاتا ہے اور کرداروں کو ان کی اداکاری کے دوران لقمے دیتا رہتا ہے ؛ لُقمیا ۔

promptitude, n. مستعدی یا پُھرتی ؛ اداکاروں کو لقمہ دہی ۔

promulgate, v.t. کُھلے اعلان کے ذریعے لوگوں کے عِلم میں لانا ، جیسے قوانین ، فرامین یا کوئی خوش خبری ؛ اعلان کرنا ؛ مشتہر کرنا یا منادی کرنا ۔

promulgation, n. اعلان ؛ اشاعت ؛ تشہیر ۔

promulgator, n. اعلانچی ؛ مشتہر ؛ ناشِر ؛ منَاد ۔

pronation, n. بازو کی وہ حرکت جس سے ہاتھ کی ہتھیلی کا رُخ نیچے کی طرف ہو جاتا ہے ؛ ہاتھ کی وہ حالت جس میں انگوٹھا جسم کی طرف اور ہتھیلی نیچے کی طرف ہو ۔

pronator, n. عضلۂ میلانی ؛ اگلے بازو کا عضلہ جو ہتھیلی کو نیچے کی طرف موڑتا ہے ۔

prone, a. مُنھ کے بل دراز ؛ نیچے کی طرف ڈھلواں ؛ مزاجی کیفیت یا فطری رجحان کے باعث مائل ۔

pronly, adv. مُنھ کے بل ؛ سرنگوں ؛ اوندھے مُنھ ۔

proneness, n. شوق ؛ رغبت ۔

prong, n. دوشاخہ ؛ کانٹا ؛ ایک تیز نوکدار آلہ ؛ کھانے کے کانٹے یا ایسے ہی کسی اور آلے کا ایک شاخہ ؛ ایک نوکدار آگے کو نکلی ہوئی چیز ، جیسے ہرن کے کئی شاخوں والے سینگ کی نوکیں ۔ (فعل متعدی) گھونپنا ، جیسے کسی کھانے کے کانٹے سے یا کسی اور نوک دار شاخوں والے آلے سے ؛ بھونکنا ؛ کچوکے مارنا ۔

pronghorn, n. شاخدار سینگوں والا ہرن ؛ جگالی کرنے والا آہو جس کے مقررہ وقت پر گر جانے والے کھوکھلے سینگ ہوتے ہیں ، شمالی امریکا کے مغربی علاقوں میں پایا جاتا ہے ۔

pronominal, a. ضمیری ؛ ضمیر کا یا ضمیر کی نوعیت کا ۔

pronominally, adv. ضمیر کے طور پر ؛ ضمیری حیثیت سے ۔

pronoun, n. (گرامر) ضمیر ؛ ایک خاص قسم کے ایسے الفاظ میں سے کوئی ایک جو اکثر کسی اسم یا جملہ اسمیہ کے بجائے ، جو مذکور ہو ، پوچھے گئے ہوں یا سیاق و سباق سے معلوم ہوں ، استعمال ہوتے ہیں ، تا کہ اسم کی تکرار بار بار نہ کرنی پڑے جیسے وہ ، ہم وغیرہ ۔

pronounce, v.t. اعلان کرنا ؛ فیصلہ دینا ؛ حتماً کہنا ؛ جملوں یا الفاظ کے ہجے کرنا ؛ زبان سے نکالنا ، جیسے حروف یا الفاظ ؛ کسی خاص انداز میں کہنا ، رسمی طور پر ، سرکاری طور پر یا حلفیہ

جہاں امیدیں پوری ہو جائیں گی اور مصائب ختم ہو جائیں گے ۔

promisee, n. (قانون) معاہدلہٗ ؛ مقرلہٗ ؛ جس شخص سے کوئی اقرار یا معاہدہ کیا جائے ۔

promising, a. ہونہار ؛ امید افزا ؛ موعود ؛ جس سے مستقبل کی کامیابی کی شاندار توقع ہو ؛ ایسے اوصاف کا مالک ہونا جن کا اشارہ یہ ہو کہ اس شخص کے اچھا ثابت ہونے کا امکان ہے ۔

promisor, n. (قانون) مقر ؛ معاہد ؛ وعدہ یا اقرار کرنے والا شخص ۔

promissory, a. اقراری ؛ شرطی ؛ وعدے پر مشتمل ؛ ایک ایسے لازم اِقرار سے متعلق جس میں یہ وعدہ کیا گیا ہو کہ کوئی کام مستقبل میں کیا جاتا ہے ، جیسے کسی بیمہ پالیسی پر معاہدے کے بعد ایک اقرار نامہ ۔

promissory note, n. پرامِسری نوٹ ؛ درشنی ہُنڈی ؛ تحریری معاہدہ جو اس وعدے پر مشتمل ہو کہ کسی شخص کو ایک رقم کسی مخصوص تاریخ تک یا عندالطلب ادا کر دی جائے گی ۔

promontory, n. راسِ زمین ؛ زمین یا چٹان کی آگے کو سمندر میں بڑھی ہوئی نُوک ؛کو ہی راس ۔ (تشریح الاعضا) ایک جسمانی ابھار ؛ گلٹی ؛ پھوڑا ۔

promote, v.t. ترقی دینا ؛ اونچا کرنا ؛ درجہ بڑھانا ؛ کسی چیز کو اگنے ، بڑھنے یا نشوونما پانے میں مدد دینا ؛ آگے بڑھانا ؛ زیادہ بڑے رتبے پر ترقی کرنا ؛ اسکول میں کسی زیادہ بلند درجے پر ترقی دینا ؛ منظم کرنے میں مدد دینا ، جیسے کاروبار کو ۔فروخت کو اشتہار بازی کے ذریعے بڑھانے کی کوشش کرنا ۔ (عوامی) چالاکی سے حاصل کرنا ۔

promotable, a. ترقی دینے کے قابل ۔

promoter, n. مُمِدّومددگار ؛ بڑھانے والا ؛ مؤید ؛ حامی ؛ ترقی دینے والا ؛ ترقی دہندہ ؛ ہمت افزائی کرنے والا ؛ مالیاتی ادارے کو آگے بڑھانے میں مدد دینے والا شخص ؛ کاروباری قسمت آزمائی کو کامیاب بنانے میں مشغول شخص ۔ (کیمیا) ایک مادّہ جس کو اگر چھوٹی مقداروں میں استعمال کیا جائے تو عمل انگیزی کو بڑھا سکتا ہے ۔

promotion, n. ترقی ؛ سرفرازی ؛ سربلندی ؛ تقویت ؛ رتبے میں بلندی ، بالخصوص پادریوں کی ؛ ترقی دینے کا عمل ؛ مرتبے میں بڑھائے جانے کی حالت ؛ اشتہار بازی کے ذریعے فروخت کی عملی ہِمّت افزائی ۔

promotive, a. بڑھانے والا ؛ تائید کرنے والا ؛ ترقی یا فروغ دینے کی طرف میلان رکھنے والا ۔

prompt, a. بروقت ؛ چُست ؛ آمادہ ؛ موقع کے مطابق عمل کرنے کے لیے تیار اور مستعد ؛ وقت کا پابند ؛ مستعدی کے ساتھ انجام دیا ہوا یا کیا ہوا (جیسے : a prompt answer) ؛ بلا تاخیر ۔ (فعل متعدی) عمل یا محنت کے لیے حرکت دینا یا اکسانا ؛ ذہن کو اشارہ دینا ؛ ولولہ پیدا کرنا ؛ مدد کرنا ، جیسے کسی مقرر کی جو بھول گیا ہو ، بھولے ہوئے یا ترتیب میں آئندہ آنے والے الفاظ بول کر (جیسے : to prompt an actor) ۔ (فعل لازم) (تھیٹر) اداکاروں کو لقمہ دینا ایسے مقام سے جو اسٹیج سے دور ہو ۔ (اسم) (تجارت) خریدے ہوئے مال کی رقم

طور پر (جیسے : The court pronounced sentence) ؛ اعلان کرنا یا اقرار کرنا (جیسے : to pronounce it a forgery) ـ (فعل لازم) اعتماد یا استناد کے ساتھ بولنا ؛ کسی رائے کا اظہار ہونا ؛ زبان سے ہجے ادا ہونا ، کوئی خاص تلفظ استعمال کرتے ہوئے ـ

pronounced, a. صریح ؛ واضح ؛ نمایاں ؛ متعیّن (جیسے : a man of pronounced views) ـ

pronouncedly, adv. واضح طور پر ؛ کھلے انداز میں ؛ صریحاً ـ

pronouncement, n. بیان ؛ اظہار؛ رائے ؛اعلان یا اقرار ؛ رسمی اعلان ؛ فیصلہ ـ

pronto, adv. (بول چال) فوراً ؛ بلا تاخیر ـ

pronucleus, n. پیش نواۃ ؛ پیش مرکزہ ؛ کسی بیضے میں تخم ریزی کے دوران دیکھے گئے دو مرکزوں میں سے ایک (زنانہ یا مردانہ) ـ

pronunciamento, n. [ہسپانوی] محضر ؛ سیاسی اعلامیہ ؛ منشور یا اشتہاری اعلان/منادی یا ڈھنڈورا ؛ ایک رسمی اعلان یا اشتہار ـ

pronunciation, n. تلفُظ ؛ طرز ادا ؛ تلفظ کرنے یا بولنے کا عمل ؛ ہجے کرکے الفاظ ادا کرنے کا طریقہ ؛ لب و لہجہ ـ

proof, n. ثبوت ؛ دلیل ؛ گواہی ؛ تصدیق ؛ حق یا صداقت کو جاننے کی کوئی کوشش ، طریقہ یا عملیہ ؛ ابتلا ؛ آزمایش ؛ وہ جو بطور شہادت کام آئے ؛ جو ثابت کرے یا پایہ ثبوت کو پہنچائے ؛ پرکھ جس کا اطلاق بعض مصنوعات یا دیگر اشیا پر کیا جائے ؛ کامیابی کے ساتھ آزمودہ اور ثابت شدہ ہونے کی حالت ؛ تیز شرابوں کی قوت کو جانچنے کا عمل ؛ شراب کی قوت کا درجہ (جیسے : 80 proof) ـ (قانون) وہ جو ذہن کو قائل کر دے اور یقین پیدا کرے ؛ شہادت ـ (طباعت) پروف : ٹائپ کی ابتدائی چھاپ جس کی غلطیاں نکالی اور تصحیح کے لیے نشان زد کی جا سکیں ؛ کسی کندہ کی ہوئی ، تیزابی نقش نگاری کی یا ایسے ہی کسی اور طریقے سے تیار کی ہوئی پلیٹ کی ابتدائی چھاپ ؛ ایک مکمل تیار شدہ چھاپ ـ (عکاسی) نیگیٹو سے اُتارا گیا تجرباتی پرنٹ (فوٹو) ؛ آزمایشی چھاپ ـ (ریاضی) کسی مساوات کی صحت کو پرکھنے کے لیے اس کے جواب سے رجعی عمل شروع کرنے کا طریقہ ؛ ایسے عملیوں کا ایک سلسلہ جو کسی نتیجے یا قضیے کے جواز کو ثابت کریں ـ

proof, a. مزاحم ؛ روکنے والا ؛ جسمانی یا اخلاقی طور پر مزاحمت کرنے کے قابل (اکثر against یا اس کے ساتھ کوئی دوسرا لفظ ملا کر استعمال ہوتا ہے ، جیسے : proof against heat or temptation, water proof, shock proof) ؛ مسلمہ طور پر عمدہ اور پایدار ؛ معیاری طاقت کا (جیسے : 90 proof liquor) ، جانچنے کے لیے مستعمل ہے ـ

proof, v.t. روک ، حفاظت ، بچاؤ کرنا ؛ غلطیوں یا خرابیوں کو جانچنا اور ان کی تصحیح کرنا ؛ پروف پڑھنا ؛ مزاحم یا روک بنانا (جیسے : to proof a fabric against moths, soil or water) ـ

proof read, v.t., v.i. پروف خوانی کرنا ؛ پڑھنا ، جیسے چھاپنے والوں کے پروفوں کو ، ان کی غلطیاں دریافت کرنے اور ان غلطیوں کی تصحیح کے لیے انھیں نشان زد کرنے کی غرض سے ؛ پہلی دفعہ چھپے ہوئے مواد میں اغلاط کا درست کیا جانا ـ

proofreader, n. پروف پڑھنے والا ؛ پروف خواں ـ

proofreader's marks, n. علامات پروف خوانی ؛ وہ علامتی نظام جس کے تحت پروف خواں یا ایڈیٹر کوئی پروف پڑھتے ہوئے اس میں واقع ہونے والی اغلاط پر نشان لگاتے ہیں تا کہ ٹائپ کار ان غلطیوں کی تصحیح کر لیں جو نشان زدہ ہوں ـ

proof spirit, n. مقرر مقدار میں الکحل والی شراب ؛ الکحلی شراب یا الکحل اور پانی کا آمیزہ جس میں الکحل کی ایک معیاری مقدار ہوتی ہے ؛ ۹۳۳۵۳ء کثافت اضافی والی شراب جس میں الکحل کی نصف مقدار اور ۶۰ ڈگری پر ۷۹۳۹ء کثافتِ اضافی ہوتی ہے ـ (برطانوی) ۹۱۹۸۴ء کثافت اضافی والی شراب ـ

prop, n. سہارا ؛ آڑ ؛ ٹیکن ؛ ٹیک ؛ سر پر رکھے ہوئے بوجھ کا آسرا ؛ اینڈوا ؛ اینو ـ (فعل متعدی) سہارا دینا ، کوئی چیز نیچے یا مخالف رکھ کر ؛ سنبھالا دینا ، نیچے یا مخالف کھڑے ہو کر ؛ مدد کرنا ، سنبھالے رکھنا یا آسرا دینا ـ

prop, n. (تھیٹر) جائیداد ـ

prop, n. (ہوا بازی ، عوامی) ہوائی جہاز کے پنکھے ـ

propaedeutics, n. مبادیات ؛ ابتدائی علوم و مضامین ، اصولیات یا قواعد مفروضہ یا کسی فن یا سائنس کی اوّلیات ؛ تمہیدی مضامین ؛ شروعات ـ

propaedeutic, propaedeutical, a. ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ اوّلیاتی ـ

propagable, a. قابل تشہیر ؛ لائق اشاعت ؛ پھیلائے جانے یا مشتہر کیے جانے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ قابلِ افزایش ـ

propaganda, n. پراپیگنڈا ؛ تشہیر ؛ نشرواشاعت ؛ الزامات ، حقائق ، آرا وغیرہ کی اس نیت کے ساتھ ، ایک خاص نظام کے تحت تشہیر یا اشاعت کہ کسی فرد ، گروہ ، ادارے یا تحریک کی مدد کی جائے یا اسے نقصان پہنچایا جائے ، آج کل یہ لفظ نیم صداقتوں ، غلط بیانیوں اور تعصبانہ معلومات فراہم کرنے کے لیے سیاسی پارٹیاں عموماً نفرت اور حقارت کے طور پر استعمال کرتی ہیں ـ (اکثر بڑے P سے) (رومی کیتھولک کلیسا) سترھویں صدی عیسوی میں پوپ گریگوری پانزدہم کی قائم کردہ پادریوں کی جماعت جو غیر ممالک میں مسیحی سفارت خانوں کے امور کی نگران ہوتی تھی ـ

propagandist, n., a. مُبلّغ ؛ داعی ؛ پرچارک ؛ پراپیگنڈے کے ذریعے اپنے آپ کو کسی نظم ، اصول یا طریق کار کی تشہیر کے لیے وقف کر دینے والا شخص ؛ نشرواشاعت کرنے والا ؛ تشہیری ایجنٹ ـ

propagandistic, a. ناشرانہ ؛ مبلغانہ ـ

propagandistically, adv. پراپیگنڈے کے طور پر ـ

propagandism, n. تبلیغ ؛ پرچار ؛ نشرواشاعت ـ

propagandize, v.t. پراپیگنڈے کے زیر اثر لانا ، جیسے کسی شخص یا گروہ کو ؛ پراپیگنڈا کرنا کسی مذہب یا اصول کا ـ (فعل لازم) پروپیگنڈے کی اشاعت میں مشغول ہونا ؛ پراپیگنڈہ ہونا ـ

propagate, v.t. پھیلانا ؛ افزایش کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ پیدا کرنا ؛ جاری رکھنا یا بڑھانا ، غیر جنسی یا جنسی ازسرِنو پیدایش کو ؛ خود اپنے آپ کو از سر نو پیدا کروانا ، جس کا اطلاق جانوروں اور پودوں پر ہوتا ہے ؛ منتقل کرنا ، جیسے وراثت سے ، بعض اوصاف یا خصوصیات کو ؛ پھیلانا ، شخص بہ شخص یا مقام بہ مقام ؛ منتشر کرنا ؛ تخلیق کرنا یا پیدا کرنا ؛ وجود میں لانا ، جیسے ایک حاصل کو جو بڑھتا یا پھیلتا ہے ـ (فعل لازم) بچے یا اولاد کا ہونا ؛ تولید کے ذریعے یا نئی شاخوں یا پودوں کے ذریعے از سر نو پیدا ہونا یا بکثرت بڑھنا ، پھیلنا ـ

propagative, a. ناشرانہ ؛ مُبلِّغانہ ؛ افزایشانہ ۔

propagator, n. ناشر ؛ مُبلّغ ؛ پھیلانے والا ؛ افزایش کرنے والا ۔

propagation, n. توسیع ؛ تولید ؛ اشاعت ؛ نشر ؛ ازدیاد ؛ اشاعتی عمل ، تولید یا ازسرنو پیدایش کے ذریعے ؛ نسل یا نوع کی تکثیر ؛ کسی چیز کا پھیلاؤ یا توسیع ؛ انتشار ۔

propagational, a. اشاعت پذیر ؛ وسعت والا ؛ افزایش پذیر ۔

propane, n. (کیمیا) پروپین ؛ میتھین سلسلے کی پیٹرولیم میں پائی جانے والی گیسی ہائڈروکاربن جو نامیاتی تالیف ، گھریلو ایندھن اور بہت سے صنعتی مقاصد کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

propel, v.t. ٹھیلنا ؛ دھکیلنا ؛ دھکا دینا ؛ آگے کرنا ؛ گاڑی چلا کر آگے دھکیلنا ؛ تحریک دینا ؛ تاکید کرنا یا مجبور کرنا آگے بڑھنے کے لیے ۔

propellant, n. کوئی چیز یا شخص جو آگے بڑھائے ؛ دھکیلنے والا ؛ ٹھیلنے والا ؛ گولی کو پروجیکٹائل سے باہر دھکیلنے والا انفجاری مادہ ؛ راکٹ انجن کا ایندھن ۔

propellent, n., a. دھکیلنے والا؛ داسر ؛ دھکیلو ۔

propeller, n. پروپیلر ؛ دھکیلو پنکھا ؛ آگے بڑھنے والا شخص یا شے ؛ گھومنے والے دُھرے پر مشتمل ایک آلہ جس میں اس طرح کے خم دیے ہوئے پھل لگے ہوتے ہیں کہ وہ ہوا یا پانی کو پیچھے دھکیل کر بحری یا ہوائی جہاز کو آگے بڑھاتے ہیں ۔

propensity, n. جُھکاؤ ؛ مناسبت ؛ میل ؛ رغبت ؛ فطری میلان ؛ رجحان یا مزاجی کیفیت ۔

proper, a. اصلی ؛ مناسب ؛ معقول ؛ خصوصی ؛ جائز ؛ لازماً کسی کا یا اطلاق پذیر (جیسے : the proper use of a word) ؛ سخت ؛ بالکل درست ؛ لازماً اسی نام سے یا فعلی مفہوم میں (جیسے : belonging to the fishes proper) ؛ حسب معمول یا باضابطہ ، حالات کے مطابق یا مناسب (جیسے :the proper tool for the job) ؛ ٹھیک ، مناسب حال ؛ ٹھیک بٹھایا ہوا یا صحیح ، طرز عمل یا اخلاق کے مسلمہ معیاروں کے مطابق ؛ شایستہ یا معقول (جیسے : a proper young lady) ؛ (شاذ) ایمان دار ؛ ذی عزت ؛ محترم یا اچھے کردار کا ۔ (خاص طور پر برطانوی) (بول چال) مکمل یا پورا ؛ عمدہ ؛ بڑا یا اچھا ؛ خوبصورت یا حسین ۔ (گرامر) نام ، اسم یا صفت کا ؛ کسی خاص شخص یا چیز کو متخصص کرنے والا اور اس طرح لکّھا جانے والا کہ اس کا پہلا حرف بڑا ہو (جیسے : John, Chicago, Monday, English)؛ معرفہ ۔ (نقابت) اپنے قدرتی رنگوں میں نمائندگی کرنے والی شے کا (جیسے : eagle proper an) ۔ (کلیسیات) کسی خاص دن یا تقریب پر استعمال کے لیے مقرر کیا ہوا ۔

properness, n. معقولیت ؛ صحت ؛ مناسبت ؛ درستی ؛ خوش وضعی ؛ عمدگی ۔

proper, n. (کلیسیات) کسی خاص دن یا وقت کے لیے معینہ عہدہ یا منصب ؛ عَشائے ربّانی یا کتابِ دعا کا ایک حصہ جو دن یا ضیافت کے ساتھ بدلتا ہے ۔

proper adjective, n. صفت معرفہ ؛ صفت جس کا پہلا حرف عموماً بڑا ہوتا ہے ، اس کی شکل کسی اسم معرفہ سے مشتق ہوتی ہے ۔

proper fraction, n. (ریاضی) کسر خالص ؛ وہ کسر جس کا نسب نما شمار کنندہ سے بڑا ہوتا ہے ۔

properly, adv. اچھی طرح ؛ بحسن و خوبی ؛ شایستگی سے ؛ مناسب انداز میں ؛ موزونیت کے ساتھ ؛ صحیح طور پر ؛ درستگی کے ساتھ ؛ سختی کے ساتھ ۔

proper noun, proper name, n. اسم خاص ؛ اسم معرفہ ؛ اسم جو کسی خاص جگہ ، شخص یا چیز کو ظاہر کرتا ہو ۔ اس کا پہلا حرف بڑا ہوتا ہے (جیسے : England, Mary یا Eiffel Tower) ۔

property, n. جائیداد ؛ مِلکیّت ؛ مال ؛ مقبوضات ؛ املاک ؛ وہ جس کا کوئی شخص مالک ہوتا ہے ؛ کسی خاص شخص کی ملک یا اس کے مقبوضات ؛ مملوکہ مال یا زمینیں/اراضیات ؛ قطعہ زمین یا حقیقی جاگیر ؛ ملکیت کا ، بالخصوص کسی محسوس مادی چیز کو قبضے میں رکھنے ، اس سے استفادہ کرنے یا اسے بیچ دینے کا حق ؛ کوئی چیز جس کی سپردگی فرد ، جماعت یا قوم کے دائرۂ اختیار میں ہو (جیسے : advantages that are the property of every citizen) ؛ کسی چیز کا لازمی یا خصوصی وصف یا اس کی خوبی ۔ (تھیٹر) کوئی منقولہ شے ، جیسے کھیل میں استعمال ہونے والی کرسی یا قالین ۔نیز : prop ۔

propertied, a. جائیداد والا ۔

propertyless, a. بے جائیداد ۔

property man, prop man. n. تحویل دار یا نگران ؛ چوکیدار اشیا ؛ اسٹیج کے سامان کی نگرانی کرنے والا تھیٹر کا ملازم ۔

prophage, n. دروں خلوی جرثومی وائرس جو اپنے میزبان کو عامل وائرسوں سے محفوظ رکھتا ہے ۔

prophase, n. (حیاتیات) آغاز خیطیت ؛ خلیاتی تقسیم کاابتدائی مرحلہ جس میں لونی اجسام مرکزے کے اندر نمایاں ہو جاتے ہیں اور طولی طریقے پر تقسیم کرتے ہیں ۔

prophecy, n. غیب گوئی ؛ پیشین گوئی ؛ الہام ؛ پیش گوئی یا آیندہ ہونے والی کسی چیز کا اعلان ، بالخصوص کسی پیغمبر کی پیش گوئی وحی الہی کے ذریعے ؛ پیش گوئیوں کی کتاب ؛ الہام نامہ ۔

prophesy, v.t. پیش گوئی کرنا ؛ غیب کی بات کہنا ؛ ہدایت خداوندی کے تحت بولنا ۔ (فعل لازم) پیش گو ہونا ؛ آئندہ پیش آنے والے واقعات کا بتایا جانا ؛ مذہبی موضوعات کا مفسّر یا شارح بننا ۔

prophesier, n. پیشگوئی کرنے والا ؛ کاہن ۔

prophet, n. نبی ؛ رسول ؛ پیغمبر؛ کاشف ؛ خدا کی طرف سے القا کی گئی ہدایت یا الہام کے ذریعے مستقبل کے واقعات کا اعلان کرنے والا؛ منشائے خداوندی کا ترجمان ؛ مستقبل کے واقعات بتانے والا ؛ غیب دان ؛ غیب کے حالات منکشف کرنے والا ؛ وہ شخص جو کسی گروہ یا مقصد کے لیے آواز بلند کرے ۔ (مسیحی علوم) روشن ضمیر ؛ نبی ۔ **The prophet,** (اسلام) النبیﷺ ؛ الرسولﷺ ؛ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ۔

prophetess, n. نبیّہ ۔

prophethood, n نبوت ؛ رسالت؛پیغمبری ۔

prophetic, prophetical, a. کسی پیغمبر یا پیش گوئی سے متعلق ؛ پیش گوئی کی نوعیت کا ؛پیشین گوئی پر مشتمل ؛ مستقبل کے حالات پہلے سے بتانے والا ۔

prophetically, adv. پیغمبرانہ ؛ ملہمانہ طور پر ؛ پیشگوئی کے طور پر ۔

prophylactic, a. احتیاطی ؛ مرض روک ؛ بیماری کا دفاع کرنے والا ۔ (اسم) روگ دُور دوا ؛ دوا جو مرض سے محفوظ رکھّے یا مرض کے

خلاف دفاع کرے ؛ ایک حفاظتی ترکیب جیسے مانع حمل دوا

prophylaxis, n. حفظِ ما تقدّم ؛ حفاظتی تدابیر ؛ مانعِ امراض یا حفاظتی علاج ۔

propinquity, n. قرابت ؛ عزیز داری ؛ نزدیکی ؛ مقامی قربت ؛ ہمسائگی ؛ وقتی قُربت ؛ خون کی قربت ؛ رشتہ داری ۔

propionate, n. (کیمیا) پروپیونک تیزاب کا نمک یا ایسٹر ۔

propionic acid, n. (کیمیا ، علمِ ادویہ) پروپیونک تیزاب ؛ پانی ، کلوروفارم ، ایتھر یا الکحل میں حل ہو جانے والا مائع جو عطریات ، دوا سازی اور پھپھوندی کے مانع عاملوں میں استعمال ہوتا ہے ۔

propitiate, v.t. خُوش کرنا ؛ منانا ؛ بہلانا ؛ غصے کو فرو کرکے موافق بنا لینا ؛ صلح پر آمادہ کر لینا ۔

propitiable, propitiative, a. موافق یا سازگار کیے جانے کے قابل ۔

propitiator, n. خُوش کرنے والا ؛ منانے والا ۔

propitiatingly, adv. خوشی سے ؛ خوشنودی سے ؛ رضامندانہ انداز سے ۔

propitiation, n. رضا جُوئی ؛ کفارہ ؛ بلیدان ؛ کسی کا غصہ ٹھنڈا کر کے اسے راضی کرنے اور اپنے موافق بنانے کا عمل ؛ تاوان ، کفارے یا فدیہ کے طور پر قربانی یا کوئی اور چیز جو جذبات کی شدت کو کم کرنے والی ہو ۔

propitiatory, a. رضا جویانہ ؛ مصالحت آمیز ؛ دل جُو ؛ جذبات کی شدت کم کر کے طبیعت کو پرسکون کرنے والا ؛ دل خوش کُن ۔ (اسم) (یہودی، عتیق) مسندِ رحم ؛ کرسئ رحم ۔

propitious, a. موافق ؛ سازگار ؛ مساعد ؛ کسی شخص کی طرف موافقانہ میلان طبع رکھنے والا ؛ مہربان ؛ شفیق ؛ رحم کرنے والا یا رحیم ؛ موافق و مساعد حالات یا ماحول رکھنے والا ؛ مبارک ؛ سعید ۔

propjet engine, n. (طیرانیات) چرخی جٹ انجن ۔

propman, n. (تھیٹر) نگرانِ جائیداد ؛ تھیٹر کے مال و متاع کی نگرانی کرنے والا ۔

propolis, n. نملی موم ؛ چھتے کا موم ؛ موم سے ملتا جلتا ایک رالی مادہ جسے شہد کی مکھیاں پھولوں اور کلیوں سے جمع کرتی ہیں اور اپنے چھتوں کے سوراخ اور دراڑیں بند کرنے کے لیے استعمال کرتی ہیں ۔

proponent, n. مجوّز ؛ مُحرّک ؛ کوئی تجویز یا تحریک پیش کرنے والا شخص ؛ کسی نظریے/اصول یا مقصد کا حامی ؛ وہ جو کسی وصیت نامے کی سرکاری تصدیق کرانے کی تجویز پیش کرے ۔

proportion, n. حصہ ؛ تناسُب ؛ مقدار ؛ تعداد ؛ چیزوں یا جسامتوں کے درمیان تقابلی تعلق ، سائز ، مقدار ، تعداد وغیرہ کے بارے میں (جیسے : the proportion of births to deaths in a community during a given period.) ؛ نسبت ؛ عام طور پر تعلّق ، مقابلہ ، مماثلت ، موازنہ (جیسے : a large or a small proportion of a total amount or number.) ؛ ایک ٹکڑا یا جُز ۔ (جمع) ابعاد ، (جیسے : a rock of gigantic proportions.) ۔ (ریاضی) نسبتوں کی مساوات ؛ اربعہ متناسبہ ؛ چار مقداروں کا اس طرح کا تعلق کہ دوسرے سے منقسم شدہ پہلا ، چوتھے سے تقسیم کیے گئے تیسرے کے برابر ہوتا ہے ؛ ان میں سے کسی ایک مقدار کو معلوم کرنے کا طریقہ جب کہ دوسری تین معلوم ہوں ۔ نیز : rule of three ۔ (فعل متعدی) موزوں تناسب یا تعلق میں تطبیق دینا مثلاً سائز ، مقدار یا تعداد کے لحاظ سے (جیسے : to proportion the thickness of a thing to its length.) ؛ تناسبات میں تطابق پیدا کرنا ؛ کسی کے ساتھ ایک واجب تناسب قائم رکھنا ؛ تقسیم کرنا ؛ متناسب اجزا میں یا بانٹنا مناسب حصوں میں ۔

proportionable, a. متناسب ؛ موزوں ؛ متناسب پذیر ؛ موافق ۔

proportionably, adv. نسبتاً ؛ حسبِ تناسب ؛ ازروئے نسبت ۔

proportional, a. برابر ؛ نسبتی ؛ متناسب یا تناسُب کی خصوصیت کا حامل ؛ واجب تناسُب رکھنے والا ؛ مماثل یا متساوی ؛ تناسب کا یا تناسب سے متعلق ؛ نسبتی ۔ (ریاضی) مستقل یا ایک ہی نسبت یا تعلق رکھنے والا ۔ (اسم) (ریاضی) تناسب کی مقداروں میں سے ایک ؛ قدر تناسب ۔

proportionality, n. نسبت ؛ توافق ؛ تناسب ۔

proportionally, adv. نسبت سے ؛ حسبِ تناسب ۔

proportional representation, n. متناسب نمائندگی ؛ ایک انتخابی نظام جس کے ذریعے مجلس قانون ساز میں سیاسی جماعتوں کی نمائندگی ، انتخابات میں کل ڈالے گئے ووٹوں میں ان کے حاصل کردہ ووٹوں کے تناسب کی بنیاد پر ہوتی ہے ۔

proportionate, a. ہم قدر ؛ ہم نسبت ؛ برابر ؛ متناسب کیا ہوا ؛ واجب تناسب میں ؛ متناسب ۔ (فعل متعدی) متناسب بنانا ؛ متناسب کرنا ۔

proportionately, adv. نسبتاً ؛ حسبِ تناسب ۔

proportionateness, n. تناسُب ؛ توافق ؛ ہم قدری ۔

proposal, n. تجویز ؛ رائے ؛ پیغام شادی ؛ مقدمہ ؛ درخواست ؛ تحریک ؛ نسبت ؛ تجویز کرنے کا عمل یا قبول کرنے ، اختیار کرنے یا انجام دینے کے لیے کوئی رائے ، تجویز یا مشورہ ؛ مجوزہ منصوبہ یا تدبیر ۔

propose, v.t. مشورہ دینا ؛ منصوبہ بنانا ؛ تجویز کرنا ؛ شادی کی خواہش کرنا ؛ پیش کرنا ، جیسے کوئی معاملہ ، موضوع یا مقدمہ ، غوروفکر بحث و تمحیص یا فیصلے کے لیے ؛ کسی مسئلے یا معمے کا حل تجویز کرنا ؛ ذہن یا توجہ کے سپرد کرنا ؛ بیان کرنا ؛ آگے بڑھانا ، (قبول کرنے ، اختیار کرنے یا موافق کرنے کے لیے) ؛ کسی شخص کو ، کسی عہدے ، مرتبے ،رکنیت یا امیدواری کے لیے پیش کرنا ؛ کسی کو جام صحت کی پیش کش کرنا یا اس کا جام صحت تجویز کرنا ؛ اپنے پیش نظر رکھنا ، جیسے کسی کام کو جو کرنا مطلوب ہو ؛ وضع کرنا نمونہ بنانا ؛ ارادہ کرنا ۔ (فعل لازم) کوئی تجویز بروئے کار لانا ، بالخصوص شادی کے لیے ؛ کسی مقصد یا منصوبے کا تشکیل دیا جانا یا اس پر غور ہونا ۔

proposer, n. تدبیر کُنندہ ؛ تجویز کرنے والا ؛ تزویج کرنے والا ۔

proposition, n. قضیہ ؛ بیان؛ قول ؛ مسئلہ ؛ آگے بڑھانے کا عمل ، پیش کردہ تجویز کسی بات پر غوروفکر یا بحث و تمحیص کے لیے ؛ بیان جس میں کوئی مسئلہ پیش کیا گیا ہو؛ ادعا یا دعویٰ ؛ تجویز کرنے کا عمل ؛ کوئی ایسی تجویز جو قبول کرنے ، مان لینے یا عمل کرنے کے قابل ہو ؛ کسی معاملے کے لیے شرائط کی پیش کش ، جیسے کاروبار میں ؛ کوئی مجوزہ منصوبہ یا تدبیر ؛ کوئی چیز

جو خریداری کے لیے پیش کی گئی ہو یا اس پر بحوالہ قیمت خریدار یا مالک کے نقطہ نظر سے غور کیا گیا ہو۔ (بول چال) کوئی چیز، معاملہ یا شخص جس سے نبٹنے نبٹانے، طے کرنے یا انجام دینے یا جسے مقابلہ کرنے کے قابل گردانا گیا ہو؛ غیر اخلاقی یا فحش تجویز۔ (منطق) قضیہ جس میں کسی موضوع سے متعلق کسی چیز کا اقرار یا انکار کیا گیا ہو۔ (ریاضی) ایک رسمی بیان یا تو کسی صداقت کا جو ثابت کی جانے والی ہے یا کسی عملیے کا جو انجام دیا جانے والا ہے؛ قضیہ یا مسئلہ۔

propositional, a. قضیاتی؛ تجویز پر مبنی۔

propositionally, adv. از رُوئے قضیہ؛ تجویز کے طور پر۔

proposition, v.t. (بول چال) کسی منصوبے یا سودے کی تجویز دینا؛ غیر اخلاقی اشارہ کرنا؛ مخرب اخلاق باتیں سُجھانا۔

propositional function, n. رسمی طور پر شان دار تقریب؛ رسمی مجمل تقریب۔

propositus, n. [لاطینی] (قانون) مورث اعلیٰ؛ جد امجد؛ وہ شخص جس سے شجرۂ نسب کی ابتدا ہو۔

profound, v.t. [لاطینی] غور و خوض کے لیے پیش کرنا؛ تجویز کرنا؛ اٹھانا یا کرنا، جیسے کوئی سوال یا مسئلہ۔

propraetor, propretor, n. پیش پریٹر؛ رومی مجسٹریٹ جو روم میں پریٹر کے فرائض انجام دینے کے بعد صوبوں میں بھی یہی فرائض انجام دینے کے لیے بھیجا جاتا تھا۔

proprietary, a. حقّ ملکیت؛ زمینداری کا؛ مالکانہ؛ کسی مالک کا یا اس سے متعلق؛جائیداد پر بلا شرکت غیرے قبضہ رکھنے کی طرف اشارہ کرنے والا؛ patent یا copyright کی پابندی والا کوئی صنعتی یا فروختنی مال (جیسے a proprietary medicine)؛جائیدادیا ملکیت سے متعلق۔ (اسم) مالک یا حقوق ملکیت رکھنے والا؛ جماعت مالکان؛ کسی مالکانہ نو آبادی کا موہوب یا مالک؛ زمیندار؛ کوئی چیز جو بطور جائیداد کے مملوکہ یا مقبوضہ ہو؛ دوا جس کے مالکانہ حقوق کسی کو حاصل ہوں؛ دوائے مملوکہ خاص۔

proprietary colony, n. (امریکی تاریخ) انسانی آبادیوں میں سے کوئی ایک جیسے Delaware،Maryland یا pennsylvania جن کی حکومت برطانوی تاج نے کسی ایک فرد یا گروہ کو ہبہ/عطا کی تھی۔

proprietor, n. صاحب ملکیت؛ مالک؛ کسی چیز پر قانونی حق یا استثنائی حق ملکیت رکھنے والا شخص۔

proprietorship, n. حقیّت؛ مالکیت؛ زمینداری۔

proprietress, n. مالکہ؛ حقیّت دار عورت؛ زمیندارنی۔

propriety, n. معقولیت؛ مناسبت؛ صحت؛ طرز عمل کے کسی مُسلّمہ یا صحیح معیار سے مطابقت؛ مروجہ اصولوں، قاعدوں یا رواجوں سے تطابق؛ شایستگی، موزونیت؛ معدلت۔

the proprieties, معاشرتی زندگی کے مسلمہ رسم و رواج یا آداب و رسوم۔

proprioceptive, a. (فعلیات) عضلات اور پٹھوں جیسی جسمانی بافتوں کے اندر پیدا ہونے والے تہیجات کو قبول کرنے کی صلاحیت رکھنے والا۔

proprioceptor, n. (فعلیات) خود حسّاسہ؛ اندرونی تہیّجات کا جواب دینے والے عضویوں میں سے اعصاب کا محیطی سرے والا عضو۔

prop root, n. (نباتیات) دھکیل جڑ؛ بعض مخصوص پودوں کی جڑ، جیسے مکئی کی جڑ جو اوپر کی سطح سے مٹی کے اندر بڑھتی ہے اور ڈنٹھل کے لیے بڑا سہارا مہیا کرتی ہے۔

proptosis, n. (امراضیات) سقوط چشم؛ آنکھ کا باہر آنا؛ کسی عضو کی باہر کی طرف جگہ بدلی یا اس کا اُبھار، بالخصوص آنکھ کے ڈھیلوں کا باہر کی طرف ابال۔

propulsion, n. دھکا؛ ریلا؛ اخراج؛ جوش؛ دھکیلنے یا بیلنے سے یا آگے ٹھیلنے کا عمل؛ دھکیلے جانے کی حالت؛ آگے دھکیلنے کی قوّت؛ دھکیل۔

propyl, n. (کیمیا) پروپائل؛ پروپین کا یک گرفتہ اصلیّہ۔

propylaeum, n. (فن تعمیر) کسی قدیم عبادت گاہ کی ڈیوڑھی یا داخلے کے لیے دروازہ، بالخصوص جب وہ بڑے اہتمام کے ساتھ بنایا گیا ہو یا کسی عمارتی اہمیت کا حامل ہو۔

propylene, propene, n. (کیمیا) پروپین؛ پیٹرولیم کو صاف کرنے کے دوران میں ذیلی پیداوار کے طور پر حاصل ہونے والی گیسی ہائیڈروکاربن جو نامیاتی تالیف میں استعمال ہوتی ہے۔

propylene glycol, n. (کیمیا) ایک بے رنگ آب نمائی کیمیاتی مرکب جو محلل اور مانع انجماد کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

pro rata, adv., a. تناسب کے ساتھ؛ کسی متعین معیار کے مطابق؛ حسب شرح۔

prorate, v.t., v.i. حسب تناسب اندازہ کرنا یا تقسیم کرنا؛ مناسب طور پر تخمینے کا لگنا یا تقسیم ہونا۔

prorogation, n. التوا؛ توقُّف؛ پارلیمانی جلسوں کا عدم تسلسل، جیسے برطانوی پارلیمان کا مقتدر اعلیٰ کے فرمان سے اور بغیر برخاستگی کے۔

prorogue, prorogate, v.t. حکومت کے اجلاسوں کو ملتوی کرنا، بالخصوص برطانوی پارلیمان کے اجلاسوں کا، ایک معیّنہ یا غیر معیّنہ مدت کے لیے؛برخاست کیے بغیر التوا میں ڈالنا؛ موقوف کرنا۔

prosaic, a. غیر شاعرانہ؛ نثری؛ معمولی؛ بے مزہ؛ بے لطف؛ فرسودہ یا غیر دلچسپ (جیسے: to lead a prosaic life)؛ بے ذوق یا تخیل سے کورا؛ تحریر سے متعلق، نثر کی نوعیت یا روح رکھنے والا، نظم کے خلاف۔

prosaically, adv. پھیکائی سے؛ معمولی طور سے؛ غیر دلچسپ طور سے۔

prosaicalness, n. بے لطفی؛ غیر شاعرانہ پن؛ بدمزگی؛ پھیکا پن۔

prosaism, n. دلچسپی سے خالی نوعیت کا؛ بے لطف اظہار خیال؛نثر پسندی۔

prosaist, n. نثرنگار، بے ذوق، غیر دلچسپ شخص۔

proscenium, n. (فن تعمیر) تھیٹر کا پیش منظر؛ تھیٹر میں پردے سے لے کر آرکسٹراتک کا حصہ، جس میں بعض اوقات پردہ اور اس کا آرایشی چوکھٹا بھی شامل ہوتا ہے؛ قدیم تھیٹر میں پورا اسٹیج؛ پیش منظرہ۔

proscribe, v.t. ضبط کرنا؛ ممنوع کرنا؛ قانون کے تحفظ سے خارج کر دینا؛ خارج البلد قراردینا؛واجب القتل ٹھہرانا؛ قتل کا انعام مقرر کرنا؛ قتل کا حکم دینا؛ حمایت قانونی سے باہر کرنا؛ جلاوطن کرنا؛ دیس نکالا دینا؛ کسی کا نام اس طرح شائع کرنا جیسے اس کو موت کی سزا دی گئی ہے یا اس کی جائیداد کی ضبطی کے احکام صادر ہو

چکے ہیں (جیسے : In ancient Rome, a ruler could proscribe his enemy.)۔

proscriber, n. درج بالا افعال کا فاعل۔

proscription, n. قتل کا فتویٰ ؛ ممانعت ؛ جلاوطنی ؛ ضبط کرنے کا عمل ، قانون کے تحفظ سے اخراج ؛ مقاطعہ۔

proscriptive, a. ممانعت آمیز ؛ ممنوعانہ۔

proscriptively, adv. ممانعت کے انداز سے۔

prose, n. نثر ؛ آدمی کی عام تحریری یا تقریری زبان ؛ زبان جو شاعرانہ اوزان سے مبرا ہو ؛ نظم کی ضد ؛ معمولی اور غیر دلچسپ زبان یا گفتگو۔ (کلیسیات) مناجات جس کے شعری اوزان غیر مرتب ہوتے ہیں اور جسے عموماً مسیحی عشائے ربانی میں تہلیل کے بعد گایا جاتا ہے۔ (صفت) نثر کا ؛ نثری۔ (فعل متعدی و لازم) نثر میں لکھنا یا لکھا جانا؛ اکتا دینے والے انداز میں لکھنا/لکھا جانا یا تقریر کرنا/تقریر کا ہونا۔

prosector, n. مردہ شگاف ؛ قاطع نعش ؛ اپنے تشریحی لیکچروں میں وضاحت چاہنے یا ایسے ہی کسی موقع پر لاشوں کی چیر پھاڑ کرنے والا شخص۔

prosecute, v.t. مقدمہ چلانا ؛ لگے رہنا ؛ پیروی کرنا ؛ کسی کے ساتھ آگے بڑھنا ؛ اس چیز کے درپے رہنا جس کا بیڑا اٹھایا ہو یا جس کا آغاز کر دیا گیا ہو کہ اسے پایہ تکمیل تک پہنچا دیا جائے (جیسے : to prosecute one's studies) ؛ جاری رکھنا یا پیشہ بنانا۔ (قانون) قانونی عمل کے ذریعے کارروائی کرانا یا حاصل کرنا جیسے دعویٰ یا حق ؛ کسی کے خلاف قانونی کارروائی کرانا یا حاصل کرنا جیسے دعویٰ یاحق ؛کسی کے خلاف قانونی کارروائی کرنا۔ (فعل لازم) (قانون) ایک قانونی مقدمہ دائر کر کے اس کی پیروی کرنا ؛ مستغیث یا پیروکار کے طور پر عمل کرنا۔

prosicutable, a. مقدمہ چلانے کے قابل۔

prosecuting attorney, n. سرکاری وکیل ؛ فوجداری قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے مقدمات کی حکومت کی طرف سے پیروی کرنے والاپیروکار۔

prosecution, n. پیروی ؛ استغاثہ ؛ مقدمہ چلانے کا عمل اور طریق کار۔ (قانون) استغاثہ یا قانونی کارروائی اور اس کی پیروی ؛ وہ فریق جس کی طرف سے اس قسم کی قانونی کارروائی عمل میں لائی اور اس کی پیروی کی گئی ہو۔

prosecutor, n. مدعی ؛ نالشی ؛ مستغیث ؛ وہ جو مقدمہ چلاتا ہے۔ (قانون) پراسیکیوٹر ؛ جو کسی عدالت میں مقدمہ دائر کرتا ہے اور اس کی کارروائی کو آگے بڑھاتا ہے ، بالخصوص کسی فوجداری عدالت میں ؛ فوجداری مقدمہ چلانے والا سرکاری وکیل۔

proselyte, n. نو معتقد ؛ نومرید ؛ نومذہبی ؛ نومذہب ؛ اپنی رائے ، مذہبی عقیدہ ، فرقہ یا اسی طرح کی کسی اور وابستگی کو بدل کر دوسرا راستہ اختیار کرنے والا شخص ؛ مذہب تبدیل کرنے والا آدمی۔ (فعل متعدی و لازم) کسی کا مذہب تبدیل کرانا ؛ تبدیلِ مذہب کرنا یا کرانا ؛ مذہب میں تبدیلی لانا ؛ معتقد ہونا۔ نیز : proselytize -

proselytism, n. تبلیغ ؛ نواعتقادی۔

prosencephalon, n. (تشریح الاعضا) پیشانی ؛ دماغ کا اگلا حصہ۔

prosencephalic, a. پیشانی کا ؛ دماغ کے اگلے حصے کا۔

prosenchyma, n. (نباتیات) دوکیا ؛ طُولی بافت ؛ طویل خلیاتی بافت ؛ پودوں کے چوبی اور ریشہ دار حصے کی وہ بافت یا نسیج جو خاص طور پر مخصوص، لمبے ، پتلے اور نوک دار سروں والے خلیوں پر مشتمل ہوتی ہے۔

prosenchymatous, a. دوکیائی ؛ طولی بافت کا ؛ لمبائی والی بافت والا۔

prose poem, n. نثری نظم ؛ ایک نثری تخلیق جو اپنے جذباتی لہجے ، ترنم یا استعاروں ، کنایوں کی زبان کے استعمال سے نظم کے مشابہ نظر آتی ہے۔

proser, n. نثر نگار ؛ نثّار ؛ نثر لکھنے والا ؛ غیر دلچسپ اور تخیل سے کورے انداز میں لکھنے یا بات کرنے والا شخص۔

prosit, prost, interj. نیک خواہشات ظاہر کرنے کا کلمہ ، بالخصوص جرمن کسی کا جام صحت پینے کے دوران استعمال کرتے ہیں۔

prosody, n. عِلمِ عُروض ؛ شعری اوزان و بحور کا علم ؛ فن شاعری۔

prosodic, prosodical, a. عروضی ؛ عروضانہ۔

prosodically, adv. عروضانہ طریقے سے ؛ عروضی طور پر۔

prosopopoeia, n. (علمِ بیان) تشخیص و تجسیم ؛ تجسیم اشیائے مجرد ؛ غیر ذی روح کو ذی روح اور غائب کو حاضر بیان کرنے والا ؛ شبیہہ کسی فرضی یا غیر حاضر شخص کی ، جیسے بولتے یا عمل کرتے ہوئے انداز میں۔

prospect, n. کیفیت ؛ نقشہ ؛تناظر ؛ امکان ؛ مستقبل یا جو کچھ آئندہ ہونے والا ہے اس کی توقعات کو ظاہر کرنے والی فضا ؛ دید ؛ تماشا ؛ سیر ؛ پیش منظر ؛ حدنظر ؛ فضا ؛ سماں ؛ کیفیت۔ (جمع) ترقی ، کامیابی یا منافع کے نمایاں غالب امکانات ؛ مستقبل یا متوقع حالات کی دید یا پیش بینی ؛ منافع کا ایک ذریعہ ہونے کی حیثیت سے کوئی چیز جو پیش نظر ہو ؛ مستقبل میں ہونے والا گاہک ؛ امکانی یا بالقوہ امیدوار ؛ کوئی منظر یا نظارہ ، بالخصوص قدرتی مناظر کی وسعت میں ، جیسے کسی خِطّے پر یا کسی خاص سمت میں ؛ ذہنی نقشہ یا سماں ، جیسے کسی موضوع یا صورت حال کا۔ (کان کنی) معدنیات یا دھات کی ظاہری علامت ؛ جگہ یا مقام جو اس علامت کی مظہر ہو ؛ سنگریزوں یا کچدھات کے نمونے سے پیدا ہونے والی معدنیات۔ (فعل متعدی و لازم) کسی خطۂ زمین میں کھوج لگانا جیسے سونے کے لیے ؛ کسی جگہ پر سونے کا برآمد ہونا۔

prospector, n. متلاشی ؛ متجسس ؛ کانوں میں تلاش کرنے والا قیمتی دھاتوں کو۔

prospective, a. پیش منظری ؛ مستقبل سے متعلق ؛ آگے کا ؛ آئندہ ؛ متوقع یا امکانی و احتمالی۔

prospectively, adv. آئندہ کے خیال سے ؛ بہ نظر مستقبل۔

prospectus, n. پراسپکٹس ؛ کوائف نامہ ؛ ایک مختصر خاکہ جس میں کسی مجوزہ مہم کی اہم خصوصیات کا بیان ہو ، جیسے کسی ادبی کام کا منصوبہ یا کسی نئے کاروبار کے کوائف ؛ کسی

مستحکم ادارے ، جیسے کالج کا مفصل کیفیت نما کتابچہ ؛ کیفیہ ۔

prosper, v.i. فروغ پانا ؛ پھلنا پھولنا ؛ برومند ہونا ؛ کامیاب ہونا ، بالخصوص دولت کے حصول میں ؛ کامیابی کے ساتھ انجام پانا ، جیسے معاملات کا ؛ فروغ پانا ؛ سرسبز ہونا ۔ (فعل متعدی) خوش حال بنانا ؛ کامیاب کرانا ۔

prosperity, n. کامیابی ؛ خوش اقبالی ؛ ترقی ؛ مرفّہ الحالی ؛ مرفہ الحال ہونے کی حالت ؛ کسی مہم میں کامیابی ؛ خوش قسمتی ؛ فلاح و بہبود ؛ آسودہ حالی ۔

prosperous, a. کامیاب ؛ بامراد ؛ اقبال مند ؛آسودہ حال ؛ پھلتا پھولتا ؛ ہرا بھرا ؛ مرفہ الحال ؛ خوش قسمتی سے بہرہ مند ؛ کامران ؛ دولت مند ؛ فروغ پاتا ہوا ؛ خوش حال ؛ بخت آور ۔

prosperously, adv. کامیابی سے ؛ خوش اقبالی سے ۔

prostaglandin, n. درونی ٹیگلنڈین ؛ قوی مرکبات کی کوئی قسم جو نسیجوں میں موجود ہوتی ہے ، یہ تحویل ، اعصاب کے بلارکاوٹ انقباض ، اعصابی محرکات کی ترسیل اور خون کے دباؤ کے انضباط کے لیے اہمیت رکھتے ہیں ۔

prostate, a ,n. (تشریح الاعضا) بڑا غدود ؛ قدامیہ ؛ غدۂ مثانہ کو نامزد کرنے والا یا اس سے متعلق (جیسے: غدۂ ودی)

prostatectomy, n. (جرّاحی) قدامیہ براری ؛ غدۂ مثانہ کا جزوی یا مکمل اخراج ۔

prostate gland, n. (تشریح الاعضا) قدامیہ ؛ غدۂ ودی ؛ ایک عضو ، جزواً عضلہ اور جزواً غدہ ، جو مثانے کی اساس پر مرد کی پیشاب کی نالی کے گرد حلقہ گیر ہوتا ہے اور ایک رقیق دودھیا مادہ مذی خارج کرتا ہے جو نطفے کے ساتھ باہر نکلتا ہے ۔

prostatism, n. (امراضیات) کبر قدامیہ ؛ کسی مزمن بیماری یا بڑھے ہوئے غدہ مثانہ سے پیدا ہونے والی حالت یا کیفیت ۔

prosthesis, n. (جراحی) مصنوعی عضو بندی ؛ جسم کے کسی نقص کی تلافی کے لیے کسی مصنوعی عضو کا اضافہ ؛ وہ عضو جس کا اضافہ اس طرح کیا جائے ۔ (لسانیات) انضمامِ حروف ۔

prosthetic, a. اضافی ؛ انضمامی ۔

prosthetically, adv. اضافی طریقے سے ۔

prosthetics, n. (جرّاحی) (دندان سازی) طب کی وہ شاخ جس میں اعضا اور دانتوں کی مصنوعی تبدیلی میں تخصص حاصل کیا جاتا ہے ۔

prosthetist, n. اعضا یا دانتوں کے جوڑ لگانے والا ۔

prosthodontics, prosthodontia, n. فن دندان سازی ؛ عِلم الاسنان کی وہ شاخ جس کا تعلق مصنوعی دانتوں اور منہ کی ایسی اور ساختوں کے بنانے سے ہوتا ہے جو چبانے والی ڈاڑھوں کے ضائع شدہ یا مجروح اجزا کو تبدیل کر کے ان کی جگہ کام کر سکیں ؛ تبدیلی اعضا کا علم ۔

prosthodontist, n. ماہرِ دندان سازی ؛ دندان ساز ؛ ماہر اسنانیات ۔

prostitute, n. رنڈی ؛ فاحشہ ؛ مال زادی ؛ کسبی ؛ کنجری ؛ بیسوا ؛ قحبہ ؛ چھنال ؛ طوائف ؛ وہ عورت جو فائدے یا جسم فروشی کے لیے پیشہ کراتی ہو ؛ کوئی بھی شخص جو روپے پیسے یا کسی دوسرے فائدے کے لیے اپنی قابلیتوں کو کسی بُرے یا ناشایستہ استعمال کے لیے پیش کرے ۔ (فعل متعدی) پیش کرنا ، جیسے اپنے آپ کو ، جنسی مباشرت کے لیے کسی فائدے کی غرض سے یا کرائے کے طور پر ؛ اپنے آپ کو یا اپنی قابلیتوں کو فائدے کے لیے کسی ذلیل مقصد کی خاطر پیش کر دینا ؛ اپنے آپ کو یا اپنی لیاقت کو بُرے کام میں لگانا؛ پیشہ کرانا ۔

prostitutor, n. فحاشی کا دھندا کرنے والا ؛ بھڑوا ؛ چکلا چودھری ۔

prostitution, n. عصمت‌فروشی ؛طوائفیت ؛ قحبگی ؛ رنڈی پنے کا کام یا دھندا ؛ رنڈی یا عصمت فروش عورت کا کاروبار ؛ وسائل یا قابلیتوں کا کوئی مذموم یا قابل نفرت استعمال ۔

prostomium, n. متعدد اقسام کے کیڑوں اور نچلے درجے کے بے فقر جانوروں میں مُنہ کے سامنے سر کا وہ حصہ جس میں عموماً ٹکڑے نہیں ہوتے ۔

prostomial, a. ٹُکڑوں کے بغیر سر کے حصے والا ۔

prostrate, v.t. گرا دینا ؛ اوندھا کر دینا ؛ چت کر دینا ؛ سیدھے چت لیٹنا ، جیسے زمین پر ؛ پھینکنا زمین سے نیچے کی سطح پر ؛ کسی کا اپنی ذات کو گرا دینا ، انکسار و عاجزی یا احترام سے ؛ بے کسی و مایوسی کو شکست دینا ؛ غلبہ حاصل کرنا یا اپنے آپ کو بے کس و لاچار بنا لینا (جیسے :- In prostrating one enemy, he demoralized a hundred.)؛ جسمانی کمزوری یا تھکن کی حالت کو پہنچا دینا (جیسے : to be prostrated by disease, fatigue or grief) ۔ (صفت) لیٹا ہوا ، چت یا پوری لمبائی میں ، جیسے زمین پر ؛ زمین بوس ؛ اوندھے منہ زمین پر لیٹا ہوا جیسے اطاعت یا ذلت قبول کر لینے کی علامت کے طور پر ؛ شکست خوردہ ؛ مغلوب یا بے دست و پا (جیسے : a prostrate country) ؛ جسمانی کمزوری یا تھکن کی حالت میں ۔ (نباتیات) زمین پر پڑے ہوئے پودے یا تنے کی متعلق ؛ پچھڑا ہوا ۔

prostrative, a. افسردہ ؛ ناطاقت ؛ کمزور ۔

prostrator, n. افسردہ کرنے والا ؛ پچھاڑنے والا ۔

prostration, n. زمین پر پیٹ کے بل گراؤ ؛ ڈنڈوت ؛ سجدہ ؛ جبیں سائی ؛ ناصیہ فرسائی ؛ سرِتسلیم خم ؛ ناتوانی ؛ چت یا پٹ کی حالت میں ؛ تذلیل ؛ توہین ؛ ذلت و خواری ، ناطاقتی یا بے یاری کی حالت کو پہنچی ہوئی کمی ؛ انتہائی ذہنی افسردگی یا مایوسی؛ انتہائی جسمانی کمزوری یا تھکن (جیسے : nervous prostration) ۔

prosy, a. بے لُطف ؛ بے کیف ؛ عامیانہ ؛ بوجھل ؛ نثر کی طرح ؛ غیر دلچسپ ؛ تھکا دینے والا ؛ دشوار ؛ اکتا دینے والا ۔

prosily, adv. بے لُطفی سے ؛ غیر دلچسپی سے ۔

prosiness, n. بے کیفی ؛ ناگواری ۔

protactinium, protoactinium, n. (کیمیا) پروٹیکٹینیئم ؛ پروٹوایکیٹنیئم ؛ ایک تابکاری دھاتی عنصر جس کے تکسّر سے ایکٹینیئم پیدا ہوتا ہے ۔

protagonist, n. سرغنہ ؛ حامی ؛ طرفدار ؛ حلیف ؛ کسی ادبی تصنیف میں کوئی سربرآوردہ کردار یا اداکار ، عام طور پر کوئی سربرآوردہ شخص ؛ مرد میدان ؛ رہنما یا کسی مقصد کا بڑا حامی ۔

protamine, n. (حیاتی کیمیا) پروٹامِین ؛ سادہ ، اساسی لحمیات کی اقسام میں سے کوئی ایک جو امونیا میں حل ہونے والا ، حرارت سے ترویب ناپذیر اور آب پاشیدگی پر امینو تیزاب بنانے والا ہو ۔

protasis, n. (گرامر) جُملۂ شرطیہ میں شرط ظاہر کرنے والا فقرہ ۔ (قدیم ڈراما) ڈرامے کا پہلا حصہ جس میں کرداروں کا تعارف کرایا ، موضوع تجویز کیا جاتا اور اس کی ابتدا کی جاتی ہے ۔

protea, n. پروٹیا ؛ اسی نام و جنس سے متعلق خاندان کا کوئی بھی پودا جو سدا بہار جھاڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے ۔

protean, a. تغیّر پذیر ؛ نت نئی صورت بدلنے والا ۔ سیماب صفت ؛ آسانی کے ساتھ جلد مختلف اشکال ، کردار یا فرائض اختیار کرنے والا ؛ انتہا درجے کا تغیر پذیر ۔ (بڑے P سے) پروٹیئس (-Pro teus) کا یا اس کی مانند ، جو ایک قدیم یونانی بحری دیوتا تھا اور جس کو مختلف اشکال اختیار کرنے کا ملکہ حاصل تھا ۔

protease, n. (حیاتی کیمیا) پروٹیئس ؛ کوئی بھی خامرہ جو لحمیات پر ہضم کا عمل جاری کرتا ہے ۔

protect, v.t. بچانا ؛ پناہ دینا ؛ محفوظ رکھنا ؛ خطرے یا جراحت سے بچانا یا محفوظ رکھنا ؛ دفاع کرنا ؛ حفاظت کرنا ۔ (معاشیات) بچانا یا دفاع کرنا ، جیسے قومی مصنوعات یا خاص صنعت کا درآمدی محصولات یا بیرونی ممالک کے لیے جہازی مال پر محاصل کے ذریعے ۔ (تجارت) ادائیگی کو یقینی بنانے کے لیے فنڈ مہیا کرنا ، جیسے قرضہ ۔

protecting, a. بچاؤ کا ؛ حفاظتی ۔

protectingly, adv. حفاظتی طریقے سے ۔

protection, n. حفاظت ؛ حمایت ؛ پناہ ؛ امان؛ نگہداری ؛ تحفظ ؛ تامین ؛ چھتر ؛ محافظت ؛ حفاظت کرنے کا عمل یا محفوظ کیے جانے کی حالت ؛ حفاظت کرنے والا شخص یا چیز۔ (معاشیات) حکومت کی طرف سے گھریلو مصنوعات کے لیے ایک حفاظتی اقدام جو عموماً باہر سے آنے والی اسی قسم کی اشیا پر درآمدی محصول عائد کرنے کی شکل میں ہوتا ہے ۔ (عوامی) وہ رقم جو استحصال بالجبر کرنے والے نقصان یا تشدد سے محفوظ رہنے کے معاوضے میں اینٹھتے ہیں ؛ جگا ٹیکس ؛ کسی ادنیٰ درجے کے سرکاری حاکم کی رشوت ؛ قانونی کارروائی سے بچنے کے لیے پروانۂ راہداری یا محفوظ طرز عمل کی دستاویز ؛ کسی بیمہ پالیسی کا مورد بیمہ۔

protective, a. محافظ ؛ محفوظ رکھنے والا ؛ تامینی ؛ حفاظتی ۔

protectively, adv. محفوظ طور پر۔

protectionism, n. ملکی مصنوعات کے تحفظ کا معاشی نظام ؛ تحفظ تجارت یاتامینیت ۔

protectionist, n., a. حامئ تامین ؛ وہ شخص جو صنعت کی کسی شاخ کے لیے ایسے قوانین کے ذریعے معاشی تحفظ کی حمایت کرتا ہے جیسے محصولات یا کوئی اور شکل ، جو غیر ملکی مقابلے کو روک سکے ؛ وہ جو آزاد تجارت کے خلاف ہو۔

protective tariff, n. تامینی محصول ؛ گھریلو صنعتوں کے تحفظ کے لیے درآمدات پر محصول ۔

protector, n. سرپرست ؛ حامی ؛ ولی ؛ مربی ؛ منتظم ؛ دفاع کرنے والا ؛ نگراں ؛ جراحت کے خلاف تحفظ مہیا کرنے والا آلہ ؛ محافظ ۔ (انگریزی تاریخ) بادشاہ کی نابالغی کے زمانے میں بادشاہت کی دیکھ بھال کرنے والا نائب سلطنت ۔

protectress, n. سرپرست خاتون ؛ ولیہ ؛مربیّہ ۔

protectoral, a. حفاظت کرنے کے متعلق ؛ محفوظ کیے گئے علاقے سے متعلق ۔

protectorate, n. پروٹیکٹوریٹ ؛ زیر حمایت حکومت ؛ کمزور علاقے یا سیاسی اکائی پر طاقت ور اکائی کی طرف سے تحفظ اور عمل کا تعلق ؛ اس تعلق کے ماتحت مملکت یا علاقہ ؛ نائب السلطنت کی حکومت ؛ ولی الملک کا عہدہ ، مدت اختیار یا عہدہ/منصب ۔ (بڑے P سے) تاریخ انگلستان ۱۶۵۳ء — ۱۶۵۹ء کا دور جس میں اولیور کرامویل ، رچرڈ کرامویل برسرِاقتدار اولیاءِ سلطنت تھے۔

protectory, n. ادارۂ حمایتِ اطفال ؛ نادار یا آوارہ بچوں کی رہایش اور تربیت کے لیے ایک ادارہ ؛ بچوں کی تربیت گاہ ۔

protege, n. زیر حمایت ؛ متوسّل ؛ کسی ایسے دوسرے شخص کی نگرانی اور تحفظ میں رہنے والا آدمی جو اُس کی زندگی اور مستقبل میں دلچسپی رکھتا ہو۔

portegee, خاتون متوسّل ۔

protein, n. (حیاتی کیمیا) پروٹین ؛ لحمیہ ؛ ایسے پیچیدہ کیمیائی مرکبات کی ایک قسم جس میں کاربن ، ہائیڈروجن ، نائٹروجن ، آکسیجن اور گندھک ، زندہ مادے کے لازمی اجزائے ترکیبی کی شکل میں پائے جاتے ہیں اور تحلیل ہوکر مختلف اقسام کے امینو (amino) تیزاب پیدا کرتے ہیں ۔

proteinase, n. (حیاتی کیمیا) متعدد خامروں جیسے پیپسین (pepsin) اور رینین (rennin) میں سے کوئی ایک جو لحمیات پر آب پاشیدگی کرتے ہیں ۔

pro tempore, pro tem, adv. (لاطینی) حال کے لیے ؛ فی الحال ؛ عارضی طور پر۔

proteolysis, n. (حیاتی کیمیا) تحلیل مائی یا لحمیات کا سادہ تر مرکبات میں ٹوٹنا جیسا کہ ہاضمے کے دوران میں ہوتا ہے ۔

proteose, n. (حیاتی کیمیا) لحمیوز ؛ اُن مرکبات کی قسم میں سے کوئی جو ہاضمے کے دوران میں پیدا ہوتے ہیں اور آب پاشیدگی کے ذریعے لحمیات سے اخذ کیے جاتے ہیں ۔

Proterozoic, a. مقدم حیاتی ؛ کسی ارضیاتی عصر یا قدیم ارضیاتی عصر سے قبل کی چٹانوں کے گروہ کی طرف اشارہ کرنے والا یا اُس سے متعلق ۔ (اسم) قدیم حیاتی عصر یا گروہ ۔

protest, v.i. عذر ہونا؛ اعتراض ہونا ؛ احتجاج ہونا؛ کسی چیز کی مخالفت کا رسمی اعلان ہونا ؛ اعتراض کا کیا جانا؛ معترض ہونا؛ حلفیہ بولنا ۔ (فعل متعدی) اعتراض کرنا؛ کس کے خلاف احتجاج کرنا یا احتجاج میں شرکت کرنا ؛ حلفیہ اعلان کرنا یا توثیق کرنا ؛ دعویٰ کرنا ؛ تحریری احتجاج کرنا (اُس شخص کی تصدیقی مہر کے ساتھ جو سرکار کی طرف سے اس کام پر متعین ہو) ۔ (اسم) کسی عمل کے خلاف رائے کا اقرار صالح ؛ اعتراض کا رسمی اظہار یا اختلافی نوٹ؛ ایک رسمی بیان ، عموماً تحریری ، جس کے ذریعے کوئی شخص یہ اعلان کرے کہ وہ کسی چیز کا مخالف ہے، جیسے مجلس قانون ساز کے کسی رُکن کا کسی قانون یا قرار داد کے خلاف اعلان ؛ رقم بطور ٹیکس ادا کرنے والے شخص کی طرف سے یہ اعلان کہ ایسی رقم کے مطالبے کو وہ غیر قانونی سمجھتا ہے ؛ ایک رسمی حلفیہ اعلان کہ کسی ہُنڈی یا پَرامِسری نوٹ کی قبولیت یا ادائیگی سے انکار کر دیا گیا ہے ۔ (کھیل) کسی منظم کھیل کے منتظم اعلیٰ یا اس کی مجلسِ عاملہ کو پیش کیا گیا کوئی اعتراض ؛ احتجاج ؛ صدائے احتجاج ۔

Protestant, n. پروٹسٹنٹ ؛ وہ عیسائی جو رومی کیتھولک کلیسا یا مشرقی آرتھوڈوکس کلیسا میں سے کسی کا مُقلد نہ ہو ؛ کسی

بھی ایسے مغربی مسیحی نامزد کلیسا کا پیرو جو اصلاحِ کلیسا سے معرضِ وجود میں آیا ہو ؛ ایک پیرو ، جیسے جرمن بادشاہوں میں سے ایک جو مارٹن لُوتھر کی زیر قیادت جماعت سے وابستہ تھا اور جس نے ۱۵۲۹ء میں انجمنِ سپائرس کے فرمان کے خلاف ، جو اصلاحِ کلیسا کو ختم کرنے کے لیے تھا ، احتجاج کیا تھا ۔ (بڑے P سے) لُوتھری عیسائی ؛ احتجاج کرنے والا شخص ۔ (صفت) پروٹسٹنٹوں/احتجاجیوں کے مذہب کا یا اُس سے متعلق ؛ احتجاجی ۔

Protestantism, n. پروٹسٹنٹ فرقہ؛ پروٹسٹنٹ مذہب کی پیروی ۔

protestation, n. حلفیہ اقرار ؛ اعتراض ؛ سنجیدہ اعلان ؛ اعلانِ اختلاف ؛ اقرارِ صالح ؛ احتجاج ؛ اعتراف ۔

prothalamion, prothalmium, n. سہاگ راگ ؛ شادی کی تقریب منانے کے لیے لکھا گیا گیت یا نظم ۔

prothallium, prothallus, n. (نباتیات) سرخسوں/فرنوں کا گمٹی پودا ؛ بیج پیدا کرنے والے پودوں کا مماثل بنیادی گمٹی پودا ۔

prothallial, prothalline, a. گُمٹی والا ؛ گمٹی دار ۔

prothesis, n. (لسانیات) کسی لفظ کے شروع میں ایک حرف یا رکنِ تہجّی کا اضافہ ۔ (جرمن آرتھوڈوکس کلیسا) عشائے ربانی کے متعلق عناصر کی تیاری اور ابتدائی نذر یا قربانی ؛ معبد کا وہ حصہ جس پر یہ سب کچھ کیا جاتا ہے ؛ اسٹیج یا معبد کا وہ حصہ جہاں یہ میز رکھی جاتی ہے ۔

prothetic, a. لفظ سے پہلے لگا ہوا ؛ انضمامی ۔

prothonotary, n. ریاست ہائے متحدہ امریکا کی بعض عدالتوں کا بڑا کلرک ؛ میر محرّر ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) کالج پارٹی تشکیل دینے والے ان سات پادریوں میں سے ایک جو پاپائے اعظم کی بعض کارروائیوں کو ضبطِ تحریر میں لاتا ہے ۔ نیز : prothonotory apostolic ۔ (جرمن آرتھوڈوکس کلیسا) قُسطنطنیہ کے اُسقف کا معتمدِ اعلیٰ ۔ نیز : protonotary ۔

prothorax, n. (حشریات) مقدم سینہ ؛ کیڑوں کے سینے کا پہلا یا اگلا حصہ جس میں ٹانگوں کا پہلا جوڑا لگا ہوتا ہے ۔

prothoracic, a. مقدم سینے کا ۔

prothrombin, thrombogen, n. (حیاتی کیمیا) خمیرِ خون ؛ خون میں ایک خمیرزا جب عمل کار ہوتا ہے تو خمیرِ خون بن جاتا ہے ، پھر یہ مادہ نائیٹروجن کو فائبروجن میں بدل دیتا ہے اور خون میں بستگی پیدا کرتا ہے ۔

protist, n. (حیاتیات) یک خلوی عضویہ ؛ عضویوں (Protista) کے ایک گروہ بشمول جُملہ یک خلوی حیوانات و نباتات میں سے کوئی ایک ۔

protistan, a. یک خلوی عضویاتی ۔

protium, n. (کیمیا) پروٹیم ؛ ایٹمی/جوہری کمیت "1" کا عام ہائیڈروجنی ہم جا ۔

protoactinium, n. (کیمیا) پروٹو ایکٹینیئم ۔ دیکھیے : protactinium ۔

protocol, n. پروٹوکول ؛ تشریفات ؛ حفظِ مراتب ؛ مجلسی آداب ؛ دستاویزی شرائط کا مسودہ ؛ سر رشتۂ استقبال ؛ آدابِ مجلسی کا قواعد نامہ ؛ سفارتی یا فوجی تقریبات کے لیے آدابِ مجلسی اور نظم و ضبط کے قواعد ؛ مختصر کارروائی یا بعض سفارتی دستاویزات کا غیر صاف شدہ مسودہ ؛ سفارتی جلسے کی روئداد سے متعلق دستاویز جس کی توثیق ہونے کے بعد اُسے ایک عہد نامے کی قوت حاصل ہو جائے ۔ (فعل لازم) دستاویز شرائط کا مسودہ تیار ہونا ۔

protohuman, a. ماقبل تاریخ کے انسان کا، بالخصوص کسی آدم نما حیوانِ اعلیٰ کا یا اُس سے متعلق ۔ (اسم) پہلی انسانی مخلوق ۔

protolanguage, n. (لسانیات) مفروضہ ، ابتدائی آبائی زبان ۔

protolithic, a. (بشریات) عصر حجری کی شروعات کی طرف اشارہ کرنے والا یا اُس سے متعلق ۔

protomartyr, n. شہید اول ؛ کسی مقصد کے لیے پہلا شہید ۔

proton, n. (طبیعیات) پروٹون ؛ مرکزۂ سالمہ کا جُز ؛ ایک مرکزائی ذرّہ ؛ ایک مثبت بار کے ساتھ جو ایک برقیے (الیکٹرون) کے بار کے مساوی اور مقابل ہوتا ہے جبکہ مرکزائی پروٹونوں کی تعداد ایٹم کا ایٹمی نمبرشمار ہوتی ہے ۔

protonic, a. پروٹونی ۔

proton-synchrotron, n. (ایٹمی طبیعیات) مسرع برقیات ؛ ایک مشین جو پروٹونوں کا ریڈیائی تعدد وولٹیجوں کے ذریعے اربوں برقیوں کی سطحوں تک اسراع کرتی ہے ۔

protopathic, a. (فعلیات) جملہ مہیّجات کا تنہا ، بلاامتیاز ردعمل کرتے ہوئے ، جیسے انتہائی شدید درد کا ۔ epicritic کی ضد ۔

protoplasm, n. (حیاتیات) نخزمایہ ؛ مادۂ اُولیٰ ؛ ایک پیچیدہ مادہ ، خاص کر بے رنگ اور گاڑھے ، نیم رقیق قوام کا ، جسے حیات کی طبیعیاتی اساس سمجھا جاتا ہے اور جس میں از خود حرکت اور باز پیدآوری کی قوتیں موجود ہوتی ہیں ؛ تمام نباتاتی اور حیوانی خلیوں اور نسیجوں کا مادۂ حیات ۔

protoplasmic, a. نخزمائی ۔

protoplast, n. (حیاتیات) بروزی خلیہ ؛ اصلی ؛ وہ چیز جو سب سے پہلے بنی ؛ نفسِ اوّل ۔

protoplastic, a. اولین نفسی ؛ سب سے پہلا ؛ اصل سے متعلق ۔

protorophic, a. کچھ پودوں اور جراثیم کا ؛ تغذیہ کے لیے غیر نامیاتی مادے کا استحالہ کرنے والا ۔

prototype, n. اصل بمقابلۂ نقل ؛ ابتدائی ؛ اصل یا نمونہ جس پر کوئی دوسری چیز بنائی جائے ؛ نقش اول ؛ مثال جو کسی طبقے کے لیے مثالی خصوصیات کی مظہر ہو ؛ کوئی چیز جو کسی ایسی دوسری چیز کی خصوصیات کو ظاہر کرے جو بعد کے زمانے میں فروغ پائی ہوں ۔ (حیاتیات) پہل روپ ؛ وہ شکل جس پر کسی گروہ کی اساس ہے ؛ اول نامیہ ۔

prototypal, prototypic, a. اصلی ؛ ابتدائی ؛ نمونے کا کام دینے والا ۔

protoxide, protoxid, n. (کیمیا) اقل اکسید ؛ آکسائڈوں کے ایک سلسلے کا وہ رکن جو آکسیجن کا سب سے کم تناسب رکھتا ہو ۔

protozoan, n. نخزحوینی ، ابتدائی حیوان ؛ پہلا جانور ؛ نقشِ اول ؛ حیوانیاتی تقسیم کے سب سے پہلے یا سب سے نیچے کے جانوروں میں سے یا حیوانیات کے سب سے پہلے گروہ نخز حوینہ (protozoa) میں سے ،جو واحد خلیائی ، خردبینی عضویات پر مشتمل تھا، کوئی ایک جانور ۔ (صفت) پروٹوزون جیسا یا پروٹوزوآ سے متعلق ۔ نیز

protozoal, protozoic ـ

protozoology, n. نخزحوینیات ؛ حیوانیاتِ ابتدائی ؛ نخز حیوانیات ؛ ابتدائی حیوانیات کا علم یا مطالعہ ؛ حیوانیات کی ایک تقسیم ـ

protozoologist, ماہر نخز حوینیات ؛ ابتدائی حیوانیات کے علوم کا ماہر ـ

protozoon, n. دیکھیے : Protozoan ـ

protract, v.t. دراز کرنا ؛ بڑھانا؛ دیر لگانا یا وقت میں طول دینا ؛ مدت کو لمبا کرنا ؛ خَلا میں بڑھانا ـ (مساحت ، ریاضی) نقشہ کھینچنا ، گُنیا اور مسطر استعمال کرکے ـ (تشریح الاعضا) آگے کو وسیع کرنا ـ

protraction, n. طول ؛ درازی ؛ کھنچاؤ ؛ تناؤ؛ طوالت ـ

protractive, a. طولی ؛ تاخیری ؛ کھنچا ہوا ـ

protracted meeting, n. طویل اجلاس ؛ وقفے وقفے کے بعد دیر تک جاری رہنے والا اجلاس ـ

protractile, a. طول پذیر ؛ طویل ہونے اور آگے کی طرف دھکیلے جانے کی صلاحیت رکھنے والا ـ

protractor, n. پروٹریکٹر ؛ کوئی بروں آور شخص یا شے ـ (مساحت) گنیا ؛ کاغذ پر لکیریں کھینچنے اور زاویے ناپنے کا آلہ ـ (تشریح الاعضا) عضلۂ ممّدہ ـ

protrude, v.t. آگے کو نکالنا ؛ آگے کی طرف بڑھانا یا گھسانا ؛ باہر کی طرف نکلوانا یا اُبھروانا ـ (فعل لازم) نمایاں طور پر اُبھرا ہوا ہونا ـ

protrudent, a. آگے کو نکلا ہوا؛ اُبھرا ہوا ؛ نمایاں ـ

protrusible, a. آگے کو نکلنے کے قابل ؛ اُبھرنے کے لائق ـ

protrusile, a. آگے کو نکل سکنے یا بڑھ سکنے والا عُضو ـ

protrusility, n. آگے بڑھنے کی صلاحیت ـ

protrusion, n. باہر کو نکلنے کی حالت ؛ باہر کو نکالنے کا عمل ؛ کوئی چیز جو باہر کی طرف نکلے ؛ آگے کی طرف دھکیلے جانے کی حالت ـ

protrusive, a. آگے کو نکلنے یا نکالنے والا ؛ نمایاں کرنے والا ؛ زبردستی مخاطب کرنے والا ـ

protrusively, adv. آگے نکلنے سے ـ

protrusiveness, n. آگے نکلنے کا عمل یا حالت ـ

protuberance, protuberancy, n. سُوجن ؛ ورم ؛ گلٹی ؛ باہر کو نکلی ہوئی یا اُبھرا ہُوا ہونے کی حالت یا شکل ؛ باہر کو نکلا ہوا یا اُبھرا ہوا حصہ ؛ کوئی گول اُبھار ؛ آماس ؛ گومڑی ـ

protuberant, a. بڑھا ہوا ؛ اُبھرا ہُوا ؛ اپنے اردگرد کی سطح سے نمایاں ـ

protyle, n. [یونانی] نخزمادہ ؛ اصل مادہ ؛ ایک فرضی غیر ممیزہ مادہ یا اساسی مادہ ، جس سے بعض لوگوں کے قول کے مطابق جملہ کیمیائی عناصر اخذ کیے جاتے ہیں ـ

proud, a. مغرور ؛ گھمنڈی ؛ خود پسند ؛ متفخر ؛ فاخر ؛ فخر کرنے والا ؛ مناسب خود پسندی رکھنے والا ؛ خود دار؛ کسی اعزاز پر اطمینان یا افتخار محسوس کرنے والا ؛ کسی چیز پر افتخار کرنے والا (جیسے : proud of one's country) ؛ جذبۂ فخر کو اُکسانے والا (جیسے : a proud history) ؛ گھوڑے کی طرح پر جوش یا چاق و چوبند ـ (ادب) عظیم یا شان دار ؛ اپنی اچھائی کے متعلق ایک بلند اور غیر معقول رائے رکھنے والا یا ظاہر کرنے والا ؛ گھمنڈ کرنے والا ؛ متکبّر ـ

proudly, adv. غرور سے ؛ تکبّر سے ؛ گھمنڈ سے ؛ فخریہ ـ

proudness, n. تکبر ؛ غرور ؛ خود ستائی ؛ خود بینی ؛ خود پسندی ؛ تفاخر ـ

proud flesh, n. زخم کا انگور ؛ کھرنڈ ؛ زخموں یا پھوڑوں میں شدت کے ساتھ دانوں کی پیدایش ـ

Proustian, a. بیسویں صدی کے فرانسیسی ناول نگار Marcel Proust (۱۸۷۱ء۔۱۹۲۲ء) کا ، اُس کے بارے میں یا اس کی تصانیف سے متعلق ـ

prove, v.t. ثابت کرنا ؛ پرکھنا ؛ آزمانا؛ تصدیق کرنا ؛ کسی تجربے سے آزمایش کرنا یا یقین حاصل کرنا ؛ امتحان لینا یا آزمایش کرنا ؛ صداقت یا حقیقت کو دلائل ، استنباط یا شہادت کے ذریعے ثابت کرنا ؛ مظاہرہ کرنا ؛ استنباط یا جواز کو ثابت کرنا (جیسے :to prove a will) ؛ وصیت کی دستاویز بنانا ـ (ریاضی) صحت ظاہر کرنے یا اس کا یقین حاصل کرنے کے لیے اس کا دوبارہ حساب کرنا ـ (فعل لازم) تجربے یا آزمایش کے ذریعے معلوم کیا جانا یا یقین حاصل ہونا ؛ توقع کے خلاف ثابت ہونا (جیسے : the report proved to be false) ـ

provable, a. قابل ثبوت ـ

provably, adv. قابل ثبوت طور پر ـ

prover, n. ثابت کرنے والا ـ

provenance, provenience, n. [فرانسیسی] اصل کا ذریعہ یا مقام ؛ منبع ؛ ماخذ ـ

Provencal, a. جنوبی مشرقی فرانس کا علاقے پراوینس (Provence) کا ، اس بارے میں یا اس کے لوگوں ، ان کی زبان یا اُن سے متعلق ـ (اسم) پراوینس کا وطنی یا باشندہ ؛ جنوبی مشرقی فرانس میں بولی جانے والی ایک رومانی (Romance) بولی ـ

provender, n. چارا ؛ گھاس ؛ علف ؛ خشک غذا جانوروں کے لیے جیسے سوکھی گھاس ، بھوسا یا مکئی ؛ کھانے پینے کا سامان ؛ غذا ـ

proventriculus, n. پرندوں میں معدے کا غدودی حصہ جسے ابتدائی ہضم کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ـ

proverb, n. کہاوت ؛ ضرب المثل ؛ مقولہ ؛ ایک مختصر ، پر مغز ، مقبول عام مدت دراز سے زیر استعمال مقولہ ، جس میں کوئی آشنا صداقت ، عملی ہدایت یا مفید خیال موثر اور اکثر خوش نما تصویری زبان میں ہو ؛ اسی بنا پر کوئی شخص یا چیز جو ضرب المثل ہوگئی ہو ؛ عام تذکرے یا حوالے کا موضوع ، زبان زد خاص و عام ؛ خردمندانہ حکایت ، کہاوت یا ہدایت ؛ ایک نصیحت آمیز جملہ ـ (بائبل) ہاتف غیبی کی صدا جو تشریح طلب ہو ـ (بڑے P سے) (جمع مگر ترکیب میں واحد) عہدنامۂ عتیق کی ایک کتاب" امثال" جو حضرت سلیمان اور دوسروں سے منسوب حکیمانہ اقوال پر مشتمل ہے ـ (فعل متعدی) ضرب المثل کی شکل میں ادا کرنا ؛ کسی چیز کو ایک کہاوت کا موضوع بنانا ، زبان زد عام بنا دینا ـ

proverbial, a. مثالی ؛ کہاوتی ؛ ضرب المثلی ؛ ضرب المثل کا ، اُس سے متعلق یا اُس کی خصوصیت رکھنے والا (جیسے :a proverbial

mode of expression)؛ ضرب المثل یا متعدد ضرب الامثال میں بیان شدہ ؛ ضرب المثل کی نوعیت کا یا ضرب المثل جیسا (جیسے : -prover bial sayings)؛ ضرب المثل کا موضوع بنایا ہوا (جیسے : the proverbial rolling stone)۔

proverbially, adv. ضرب المثل کے طور پر۔

provide, v.t. مہیا کرنا ؛ اہتمام کرنا ؛ بروئے کار لانا یا یقین حاصل کرنا ، عاقبت اندیشی سے ؛ انتظام کرنا یا پہلے سے شرط لگا دینا (جیسے : -the contract provides that specified mate rials should be used)؛ تیار ہو جانا؛ تیار کرنا یا پہلے سے حاصل کر لینا (جیسے : to provide income for one's old age)؛ کوئی چیز بہم پہنچانا یا مہیا کرنا (جیسے : to provide food for the needy)؛ گنجایش نکالنا یا پیدا کرنا (جیسے : wealth the forests provide.)؛ کوئی چیز مہیا کرنا یا بہم پہنچانا (جیسے : to provide a building with fire escapes) ۔ (فعل لازم) واجب پیش بینی کے ساتھ تدابیر کا اختیار کیا جانا (جیسے : to provide against accident)؛ سہارے کے ذرائع بہم پہنچانے کے انتظامات کرنا (for کے ساتھ ، جیسے : to provide for a person in one's will)سہارے کے وسائل فراہم کرنا (اکثر for کے ساتھ مستعمل ہے ، (جیسے : the Lord will provide) ۔

providable, a. فراہم کرنے کے لائق ؛ قابلِ فراہمی ۔

provider, n. فراہم کنندہ ؛ مہیا کرنے والا ۔

provided, conj. مشروط ؛ بشرطیکہ ؛ اگر ؛ راس شرط یا مفروضے پر (جیسے : to consent provided or provided that all the others agree)۔

providence, n. حزم و احتیاط ؛ مآل اندیشی ؛ خدا کی دیکھ بھال اور نگرانی اپنی مخلوقات پر ۔ (بڑے P سے) خدا ؛ کوئی چیز جس کا سبب مشیتِ ایزدی کی مزاحمت کا عمل ہو ؛ دانشمندی ۔

provident, a. مآل اندیش ؛ محتاط ؛ حاجتوں کی پیش بینی کرنے اور انھیں پورا کرنے کے لیے ذرائع مہیا کرنے والا ؛ مستقبل کی ضروریات کے لیے تیاری کرنے میں دوراندیش؛ جُز رس ؛ کفایت شعار ۔

providently, adv. دور اندیشی سے ؛ کفایت شعاری سے ۔

providential, a. من جانب اللہ ؛ مشیت ایزدی سے متعلق یا متاثر ؛ خوش قسمت ؛ مبارک ۔

providing, conj. شرط لگانا کہ ؛ بشرطیکہ ؛ اگر ۔

province, n. صُوبہ ؛ ضلع ؛ خطہ ؛ حلقۂ اثر ؛ اصلاً : قدیم روم کی حکومت کے ماتحت ایک خطہ ؛کسی ملک کی انتظامی وحدت ۔ (جمع) دارالحکومت سے کچھ فاصلے پر واقع علاقہ ۔ (کلیسیات) کسی ملک کی ایک قسمت کسی آرچ بشپ کے حلقۂ اختیارات میں واقع ؛ ایک جغرافیائی اکائی جو کسی مذہبی فرقے کی ملکیت میں ہو ؛ کسی شخص کا کوئی مناسب فریضہ ، عہدہ یا کاروبار ؛ عمل یا تفکر کا دائرہ ؛ ایک علمی شعبہ ۔ (ماحولیات) ایک حیاتی جغرافیائی رقبہ جو کسی خطے سے کم وسیع ہو ۔

provincial, a. صوبائی ؛ صوبہ جاتی ؛ کسی صوبے سے متعلق ؛ صوبہ بناتے ہوئے ؛ کسی صوبے کے باشندوں کی خصوصیات کا حامل ؛ گنوار ؛ سادہ ؛ محدود دلچسپیوں یا تنگ خیالات کا ؛ صوبوں سے اخذ کیے ہوئے (عمارات ، فرنیچر یا تزئین کے بعض طرزوں کا مظہر) ؛ کلیسائی صوبے سے یا ایک آرچ بشپ کے دائرۂ اختیارات سے متعلق ۔ (اسم) دارالحکومت کے علاوہ کسی صوبے کا رہنے والا ؛ تنگ نظر یا تنگ خیال شخص ؛ بعض مذہبی فرقوں میں کسی مخصوص ضلع کے اندر کوئی بڑا آدمی ؛ مذہبی رئیسِ صوبہ ۔

provincially, adv. صوبہ وار ؛ صوبہ جاتی طور پر ۔

provinciality, n. صوبائیت ؛ تنگ نظری ۔

provincialist, n. دیہاتی ؛ مفصلات کا رہنے والا ۔

provincialize, v.t. دیہاتی بنانا؛ صوبائی بنانا ۔

provincialism, n. صُوبائیت ؛ تنگ نظری یا جہالت و سادہ لوحی جو ذہنی یا ثقافتی سرگرمی میں حصہ نہ لینے والی صوبائی زندگی کا نتیجہ ہوتی ہے ؛ عادت ، رواج ، انداز یا فیشن ، بالخصوص زبان کا جو صوبے کے ساتھ مخصوص یا صوبائی ہو ۔

Provincial Standard Time, Atlantic Standard Time, n. (بعض اوقات چھوٹے ابتدائی حروف سے) اوقیانوسی معیاری وقت؛کینیڈا کا وقتی منقطہ جو ساٹھویں نصف النہار کے معیار پر مبنی ہے ۔

proving ground, n. کسی تجرباتی پیداوار یا نظام کی قوت کو آزمانے کے لیے کوئی مقام ۔

provision, n. فراہمی ؛ اہتمام ؛ مہیا کاری ؛ پہلے سے کی ہوئی کارروائی ؛ مال کی قبل از وقت ذخیرہ‌اندوزی ۔ (جمع) غذائی اشیا یا سامان خوردونوش کا مہیا کردہ ذخیرہ ؛ ایک شرط یا قانونی استثناء ۔ (فعل متعدی) کھانے پینے کی چیزیں بہم پہنچانا ؛ رسد پہنچانا ۔

provisional, a. وقتی ؛ ہنگامی ؛ عارضی ؛ موجود ضرورت یا موقع کے لیے مہیا کردہ ؛ عارضی طور پر قائم شدہ ۔ نیز : provisionary ۔ (اسم) (ٹکٹ اندوزی) عارضی طور پر اُس وقت تک کے لیے جاری کیا گیا ٹکٹ جب تک باضابطہ طور پر ٹکٹ دستیاب نہ ہو ۔

proviso, n. شرط ؛ فقرۂ شرطیہ ؛ اقرار ؛ کسی آئین ، معاہدے ، عہد نامے ، ہبہ یا دیگر تحریر میں کوئی ایسا مضمون یا ایسی دفعہ جس کی رو سے کوئی شرط اس میں رکھی گئی ہو ۔

provitamin, n. پرووٹامن ؛ بدل حیاتین ؛ وہ جو حیاتین بن سکتا ہے جب اس پر ، جسم کے اندر ، کے بعض مادے عمل انگیز ہوں ، جیسے کیروٹین جو جگر کے عمل سے حیاتین الف (A) میں تبدیل ہو جاتا ہے ۔

provocation, n. غیظ و غضب ؛ طیش ؛ غصہ یا اشتعال؛ اشتعال انگیزی ؛ کا عمل ؛ کوئی بھی چیز جو برانگیختہ یا مشتعل کرتی ہے ؛ برانگیختگی ؛مہیّجہ ؛ التہاب ۔

provocative, a. اشتعال انگیز ؛ اشتعال دلانے کا کام کرنے والا یا اس کام پر مائل ؛ کوئی بھی چیز جس کا رجحان اشتعال دلانے کی طرف ہو ؛ طیش آور ؛ برانگیخت کرنے والا ؛ بھڑکانے والا ۔

provoke, v.t. مشتعل کرنا ؛ غصے پر اکسانا ؛ غصہ دلانا ؛ للکارنا ؛ دعوت مبارزت دینا ؛ برانگیختہ کرنا یا بیدار کرنا ، جیسے بُھوک کو ؛ بروئے کار لانا یا آمادہ کرنا جیسے لڑائی پر بھڑکانا ۔

provolone, n. اطالوی پنیر جس میں ایک خاص قسم کی تیز خوشبو ہوتی ہے ۔

provost, n. پرو ووسٹ ؛ صدر کُلیّہ ؛ منتظم یا نگرانِ کار ؛ یونیورسٹی کا ایک عہدے دار جو تعلیمی سرگرمیوں کا ناظم ہوتا ہے ؛ بعض کالجوں کا سربراہ ؛ ایک بڑے گرجا یا کالج کا درجہ رکھنے والے گرجا کا اعلیٰ عہدہ دار ؛ اسکاٹ لینڈ کے

تقریب جس میں غیر حاضر دولھا یا دلہن کا کردار اُن کا مقرر کردہ نائب ادا کرے۔

prude, n. معقول ؛ زیرک ؛ دانا ؛ اپنے طرز عمل یا گفتگو میں شدید معقولیت ، رکھ رکھاؤ یا منکسر المزاجی ظاہر کرنے والی شخصیت۔

prudence, n. زیرکی ؛ ہوشیاری ؛ دانائی ؛ دانا ہونے کا وصف یا حقیقت ؛ محتاط و عملی خرد مندی ؛ اچھی قوت فیصلہ ؛ صوابدید ؛ خداداد انتظامی قابلیت ؛ کفایت شعاری یا جُزرسی۔

prudent, a. سیانا ؛ زیرک ؛ مصلحت اندیش ؛ چوکس ؛ عملی معاملات کے انتظام میں مدبر اور محتاط ؛ ہوشیار ؛ دانشمند ؛ مستقبل کے لیے منصوبہ بندی میں صائب الرائے ؛ عاقبت اندیش ؛ دانائی کی خصوصیت رکھنے والا یا دانائی کے زیر ہدایت ، جیسے کوئی کارروائی۔

prudently, adv. ہوشیاری سے ؛ احتیاط سے ؛ مصلحت اندیشی سے۔

prudential, a. محتاط ؛ زیرکانہ ؛ دانا ، دانائی کا یا اس کی خوبیاں رکھنے والا ؛ دانائی سے کام لینے والا ؛ صوابدید کے اختیارات رکھنے والا ، بالخصوص کاروباری معاملات میں۔

prudery, n. انتہائی انکسار یا معقولیت ؛ دانشمندانہ عمل یا تقریر۔

prudish, a. عقلمندوں کی خوبیاں رکھنے والا یا عقلمندوں کی طرح کا ؛ شدت کے ساتھ منکسر المزاج ؛ خود پسند ؛ بناوٹی شرم و حیا والا۔

prudishness, n. دکھاوے کی ،بناوٹی شرم و حیا ؛ جنسی تعلقات میں غیر معمولی طور پر احتیاط ؛ تکلف۔

pruinose, a. کہر زدہ ؛ کہر آلودہ ؛ سفید بالوں والا ؛ ایسا معلوم ہونے والا کہ گویا گردو غبار کے باریک ذروں نے ڈھک کر برف کی طرح منجمد کر دیا ہے ، جیسے کسی پودے کی سطح کو۔

prune, n. آلوچہ ؛ زرد آلو ؛ آلو بخارا ، بالخصوص خشک آلوچہ۔ (عوامی) اُکتا دینے والا شخص۔

prune, v.t., v.i. چھانٹنا یا کاٹ ڈالنا ، جیسے درختوں اور جھاڑیوں کی فاضل شاخوں یا ریشوں کو ؛ چاقو سے تراشنا چھانٹنا ؛ صاف کرنا ، جیسے کسی بھی چیز کو جو فاضل ہو۔

pruner, n. کاٹنے چھانٹنے والا۔

prunella, prunelle, n. ایک اونی ٹوئیل جو لباسوں کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛ ماضی میں یہ کپڑا تعلیمی اور مسیحی جُبّوں کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔

pruning hook, n. ڈھانگا ؛ شاخ تراش ؛ باغبانی قینچی ؛ قلابہ ؛ خمدار پھل والا ایک آلہ/اوزار جو درختوں ، جھاڑیوں یا انگور کی بیلوں کو چھانٹنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

prurient, a. نفس پرست ؛ ہوسناک ؛ شہوت انگیز خیالات کی طرف مائل یا میلان رکھنے والا ؛ شہوت انگیزی یا مستی کو بروئے کار لانے والا ؛ ہوس پرست۔

pruriently, adv. فحش خیالی سے۔

prurience, pruriency, n. نفس پرستی ؛ ہوسناکی ؛ ناپاک خیالی۔

Prussian, a. پروشیائی ؛ پروشیا سے متعلق جو ماضی میں یورپ کی ایک مملکت تھی اور ۱۸۷۱ء کے بعد یورپ کی جرمن سلطنت کی تشکیل میں ایک بڑی ریاست بن گئی ؛ پروشیا کی زبان یا

کسی میونسپل کارپوریشن کا درجہ رکھنے والے بڑے شہر/تعلقے کا اعلی مجسٹریٹ جو رتبے میں میئر کے برابر ہوتا ہے۔

provost court, n. پرووسٹ کی عدالت ؛ اُن معمولی جرائم کے مقدمات کا فیصلہ کرنے والی فوجی عدالت جن کا ارتکاب کسی مقبوضہ علاقے میں رہنے والے فوجیوں یا شہریوں نے کیا ہو۔

provost guard, n. پرو ووسٹ گارڈ ؛ وہ فوجی سپاہی جو پرو ووسٹ مارشل کی کمان میں پولیس کے فرائض کی انجام دہی کے لیے متعین کیے گئے ہوں۔

provost marshal, n. (عسکری) پرو ووسٹ مارشل ؛ عملہ کا کوئی عہدہ دار خواہ سالار ہو یا ماتحت سطح کا ، جو نظم و ضبط کے قیام ، تحفظ کے نفاذ اور قیدیوں کی حراست پر ہدایت دیتا ہے اور ان امور کی نگرانی اور معائنے کا اختیار استعمال کرتا ہے۔ (بحریہ) اُن قیدیوں کو حراست میں رکھنے والا عہدے دار جو کورٹ مارشل میں ماخوذ ہوں۔

prow, n. سرِ جہاز ؛ کسی بحری جہاز کا اگلا حصہ ؛ کہان ، آگے کو نکلا ہوا حصہ ، بالخصوص ہوائی جہاز کا۔ (شاعری) بحری جہاز۔

prowess, n. بہادری ؛ شجاعت ؛ جرأت ؛ فوجی بہادری ہنر مندی کے ساتھ ملی ہوئی ؛ غیر معمولی قابلیت۔

prowl, v.t., v.i. پھرنا ؛ تلاش کرنا ؛ گشت کرنا یا آوارہ پھرنا چوری چھپے ، جیسے ایک درندہ شکار کی تلاش میں ؛ گھات میں لگے رہنا۔ (اسم) چوری چھپے پھرنے کا عمل ؛ تگ و دو ؛ تلاش ؛ جستجو۔

prowl car, n. گشتی کار ؛ پولیس کے پہرے کی یا فوجی جتھے کی کار۔

proximal, a. قریبی ؛ اتصالی ؛ جو کسی جسم کے مرکز یا نقطۂ اتصال کے قریب ترین واقع ہو ، جیسے کسی ہڈّی یا عضو کا انتہائی سرا۔ distal کی ضد۔

proximate, a. اگلا ، قریب ترین ، قربت کے ساتھ متصل ؛ پاس پاس ؛ ساتھ لگا ہوا ؛ فوری ؛ اگلی دفعہ آنے والا یا بہت ہی قریب زمانے میں واقع ہونے والا ؛ ترتیبی سلسلے میں اگلا آنے والا (جیسے : aproximate cause) ؛ تقریباً یا خاصا صحیح ؛ لگ بھگ۔

proximity, n. لگ بھگ ہونے کی حالت ؛ نزدیکی ؛ قرب۔

proximity fuze, variable timefuze, VT fuze, n. (عسکری) قرب بدف فتیلہ/فیوز ؛ میزائل کی نوک میں نصب شدہ ایک بہت چھوٹا سا ریڈیو سیٹ جو ریڈیائی سگنل ترسیل کرتا ہے اور جب ہدف سے واپس منعکس ہونے والی ریڈیائی موج وصول ہوتی ہے تو میزائل کے بار کو بھک سے اُڑا دیتا ہے۔

proximo, a. ماہ آئندہ کا (جیسے : the 5th proximo)۔

proxy, n. نیابت ؛ وکالت ؛ قائم مقامی ؛ عوضی ؛ اُس شخص کی عاملیت جو کسی دوسرے شخص کے متبادل کے طور پر کام کرتا ہے؛ کسی دوسرے شخص کے لیے کام کرنے کا اختیار ؛ وہ شخص جو کسی دوسرے کے لیے مختار بنا کر بھیجا جائے ؛ نائب ؛ وہ دستاویز جس کے ذریعے کوئی شخص دوسرے کو اپنی جگہ رائے دینے کا اختیار تفویض کرے۔

proxy marriage, n. نیابتی تقریب شادی ؛ شادی کی وہ

اس کے باشندوں سے متعلق ؛ عسکریتی ؛ جنگجو ذہنیت کا ۔ (اسم) پروشین زبان ؛ پروشیا کا باشندہ ۔

Prussian blue, n. پروشیائی نیلا رنگ ؛ گہرا نیلا رنگ جو بنیادی طور پر لوہے کا سائنوچین مرکب ہوتا ہے ۔

Prussianism, n. ۱۷۵۰ء کے بعد کی وہ حکمتِ عملیاں ، رویے اور کارروائیاں ، جن کی حمایت پروشیا کے طبقۂ امراء نے کی تھی ، خاص کر اپنی افواج کے بارے میں غیر ملکی حکمت عملیوں اور فوجی نظم و ضبط کے متعلق ان کا خراجِ تحسین ۔

prussianize, v.t. (اکثر بڑے P سے) پروشیائی رویّوں اور عملییوں کا حامل بنانا طرز زندگی کا حامل بنانا ۔

prussiate, n. ہائڈرو سایانک تیزاب کا نمک ؛ سایانائڈ ۔

prussic acid, n. (کیمیا) ہائڈروسایانک تیزاب ۔

pry, v.i. راز جُو ہونا ؛ جستجو ہونا ؛ بھید پانا ؛ بہت قریب اور غور سے تکنا ؛ تاکنا جھانکنا ؛ روزن میں سے جھانکنا ؛ کسی چیز کے متعلق جستجو ہونا ؛ متجسس ہونا ؛ ٹوہ لینے کے انداز میں گستاخانہ طور پر (جیسے : to pry into the affairs of others) ۔ (اسم) ٹوہ ؛ متجسس شخص؛ سُن گُن لینے والا ۔

pryer, prier, n. جاسوس ؛ رازجُو ؛ ٹوہ لگانے والا ۔

prying, a. تاک جھانک کرنے والا ۔

pryingly, adv. راز جُویانہ طریقے سے ۔

pry, n. بیرم کے ذریعے اوپر اٹھانے والا آلہ ؛ بیرم کی قوت کا استعمال ۔ (فعل متعدی) بیرم کی قوت سے اٹھانا ، ہلانا یا زور ڈالنا ؛ بمشکل نچوڑنا ، کھولنا یا حاصل کرنا ۔

psalm, n. حمد و ثنا ؛ مقدس گیت یا مناجات ۔ (عموماً بڑے P سے) زبور کے ۱۵۰ مقدس گیتوں میں سے کوئی ایک حمدیہ گیت ۔ (فعل متعدی) مناجاتوں میں ثنا کرنا ؛ مناجات خوانی کرنا ۔

psalmbook, n. مزامیر نامہ ؛ مناجات نامہ ؛ حمد نامہ ؛ کتاب زبور ؛ ان مناجاتوں یا دیگر گیتوں پر مشتمل کتاب جو گرجا کی نمازوں میں گائی جاتی ہیں ۔

psalmist, n. مناجاتوں کا لکھنے والا یا مصنف و مؤلف ۔

the Psalmist, حضرت داؤد ۔

psalmody, n. بائبلی مناجات ؛ سرود خوانی ؛ مناجاتیں گانے کا فن یا مشق ؛ مناجاتیں بحیثیت مجموعی ؛ حمد خوانی یا حمد نگاری ۔

Psalter, n. کتاب زبور ؛ سرور عارفانہ کی کتاب ؛ ترجمۂ زبور ؛ انجیل کی مناجاتوں کی کتاب ؛ صرف مناجاتوں پر مشتمل کتاب یا ان مناجاتوں کا ایک نسخہ جو مذہبی نمازوں میں پڑھی جاتی ہیں ۔

psalterium, n. دیکھیے : Omasum ۔

pslatery, psaltry, n. زمانۂ قدیم کا ایک آلۂ موسیقی (بربط کی شکل کا) ، سنطور سے ملتا جُلتا ؛ تیرہ تارا ۔

pseudepigrapha, n. جعلی تحریرات ؛ غیر مستند تصنیفات ؛ مشکوک تحریریں ؛ وہ تحریریں یا کتابیں جن پر جھوٹا عنوان چسپاں کیا گیا ہو یا جو اپنے اصلی مصنفوں کے بجائے کسی دوسرے کے نام سے منسوب ہوں ، بالخصوص بعض ایسی تحریریں (مذہبی کتابوں اور کتابِ مشکوک کے علاوہ) جو انجیل کی نوعیت کا دعویٰ کرتی ہیں مگر جنھیں مذہبی یا مبنی بروحی یا مذہبی استعمال کے قابل نہیں سمجھا جاتا ۔

pseudepigraphal, pseudepigraphous, pseudepigraphic, a. کتاب مشکوک کا یا اُس سے متعلق ؛ جعلی ۔

pseudepigraphy, n. جعلی منسوبیت ؛ کسی ادبی کتاب کو اس کے مصنف کے علاوہ کسی اور سے منسوب کرنے کا فن ۔

pseudo, a. جعلی ؛ مصنوعی ؛ نقلی ؛ بے اصل ؛ بہ ظاہر ۔

pseudocarp, n. (نباتیات) ثمر کاذب ؛ وہ پھل جو پختہ بیضہ دانی اور اس کے مشمولات کے علاوہ دوسرے مشمولات بھی رکھتے ہیں جیسے سیب یا اناس ۔

pseudoclassic, a., n. (فن و ادب) جعلی کلاسیکی ؛ کلاسیکی فنون و ادب کی نقالی میں یا کلاسیکی شکل میں جعلی طور پر ظاہر کرنے والا ؛ بظاہر کلاسیکی ۔

pseudoclassicism, n. جھوٹی یا جعلی کلاسیکیت ؛ بظاہر کلاسیکیت ۔

pseudomorph, n. جعلی صورت ؛ کاذب صورت ؛ حرام صورت ؛ کاذب نُما ؛ نقص والی یا بے قاعدہ سی شکل ؛ ایسی شکل رکھنے والا معدن جو اُس مادے کا نہ ہو جس پر وہ مشتمل ہو بلکہ کسی اور مادے کا ہو جسے اُس نے جزواً یا کاملاً بدل کر اُس کی جگہ خود لے لی ہو ۔

pseudomorphic, a. متعلق بہ کاذب صورت ۔

pseudomorphism, n. کاذب صورتی ؛ کاذب نمائی ۔

pseudomorphous, a. کاذب نمائندہ ؛ کاذب نما ۔

pseudonym, n. مصنف کا فرضی نام ؛ اسم مستعار ؛ قلمی نام ؛ ایک مصنوعی نام ، بالخصوص وہ جو کسی مصنف نے اختیار کر لیا ہے ؛ تخلص ۔

pseudonymous, a. قلمی/فرضی نام کا ؛ تخلص کا ؛ جھوٹا نام رکھنے والا ؛ ایک فرضی نام سے لکھا ہوا ۔

pseudonymously, adv. فرضی نام سے ۔

pseudnymousness, n. تصنیف جو فرضی نام سے ہو ؛ فرضی نام سے شہرت ۔

pseudopodium, n. (حیوانیات) کاذب زائیدہ ؛ کاذب پا ؛ ایک نُخز حوینی (protozoan) کے جسم سے باہر نکلنے والا عضو جو جسم کے اندر واپس بھی جا سکتا ہے اور جسے حرکت کرنے اور کھانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

pseudopod, n. کاذب پا ؛ ایک نخز حوینی جو کاذب پا رکھتا ہے ، جیسے امیبا یا بدلو۔

pseudopregnancy, n. کاذب حمل ؛ بعض دودھ پلانے والے جانوروں کی حالتِ حمل جو اصل حمل کی نہیں ہوتی ؛ بظاہر حمل۔

pseudopregnant, a. کاذب یا بظاہر حمل رکھنے والا/والی۔

pseudoscience, n. جعلی سائنس ؛ کاذب سائنس ؛ متعلقہ معلومات ، نظریات اور قاعدوں کا ایک مجموعہ جو غلط طور پر سائنسی سمجھا جاتا ہے ۔

pseudoscientific, a. جعلی سائنسی طریقے کا ۔

pshaw, interj. ایک کلمۂ حقارت ؛ چھی چھی ، تُھو تُھو ؛ ایک فجائیہ جو بے صبری یا حقارت کا اظہار کرتا ہو ۔

psi, n. سائی : یونانی حروف تہجی کا تیئسیواں حرف ۔

psilocybin, n. پھپھوندی کا الکلائڈ ، Psilocybe mexicana) جو واہمہ زا (hallucinogen) کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

psittacine, psittaceous, a., n. طوطے جیسا : طوطی وش : طوطے کی قسم کا : طوطا صفت ۔

psittacosis, n. (امراضیات) طوطا بخار : ایک شدید ، سوکھے کا ، زہر آلود مرض جو پھیپھڑوں کو متاثر کرتا ہے اور جس کے ساتھ تیز بخار بھی ہو جاتا ہے ۔ پہلے یہ دریافت ہوا تھا کہ یہ مرض طوطوں سے آدمی کی طرف منتقل ہوتا ہے لیکن اب معلوم ہوا ہے کہ دوسرے پرندوں میں بھی یہ مرض موجود ہوتا ہے ۔

psoriasis, n. (امراضیات) چنبل : سرخ باد : ایک مزمن جلدی مرض جس کی خصوصیت گرمی دانوں کے سرخ چٹھے ہوتے ہیں ۔

psoriatic, a. سرخ باد کا مریض ۔

psychasthenia, n (طب نفسی) ضعف دماغ : جذباتی انتشار جس کا اظہار مریضانہ فکر مندیوں ، خوف اور مالیخولیا سے ہے ۔

psychasthenic, a., n. ضعف دماغی کا شکار ۔

Psyche, n. اروح مجسم جسے آرٹ میں حسین دوشیزہ کی صورت میں دکھایا جاتا ہے] (کلاسیکی اساطیری) سائیکی : نفس : دماغ : تتلی کے پروں والی دوشیزہ ۔ (تحلیل نفسی) کسی شخص کے ذہنی اجزائے ترکیبی (شعوری و لاشعوری)۔

psychedelec, psychodelic, a. شعور کا : اُس سے متعلق یا اُس میں غیرمعمولی تبدیلیاں پیدا کرنے والا ، جیسے حسی ادراک اور آگہی کی شدت : واہمہ اور مغالطہ : منشیات کے گروہ میں سے کسی کا یا اُس سے متعلق جو نشہ پیدا کرتی ہیں ، جیسے Silocybin, LSD اور mes-caline : شعور کو وسعت دینے والی : شعور زبا ۔

Psyche knot, n. جُوڑا : عورت کے سر کی پشت پر سنوارے ہوئے بالوں کا باندھا ہُوا جُوڑا ۔

psychiatrist, n. طبیب نفسی: طبیب جس نے طب نفسی میں تخصص حاصل کیا ہو ۔

psychiatry, n. طب نفسی : نفسیاتی علاج : طب کا وہ علمی میدان جس کا تعلق جذباتی اور ذہنی انتشارات کی تشخیص اور علاج سے ہوتا ہے :دماغ کاطبی معالجہ۔

psychic, a. نفسی : دماغی : روحی : انسانی روح یا ذہن کا یا اُس سے متعلق : ذہنی بمقابلہ جسمانی : ایک ایسی مفروضہ غیر جسمانی قوت یا طاقت کا یا اُس سے متعلق : اُس کا زور دبا ہوا یا اس سے پیدا ہونے والا ، جس کے بارے میں یہ سمجھ لیا گیا ہو کہ وہ مختلف مبہم مظاہر قدرت جیسے اشراق ، غیب بینی یا روحانیت میں عمل پیرا ہوتی ہے ۔ بالخصوص مفروضہ مافوق الفطرت اثرات کو قبول کرنے کی صلاحیت رکھنے ہے ۔ (اسم) وہ شخص جو کسی غیر طبیعیاتی یا روحانی اثر کے لیے غیر معمولی طور پر حساس ہو : معمول ۔

psychical, a. نفسی : دماغی : روحانی کوششوں سے متعلق ۔

psychically, adv روحانی طور پر : نفسی طور پر ۔

psychic energizer, n. مقوی دماغ : کوئی مہیج ذہن مثلاً ایمفاٹامن ۔

psycho, n., a. (عوامی) سائیکو : نفسیاتی مریض : ذہنی طور پر بیمار یا عصبی مریض ۔

psychoactive, a. فعال نفسی : کسی دوا یا دواؤں سے متعلق جو ذہن یا طرز عمل کو متاثر کرتی ہیں ۔

psychoanalysis, n. تحلیل نفسی : نفسی تجزیہ : کسی فرد کے تحت الشعوری خیالات کا مطالعہ یا تجزیہ کرنے کا طریقہ ، جیسے آزادانہ ربط و ضبط اور خوابوں سے ظاہر شدہ ، ان خفیہ ذہنی تناقضات کا پتا چلانے کے لیے جو جسم اور ذہن کے انتشارات پیدا کر سکتے ہیں ۔

psychoanalytic, psychoanalytical, a. تحلیل نفسی کا ۔

psychoanalytically, adv تحلیل نفسی کے طور پر ۔

psychoanalyst, n. ماہر تحلیل نفسی : تجزیہ نفسی کا پیشہ اختیار کرنے کی اہلیت و قابلیت رکھنے والا ۔

psychoanalize, v.t. تجزیہ نفسی کے ذریعے معائنہ اور علاج کرنا جیسے کسی مریض کا ۔

psychobiology, n. نفسی حیاتیات : ذہن اور جسم کے درمیان تعامل اور تعلق کا مطالعہ ، بالخصوص جیسا کہ عصبی نظام میں ظاہر ہوتا ہے ۔ نفسیات کے حیاتیاتی پہلو ۔

psychobiologist, n. نفسی حیاتیات کا ماہر ۔

psychodrama, n نفسی تمثیل : نفسیاتی ڈراما : گروہی نفسیاتی علاج کی ایک قسم جس کا مقصد مریضوں کو اس طرح بحال کرنا ہوتا ہے کہ ان سے ایسے کرداروں کی اداکاری کرائی جاتی ہے جن سے ان کے اپنے مسائل پر روشنی پڑنے کا امکان ہو ۔

psychodramatic, a. نفسیاتی ڈرامے کا ۔

psychodynamic, a. نفس حرکی : نفس قوائی : نیت سے وابستہ طرز عمل کے مطالعے سے تعلق رکھنے والا : ذہنی عمل کے نشوونما اور اثر سے تعلق رکھنے والا : متعلق بہ قوائے نفسی ۔

psychodynamically, adv قوائے نفسی کے ساتھ ۔

psychodynamics, n علم قوائے نفس : نفس حرکیت ۔

psychogenesis, n. ارتقائے نفس : تولید نفس : روح اور ذہن کی ابتدا یا اصل اور نشوونما ، اصل اور نشوونما نفسی یا ذہنی عمل کے باعث بمقابلہ جسمانی سرگرمی : نفس زائی ۔

psychogentic, a. نفس زایانہ ۔

psychogenetically, adv نفس زائی سے متعلق ۔

psychogenic, a نفس زاد : نفسی یا ذہنی اصل کا یا ذہنی حالات یا طریقوں پر منحصر ، جیسے انتشار ذہنی ۔

psychogenically, adv حالت انتشار میں ۔

psychognosis, n توہمی نفسیات : قیافہ : ذہن کا مطالعہ ، بالخصوص کردار کے تعلق سے ۔

psychognostic, a. قیافے والا ۔

psychograph, n نفس نامہ : نفس نگار : نفسیاتی سوانح : روح نگار : ایک ترسیمہ جس میں کسی مخصوص فرد کے شخصی وصاف مرتسم کیے گئے ہوں : کسی فرد کے اوصاف یا قابلیتوں کا سوانحی بیان ۔

psychohistory, n نفسی تاریخ : تحلیل نفسی میں ماضی بیان کرنے کا طریق عمل ۔

psychokinesis, n. نفسی حرکت ؛ روحی حرکت ؛ حرکت بعمل رُوح؛ طبیعی قوت کو استعمال کیے بغیر ارادے کی مفروضہ طاقت سے طبیعی اشیا پر ضبط حاصل کرنا، جیسے محض پانسے کو پھینک کر۔

psychological, psychologic, a. نفسیاتی؛ نفسیات کا یا اُس سے متعلق؛ ذہن سے یا ذہنی مظاہر قدرت سے متعلق ؛نفسیات کے موضوعی مواد کے طور پر؛ ذہنی یا موضوعی (جیسے : a condition of affairs that is purely psychological)۔

psychologically, adv. نفسیاتی طور سے۔

psychological hedonism, v.i. نفسیاتی لذتیت: یہ نظریہ کہ طرز عمل بنیادی طور پر اس خواہش سے متحرک ہوتا ہے کہ تکلیف سے بچ جائے یا مسرت سے ہمکنار ہوا جائے : نفسیاتی نشاط پرستی۔

psychological moment, n. لمحۂ نفسیاتی : کسی مقصد کے لیے عمل کرنے یا اُسے حاصل کرنے کا سب سے زیادہ موزوں لمحہ ؛ نازک لمحہ۔

psychologism, n. نفسیاتی منطق : ایک نظریہ جو تاریخ اور فلسفے کی ترجمانی میں نفسیاتی بصیرت کو اہمیت دیتا ہے۔

psychologist, n. ماہر نفسیات : نفسیات داں ؛ عالم نفسیات : وہ شخص جو نفسیات میں ماہر ہو۔

psychologize, n. نفسیات آرائی کرنا : نفسیاتی تحقیقات یا قیاس آرائیاں عمل میں لانا۔

psychology, n. نفسیات : علم کی وہ شاخ جو ذہن انسانی سے تعلق رکھتی ہے ؛ علم النفس ؛ وہ ذہنی علم جو شعور اور طرز عمل کے واقعات کے بغور مطالعے سے اخذ کرتے ہیں ؛ ذہن یا کردار کی وہ مجموعی کیفیتیں جو کسی گروہ یا اس کے کسی رکن کے ساتھ مخصوص ہوتی ہیں ؛ نفسیات پر ایک تحریری بیان۔

psychometrics, n. دیکھیے : Psychometry۔

psychometry, n. (نفسیات) نفس پیمائی : ذہن پیمائی : ذہنی ملکات کے اضافی استحکام کی پیمائش ۔ نیز : psychometrics ؛ کسی شے ، اس سے وابستہ کسی فرد کے قریب ہونے یا اس کے ساتھ رابطہ رکھنے سے اُس شے یا فرد کے متعلق واقعات دریافت کرنے کی مفروضہ قابلیت۔

psychometrist, n. نفس یا ذہن پیما یا اس فن میں ماہر شخص۔

psychomotor, a. نفسی حرکی : ذہنی عمل کی پیدا کی ہوئی حرکت سے متعلق۔

psychoneurosis, n. (طب نفسی) نفسی خلل اعصاب : خلل اعصاب : جس میں مریض کی گھبراہٹیں، خوف اور متعدد مختلف جسمانی شکایات محض جذباتی ہوتی ہیں اور ان کا کوئی طبیعی سبب نہیں ہوتا۔

psychopath, n. (طب نفسی) نفسیاتی مریض : دماغی مریض : خلل دماغ کا شکار؛ ایک فرد جس کی شخصیت نفسی امراض کا شکار ہو ؛ ذہنی طور پر غیر مستحکم شخص۔

psychopathic personality, n. (طب نفسی) خبطی شخصیت : مخبوط شخصیت : نفسیاتی مریض : دماغی انتشار کی حامل شخصیت : ایسا شخص جس کے دماغی خلل کا ثبوت اُس کے سماج مخالف، غیر مؤثق، غیر اخلاقی اور بعض اوقات مجرمانہ طرز عمل یا دوسروں کے ساتھ گہرے تعلقات قائم کرنے یا تجربے سے سبق حاصل کرنے کی عدم قابلیت سے ملے۔

psychopathology, n. نفسی امراضیات : ذہنی علم الامراض۔

psychopathologist, n. ذہنی امراض کا ماہر۔

psychopathologic, psychopathological, a. ذہنی امراض سے متعلق یا اُس کے بارے میں۔

psychopathy, n. دماغی عارضہ : غیر طبیعی ذہنی حالت۔

psychopathic, a., n. دماغی مرض والا : دماغی مریض۔

psychopathically, adv. دماغی امراض کے طور سے۔

psychopharmaceutical, n. نفسی ادویہ سازی : کوئی دوا جس کا مقصد ذہنی حالت کو متاثر کرنا ہو۔

psychophysical parallelism, n. نفسی طبعی مطابقت : یہ نظریہ کہ طبیعی اور ذہنی اعمال کے درمیان سخت مطابقت ہے مگر تعامل نہیں ہے۔

psychophysics, n. (نفسیات) نفسی طبیعیات : مہیّجوں اور حسیّت کے درمیان رابطے کا تجرباتی مطالعہ ، اس کے وظیفی اور مقداری پہلوؤں میں۔

psychophysical, a. نفسی طبیعی۔

psychophysically, adv. نفسی طبیعیات کی رُو سے۔

psychophysicist, n. نفسی طبیعیات داں۔

psychosis, n. دماغی عارضہ : نفسی مرض : نفسیت : ایک بڑا ذہنی انتشار جس کی خصوصیات میں شخصیت کا تفوق اور دوسروں سے تعلق کے ادراک کی عدم قابلیت شامل ہوتی ہے۔

psychotic, a., n. ذہنی انتشار والا : نفسیتی۔

psychotically, adv. ذہنی انتشار سے۔

psycosomatic, a., n. نفسی جسمانی : ذہنی یا جذباتی اصل کی جسمانی علامات رکھنے والا۔

psychosomatically, adv. ذہن یا جذبات سے پیدا ہونے والی جسمانی حالت سے۔

psychosomatics, n. علم نفسی جسمانی : علم طب کی ایک شاخ جو طبیعی مرض اور اس کے ذہنی و جذباتی اسباب کے مابین روابط سے تعلق رکھتی ہے۔

psychosurgery, نفسی جراحی : دماغ کی جراحی جو بعض ذہنی امراض کی علامات میں تخفیف کرنے یا انھیں دور کرنے کے لیے کی جاتی ہے۔

psychotherapy, psychotherapeutics, n. نفسی معالجہ : عدم مطابقت کی صورتوں اور ذہنی انتشاروں کو صحیح کرنے کے لیے نفسیاتی طریقہ ہائے علاج۔

psychotherapeutically, adv. نفسیاتی علاج سے

psychothrapist, n. ماہر نفسیاتی علاج۔

psychrometer, n. نمی پیما : برودت پیما ؛ رطوبت پیما : ایک آلہ جو دو تھرما میٹروں پر مشتمل ہوتا ہے ، ایک میں گیلا اور دوسرے میں خشک بلب لگا ہوتا ہے ، ان دونوں کے شمار کا فرق ہی ماحول میں نمی کا پیمانہ ہوتا ہے۔

psychrophilic, a. برودت باشانہ : انجمادی درجہ ہائے حرارت پر یا ان کے قریب پھلنے پھولنے کے قابل ، جیسے بعض جراثیم۔

psychrophile, n. برودت باش۔

psychotropic, a. منقلب نفسی ؛ ذہنی حالت کی اصلاح کرنے والی دوا کے متعلق ۔

ptarmigan, n. ایک قسم کا سفید تیتر ؛ جنس بھٹ تیتر (Lagopus) کی مختلف انواع میں سے کوئی ایک ، اُس کی خصوصیت پر دار پاؤں ہوتے ہیں اور وہ سرد خطّوں کے پہاڑوں پر پایا جاتا ہے ۔

P T boat, mosquito boat, motor Torpedo boat, n. (امریکی بحریہ) ایک چھوٹا بحری جہاز جو انتہائی حرکت پذیر اور تیز ہوتا ہے ، وہ سطح سمندر پر چلنے والے دشمن کے جہازوں اور آبدوز کشتیوں پر حملہ کرنے کے لیے تارپیڈو گولے اور گہرائی کے برقی بار لے کر چلتا ہے ۔

pteridology, n. فرنیات ؛ کرفیّات ؛ نباتیات کی وہ تقسیم جس کا تعلق فرنوں سے ہوتا ہے ۔

pteridological, a. فرنوں والا ۔

pteridologist, n. ماہر فرنیات/کرفیات ۔

pteridophyte, n. تخمی کرف ؛ کرفیه ؛ بغیر پھولوں یا بیجوں والے پودوں کی ایک نسل کا کوئی ایک پودا ؛ اس نسل میں فرن ، نباتِ کبریت اور ان کے جوڑ کی دوسری اقسام ہوتی ہیں ۔

pteridophytous, pteridophytic, a. تخمی کرفی ۔

pterodactyl, n. اڑن خزندہ ؛ عصرِ جوراسی اور عصرِ چاکی کے اڑنے والے حشرات کا ایک گروہ جو اب نایاب ہے ، اس کا کوئی رُکن ، اس نوع کے اگلے بازو کا ایک جزو بہت زیادہ لمبا اور ایک پر کی جھلی پر سہارا لیے ہوئے ہوتا تھا ۔

pterodactyloid, pterodactylous, a. اُڑن خزندے کا ۔

pteropod, n., a. پر پایہ ؛ صدفیوں کے اسی نام و جنس کے ایک گروہ میں سے کوئی ایک ، اُن کے پاؤں کے جانبی حصے وسیع ہو کر پر جیسی کن پٹیوں میں چلے جاتے ہیں ۔

pterosaur, n. پردار سوسمار ؛ ایک نایاب اڑنے والا حشرہ ، جیسے میانی پردار سوسمار، جو اب معدوم ہے ۔

pterygoid, a., n. (تشریح الاعضا) پر نُما ؛ جناح نما ؛ کھوپڑی کی اساس پر خانہ نما ہڈی کے قریب واقع تشریحی خدوخال سے متعلق ۔

pterygoid process, n. (تشریح الاعضا) زائدہ عظم وتدی ؛ خانہ نما ہڈی کی دونوں اطراف میں دو اُبھار، ہر اُبھار دو پلیٹوں پر مشتمل ہوتا ہے، جو ایک کٹاؤ کے ذریعے الگ ہوتے ہیں ؛ ان دو ابھاروں میں سے کوئی بھی ابھار ؛ ان دو پلیٹوں میں سے کوئی بھی پلیٹ ۔

ptisan, n. جوشانده ؛ آش جو ؛ ایک قسم کی چائے یا جَو اور دیگر جڑی بوٹیوں کا جوشانده ۔ نیز : ptisane؛ انگور کا رس جو دباؤ کے بغیر پھل سے نکالا گیا ہو ۔

Ptolemaic, a. بطلیموسی ؛ یونان کے فلسفی بطلیموس کا ؛ قدیم مصر کے بادشاہوں ،بطلیموسیوں کا ۔

Ptolemaic system, n. نظامِ بطلیموسی ؛ دوسری صدی عیسوی کے یونانی فلسفی بطلیموس کا پیش کردہ ایک فلکیاتی نظام یا نظامِ ہیئت ، جس کا مفروضہ یہ تھا کہ زمین کائنات کے بیچ میں ایک جگہ قائم ہے اور سورج اور ستارے اس کے گرد چکر لگا رہے ہیں ۔

Ptolemaist, n. نظامِ بطلیموس پر یقین رکھنے والا ۔

ptomaine, ptomain, n. (حیاتی کیمیا) ٹومین ؛ عفونتی زہر ؛ اساسی نامیاتی مرکبات کی ایک قسم جن میں سے بعض بہت زیادہ زہرآلود ہوتے ہیں ، وہ حیوانی اور نباتاتی مادے میں اُس کے سڑنے کے دوران پیدا ہوتے ہیں ۔

ptomaine poisoning, n. (امراضیات) عفونتی زہر جو ٹومین سے پیدا ہو : اُس کا اطلاق دوسری قسم کی غذائی زہر آلودگی پر غلطی سے کیا جاتا ہے ۔

ptosis, n. (امراضیات) استرخا ؛ اوپر کے پپوٹے کا گرنا یا جُھکنا ، اُس کے عضلۂ رافعه کے مفلوج ہو جانے کے باعث ؛ کسی عضو کے نیچے گرنے یا ڈوبنے کی حالت ۔

ptyalin, n. (حیاتی کیمیا) ٹایالِین ؛ لعابین ؛ آدمی اور بعض نیچے درجے کے جانوروں کے لعاب دہن میں ایک خامرہ ، جس کی یہ خاصیت ہے کہ وہ نشاستے کو قندِ شعیر اور نشاستین میں بدل دیتا ہے ۔

ptyalism, n. لعابیت ؛ سیلاب دہن ؛ لعاب دہن کا بکثرت اِخراج ؛ کثرتِ لعاب ۔

pub, n. (برطانوی) (بول چال) عوامی جگہ ؛مے کدہ ؛ شراب خانہ ؛ کلال خانہ ؛ سرائے ؛ بھٹیار خانہ ؛ خرابات ۔

puberty, n. عنفوان شباب ؛ آغاز بلوغت ؛ سنِ بلوغ ؛ سیان پَن ؛ مرد اور زن دونوں کی عمر کا وہ زمانہ جس میں تولیدی نظام باضابطہ نشوونما پا چکتا ہے؛ وہ عمر جس میں اشخاص بچہ پیدا کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں ۔

puberulent, puberulous, a. (حیاتیات) روؤں سے ڈھکا ہوا؛ روئیں دار ۔

pubes, n. (تشریح الاعضا) موئے زہار؛ نچلے مثانے کا درمیانی حِصّہ جو بلوغ پر بالوں سے ڈھک جاتا ہے ؛ اس علاقے میں اگنے والے بال ۔ (حیاتیات) پودوں پر روئیں یا پشم ؛ روئیں داری ؛ پشم داری ۔

pubescence, pubescency, n. آغاز بلوغ ؛ عنفوانِ شباب ؛ جوانی ؛ بلوغت ؛ اُس شخص کی حالت جو بلوغ کو پہنچ چکا ہے یا پہنچ رہا ہے ۔ (حیاتیات) چھوٹے نرم بال جیسے کہ پودوں پر ہوتے ہیں ۔

pubescent, a. جوان ، بالغ ؛ سیانا ؛ بلوغ تک پہنچنے والا ۔ (حیاتیات) نفیس ، مختصر ، نرم پشم والا ؛ بالوں سے ڈھکا ہوا، جیسے رواں بعض پودوں کے پتوں پر یا بعض حشرات الارض کے جسموں پر ہوتا ہے ۔

pubic, a. عانی ؛ پشمی ؛ مثانے کے نچلے حصے سے متعلق ؛ پیڑو کا ۔

pubis, n. (تشریح الاعضا) عانه ؛ عظم عانه ؛ دو میں سے کسی ایک گم نام ہڈی کا وہ حصہ جو دوسری ہڈی کے متطابق حصہ کے ساتھ مل کر پیڑو کے حوض کا سامنے والا رخ بناتا ہے ؛ پیڑو کی ہڈی ۔

public, a. عام ؛ عوامی ؛ عوام کا ؛ سرکاری ؛ عمومی ؛ قومی ؛ ملکی ؛ متعلق به عوام ؛ جو نجی نہ ہو ؛ پوری قوم سے متعلق ؛ مملکت ، قوم یا برادری کے لیے کارگر (جیسے : Public service) ؛ بہت سوں کی طرف سے (فرداً فرداً) یا جمہور کی طرف سے (مجموعی طور پر) شروع کیا ہوا ؛ عوام کا عام طور پر (جیسے: a public

public law, n. قانونِ عامہ ؛ کوئی ایسا قانون یا آئین جسے کوئی مملکت یا قوم اختیار کرے یا کتابِ آئین پر لائے اور اُس کا اطلاق عوام پر بحیثیت مجموعی ہوتا ہو ؛ کسی حکومت کے دستوری اور انتظامی قوانین ، بمقابلہ نجی قانون ۔

publicly, adv. عوامی انداز میں ؛ کھلم کھلا ؛ بغیر کسی اخفا کے ؛ عوام کی طرف سے یا ان کے نام میں ۔

public property, n. جائیداد عامہ ؛ کوئی چیز جس کو یہ سمجھا جائے کہ وہ عوام ، مملکت یا قوم کی ملکیت میں ہے اور اس پر ضبط و اختیار عموماً کسی سرکاری ذریعے کو قانوناً حاصل ہے ، جیسے نیشنل پارک ۔

public relations, n. تعلقات عامہ ؛ کسی فرد ، گروہ یا ادارے کی طرف سے ایسے اقدامات جو موافق رائے عامہ کو فروغ دینے والے ہوں ؛ اِس قسم کی موافق رائے کو فروغ دینے کا فن اور تکنیک ۔

public sale, n. نیلام ؛ عوامی اطلاع کے بعد ہونے والا نیلام ۔

public school, n. پبلک اسکول ؛ ابتدائی یا ثانوی اسکول جو ملکی قانون کے ذریعے کسی ضلع ، کاؤنٹی (صوبہ) یا شہر میں قائم کیا گیا ہو اور حکومت کے ٹیکسوں سے اس کے اخراجات چلتے ہوں، قوم کے بچوں کے لیے ایک آزاد تعلیمی نظام کے حصے کے طور پر ۔ (برطانوی) ایسے بعض اسکولوں میں سے کوئی ایک جو بڑے لڑکوں کے عطیاتی ، سکونتی اسکول ہوتے ہیں جیسے ایٹن (Eton) ، جن کی سرپرستی عموماً دولت مند لوگ کرتے ہیں اور جہاں طلبا کو کالج کے لیے یا سرکاری ملازمتوں کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔

public servant, n. سرکاری مُلازم ؛ حکومت کا ایک ملازم ۔

public service, n. خدماتِ عامّہ ؛ ایک کاروبار جو خدمات یا اشیائے صَرف ، جیسے بجلی یا وسائل نقل و حمل عوام کو مہیا کرتے ہیں ؛ ایک ایسی خدمت جو عوام کو مفت مہیا کی جائے ؛ سرکاری خدمت جیسے کارِ سرکار۔

public-service corporation, n. جذبۂ خدمت عامہ ؛ ایک کارپوریشن جو بنیادی خدمات جیسے ٹیلیفون یا برقی توانائی عوام کو مہیا کرتی ہے ۔

public speaking, n. عوامی فنِ تقریر ؛ عوام کے سامنے موثر زبانی اظہار خیال کا عمل یا فن۔

public-spirited, a. خیر خواہ خلائق ؛ ترقی خواہ عوام ؛ وطن پرست ؛ محب وطن ؛ فلاح عامہ کے لیے بے غرضانہ خواہش رکھنے والا یا ظاہر کرنے والا ۔ ۔

public utility, n. افادیت عامہ ؛ افادات عامہ؛ ایک کاروبار ، صنعت یا آڑھت جو عام اہمیت یا ضرورت کی شے یا خدمت مہیا کر رہی ہو یا دستیاب کر رہی ہو اور حکومت کے بعض ضوابط کے تحت کام کرتی ہو۔

public works, n. تعمیرات سرکاری ؛ تعمیرات عامہ ؛ کوئی بھی چیز جو سرکاری فنڈ سے حکومت نے بنائی یا تعمیر کی ہو ، عوام کے استعمال یا تفریح کے لیے ، جیسے لائبریریاں ، سڑکیں ، پارک ، ہوائی اڈے ، عوامی مکانات یا اسی قسم کے دیگر منصوبے ۔

publish, v.t., v.i. شائع کرنا ؛ نکالنا ؛ پھیلانا ؛ تشہیر کرنا ؛ چھاپنا ؛ چھپوانا اور پیش کروانا فروخت کے لیے ، جیسے کوئی اخبار ، کتاب ، رسالہ یا نقشے وغیرہ ؛ اعلان عام کرنا۔

publisher, n. ناشر ؛ شائع کرنے والا ؛ مشتہر کرنے والا ؛ مشتہِر کنندہ ؛ شائع کنندہ ؛ نشرواشاعت کا کام کرنے والا ، بالخصوص وہ

subscription) ؛ سب کے علم کے لیے کھلا ہوا ؛ مشترک (جیسے : a public hero) ؛ بدنام (جیسے : a public disgrace) ؛ نجی مفاد کو نہیں بلکہ پوری ملت کی بھلائی کو ملحوظ رکھتے ہوئے (جیسے: public spirit) ؛ عام استعمال کے لیے کھلا ہوا (جیسے : a public road) ۔ (اسم) بنی نوع انسان یا کسی قوم ، کسی مملکت یا کسی ملت کی جمعیت عامہ ، عوام الناس (لفظ the کے ساتھ) ؛ سامعین بحیثیت مجموعی ؛ وہ جو کسی مصنف یا کسی معروف شخصیت کو پسند کرتے ہوں ۔

public-address system, P.A. system, n. نظام خطاب عامہ ؛ آلاتِ مکبر الصوت اور آواز کے افزایش گروں کے ایک سلسلہ کے ذریعے افزایش آواز کا ایک برقیاتی نظام جسے لوگوں کے بڑے بڑے گروہوں تک آواز پہنچانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

publican, n. محصول کی وصولی کرنے والا ؛ قدیم رومیوں کے زمانے میں سرکاری محصولات کو جمع کرنے والا ؛ حکومت کے ٹیکسوں یا مال گزاریوں کو جمع کرنے والے کوئی بھی عہدہ دار۔ (برطانوی) کسی کلال خانے، شراب خانے یا ایسے ہی کسی اور ادارے کو چلانے والا ۔

publication, n. کتاب ؛ تصنیف ؛ شائع کرنے یا عوامی توجہ کے لیے پیش کرنے کا عمل ؛ اشاعت ؛ تشہیر ؛ عامۃ الناس کے لیے اطلاع نامہ ؛ منادی یا ڈھنڈورا ؛ مطبوعہ یا پیش کردہ، جیسے کوئی کتاب ، رسالہ، اخبار ، نقشہ وغیرہ ، عوام کو فروخت کے لیے یا مفت تقسیم کرنے کے لیے ؛ مطبوعہ اور شائع کردہ ہونے کی حالت ۔

public defender, n. سرکاری وکیل ؛ منتخب شدہ یا عدالت کا مقرر کردہ وکیل جو ایسے ارتکاب جرائم کے ملزموں کا دفاع سرکاری اخراجات پر کرتا ہے جو اپنے دفاع کے لیے کسی قانونی وکیل کی خدمات حاصل کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے ۔

public domain, n. سرکاری زمین ؛ عام استعمال کے لیے دستیاب ہونے کی حالت، عموماً ''کے اندر'' کے ساتھ، جیسے کوئی سامان یا اشاعت جو کاپی رائٹ یا پیٹنٹ کے قوانین کے تحت نہ ہوں ؛ وہ زمین جو حکومت کی ملکیت میں ہو۔

public enemy, n. خلق دشمن؛کوئی سزا یافتہ مجرم یا کوئی اور دشمن جسے عوام کے لیے خطرہ یا دھمکی سمجھا جائے ؛ کوئی حکومت یا مملکت جس کو دشمن قرار دیا جائے ۔

public house, n. دارالاقامہ ؛ کوئی سرائے یا ہوسٹل جیسی جگہ ۔ (برطانوی) شراب خانہ ۔

publicist, n. بین الاقوامی قانون دان ؛ سیاسی صحافی ؛ نشرواشاعت کرنے والایا پریس ایجنٹ ؛ تعلقات عامہ کا ماہر خصوصی ؛ رواں سیاسی موضوعات پر تبصرہ نگار؛ بین الاقوامی قوانین کا کوئی تخصص یافتہ یا ماہر۔

publicity, n. تشہیر ؛ پھیلاؤ ؛ شہرت ؛ نشرواشاعت ؛ مختلف ذرائع ابلاغ کی طرف سے معلومات کی توسیع کے باعث عوام کی آگہی ؛ وہ اعمال جن کاتعلق معلومات کو عوام کی توجہ میں لائے گئے مشغلے سے ہے ؛ معلومات ، اشتہارات ، مضامین اور ان جیسی دوسری کوششوں کو بروئے کار لا کر عوامی توجہ حاصل کرنے کا عمل ؛ آبادی کے علم کے لیے کُھلے ہوئے اور عوامی ہونے کی حالت ۔

publicize, v.t. تشہیرکرنا ؛ اشاعت کرنا ؛ عوام کی توجہ میں لانا ؛ اشتہار دینا ۔

جو کتابوں اور دیگر ادبی تصانیف کی اشاعت کرتا ہے ، جیسے اخبارات ، رسائل ، نقشے ، کندہ کاریاں اور اسی طرح کی دوسری چیزیں ۔

puccoon, n. (نباتیات) پکون ؛ جنس تخم سنگ (Lithospermum) کی شمالی امریکی جڑی بوٹیوں کی متعدد انواع میں سے کوئی ایک ، یہ جڑی بوٹیاں گاؤ زبان کے خاندان سے تعلق رکھتی ہیں جن کے پیلے اور نارنجی رنگ کے پھولوں کے گھونگریالے گُچھّے اور بھدے بالوں دار پتے ہوتے ہیں اور وہ خشک ریتیلی مٹی میں پھیلتی پھولتی ہیں ۔

puce, a., n. سیاہی مائل ؛ ارغوانی ؛ مَگسی ؛ ارغوانی بھورا ؛ گہرا بھورا ؛ سرخی مائل بھورا ۔

puck, n. (کھیل) ربڑ کی ڈسک / قرص جو برفانی ہاکی میں استعمال کی جاتی ہے ۔

puck, n. بھوت ؛ پریت ؛ خبیث ؛ شیطان ؛ شریر ؛ بُھتنا ؛ ایک بد باطن اور شرارت پسند دیو یا کوئی روح ۔ (بڑے P سے) شریر جن یا پَری ؛ شیکسپئر کی تصنیف A Midsummer Night's Dream میں Hobgoblin, Robin Goodfellow ۔

pucka, a. [اردو] پکّا ؛ ٹھوس ؛ خالص ؛ مستقل ؛ پختہ ۔

pucker, v.t. سکڑنا ؛ چھوٹی تہوں یا جُھریّوں میں جمع کرنا ۔ (فعل لازم) جُھرّیوں دار ہو جانا یا تہوں میں جمع ہونا ۔ (اسم) تہ یا جُھرّی یا تہوں کا مجموعہ ؛ شکن ؛ چُرس ۔

puckery, . پُر شکن ؛ تہ در تہ ۔

puckish, a. شریر ؛ بونے جیسا ؛ شرارت بھرا ؛ جن صفت ۔

pudding, n. پڈنگ ؛ پوٹین ؛ عموماً تندور میں پکا ہوا یا پانی میں اُبلا ہوا کھانا جو آٹے ، چاول یا دوسرے نشاستہ دار مادہ سے ، دودھ اور انڈوں کے ساتھ اور بعض اوقات پھلوں یا دوسرے ذائقوں ، خوشبودار میٹھا کرنے والے اجزا کے ساتھ ملا کر بنایا جاتا ہے ؛ مسالے دار قیمے سے بھری ہوئی چٹنی کی ایک قسم یا بھرا ہوا میٹھا طعام ۔ نیز : black pudding ۔

pudding stone, n. (ارضیات) پوٹینی چٹان ؛ گول سنگریزوں کی مخلوط چٹان ؛ ڈھیر کیا ہوا گارا ، بالخصوص چقماق اور سلیکا بجری کے ساتھ سیمنٹ کیا ہوا ۔

puddle, n. گارا ؛ غلیظ پانی ؛ بند ؛ پوکھر ؛ جوہڑ ؛ بالو اور چکنی مٹی کی آمیزش ؛ پانی یا کسی اور مائع سے بھرا ہوا چھوٹا سا گڑھا ؛ چکنی مٹی پانی سے گندھی ہوئی اور اس قدر مکمل طور پر یک جان کہ پانی کے لیے غیر نفوذ پذیر بن جائے ۔ (فعل متعدی) گدلا یا کیچڑ جیسا بنانا ؛ کیچڑ اور تلچھٹ کو ملا کر اچھی طرح متھائی کرنا؛ اس طرح بنے ہوئے گارے کے ذریعے سے پانی کے لیے ناقابل سرایت بنا دینا ؛ مٹی یا چکنی مٹی کو ملا کر ایک لبدی سی تیار کرنا ؛ بدلنا ، جیسے کند لوہے کو پٹوں لوہےمیں ،تکسیدی متھائی کے ذریعے ۔

puddling, n. متھائی ؛ پانی کی سرایت کو روکنے کے لیے کسی حائطہ بند میں یا اسی طرح کی کسی اور جگہ میں ڈنڈوں کو کھڑا کر کے بنائی ہوئی دیوار کے پیچھے چپکتی ہوئی چکنی مٹی کے گارے سے لپائی کرنے کا طریق عمل ؛ چکنی مٹی جو اس طرح استعمال کی جائے ؛ وہ طریقِ کار جس سے پگھلے ہوئے لوہے کو لچک دار لوہے کی شکل میں تبدیل کیا جاتا ہے اور اس تبدیلی کے عمل کے دوران اسے ایک مخصوص بھٹی میں پگھلایا جاتا ہے ، ہتھوڑوں سے پیٹا جاتا ہے اور سلاخیں یا گول سریے بنائے جاتے ہیں ۔

puddling furnace hearth, n. متھائی بھٹی ؛ ایک قسم کی آنچ پلٹ بھٹی جس میں لوہے کی تکسیدی متھائی کی جاتی ہے ۔

pudency, n. حیا ؛ شرم ؛ حجاب ؛ غیرت ؛ لحاظ ؛ لاج ۔

pudendum, n. (تشریح الاعضا) (عموماً جمع) شرم گاہ ؛ مقام مخصوص ؛ ستر ؛ فلان ؛ اعضائے تناسل ؛ خارجی جینیاتی اعضا ، بالخصوص مادہ کے ؛ فرج ۔

pudgy, podgy, a. لحیم شحیم ؛ موٹا اور چھوٹا ؛ دبیز ؛ فربہ ۔

pudginess, n. فربہی ؛ دبازت ۔

pueblo, n. بعض ریڈ انڈینوں کی بستی جو نیو میکسیکو اور ایری زونا میں ایک بڑے مکان یا سلسلہ وار چھوٹے چھوٹے مکانوں پر مشتمل چکنی مٹی یا کچی اینٹوں اور پتھروں سے بنی ہوتی ہے ۔ (بڑے P سے) ایروزونہ ، نیو میکسیکو ، میکسیکو میں آباد مختلف قبائل میں سے کسی ایک قبیلے کا کوئی رکن ؛ ہسپانوی امریکا میں کوئی قصبہ یا گاؤں ؛ فلپینی جزائر میں شہر یا قصبہ ۔

puerile, a. طفلانہ ؛ رکیک ؛ سبک ؛بچگانہ ؛ چھچھور پن کا ؛ لڑکوں کا سا ؛ بچوں کا سا یا ان سے متعلق ؛ اوچھا ؛ بچگانہ حماقت ۔

puerilism, n. (طب نفسی) طفلیت ؛ کسی بالغ کا ناپختہ یا بچگانہ طرز عمل جس سے ایک خلاف معمول ذہنی حالت کا اظہار ہوتا ہو ۔

puerperal, a. بچے کی پیدائش سے متعلق ؛ زچگی کا ۔

puerperium, n. (قبالت) بچے کی ولادت کے وقت یا اس کے فوراً بعد عورت کی حالت ؛ عالم نفاس ۔

puff, v.i. پھولنا ؛ مغرور ہونا ؛ جامے میں نہ سمانا ؛ ہوا کی طرح مختصر تیز پھونک کا مارنا ؛ تیز اور بدقت سانس لینا ، جیسے شدید کسرت کے بعد ؛ جانا یا ہلنا ، پھونکوں کے ساتھ (جیسے : to puff up the stairs) ؛ بھاپ یا دھوئیں کی پھونکیں یا ہلکے جھونکے باہر نکالنا ؛ سگریٹ ، سگار یا پائپ پھونکوں کے ساتھ پینا ؛ پھولا ہوا یا ہوا سے بھرا ہوا ہو جانا (عموماً up کے ساتھ) ۔ (فعل متعدی) آگے بھیجنا ، جیسے ہوا یا بھاپ کو مختصر تیز جھونکوں سے ؛ کش لے کر دھواں نکالنا ، جیسے سگریٹ کا ؛ پھلانا یا پھیلانا ، سانس یا ہوا کے ذریعے ؛ فخر یا غرور سے پھول جانا (اکثر آخر میں up کے ساتھ)؛ مبالغہ آمیز تعریف کرنا ؛ ناواجب تعریف و توصیف کے ساتھ اشتہار دینا ؛ سنوارنا (گچھوں میں ، جیسے بالوں کو) ۔

puff, n. جھونکا ؛ سانس ؛ پھونک ؛ نفخہ ؛ بھپکار ؛ ایک مختصر تیز جھونکا ، جیسے ہوا یا سانس کا ؛ ہوا یا بھاپ یا اس طرح کی کسی اور چیز کا اچانک اخراج ؛ ہوا کے خارج ہونے کی آواز ؛ بھاپ یا دھوئیں کی چھوٹی سی مقدار جو ایک ہی نفخے سے خارج ہو ؛ مرغولہ ؛ کسی چیز کا پھولا ہوا یا پھیلا ہوا حصہ ؛ ورم ؛ باہر کو نکلا ہوا ابھار ؛ ملائی ، جام وغیرہ سے بھری ہوئی ہلکی پیسٹری کی ایک شکل ؛ بالوں کا ایک ڈھیلا ڈھالا اسطوانہ نما پیچ ؛ کسی لباس میں بطور آرایش کپڑے کو اکٹھا کر کے پھولے ہوئے انداز میں چُنٹیں ڈالنے کا عمل ؛ رضائی کی طرح سلا ہوا بستر پوش جو اون ، روئی یا روئیں سے بھرا ہوا ہو ؛ تعریف و توصیف ، بالخصوص مبالغہ آمیز انداز کی ،

جیسے کسی کتاب یا اداکارانہ کارکردگی کی ؛ پاؤڈر لگانے کی گدّی ؛ پف ؛ پف بال ۔

puffiness, n. پُھلاؤ ؛ فربہی ۔

puffy, a. تنگ نفس ؛ پھولا ہوا ۔

puff adder, n. شوک ناگ ؛ ایک بڑا زہریلا افریقی ناگ Bitis arietans جو چھیڑے جانے پر اپنے جسم کو پھلا لیتا ہے ۔

puffball, n. پف بال ؛ ایک قسم کی گیند جیسی کھمبی ، عموماً کروی کھمبی ، بالخصوص جنس Lycoperdon کی ، جو ایک سخت بیرونی غلاف کے اندر تخمک پیدا کرتی ہے اور جب وہ پختہ ہو جاتے ہیں تو ان بھورے رنگ کے تخمکوں کو دھوئیں جیسے مرغول میں خارج کر دیتی ہے ۔

puffer, n. دھواں یا ہوا نکالنے والا ؛ کوئی شخص یا چیز جو پھونک مارتی ہے ؛ ان مختلف اقسام کی مچھلیوں میں سے کوئی ایک جو اپنے جسموں کو پھلانے کی صلاحیت رکھتی ہیں ، جیسے ایک گول مچھلی ۔

puffery, n. مبالغہ آمیز یا حد سے زیادہ تعریف ؛ وہ نشرواشاعت جس کی خصوصیت اس قسم کی مبالغہ آمیز تعریف ہو ؛ اشتہار بازی ۔

puffin, sea parrot, n. بحری طوطا ؛ جنس Lunda اور Fratercula ، بالخصوص بحر اوقیانوس کے مختلف بطخ نما بحری پرندوں میں سے کوئی ایک جس کا جسم موٹا ، قد چھوٹا ، گردن کوتاہ اور نمایاں مثلثی سرخ چونچ ہوتی ہے ۔

puff paste, n. ہلکی پیسٹری ؛ ایک گندھا ہوا آٹا جسے ذائقہ دار ، ہلکی ، ورقی پیسٹری بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pug, n. چپٹی ناک والا کتا ؛ ان کتوں کی نسل میں سے کوئی ایک جو چھوٹے بل ڈاگوں سے ملتے جلتے ہیں اور جن کے بال مختصر مگر ملائم ، چہرہ جُھریوں دار اور بل کھائی ہوئی دم ہوتی ہے ؛ چپٹی ناک ۔

pug, v.t. گوندھنا ، جیسے چکنی مٹی کو پانی سے ، اسے چپکتا ہوا بنانے کے لیے ، جیسے اینٹیں تھاپنے میں ہوتا ہے ؛ روکنا یا چکنی مٹی وغیرہ سے بھرنا ؛ سربند کرنا یا گچ سے ڈھکنا ، بالخصوص آواز کو روکنے کے لیے ۔ (اسم) گوندھی ہوئی یا چپکنے والی چکنی مٹی یا ایسی ہی کوئی اور چیز ؛ پنڈول اور چکنی مٹی کا گوندا ۔ دیکھیے : pugilist ۔

pug, n. [اردو ، ہندی] پگ ؛ کسی جانور کے پاؤں کا نشان ۔ (فعل متعدی) پیچھا کرنا ، جیسے شکار کا پاؤں کے نشانات کے ذریعے ۔

pugilism, n. باکسنگ ؛ گھونسا بازی ؛ مکا بازی ؛ یا گھونسوں سے لڑنے کا مشغلہ یا مشق ۔

pugilist, pug, n. مکا باز ؛ سخت تکراری ۔

pugilistic, a. مباحثہ پسندانہ ؛ مکا بازی کا ۔

pugnacious, a. لڑنے کا شائق یا لڑنے پر مائل ؛ لڑاکو ؛ جھگڑالو ؛ مفسد ؛ نزاع پسند ۔

pug nose, n. چھوٹی چپٹی ناک ؛ مختصر لیکن کسی قدر چوڑی ناک جو نوک سے اوپر کو اٹھی ہوئی ہو ۔

pugree, puggree, pugaree, puggaree, n. [اردو] پگڑی ؛ عمامہ ؛ صافہ ؛ ململ کا ٹکڑا کسی ٹوپی یا کلاہ پر لپٹا ہوا ، دھوپ کی شعاعوں سے بچنے کے لیے ۔

puisne, a. (قانون) عدالت عالیہ میں چھوٹا جج ؛ عمر میں چھوٹا یا رتبے میں کم تر (جیسے : a puisne judge) ۔

puissance, n. طاقت ؛ قوت ؛ زور ؛ اثر ؛ رسوخ ۔

puisant, a. قوی ؛ پُرزور ؛ پراثر ۔

puissantly, adv. زور سے ؛ اثر سے ؛ قوت سے ۔

puke, v.t., v.i. قے کرنا ؛ ابکائیاں لینا ؛ متلی ہونا ؛ قے ہونا ۔

pukka, pucka, a. [اردو] پکّا ؛ ٹھوس ؛ اصلی ؛ خالص ؛ اچھا یا برتر ۔

pulchritude, n. حسن و جمال ؛ خوبصورتی ؛ سُندرتا ۔

pulchritudinous, a. حسن والا ؛ خوبصورت ؛ سُندر ۔

pule, v.i. رونا ؛ ٹھنکنا ؛ چیخنا ، جیسے شکایت کرنے والے بچے کا ؛ بسورنا ؛ ریں ریں کرنا ؛ کراہنا (دھیمی آواز میں) ۔

puler, n. جھینکنے والا شخص ؛ ریں ریں کرنے والا بچہ ۔

puling, a. رونے یا بسورنے والا ۔

pull, v.t. اینچنا ؛ گھسیٹنا ؛ اکھاڑنا ؛ کھینچنا یا زور کے ساتھ اپنی طرف کھینچنا (جیسے : to pull a person's hair) ؛ کسی مخصوص سمت میں کھینچنا یا کسی مخصوص صورت میں موڑنا (جیسے : to pull a trigger, to pull a sled up a hill , to pull one's hat down over one's eyes) ؛ کھینچنا ، نوچنا یا پھاڑنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (جیسے : pull it to pieces) ؛ کھینچنا یا جائے نمو سے یا ربط کی جگہ سے توڑ کر الگ کرنا (جیسے : to pull a tooth) ؛ کھینچنا؛ تاننا ، جیسے کسی عضلے یا جوڑ کو ۔ (بول چال) استعمال کے لیے کھینچ کر باہر نکالنا ، جیسے کسی چاقو یا پستول کو ؛ چپو سے کھے کر دھکا دینا ، جیسے کسی کشتی کو کھینا ؛ حاصل کرنا یا کشش کے ساتھ جذب کرنا ، جیسے ووٹوں کو ۔ (طباعت) ٹائپ یا کسی پلیٹ سے چھاپا یا نقل اتارنا ۔ (گھڑ دوڑ) روکے رکھنا یا باز رکھنا ، جیسے گھوڑے کو جیتنے سے ۔ (مکا بازی) روک لینا یا جانچنا ، جیسے مکے کو ۔ (کرکٹ) ضرب لگانا کسی ایسی گیند کو جو وکٹ پر یا خلاف قانون سمت میں لگنے کے انداز سے آ رہی ہو ۔ (گالف) کھیلنا ، جیسے گیند کو ، بائیں طرف ایک خم کے ساتھ یا اگر کھلاڑی بائیں ہاتھ سے کھیلتا ہو تو دائیں طرف ۔ (فعل لازم) کھینچ لینا ؛ رسہ کشی ہونا ؛ کھینچنے میں قوت صرف ہونا ؛ اندر کی طرف دم کش ہونا ؛ کشتی کھینا ۔

pull a face, مضحکہ خیز شکل بنانا ؛ منہ بنانا ۔

pull apart, زبردستی الگ کرنا ؛ توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ؛ ناقدانہ انداز سے جانچنا ؛ تیا پانچا کرنا ۔

pull down, تباہ کرنا ؛ مسمار کرنا ؛ ڈھانا ؛ جڑ سے اکھیڑنا ؛ گرانا ۔ (عوامی) ادا کیا جانا یا وصول کرنا ، جیسے اجرتوں کا ۔

pull for, عملاً مدد کرنا/سہارا دینا ؛ ہمت افزائی کرنا ۔

pull off, اتارنا ؛ نکالنا ۔ (عوامی) کامیابی کے ساتھ انجام کو پہنچانا ۔

pull oneself together, پرسکون ہو جانا ؛ کسی فوری جذباتی انتشار سے بحال ہو جانا ؛ آپے میں آنا ؛ ہوش میں آ جانا ؛ خود کو سنبھالنا ۔

pull one's leg, کسی شخص کا فائدہ اٹھانا ؛ پریشان کرنا ، خصوصاً تمسخرانہ اور متواتر دھوکے کے ذریعے ؛ کسی شخص کو

جھانسہ دینا ۔

pull out, باہر نکالنا ؛ باہر نکلنا ؛ واپس لینا ؛ دست بردار ہونا ؛ روانہ ہونا ۔ (طیرانیات) کسی غوطے سے بحال ہونا اور اپنی افقی پرواز دوبارہ شروع کرنا ؛ زمین پر اترنے کے راستے کو چھوڑ دینا یا موقوف کر دینا ۔

pullout, n. کھنچاؤ ؛ اخراج ۔

pull string, اپنی ذاتی پیش رفت کے لیے ، کسی دوسرے کی طاقت یا اثر سے فائدہ حاصل کرنے کی درخواست کرنا اور اسے قبول کرنا ۔

pull through, کسی مشکل یا خطرناک صورت حال یا کیفیت سے عہدہ برآ ہونا ؛ کسی عمل جراحی یاشدید بیماری سے صحت یاب ہونا ۔ (اسم) پُھلترو ؛ رائفل کی نالی صاف کرنے والی سلاخ ۔

pull together, عملی تعاون کرنا ؛ ہم آہنگی کے ساتھ ، باہم مل کر کام کرنا ۔

pull up, اپاڑنا ؛ اکھیڑنا ؛ باگ تھامنا ؛ روکنا ، اپنے اوپر ضبط قائم کر کے آگے بڑھنا ۔

puller, n. کھینچنے والا ؛ اکھاڑنے والا ؛ کھینچنے کا آلہ یا مشین ؛ منہ زور گھوڑا ۔

pull, n. کھینچ ؛ جھٹکا ؛ کھچاؤ ؛ کشش ؛ کھینچا تانی ؛ کشمکش ؛ شدت ؛ سختی ؛ کھینچنے کا فعل یا کھینچنے کا عمل ؛ کھینچنے میں پھیلا ہوا زور ؛ کھینچنے کی طاقت ، بالخصوص کسی چپو پر ایک کھینچ ؛ کشتی کو کھینے کا ایک کرتب ؛ بیس بال یا گالف میں گیند کا کھنچاؤ ؛ منہ میں سگریٹ کے دھوئیں کا کش یا کسی مائع کا ایک گھونٹ ۔ (عوامی) اثر و رسوخ ، جیسے ان اشخاص پر جو مراعات دے سکیں/احسانات کر سکیں ۔ (طباعت) ٹائپ سے یا کندہ کی ہوئی پلیٹ سے اتاری گئی چھاپ یا چربہ ؛ کھینچا جانے والا کوئی پرزہ یا کوئی چیز ، جیسے ہینڈل ؛ کسی چیز کو کھینچنے کے لیے کوئی آلہ یا اوزار ۔

pullback, n. پیچھے ہٹنے یا اپنے آپ کو باہر نکالنے کا طریقہ ؛ کوئی چیز جو روکنے یا پیچھے کھینچنے کے لیے استعمال کی جائے ، جیسے کسی لباس یا کھڑکی کے پردوں کے لیے ۔

pullet, n. چوزہ ؛ پٹھا ؛ مرغی کا بچہ ۔

pulley, n. (میکانیات) چرخی؛ پُلی ؛ گھرنی ؛ پٹہ چلنے والے کٹاؤ دار پہیے پر مشتمل کوئی سادہ سی مشین یا میکانکی عمل سے چلنے والا آلہ جو ایک محور کے گرد گھومتا ہے اور وزن اٹھانے کے کام آتا ہے ؛ شافٹ پر رکھا ہوا پہیہ جو یا تو مشینری کے مختلف حصوں کو یا ان حصوں سے طاقت منتقل کرتا ہے یا اس پر چلنے والے پٹے یا مال کے ذریعے حرکت کا رخ بدل دیتا ہے ۔

Pullman, n. (ریلوے) ایک آرام دہ کرسی والی ریل کار جسے جی ایم پل فین (۱۸۳۱ـ۱۸۹۷ء) نے وضع کیا تھا ۔

pullorum disease, n. (بیطاری امراضیات) پلورم مرض؛ ایک متعدی مرض جو اکثر مہلک ہوتا ہے ، یہ مرض شکار کے پرندوں اور مرغیوں میں ہوتا ہے اور عموماً انڈوں کے اندر جراثیم کے ذریعے پیدا ہوتا ہے ۔

pullover, n. پل اوور؛ جرسی؛ سوئٹر ؛ ایک قسم کا گرم بنیان ؛ ایک لباس جیسے ایک قمیص یا سوئٹر جسے سر کے اوپر سے پہنا جاتا ہے ۔ (صفت) ان لباسوں سے متعلق جو مذکورہ بالا قسم کے ہوتے ہیں ۔

pullulate, v.i. لگنا ؛ پھولنا ؛ پھول یا شگوفے لانا؛ بار آور ہونا ؛ کلیوں یا کونپلوں کا پھوٹ نکلنا ؛ تخمانا ؛ پیدا ہونا یا تیزی سے نسل کا بڑھنا؛ پیدا کیا جانا ، اولاد کی طرح؛ بکثرت نکل پڑنا ، بھرپور طریقے پر یا جھنڈ کی شکل میں ۔

pullulation, n. نمو ؛ پیداوار؛ افزایش نسل؛ اولاد ۔

pulmonary, a. ریوی ؛ شش دار ؛ پھیپھڑوں کا یا ان سے متعلق ؛ پھیپھڑے کی نوعیت کا یا پھیپھڑے جیسا؛ پھیپھڑوں پر اثر انداز ہونے والا؛ پھیپھڑے یا ان جیسے دیگر اعضا رکھنے والا ۔

pulmonary artery, n. شش شریان ؛ شریان ریوی ؛ شریان جو دل سے براہ راست پھیپھڑوں کو خون پہنچاتی ہے ۔

pulmonary vein, n. شش ورید ؛ ریوی ورید ؛ ان چار وریدوں میں سے کوئی ایک جو شریانی خون کو براہ راست پھیپھڑوں سے دل میں لے جاتی ہے ۔

pulmonate, a. ریہ دار ؛ شش دار ؛ پھیپھڑے دار ؛ پھیپھڑے یا پھیپھڑوں جیسے اعضا رکھنے والا ؛ معدہ پا صدفیوں یا گھونگوں کا ایک سلسلہ یا گروہ ذوات الریہ (Pulmonata) جو عموماً ایک پھیپھڑے نما تھیلے کے ذریعے سانس لیتا ہے اور اس میں اکثر زمینی اور آبی گھونگے نما پودے شامل ہوتے ہیں ۔ (اسم) پھیپھڑوں والا صدفہ یا گھونگا ۔

pulmonic, a. پھیپھڑوں سے متعلق ؛نمونیائی ؛ ریوی ۔

Pulmotor, n. سانس آلہ ؛ مصنوعی تنفس پیدا کرنے کی میکانکی ایجاد یا آلہ جس سے ایسے موقع پر سانس بحال کر دیا جاتا ہے جب کہ وہ بالکل یا جزواً بند ہو گیا ہو ، جیسے دم گھٹنے سے یا پانی میں ڈوب جانے سے ۔ (تجارتی نشان) ۔

pulp, n. گودا ؛ مغز ؛ لئی ؛ لُب ؛ ماوا ؛ نرم ، غیر حل شدہ حیوانی یا نباتی مادہ ؛ کسی پھل کا نرم رسیلا حصہ ؛ بعض پودوں کے ڈنٹھلوں کے گودے کی مسام دارانہ حالت ؛ خام مال جسے کاغذ بنانے کے لیے نرم ، یکساں گاڑھا بنا لیا جائے ۔ (دندان سازی) دانت کے اندرونی حصے میں نرم، عروقی مواد ؛ رسالہ یا کوئی کتاب جو گھٹیا قسم کے کھردرے کاغذوں پر چھپے ہوئے سنسنی خیز قسم کے مواد پر مشتمل ہو ۔ (کان کنی) کٹی ہوئی یا پسی ہوئی (کچدھات) جو پانی میں ملی ہو ؛ دھات کا گوندا ۔ (فعل متعدی) نرم چپکتی ہوئی لئی بنانا ؛ پلپلا کرنا ؛ گودا اتارنا ۔ (فعل لازم) پلپلا ہونا ؛ پھول جانا ۔

pulpiness, n. پلپلاہٹ ؛ گاڑھا پن ؛ گداز پن ۔

pulpy, a. گودے دار ؛ ملائم ؛ گداز؛ پلپلا ۔

pulpit, n. خطبہ گاہ ؛ منبر ؛ کسی گرجا میں چبوترہ یا اونچی چوکی جہاں سے پادری خطبہ دیتا ہے یا دعا پڑھاتا ہے ؛ تھڑا ۔

the pulpit, خُطباء ؛ وعظ کہنے والے ، تبلیغ کرنے والے بحیثیت مجموعی ؛ تبلیغ کرنے والوں کا انجام دیا ہوا کام ۔

puipwood, n. جھاؤ ، صنوبر یا دوسرے مختلف اقسام کے درختوں کی نرم لکڑی جو کاغذ بنانے میں کام آتی ہے ۔

pulque, n. [ہسپانوی] پلکی ؛ شراب جیسا مشروب جو میگوئی اور ایلوا کی دوسری انواع کو خمیر دے کر بنایا جاتا ہے ۔

pulsant, a. دیکھیے : Pulsating ۔

pulsar, n. نابض ؛ خلا میں پرزور نابض ریڈیائی امواج کا منبع جس کے بارے میں خیال ہے کہ وہ کسی پھٹے ہوئے گردش کرنے

والے ستارہ کا مرکز ہے ۔

pulsate, v.i. نبض کا دھڑکنا ؛ نبض کا چلنا ؛ پھڑکنا ، گمک کے ساتھ ؛ دھڑکنا ؛ تالداری کے انداز میں اچھلنا، تھرتھرانا ۔

pulsatile, a. اہتزاز پذیر ؛ دھڑکنے والا ، جیسے دل ؛ ارتعاش یا نبض چلنے کی آواز ، جیسے کہ تشخیص کرنے کے آلے میں ہوتی ہے ۔

pulsation, n. نبض ؛ ارتعاش ؛ اہتزاز ؛ دھڑکنے یا ضرب لگانے کا طریقہ یا نبض کی دھڑکن ؛ تڑپ ؛ جنبش ۔

pulsator, n. حرکت کرنے ، دھڑکنے یا اختلاج کرنے والا ۔ (مشین) ایک آلہ جو مشینری میں دھڑکنوں کی طرح عمل کرتا ہے ، جیسے پمپ ؛ ایک مشین جو معدنی ہیروں پر لگے ہوئے ذرات کو الگ کرتی ہے ؛ ہیرے بچھوڑنے کی مشین ۔

pulse, n. نبض؛ دھڑکن یا دھمک (شریانوں کی) جو دل کے سکڑنے یا پھیلنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ کلائی پر شریان کُعبرُی کی دھڑکن ؛ دھڑکن،تال دار ارتعاش؛ رائے عامہ؛ رائے شماری یا شہریوں کی من حیث الکل یا کسی گروہ کے جذبات کا اظہار رائے شماری یا کسی اور ذریعے سے ۔ (فعل لازم) دھڑکنا ؛ تھرتھرانا؛ نبض چلنا ۔

pulse, n. (زراعت) دال ؛ پھل دار پودے یا ان کے بیج ۔

pulsejet engine, n. (طیرانیات) نبضی دھماکو انجن ؛ داب آلے کے بغیر جٹ ہوائی جہاز کا انجن جس میں احتراق بلاوقفہ جاری رہتا ہے اور دھماکوں کے ایک سلسلے کے ذریعے دھکا پیدا کرتا ہے ، ان دھماکوں کا وقوع تقریباً انجن کے گمکی تعدد کی شرح پر ہوتا ہے ۔

pulsimeter, n. (طب) نبض پیما ؛ نبض کی قوت اور شرح کو ناپنے کا آلہ ۔

pulsive, a. دیکھیے : Propulsive ۔

pulsometer, n. تکثیف بھاپ پمپ ؛ ایک قسم کا پمپ جو بھاپ کے ایک خانے میں کثیف ہو جانے سے کام کرتا ہے کیونکہ تکثیف سے واقع ہونے والے خلا میں پانی تیزی سے اوپر پہنچ جاتا ہے ۔ نیز : vacuum pump ۔ نبض پیما ۔

pulverable, a. سفوف بن جانے والا ؛ پاؤڈر یا سفوف کی شکل میں منتقل ہونے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ سفوف بنائے جانے کے قابل ۔

pulverize, v.t. پاؤڈر بنانا ؛ پیسنا ؛ برادہ کرنا ؛ باریک سفوف میں منتقل کرنا ، جیسے پیٹنے ، کوٹنے یا اسی طرح کے کسی اور عمل کے ذریعے ؛ توڑ ڈالنا یا منہدم کرنا ۔ (فعل لازم) باریک سفوف کی شکل میں منتقل ہو جانا ؛ میدے کی طرح باریک ہونا ۔

pulverizable, a. سفوف پذیر ؛ پسنے کے لائق ۔

pulverization, n. سفوفی حالت ؛ سفوف پذیری ؛ سفوفیت ۔

pulverizer, n. سفوف بنانے والا ؛ پیسنے والی مشین ؛ چکی ۔

pulverulent, a. باریک سفوف پر مشتمل ؛ سفوف بننے کے قابل ؛ سفوفی ؛ گرد آلود ۔

pulvillus, n. بعض حشرات الارض کے پیروں پر تکیہ نما ابھار ۔

pulvinar, n. دیوتا سنگھاسن ؛ ایک مخصوص کوچ جو قدیم روم میں دیوتاؤں کے لیے تیار رکھی رہتی تھی ؛ سرکس میں آرام دہ نشست ۔ (فن تعمیر) یونانی عمارت میں کگر کا کروی محدّب ابھار ۔

pulvinus, a. تکیے کی طرح ؛ تکیے کی طرح کی کسی چیز سے متعلق ۔

pulvinate, a. (نباتیات) گدی نما ؛ تکیے کی شکل کا ؛ کوئی تکیہ نما چیز رکھنے والا ۔

pulvinus, n. (نباتیات) نموئے برگ ؛ ایک ننھا سا غدہ جو کسی پتے یا پتی کے ڈنٹھل کی اساس پر ہوتا ہے ، ارتعاشوں اور گرمی کا ردعمل کرتا ہے اور حرکات میں تبدیلیاں لاتا ہے ، جیسے لجونتی (Mimosa) کے حساس پودے میں ۔ (فن تعمیر) قدیم روم کی عمارت میں ایک مخصوص محدب حصہ ۔

puma, n. پیوما ؛ امریکی تیندوا ؛ شمالی اور جنوبی امریکا کی ایک بڑی چھریرے بدن کی بھورے رنگ والی بلی ، اس کا سر چھوٹا اور دم لمبی،بڑے بڑے سیاہ نقطوں اور دھبوں والی ہوتی ہے ۔

pumice, n. جھانواں پتھر ؛ آتش فشاں پہاڑوں کا مسام دار سنگی مادہ جو پانی سے ہلکا ہوتا ہے اور جسے ہاتھی دانت ، لکڑی ، سنگ مرمر ، دھاتوں یا شیشے کو پالش کرنے یا چکنا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) جھانوے سے گھسنا ، صاف کرنا یا پالش کرنا ۔

pummel, v.t. لگا تار مکے مارنا ؛ تلوار کے سرے کی موٹھ سے پیٹنا ؛ پے در پے گھونسے لگانا ۔

pummel, n. تلوار کی موٹھ ۔

pump, n. پمپ ؛ پچکاری ؛ ایک آلہ یا مشین جس میں ایک پسٹن استوانے اور صماموں کا اہتمام ہوتا ہے ، یہ مشین پانی یا کسی اور مائع کو اونچی جگہ پر چڑھانے ، مائع یا گیسوں کو پانپ یا پائپ لائن کے ذریعے گزارنے یا ہوا یا دوسری گیسوں کو اندرّ سے کھینچ کر جگہ خالی کرنے یا دبا کر سکیڑنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔ (فعل لازم) پمپ کا جاری ہونا ؛ پمپ کے ذریعے پانی کا اوپر چڑھنا (جیسے کنوئیں میں سے) ؛ پمپ کے دستے/ہینڈل کی طرح اوپر نیچے ہونا ۔ (فعل متعدی) کسی پمپ کے ذریعے اونچا اٹھانا ؛ پمپ کے ذریعے پانی یا کسی اور مائع سے جگہ کو خالی کرانا ۔ (اس موقع پر اکثر لفظ 'out' کا اضافہ کرتے ہیں ، جیسے : to pump out a ship) ؛ پمپ سے ہوا بھرنا ، پھلانا (عموماً up کے ساتھ) ؛ فن کارانہ سوالات کرنا (زبردستی معلومات حاصل کرنے کے لیے) ؛ خارج کرنا ؛ نکالنا ؛ بہا دینا ، پمپ کے ذریعے قوت استعمال کرکے یا جیسے پمپ سے نکالنے کے طریقے پر ۔

pumpable, a. پمپ سے نکالنے کے قابل ۔

pumper, n. پمپ چلانے والا ۔

pumpless, a. پمپ بغیر ۔

pumplike, a. پمپ نما ۔

pump, n. پمپ جوتا ؛ نیچا کٹا ہوا اور بغیر بندوں کے زنانہ جوتا جو خاص کر انگوٹھے اور ایڑی پر پاؤں کے ساتھ وابستہ ہو ؛ اسی قسم کا مردوں کے لیے لباس کے ساتھ پہننے والا جوتا ۔

pumpernickel, n. [جرمن] تلخہ روٹی ؛ سیاہی مائل کھردری روٹی جو بغیر چھنے ہوئے رئی کے آٹے سے بنائی جائے ۔

pumpkin, n. لوکی ؛ پیٹھا ؛ دیوار پر پھیلنے والی ، گھیا (pepo) ، خاندان کی لمبی بیل جو معتدل خطوں میں بکثرت کاشت کی جاتی ہے ؛ نارنگی کی طرح قطار میں اس بیل کا پھل جس کا چوڑا چھلکا شوربا بنانے اور جانوروں کے چارے میں کام آتا ہے ؛اسی نوع کے متعدد پودوں میں سے کوئی ایک ۔

pumpkinseed, n. تخم پیٹھا ؛ پیٹھے کا بیج ؛ تازہ پانی کی مختلف قیصانیہ مچھلیوں ، بالخصوص شمالی امریکا کے مشرقی علاقوں کی Lepomis gibbosus میں سے کوئی ۔

pump priming, n. تیل کپی ؛ پمپ کو تیل دینے والا آلہ ۔ (معاشیات) کوئی کارروائی جو اس لیے کی جائے کہ حکومت کے خرچ پر کاروباری سرگرمی کو فروغ حاصل ہو ۔

pun, n. ذومعنویت ؛ ایہام ؛ تجنیس ؛ ضلع جگت ؛ کسی لفظ کا استعمال اس انداز سے کہ اس کے مختلف معانی نکلتے ہوں یا مختلف اطلاقات ہوتے ہوں یا ایسے الفاظ استعمال کرنا جو صوتی اعتبار سے تو یکساں ہوں یا تقریباً یکساں ہوں مگر ان کے معانی مختلف ہوں ، اکثر ظرافت کے مقصد سے ؛ لفظ یا الفاظ کا ایہام ۔ (فعل لازم) ذومعنی بات ہونا ۔

puna, n. پونا ؛ ایک اونچی خشک سطح مرتفع ، جیسی پیرو وین انڈیز کی ۔

punch, v.t., v.i. گھونسا مارنا ؛ مکا مارنا ؛ چھیدنا ؛ برمانا ؛ سوراخ کرنا ؛ کسی نوک دار یا تیز آلے سے چبھونا یا سوراخ کرنا ؛ کسی سوراخ کرنے والے اوزار سے کاٹنا یا مہر لگانا ؛ کسی ایسے ہی اوزار سے کیل گاڑنا یا زور لگانا ؛ بنانا ، جیسے ایک سوراخ کسی نوک دار یا دیگر آلے سے ؛ ایک تیز ضرب یا چوٹ لگانا ، بالخصوص گھونسے سے ؛ ہانکنا ، جیسے مویشیوں کا ؛ الٹ پلٹ کرنا ؛ چبھونا /بھونکنا ، جیسے کسی لاٹھی سے ۔ (اسم) پنچ ؛ سُنبہ ؛ چھاپا ؛ چھینی ؛ چھیدنی ؛ سلی ؛ میخ کش ؛ پیچ کش ؛ ایک آلہ جو چھیدنے ، سوراخ کرنے ، مختلف اشیا پر مہر لگانے ، چھاپا لگانے ، کسی نمونے پر ثبت کرنے ، کسی سطح کے نیچے تک کیلیں جڑنے ، سوراخوں میں سے کھٹکے نکالنے اور اسی قسم کے کام کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ ایک دھکا لگانے والی ضرب ، بالخصوص مکے سے ۔ (بول چال) ایک قوی ، کارگر ، اثر یا زورجیسے کسی اخبار کا زور دار اداریہ ؛ قوی،موثر،قوت والا (جیسے : a story that lacks punch) ۔

punch, n. [اردو : پنچ] پنچ ؛ برصغیر پاک و ہند کا ایک مشروب جو اصلاً پانچ اجزا یعنی تاڑی ، چائے ، شکر ، پانی اور لیموں کے رس کا مرکب ہوتا تھا ؛ امریکا میں ایک ٹھنڈا مشروب جو پانی اور تیز شرابوں کا مرکب ہو اور جس میں شکر اور پھلوں کا رس ڈال کر باذائقہ بنا لیا گیا ہو ؛ اسی قسم کا ایک اور مشروب جو شرابوں کے بغیر صرف پھلوں کے مخلوط رس سے تیار کیا گیا ہو ۔

Punch-and-Judy show, n. پنچ جوڈی پُتلی تماشا ؛ پتلیوں کا ایک تماشا جس میں مخصوص طرز کے ڈرامائی خاکے اور مضحکہ خیز ماردھاڑ ہو ، کبڑے پنچ اور اس کی بیوی جوڈی کی شرکت کے ساتھ ۔

punchboard, n. پنچ بورڈ ؛ چھوٹے بورڈ کا جوا کھیلنے کا چھیدوں والا تختہ جن پر سوراخ میں سختی سے لپیٹ کر گول کیا ہوا مطبوعہ کاغذ کا ایک پرچہ دبا دیا جاتا ہے جسے کھلاڑی اس امید پر پنچ کر دیتا ہے کہ وہ جیتنے والا نام یا نمبر یا انعام حاصل کر لے گا ۔

punch bowl, n. پنچ جام ؛ بڑا پیالہ یا جام جس میں پنچ/ شراب تیار کر کے پیش کی جاتی ہے ۔

punch card, n. پنچ کیا ہوا کارڈ ؛ کارڈ جس میں ریکارڈ کی ہوئی معلومات ہوتی ہیں جنھیں برقیاتی محاسبوں یا حساب کاروں کے ذریعے ان سوراخوں کی حالت کے مطابق ، جو کارڈ پر ہوتے ہیں ، دوبارہ حاصل کیا جا سکتا ہے ۔

punch-drunk, a. ذہنی چوٹ کھایا ہوا ؛ مکے بازی کے دوران لگنے والی سر کی متواتر چوٹوں کے نتیجے میں دماغی جراحت رکھنے والا اور مدہوشی کے عالم میں لڑکھڑاہٹ اور گفتگو اور عضلاتی حرکت میں سست روی ظاہر کرنے والا ۔ (بول چال) الجھا ہوا ، مدہوش ۔

puncheon, n. پنچ ؛ چھیدنی ؛ سوراخ کرنے والا یا ٹھونکنے والا اوزار ؛ پنچ ۔ (نجّاری) چوکھٹا بناتے ہوئے ایک چھوٹا سا سیدھا ایستادہ لکڑی کا ٹکڑا ۔

puncheon, n. مائع اشیا کو ناپنے کا بدلتا ہوا پیمانہ یا لکڑی کا بڑا پیپا جس میں ۸۴ سے لے کر ۱۲۰ گیلن تک مقدار سما جائے ۔

punch in, v.i. آمد کے وقت کو جاننا ؛ پہنچنے کے وقت کو چھید دینا ، جیسے کسی مزدور کا وقت ، مشین پر ۔

punch out, v.i. جانے کے وقت کو چھید دینا ۔

punchinello, n. کٹھ پتلی کا تماشا ؛ پتلیوں کے کسی اطالوی اصل کے تماشے میں بڑا کردار جو پنچ اور جوڈی تماشے کے نمونے کا پنچ ہوتا ہے ؛ بے ڈھنگا یا بے ہودہ شخص یا بے ڈھنگی اور بیہودہ شے ۔

punching bag, n. ہوا سے پھلایا ہوا یا کسی مواد سے بھرا ہوا چمڑے کا تھیلا جو عموماً لٹکا رہتا ہے اور جس پر مکا بازی کی مشق کی جاتی ہے ۔

punch line, n. کسی لطیفے کا آخری حصہ ، فقرہ یا جملہ جس سے کوئی مزاح پیدا ہو یا جس میں کوئی بڑا نکتہ بیان کیا جائے ۔

punch press, n. پنچ پریس ؛ دباؤ کاٹ یا ٹھپے سے دھاتی اشیاء تشکیل دینے والی مشین ۔

punchy, a. (بول چال) مدہوش وسرمست ؛ پنچ نوش ۔

punctate, a. ایک نقطے پر ختم ہونے والا ؛ نوک دار ۔ (نباتیات) چتی دار ؛ چتیوں بھرا ؛ پتوں یا بیجوں کی سطح پر مختلف طریقوں سے نقطوں کی صورت نشان زدہ ۔

punctilio, n. طور طریق ؛ تقریب یا کارروائی میں ایک نفیس انداز ؛ مخصوص رسمی تکلفات ، جیسے آداب مجلسی میں ؛ رسوم و تکلفات کی نفاست و نزاکت ۔

punctilious, a. پسندیدہ آداب و اطوار کا شائق ؛ طرز عمل میں بہت باضابطہ یا بالکل ٹھیک ٹھاک ؛ رسمی تکلفات کا پابند ۔

punctual, a. پابند وقت ؛ متفقہ وقت پر بالکل صحیح ؛ بالکل صحیح وقت پر ادا شدہ (جیسے : punctual payment) ۔

punctuality, punctualness, n. وقت کی پابندی ۔

punctually, adv. پابندی وقت سے ۔

punctuate, v.t. رموز اوقاف لگانا ؛ رموز اوقاف میں نشان زد کرنا یا تقسیم کرنا ، جیسے کسی جملے کو تاکہ اس کے معنی واضح ہو جائیں ؛ وقفوں پر مداخلت کرنا (جیسے : to punctuate a speech by cheers) ؛ تاکید یا زور دینا (جیسے : He punctuated his remarks with gestures) ۔ (فعل لازم) رموز اوقاف کا ڈالنا یا استعمال میں لانا ۔

punctuation, n. رموز اوقاف ؛ عبارت میں وقف کی علامت لکھنے کا عمل ؛ اوقاف و اعراب نگاری ؛ وقفہ لگانے کا عمل ، بالخصوص تحریر یا طباعت میں معنی کو واضح کرنے کے لیے نشانات یا علامات کو عبارت کے اندر داخل کرنے کا عمل ، فن یا نظام ؛ تحریری

یا مطبوعہ عبارت میں رموزِ اوقاف لگانا، جیسے (،) comma semicolon (;) ، colon (:) ، period (.) وغیرہ ۔

punctuative, a. اوقافی ؛ رموز اوقاف کے متعلق ۔

punctuator, n. اوقاف و اعراب لگانے والا ۔

punctuation mark, n. علامت وقف ؛ ان روایتی علامات میں سے کوئی ایک علامت جو تحریری زبان کو منظم اور الفاظ کے درمیان تعلقات کی وضاحت کرتی ہے ۔

punctulate, punctulated, a. چتلا یا نشان زدہ ، باریک لفظوں بندیوں یا نشیبوں سے ؛ بہت باریکی کے ساتھ چتیوں دار ۔

punctulation, n. چتلا پن ؛ چتی داری ۔

puncture, n. پنکچر ؛ چھید ؛ سوراخ ؛ چبھونے یا سوراخ کرنے کا کام یا عمل (ایک نوک دار آلے یا کسی شے سے) ؛ ایک نشان یا سوراخ جو اس طرح کیا گیا ہو ۔ (حیوانیات) چھوٹا نوک جیسا جھکاؤ ۔ (فعل متعدی) چبھونا ، چھیدنا ؛ سوراخ کرنا (جیسے : to puncture the skin with a pin) ؛ بنانا جیسے ایک سوراخ کا چبھونے یا چھیدنے سے ؛ ہوا نکال دینا ، جیسے شہرت کی ۔ (فعل لازم) چبھویا جانا یا پنکچر کیا جانا ۔

pundit, n. [سنسکرت] پنڈت ؛ ہندو عالم ؛ فاضل برہمن ، بالخصوص وہ جو سنسکرت زبان ، علوم ، قوانین اور ہندو دھرم کا ماہر ہو ؛ بڑی سند اور علم و فضل والا شخص ؛ وہ جو مستند انداز میں بولتا یا لکھتا ہو ۔

pung, n. (نیو انگلینڈ) گھوڑے والی بے پہیہ برفانی گاڑی (سلیج) جو گٹکوں پر پھسلنے والے لمبوترے صندوق پر مشتمل ہوتی ہے ؛ کوئی بھی برفانی گاڑی جس کا قالب صندوق جیسا ہو ۔

pungent, a. چرپرا ؛ کڑوا ؛ چبھتا ہوا ؛ تیز ؛حسیّت شامہ و ذائقہ پر تیزی سے اثر انداز ہونے والا ؛ تیکھا ؛ دماغ پر ایک تیز یا چبھنے والے انداز میں اثر کرنے والا ؛ کاٹنے والا ؛ چٹ پٹا ؛ تیز سخت نوک رکھنے والا ، جیسے برگِ صنوبر ۔

pungency, n. تندی ؛ تیزی ؛ حدت ؛ دل آزاری ؛ چرچراپن ۔

pungently, adv. تیزی سے ؛ تندی سے ؛ دل آزاری سے ۔

Punic, a. قرطاجنی ؛ قرطاجنا کے باشندوں سے متعلق ؛ بے وفا ؛ دھوکا باز ۔ (اسم) قرطاجنی زبان ؛ فنیقی زبان کی ایک شکل ۔

punish, v.t. سزا دینا ؛ گوشمالی کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ تاوان عائد کرنا ، جیسے کسی جرم کے لیے ،خواہ حقیقی ہو یا اتہامی (جیسے : to punish mutineers, to punish a disobedient child) ؛ حراست ، موت ، تکلیف ، نقصان یا کسی اور سزا یا تاوان کا مستوجب بنانا،کسی خلاف ورزی یا قصور کے لیے ؛ کسی جرم یا قصور کے لیے سزا عائد کرنا (جیسے : to punish theft) ؛ سختی یا دست درازی کے ساتھ پیش آنا ، جیسے کسی لڑائی یا جھگڑے میں ؛ تکلیف دہ محنت پر لگانا ، جیسے ایک گھوڑے کو دوڑ میں یا گاڑی میں جوت کر ، مار مار کر چلانا ۔ (فعل لازم) سزا ہونا ۔

punishability, n. وجوب سزا ؛ قابل سزا یا واجب التعزیر ہونے کی حالت ۔

punishable, a. مستوجب سزا ؛ واجب تعزیر ؛ لائق سزا ؛ سزا کا مستوجب یا مستحق ؛ قابل سزا ۔

punisher, n. سرزنش کرنے والا ؛ سزا دینے والا ؛ تعزیر کن ۔

punishment, n. سرزنش ؛ تعزیر ؛ گوشمالی ؛ سزا ؛ سزا دینے کا عمل ؛ کسی جرم یا خلاف ورزی کے لیے کسی شخص پر عائد کی ہوئی تکلیف یا تاوان و جرمانہ ؛ قانون کی تنفیذ میں کوئی تاوان یا جرمانہ ؛ عام بدسلوکی ۔

punitive, a. تادیبی ؛ عقوبتی ؛ تعزیری؛ سزا سے متعلق ، اس میں ملوث یا اسے عائد کرنے والا ۔

punitively, adv. تادیبی طور سے ۔

punitive damages, n. (قانون) مدعا علیہ پر بطور سزا عائد کیے گئے ہرجانے ، جو معمول سے زائد بطور تلافی مدعی کو ادا کیے گئے ہوں ۔

punk, n. (عوامی) غیر اہم شخص یا چیز ؛ محدود تجربہ اور طاقت رکھنے والا غنڈا ؛ نوجوان سادہ لوح لڑکا ؛ لونڈا ؛ ہم جنسی میں شریک لڑکا ۔ (صفت) (عوامی) کیفیت میں گھٹیا یا برا ؛ آفت زدہ ؛ بدنصیب ؛ خرابی صحت کا شکار ؛ مریض ۔ شتابہ ؛ تیار کردہ شے ، عموماً چھڑی کی شکل میں جو سلگ اٹھتی ہے ؛ اس کا استعمال آتش بازی یا حشرات الارض کو تلف کرنے میں کیا جاتا ہے ؛ پرانی سوکھی لکڑی جسے جلد آگ پکڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

punk, a. پنک ؛ اس قسم کی عوامی موسیقی سے متعلق ؛ عوامی موسیقاروں اور ان کے مداحوں کے مخصوص لباس سے متعلق ۔

punkah, punka, n. [اردو] پنکھا ؛ ہاتھ کا پنکھا ؛ چھت کا پنکھا جو ہاتھ سے کھینچا جاتا تھا ؛ کینوس یا تاڑ کے پتے کا ایک بڑا پنکھا جو کمروں کی چھتوں سے لٹکا رہتا تھا اور جسے کوئی نوکر کھینچتا تھا ۔

punkie, punky, n. پنکی ؛ ایسے بعض باریک خون چوسنے والے بعوضوں میں سے کوئی ایک جو شمالی مشرقی امریکا کے جنگلی خطوں اور ریتیلے ساحلوں میں عام طور پائے جاتے ہیں ۔

punk rock, n. پنک راک ؛ عوامی موسیقی کا ایک انداز جس میں شدید زیروبم ہوتا ہے اور جس میں گائے جانے والے یاس انگیز نغمات کی تہ میں زندگی کی بے ثباتی کا جذبہ کار فرما ہوتا ہے ۔

punster, n. جگت باز ؛ ایہام گو ؛ وہ شخص جو تجنیس لفظی کی شعبدہ بازی کا ماہر یا شوقین ہو ۔

punt, v.i., v.t. (فٹ بال) نیچے جھک جانا اور گیند کو ٹھوکر مارنا قبل اس کے کہ وہ زمین کو چھو لے ۔ (اسم) (فٹ بال) ٹھوکر (کک) جو اس طرح ماری جائے ۔

punter, n. ٹھوکر مارنے والا ۔

punt, n. ڈونگی ؛ چپٹی ناؤ ؛ ایک مربع چپٹے تلے والی کشتی جس کے مستول نہ ہوں ، اسے چلانے کے لیے صرف ایک بلّی ہو اور جسے مچھلیوں کا شکار کرنے یا سامان ادھر سے ادھر لے جانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) چلانا ، جیسے کشتی کو ؛ کشتی میں لے جانا ؛ اس میں سفر کرنا ۔

punt, v.i. (برطانوی) بڑے داؤں لگا کر جوا کھیلنا ۔

punty, pontil, n. سلاخ شیشہ گر ؛ پیندے کو تھامنے والی آہنی سلاخ ؛ لوہے کی موٹی سلاخ جو شیشہ گری میں استعمال ہوتی ہے تا کہ گرم رقیق شیشے کو اُٹھائے رکھے ۔

puny, a. لاغر ؛ ادنیٰ ؛ حقیر ؛ چھوٹا اور کم زور ؛ سائز اور قوت میں کم نشوونما یافتہ ، حقیر یا غیر اہم ۔

puniness, n. لاغری ؛ ناتوانی ؛ ادنیٰ پن ۔

pup, v.i. (پپی کا مُرخم) کتیا کا ، بچہ جننا ۔
(فعل لازم) پِلّوں کا پیدا ہونا ۔

pupa, n. (حشریات) کیڑوں کی تیسری تولیدی حالت ؛ پیُوپا ؛ درمیانی اور عموماً پرسکون شکل (حشرہ کی) جو اس کی پیدایش اور بلوغ کے مرحلوں کے درمیان واقع ہوتی ہے ؛ اس مرحلے کے دوران کا حشرہ ؛ منجھ روپ ۔

pupate, v.i. حشرے کا منجھ روپ میں ہونا ؛ پیوپا بننا ۔

pupation, n. حشرے کی منجھ روپی حالت ؛پیوپگی ۔

pupil, n. شاگرد ؛ تلمیذ ؛ طالب علم ؛ چیلا ؛ مرید ؛ نوجوان جو کسی معلم یا اتالیق کے زیر نگرانی ہو ۔ (قانون دیوانی) ایک نوجوان شخص جو کسی سرپرست کی نگرانی میں ہو ؛ زیر ولایت شخص ۔

pupil, n. (تشریح الاعضا) مردُم چشم ؛ آنکھ کی پُتلی ؛ آنکھ کے بیچ میں ایک گول انقباض پذیر شگاف جس میں سے گزر کر روشنی کی شعاعیں شبکیہ تک پہنچتی ہیں ۔

pupilage, pupillage, n. طالب علمی یا شاگرد ہونے کا زمانہ یا حالت ؛ شاگردی کا زمانہ ؛ صغرسنی ۔

pupiparous, a. پیوپا زا ؛ منجھ روپ زا ؛ پیوپا (منجھ روپ) بننے والے لاروے (پہلی روپ) پیدا کرنا ، جیسے گھوڑوں یا بھیڑوں کی چیچڑیاں ۔

puppet, n. پُتلی ؛ گڑیا ؛ لعُبت ؛ کٹھ پُتلی ؛ ایک چھوٹا سا پیکر انسانی یا حیوانی شکل کا ، جسے ہاتھ ، ڈوری یا ڈنڈے سے پتلی تماشے میں حرکت دی جاتی ہے ؛ پتلیوں کا تماشا ۔ (مجازاً) وہ شخص جو کسی دوسرے شخص کا محض آلہ کار ہو ۔

puppeteer, n. پتلی باز ؛ وہ جو پتلیوں کو حرکت دے کر تماشا کرتا ہے ؛ پتلیاں نچانے والا ۔

puppetry, n. پتلی بازی ؛ پتلی تماشا ؛ تماشا گری ؛ پتلیوں کے تماشے پیش کرنے کا فن ؛ پتلیوں جیسا مصنوعی عمل ؛ نقالی ، محض تماشا ؛ تصنع ؛ بناوٹ ؛ پتلیاں بحیثیت مجموعی ؛ پتلیوں کا ایک دستہ ۔

puppy, n. جانور کا بچہ خصوصاً کتے کا پلاّ ؛ خود فریب اور غیر اہم نوجوان آدمی ؛ چھیل چھبیلا ۔

puppyish, a. پلاّ سا ؛ سگ بچہ صفت ۔

puppy love, calf love, n. طفلانہ عشق ؛ عشق شباب ۔

puptent, n. سایہ دار خیمہ ۔

purblind, a. چندھا ؛ نیم کور ؛ دھیمی نظر والا ؛ تقریباً اندھا ؛ فہم و بصیرت میں کمزور یا ناقص ؛ بیوقوف ؛ کودن ؛ کوتاہ بیں ۔

perblindly, adv. دھندلی نظر سے ۔

perblindness, n. نیم کوری ؛ کوتاہ بینی ؛ کودن پن ۔

purchasable, a. قابل خرید ؛ خریدنی ؛ وہ جسے روپے پیسے یا کسی اور معاوضے سے حاصل کیا جا سکے ؛ رشوت پذیر ؛ ضمیر فروش ۔

purchasability, n. خریدے جانے کی استعداد یا اہلیت ۔

purchase, v.t. خریدنا ؛ مول لینا ؛ کمانا یا حاصل کرنا ؛ روپے یا اُس کے مساوی کوئی شے ادا کرکے حاصل کرنا ؛ محنت یا دیگر وسائل سے حاصل کرنا ۔ (اسم) تحصیل یا سودا ؛ کسی چیز کا حصول اُس کے مساوی زر کی ادائیگی کے عوض؛خریداری یا خریدی ہوئی شے ؛ کوئی میکانی مفاد جیسا کہ ایک بیرم سے حاصل کیا جائے ، جسے وزنی اجسام کو اوپر اٹھانے یا جگہ سے ہٹانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

purchaser, n. خریدنے والا ؛ گاہک ؛ مشتری ؛ خُریدار ۔

purdah, purda, paradah, n. [اردو ، فارسی] پردہ؛ حجاب ؛ بُرقع ؛ نقاب ؛ پردہ (خاص طور پر چادر) جو خواتین مردوں یا اجنبی اشخاص کی نظروں سے مستور رہنے کے لیے استعمال کرتی ہیں ؛ خواتین کا اس طرح مستور رہنے کا نظام ؛ پردہ نشینی ۔

pure, a. خالص؛پاک صاف ؛ آمیزش کے بغیر ؛ ہر قسم کے خارجی مادے سے پاک ، بالخصوص ہر ایسی چیز سے جو نقصان پہنچانے والی یا گندا کرنے والی ہو ، غلیظ کرنے والی یا جراثیم آلودہ شے سے بری ؛ بے گناہ ؛ بے داغ ؛ پاک صاف ؛ داغ دھبوں سے آزاد ؛ اصلی ؛ رسمی طور پر صاف یا اجلا ؛ بے میل ؛ نرول ؛ نرا ؛ بالکل ؛ مطلق (جیسے : pure agony) ؛ نظریاتی یا تجریدی ۔

pureness, n. پاکی؛ پاکیزگی؛ عصمت ؛ طہارت ؛ خلوص ؛ صفائی ؛ پاک دامنی ۔

purebred, a. خالص النسل ؛ ان حیوانات کے متعلق یا ان کے بارے میں جن کا سلسلۂ نسب خالص اور غیر مخلوط نسل سے قائم ہے ۔ (اسم) خالص نسل کا جانور ۔

puree, n. پری شوربہ ؛ بکرے کے گوشت ، مچھلی یا سبزیوں کو گُودے کی شکل میں اُبال کر چھانا ہوا شوربہ ؛ پری کی طرح تیار کی گئی یخنی ۔

purely, adv. خالص انداز میں ، بغیر کسی ملاوٹ یا اضافے کے ؛ صرف ؛ محض ؛ بالکل ؛ تمام تر ؛ کاملاً ؛ سرتاسر ؛ استثنائی طور پر ؛ صفائی کے ساتھ ؛ معصومیت کے ساتھ ؛ پاکیزگی کے ساتھ ؛ شُستہ طور پر ۔

purfle, v.t. آراستہ کرنا ؛ فیتہ یا حاشیہ لگانا ؛ سنوارنا 'بیل بُوٹوں یا پھول دار گوٹ سے ؛ خوبصورت بنانا ۔ (اسم) جڑاؤ ، سجاوٹی کنارا/حاشیہ جیسے گٹار (چھ تارے) کا ہوتا ہے ۔ نیز : purfling ۔

purgation, n. جُلاّب ؛ صفائی ؛ تنقیہ؛ اسہال ؛ مسہل دینے کا عمل ؛ تطہیر ؛ تزکیۂ باطن ۔

purgative, a. دست آور ؛ مُسہل ؛ صافی ؛ اَمْعَاء میں حرکت پیدا کرنے والا ۔ (اسم) امعاء کو خالی کرنے والی دوا ؛ دست آور دوا ؛ مُسہل ۔

purgatory, n. (رومی کیتھولک کلیسا) وہ مقام جہاں موت کے بعد ارواح اپنے قابل عفو گناہوں سے پاک کی جاتی ہیں اور ان تمام گناہوں کی سزا بُھگتتی ہیں-جن کا کفّارہ ادا نہیں کیا گیا ۔ (بول چال) عارضی تکالیف کی کوئی بھی جگہ یا حالت ۔

purge, v.t. پاک صاف کرنا ؛ تزکیۂ نفس کرنا ؛ جلاّب دینا ؛ صاف کرنا یا پاک کرنا اس تمام مواد کو دور کرکے جو ناپاک ، اجنبی یا فضول ہو ؛ ہٹا دینا یا ختم کر دینا 'صاف کرکے (عموماً آخر میں out ، away یا off لگاتے ہیں) ؛ اخلاقی بگاڑ کو صاف کرنا ؛ کسی الزام یا فرد جرم کے عائد ہونے سے آزاد کرانا ؛ کسی سیاسی جماعت یا قوم میں کسی

مذہبی و اخلاقی معاملات میں ۔

purity, n. پاکیزگی ؛ طہارت ؛ عفّت ؛ خالص ہونے کی حالت ؛ اجنبی مادے سے آزادی ؛ صفائی ؛ کسی بھی ایسی چیز سے بریت جو خفیہ طور پر یا نامناسب طریقے سے کی جائے ؛ معصومیت ؛ پارسائی ؛ نامناسب الفاظ یا جملوں کے استعمال سے غیر آلودگی ؛ لطافت یا شدت کا درجہ ، جیسے رنگ کا ۔

purl, v.t., v.i. فیتہ ، بیل یا کور لگانا ؛ اُلٹنا ، جیسے ایک ٹانکے کو ہاتھ سے بنائی میں ؛ کشیدہ کاری کرنا ، جیسے کپڑے کے ایک کنارے پر ۔ (اسم) زردوزی حاشیہ ؛ پرل ؛ بُنائی میں ٹانکوں کا الٹاؤ ؛ کشیدہ کاری کے لیے چاندی یا سونے کا تار ۔

purl, v.i. چھل چھلانا ؛ لہرانا؛ بھنور میں ہونا ؛ گنگنانا ، جیسے ایک اتھلے چشمے کا پتھروں میں سے بہتے ہوئے ؛ ہلکورے لیتے ہوے چلنا ؛ بہنا ایک نرم گنگناہٹ کے ساتھ ۔ (اسم) ہلکورا ؛ شورمچاتی آواز ؛ پلکورا ، بھنور ؛ ایک گنگناتی ہوئی آواز جیسے پتھروں میں بہنے والے اُتھلے چشمے کی ۔

purlieu, n. شاہی جنگل کا حاشیہ ؛ سرحد ؛ نواح ؛ زمین کا ایک ٹکڑا جسے قدیم شاہی جنگل سے علیحدہ کرکے نجی ملکیت میں دے دیا گیا ہو ؛ ایک حصہ جو متصل پڑا ہوا ہو ؛ آسیب زدہ مقام ؛ جگہ جہاں کوئی شخص آزادی کے ساتھ پھرتا رہے ۔ (جمع) کسی رقبے کا بیرونی حصہ ؛ ماحولیات ؛ اطراف و جوانب ۔

purlin, purline, n. شہتیری ؛ عام شہتیروں کو سہارا دینے کے لیے کسی چھت کے بڑے شہتیروں پر افقی طور سے رکھی ہوئی لکڑی کی تختیاں یا لٹھے ؛ خاص کڑیوں پر ٹکا ہوا شہتیر ۔

purloin, v.t. سرقہ کرنا ؛ چوری کرنا ؛ اُچک لینا ؛ چُرانا ؛ اُڑا لینا ۔ (فعل لازم) چور بننا یا چور ہونا ۔

purl stitch, n. ہاتھ سے اونی کپڑا بُننے کے اساسی ٹانکے کی اُلٹ ،جو تیلی جیسا اُفقی فیتہ بناتی ہے ۔

purple, n. اُودا ؛ ارغوانی ؛ سُوسنی ؛ بینگنی ؛ جامنی ؛ ایک رنگ جو سرخ اور نیلے رنگوں کا یکساں نسبتوں میں ایک آمیزہ ہوتا ہے ؛ اِس رنگ کی پوشاک، پُرانے زمانے میں صرف شاہی خاندان کے اشخاص یا اونچے رتبے کے لوگ پہنتے تھے ؛ ایک مقام یا رُتبہ جو اونچا یا شاہانہ ہو (جیسے : born to the purple) ؛ بڑے پادری یا چھوٹے پادری کا عُہدہ ۔ (صفت) ارغوانی رنگ کا یا شاہی یا شہنشاہی؛ ایسی تحریر یا تقریر کا جو انتہائی مُزیّن یا حد سے زیادہ تیز و تند ہو (جیسے : Purple prose)؛ نثر جو تحقیر مذہبی سے رنگی ہوئی ہو ۔ (فعل متعدی و لازم) ارغوانی ہو جانا یا ارغوانی بنا دینا یا کرنا ۔

purplish, a. ارغوانی مائل ؛ ارغوانی صفت ۔

Purple Heart, n. فرقۂ ارغوانی ؛ پرپل ہارٹ نظام کا طغرا، تمغا یا نشان جو جارج واشنگٹن نے ۱۷۸۲ء میں قائم کیا تھا اور محکمۂ جنگ نے ۱۹۳۲ء میں اُس کا احیاء کیا، جو سپاہی دوران جنگ زخمی ہوتے ہیں انھیں یہ اعزاز عطا کیا جاتا ہے ؛ آرڈر آف دی پرپل ہارٹ میں شمولیت کا طُغرا ۔

purple passage, purple patch, n. نظم یا نثر میں شامل ایک انتہائی خوش اسلوب قطعہ یا جملہ جو عام طور پر اظہار یا جذبے میں ڈُوبا ہوا رنگین و مزین ہوتا ہے اور جو معمولی قسم کی عبارتوں میں مُمتاز اور نمایاں نظر آتا ہے ؛ ارغوانی عبارت ؛ مخملی فقرہ ۔

اثر یا اختیار کی جگہ سے ہٹانا ، جیسے نقصان دہ یا غدّار اشخاص کا ؛ امعاء کو خالی کرنا کسی دست آور دوا کے ذریعے ۔ (فعل لازم) مسہل سے دستوں کا ہونا ؛ پاکیزہ یا صاف ہو جانا ۔ (اسم) صاف کرنے کا عمل ؛ صاف کرنے والی شے ؛ دست آور دوا ؛ کسی شخص کو بااثر جگہ سے ہٹانے کاعمل ،اکثر قتل یا پھانسی کے ذریعے ایسے اشخاص کو جو برسر اقتدار حکومت کے لیے نقصان دہ یا غیر وفادار سمجھے جائیں ۔

purger, n. منقّح ؛ صافی ؛ صاف کرنے والا ۔

purificator, n. (کلیسیات) صافی ؛ پادری کا رُومال ؛ ململ کا ایک چھوٹا سا مُستطیل ٹکڑا جسے پادری عشائے ربانی کے وقت ساغر، تھالی اور اپنی انگلیاں صاف کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے ۔

purify, v.t. صاف کرنا ؛ شفاف کرنا؛ نرمل کرنا؛ میل دور کرنا ؛ پاک کرنا ؛ دھونا ؛ غسل دینا ؛ خالص یا صاف بنانا؛ خارجی عناصر سے آزاد کرنا ؛ تزکیہ کرنا ؛ گندگی سے رسمی طور پر پاک کرنا ؛ ہر اس چیز سے پاک کرنا جو مقدس عبادات میں جسم اور کپڑوں کو نامناسب اور ناپاک بناتی ہے ؛ خطا یا گناہ کی غلاظت سے آزاد کرنا ۔ (فعل لازم) خالص یا صاف اُگنا یا ہو جانا ۔

Purim, n. یہودیوں کا موسم بہار میں اپنے اُس قتل عام سے تحفظ کی یاد میں منایا جانے والا سالانہ تہوار جس کی دھمکی انھیں ہامان کی سازشوں نے دی تھی ۔

purine, purin, n. (کیمیا) پیورین ؛ سفید قلمی مرکب جسے مرکبات کے ایک گروہ کا ماخذ سمجھا جاتا ہے، اس میں ؛یورک ایسڈ ، زینتھین ، کیفین اور تھیوبرومائن شامل ہوتی ہیں ؛ ان میں سے کوئی بھی مرکب ۔

purism, n. تخلیص زبان ؛ زبان کی صحت و صفائی ؛ زبان کی صحت و پاکیزگی پر اصرار اور سختی کے ساتھ اس کی پابندی؛ الفاظ کے استعمال میں حد سے بڑھی ہوئی نفاست ۔ (فن) بیسویں صدی کا اندازِ مصوّری جس میں اشیا کی فطری شکل و صورت کو ہندسی اشکال میں بدل دیا جاتا ہے ۔

purist, n. خالص زبان استعمال کرنے والا ؛ زبان کی صحت و صفائی کا پابند؛ تخلیص پسند ۔

puristic, a. زبان کی صحت و صفائی پسند کرتے ہوئے؛ تخلیصی ۔

puritan, n. کٹرمذہبی؛ مذہب پرست؛ راسخ العقیدہ؛ زندگی اور مذہبی اصولوں کی عظیم پاکیزگی یا سختی کا قائل شخص ۔ (بڑے P سے) پروٹسٹنٹ عیسائی فرقے کا ایک طبقہ جو سولھویں صدی عیسوی میں انگلستان کے کلیسا کے اندر اُبھرا اور جن سے عقیدے اور عبادات میں مزید اصلاحات کے ساتھ ساتھ شدید مذہبی سمع و طاعت کا مطالبہ کیا ۔ (صفت) کٹرمسیحی ۔ (بڑے P سے) کٹّر عیسائیت کے ارکان کا یا اُن سے متعلق ۔

puritanical, puritanic, a. کٹّر مسیحی فرقے کے متعلق ؛ کَٹّر عیسائیوں یا کٹّر عیسائیت کے پیرووں کا ، اُن سے متعلق یا ان کی خصوصیات رکھنے والا ؛ کٹّر عیسائی کی نوعیت رکھنے والا ؛ حد سے زیادہ سخت ، بے لچک ؛ محتاط ؛ دُرُشت و کَرخت ۔

Puritanism, n. کَٹّر عیسائیت ، کَٹّر عیسائیوں کے اصول واعمال ۔ (بعض اوقات چھوٹے p سے) طرز عمل یا مذہب کے معاملات میں سختی ؛ کٹّر عیسائیت کی دُرشتی و کرختگی ؛ انتہائی احتیاط ،

purport, n. مطلب ؛ مراد ؛ منشا ؛ معنی ؛ قرینہ ؛ اکثر جو مُضمر یا مراد ہو بجائے اس کے کہ براہِ راست بیان کیا جائے ۔ (فعل متعدی) پہنچانا ، جیسے کسی خاص معنی کا ؛ ظاہر کرنا ؛ مضمر معنی میں بیان کرنا ؛ دعویٰ کرنا، بالخصوص جُھوٹا ۔

purpose, n. مدعا ؛ مطلب ؛ غرض و غایت ؛ نیّت ؛ وہ جسے ایک مقصد کے طور پر حاصل کرنے اور اُس تک پہنچنے کے لیے مقرر کیا گیا ہو ؛ وہ استعمال جس کے لیے کوئی چیز مقصود ہو ؛ اُس کے ہونے کا سبب ؛ مقصد یا نصب العین ؛ عزم ؛ پختہ ارادہ ؛ زیر بحث کوئی معاملہ یا موضوع ۔ (فعل متعدی) قصد کرنا ؛ عزم کرنا ؛ تہیہ کرنا ؛ نصب العین کے طور پر سامنے رکھنا ۔

on purpose, ماقبل منصوبہ بندی کے ساتھ ؛ بالارادہ ؛ عمدًا ؛ قصداً ۔

to the purpose, زیربحث معاملے پر ؛ نفس الامر کے ٹھیک مطابق (جیسے : to speak to the purpose) ۔

purposeful, a. با مطلب ؛ معنی دار ؛ پُر معنی ؛ جس میں کوئی مفہوم مضمر ہو ۔

purposefully, adv. خاص غرض سے ؛ خاص مطلب سے ؛ عمداً ؛ قصداً ۔

purposefulness, n. معنی خیزی ؛ معنی آفرینی ۔

purposeless, a. بے مقصد ؛ بے غرض ؛ بے نتیجہ ؛ لاحاصل ؛ بے فائدہ ۔

purposely, adv. کسی مقصد یا مطلب سے؛ بالارادہ ۔

purposive, a. مطابق مقصد ؛ مقصدی ؛ مقصد سے متعلق ؛ مقصد ظاہر کرنے والا یا مقصد رکھنے والا ؛ کسی مفید کام یا مقصد کا عادی یا اُس کو پورا کرنے والا ؛ پکا ، عزم مصمم رکھنے والا ۔

purposively, adv. منشا کی مطابقت سے ۔

purposiveness, n. مقصدیت ؛ غرضیَت ۔

purpura, n. (امراضیات) جلدی بیماری ؛ حُمیرا ؛ خونی دھبے ؛ ایک مرض جس کی خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ جلد یا غشائے مخاطی پر ارغوانی رنگ کے دھبے یا نیل پڑ جاتے ہیں جو خون کی باریک رگوں کے پھٹ جانے سے پیدا ہوتے ہیں ۔

purpuric, a. فرفیوری ؛ پرپیورائی ۔

purr, pur, n. خُرخُراہٹ کی آواز جو بلّی اس وقت نکالتی ہے جب خوش ہوتی ہے ۔ (فعل لازم) خرخر کی آواز نکالنا ۔ (فعل متعدی) اشارہ کرنا ؛ خُرخُراہٹ سے یا خرخراتے ہوئے ۔

purse, n. بٹوا ؛ چھوٹی تھیلی ؛ پرس ؛ ڈبیا جس میں روپے پیسے ڈال کر آدمی اپنے پاس رکھتا ہے ؛ نقدی یا دیگر ذاتی اشیا کے لیے عورت کا دستی بٹوا ؛ ہمیانی ؛ تحفے یا نذر وغیرہ کے طور پر جمع شدہ رقم ؛ رقم جو بطور انعام پیش کی گئی ہو ؛ اشیا رکھنے کے لیے تھیلہ نما کوئی بھی شے جو بٹوے یا جیب جیسی ہو ؛ صَرفِ خاص ؛ زر ، وسائل یا دولت ۔ (فعل متعدی) شکن ڈالنا ؛ تھوں یا جُھریوں میں سُکیڑنا جیسے کسی تھیلی یا بٹوے کا مُنھ کھینچ کر بند کرنے کی صورت میں ہو جائے (جیسے : She pursed her lips) ۔

purse-proud, a. دَھن گھمنڈی ؛ وہ جو اپنی دولت پر مغرور ہو ؛ نمایش کا عادی ؛ مال دولت پر ناز کرنے والا ۔

purser, n. پرسر ؛ افسر حسابداری ؛ بھنڈاری ؛ بحری جہاز پر ایک عہدے دار جو حسابات اور دستاویزات رکھنے کا ذمّہ دار ہوتا ہے اور مسافر جہاز پر مسافروں کی دیکھ بھال کرتا ہے اور ان کی خدمات انجام دیتا ہے ۔

purse seine, n. جال کیسہ ؛ ماہی گیری کا ایک بڑا جال جو پانی میں سیدھا کھڑا رہتا ہے ، اُس کے دونوں سروں پر دو کشتیاں کام کرتی ہیں اور مچھلیوں کے ایک جھنڈ کو بند کر دیتی ہیں ، جال کو نیچے تہ کی طرف کھینچ کر بند کیا جاتا ہے جس سے پورا شکار محفوظ ہو جاتا ہے ۔

purslane, pussley, n. خرفہ ؛ باقلہ ؛ زمین پر پھیلی ہوئی پیڈل نما موٹے گلابچوں والے پتوں کی بُوٹی Portulaca oleracea جن میں سے ہر ٹہنی پر ننّھا مُنا پھول لگا ہوتا ہے ، اسے بعض اوقات گملوں میں لگائی جانے والی بوٹی کے طور پر اُگایا جاتا ہے ۔

pursuance, n. اتّباع ؛ تعاقب ؛ مطابقت ؛ تلاش ؛ پیروی ؛ اجرائے عمل ، بالخصوص کسی منصوبے ، مقصد یا مطالبے پر قانونی کارروائی ۔

in pursuance of, بہ تعمیل ؛ پُورا کرنے میں ؛ عمل میں لانے یا نافذ کرنے میں ؛ بہ اتباع ۔

pursuant, a. متعاقب ؛ موافق ؛ بموجب ؛ مطابق ؛کسی چیز کے نتیجے میں کیا ہوا ؛ متفق ؛ سے اتفاق پذیر ؛ مطابقت میں (to کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ تعاقب میں ؛ پیروی میں ۔ (متعلق فعل) حسب ؛ مطابقت پذیری کے ساتھ (آخر میں to کا اضافہ کرتے ہیں) ۔

pursuantly, adv. بموجب ؛ بہ اتّباع ؛ مطابق ۔

pursue, v.t. جاری رکھنا ؛ کیے جانا؛ تعاقب کرنا ؛ مسابقت حاصل کرنے کا یا پکڑنے کے مقصد سے پیچھا کرنا ؛ منڈلانا ، چکّر لگانا (جیسے: Misfortune pursues him) ؛ حاصل کرنے کی جستجو کرنا ؛ حاصل کرنے کے لیے تدابیر اختیار کرنا ؛ جاری رکھنا یا آگے بڑھانا ؛ کیے چلے جانا ؛ پریشان کرنا یا غصّہ دلانا ؛ آگے بڑھنا ، کسی غرض یا مقصد کے پیش نظر ؛ پیروی کرنا (جیسے : to pursue a course) ۔ (فعل لازم) جستجو میں جانا ؛ آگے بڑھنا ۔

pursuer, n. تعاقب کرنے والا ؛ متلاشی ؛ متجسس ۔ (قانون) مدعی ۔

pursuit, n. تلاش ؛ جستجو ؛ شغل ؛ آگے نکلنے کی غرض سے تعاقب یا پیچھا کرنے کا عمل ؛ کسی مقصد تک رسائی یا اُس کے حصول کی خاطر جستجو ؛ کوئی باقاعدہ شغل یا کاروبار ۔

pursuit plane, n. جنگی ہوائی جہاز جسے خاص طور پر دشمن کے ہوائی جہاز کا تعاقب کرنے یا اُس پر حملہ کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے ۔

pursuivant, n. نقابتی عہدے داروں کی سب سے نچلی ترتیب کا ایک رکن جس کا رتبہ نقیب سے کم ہو ؛ خادم ؛ پیروکار ۔

pursy, a. تنگ نفس ؛ موٹا ؛ فربہ ۔

pursiness, n. تنگ نفسی ؛فربہی ۔

purtenance, n. (قدیم) دل ، جگر ، پھیپھڑے یا انتڑیاں کسی جانور کی ۔

purulent, a. پیپ بھرا ؛ پیپ آلودہ ؛ پیپ یا مواد پر مشتمل ؛ پیپ سے بھرا ہوا یا پیپ کی مانند ؛ پیپ خارج کرنے والا ۔

purulently, adv. پیپ بھری صورت میں ۔

purulence, purulency, n. پیپ آلودگی ۔

purvey, v.t. مہیّا کرنا یا بہم پہنچانا ، جیسے کھانے پینے کی چیزوں یا دیگر ضروریات زندگی کا ؛ رسد یا خوراک بہم

پہنچانا ۔

purveyor, n. سامانِ خوراک یا رسد فراہم کرنے والا ؛ خان سامان ؛ میر سامان ۔

purveyance, n. رسد رسانی ؛ کھانے پینے کی چیزیں مہیّا کرنے کا عمل یا کاروبار ۔ (انگلستان) ١٦٦٠ء سے پہلے سستے داموں سامان خریدنے یا زبردستی خدمات حاصل کرنے کا مخصوص حق شاہی ۔

purview, n. (قانون) دیباچہ (تمہید) چھوڑ کر کسی قانون کا اصل متن ؛ کسی آئین کی حد یا وسعت ؛ دائرۂ اختیار کی حد ؛ تعلق خاطر یا مطالعے کی وسعت ،جیسے کسی مقالے یا بحث کی ؛ ، کسی کا مطمح نظر یا وسعت نگاہ ؛ وسعت نظر ؛ مدّنظر ۔

pus, n. پیپ ؛ پَس ؛ راد ؛ ریم ؛ مواد ؛ زردی مائل سفید ، کم و بیش لیس دار گاڑھا مواد ، جو مادے کے پکنے سے پیدا ہوتا ہے ، پھوڑوں اور مندمل ہوتے ہوئے زخموں میں پایا جاتا ہے جو ایک رقیق /نخز مایہ پر مشتمل ہوتا ہے جس میں دانہ ہائے خون شامل ہوتے ہیں ۔

push, v.t. دھکا دینا ؛ دھکیلنا ؛ ٹھیلنا ؛ ریلنا پیلنا؛ کسی چیز کو قوت کے ساتھ دبانا ؛ دباؤ کے ساتھ آگے بڑھانا ؛ چوٹ لگائے بغیر گاڑی کو چلانا یا حرکت دینا (مسلسل و مستحکم دباؤ کے ساتھ) ؛ کھینچنے کی ضد ؛ دبانا یا آگے کی طرف بڑھنے پر زور دینا ، دھکیلنا ؛ زور کا دھکّا لگانا؛ زور ڈالنا ؛ دبانا یا سوالات کی بوچھاڑ کرنا ، جیسے بحث کے دوران کسی مقابل پر؛ زور دینا ؛ وکالت کرنا ؛ تقاضا کرنا ؛ کسی چیز کے لیے اصرار کرنا یا اُسے قوت کے ساتھ فروغ دینا (جیسے: to push a trade or sale) ۔ (فعل لازم) کسی چیز کے خلاف زور کا دھکّا لگانا ؛ کسی کا اپنے آپ کو آگے بڑھانے پر مجبور ہونا ، جیسے رکاوٹوں کے خلاف ؛ نمایاں ہونا ۔ (اسم) آگے دھکا دینے کا عمل ؛ تھوڑا سا دباؤ یا ڈالا ہوا زور ؛ تحریک ؛ پُرزور دھکّا ؛ دھکیل ؛ پُر زور کوشش ؛ ہنگامی صورت حال ؛ تحفظی توانائی مہم ۔ (عوامی) ہجوم یا دوستوں کا جتھا ۔

push button, دباؤ بٹن ؛ بٹن یا ایسی گُھنڈی جسے دبانے سے مشین چل پڑتی ہے یا بند ہو جاتی ہے ، گھنٹی بجنے لگتی ہے ، برقی روشنی قابو میں رہتی ہے یا بصورتِ دیگربرقی سرکٹ کو متحرک رکھتی ہے ۔ (صفت) دبانے پر کام کرنے والا ۔

pushed for, تنگ مقامات میں ؛ سخت ضرورت رکھنے والے ؛ تنگی رکھنے والے ، جیسے وقت کی یا سرمایہ کی ۔

push off, آغاز کرنا ؛ شروع کرنا ؛ ساحل سے روانہ ہونا، جیسے کسی کشتی میں، ڈونگے میں یا لٹّھوں کے بیڑے میں ۔

push on, جلدی کرنا ؛ پُھرتی کرنا ؛ دھکیلنا ؛ کسی مزاحمت کے بعد اپنے سفر کو دوبارہ جاری رکھنا؛ مشکلات اور مخالفت پر قابو پانا ۔

push over, n. (عوامی) کوئی شخص جسے آسانی کے ساتھ مغلوب کیا یا دھوکا دیا جا سکے ؛ بغیر کوشش کے انجام دیا ہوا کام ؛ آسان ہدف ؛ کوئی ایسی عورت جو پابند اخلاق ہو۔

push-pull, a. دھکیل ؛ کھینچ والا ؛ کسی ایسے برقیاتی نظام سے متعلق جس میں کوئی متبادل رو دو اجزا سے باری باری مخالف فیز کے اندر عمل کراتی ہے ۔

push-up, n. (عموماً جمع) ڈنڈ پیلنے کا عمل ؛ ورزشی مشق ؛ کسرتی عمل جس میں منہ اوندھا کرکے دھڑ کو بازوؤں سے اوپر اٹھایا اور نیچے لے جایا جاتا ہے اور سارے جسم کو ایڑی سے شانوں تک تنا ہوا رکھتے ہیں ۔

pusher, n. دھکیلو ؛ ڈھکیل ؛ ٹھیلا ؛ دھکیلنے والا ؛ ٹھیلنے کی مشین ۔

pushy, a. مہم جُو ؛ پریشان کُن انداز میں جارح ۔

pushily, adv. سختی سے ؛ جارحیت سے ۔

pushiness, n. جارحیّت ۔

pushball, n. دھکیل گیند؛ ایک کھیل جو بڑی ، وزنی گیند سے کھیلا جاتا ہے ، جو قطر میں عموماً چھ فٹ ہوتی ہے ، جسے دونوں طرف کے کھلاڑی مخالف گول کی طرف دھکیلنے کی کوشش کرتے ہیں ؛ گیند جو اس کھیل میں استعمال ہوتی ہے ۔

pushcart, n. ڈھکیل ؛ دھکا ٹھیلا ؛ ہاتھ گاڑی ؛ ہاتھ سے دھکّا دے کر چلانے والی ہلکی سی گاڑی یا ٹھیلا جسے سڑک پر پھیری لگانے والے خوانچہ فروش استعمال کرتے ہیں ۔

pusher, n. (عوامی) غیر قانونی طور پر منشیات فروخت کرنے والا ۔

pushpin, n. دھکا میخ ؛ بچوں کا ایک کھیل جو میخوں سے کھیلا جاتا ہے؛ کوئی خفیف سی شے ؛ غیر معمولی طور پر بڑے سر والی میخ ، اُسے عموماً کاغذ کی چیزوں پر چڑھانے یا لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

pusillanimous, a. کم ہمّت ؛ ڈرپوک ؛ دماغ کی طاقت یا مضبوطی کے بغیر ؛ بُزدل ؛ بزدلانہ رویہ کی خصوصیت کا حامل ؛ کمزور ؛ پست ہمّت ۔

pusillanimity, n. کم ہمتی ؛ بُزدلی ؛ کمزوری ۔

pusillanimously, adv. کم ہمّتی سے ؛ بُزدلی سے ۔

puss, n. بِلّی ؛ مانو ؛بچے ،بچّی یا لڑکی کو پیار سے بلانے کا نام ۔ (برطانوی بول چال) خرگوش ۔

puss, n. (عوامی) چہرہ ؛ مُنھ ؛ رُخ ؛ رُو ۔

pussley, pussly, pusley, n. دیکھیے : Purslane ۔

pussy, n. بِلّی ؛ بلوٹا ؛ پُھوسی؛ریشمیں آویزیا جیسے بید کا ۔

pussy, a. (طب) پیپ سے بھرا ہوا ؛ پیپ سے مشابہ ۔

pussyfoot, v.i. نرم ، دبے پاؤں خفیہ طور پر بِلّی کی چال چلنا ؛ ڈرتے ہوئے یا بڑے محتاط طریقے سے کوئی کام کرنا یا چلنا ،جیسے اپنے آپ پر کوئی پابندی عائد کر لینے کا خوف لاحق ہو۔

pussyfoot, n. (نباتیات) بِلّی پنجہ ؛ بعض ایسے پودوں میں سے کوئی ایک جن کے پھولوں کے سر یا پتیوں کے گُچھے بِلّی کے پنجے کی شکل کے ہوں ۔

pussy willow, n. امریکی بید ؛ بید مجنوں؛جنس کا ایک چھوٹا درخت یا جھاڑی سیلکس ڈِسِ کلر (Salix discolor) ، جس میں پتّوں سے پہلے کِھلتے ہوئے ریشمی پھولوں کے لٹکتے ہوئے گچھے نمایاں ہوتے ہیں ؛ بلا تعین ، اُن بید کے درختوں میں سے کوئی ایک جو اس درخت سے مشابہ ہو ۔

pustulant, a. آبلہ خیز ؛ آبلوں کی شکل پیدا کرنے والا ۔ (اسم) آبلہ خیزی کی دوا یا آبلہ خیزی کا عامل ۔

pustular, a. آبلہ دار ؛ چھالوں والا ؛ آبلے کی خاصیت کا حامل یا آبلے اور آبلوں سے پیدا ہونے والا ؛ چھالوں سے بھرا ہوا ۔

pustulate, v.t., v.i. آبلے یا چھالے ڈالنا یا ڈلوانا ۔ (صفت) گلٹی دار پھوڑے پھنسیوں سے ڈھکا ہوا ، جیسے چھالوں سے ۔

pustulation, n. آبلہ خیزی ؛ چھالا بننے کا عمل ؛ چھالا ۔

pastule, n. (امراضیات) آبلہ ؛ چھالا ؛ پُھنسی ؛ دمّل ؛ پھوڑا ؛ جلدی پھوڑا جس میں جلن اور پیپ ہو ؛ کوئی بھی چھوٹا سا باہر کو نکلا ہوا ابھار جو پھنسی یا آبلے سے ملتا جلتا ہو ۔

put, v.t. رکھنا ؛ بٹھانا ؛ پیش کرنا ؛ ڈالنا ؛ لگانا ؛ کہنا ؛ پیش کرنا ؛ حرکت کرنا ، کسی چیز یا شخص کا اس طرح کہ وہ حرکت اُسے کسی جگہ کے اندر یا کسی جگہ یا مقام سے باہر لے جائے ؛ دھرنا ؛ اثر رکھنا یا کسی حالت ، کیفیت یا تعلق میں لانا (جیسے : to put his doubts at rest) ؛ کسی چیز کی برداشت یا تکلیف کا متحمل ہونا (جیسے : to put a person to expense) ؛ فرض منصبی ، مقررہ کام یا کسی عمل پر لگانا ؛ کسی طریق کار/راستے یا عمل پر جبراً چلانا یا ہانکنا (جیسے : to put someone to flight) ؛ مشتعل کرنا یا زور دینا ؛ کسی دوسری زبان میں منتقل یا ترجمہ کرنا ؛ ٹھیک بٹھانا یا ہم آہنگ کرنا (الفاظ کا موسیقی کے ساتھ) ؛ ظاہر کرنا یا بیان کرنا ؛ تفویض کرنا ؛ منسوب کرنا (جیسے : to put a certain construction upon an action) ؛ تخمینے کے کسی پیمانہ میں کسی مخصوص جگہ ، نقطے یا مقدار پر ٹھیک بٹھانا (جیسے : to put the distance at three miles) ؛ بازی لگانا یا شرط بدنا (جیسے : to put a sum on a horse) ؛ اطلاق کرنا ، جیسے کسی استعمال یا مقصد پر ؛ تجویز کرنا یا پیش کرنا ، جواب ، غوروغوض یا سوچ بچار کے لیے (جیسے : to put a question) ؛ عائد کرنا ، جیسے کسی بار یا مطالبے یا ایسی ہی کسی چیز کا (جیسے : to put a tax on an article) ؛ سرمایہ لگانا ؛ الزام لگانا (عموماً بعد میں on یا to کے ساتھ' جیسے : to put the blame on carelessness) ؛ پھینکنا یا ڈالنا ، بالخصوص آگے کی طرف ہاتھ کی حرکت کے ساتھ جبکہ اسے کندھے کے قریب تک اُٹھایا جائے (جیسے : to put the shot) ۔ (فعل لازم) جانا ، ہلنا یا چلنا (جیسے : the ship put back to port) ۔

put about, (جہازرانی) رستہ بدلنا ؛ سمت تبدیل کرنا ۔

put across, (عوامی) قابل فہم یا قابل قبول بنانا ، جیسے کسی نقطۂ نظر کو ؛ کامیابی کے ساتھ جاری رکھنا ، بالخصوص حیلہ سازی یا دھوکا بازی کے ذریعے ۔

put aside, away, or by, رکھنا یا بچا کر رکھنا ؛ پس انداز کرنا ، جیسے زرکو ؛ بچانا ؛ ترک کر دینا یا ایک طرف دھکیل دینا ؛ ٹال دینا ۔

put down, بٹے کھاتہ میں ڈال دینا ؛ دبانا یا کُچل ڈالنا ؛ منسوب کرنا ؛ معزول کرنا یا تنزل کر دینا ۔ (عوامی) تذلیل کرنا یا کسی مغرور شخص کی ہوا اکھاڑنا/نکالنا ؛ ہوا خیزی کرنا ؛ نیچا دکھانا ؛ زیر کرنا ۔

put forth, پودوں کا باہر نکالنا ، جیسے کلیاں یا پتّے ؛ اُگانا ؛ اشاعت کرنا یا جاری کرنا ؛ تجویز کرنا یا پیشکش کرنا ؛ چلانا ؛ زور لگانا ؛ سفر پر روانہ ہونا یا شروع کرنا ، بالخصوص سمندر کا ۔

put forward, غور کے لیے پیش کرنا ؛ تجویز کرنا ؛ خود کو نمایاں کرنا ؛ بڑھانا ۔

put in, چڑھانا ؛ بندرگاہ میں لانا ؛ مداخلت کرنا ، جیسے کسی بیان کے ذریعے ؛ درخواست کرنا ؛ عرضی پیش کرنا ۔ (جہاز رانی) کسی بندرگاہ یا جہاز گاہ میں داخل ہونا ۔ (بول چال) گزارنا یا صَرف کرنا ، جیسے وقت کا کسی مخصوص انداز سے ۔

put off, موقوف کرنا ؛ تاخیر کرنا یا ملتوی کرنا ؛ ٹال مٹول کرنا ؛ بُجھانا ؛ ترک کرنا یا اُتارنا جیسے کپڑوں وغیرہ کا ۔

put over, (بول چال) کامیابی کے ساتھ جاری رکھنا ؛ عہدہ برآ ہونا ؛ چال بازی کے ذریعے کسی کام میں کامیابی سے ہم کنار کرنا ۔

put through, کامیاب تکمیل تک پہنچانا؛ کسی کام کو کامیابی سے انجام دلوانا؛ تکمیل کو پہنچانا ۔

put up, کھڑا کرنا یا تعمیر کرنا ؛ ڈبوں میں بھرنا یا محفوظ کرنا ، جیسے پھلوں یا ترکاریوں کا؛ سرمایہ مہیّا کرنا؛ نمایش کرنا ؛ پیش کرنا ؛ امیدوار کی حیثیت سے نامزد کرنا ۔ (بول چال) گنجایش مہیا کرنا ؛ جوا کھیلنا یا شرط لگانا ، جیسے رقم کے ساتھ ۔

put upto, اشتعال دلانا ؛ بھڑے پہ چڑھانا ؛ مشتعل کرنا یا اُکسانا ۔

put up with, کسی کے ساتھ گزر کرنا ؛ صبر کے ساتھ برداشت کرنا ؛ متحمل ہونا ۔

put, n. گیند کی اُچھال یا پھینک ؛ گولا پھینکنے کا عمل ، بالخصوص ہاتھ کو کاندھے کے قرب تک اٹھا کر ۔ (مالیات) ذخیرے یا پیداوار کی مقدار کو خاص قیمت پر ،خاص عرصے کے اندر فروخت کرنے کی رعایت ۔

put, a. (بول چال) مقرر ؛ جگہ پر (جیسے : to stay put) ۔

putative, a. فرضی ؛ نام نہاد ؛ قیاسی ؛ مفروضہ ؛ معروف (جیسے : the putative father of a child) ۔

putlog, n. (نجّاری) پاڑ گولا ؛ لکڑی کے ان چھوٹے ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا جو اُس پاڑ کا فرش اُٹھاتے ہیں جس کا ایک سرا دیوار کے سوراخوں کے اندر ہوتا ہے ؛ شہتیر جس پر مچان کے تختے ٹکے رہتے ہیں ۔

put on, v.t. زیب تن کرنا ؛ پہننا ؛ اوڑھنا ، چڑھانا ؛ الزام لگانا ؛ بُہتان بندی کرنا ؛ سزا دینا ، ستانا ؛ اختیارکر لینا کوئی انداز ، بالخصوص غیر مخلصانہ یا بہروپ کے طور پر ؛ پہننا ، جیسے کپڑے ؛ اطلاق کرنا یا عائد کرنا ؛ کسی کھیل کی نمایش کرنا یا کسی کھیل کو پیش کرنا ۔ (عوامی) کشش کے لیے چارا لگانا ، پریشان کرنا دھوکے سے یا مبالغے سے ۔

put-on, a. فرض کیا ہوا ؛ مصنوعی ؛ دکھاوے کا ؛ بناوٹی ۔ (اسم) ظاہر دارانہ شکل ، جیسے کسی انداز کی ؛ دکھاوا ؛ بناوٹ ۔ (عوامی) دھوکا یا فریب ۔

put out, v.t. بُجھانا ، جیسے آگ کا ؛اُلجھانا یا پریشان کرنا ؛ دق کرنا ؛ تنگ کرنا یا غصہ دلانا ؛ برہم کرنا ؛ مشتعل کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ بے آرام کرنا؛ شائع کرنا؛ فروخت کے لیے پیدا کرنا یا تیار کرنا ۔ (بیس بال ، کرکٹ) آؤٹ کرانا ؛ بٹھا دینا ۔ (فعل لازم) (جہازرانی) سمندر کو روانہ ہونا ۔ (اسم) (بیس بال) کسی کھلاڑی کو آؤٹ کرنے کا عمل جب وہ بلّا چلا رہا ہو یا دونوں بیسوں کے درمیان دوڑ رہا ہو ۔

putrefaction, n. عفونت ؛ سڑاند بساند ؛ تعفن ؛ بوسیدگی ؛ سڑنے کا عمل یا طریقہ ؛ حیوانی و نباتاتی مادّوں کے سڑنے سے ایک

متعفن مرکب کی تخلیق ؛ وہ چیز جو گل سڑ جائے ۔

putrefy, v.t. بُسانا ؛ بدبُودار کرنا ؛ سڑا ہوا بنانا ؛ سڑانا ، ایک ناگوار بدبو کے ساتھ ؛ سڑے ہوئے گوشت کی خصوصیات پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) سڑا ہوا ہو جانا، متعفن ہونا؛ سڑنا؛ گلنا ؛ خراب ہونا ۔

putrescent, a. متعفن ؛ بُسا ہوا ؛ بُودار ؛ گلنے سڑنے کے عمل سے متعلق ۔

putrescence, n. عفونت ؛ بدبُو ؛ بوسیدگی ۔

putrescible, a. تعفن پذیر ؛ عفونت پذیر ؛ متعفن ہونے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ متعفن ہونے کے قابل ۔ (اسم) مادہ جو گل سڑ کر متعفن ہو جائے ۔

putrescine, n. (حیاتی کیمیا) پیوٹرسین ؛ ایک قلمی عفونتی زہر جو سڑے ہوئے حیوانی نسیج سے پیدا ہوتا ہے ۔

putrid, a. بدبودار ؛ بساندوالا ؛ گلنے یا سڑنے کی حالت میں ؛ فاسد ، سڑا ہوا ، تعفن سے پیدا ہونے والا یا اُس سے متعلق ؛ انتہائی مفسد ؛ ناگوار یا بد ذات ؛ اخلاقاً خراب ، گندا یا ناپاک ۔

putridity, putridness, n. عفونت ؛ بوسیدگی ؛ تعفّن ۔

putridly, adv. از راہِ عفونت ۔

putsch, n. کوئی اچانک اور خفیہ بغاوت یا شورش ۔

putschist, n. باغی ؛ شورش پسند ۔

putt, n. (گالف) سبزہ زار پر گیند کی ہلکی سی گالفی ضرب جس سے وہ گچی میں در آئے ۔ (فعل متعدی و لازم) گچی کی سیدھ میں ہلکی ضرب سے مارنا/پھینکا جانا ، جیسے گالف کی گیند کا ۔

puttee, putty, n. [اردو ، ہندی] پٹی ؛ ایک لپٹا ہوا لمبا کپڑا جسے سپاہی یا کھلاڑی ٹانگوں پر سہارے یا حفاظت کے لیے ٹخنوں سے گھٹنوں تک لپیٹ لیتے ہیں ؛پنڈلی پر باندھنے والا چمڑے کا بنا ہوا موزہ یا ساق پوش ۔

putter, n. (گالف) گالف کھیلنے کا بلّا ؛ ایک چھوٹی شیفٹ کی گالف چھڑی جس کا چہرہ تقریباً عمودی ہوتا ہے اور گیند کو سبزہ زار پر گچی تک لڑھکانے میں کام آتا ہے ؛ گیند کو لڑھکانے والا ؛ ضارب ۔

putter, v.i. کسی شخص کا اپنے آپ کو فضول یا بے کار معاملات میں مشغول رکھنا ، (اس صورت میں اکثر لفظ کے آخر میں around لگاتے ہیں) ؛ بے کار وقت ضائع کرنا ؛ وقت برباد کرنا ۔

puttier, n. شیشہ لگانے والے کی طرح پوٹین لگانے والا ۔

putting green, n. (گالف) گچی کے چاروں طرف دوب تختہ (نرم و نازک گھاس کا) ؛ گالفی گچی کے گرد سبز قطعۂ زمین ۔

putty, n. پوٹین ؛ ایک قسم کی لُبدی یا سیمنٹ سفیدی کے ساتھ ملا ہوا یا چونے کا ملائم کاربونیٹ اور تلوں کے تیل سے بنا ہوا جسے کھڑکیوں کے چوکھٹوں میں شیشے لگانے کے لیے یا لکڑی کی سطحوں پر شگافوں کو بھرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ اُن مرکبات میں سے کوئی ایک جو اِسی طرح کے ہوتے ہیں اور جنھیں گندھے ہوئے آٹے جیسی کثافت میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک نفیس سیمنٹ جو چونے اور پتھرکی باریک بجری کے ساتھ ملا کر تیار کیا جاتا ہے ؛ وہ شخص جسے آسانی کے ساتھ متاثر کیا جا سکے (جیسے : She was putty in his hands) ۔ (فعل متعدی) پوٹین سیمنٹ کی طرح لگانا ؛ پوٹین سے بھرنا ۔

puttyroot, n. (نباتیات) ثعلبیہ ؛ ثعلب مصری ؛ امریکا میں پائی جانے والی ایک مُبہی بوٹی ، جس کا تنا بہت پتلا اور پتوں کے بغیر ہوتا ہے ، ہر سال اس میں ایک بڑا پتا لگتا ہے جو پورے موسم سرما میں قائم رہتا ہے اور آنے والے موسم بہار میں اس کا ایک اور تنا پھوٹ نکلتا ہے جس کے ساتھ بھورے رنگ کے پھولوں کا ایک گچھا ہوتا ہے ۔

put-up, a. (بول چال) گھڑا ہوا ؛ خفیہ یا عیارانہ انداز میں پہلے سے منصوبہ بند کیا ہوا ۔ (جیسے : a put - up job) ۔

put-upon, a. پر عائد کیا ہوا ؛ بری طرح استعمال کیا ہوا ۔

puzzle, v.t. حیرت زدہ کرنا یا الجھانا ؛ طویل سوچ بچار کے بعد دریافت کرنا یا قراردینا (اس صورت میں out کے ساتھ استعمال کرتے ہیں) ۔ (قدیم) پیچیدہ یا اُلجھا ہوا بنانا ۔ (فعل لازم) ششدر ، مذبذب یا حیرت زدہ ہونا :کسی مسئلے پر سوچ میں ہونا ۔ (اسم) ایک کھلونا یا ایجاد جو فراست و ہنر مندی کا امتحان لے ؛ معمّا ؛ کوئی چیز جو حیران کُن ہو ؛ حیرت زدہ ہونے کی حالت ؛ حیرت زدگی ؛ عقدہ ؛ الجھیڑا ؛ پہیلی ۔

puzzler, n. اُلجھاؤ یا اُلجھن میں ڈالنے والا ۔

puzzlement, n. حیرت زدگی ؛ اُلجھن ؛ پریشانی ؛ حیرانی ؛ حواس باختگی ؛ کوئی چیز جو اُلجھن میں ڈالنے والی ہو ۔

pycnometer picnometer, n. کثافت پیما ؛ تنگ گردن کی بوتل یا ایسی ہی کوئی شے جو رقیق یا ٹھوس مادے کی اضافی کثافت معلوم کرنے کے لیے استعمال کی جائے ۔

pyelitis, n. (امراضیات) ورمِ حوضِ گردہ ؛ پیڑو یا گردے کی سوزش ۔

pyelography, n. گُردہ نگاری ؛ کسی رنگ کا انجکشن دینے کے بعد ایکس رے کے ذریعے یا لااشعاعی طریقے پر گُردوں اور دوسرے اندرونی اعضا کے فوٹو گراف/ایکس رے لینے کا فن ۔

pyelograph, pyelogram, n. گردہ نگار ؛ پائلو گرافی کے ذریعے حاصل کردہ فوٹو/ایکس رے ۔

pyelonephritis, n. (امراضیات) ورم حوض گردہ ؛ گردہ اور گردہ کے پیڑو کی سوزش ۔

pyemia, pyaemia, n. (امراضیات) تقیح الدم ؛ خون کے زہر آلود ہونے کی ایک شکل جو پیپ زا جراثیم سے پیدا کرتی ہے ؛ عام عفونت خون جس میں پھوڑوں کی نشوونما نمایاں ہوتی ہے ۔

pyemic, pyaemic, a. تنقیح الدم سے متعلق ۔

pygidium, n. (حیوانیات) پس ظہر حلقہ ؛ آخری حلقہ ؛ پسُو یا کسی اور بے فقاریہ جانور کے جسم کا مختتم حصہ ؛ بعض مخصوص بے فقری جانوروں میں ایک آبی ساخت ۔

pygidial, a. پس ظہر حلقی سے ۔

pygmaean, pygmean, a. بونا ؛ بالشتیا ؛ پستہ قد ؛ پستہ قامت ؛ ٹھنگنا ۔

Pygmy, Pigmy, n. بونا ؛ چھوٹے قدوقامت کی متعدد مختلف حبشی ، خاص کر افریقی اقوام میں سے کسی ایک کا رُکن ؛ قدیم یونان کی کتابوں اور ادب میں بونوں کی ایک نسل ۔ (چھوٹے p سے) پستہ قد یا بالشتیا ؛ اپنی نوع کی بہت ہی چھوٹی چیز ؛ وہ شخص جو بہت کم اہمیت رکھتاہو یاجس میں کوئی صفت بہت ہی ادنیٰ پیمانے پر ہو ۔ (صفت) (اکثر چھوٹے p سے) بونوں کا یا ان سے متعلق ۔ (چھوٹے p سے)

بہت ہی چھوٹے قدوقامت کا ؛ اصغر یا ناتواں؛بہت ہی کم صلاحیت والا ۔

pyjamas, Brit. pajama, n. [اردو] (جمع) پائجامے ؛ ڈھیلی ڈھالی پتلونیں ۔

pyknic, a., n. باعتبار خصوصیات چھوٹا ، چوڑا اور بلحاظ جسامت گول مٹول قسم کا ؛ دُر معدن کی طرح کا ۔

pylon, n. پھاٹک ؛ بڑا دروازہ ؛ مصری عبادت گاہ میں داخل ہونے کا بڑا اونچا دروازہ ؛ باب ہیکل ؛ ہوائی جہازوں کی دوڑ میں ایک نقطۂ بازگشت کی نشان دہی کرنے والا ؛ ایک بڑا ڈھانچا جو کسی پُل یا سڑک پر داخل ہونے کے دروازے کی نشاندہی کرے ؛ برقی طاقت کی لائنوں کو سہارا دینے والا آہنی/دھاتی مینار ؛ کھمبا ۔

pylorus, n. (تشریح الاعضا) بواب ، فمّ معدہ ؛ معدے اور اثنا عشری آنت کے درمیان نکاس جس میں سے غذا انتڑیوں میں جاتی ہے ۔

pyloric, a. بواب سے متعلق ۔

pyoderma, n. پایوڈرما ؛ ایک جراثیمی زہر آلودگی اور جلد کی سوزش جس کے ساتھ پیپ بھی ہوتی ہے ۔

pyogenic, a. (امراضیات) پیپ زا ؛ پیپ پیدا کرنے یا وجود میں لانے والا ؛ پیپ کے ساتھ موجود یا پیپ کی تشکیل سے متعلق ۔

pyogenesis, n. پیپ زائی ۔

pyorrhea, n. (امراضیات) پائیوریا ؛ تقیح ؛ پیپ کا اخراج ؛ مسوڑھوں کی ایک جراثیمی زہر آلودگی جو دانتوں کے خانوں کے قرب و جوار میں پیپ کے اخراج اور دانت ڈھیلے پڑ جانے کے سبب لاحق ہو جاتی ہے ۔

pyracantha, fire thorn, everlasting thorn, n. یورپی شوکت الیھود ؛ اسی جنس کی ان متعدد سخت لکڑی والی، خاردار ، سدا بہار جھاڑیوں میں سے کوئی جو گلاب کے خاندان سے متعلق ہوں ، بالخصوص سجاوٹی نوعیت کی کوکینہ (Pyracantha coccinea) . جھاڑی جس میں بڑے بڑے چپٹے چوٹی دار سفید پھولوں کے گچھے اور نارنجی سے لے کر سرخ رنگ تک کے چھوٹے ناشپاتی جیسے پھل آتے ہیں ۔

pyralidid, pyralid, n. اگن پتنگا ؛ پروانہ ؛ اسی نام کے خاندان سے متعلق پروانوں میں سے کوئی ایک پروانہ ، یہ عموماً چھوٹے اور درمیانے قد کے ، سادہ رنگ اور نازک جسامت والے ہوتے ہیں ۔

pyramid, n. برم ؛ برم نما ؛ مخروطی ؛ ٹھوس عمارت جس کی اساس مُربّع اور اطراف مثلّثی ہوتی ہیں اور وہ ایک نقطے پر آپس میں مل جاتی ہیں ؛ اس شکل کی قدیم عمارتوں میں سے کوئی ایک ؛ دنیا کے مختلف حصوں میں ایسی عمارتیں تعمیر ہوئیں جنھیں اکثر مقبروں کے لیے استعمال کیا جاتا تھا، ان میں سب سے زیادہ مشہور اہرام مصر ہیں ؛ کوئی چیز جو شکل میں برم جیسی ہو ؛ مخروطی ۔ (جیومیٹری) ایک ٹھوس جس میں کثیر زاویائی اساس اور ایک مشترک راس پر ملتے ہوئے مثلثی پہلو ہوں ۔

pyramidal, pyramidic, pyramidical, a. اہرامی ؛ مخروطی ؛ مخروط نما ؛ میناری طرح ؛ برمیہ ؛ اہرام جیسا ۔

pyramid, v.i. برم ہونا ؛ برم کی شکل یا صورت میں ہونا ؛ تدریجی اضافوں کے ذریعے اونچا ہونا یا بڑھنا ، جیسے قیمتوں کا ؛ دلال کے پاس زائدرقم جمع کراکے سٹے میں خریدوفروخت کرتے ہوئے بولی لگانا جبکہ قیمتوں کا اُتار چڑھاؤ جاری ہو ، اس امید پر کہ جو نفع اس خریدوفروخت سے متوقع ہے (جو نہ تو ابھی ختم ہوئی ہے اورنہ ان کی رقم ہاتھ آئی ہے) سٹے کے طور پر وہ بھی مزید خریداری کے لیے زائد رقم کا کام دے سکے ۔ (فعل متعدی) برم کی شکل میں ترتیب دینا ؛ اونچا کرنا یا بڑھانا (تدریجی اضافوں کے ساتھ لاگتوں یا اُجرتوں کا) ؛ زائد رقم جمع کراکے سٹہ کے بیوپار میں عملی کارروائی کرنا یا کام میں لانا ، جیسے ذخیرے کو (خریدوفروخت کے برمی سلسلے میں) ۔

pyrargyrite, n. بائرا چاندی ؛ چاندی کی ایک اہم کچ دھات جو زیادہ تر مسدّسی قلماؤ کے ساتھ سلفائڈ یا چاندی اور سُرمے پر مشتمل ہوتی ہے ۔

pyre, n. چِتا ؛ آتش گیر مادوں کا ایک ڈھیر جس پر مردہ جسم /لاش کو جلانے کے لیے رکھا جاتا ہے ؛ میّت سوز آتش ۔

pyrene, n. (نباتیات) گُٹھلی ؛سختک ؛ جوزک ؛ پھلوں کے اندر پائی جانے والی گٹھلی ۔

pyrethrum, insect flowers, n. (نباتیات) عاقر قرحا ؛ بابونہ گادری ؛ گُل داؤدی جنس کی بیشتر انواع میں سے کوئی ایک پودا ، بالخصوص Chrysanthemum coccineum جس کے پتے خوشبودار اور گوشوں والے اور مختلف رنگوں کے بھڑکیلے پھول ہوتے ہیں ،اسی لیے یہ باغباتی اور گُل فروشوں کے پسندیدہ پودے کی حیثیت سے مشہور ہے ؛ اس کی متعدد انواع میں سے کوئی ایک پودا جو ایک کیڑے مارنے والی دوا کے ماخذ کی حیثیت سے بڑے وسیع پیمانے پر کاشت کیا جاتا ہے ۔ (علم ادویہ) اس کے خشک کردہ باریک پسے ہوئے پھول ، سفوف کی شکل میں،کیڑے مارنے کے لیے اور بعض مخصوص امراض میں استعمال کیے جاتے ہیں ۔

pyretic, a. بخار آور ؛ حمی ؛ بُخاری ؛ بُخار کا ، بُخار سے متعلق یا بُار پیدا کرنے/چڑھانے والا ؛ حماوی ۔

Pyrex, n. مانع حرارت سلیکائی شیشہ جسے کھانے پینے کے برتنوں اور مختلف صنعتی اشیا کی ساخت میں استعمال کرتے ہیں ۔ (تجارتی نشان) ۔

pyrexia, n. بُخار ؛ تپ ؛ حرارت ؛ حمی ۔

pyrexial, pyrexic, a. بُخار یا تپ سے متعلق یا اس کے بارے میں ۔

pyrheliometer, n. دُھوپ پیما ؛ سورج کی اشعاعی توانائی کی شدت کو ناپنے کا ایک آلہ ۔

pyric, a. جلنے سے متعلق یا جلا ہوا ۔

pyridine, n. (کیمیا) پائیریڈین ؛ تیز بُو والی ایک رقیق نامیاتی اساسی شے جو کول تار میں ہوتی ہے اور بہت سے مرکبات میں بنیادی مادے کا کام دیتی ہے ؛ادویہ سازی اور مانع آب مادوں میں محلّل کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

pyridoxine, n. (حیاتی کیمیا) پائری ڈوکسن ؛ حیاتین ب٦ ؛ ایک فینولی الکحل ؛ فینائل زدہ الکحل ۔

pyriform, a. ناشپاتی کی شکل کا ؛ ناشپاتی شکل ؛ ناشپاتی نُما ۔

pyrite, fool's gold, iron pyrites, n. (معدنیات) پائرائیٹ ؛ آہنی چقماق ؛ جھوٹا سونا ؛ آئرن ڈائی سلفائڈ پتیل کے زرد رنگ اور دھاتی چمک دمک کے ساتھ ؛ ہم عصری نظام میں قلمایا ہوا ۔

pyrites, n. پائرائیٹ ؛ حجرالطور ، چقماق ؛

دوسرے متعدد فلزی سلفائڈوں میں سے کوئی ایک ، جیسے تانبے یا نِکل کا ۔

pyritic, a. چقماقی ؛ آتشیائی ؛ منسوب بہ آتشیہ ۔

pyrocatechol, pyrocatechin, n. (کیمیا) ایک سفید قلمی بینزین مشتق جو پودوں میں واقع ہوتا ہے اور کیٹیچن کی کشید کے ذریعہ فینول سے اور مصنوعی طور پر تیار کیا جاتا ہے ، فوٹو عکّاسی میں آشکار گری کے عامل کی حیثیت سے استعمال ہوتا ہے ۔

pyrocellulose, n. (کیمیا) پائروسیلولوز ؛ دھاکو بارود سے کم نائٹروجن رکھنے والا نائٹروسلولوز ، بغیر دھوئیں سے جلنے والا سفوف بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

pyrochemical, a. حرارتی و کیمیائی ؛ اونچے درجہ ہائے حرارت پر تبدیلی سے متعلق یا تبدیلی پیدا کرنے والا ۔

pyroclastic, a. (ارضیات) آتشی صخری ؛ بطور خاص کوہ آتش فشاں کے اصل ٹکڑوں سے ترکیب یافتہ ، جیسے گرمی سے مجتمع آتش فشاں ڈھیروں ، آتش فشاں مادّے کے پتھروں اور بعض دیگر چٹانوں سے ۔

pyrocrystalline, a. (صخریات) آتشی صخریائی ؛ زمین کے نیچے کو پگھلی ہوئی رقیق تہ یا برقیائی ہوئی حالت سے قلمایا ہوا ۔

pyroelectricity, n. آتش برق ؛ برقیائی ہوئی حالت یا برقیاتی قطبیت جو بعض قلموں کے درجۂ حرارت میں تبدیلی سے پیدا ہوتی ہے ۔

pyroelectric, a., n. آتش برقی ۔ وہ جسم جس میں حرارت سے برقی خاصیت پیدا ہو جائے ۔

pyrogallate, n. (کیمیا) پائرو گلول کا نمک یا ایتھر ۔

pyrogallic acid, n. دیکھیے : pyrogallol ۔

pyrogallol, n. (کیمیا) پائروگلول ؛ سفید قلمی مرکب جو گیلک تیزاب کو گرم کرنے سے حاصل کیا جاتا ہے اور عکاسی میں آشکار گر عامل کی حیثیت سے کام آتا ہے ، اسے فینائل کی درجہ بندی میں رکھتے ہیں مگر عام طور پر یہ ایک کم زور تیزاب سمجھا جاتا ہے ۔

pyrogen, pyrotoxin, n. (حیاتی کیمیا) آتشی زہر ؛ بخار پیدا کرنے والا جرثومی زہر ۔

pyragenic, pyrogenous, a. آتش گیر ؛ بخار آور ؛ حرارت یا بخار پیدا کرنے والا ؛ آگ سے پیدا شدہ جیسے آتش گیر چٹانیں ۔

pyroligneous, a. آتش چوبی ؛ لکڑی کی کشید سے پیدا کیا ہوا یا حاصل کردہ ؛ وہ چیز جو لکڑی پر حرارت یا آگ کے عمل سے پیدا ہو ۔

pyroligneous acid, wood vinegar, n. غیر خالص سرکے کا تیزاب جسے لکڑی کی کشید سے حاصل کیا جاتا ہے ؛ چوب سرکہ ۔

pyrolusite, n. مینگانیز کی ایک کالی کچ دھات جو کیمیائی تعاملات میں بہت زیادہ استعمال کی جاتی ہے جیسے خشک خانہ بیٹریوں کے ازالۂ تقطیب اور شیشہ سازی میں ۔

pyrolysis, n. (کیمیا) کیمیائی تعفن جو اونچے درجے کی حرارت کے سامنے رکھنے سے پیدا ہو جاتا ہے ۔

pyrolyze, v.t. (کیمیا) کیمیائی تبدیلی لانا (حرارت کے اطلاق سے) ۔

pyrolyzate, n. (کیمیا) حرارت کے اطلاق سے کیمیائی اثر کی پیداوار ۔

pyromancy, n. آگ کے ذریعے عمل غیب گوئی ؛ آگ سے شگون یا فال نکالنے کا عمل ۔

pyromania, n. خبط آتش زنی ؛ چیزوں کو آگ لگانے کی ناقابل ضبط خواہش یا جنون ؛ آتش مانیا ۔

pyromaniac, n. آتش مانیائی ۔

pyromaniacal, a. آتش زدگی کا خبطی ؛ آگ لگانے کا جنون رکھنے والا ۔

pyrometallurgy, n. آتشی دھات کاری ؛ دھات کاری میں حرارت کا اطلاق اور اس کے نتائج ۔

pyrometer, n. آگ ناپ ؛ آتش پیما ؛ پیمانۂ حرارت ؛ تیز تپش پیما ؛ ایک آلہ جو پارے سے کام کرنے والے تھرمامیٹر کی پہنچ سے بالاتر انتہائی حرارت کے درجوں کو ناپنے کے لیے ہوتا ہے اور تھرمامیٹر کی تفاوتِ تپش کو بھی ناپتا ہے ۔

pyrometric, pyrometrical, a. حرارت پیمایانہ ؛ آتش پیمایانہ ۔

pyrometrically, adv. آتش پیمائی کے طور پر ۔

pyrometry, n. آتش پیمائی ؛ حرارت پیمائی ۔

pyromorphite, n. کچا سیسہ ؛ سبز ، زرد یا بھورے رنگ کا معدن جو قلموں یا کمیت کے ڈلوں کی شکل میں کلورائڈ اور سیسے کے فاسفیٹ کا مرکب ہوتا ہے ۔

pyrone, n. (کیمیا) پائرون ؛ دو ہم ترکیبی نامیاتی مرکبات میں سے کوئی ایک جن کے ایسے اہم مشتقات ہوتے ہیں ، جیسے بعض پیلے رنگ ۔

pyrope, n. یاقوت احمر ؛ گہرے سرخ رنگ کا یاقوت جسے جوہر کے طور پر اکثر استعمال کرتے ہیں ۔

pyrophobia, n. آتش ترسی ؛ اگن ڈر ؛ آگ سے غیر معمولی خوف ۔

pyrophoric, a. آتش گیرانہ ؛ فوری آتش گیری کی صلاحیت رکھنے والا ؛ انتہا درجے کا آتش گیر ؛ فوراً جل اٹھنے والا ۔

phrophosphoric acid, n. (کیمیا) قلمی تیزاب جو آرتھو فاسفورک تیزاب کی عفونت(pyrolysis)سے بنتا ہے

phrophyllite, n. گاچنی ؛ ایک معدن جو ایلومنیم کے آبی سلیکیٹ پر مشتمل ہوتا ہے ، عام طور پر سفید یا سبز رنگ میں پرت والی یا ٹھوس شکل کے ڈھیروں میں پایا جاتا ہے ، اس کی موخرالذکر قسم سلیٹی، پنسلیں بنانے کے کام آتی ہے ۔

pyrosis, n. دیکھیے : heartburn ۔

pyrotechnics, n. آتش بازی کی اشیا بنانے کا فن ؛ فن آتش بازی ؛ محض نمایش یا فوجی مقاصد کے لیے اس کا استعمال ؛ آتش بازی کا مظاہرہ ؛ کسی ایسی چیز کا مظاہرہ جو آتش بازی کے مشابہ ہو جیسے روشنیاں ۔ (مجازاً) جگمگاتا ہوا ، چمکتا ، دمکتا یا سنسنی خیز مظاہرہ جیسے پُرزور خطابت یا خوش بیانی ۔

pyrotechnist, n. آتش باز؛آتش بازی کا ماہر ۔

pyrotechnic, pyrotechnical, a. آتش بازی سے منسوب ؛ آتش بازانہ ۔

pyrotechnically, adv. آتش بازی کے انداز میں ۔

pyroxene, n. (ارضیات) ایک سلیکیٹ معدن ، جو آتشی معدن کے مشابہ ہوتا ہے اور سفید سے لے کر کالے سبز رنگ تک میں پایا جاتا ہے ؛ اس قسم کے اور بہت سے معدنوں میں سے کوئی ایک ۔

pyroxenite, n. آتشی معدن ؛ کوئی چٹان جو بنیادی طور پر یا جس کا بڑا حصّہ کسی قِسم کے آتشی معدن سے مرکب ہو ۔